اشعۃ اللمعات

شرح مشکوٰۃ

تصنیف

عارف باللہ شیخ محقق حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ

[illegible] | مولانا مفتی محمد خان قادری

[illegible] | جامعہ اسلامیہ ... سمن آباد، لاہور

ناشر

فرید بک سٹال ۳۸ اردو بازار لاہور ۲ پاکستان

وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا ۚ صدق اللہ العظیم

اور جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہیں دیں
اسے لے لو اور جس سے منع کریں اس سے باز رہو (القرآن الحکیم)

جلد ششم

اشعۃ اللمعات

شرح مشکوٰۃ

تصنیف منیف:

عارف باللہ شیخ محقق حضرت مولانا شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

اردو ترجمہ

محمد عبدالحکیم شرف قادری
جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

مولانا مفتی محمد خان قادری
جامعہ اسلامیہ فیصیہ روڈ رحمن آباد، لاہور

ناشر

فرید بک سٹال ۳۸ اردو بازار لاہور پاکستان

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

کتاب : اشعۃ اللمعات اردو، ترجمہ وشرح مشکوٰۃ شریف
شارح : شیخ محقق حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ
ترجمہ : محمد عبدالحکیم شرف قادری نقشبندی، مفتی محمد خان قادری
ناشر : فرید بک سٹال ۳۸ اردو بازار لاہور
کتابت : محمد نعیم خوشنویس حضرت کیلیانوالہ ضلع گوجرانوالہ
پروف ریڈنگ : مولانا حافظ محمد شاہد اقبال
مطبع : روبی پرنٹرز ۲/۱۰ ریٹی گن روڈ، ہجویری پارک لاہور
سال اشاعت : یکم نومبر ۱۹۹۶ء
تعداد : ایک ہزار
ہدیہ : ۱۷۵ روپے

ملنے کا پتہ

فرید بک سٹال ۳۸ اردو بازار لاہور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فہرست اشعۃ اللمعات

(جلد ششم)

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	باب	۳۹
	خطابت اور شعر کا بیان	″
	پہلی فصل	″
۴۵۷۲ / ۱	بعض بیان جادو ہیں	″
	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دو فصیح اللسان آدمیوں کی گفتگو	″
۴۵۷۳ / ۲	بعض اشعار حکمت پر مشتمل ہوتے ہیں۔	۴۰
۴۵۷۴ / ۳	بے فائدہ گفتگو کرنے والے ہلاک ہو گئے۔	۴۱
۴۵۷۵ / ۴	اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز فانی ہے	″
۴۵۷۶ / ۵	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اشعار سماعت فرمائے۔	۴۲
	امیہ بن ابی الصلت دور جاہلیت کا شاعر	″
۴۵۷۷ / ۶	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلی مبارک سے خون نکلا۔	۴۳
	اللہ تعالیٰ کی راہ میں جو تکلیف آئے اس کا اجر ملتا ہے۔	″
۴۵۷۸ / ۷	حضرت حسان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے قریش کے اشعار کا جواب دیتے تھے۔	۴۴
۴۵۷۹ / ۸	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قریش کی ہجو کا حکم دیا۔	″
۴۵۸۰ / ۹	حضرت حسان کی مدد جبریل امین کرتے ہیں۔	۴۵
	اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف سے دفاع کرنے پر دشمنان دین کی ہجو اعلیٰ عبادت ہے	
۴۵۸۱ / ۱۰	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پیٹ مبارک غبار آلود اور آپ کی دعا۔	″
۴۵۸۲ / ۱۱	خندق کے صحابۂ کرام کی جہاد پر بیعت کا اظہار	۴۶
۴۵۸۳ / ۱۲	برا شعر پیپ بھرے پیٹ سے بھی برا ہے	″
	دوسری فصل	۴۷
۴۵۸۴ / ۱۳	مومن تلوار اور زبان سے جہاد کرتا ہے۔	″
۴۵۸۵ / ۱۴	حیاء اور خاموشی ایمان کی اور فحش گوئی اور زیادہ بولنا نفاق کی شاخیں ہیں۔	۴۸

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۴۵۸۶/۱۵	اچھے اخلاق والا قیامت کے دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب اور برے اخلاق والا دور ہوگا۔	۴۸
۴۵۸۷/۱۶	زبانوں سے کمانے والی قوم کے آنے تک قیامت قائم نہ ہوگی۔	۴۹
۴۵۸۸/۱۷	زبان پھیر کر گفتگو کرنے والا رب تعالیٰ کو ناپسند ہے۔	۵۰
۴۵۸۹/۱۸	شب معراج کا مشاہدہ، کہ آگ کی قینچیوں سے ہونٹ کاٹے جا رہے ہیں۔	〃
۴۵۹۰/۱۹	باتوں میں ہیر پھیر کرنے والے کے فرائض و واجبات قبول نہیں ہوتے۔	〃
۴۵۹۱/۲۰	مختصر اور بہتر گفتگو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پسند تھی۔	۵۱
۴۵۹۲/۲۱	حکمت بھری باتیں۔	〃
	تیسری فصل	۵۲
۴۵۹۳/۲۲	حضرت حسان کے لیے مسجد نبوی شریف میں منبر رکھا جاتا اور وہ شعر کہتے۔	〃
۴۵۹۴/۲۳	عورتوں کے سامنے خوش آواز میں شعر کہنا ممنوع ہے۔	۵۳
	حضرت فضیل بن عیاض فرماتے ہیں کہ گانا زنا کا داعی ہے۔	〃
۴۵۹۵/۲۴	اچھا شعر اچھا ہے اور برا شعر برا ہے۔	۵۴
۴۵۹۶/۲۵	برے شعر کہنے والا شیطان ہے۔	〃
۴۵۹۷/۲۶	غناء (گانا) سے دل میں نفاق پیدا ہوتا ہے۔	۵۵
۴۵۹۸/۲۷	مزامیر (باجے) کو سن کر حضرت ابن عمر نے اپنے کانوں میں انگلیاں ڈال لیں۔	〃

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	باب	۵۶
	جھوٹ، غیبت اور بدکلامی سے زبان کو محفوظ رکھنے کا بیان۔	〃
	پہلی فصل	
۴۵۹۹/۱	زبان اور شرمگاہ کی ضمانت سے جنت کی ضمانت۔	〃
۴۶۰۰/۲	اچھا بول بولنے کی وجہ سے درجات میں بلندی اور برا بول بولنے کی وجہ سے آدمی جہنم کے گڑھے میں گر جاتا ہے۔	〃
۴۶۰۱/۳	مسلمان کو گالی دینا گناہ اور قتل کرنا کفر ہے۔	۵۷
۴۶۰۲/۴	کسی مسلمان کو بلاوجہ کافر کہنے کی وجہ سے آدمی خود کافر ہو جاتا ہے۔	〃
۴۶۰۳/۵ تا	ایک مسلمان دوسرے مسلمان بھائی کو گالی گلوچ نہ دے اور نہ تہمت لگائے۔	۵۸ 〃
۴۶۰۵/۷	اپنے دوست کو لعن طعن کرنا مناسب نہیں اہلسنت وجماعت لعن طعن نہیں کرتے۔	〃 〃
۴۶۰۷/۹	لعنت کرنے والے قیامت کے دن شفاعت کرنے والے نہ ہوں گے۔	۵۹
۴۶۰۸/۱۰	لوگوں کو ہلاک کہنے والا خود ہلاک ہوتا ہے۔	۶۰
۴۶۰۹/۱۱	دو قسم کی باتیں کرنے والے کا انجام	〃
۴۶۱۰/۱۲	چغل خور جنت میں نہ جائے گا۔	۶۱
۴۶۱۱/۱۳	سچ نیکی کی طرف اور جھوٹ برائی کی طرف لے جاتا ہے۔	〃
۴۶۱۲/۱۴	لوگوں میں صلح کرانے اور نیکی پھیلانے والا جھوٹا نہیں ہوتا	۶۲
۴۶۱۳/۱۵	کسی کے منہ پر تعریف کرنے والے کے منہ میں مٹی ڈال دو۔	〃

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۴۶۱۴/۱۶	کسی کے منہ پر تعریف کرنے کا طریقہ	۶۳
۴۶۱۵/۱۷	ناپسندیدہ بات سے کسی مسلمان بھائی کو یاد کرنا غیبت کہلاتا ہے۔	״
	غیبت کسے کہتے ہیں؟	
۴۶۱۶/۱۸	بڑے آدمی کو خندہ پیشانی سے ملا جائے۔	۶۵
۴۶۱۷/۱۹	اعلانیہ گناہ کرنے والوں کی معافی نہ ہوگی۔	۶۶
	دوسری فصل	۶۷
۴۶۱۸/۲۰	جھوٹ چھوڑ دینے والا جنت میں جائے گا۔	״
۴۶۱۹/۲۱	اللہ کا ڈر اور اچھا خلق لوگوں کو جنت میں لے جائے گا۔	״
۴۶۲۰/۲۲	اچھی بات کہنے والے کے لیے اللہ تعالیٰ کی مہربانی اور بری بات کہنے والے کے لیے اس کی ناراضی لکھ دی جاتی ہے۔	۶۸
۴۶۲۱/۲۳	لوگوں کو ہنسانے کے لیے جھوٹ بولنا تباہی ہے	۶۹
۴۶۲۲/۲۴	جھوٹ بول کر ہنسانے والا زیادہ پھسل جاتا ہے۔	״
۴۶۲۳/۲۵	جو خاموش رہا وہ نجات پا گیا	۷۰
۴۶۲۴/۲۶	زبان قابو میں رکھنے میں نجات ہے	״
۴۶۲۵/۲۷	اعضائے بدنیہ کی زبان کے سامنے فریاد	۷۱
۴۶۲۶/۲۸	اسلام کا حسن فضول باتوں کو چھوڑنے میں ہے۔	״
۴۶۲۷/۲۹	بے فائدہ بات جنت سے دور لے جاتی ہے۔	۷۲
۴۶۲۸/۳۰	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابی کو زبان کی حفاظت کا حکم دیا	۷۲
۴۶۲۹/۳۱	جھوٹے آدمی سے فرشتے دور بھاگ جاتے ہیں	۷۳
۴۶۳۰/۳۲	مسلمان بھائی سے خیانت نہ کرنا	״
۴۶۳۱/۳۳	دو منہ والے کی قیامت کے دن دو آگ کی زبانیں ہوں گی۔	״
۴۶۳۲/۳۴	مومن میں یہ خصلتیں نہیں ہوتیں۔	״
۴۶۳۳/۳۵	مومن لعنت نہیں کرتا۔	۷۴
۴۶۳۴/۳۶	اللہ تعالیٰ کی لعنت سے لعنت نہ کرو۔	״
۴۶۳۵/۳۷	لعن طعن کرنے کا وبال	״
۴۶۳۶/۳۸	ہوا پر لعنت کرنے کی ممانعت	۷۵
۴۶۳۷/۳۹	کسی کی غلط بات دوسرے تک نہ پہنچائی جائے۔	״
۴۶۳۸/۴۰	حضرت عائشہ نے حضرت صفیہ کی عیب گوئی کی	۷۶
۴۶۳۹/۴۱	بے حیائی عیب دار اور حیا زینت بخشتی ہے	״
۴۶۴۰/۴۲	مسلمان بھائی کو گناہ پر عار دلانا اور باز رکھنا۔	״
۴۶۴۱/۴۳	مسلمان بھائی کو مصیبت میں دیکھ کر خوش نہیں ہونا چاہیے۔	۷۷
۴۶۴۲/۴۴	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی اور کے طریقہ پر چلنا پسند نہیں تھا۔	״
۴۶۴۳/۴۵	اللہ تعالیٰ کی وسیع رحمت کو محدود نہیں سمجھنا چاہیے	״
	تیسری فصل	۷۸
۴۶۴۴/۴۶	فاسق کی تعریف کرنے پر رب تعالیٰ ناراض ہوتا ہے۔	״

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۲۶۲۵/۴۷	خیانت اور جھوٹ کے علاوہ مومن تمام خصلتوں پر پیدا کیا گیا ہے۔	۷۸
۲۶۲۶/۴۸	مومن جھوٹا نہیں ہو سکتا۔	۷۹
	حضرت صفوان نے چالیس سال تک آرام نہیں کیا۔	״
۲۶۴۷/۴۹	شیطان انسانی صورت میں لوگوں کے پاس آتا ہے۔	״
۲۶۴۸/۵۰	برے ساتھی سے تنہائی بہتر ہے۔	۸۰
۲۶۴۹/۵۱	کسی بندے کا خاموش رہنا ساٹھ برس کی عبادت سے بہتر ہے۔	״
۲۶۵۰/۵۲	حضرت ابوذر کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وصیتیں۔	۸۱
	افضل ذکر کلمہ طیبہ ہے۔	
۲۶۵۱/۵۳	لمبی خاموشی اور اچھا اخلاق پشت پر ہلکے اور میزان پر بھاری ہیں۔	۸۲
۲۶۵۲/۵۴	صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لعن طعن کرنے کی وجہ سے اپنے غلام کو آزاد کر دیا۔	۸۳
۲۶۵۳/۵۵	زبان انسان کو ہلاکت میں ڈال دیتی ہے	״
۲۶۵۴/۵۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم مجھے چھ چیزوں کی ضمانت دو میں تمہیں جنت کی ضمانت دوں گا۔	۸۴
۲۶۵۵/۵۷	بہترین بندے وہ ہیں جنہیں دیکھ کر خدا تعالیٰ یاد آجائے۔	״
	حضرت علی کے چہرے کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔	
	حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چہرہ کی طرف دیکھ کر لوگ یاد الٰہی میں مشغول ہو جاتے ہیں۔	
۲۶۵۶/۵۸	غیبت عبادت کی نامقبولیت کا سبب بنتی ہے کیا غیبت ناقض وضو و روزہ ہے؟	۸۶
۲۶۵۷/۵۹	غیبت زنا سے زیادہ بری ہے۔	״
۲۶۵۸/۶۰	غیبت کا کفارہ، جس کی غیبت کی ہے اس کے لیے بخشش کی دعا کی جائے۔	۸۷
	باب	۸۸
	وعدے کا بیان	
	وعدہ کا لغوی و اصطلاحی معنی	
	پہلی فصل	״
۲۶۵۹/۱	حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وعدہ پورا فرمایا۔	۸۹
	دوسری فصل	
۲۶۶۰/۲	حضرت ابوبکر صدیق نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وعدے کے مطابق اوقیاں تقسیم کیں۔	״
۲۶۶۱/۳	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعدہ وفائی کے لیے تین دن تک ٹھہرے رہے۔	۹۰
۲۶۶۲/۴	وعدہ وفائی کی نیت کے باوجود اگر کوئی شخص وعدہ پورا نہ کر سکے تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہے۔	״
۲۶۶۳/۵	لالچ دے کر بلانے کے بعد کچھ نہ دینا، جھوٹ میں داخل ہے۔	۹۱
	تیسری فصل	۹۲
۲۶۶۴/۶	دو آدمی کسی جگہ ملنے کا وعدہ کریں، ایک ان میں سے نہ آئے اور دوسرا انتظار کر کے نماز کے لیے چلا جائے تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہے۔	״

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	باب	۹۲
	خوش طبعی کا بیان	
	مزاح کا معنی	
	پہلی فصل	
۴۶۶۵/۱	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابا عمیر تمہاری چڑیا کا کیا بنا؟	״
	دوسری فصل	
۴۶۶۶/۲	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ سے خوش طبعی فرماتے تھے۔	۹۳
۴۶۶۷/۳	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خوش طبعی کہ اونٹنی اونٹ ہی جنتی ہے۔	״
۴۶۶۸/۴	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوہریرہؓ کو دو کانوں والا فرمایا۔	۹۴
۴۶۶۹/۵	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بڑھیا سے خوش طبعی فرمائی، کہ کوئی بڑھیا جنت میں نہیں جائے گی۔	״
۴۶۷۰/۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زاہر بن حرام کی آنکھوں پر ان کے پیچھے سے ہاتھ رکھے۔	۹۵
۴۶۷۱/۷	عوف بن مالک اشجعی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے آنے کے لیے اجازت چاہی۔	۹۶
	ایک صحابی رسول کی محبت کا انوکھا انداز	
۴۶۷۲/۸	حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سیدہ عائشہ صدیقہ رضہ کو ڈانٹا	۹۷
۴۶۷۳/۹	اپنے مسلمان بھائی سے نہ جھگڑو، نہ اس کا مزاح اڑاؤ اور نہ ہی وعدہ خلافی کرو	۹۸
	باب	۹۹
	فخر اور تعصب کا بیان	
	فخر اور عصبیت کا لغوی معنی	
	پہلی فصل	
۴۶۷۴/۱	اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ عزت والا متقی و پرہیزگار ہے۔	״
	جو لوگ جاہلیت میں بہتر تھے وہ اسلام میں بھی بہتر ہیں۔	
۴۶۷۵/۲	یوسف علیہ السلام شریف بن شریف بن شریف بن شریف ہیں۔	۱۰۱
۴۶۷۶/۳	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر کوئی بہادر نہیں۔	״
	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں تمام اولاد آدم کا سردار ہوں۔	
۴۶۷۷/۴	مخلوق میں بہترین ابراہیم علیہ السلام ہیں۔	۱۰۲
۴۶۷۸/۵	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اللہ کا بندہ ہوں۔	۱۰۳
	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خدا نہیں، اس کے علاوہ جیسے بھی آپ کی تعظیم و توقیر کرنا چاہو کر سکتے ہیں۔	
۴۶۷۹/۶	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تواضع اختیار کرنے کا حکم	۱۰۴
	دوسری فصل	
۴۶۸۰/۷	اپنے آباؤ اجداد پر فخر کرنے کی ممانعت	״
	ہر آدمی دو حال سے خالی نہیں یا مؤمن متقی ہوگا یا کافر بدنصیب۔	

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۴۶۸۱/۸	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات گرامی کے بارے میں کچھ کہنے کے لیے نہایت احتیاط برتنی چاہیے۔	۱۰۵
	حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مدحت میں اعلیٰ القاب سے مدح کرنی چاہیے۔	
۴۶۸۲/۹	حسب مال ہے اور کرم تقویٰ ہے	۱۰۷
۴۶۸۳/۱۰	جاہلیت کی طرف نسبت کرنے والے کے منہ میں اس کے باپ کے عیوب ٹھونس دو۔	″
۴۶۸۴/۱۱	عبدالرحمٰن بن ابی عقبہ اہل فارس کا مولیٰ تھا۔	۱۰۸
۴۶۸۵/۱۲	اپنی قوم کی ناحق بات پر مدد کرنا کنویں میں گرنے والے اونٹ کی طرح ہے۔	″
۴۶۸۶/۱۳	اپنی قوم کی ظلم پر مدد کرنا عصبیت ہے۔	۱۰۹
۴۶۸۷/۱۴	بہترین شخص وہ ہے جو گناہ کے علاوہ اپنے خاندان والوں کا دفاع کرے۔	″
۴۶۸۸/۱۵	جو تعصب کی دعوت دے اور تعصب میں ہی فوت ہو وہ ہم میں سے نہیں۔	۱۱۰
۴۶۸۹/۱۶	کسی شئی کی محبت انسان کو اندھا اور بہرا کر دیتی ہے۔	″
	محب کو محبوب کی برائی بھی اچھی لگتی ہے	
	تیسری فصل	
۴۶۹۰/۱۷	عصبیت کسے کہتے ہیں؟	″
۴۶۹۱/۱۸	ایک شخص کو دوسرے پر کوئی فضیلت نہیں سوائے دین اور تقویٰ کے۔	۱۱۱
	باب	۱۱۲
	نیکی اور صلہ رحمی کا بیان	
	پہلی فصل	

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۴۶۹۲/۱	اچھے برتاؤ کی سب سے زیادہ مستحق ماں ہے باپ کی نسبت ماں بچے کے لیے زیادہ مشقتیں برداشت کرتی ہے۔	۱۱۲
۴۶۹۳/۲	بوڑھے ماں باپ کی خدمت نہ کرنے والا جنت میں داخل نہ ہوگا۔	۱۱۳
۴۶۹۴/۳	مشرکہ ماں کے ساتھ بھی صلہ رحمی کرنی چاہیے۔	″
۴۶۹۵/۴	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میرا دوست اللہ تعالیٰ اور نیک مومنین ہیں۔	۱۱۴
۴۶۹۶/۵	ماؤں کی نافرمانی حرام ہے۔	″
۴۶۹۷/۶	والدین کو گالی دینا کبیرہ گناہ ہے۔	۱۱۶
۴۶۹۸/۷	بہترین نیکی باپ کی عدم موجودگی میں اس کے دوستوں کے ساتھ حسن سلوک کرنا۔	″
۴۶۹۹/۸	صلہ رحمی سے رزق میں کشادگی ہوتی ہے	۱۱۷
۴۷۰۰/۹	رحم نے رحمان کا دامن کرم پکڑ کر عرض کیا۔	″
۴۷۰۱/۱۰	جو شخص رحم کو جوڑے گا اللہ تعالیٰ اسے جوڑے گا۔	۱۱۹
۴۷۰۲/۱۱	رحم اللہ تعالیٰ کے عرش کے ساتھ معلق ہے۔	″
۴۷۰۳/۱۲	قاطع رحم جنت میں داخل نہ ہوگا	″
۴۷۰۴/۱۳	واصل اسے کہتے ہیں جس کے ساتھ رشتہ توڑا جائے تو وہ اسے جوڑے۔	″
۴۷۰۵/۱۴	رشتہ داروں کے ساتھ احسان، بھلائی اور صلہ رحمی کرنا اگرچہ وہ قطع رحمی کرتے ہوں	۱۲۰
	دوسری فصل	
۴۷۰۶/۱۵	تقدیر کو دعا ٹال دیتی ہے	″
	قضا اور تقدیر کا معنی	
	ایک سوال اور اس کا جواب۔	

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۲۷۰۷/۱۶	والدین کے ساتھ نیکی کرنے کا اجر جنت ہے	۱۲۲
۲۷۰۸/۱۷	والد کی رضا میں رب تعالیٰ کی رضا ہے	"
۲۷۰۹/۱۸	والد جنت کا درمیانی دروازہ ہے	۱۲۳
۲۷۱۰/۱۹	حسن سلوک کی سب سے زیادہ مستحق والدہ ہے۔	"
۲۷۱۱/۲۰	رحم کو رحمٰن نے اپنے نام رحمٰن سے بنایا ہے۔	۱۲۴
۲۷۱۲/۲۱	جس قوم میں قاطع رحم ہو، اس پر اللہ تعالیٰ کبھی رحم نہیں فرماتا۔	"
۲۷۱۳/۲۲	بغاوت اور قطع رحم کرنے والے کو دنیا کے علاوہ آخرت میں بھی سزا ہوگی۔	"
۲۷۱۴/۲۳	احسان جتلانے والا، نافرمان اور شراب کا عادی جنت میں داخل نہ ہوگا۔	۱۲۵
۲۷۱۵/۲۴	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے نسب یاد کرو۔	"
۲۷۱۶/۲۵	بڑے گناہ کی توبہ، والدہ کی عدم موجودگی میں خالہ کے ساتھ نیکی اور بھلائی کرنا ہے۔	۱۲۶
۲۷۱۷/۲۶	والدین کے فوت ہو جانے کے بعد ان کے لیے دعا و استغفار کرنا۔	"
۲۷۱۸/۲۷	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا رضاعی ماں سے حسن سلوک۔	۱۲۷
	تیسری فصل	
۲۷۱۹/۲۸	تین آدمیوں کا بوقت مصیبت اپنی اپنی نیکیوں سے وسیلہ پکڑنا۔	"
	مصیبت و پریشانی کے وقت اعمال صالحہ کا وسیلہ پکڑنا مستحب و مسنون ہے۔	"

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۲۷۲۰/۲۹	جہاد میں شریک ہونے سے بہتر ہے کہ ماں کی خدمت کی جائے۔	۱۳۱
۲۷۲۱/۳۰	ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے باپ کی خواہش پر بیوی کو طلاق دے دی	"
۲۷۲۲/۳۱	والدین ہی اولاد کے لیے جنت و دوزخ کا سبب ہیں۔	۱۳۲
۲۷۲۳/۳۲	والدین کے نافرمان کو چاہیے کہ ہمیشہ ان کے لیے دعا و استغفار کرتا رہے۔	"
۲۷۲۴/۳۳	اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے والدین کی فرمانبرداری کرنے والے کے لیے جنت کے دو دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔	"
۲۷۲۵/۳۴	بھلائی کرنے والا بیٹا اپنے والدین کو نظر محبت سے دیکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے مقبول حج لکھ دیتا ہے۔	۱۳۳
۲۷۲۶/۳۵	اللہ تعالیٰ ہر قسم کے گناہوں کو معاف فرما دیتا ہے سوائے والدین کی نافرمانی کے۔	"
۲۷۲۷/۳۶	بڑے بھائی کا حق چھوٹے پر باپ کی مانند ہے	"
	باب	۱۳۴
	مخلوق پر رحمت و شفقت کا بیان	
	رحمت و شفقت کا لغوی معنی	
	پہلی فصل	
۲۷۲۸/۱	لوگوں پر رحم نہ کرنے والے پر اللہ تعالیٰ رحم نہیں فرماتا۔	۱۳۵
۲۷۲۹/۲	بچوں کو پیار سے چومنا	"
۲۷۳۰/۳	بیٹیوں کے ساتھ حسن سلوک کی وجہ سے بندہ آگ سے بچ جائے گا۔	"

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۴۷۳۱/۴	اپنی دو بیٹیوں کی تربیت کرنے والا قیامت کے دن حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ہوگا۔	۱۳۶
۴۷۳۲/۵	بیوہ عورتوں کو دینے والے کی مثال	؍؍
۴۷۳۳/۶	یتیم بچے کی کفالت کرنے والا جنت میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ہوگا۔	۱۳۷
۴۷۳۴/۷	تمام مسلمان رحمت و محبت میں ایک عضو کی طرح ہیں۔	۱۳۸
۴۷۳۵/۸	تمام مسلمان شخص واحد کی طرح ہیں	؍؍
۴۷۳۶/۹	مومن دوسرے مومن کے لیے مضبوط دیوار کی طرح ہے۔	۱۳۹
۴۷۳۷/۱۰	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صحابہ کرام کو کسی حاجتمند کی سفارش کی ترغیب دیتے تھے۔	؍؍
۴۷۳۸/۱۱	اپنے ظالم یا مظلوم بھائی کی مدد کرو۔	؍؍
۴۷۳۹/۱۲	مسلمان اپنے دوسرے مسلمان بھائی سے تکالیف دور کرتا ہے۔	۱۴۰
۴۷۴۰/۱۳	ایک مسلمان پر دوسرے مسلمان بھائی کا خون، مال اور عزت حرام ہے۔	۱۴۱
۴۷۴۱/۱۴	جنتی لوگ تین ہیں	۱۴۲
۴۷۴۲/۱۵	مومن اپنے بھائی کے لیے بھی وہی پسند کرتا ہے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔	۱۴۳
۴۷۴۳/۱۶	وہ بندہ ہرگز مومن نہیں جس کے پڑوسی اس سے محفوظ نہیں۔	۱۴۴
۴۷۴۴/۱۷	پڑوسی کو ستانے والا جنت میں نہ جائے گا	؍؍
۴۷۴۵/۱۸	پڑوسی کے حق کی اہمیت	۱۴۴
۴۷۴۶/۱۹	تین ساتھیوں کی موجودگی میں دو آپس میں سرگوشی نہ کریں۔	۱۴۵
	حزن وغم کا سبب دو چیزیں ہیں۔	
	جب شک اور تہمت کا احتمال نہ ہو تو سرگوشی کرنا جائز ہے۔	
۴۷۴۷/۲۰	دین نصیحت ہے۔	۱۴۶
۴۷۴۸/۲۱	حضرت جریر نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہاتھ پر نماز، زکوٰۃ اور ہر مسلمان کی خیر خواہی کرنے کی بیعت کی۔	؍؍
	دوسری فصل۔	
۴۷۴۹/۲۲	بدبخت سے رحمت نکال لی جاتی ہے۔	۱۴۷
۴۷۵۰/۲۳	تم زمین والوں پر رحم کرو، اللہ تعالیٰ آسمان والوں تم پر رحم فرمائے۔	؍؍
۴۷۵۱/۲۴	جو چھوٹوں پر رحم اور بڑوں کی عزت نہیں کرتا وہ ہم میں سے نہیں	۱۴۸
۴۷۵۲/۲۵	بڑھاپے کی حالت میں بوڑھے شخص کا احترام	؍؍
۴۷۵۳/۲۶	بوڑھے مسلمان، حافظ قرآن اور حاکم عادل کے احترام کی ترغیب۔	؍؍
۴۷۵۴/۲۷	جس گھر میں یتیم کی کفالت ہو وہ بہترین گھر ہے	۱۴۹
۴۷۵۵/۲۸	یتیم کے سر پر شفقت سے ہاتھ پھیرنے کا اجر	؍؍
۴۷۵۶/۲۹	جو شخص یتیم کو کھانا وغیرہ کھلائے، اس کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے	۱۵۰
۴۷۵۷/۳۰	اولاد کی صحیح تربیت صدقہ کرنے سے بہتر ہے۔	۱۵۱

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۴۷۵۸ / ۳۱	کوئی باپ اپنی اولاد کو اچھی تربیت سے بہتر کوئی تحفہ نہیں دے سکتا۔	۱۵۱
۴۷۵۹ / ۳۲	جو عورت خاوند سے علیحدگی کے بعد اولاد کی صحیح تربیت کے لیے اپنے کو روک کر رکھے۔ وہ قیامت کے دن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ہوگی۔	〃
۴۷۶۰ / ۳۳	جو شخص اپنی بیٹی کو نہ زندہ درگور کرے، اور نہ بیٹے پر ترجیح دے وہ جنتی ہے۔	۱۵۲
۴۷۶۱ / ۳۴	مسلمان بھائی کی غیبت سن کر اس کی طرف سے دفاع نہ کیا جائے تو ایسے شخص کی قیامت کے دن گرفت ہوگی۔	〃
۴۷۶۲ / ۳۵	اپنے مسلمان بھائی کی عدم موجودگی میں اس کا دفاع کرے تو اللہ تعالیٰ اسے جہنم سے آزاد فرما دے گا۔	۱۵۳
۴۷۶۳ / ۳۶	مسلمان بھائی کی عزت و آبرو کی حفاظت کرنے والے کو اللہ تعالیٰ آتش دوزخ سے محفوظ فرما دیتا ہے۔	〃
۴۷۶۴ / ۳۷	مسلمان بھائی کو رسوا کرنے والے کو اللہ تعالیٰ رسوا فرمائے گا۔	〃
۴۷۶۵ / ۳۸	کسی کے مخفی عیبوں کو چھپانا گویا کہ اس نے زندہ درگور شدہ بچی کو زندہ کیا۔	۱۵۴
۴۷۶۶ / ۳۹	ہر مسلمان دوسرے مسلمان بھائی کا آئینہ ہے	〃
۴۷۶۷ / ۴۰	جو شخص مومن کو منافق سے بچائے کل قیامت کے دن فرشتے اسے آگ سے بچائیں گے۔	۱۵۵
۴۷۶۸ / ۴۱	جو شخص اپنے بھائی کے لیے بہتر ہے وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں بھی بہتر ہے۔	۱۵۶

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۴۷۶۹ / ۴۲	جس شخص کا پڑوسی اس کی تعریف کرے وہ شخص بہتر ہے۔	۱۵۶
۴۷۷۰ / ۴۳	حسب مراتب لوگوں کے ساتھ سلوک کیا جائے۔	〃
	تیسری فصل	
۴۷۷۱ / ۴۴	اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ محبت کی علامت۔	۱۵۷
۴۷۷۲ / ۴۵	وہ شخص مومن نہیں جس کا پڑوسی بھوکا ہو اور وہ خود سیرہ ہو کر کھائے۔	۱۵۸
۴۷۷۳ / ۴۶	کثرت نماز، روزہ اور صدقہ کرنے والا اگر پڑوسی کے ساتھ بہتر سلوک نہیں کرتا تو وہ دوزخی ہے۔	〃
۴۷۷۴ / ۴۷	بہتر آدمی وہ ہے جس سے بھلائی کی امید ہو	〃
۴۷۷۵ / ۴۸	اللہ تعالیٰ جس سے محبت کرتا ہے اسے دین عطا فرماتا ہے۔	۱۵۹
۴۷۷۶ / ۴۹	مومن محبت کرنے والا ہوتا ہے۔	۱۶۰
۴۷۷۷ / ۵۰	جو کسی بندے کو خوش کرنے کے لئے اس کی حاجت پوری کرے اس نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خوش کیا۔	〃
۴۷۷۸ / ۵۱	کسی پریشان حال مسلمان کی مدد کرنے کا اجر	۱۶۱
۴۷۷۹ / ۵۲	خلق خدا اللہ تعالیٰ کا خاندان ہے۔	〃
۴۷۸۰ / ۵۳	قیامت کے دن سب سے پہلا مقدمہ دو پڑوسیوں کا پیش ہوگا۔	〃
۴۷۸۱ / ۵۴	یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرنے اور مسکین کو کھانا کھلانے سے دل میں نرمی پیدا ہوتی ہے۔	〃
۴۷۸۲ / ۵۵	جو بیٹی والدین کی طرف لوٹا دی جائے اسے دینا بہترین صدقہ ہے۔	۱۶۲
	باب	〃

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت اور محبت الٰہی کا بیان	
	حب فی اللہ اور حب من اللہ کا معنی اور مفہوم	
	پہلی فصل	
۴۷۸۳/۱	روحیں مخلوط لشکر ہیں، آپس میں جان پہچان والی ایک دوسری سے محبت کرتی ہیں۔	۱۶۳
۴۷۸۴/۲	جس سے اللہ تعالیٰ محبت کرتا ہے اس کے ساتھ جبرئیل آسمانی فرشتے اور زمینی مخلوق بھی محبت کرتی ہے۔	״
۴۷۸۵/۳	عظمت خداوندی کی خاطر محبت کرنے والے کل قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے زیر سایہ ہوں گے۔	۱۶۴
۴۷۸۶/۴	جو شخص صرف اللہ تعالیٰ کی خاطر کسی دوسرے سے محبت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے محبت کرتا ہے۔	۱۶۵
۴۷۸۷/۵	آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہے۔	״
۴۷۸۸/۶	اللہ اور رسول کے ساتھ محبت کرنے والا قیامت کے دن انہی کے زیر سایہ ہوگا۔	۱۶۶
۴۷۸۹/۷	اچھے اور برے ساتھی کی مثال کستوری اور بھٹی والے کی طرح ہے۔	״
	دوسری فصل	
۴۷۹۰/۸	جو لوگ آپس میں اللہ تعالیٰ کے لیے محبت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ محبت کرتا ہے۔	۱۶۷
۴۷۹۱/۹	اللہ کے قرآن کی وجہ سے ایک دوسرے کے ساتھ محبت کرنے والے قرب خداوندی میں ہوں گے جن پر انبیاء اور شہداء بھی رشک کریں گے۔	۱۶۸
۴۷۹۲/۱۰	اللہ تعالیٰ کے لیے دوستی اور دشمنی کرنا مستحکم گرہ ہے۔	۱۶۹
۴۷۹۳/۱۱	جو اپنے مسلمان بھائی کی عیادت اور زیارت کرتا ہے تو اس نے اپنا گھر جنت میں بنا لیا۔	״
۴۷۹۴/۱۲	جو شخص اپنے مسلمان بھائی سے محبت کرتا ہے تو اسے بتا دے کہ میں تجھ سے محبت کرتا ہوں	۱۷۰
۴۷۹۵/۱۳	جس سے محبت کرو اسے بتا دو کہ میں تیرے ساتھ محبت کرتا ہوں۔	״
۴۷۹۶/۱۴	مؤمن کے علاوہ کسی کے ساتھ دوستی نہ لگاؤ۔	۱۷۱
۴۷۹۷/۱۵	آدمی اپنے دوست کے دین اور طریقے پر ہوتا ہے۔	״
۴۷۹۸/۱۶	جب کوئی کسی کو اپنا دوست بنائے تو اس کا نام اور اس کے باپ کا نام پوچھے۔	۱۷۲
	تیسری فصل	
۴۷۹۹/۱۷	اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت اور عداوت رکھنا سب سے افضل عمل ہے۔	״
۴۸۰۰/۱۸	جو شخص اللہ تعالیٰ کی خاطر کسی سے محبت کرتا ہے تو اپنے رب کا احترام کرتا ہے۔	۱۷۳
۴۸۰۱/۱۹	بہترین لوگ وہ ہیں جنہیں دیکھتے ہی خدا تعالیٰ یاد آ جائے۔	״
۴۸۰۲/۲۰	مشرق و مغرب میں رہنے والے اگر اللہ تعالیٰ کی خاطر ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں تو وہ قیامت کے دن ایک ساتھ ہوں گے۔	״

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۴۸۰۳ / ۲۱	اہل ذکر کی مجالس اختیار کرو، اور تنہائی میں بھی ذکر اللہ کیا کرو۔	۱۷۳
۴۸۰۴ / ۲۲	اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت رکھنے والے جنت میں یاقوت کے ستونوں اور زبرجد کے بالاخانوں میں ہوں گے۔	۱۷۴
	باب	
	قطع تعلق اور عیب تلاش کرنے کی ممانعت	۱۷۵
	تہاجر اور تقاطع کا معنی	
	پہلی فصل	
۴۸۰۵ / ۱	اپنے مسلمان بھائی سے تین دن سے زیادہ قطع تعلق جائز نہیں۔	″
	قطع تعلق کی بعض جائز صورتیں	
۴۸۰۶ / ۲	بدگمانی سے بچو کیونکہ یہ بدترین جھوٹ ہے۔	۱۷۶
	تجسس اور تحسس کا معنی و مفہوم	
	حسد تدابر اور تنافس کا معنی	
۴۸۰۷ / ۳	پیر اور جمعرات کو جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔	۱۷۷
۴۸۰۸ / ۴	ہر جمعہ میں دو مرتبہ پیر اور جمعرات کو لوگوں کے اعمال پیش کیے جاتے ہیں	۱۷۸
۴۸۰۹ / ۵	جو شخص دو آدمیوں کے درمیان صلح کرادے وہ جھوٹا نہیں	″
	دوسری فصل	
۴۸۱۰ / ۶	جھوٹ تین مقامات کے علاوہ جائز نہیں۔	۱۷۹
۴۸۱۱ / ۷	مسلمان بھائی سے تین دن سے زیادہ ناراضگی جائز نہیں۔	″

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۴۸۱۲ / ۸	جو شخص اپنے بھائی سے تین دن سے زیادہ ناراض رہے وہ جہنم میں جائے گا۔	۱۷۹
۴۸۱۳ / ۹	جو شخص ایک سال تک ناراض رہے وہ اپنے بھائی کا خون بہانے کی طرح ہے	۱۸۰
۴۸۱۴ / ۱۰	ناراضگی تین دن سے زیادہ ہو جائے تو ایک دوسرے بھائی کو پہلے سلام کر دے۔	″
۴۸۱۵ / ۱۱	دو بھائیوں کی آپس میں صلح کرانا نماز، روزہ اور صدقہ سے افضل عمل ہے۔	۱۸۱
۴۸۱۶ / ۱۲	دین کو مونڈ دینے والی اخلاقی بیماریاں حسد و بغض ہیں۔	″
۴۸۱۷ / ۱۳	حسد نیکیوں کو کھا جاتا ہے۔	″
۴۸۱۸ / ۱۴	فساد سے بچو	۱۸۲
	معتزلہ کا غلط استدلال	
۴۸۱۹ / ۱۵	جو کسی مسلمان بھائی کو نقصان پہنچائے اللہ تعالیٰ اسے نقصان پہنچائے گا۔	″
۴۸۲۰ / ۱۶	مومن کو نقصان پہنچانے والا ملعون ہے	۱۸۳
۴۸۲۱ / ۱۷	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان کہ مسلمانوں کے خفیہ عیوب تلاش نہ کرو۔	″
۴۸۲۲ / ۱۸	مسلمان بھائی کی عزت و آبرو میں ظلماً دست درازی کرنا بدترین سود ہے۔	″
۴۸۲۳ / ۱۹	مسلمان بھائی کی آبرو ریزی کرنے والے کی سزا۔	۱۸۴
۴۸۲۴ / ۲۰	مسلمان بھائی کی غیبت کرنے والا دوزخ کے کپڑے پہنے گا۔	″
۴۸۲۵ / ۲۱	اچھا گمان بہتر عبادت ہے۔	۱۸۵
۴۸۲۶ / ۲۲	حضرت عائشہ نے حضرت زینب کو ڈانٹ دیتے	۱۸۶

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	سے انکار کیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ناراضگی فرمائی۔	
	تیسری فصل	
۴۸۲۷/۲۳	اگر کوئی جھوٹا آدمی اللہ تعالیٰ کے نام کی قسم کھائے تو اسے جھٹلایا نہ جائے۔	۱۸۶
۴۸۲۸/۲۴	فقر کفر تک پہنچا دیتا ہے	۱۸۷
۴۸۲۹/۲۵	مسلمان بھائی سے معذرت قبول نہ کرنے والا ٹیکس لینے والے کے گناہ کی طرح ہے	״
	باب	۱۸۸
	امور میں احتیاط اور اطمینان کا بیان	
	حذر اور تانی کا معنی ومفہوم	
	پہلی فصل	
۴۸۳۰/۱	مومن ایک سوراخ سے دو مرتبہ نہیں کاٹا جاتا۔	״
۴۸۳۱/۲	بردباری اور وقار ایسی خصلتیں اللہ تعالیٰ کو پسند ہیں۔	״
	دوسری فصل	
۴۸۳۲/۳	تسلی کے ساتھ کام کرنا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور جلد بازی شیطان کی طرف سے ہے۔	۱۸۹
۴۸۳۳/۴	حکمت والا تجربہ کار ہوتا ہے۔	״
۴۸۳۴/۵	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کام کو خوب تدبیر سے کیا کرو۔	۱۹۰
۴۸۳۵/۶	تسلی کے ساتھ کام کرنا ہر چیز سے بہتر ہے	״
۴۸۳۶/۷	میانہ روی نبوت کا چوبیسواں حصہ ہے۔	۱۹۱

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۴۸۳۷/۸	اچھا طریقہ، خوش خلقی اور میانہ روی نبوت کا پچیسواں حصہ ہے۔	۱۹۱
۴۸۳۸/۹	پوشیدہ بات کو راز میں رکھنا امانت ہے۔	״
۴۸۳۹/۱۰	جس سے مشورہ لیا جائے وہ امین ہوتا ہے	۱۹۲
۴۸۴۰/۱۱	مجالس کی باتیں امانت ہوتی ہیں، سوائے تین مجلسوں کے۔	״
	تیسری فصل	
۴۸۴۱/۱۲	عقل سے بہتر، افضل اور خوبصورت کوئی چیز نہیں۔	۱۹۲
۴۸۴۲/۱۳	قیامت کے دن بندہ اپنی عقل کے مطابق ہی بدلہ دیا جائے گا۔	۱۹۳
۴۸۴۳/۱۴	تدبیر کے بغیر عقل نہیں ہوتی۔	״
	تقویٰ اور ورع کسے کہتے ہیں؟	
۴۸۴۴/۱۵	اخراجات میں میانہ روی نصف معیشت ہے	۱۹۵
	باب	۱۹۶
	نرمی، شرم، غیرت اور خوش خلقی کا بیان	
	رفق اور حسن خلق کا معنی	
	پہلی فصل	
۴۸۴۵/۱	اللہ تعالیٰ نرمی فرمانے والا اور نرمی کو پسند کرتا ہے۔	۱۹۷
۴۸۴۶/۲	جو شخص نرمی سے محروم کر دیا گیا وہ خیر سے محروم کر دیا گیا۔	״
۴۸۴۷/۳	حیاء ایمان کا حصہ ہے۔	״
۴۸۴۸/۴	حیاء بھلائی کا ہی ذریعہ ہے۔	۱۹۸
۴۸۴۹/۵	بے حیاء جو چاہے کرتا پھرے	
	حیاء برائی کو روکتی ہے۔	״

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۴۸۵۰/۶	نیکی حسن خلق ہے اور جو سینے میں کھٹکے وہ گناہ ہے۔	۱۹۹
۴۸۵۱/۷	جو شخص اخلاق میں بہتر ہیں، وہ پسندیدہ ہے	″
۴۸۵۲/۸	بہتر وہ ہے جو اخلاق میں اچھا ہے	″
۴۸۵۳/۹	جسے نرمی میں سے حصہ دیا گیا اسے دنیا و آخرت کی بھلائی دی گئی۔	″
۴۸۵۴/۱۰	حیاء ایمان سے ہے اور جنت میں ہے	۲۰۰
۴۸۵۵/۱۱	انسان کو بہترین چیز اچھا خلق دیا گیا ہے	″
	دوسری فصل	
۴۸۵۶/۱۲	بری عادت والا اور سخت زبان جنت میں نہ جائے گا۔	″
۴۸۵۷/۱۳	سب سے وزنی چیز مومن کے ترازو میں اچھا اخلاق ہوگا۔	۲۰۱
۴۸۵۸/۱۴	مومن اچھے خلق کی وجہ سے قائم اللیل اور صائم النہار کا درجہ پالیتا ہے۔	″
۴۸۵۹/۱۵	جہاں بھی ہو اللہ تعالیٰ سے ڈرو، برائی کے بعد نیکی کرو۔	۲۰۲
۴۸۶۰/۱۶	ہر نرم خو اور نرم زبان پر آگ حرام ہے	″
۴۸۶۱/۱۷	مومن بھولا بھالا باعزت ہوتا ہے اور فاسق عیار اور بدخلق ہوتا ہے۔	″
۴۸۶۲/۱۸	مومن نیک طبیعت اور نرم دل ہوتے ہیں۔	۲۰۳
۴۸۶۳/۱۹	مومن کی نشانی یہ ہے کہ وہ دوسرے مومنوں کے ساتھ مل جل کر رہتا ہے	″
۴۸۶۴/۲۰	غصہ کو پی جانے والے کا اجر	۲۰۴
۴۸۶۵/۲۱	اسلام کا خلق حیاء ہے۔	″

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۴۸۶۶/۲۲	شرم و حیاء آپس میں ساتھی ہیں۔	۲۰۵
۴۸۶۷/۲۳	اپنے اخلاق لوگوں سے اچھے رکھو!	″
۴۸۶۸/۲۴	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا! مجھے اچھے اخلاق کی تکمیل کے لیے بھیجا گیا ہے	۲۰۶
۴۸۶۹/۲۵	آئینہ دیکھنے کی دعا	″
۴۸۷۰/۲۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دعا	۲۰۷
۴۸۷۱/۲۷	جن کی عمریں لمبی اور اخلاق اچھے ہوں وہ بہتر ہیں۔	″
۴۸۷۲/۲۸	کامل مومن وہی ہے جس کے اخلاق اچھے ہیں۔	″
۴۸۷۳/۲۹	حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دفاع فرشتے کرتے ہیں۔	″
۴۸۷۴/۳۰	اللہ تعالیٰ جس خاندان پر مہربانی کرتا ہے انہیں نفع دیتا ہے۔	۲۰۸
	باب	۲۰۹
	غصے اور تکبر کا بیان	
	غضب اور تکبر کا معنی و مفہوم	
	پہلی فصل	
۴۸۷۵/۱	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نصیحت کہ غصہ نہ کر	۲۱۰
۴۸۷۶/۲	پہلوان غصہ کو قابو میں رکھنے والے کو کہتے ہیں۔	″
۴۸۷۷/۳	ہر کمزور شخص جسے کمزور سمجھا جائے وہ جنتی ہے۔	″
۴۸۷۸/۴	رائی کے دانے برابر بھی جس کے دل میں ایمان ہوگا وہ جہنم میں داخل نہ ہوگا۔	۲۱۱

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۴۸۷۹ / ۵	اللہ تعالیٰ حسین ہے اور حسن کو پسند کرتا ہے۔	۲۱۱
۴۸۸۰ / ۶	تین آدمیوں سے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن کلام نہیں فرمائے گا۔	۲۱۲
۴۸۸۱ / ۷	اللہ تعالیٰ کا فرمان کہ بڑائی میری چادر اور عظمت میرا تہبند ہے۔	۲۱۳
	دوسری فصل	
۴۸۸۲ / ۸	آدمی اپنے کو اونچا سمجھنے کی وجہ سے جبارین میں سے ہو جاتا ہے۔	۲۱۴
۴۸۸۳ / ۹	متکبر لوگ قیامت کے دن چیونٹیوں کی طرح جمع ہوں گے۔	〃
۴۸۸۴ / ۱۰	غضب شیطان کی طرف سے ہے اور شیطان آگ سے پیدا ہوا ہے۔	۲۱۵
۴۸۸۵ / ۱۱	کھڑے شخص کو اگر غصہ آجائے تو وہ بیٹھ جائے۔	〃
۴۸۸۶ / ۱۲	برا بندہ وہ ہے جو غرور اور تکبر کی وجہ سے اکڑ کر چلے۔	〃
	تیسری فصل	
۴۸۸۷ / ۱۳	جو غصہ اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر پی لیا گیا اس سے بہتر کوئی گھونٹ نہیں۔	۲۱۷
۴۸۸۸ / ۱۴	غصہ کے وقت بھلائی اور برائی کے وقت معافی کرنے والوں کی اللہ تعالیٰ حفاظت فرماتا ہے۔	〃
۴۸۸۹ / ۱۵	غصہ ایمان کو تباہ کر دیتا ہے۔	۲۱۸
۴۸۹۰ / ۱۶	جو شخص اللہ تعالیٰ کے لیے تواضع کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اسے بلند فرما دیتا ہے	〃

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۴۸۹۱ / ۱۷	اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سب سے زیادہ باعزت وہ ہیں جو قادر ہونے کے باوجود معاف کر دیں۔	۲۱۸
۴۸۹۲ / ۱۸	جو شخص اپنی زبان کو محفوظ کرے، اللہ تعالیٰ اس کے عیوب پر پردہ ڈال دے گا۔	۲۱۹
۴۸۹۳ / ۱۹	تین چیزیں نجات دینے اور تین چیزیں ہلاک کر دینے والی ہیں۔	〃
	باب **ظلم کا بیان**	۲۲۰
	پہلی فصل	
۴۸۹۴ / ۱	ظلم کرنا قیامت کی تاریکیوں کا سبب ہے۔	〃
۴۸۹۵ / ۲	اللہ تعالیٰ ظالم کو مہلت دیتا ہے۔	۲۲۱
۴۸۹۶ / ۳	جائے ظلم سے جلدی گزر جانے کی ہدایت	〃
۴۸۹۷ / ۴	قیامت کے دن ظالم کے اعمال حسنہ مظلوم کو دے دیئے جائیں گے۔	۲۲۲
۴۸۹۸ / ۵	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان حق ترجمان سے مفلس کی تعریف	〃
۴۸۹۹ / ۶	قیامت کے دن اہل حقوق کو حق دلوائیں جائیں گے۔	۲۲۳
	دوسری فصل	
۴۹۰۰ / ۷	برائی کا بدلہ برائی سے اور ظلم کا بدلہ ظلم سے نہیں دینا چاہیے۔	〃
۴۹۰۱ / ۸	اسے اللہ تعالیٰ کافی ہے جو اس کی رضا لوگوں کی ناراضگی میں تلاش کرتا ہے۔	۲۲۴
	حضرت عقیل بن ابی طالب کی حضرت علی کی خدمت میں فقر و فاقہ کی شکایت	

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	تیسری فصل	
۴۹۰۲/۹	حضرت لقمان کی اپنے بیٹے کو وصیت	۲۲۵
۴۹۰۳/۱۰	بدترین شخص وہ ہے جو دوسرے کی خاطر اپنی آخرت برباد کردے۔	۲۲۶
۴۹۰۴/۱۱	تین رجسٹر ہیں جن میں بندوں کے اعمال لکھے جاتے ہیں۔	//
۴۹۰۵/۱۲	مظلوم کی بددعا سے بچو	۲۲۷
۴۹۰۶/۱۳	جو ظالم کی حمایت میں چلے وہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔	//
۴۹۰۷/۱۴	ظالم اپنے آپ کو ہی نقصان دیتا ہے۔	//
	باب	۲۲۸
	نیکی کا حکم	
	امر بالمعروف کا لغوی و شرعی معنی	
	پہلی فصل	
۴۹۰۸/۱	برائی کو دیکھ کر ہاتھ یا زبان سے روکے وگرنہ دل سے اسے ضرور برا جانے۔	۲۲۹
۴۹۰۹/۲	حدود الٰہیہ میں سستی کرنے والے کی مثال	//
۴۹۱۰/۳	لوگوں کو بھلائی کا حکم دینا اور خود عمل نہ کرنے کی سزا	۲۳۰
	دوسری فصل	
۴۹۱۱/۴	نیکی کا حکم دیتے رہنا اور برائی سے منع کرتے رہنے سے عذاب دور ہوتا ہے۔	۲۳۱
۴۹۱۲/۵	گناہ کو ناپسند کرنے والا گویا کہ وہ اس گناہ کی جگہ میں موجود نہیں ہے۔	//

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۴۹۱۳/۶	جو لوگ برائی دیکھ کر منع نہیں کرتے قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں عذاب میں مبتلا فرمادے۔	۲۳۲
۴۹۱۴/۷	جو لوگ برائی روکنے پر قادر ہوں اور نہ روکیں تو اللہ تعالیٰ انہیں عذاب میں مبتلا فرمائے گا۔	۲۳۳
۴۹۱۵/۸	قرآن کی آیت کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وضاحت۔	//
	کیا آخری زمانہ کے لوگ صحابہ سے افضل ہیں؟	
۴۹۱۶/۹	واقعات قیامت کے ضمن میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سب باتیں بیان فرمادیں۔	۲۳۴
۴۹۱۷/۱۰	لوگ گناہوں اور برائیوں کی وجہ سے ہلاک کئے جائیں گے۔	۲۳۸
۴۹۱۸/۱۱	خاص لوگوں کے اچھے اعمال کی وجہ سے اللہ تعالیٰ عام لوگوں کو عذاب میں مبتلا نہیں فرماتا۔	//
۴۹۱۹/۱۲	علماء بنی اسرائیل اپنی قوم کو گناہوں سے نہ روکنے کی وجہ سے عذاب میں مبتلا کئے گئے۔	۲۳۹
۴۹۲۰/۱۳	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے بعض خطیبوں کی سزا کہ جو وہ کہتے تھے خود اس پر عمل نہیں کرتے تھے۔	۲۴۰
۴۹۲۱/۱۴	بنو اسرائیل بندروں اور سوروں کی شکلوں میں مبتلاء عذاب کئے گئے۔	۲۴۱
	تیسری فصل	
۴۹۲۲/۱۵	جو شخص حکمرانوں کی سخت تکالیف پر اپنی زبان ہاتھ اور دل سے جہاد کرے گا، وہی نجات پائے گا	//
۴۹۲۳/۱۶	جس نیک بندے کا چہرہ برائی دیکھ کر متغیر نہ ہو وہ بھی مبتلاء عذاب ہوتا ہے۔	۲۴۲

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۴۹۲۴ / ۱۷	جو شخص بندوں سے ڈرتے ہوئے برائی سے نہیں روکتا تھا، وہ بھی عذاب میں مبتلا ہوگا۔	۲۴۲
۴۹۲۵ / ۱۸	نیکی اور بدی قیامت کے دن کھڑی کی جائیں گی۔	۲۴۳
	کتاب	″
	دل کو نرم کردینے والی باتوں کا بیان	
	رقاق کا معنی	
	پہلی فصل	
۴۹۲۶ / ۱	دو نعمتوں کے بارے میں لوگ گھاٹے میں ہیں۔	″
۴۹۲۷ / ۲	آخرت کے مقابلہ میں دنیا کی مثال	۲۴۴
۴۹۲۸ / ۳	اللہ تعالیٰ کے نزدیک دنیا مردار سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔	″
۴۹۲۹ / ۴	دنیا مومن کے لیے قیدخانہ اور کافر کے لیے جنت ہے۔	۲۴۵
۴۹۳۰ / ۵	مومن کو نیکی کا عوض دنیا اور آخرت میں دیا جاتا ہے اور کافر کو صرف دنیا میں	″
۴۹۳۱ / ۶	آگ خواہشات سے ڈھانپ دی گئی ہے	″
۴۹۳۲ / ۷	دنیا کا غلام، روپے پیسے کا غلام اور اعلیٰ کپڑوں کا غلام ہلاک ہوجائے گا۔	۲۴۶
۴۹۳۳ / ۸	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں اپنے بعد تم پر دنیا کی تازگی اور زیب وزینت کا خوف کرتا ہوں۔	۲۴۷
۴۹۳۴ / ۹	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے تم پر فقر کا خوف نہیں بلکہ دنیا کی وسعت کا خوف ہے۔	۲۴۹
۴۹۳۵ / ۱۰	روزی کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دعا	″
۴۹۳۶ / ۱۱	جو شخص مسلمان ہوا، وہ فلاح پاگیا	۲۵۰
۴۹۳۷ / ۱۲	بندے کے صرف تین مال ہیں۔ جو کھایا، پیا اور راہ خدا میں خرچ کیا۔	″
۴۹۳۸ / ۱۳	میت کے ساتھ تین چیزیں جاتی ہیں۔	۲۵۱
۴۹۳۹ / ۱۴	بندے کا اپنا مال وہی ہے جو اس نے خرچ کیا اور جو مال پیچھے چھوڑ گیا وہ وارث کا مال ہے۔	″
۴۹۴۰ / ۱۵	آدمی کے اپنے مال صرف تین ہیں۔	″
۴۹۴۱ / ۱۶	امیری دل کے غنا کا نام ہے۔	۲۵۲
	دوسری فصل	
۴۹۴۲ / ۱۷	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابی کو پانچ باتیں سکھائیں۔	۲۵۳
۴۹۴۳ / ۱۸	اللہ تعالیٰ بندے سے فرماتا ہے، تو میری عبادت میں مصروف ہوجا، میں تیری غربت دور کردوں گا۔	۲۵۴
۴۹۴۴ / ۱۹	عبادت تقویٰ کے برابر نہیں ہوسکتی۔	″
۴۹۴۵ / ۲۰	پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے غنیمت جانو	″
۴۹۴۶ / ۲۱	راہ ہدایت سے دور لے جانے والی چیزیں	۲۵۵
۴۹۴۷ / ۲۲	دنیا اور جو کچھ اس میں ہے ملعون ہے۔	۲۵۶
۴۹۴۸ / ۲۳	اللہ تعالیٰ کے نزدیک دنیا کی کوئی قدر و منزلت ہوتی تو کافر کو ایک گھونٹ بھی نہ ملتا۔	″

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۴۹۴۹/۲۴	صنعت وتجارت میں مشغول نہ ہوجاؤ۔	۲۵۶
۴۹۵۰/۲۵	جس نے دنیا کے ساتھ محبت کی، اسے آخرت میں نقصان ہوگا۔	۲۵۷
۴۹۵۱/۲۶	دنیا اور دولت دار لعنتی ہیں۔	〃
۴۹۵۲/۲۷	حریص انسان اپنے دین میں مال وعزت کی خاطر بربادی کرتا ہے۔	۲۵۸
۴۹۵۳/۲۷	مسلمان کو اس کے ہر خرچ کا ثواب ملتا ہے۔	〃
۴۹۵۴/۲۸	بلند وبالا عمارات کی تعمیر میں خرچ ہونے والے مال میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔	〃
۴۹۵۵/۲۹	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بلند وبالا عمارت دیکھ کر اظہار ناراضگی فرمایا۔	〃
۴۹۵۶/۳۰	ایک صحابی سے عہد کہ تیرے لیے ایک خادم اور راہ خدا کے لیے ایک سواری کافی ہے۔	〃
۴۹۵۷/۳۱	تین چیزوں کے علاوہ انسان کا کسی میں حق نہیں	۲۵۹
۴۹۵۸/۳۲	دنیا سے بے رغبتی کرنے والے سے اللہ تعالیٰ محبت کرتا ہے۔	۲۶۰
۴۹۵۹/۳۳	جسم اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر چٹائی کے نشانات	۲۶۱
۴۹۶۰/۳۵	سب سے زیادہ قابل رشک مومن صحابی	〃
۴۹۶۱/۳۶	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فقر اختیاری	۲۶۲
۴۹۶۲/۳۷	جس بندے کے پاس سکون، صحت اور ایک دن کا کھانا ہو گویا اس کے پاس پوری دنیا جمع ہوگئی۔	〃
۴۹۶۳/۳۸	کمر سیدھی رکھنے کے لیے انسان کو کھانے کے چند لقمے کافی ہوتے ہیں۔	۲۶۳
۴۹۶۴/۳۹	دنیا میں شکم سیری کرنے والا آخرت میں بھوکا ہوگا۔	〃
۴۹۶۵/۴۰	ہر امت کے لیے ایک فتنہ ہے، میری امت کا فتنہ مال ہے۔	۲۶۴
۴۹۶۶/۴۱	قیامت کے دن انسان بھیڑ کے بچے کی طرح بارگاہ خداوندی میں کھڑا کیا جائے گا۔	〃
۴۹۶۷/۴۲	جسمانی صحت اور ٹھنڈے پانی کے بارے میں بندے سے سب سے پہلا سوال ہوگا۔	۲۶۵
۴۹۶۸/۴۳	انسان سے پانچ چیزوں کا سوال	〃
	تیسری فصل	
۴۹۶۹/۴۴	تم کسی عربی یا عجمی سے بہتر نہیں ہو سوائے تقویٰ کے۔	۲۶۶
۴۹۷۰/۴۵	جو بندہ دنیا سے بے رغبتی برتتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے دل میں حکمت بھر دیتا ہے۔	〃
۴۹۷۱/۴۶	جس شخص نے اپنے دل کو اللہ تعالیٰ پر ایمان کے لیے خالص کر لیا وہ کامیاب ہوگیا۔	۲۶۷
۴۹۷۲/۴۷	جس شخص کو گناہوں کے باوجود دنیا مل رہی ہو تو یہ استدراج ہے۔	〃
۴۹۷۳/۴۸	جس نے مال دنیا میں سے ایک دینار چھوڑا تو وہ ایک داغ ہے، جس نے دو چھوڑے تو وہ دو داغ ہیں اہل صفہ صحابہ کی تعداد ستر یا اسی (۷۰ یا ۸۰) تھی۔	۲۶۸
۴۹۷۴/۴۹	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وصیت دنیا کا مال جمع کرنے کے بارے میں	۲۶۹

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۴۹۷۵/۵۰	صحابیِ رسول کا طلب دنیا سے اعراض	۲۷۰
۴۹۷۶/۵۱	دنیا دار گناہوں سے نہیں بچ سکتا۔	۲۷۰
۴۹۷۷/۵۲	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان، مجھے مال جمع کرنے اور تاجر بننے کی وحی نہیں آئی۔	۲۷۱
۴۹۷۸/۵۳	گداگری سے بچنے کے لیے حلال روزی تلاش کرنے والا، اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرے گا۔	〃
۴۹۷۹/۵۴	جسے اللہ تعالیٰ نے خیبر کی چابی اور شہر کا قفل بنایا اس کے لیے بشارت ہے۔	۲۷۲
۴۹۸۰/۵۵	جس بندے کے مال میں برکت نہ دی جائے تو وہ اسے پانی اور مٹی کی طرح بہا دیتا ہے	〃
۴۹۸۱/۵۶	عمارت پر حرام مال خرچ نہ کرو	〃
۴۹۸۲/۵۷	بے عقل آدمی ہی دنیا کا مال جمع کرتا ہے	۲۷۳
۴۹۸۳/۵۸	دنیا کی محبت ہر برائی کی جڑ ہے	۲۷۳
۴۹۸۴/۵۹	دنیا عمل کی جگہ ہے اور آخرت حساب کی	۲۷۴
۴۹۸۵/۶۰	دنیا پیٹھ پھیر رہی ہے اور آخرت سامنے آرہی ہے۔	〃
۴۹۸۶/۶۱	دنیا بے ثبات سامان ہے، اور آخرت بھی بیعاد ہے۔	۲۷۵
۴۹۸۷/۶۲	دنیا سے نیک و بد دونوں کھاتے ہیں۔	۲۷۶
۴۹۸۸/۶۳	سورج دو فرشتوں کے درمیان سے طلوع ہوتا ہے جو لوگوں کو آواز دیتے ہیں کہ اے لوگو! اپنے رب کی طرف آؤ۔	〃
۴۹۸۹/۶۴	جب کوئی مرجاتا ہے تو فرشتے کہتے ہیں کہ	۲۷۶

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	اس نے آگے کیا بھیجا، لوگ کہتے ہیں پیچھے کیا چھوڑا	
۴۹۹۰/۶۵	پیدا ہونے کے بعد انسان تیزی سے آخرت کی طرف بڑھ رہا ہوتا ہے۔	۲۷۷
۴۹۹۱/۶۶	ہر سالم دل والا اور سچی زبان والا افضل ہے	〃
۴۹۹۲/۶۷	اگر بندے میں چار چیزیں ہوں تو دنیا سے فوت ہو جانے میں کوئی حرج نہیں۔	۲۷۸
۴۹۹۳/۶۸	حضرت لقمان حکیم سے سوال	〃
	حضرت لقمان حکیم نبی تھے یا غیر نبی	
۴۹۹۴/۶۹	بندوں کے اعمال اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں آئیں گے۔	۲۷۹
۴۹۹۵/۷۰	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تصاویر والا پردہ ہٹوا دیا۔	۲۸۰
۴۹۹۶/۷۱	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو مختصر نصیحتیں فرمائیں۔	۲۸۱
۴۹۹۷/۷۲	حضرت معاذ بن جبل کو یمن روانہ کرتے وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وصیت۔	〃
	حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق کی خلافت و امامت کی طرف اشارہ فرمایا	
۴۹۹۸/۷۳	اللہ تعالیٰ جس شخص کی ہدایت کا ارادہ فرماتا ہے اس کا سینہ اسلام کے لیے کھول دیتا ہے۔	۲۸۲
۴۹۹۹/۷۴	دنیا سے بے رغبتی اور کم بولنے والے کی صحبت اختیار کرو۔	۲۸۳
	باب	۲۸۴
	فقراء کی فضیلت اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زندگی کیسے گزاری؟	
	پیران پیر غوث اعظم سے پوچھا گیا، فقیر صابر	

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	افضل ہے غنی شاکر ؟	
	پہلی فصل	
٥٠٠٠/١	اللہ کے بندے اگر قسم کھالیں تو اللہ یقیناً ان کی قسم پوری فرماتا ہے۔	۲۸۴
٥٠٠١/٢	امیر کمزوروں کی مدد سے ہی رزق دیئے جاتے ہیں۔	۲۸۵
٥٠٠٢/٣	جنت کے دروازے پر مالدار لوگوں کو روکا جائے گا اور دوزخ میں زیادہ عورتیں جائیں گی۔	〃
٥٠٠٣/٤	جنت میں اکثر فقراء ہوں گے اور دوزخ میں اکثر عورتیں ہوں گی۔	۲۸۶
٥٠٠٤/٥	مہاجرین فقراء غنی لوگوں سے چالیس سال پہلے جنت میں جائیں گے۔	〃
٥٠٠٥/٦	فقیر دنیا بھر کے غنی آدمیوں سے بہتر ہے۔	〃
٥٠٠٦/٧	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں نے کبھی بھی دو دن مسلسل پیٹ بھر کر جو کی روٹی نہیں کھائی۔	۲۸۷
٥٠٠٧/٨	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی بھی جو کی روٹی سے سیر نہیں ہوئے۔	۲۸۸
٥٠٠٨/٩	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی ذات کے لیے غلہ ذخیرہ نہیں فرماتے تھے۔	〃
٥٠٠٩/١٠	دنیا کافروں کے لیے اور آخرت مسلمانوں کے لیے ہے۔	۲۸۹
٥٠١٠/١١	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فقر اختیاری تھا، ستر اصحاب صفہ کے پاس پہننے کے لیے مکمل طور پر لباس نہ تھا۔	۲۹۰

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
٥٠١١/١٢	اپنے سے مالداری میں نیچے والے کو دیکھو، اوپر والے کو نہ دیکھو۔	۲۹۰
	دوسری فصل	
٥٠١٢/١٣	فقیر امیروں سے پانچ سو سال پہلے جنت میں جائیں گے۔	۲۹۱
٥٠١٣/١٤	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقراء و مسکین کی دعا کیا کرتے تھے۔	〃
٥٠١٤/١٥	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے کمزوروں میں تلاش کیا کرو۔	۲۹۲
٥٠١٥/١٦	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقراء اور مہاجرین کے توسل سے فتح مانگتے تھے۔	۲۹۲
٥٠١٦/١٧	دنیا میں فاسق کی نعمتوں پر رشک نہ کرو	۲۹۳
٥٠١٧/١٨	دنیا مومن کے لیے قید خانہ اور قحط سالی ہے	〃
٥٠١٨/١٩	اللہ تعالیٰ جس بندے سے محبت کرتا ہے تو اسے دنیا سے محفوظ کر لیتا ہے۔	۲۹۴
٥٠١٩/٢٠	انسان موت اور قلت مال کو ناپسند کرتا ہے	〃
٥٠٢٠/٢١	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ محبت کرنے والے کی طرف فقر تیزی سے دوڑتا ہے۔	۲۹۵
٥٠٢١/٢٢	غلبۂ دین اور مخلوق کو دین کی دعوت دینے کی خاطر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمام مخلوق سے زیادہ ستایا گیا۔	۲۹۶
	حضرت بلال کس موقع پر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے جب انہیں سب سے زیادہ تکلیف دی گئی۔	
٥٠٢٢/٢٣	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پیٹ پر دو	۲۹۸

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	پھر باندھے تھے۔	۲۹۸
۵۰۲۳ / ۲۴	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو ہریرہ کو ایک کھجور دی۔	〃
۵۰۲۴ / ۲۵	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان جس میں دو عادتیں ہوں اللہ تعالیٰ اسے صابر و شاکر لوگوں میں لکھتا ہے۔	〃
	تیسری فصل	
۵۰۲۵ / ۲۶	فقیر کسے کہتے ہیں؟	۲۹۹
۵۰۲۶ / ۲۷	فقراء مہاجرین امراء سے چالیس سال پہلے جنت میں جائیں گے۔	۳۰۰
۵۰۲۷ / ۲۸	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابوذر کو سات چیزوں کا حکم دیا۔	۳۰۱
۵۰۲۸ / ۲۹	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دنیا کی تین چیزیں پسند ہیں۔	۳۰۲
۵۰۲۹ / ۳۰	خوشبو بیویاں اور نماز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پسند تھی۔	〃
	اِلَیَّ مِنَ الدُّنْیَا الفاظ حدیث کی تحقیق	
۵۰۳۰ / ۳۱	اے ابوذر عیش پسندی سے بچنا۔	۳۰۳
۵۰۳۱ / ۳۲	جو شخص تھوڑے سے رزق پر راضی ہو گیا اللہ تعالیٰ اس کے تھوڑے سے عمل پر راضی ہو گیا۔	〃
۵۰۳۲ / ۳۳	حاجت مند اگر لوگوں سے اپنی حاجت ذکر نہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی ایک سال کی حاجت پوری فرماتا ہے۔	〃
۵۰۳۳ / ۳۴	اللہ تعالیٰ عزت والے سوال سے بچنے والے مسلمان کو پسند کرتا ہے۔	۳۰۴
۵۰۳۴ / ۳۵	حضرت عمر نے شہد ملا ہوا میٹھا پانی نوش	〃

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	نہ فرمایا۔	
۵۰۳۵ / ۳۶	خیبر کے فتح ہونے تک اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کھجوروں سے کبھی سیر نہیں ہوئے تھے	۳۰۵
	باب	〃
	لمبی امید اور حرص کا بیان	
	امل اور حرص کا معنی	
	پہلی فصل	
۵۰۳۶ / ۱	انسان اور اس کی موت کی مثال	۳۰۶
۵۰۳۷ / ۲	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چند خطوط کھینچے	〃
۵۰۳۸ / ۳	انسان میں مال اور عمر کی حرص کبھی بوڑھی نہیں ہوتی۔	〃
۵۰۳۹ / ۴	بوڑھے آدمی کا دل دو چیزوں میں جوان رہتا ہے	۳۰۷
۵۰۴۰ / ۵	ساٹھ سال کی عمر والے شخص کا عذر اللہ تعالیٰ نہیں سنتا۔	〃
۵۰۴۱ / ۶	انسان کے پاس اگر مال کے دو جنگل ہوں تو وہ تیسرے کی تلاش کرے گا۔	〃
۵۰۴۲ / ۷	دنیا میں اپنے آپ کو مسافر، اجنبی یا اہل قبور سے شمار کر لو۔	۳۰۸
	موت کی کیا حقیقت ہے!	
	دوسری فصل	
۵۰۴۳ / ۸	آخرت تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے۔	۳۰۹
۵۰۴۴ / ۹	موت انسان کے بہت قریب ہے۔	〃
۵۰۴۵ / ۱۰	انسان اور اس کی موت قریب قریب ہیں۔	۳۱۰
۵۰۴۶ / ۱۱	انسان امیدوں میں مشغول رہتا ہے اور موت اس کے قریب ہوتی ہے۔	〃
۵۰۴۷ / ۱۲	میری امت کی عمریں ساٹھ ستر سال کے درمیان ہوں گی	۳۱۱

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	تیسری فصل	
٥٠٤٩/١٣	اس امت کی بہتری درستگی یقین اور زہد ہے یقین کسے کہتے ہیں؟ سالک کے لیے چار اصول پر چلنا ضروری ہے	٣١١
٥٠٥٠/١٥	امیدوں کے مختصر ہونے کو زہد کہتے ہیں	٣١٢
٥٠٥١/١٦	دنیا میں زہد حلال کمائی اور چھوٹی امیدیں ہیں۔	″
	باب اطاعت کے لیے مال اور عمر کا بہتر ہونا	٣١٣
	پہلی فصل	
٥٠٥٢/١	اللہ تعالیٰ پرہیزگار، مستغنی اور مخفی بندے کو پسند کرتا ہے۔	″
	دوسری فصل	
٥٠٥٣/٢	جس شخص کی عمر لمبی اور اعمال اچھے ہوں وہ سب سے بہتر ہے۔	٣١٤
٥٠٥٤/٣	بعض اوقات کوئی عمل صالح کرنے کی وجہ سے بھی آدمی شہید کے مرتبہ ومقام سے بڑھ جاتا ہے۔	″
٥٠٥٥/٤	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین باتوں کی خبر دی۔ نیت سے مراد عزم صمیم ہے۔	٣١٥
٥٠٥٦/٥	موت سے پہلے نیک اعمال کی توفیق اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھلائی ہے۔	٣١٦
٥٠٥٧/٦	عقلمند وہ ہے جو اپنے نفس کو فرمانبردار کر لے۔	″
	تیسری فصل	

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
٥٠٥٨/٧	متقی کے لیے مالداری سے تندرستی بہتر ہے	٣١٨
٥٠٥٩/٨	حلال مال میں فضول خرچی کی گنجائش نہیں۔	٣١٩
٥٠٦٠/٩	قیامت کے دن ساٹھ سالہ لوگوں کو پکارا جائے گا۔	″
٥٠٦١/١٠	اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ مؤمن سب سے افضل ہے جسے اسلام میں لمبی عمر دی جائے اور وہ اعمال صالحہ کرتا ہو۔	٣٢٠
٥٠٦٢/١١	قیامت کے دن لمبی عمر والا بھی اپنی عبادت کو حقیر سمجھے گا۔	٣٢١
	باب توکل اور صبر کا بیان	٣٢٢
	توکل اور صبر کا معنی اور مفہوم	
٥٠٦٣/١	ستر ہزار افراد بغیر حساب کے جنت میں جائیں گے	٣٢٣
٥٠٦٤/٢	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت بہت بڑی ہے۔	٣٢٤
٥٠٦٥/٣	مسلمان کے تمام کام خیر ہیں۔	٣٢٥
٥٠٦٦/٤	قوی مؤمن کمزور مؤمن سے زیادہ پسندیدہ ہے	٣٢٦
	دوسری فصل	
٥٠٦٧/٥	اللہ تعالیٰ پر توکل کرنے سے پرندوں کی طرح رزق ملتا ہے۔	″
٥٠٦٨/٦	کوئی بھی نفس دنیا کا رزق پورا کیے بغیر نہیں مرے گا۔	٣٢٧
٥٠٦٩/٧	ترک لذات وشہوات میں حلال کو حرام جاننا شرعاً ممنوع ہے۔	٣٢٨
٥٠٧٠/٨	حقوق الٰہی کی حفاظت کرنے والے کی اللہ تعالیٰ	٣٢٩

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	حفاظت فرماتا ہے	
۵۰۷۱ / ۹	اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر راضی رہنا انسان کی خوش بختی ہے	۲۳۰
	تیسری فصل	
۵۰۷۲ / ۱۰	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایک دیہاتی نے سوتے میں تلوار سونت لی۔	″
۵۰۷۳ / ۱۱	اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے کو روزی اس کے گمان کے بغیر ملتی ہے۔	۲۳۱
۵۰۷۴ / ۱۲	اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں ہی رزاق ہوں۔	۲۳۲
۵۰۷۵ / ۱۳	فقراء خصوصاً ذوی الارحام کی کفالت کی برکت سے اللہ تعالیٰ روزی عطا فرماتا ہے۔	″
۵۰۷۶ / ۱۴	اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرنے والے کی حاجات کو اللہ تعالیٰ خود پوری فرماتا ہے۔	″
۵۰۷۷ / ۱۵	اللہ تعالیٰ کے مطیع بندوں پر بارش برستی اور دھوپ نکلتی ہے۔	۲۳۳
۵۰۷۸ / ۱۶	صبر اور توکل کی برکت سے خزانۂ غیب سے روزی۔	″
۵۰۷۹ / ۱۷	روزی بندے کو موت کی طرح تلاش کرتی ہے۔	۲۳۴
۵۰۸۰ / ۱۸	امت کے ظلم کے باوجود نبی ان کے لیے رحم کی دعا مانگتا ہے۔	″
	باب	۲۳۵
	دکھاوے اور خود نمائی کا بیان	
	ریاء اور سمعہ کا معنی اور ریاء کی اقسام	
	پہلی فصل	
۵۰۸۱ / ۱	اللہ تعالیٰ بندے کے دل اور اعمال کی طرف دیکھتا ہے۔	۲۳۶
۵۰۸۲ / ۲	اللہ تعالیٰ شرکاء سے پاک و منزہ ہے۔	″
۵۰۸۳ / ۳	شہرت والے کو شہرت اور دکھلاوا کرنے والے کا دکھلاوا ہو جائے گا۔	۲۳۷
۵۰۸۴ / ۴	جس بندے کے اچھے عمل کی لوگ تعریف کریں تو یہ اسے فوری خوشخبری ہے۔	۲۳۸
	دوسری فصل	
۵۰۸۵ / ۵	اللہ تعالیٰ شریکوں کے شرک سے بے نیاز ہے	″
۵۰۸۶ / ۶	جو شخص اپنے عمل لوگوں کو دکھائے اللہ تعالیٰ اسے حقیر و ذلیل کرے گا۔	″
۵۰۸۷ / ۷	جس کی نیت طلب آخرت ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے دل میں استغناء پیدا فرما دیتا ہے۔	۲۳۹
۵۰۸۸ / ۸	خفیہ عمل کرنے والے کو دو اجر ملتے ہیں۔	″
۵۰۸۹ / ۹	آخری زمانہ میں کچھ لوگ دین کے بہانہ میں دنیا کمائیں گے۔	۲۴۰
۵۰۹۰ / ۱۰	کچھ لوگوں کی زبانیں میٹھی اور کچھ کی زبانیں کڑوی ہیں	۲۴۱
۵۰۹۱ / ۱۱	اچھا عمل کر کے خوشی ہو تو کامیابی کی امید ہے	″
۵۰۹۲ / ۱۲	انسان کے شر کے لیے یہی کافی ہے کہ اس کے دین یا دنیا کی طرف انگلیوں سے اشارہ کیا جائے۔	۲۴۲
۵۰۹۳ / ۱۳	جو شخص دنیا میں اپنی شہرت چاہے گا، قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسے رسوا فرمائے گا۔	۲۴۲
۵۰۹۴ / ۱۴	تھوڑی سی ریا بھی شرک ہے۔	۲۴۴
۵۰۹۵ / ۱۵	جو بندہ خفیہ اور علانیہ اللہ تعالیٰ کیلئے نماز پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یہ میرا سچا بندہ ہے۔	۲۴۵

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۵۰۹۶/۱۶	آخری زمانہ میں کچھ لوگ ہوں گے جو ظاہرت کو پسند اور پوشیدگی کو ناپسند کریں گے۔	۲۴۵
۵۰۹۷/۱۷	دکھاوے کے لیے نماز پڑھنا، روزہ رکھنا اور صدقہ دینا شرک ہے۔	″
۵۰۹۸/۱۸	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، میں اپنی امت پر شرک اور خفیہ شہوت کا خوف کرتا ہوں۔	۲۴۶
۵۰۹۹/۱۹	مسیح دجال سے زیادہ خطرناک عمل دکھاوے کی نماز ہے۔	″
۵۱۰۰/۲۰	ریاکاری شرک اصغر ہے۔	۲۴۷
۵۱۰۱/۲۱	بندے کا خفیہ عمل بھی لوگوں کے سامنے آجاتا ہے۔	۲۴۸
۵۱۰۲/۲۲	اچھی یا بری سیرت کی علامت اللہ تعالیٰ ظاہر فرما دیتا ہے۔	″
۵۱۰۳/۲۳	منافق باتیں تو حکمت کی اور عمل ظلم سے کرتا ہے۔	″
۵۱۰۴/۲۴	مخلص بندے کی خموشی بھی عبادت ہے	۲۴۹
	باب روتے اور خوف کا بیان پہلی فصل	
۵۱۰۵/۱	اگر تم وہ جانتے جو کچھ میں جانتا ہوں تو تم زیادہ روتے اور کم ہنستے۔	۲۵۰
۵۱۰۶/۲	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی واللہ لا ادری کی تفصیل حدیث واللہ لا ادری کی وضاحت	″
۵۱۰۷/۳	بنی اسرائیل کی عورت بلی کی وجہ سے عذاب میں مبتلا کی گئی۔	۲۵۱
۵۱۰۸/۴	جب خیانت بڑھ جائے تو صالح لوگوں کی موجودگی کے باوجود عذاب آکر رہے گا۔	۲۵۲
۵۱۰۹/۵	باریک ریشمی کپڑوں، شراب اور آلات موسیقی کو حلال سمجھنے والوں کو بندروں اور سوروں میں مسخ کر دیا جائے گا۔	″
۵۱۱۰/۶	جب کسی قوم پر عذاب آتا ہے تو کوئی بھی ان میں سے نہیں بچتا۔	۲۵۳
۵۱۱۱/۷	ہر بندہ اسی حال اور وصف پر اٹھایا جائے گا جس پر وہ فوت ہوا۔	″
	دوسری فصل	
۵۱۱۲/۸	دوزخ سے بھاگنے والا بھی سو رہا ہے اور جنت کا طلب گار بھی سو رہا ہے۔	۲۵۵
۵۱۱۳/۹	آثار قیامت کی ہیبت و جلالت سننے کے بعد حضرت ابوذر کہتے ہیں "کاش! میں درخت ہوتا جو کاٹ دیا جاتا۔"	۲۵۶
۵۱۱۴/۱۰	جو شخص منزل پانی چاہتا ہے وہ اندھیرے میں اٹھ کر عبادت کرے۔	۲۵۷
۵۱۱۵/۱۱	جس نے اللہ تعالیٰ کو ایک دن بھی یاد کیا، وہ آگ سے نکال لیا جائے گا۔	″
۵۱۱۶/۱۲	اعمال صالحہ کرنے والے بھی اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں کہ کہیں ان کے عمل رد نہ کر دیئے جائیں۔	″
۵۱۱۷/۱۳	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دو تہائی رات گزر جانے کے بعد اٹھ کر فرماتے اے لوگو! بیدار ہو جاؤ! اللہ کا ذکر کرو، اللہ کا ذکر کرو۔	۲۵۸

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۵۱۱۸/۱۴	لذتوں کو ختم کر دینے والی چیز موت کا کثرت سے ذکر کیا کرو۔	۲۵۹
۵۱۱۹/۱۵	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے سورۂ ہود نے بوڑھا کر دیا ہے۔	۲۶۰
۵۱۲۰/۱۶	سورۂ ہود، واقعہ، مرسلات، عم یتساءلون اور سورۂ اذا الشمس کورت نے مجھے بوڑھا کر دیا ہے۔	۲۶۱
	تیسری فصل	
۵۱۲۱/۱۷	کسی بھی عمل کو معمولی جان کر نہیں کرنا چاہیے	〃
۵۱۲۲/۱۸	اے عائشہ! تم حقیر اور معمولی گناہوں سے بچو۔	۲۶۲
۵۱۲۳/۱۹	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیات ظاہری میں کئے گئے اعمال صالحہ کی قبولیت کی امید ہے۔	〃
۵۱۲۴/۲۰	مجھے میرے رب نے نو باتوں کا حکم دیا	۲۶۳
۵۱۲۵/۲۱	مکھی کے برابر بھی اللہ کے خوف سے آنسو نکل کر چہرے پر پڑیں تو اللہ تعالیٰ اس چہرے کو آگ پر حرام فرما دیتا ہے۔	۲۶۴
	باب	۲۶۵
	لوگوں میں تبدیلی کا بیان	
	پہلی فصل	
۵۱۲۶/۱	لوگوں کی مثال بیکار اونٹوں سے	〃
۵۱۲۷/۲	تم اپنے اگلوں کی راہ چلو گے یعنی یہود و نصاریٰ کی۔	〃
۵۱۲۸/۳	نیک لوگ لگاتار دنیا سے تشریف لے جائیں گے باقی بھوسا رہ جائے گا۔	۲۶۶

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	دوسری فصل	
۵۱۲۹/۴	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیشنگوئی	۲۶۶
۵۱۳۰/۵	قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک بدترین لوگ تمہاری دنیا کے وارث نہ ہو جائیں۔	۲۶۷
۵۱۳۱/۶	قرب قیامت دنیا کا کامیاب ترین شخص خبیث ابن خبیث ہوگا۔	〃
۵۱۳۲/۷	دنیاوی نعمتوں اور فراوانی کے مقابلہ میں مومن کے لئے تنگی کے دن بہتر ہیں۔	〃
	حضرت مصعب بن عمیر دور جاہلیت میں امیر ترین تھے۔	
۵۱۳۳/۸	اپنے دین پر صبر کرنے والے چنگاری پکڑنے والے کی طرح ہوں گے۔	۲۶۹
۵۱۳۴/۹	بدترین حاکموں کی موجودگی میں زمین کے نیچے دفن ہو جانا بہتر ہے۔	〃
۵۱۳۵/۱۱	مسلمانوں کی کثرت کے باوجود دشمن کے دل سے ان کی ہیبت نکل جائے گی۔	۲۷۰
	تیسری فصل	
۵۱۳۶/۱۱	مختلف اخلاقی برائیاں اور اللہ تعالیٰ کے خفیہ عذاب کی صورتیں۔	۲۷۱
	باب	
	سابقہ باب کے لواحقات اور تتمہ کا بیان	
	پہلی فصل	
۵۱۳۷/۱	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خطبہ، انسانوں کے پاس جس وقت شیاطین آئے تو وہ برائیوں میں مبتلا ہو گئے۔	〃
۵۱۳۸/۲	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کوہ صفا	۲۷۲

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	پر کھڑے ہو کر اپنی قوم کو ڈرایا۔	
۵۱۳۹/۳	کوہ صفا پر کھڑے ہو کر مختلف خاندان کے سربراہوں کا نام لے کر اللہ تعالیٰ سے ڈرایا۔	۲۷۵
	دوسری فصل	
۵۱۴۰/۴	میری امت صاحب رحمت ہے اور اس پر آخرت میں عذاب نہیں۔	۲۷۶
۵۱۴۱/۵	دین کے ظہور کا دور نزولِ وحی و رحمت کا دور ہے۔	۲۷۷
۵۱۴۲/۶	آخری زمانہ میں لوگ سب سے پہلے شراب کے حکم کو تبدیل کریں گے۔	۲۷۸
	تیسری فصل	
۵۱۴۳/۷	نبوت کے بعد خلافت، پھر اس کے بعد ظلم کی بادشاہی ہوگی۔	۲۷۹
	کتاب	
	فتنے کا بیان	
	فتن کا معنی اور مفہوم	۲۸۰
	پہلی فصل	
۵۱۴۴/۱	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قیامت تک ہونے والے واقعات کی خبر دی۔	〃
۵۱۴۵/۲	دلوں پر فتنے پیش آئیں گے۔	۲۸۱
۵۱۴۶/۳	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو خبریں دیں۔	۲۸۲
۵۱۴۷/۴	خیر اور شر کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سوال اور	۲۸۳

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	تفصیلی جواب	
۵۱۴۸/۵	فتنوں کے واقع ہونے سے پہلے اعمال کرنے کا حکم	۲۸۷
۵۱۴۹/۶	عنقریب ایسے فتنے ہوں گے جو ان کی طرف جھانکے گا وہ اسے اچک لیں گے۔	〃
۵۱۵۰/۷	آگاہ رہو قرب قیامت فتنے ہی فتنے ہو۔	۲۸۸
۵۱۵۱/۸	قریب ہے کہ آدمی اپنا دین فتنوں سے بچا کر لے جائے۔	۲۸۹
۵۱۵۲/۹	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ایسے فتنے دیکھ رہا ہوں جو تمہارے گھروں میں بارش کی طرح نمودار ہوں گے۔	〃
۵۱۵۳/۱۱	میری امت کی ہلاکت قریش کے لڑکوں کے ہاتھوں ہوگی۔	۲۹۰
۵۱۵۴/۱۱	زمانہ چھوٹا ہوگا اور علم اٹھا لیا جائے گا۔	〃
۵۱۵۵/۱۲	قاتل و مقتول دونوں دوزخ میں جائیں گے	۲۹۱
۵۱۵۶/۱۳	قتل عام کے زمانہ میں عبادت کرنا ہجرت کرنے کی طرح ہے۔	۲۹۱
۵۱۵۷/۱۴	حضرت انس نے حجاج کے ظلم پر صبر کرنے کی تلقین کی۔	۲۹۲
	دوسری فصل	
۵۱۵۸/۱۵	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہر فتنے باز گروہ کے قائد، باپ اور گروہ کا نام پہلے ہی بتا دیا۔	〃
۵۱۵۹/۱۶	میری امت میں اگر تلوار چل نکلی تو قیامت تک اٹھا کر نہ رکھی جائے گی۔	۲۹۲
۵۱۶۰/۱۷	خلافت تیس سال تک ہے۔	〃

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۵۱۶۱ / ۱۸	قرب قیامت علامات قیامت کا ظہور	۳۹۴
۵۱۶۲ / ۱۹	حضرت ابوذر کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تین نصیحتیں۔	۳۹۶
	حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے بعد مدینہ طیبہ میں یزید نے قتل عام کروایا۔	
۵۱۶۳ / ۲۰	جسے بھلا جانو اسے لازم پکڑ لو، جسے بُرا جانو اسے چھوڑ دو۔	۳۹۸
	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہر ایک صحابی کو اس کی طبیعت اور حالت کے مطابق اصلاح و تربیت فرمائی۔	
۵۱۶۴ / ۲۱	قیامت سے پہلے فتنے اتنے کثیر ہونگے کہ کوئی بندہ صبح کے وقت مومن اور شام کے وقت کافر ہوگا۔	۴۰۰
۵۱۶۵ / ۲۲	بوقت فتنہ بہترین بندہ وہ ہے جو اپنے جانوروں میں رہے اور ان کا حق ادا کرے	۴۰۱
۵۱۶۶ / ۲۳	عنقریب ایسا فتنہ نمودار ہوگا جو سارے عرب کو گھیر لے گا۔	//
۵۱۶۷ / ۲۴	فتنۂ احلاس، بھاگنا، پریشان ہونا اور لڑائی کرنا ہے۔	۴۰۲
۵۱۶۸ / ۲۵	کالا فتنہ اس امت میں کسی کو نہیں چھوڑے گا۔	//
۵۱۶۹ / ۲۶	عرب کی خرابی قریب کے شر میں ہے	۴۰۳
۵۱۷۰ / ۲۷	جو فتنوں سے ایک جانب رکھا گیا، وہ خوش قسمت ہے۔	//
۵۱۷۱ / ۲۸	ہر امت میں تلوار چل پڑی تو رکھی نہ	//

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	جائے گی۔	
۵۱۷۲ / ۲۹	اسلام چکی ۳۵ یا ۳۶ یا ۳۷ سال تک صحیح طور پر چلتی رہے گی۔	۴۰۵
	یعنی اسلام کے کامل انتظام کے یہی سال ہیں	
	تیسری فصل	
۵۱۷۳ / ۳۰	تم لوگ گمراہی میں اپنے سے پہلے والوں کی راہ پر چلو گے۔	۴۰۶
۵۱۷۴ / ۳۱	قتل عثمان غنی پر اسلام میں پہلا فتنہ واقع ہوا	۴۰۷
	باب	۴۰۸
	لڑائیوں کا بیان	—
	ملاحم کا معنی	
	پہلی فصل	
۵۱۷۵ / ۱	قیامت کی علامات میں سے ایک یہ ہے کہ ۳۰ جھوٹے دجال نبوت کا دعویٰ کرنے والے ہوں گے!	//
	مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں میں قتل و غارت گری۔	
۵۱۷۶ / ۲	قیامت قائم نہ ہوگی جب تک کہ تم چھوٹی آنکھوں سرخ چہروں اور چپٹی ہوئی ناکوں والوں سے لڑائی نہ کرلو۔	۴۱۰
۵۱۷۷ / ۳	جب تک تم خوز اور کرمان کے عجمیوں سے جنگ نہ کرلو قیامت قائم نہ ہوگی۔	۴۱۱
۵۱۷۸ / ۴	درخت بھی یہود کی نشاندہی کریں گے اور ان کو مسلمان قتل کریں گے۔	۴۱۲
۵۱۷۹ / ۵	قحطان سے ایک آدمی نکلے گا جو لوگوں کو اپنی لاٹھی سے ہانکے گا۔	//

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۵۱۸۰/۹	رات و دن ختم ہونے سے پہلے جہجاہ نامی شخص بادشاہ بنے گا۔	۴۱۲
۵۱۸۱/۷	مسلمانوں کی ایک جماعت کسریٰ کا خزانہ کھولے گی۔	۴۱۳
۵۱۸۲/۸	قیصر و کسریٰ کے خزانے اللہ کی راہ میں خرچ ہوں گے۔	//
۵۱۸۳/۹	جہاد کی برکت سے اللہ تعالیٰ فتح دے گا۔	۴۱۴
۵۱۸۴/۱۰	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت سے پہلے چھ چیزیں شمار کرو۔	//
۵۱۸۵/۱۱	علامات قیامت سے ہے کہ رومیوں کے ساتھ زمین کے بہترین افراد جہاد کریں گے۔	۴۱۵
۵۱۸۶/۱۲	قرب قیامت مسلمان بغیر فتح کے نہ لوٹیں گے۔	۴۱۷
۵۱۸۷/۱۳	مسلمان ایک ایسا شہر فتح کریں گے جس کا ایک کنارہ خشکی میں اور دوسرا دریا میں ہوگا۔	۴۱۹
	دوسری فصل	
۵۱۸۸/۱۴	بیت یثرب کی خرابی جنگ عظیم ہے۔	۴۲۰
۵۱۸۹/۱۵	جنگ عظیم، فتح قسطنطنیہ اور خروج دجال سات مہینوں میں ہے۔	//
۵۱۹۰/۱۶	فتح مدینہ اور جنگ عظیم چھ مہینوں میں ہے	//
۵۱۹۱/۱۷	مسلمان مدینہ منورہ کی طرف محصور کر دیئے جائیں گے۔	۴۲۱
۵۱۹۲/۱۸	مسلمان صلیب کو توڑ دیں گے۔	//
۵۱۹۳/۱۹	کعبہ کا خزانہ حبشہ کا ایک شخص چھوٹی پنڈلیوں والا چرا کر لے جائے گا۔	//

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۵۱۹۴/۲۰	تم حبشیوں اور ترکوں کو چھوڑے رہو۔	۴۲۲
۵۱۹۵/۲۱	تمہارے ساتھ ایک چھوٹی آنکھوں والی قوم یعنی ترک جنگ کریں گی۔	//
۵۱۹۶/۲۲	شہر بصرہ میں دریائے دجلہ کے پاس پست زمین پر میری امت کے لوگ اتریں گے۔ حدیث میں بغداد میں تاتاریوں کے فتنے کے رونما ہونے کی خبر۔	۴۲۳
۵۱۹۷/۲۳	صحابی کو شہر بصرہ سے گذرتے ہوئے احتیاط کا حکم۔	۴۲۴
۵۱۹۸/۲۴	قیامت کے دن مسجد عشار سے اللہ تعالیٰ شہیدوں کو اٹھائے گا۔	۴۲۵
	تیسری فصل	
۵۱۹۹/۲۵	سمندر کی موج کی طرح اٹھنے والا فتنہ کون سا ہوگا؟	۴۲۶
۵۲۰۰/۲۶	قسطنطنیہ کی فتح قیامت کے قائم ہونے کے ساتھ ہے۔	۴۲۷
	باب	۴۲۸
	علامات قیامت کا بیان	
	پہلی فصل	
۵۲۰۱/۱	علامات قیامت میں سے یہ ہے کہ علم کم اور جہالت زیادہ ہوگی۔	//
۵۲۰۲/۲	قیامت سے پہلے جھوٹ بولنے والے زیادہ ہوں گے۔	۴۲۹
۵۲۰۳/۳	جب امانت ضائع کر دی جائے تو قیامت کا انتظار کرنا۔	//
۵۲۰۴	جب زکوٰۃ لینے والا کوئی نہ ہوگا، اس وقت قیامت قائم ہوگی	

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۵۲۰۵ / ۵	قیامت سے قریب زیادہ مال تقسیم کرنے والا ایک خلیفہ ہوگا۔	۲۳۰
۵۲۰۶ / ۶	دریائے فرات آخری زمانہ میں سونے میں بدل جائے گا۔	″
۵۲۰۷ / ۷	دریائے فرات سونے کے پہاڑ بن جائے گا اور اس پر قتل وغارت گری بہت زیادہ ہوگی۔	۲۳۱
۵۲۰۸ / ۸	زمین اپنے جگر کے ٹکڑے سونے چاندی کی صورت میں قے کردے گی۔	″
۵۲۰۹ / ۹	آدمی کسی قبر کو دیکھ کر کہے گا کاش! اس کی جگہ میں ہوتا۔	″
۵۲۱۰ / ۱۰	قیامت آنے سے پہلے سرزمین حجاز سے ایک آگ نکلے گی اس آگ کا ظہور مدینہ طیبہ کے قرب وجوار میں ہوچکا ہے۔	۲۳۲
۵۲۱۱ / ۱۱	قیامت کی پہلی نشانی مشرق ومغرب کے لوگوں کو آگ جمع کردے گی۔	۲۳۳
	دوسری فصل	
۵۲۱۲ / ۱۲	قرب قیامت سال مہینے کی طرح، مہینہ ہفتہ کی طرح ہفتہ دن کی اور دن آگ کے شعلے کی مانند ہوگا۔	″
۵۲۱۳ / ۱۳	ایک صحابی کے لیے دعا اور علامت قیامت کی نشاندھی۔	″
۵۲۱۴ / ۱۴	ماں کی نافرمانی اور بیوی کی اطاعت اور دوسری اخلاقی برائیاں علامات قیامت ہیں۔	۲۳۵
۵۲۱۵	جب میری امت پندرہ عادات اختیار کرلے گی تو ان پہ بلا نازل ہوگی۔	۲۳۶
۵۲۱۶ / ۱۶	عرب کا بادشاہ میرے اہلبیت سے ہوگا۔	۲۳۶
۵۲۱۷ / ۱۷	مہدی حضرت فاطمہ کی اولاد سے ہوگا۔	۲۳۷
۵۲۱۸ / ۱۸	مہدی مجھ سے ہیں اور عدل وانصاف سے زمین کو بھر دیں گے۔	″
۵۲۱۹ / ۱۹	امام مہدی لوگوں کو خیرات تقسیم کریں گے	۲۳۸
۵۲۲۰ / ۲۰	امام مہدی کے خلاف کچھ لوگ مقام بیداء میں لشکر کشی کریں گے۔	″
	ابدال ان افراد کو کہتے ہیں جن کی برکت سے اللہ تعالیٰ زمین کو قائم رکھتا ہے۔	
۵۲۲۱ / ۲۱	امام مہدی کے دور میں بارشیں خوب ہوں گی	۲۴۰
۵۲۲۲ / ۲۲	ماوراء النہر کا ایک شخص لشکر لے کر نکلے گا۔	۲۴۱
۵۲۲۳ / ۲۳	درندے انسانوں سے باتیں کریں گے۔	″
	تیسری فصل	
۵۲۲۴ / ۲۴	بڑی نشانیاں دو سو سال کے بعد ظاہر ہوں گی	۲۴۲
۵۲۲۵ / ۲۵	جب تم خراسان کی طرف سے آتے ہوئے کالے جھنڈے دیکھو تو ان کے ساتھ مل جانا	″
۵۲۲۶ / ۲۶	امام مہدی، حضرت امام حسن کی نسل سے ہوگا۔	″
۵۲۲۷ / ۲۷	اللہ تعالیٰ نے ایک ہزار امتیں پیدا کیں ہیں چھ سو پانی میں چار سو خشکی میں	۲۴۳
	باب	۲۴۴
	قرب قیامت کی نشانیاں اور دجال	
	پہلی فصل	
۵۲۲۸ / ۱	قیامت سے پہلے دھواں، دجال، دابۃ الارض، سورج کا مغرب کی طرف سے نکلنا، نزول حضرت عیسیٰ وغیرہ نشانیاں ظاہر ہوں گی۔	۲۴۵

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۵۲۲۹ / ۲	چھ چیزوں کے ظاہر ہونے سے پہلے اعمال میں جلد کرو۔	۴۴۷
۵۲۳۰ / ۳	قیامت کی پہلی علامت سورج کا مغرب سے طلوع ہونا ہے۔	〃
۵۲۳۱ / ۴	تین علامتیں ظاہر ہونے کے بعد کسی کو اس کا ایمان نفع نہ دے گا۔	۴۴۸
۵۲۳۲ / ۵	سورج عرش کے نیچے جاکر غروب ہوتا ہے طلوع ہونے کے لیے دوبارہ اجازت مانگتا ہے۔	〃
۵۲۳۳ / ۶	سب سے بڑی آزمائش دجال کی ہے۔	۴۴۹
۵۲۳۴ / ۷	ہر نبی نے اپنی امت کو کانے کذاب سے ڈرایا ہے۔	〃
۵۲۳۵ / ۸	مسیح دجال دائیں آنکھ سے کانا ہے۔	〃
۵۲۳۶ / ۹	دجال اپنے ساتھ جنت و دوزخ رکھے گا۔	۴۵۰
۵۲۳۷ / ۱۰	دجال کے ساتھ آگ اور پانی ہوگی۔	〃
۵۲۳۸ / ۱۱	دجال کانا، گھنے پراگندہ بالوں والا ہوگا۔	۴۵۱
۵۲۳۹ / ۱۲	دجال کے نکلنے کے وقت اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ وسلم تشریف فرما ہوئے تو اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کا محافظ ہوگا۔	〃
	دجال زمین میں چالیس دن ٹھہرے گا۔	
	دجال زمین کو حکم دے گا وہ اُگائے گی آسمان کو حکم دے گا وہ برسائے گا۔	
	حضرت عیسٰی علیہ السلام دجال کا مقابلہ کریں گے۔	
	یاجوج ماجوج حضرت عیسٰی علیہ السلام کے زمانہ میں نکلیں گے۔	
	زمین والوں کو قتل کرنے کے بعد یاجوج ماجوج کہیں گے آؤ آسمان والوں کو قتل کریں۔	
	عیسٰی علیہ السلام زمین پہ اتر کر یاجوج ماجوج کو ختم کریں گے۔	
۵۲۴۰ / ۱۳	مومن دجال کو دیکھ کر کہے گا کہ یہی دجال ہے جس کا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ذکر فرمایا۔	۴۵۸
۵۲۴۱ / ۱۴	لوگ دجال سے بھاگ کر پہاڑوں میں جا پہنچیں گے۔	۴۶۰
۵۲۴۲ / ۱۵	اصفہان کے ستر ہزار یہودی دجال کے ساتھ ہوں گے۔	۴۶۱
۵۲۴۳ / ۱۶	دجال پر مدینہ منورہ کے راستوں میں داخل ہونا حرام ہوگا۔	۴۶۲
۵۲۴۴ / ۱۷	مسیح دجال مشرق سے آئے گا اور شام میں ہلاک ہوگا۔	۴۶۳
۵۲۴۵ / ۱۸	مدینہ طیبہ میں مسیح دجال کا رعب داخل نہ ہوگا۔	〃
۵۲۴۶ / ۱۹	ایک صحابی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہاتھ پر ایمان لانے کے بعد بندھے ہوئے دجال سے ملنے کی تفصیل بیان کی	〃
۵۲۴۷ / ۲۰	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسیح ابن مریم اور مسیح دجال کو خواب میں دیکھا کعبہ کا طواف کرتے ہوئے۔	۴۶۸
	دوسری فصل	
۵۲۴۸ / ۲۱	دجال قیدوں میں جکڑا ہوا ہے۔	۴۶۹

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	دجال کے دو جاسوس ہوں گے ایک دابہ اور دوسری عورت۔	
۵۲۴۹/۲۲	دجال کی شکل وصورت کی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نشاندہی فرمائی۔	۲۷۰
۵۲۵۰/۲۳	دجال کے نکلنے کے دن مسلمانوں کے دن اچھے ہوں گے۔	۲۷۱
۵۲۵۱/۲۴	دجال خراسان کی مشرقی زمین سے نکلے گا۔	//
۵۲۵۲/۲۵	جو شخص دجال کے بارے میں سنے وہ اس سے دور رہے۔	۲۷۲
۵۲۵۳/۲۶	دجال زمین میں چالیس سال تک ٹھہرے گا	//
۵۲۵۴/۲۷	میری امت کے ستر ہزار افراد دجال کی پیروی کریں گے۔	//
۵۲۵۵/۲۸	دجال کے نکلنے کے بعد مسلمانوں کو کھانے پینے کے بجائے تسبیح وتہلیل ہی کافی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتقدیس وتہلیل کی وجہ آسمانی فرشتوں کی طرح شکم سیر ہو جائیں گے	//
	تیسری فصل	
۵۲۵۶/۲۹	دجال تمہیں نقصان نہیں دے گا۔	۲۷۵
۵۲۵۷/۳۰	دجال ایک سفید گدھے پر نکلے گا۔	//
	باب	۲۷۶
	ابن صیاد کا بیان	
	پہلی فصل	
۵۲۵۸/۱	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صحابہ کرام کی ایک جماعت کے ہمراہ ابن صیاد کے پاس گئے۔	//
	ابن صیاد کی والدہ اگر اسے چھوڑے	

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	رکھتی تو وہ اپنی حقیقت ظاہر کر دیتا	
۵۲۵۹/۲	ابن صیاد ابلیس کے تخت کو پانی پر دیکھتا ہے	۲۸۰
۵۲۶۰/۳	جنت کی مٹی سفید اور خوشبودار ہے۔	۲۸۱
۵۲۶۱/۴	ابن صیاد غصے سے اتنا پھولا کہ پورا راستہ بھر دیا۔	//
۵۲۶۲/۵	حضرت ابو سعید خدری ابن صیاد کے ساتھ ایک سفر میں۔	۲۸۲
۵۲۶۳/۶	ابن صیاد کی آنکھ سوجی ہوئی تھی اور اس نے گدھے جیسی آواز نکالی	۲۸۳
۵۲۶۴/۷	حضرت جابر بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ ابن صیاد ہی دجال ہے۔	۲۸۳
	دوسری فصل	
۵۲۶۵/۸	حضرت ابن عمر فرماتے ہیں کہ مسیح دجال ابن صیاد ہی ہے۔	۲۸۴
۵۲۶۶/۹	واقعہ حرہ کے روز ابن صیاد گم ہو گیا۔	//
۵۲۶۷/۱۰	دجال کے والدین کی تیس سال تک اولاد نہ ہوگی۔	//
۵۲۶۸/۱۱	ابن صیاد کے قتل سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے روک دیا۔	۲۸۵
	باب	۲۸۶
	حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول	
	پہلی فصل	
۵۲۶۹/۱	عنقریب حضرت عیسیٰ علیہ السلام حاکم عادل کی صورت میں ظاہر ہوں گے۔	//
۵۲۷۰/۲	حضرت عیسیٰ علیہ السلام دشمنی، حسد اور ظلم ختم کر کے عدل وانصاف قائم کریں گے۔	۲۸۸

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	حضرت عیسیٰ علیہ السلام امام مہدی کی اقتداء کریں گے۔	
۵۲۷۱/۳	میری امت کی ایک جماعت حق پر قیامت تک لڑتی رہے گی۔	۴۸۹
	تیسری فصل	
۵۲۷۲/۴	حضرت عیسیٰ علیہ السلام زمین پر آکر شادی کریں گے اور یہاں پینتالیس سال قیام کریں گے	۴۹۰
	باب	
	قیامت کا قریب ہونا اور جو مرگیا اس کی قیامت قائم ہوگئی۔	″
	پہلی فصل	
۵۲۷۳/۱	میں اور قیامت دو انگلیوں کی طرح بھیجے گئے ہیں۔	۴۹۱
۵۲۷۴/۲	سو سال سے زیادہ عمر والے لوگ کم ہوں گے۔	۴۹۲
۵۲۷۵/۳	سو برس پہلے کی جنی ہوئی کوئی ذات آج نہ رہے گی۔	۴۹۳
۵۲۷۶/۴	سب سے چھوٹا اگر زندہ رہا اور اسے بڑھاپا آنے تک قیامت قائم نہ ہوگی۔	″
	دوسری فصل	
۵۲۷۷/۵	میں قیامت کے اندر بھیجا گیا ہوں اور اپنی دو انگلیوں سے اشارہ فرمایا۔	″
۵۲۷۸/۶	مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ میری امت کو آدھے دن کی مہلت دے گا۔	۴۹۴
	تیسری فصل	
۵۲۷۹/۷	دنیا کی مثال کاٹے ہوئے کپڑے کی مانند ہے	″

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	باب	۴۹۵
	قیامت صرف شریر لوگوں پر قائم ہوں	
۵۲۸۰/۱	زمین میں جب تک کوئی اللہ اللہ کہنے والا موجود نہ ہوگا قیامت قائم نہ ہوگی۔	″
۵۲۸۱/۲	قیامت شریر ترین مخلوق پر قائم ہوگی۔	″
۵۲۸۲/۳	قیامت اس وقت تک نہ آئے جب تک کہ قبیلہ دوس کی عورتوں کے سرین ذوالخلصہ بت کے گرد نہ گھوم لیں۔	۴۹۶
۵۲۸۳/۴	قرب قیامت لات و منات کی پھر پوجا ہونے لگے گی۔	″
۵۲۸۴/۵	حضرت عیسیٰ علیہ السلام سات سال ٹھہریں گے	۴۹۷
	حضرت عروہ بن مسعود شکل و صورت میں حضرت عیسیٰ السلام کے مشابہ ہیں۔	
	باب	۵۰۰
	صور پھونکے جانے کا بیان	
	پہلی فصل	
۵۲۸۵/۱	دو پھونکوں کے درمیان چالیس کا فاصلہ ہوگا پھر آسمان سے پانی برسے گا تو لوگ ساگ کی طرح اگیں گے۔	″
۵۲۸۶/۲	اللہ تعالیٰ قیامت کے دن زمین کو سمیٹ لے گا	۵۰۱
۵۲۸۷/۳	اللہ تعالیٰ قیامت کے دن آسمانوں کو لپیٹ لے گا۔	۵۰۲
۵۲۸۸/۴	اللہ تعالیٰ قیامت کے دن آسمانوں، زمینوں، پہاڑوں اور دریاؤں کو ایک انگلی پر رکھے گا۔	″
۵۲۸۹/۵	ایک زمین دوسری زمین سے، اور آسمان دوسرے آسمان سے بدل دیئے جائیں گے۔	۵۰۳

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۵۲۹۰/۶	سورج اور چاند کو قیامت کے دن لپیٹ دیا جائے گا۔	۵۰۴
	دوسری فصل	
۵۲۹۱/۷	صور پھونکنے والا انتظار کر رہا ہے اور تم یہ کہا کرو کہ اللہ ہی کافی ہے۔	؍؍
۵۲۹۲/۸	صور ایک سینگ ہے پھونکا جائے گا۔	؍؍
	تیسری فصل	
۵۲۹۳/۹	راجفہ پہلی بار پھونکنا اور رادفہ دوسری بار پھونکنا ہے۔	۵۰۵
۵۲۹۴/۱۰	صور پھونکنے والے کے دائیں جبرئیل اور میکائیل ہوں گے۔	؍؍
۵۲۹۵/۱۱	جس طرح خشک سالی کے بعد سبزہ اگتا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ مردوں کو زندہ کرے گا۔	؍؍
	باب	۵۰۶
	قیامت کا بیان	
	پہلی فصل	
۵۲۹۶/۱	قیامت کے دن لوگ سفید زمین میں جمع کئے جائیں گے۔	؍؍
۵۲۹۷/۲	قیامت کے دن زمین روٹی کی مانند ہو جائے گی۔	۵۰۷
۵۲۹۸/۳	لوگ تین طریقوں پر جمع کئے جائیں گے	۵۰۸
۵۲۹۹/۴	قیامت کے دن لوگ ننگے پاؤں ننگے جسم اور ختنہ کے بغیر اٹھائے جائیں گے۔	۵۰۹
۵۳۰۰/۵	تمام مرد اور عورتیں قیامت کے دن ایک ہی حالت پر اکٹھے کئے جائیں گے۔	۵۱۰

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۵۳۰۱/۶	قیامت کے دن کافر چہرے کے بل محشر میں لایا جائے گا۔	۵۱۱
۵۳۰۲/۷	حضرت ابراہیم علیہ السلام کے باپ (چچا) آزر کو قیامت کے دن آگ میں ڈالا جائے گا۔	؍؍
۵۳۰۳/۸	قیامت کے دن لوگ اپنے پسینے میں کانوں تک ڈوب جائیں گے۔	۵۱۲
۵۳۰۴/۹	قیامت کے دن سورج مخلوق سے قریب کر دیا جائے گا۔	؍؍
۵۳۰۵/۱۰	ہر ہزار میں سے نو سو ننانوے افراد آگ کا حصہ ہوں گے۔ یعنی ہزار میں سے ایک آدمی جنتی ہوگا۔	۵۱۳
۵۳۰۶/۱۱	دنیا میں دکھلاوے کے لیے عبادت کرنے والوں کی پیٹھ تختہ بن جائے گی۔	۵۱۴
۵۳۰۷/۱۲	قیامت کے دن موٹے تازے آدمی کا وزن مچھر کے برابر نہ ہوگا۔	۵۱۵
	دوسری فصل	
۵۳۰۸/۱۳	زمین بندے کے عملوں کے بارے میں کل قیامت کے دن گواہی دے گی۔	؍؍
۵۳۰۹/۱۴	نیکوکار اور بدکار آدمی کل قیامت کے دن شرمندہ ہوں گے۔	۵۱۶
۵۳۱۰/۱۵	قیامت کے دن لوگ تین طرح سے جمع کئے جائیں گے۔	؍؍
۵۳۱۱/۱۶	جو شخص چاہتا ہے کہ قیامت کے دن اپنی آنکھوں سے سارا منظر دیکھے تو وہ تین سورتیں تلاوت کیا کرے۔	؍؍
	تیسری فصل۔	

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۵۳۱۲/۱۶	لوگ قیامت کے دن تین گروہوں میں جمع ہوں گے۔	۵۱۷
	باب	۵۱۸
	حساب، بدلہ اور میزان کا بیان	
	پہلی فصل	
۵۳۱۳/۱	قیامت کے دن جس آدمی سے حساب کی پوچھ گچھ ہوئی تو وہ ہلاک ہو گیا۔	//
۵۳۱۴/۲	بندے اور رب کے درمیان نہ کوئی حجاب ہو گا اور نہ کوئی ترجمان	۵۱۹
۵۳۱۵/۳	جن کے گناہ دنیا میں چھپائے گئے، آخرت میں انہیں بخشا جائے گا۔	//
۵۳۱۶/۴	قیامت کے دن ہر مسلمان کو ایک یہودی یا عیسائی فدیہ طور پر دیا جائے گا۔	۵۲۰
۵۳۱۷/۵	حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پہلے انبیاء علیہم السلام کے گواہ ہوں گے۔	//
۵۳۱۸/۶	قیامت کے دن بندے کے اعضاء اس کے اعمال کی گواہی دیں گے۔	۵۲۱
۵۳۱۹/۷	قیامت کے دن بندہ رب تعالیٰ کو بغیر کسی تردد کے دیکھے گا جس طرح سورج چاند کو دیکھتا ہے۔	۵۲۲
	دوسری فصل	
۵۳۲۰/۸	ستر ہزار افراد بغیر حساب کے جنت میں جائیں گے۔	۵۲۴
۵۳۲۱/۹	قیامت کے دن لوگوں کی تین پیشیاں ہوں گی۔	//
۵۳۲۲/۱۰	کل قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے نام کے مقابلہ میں کوئی چیز بھاری نہ ہوگی۔	۵۲۵
۵۳۲۳/۱۱	قیامت کے دن تین مواقع پر کوئی کسی کو یاد نہیں کرے گا۔	۵۲۶
	تیسری فصل	
۵۳۲۴/۱۲	قیامت کے دن ہر نیکی یا بدی کا بدلہ پورا پورا دیا جائے گا۔	۵۲۷
۵۳۲۵/۱۳	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز میں دعا	//
۵۳۲۶/۱۴	قیامت کا دن مومن کے لیے ہلکا کر دیا جائے گا	۵۲۸
۵۳۲۷/۱۵	قیامت میں پچاس ہزار سال جتنا بڑا دن مومن کے لیے نماز پڑھنے کے وقت جتنا آسان ہو جائے گا۔	//
۵۳۲۸/۱۶	تہجد کے وقت اٹھنے والے بغیر حساب کے جنت میں جائیں گے۔	//
	باب	۵۲۹
	حوض کوثر اور شفاعت کا بیان	
	قیامت کے دن شفاعت تین طرح کی ہوگی	
	پہلی فصل	
۵۳۲۹/۱	حوض کوثر اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا فرما دی ہے	۵۳۰
۵۳۳۰/۲	حوض کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور مشک سے زیادہ خوشبودار ہے۔	//
۵۳۳۱/۳	حوض کوثر کے برتن آسمان کے ستاروں کی تعداد سے زیادہ ہیں	۵۳۱
۵۳۳۲/۴	میں حوض پر تمہارا پیشرو ہوں۔	۵۳۲
۵۳۳۳/۵	قیامت کے دن ہر نبی مخلوق کو شفاعت کے لیے اگلے نبی کے پاس بھیجے گا۔	۵۳۳

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
۵۳۱۲/۱۶	لوگ قیامت کے دن تین گروہوں میں جمع ہوں گے۔	۵۱۷
	باب	۵۱۸
	حساب، بدلہ اور میزان کا بیان	
	پہلی فصل	
۵۳۱۳/۱	قیامت کے دن جس آدمی سے حساب کی پوچھ گچھ ہوئی تو وہ ہلاک ہو گیا۔	〃
۵۳۱۴/۲	بندے اور رب کے درمیان نہ کوئی حجاب ہو گا اور نہ کوئی ترجمان	۵۱۹
۵۳۱۵/۳	جن کے گناہ دنیا میں چھپائے گئے، آخرت میں انہیں بخشا جائے گا۔	〃
۵۳۱۶/۴	قیامت کے دن ہر مسلمان کو ایک یہودی یا عیسائی فدیہ کے طور پر دیا جائے گا۔	۵۲۰
۵۳۱۷/۵	حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پہلے انبیاء علیہم السلام کے گواہ ہوں گے۔	〃
۵۳۱۸/۶	قیامت کے دن بندے کے اعضاء اس کے اعمال کی گواہی دیں گے۔	۵۲۱
۵۳۱۹/۷	قیامت کے دن بندہ رب تعالیٰ کو بغیر کسی تردد کے دیکھے گا جس طرح سورج چاند کو دیکھتا ہے۔	۵۲۲
	دوسری فصل	
۵۳۲۰/۸	ستر ہزار افراد بغیر حساب کے جنت میں جائیں گے۔	۵۲۴
۵۳۲۱/۹	قیامت کے دن لوگوں کی تین پیشانیاں ہوں گی۔	〃
۵۳۲۲/۱۰	کل قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے نام کے مقابلہ میں کوئی چیز بھاری نہ ہو گی۔	۵۲۵
۵۳۲۳/۱۱	قیامت کے دن تین مواقع پر کوئی کسی کو یاد نہیں کرے گا۔	۵۲۶
	تیسری فصل	
۵۳۲۴/۱۲	قیامت کے دن ہر نیکی یا بدی کا بدلہ پورا پورا دیا جائے گا۔	۵۲۷
۵۳۲۵/۱۳	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز میں دعا	〃
۵۳۲۶/۱۴	قیامت کا دن مومن کے ہلکا کر دیا جائے گا	۵۲۸
۵۳۲۷/۱۵	قیامت میں پچاس ہزار سال جتنا بڑا دن مومن کے لیے نماز پڑھنے کے وقت جتنا آسان ہو جائے گا۔	〃
۵۳۲۸/۱۶	تہجد کے وقت اٹھنے والے بغیر حساب کے جنت میں جائیں گے۔	〃
	باب	۵۲۹
	حوض کوثر اور شفاعت کا بیان	
	قیامت کے دن شفاعت تین طرح کی ہو گی	
	پہلی فصل	
۵۳۲۹/۱	حوض کوثر اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا فرما دی ہے	۵۳۰
۵۳۳۰/۲	حوض کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور مشک سے زیادہ خوشبودار ہے۔	〃
۵۳۳۱/۳	حوض کوثر کے برتن آسمان کے ستاروں کی تعداد سے زیادہ ہیں	۵۳۱
۵۳۳۲/۴	میں حوض پر تمہارا پیش رو ہوں۔	۵۳۲
۵۳۳۳/۵	قیامت کے دن ہر نبی مخلوق کو شفاعت کے لیے اگلے نبی کے پاس بھیجے گا۔	۵۳۳

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شفاعت کا دروازہ کھولیں گے۔	
	انبیاء علیہم السلام معصوم عن الخطاء ہیں	
۵۳۳۴/۶	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شفاعت کے لیے بارگاہ خداوندی میں سجدہ ریز ہوں گے۔ اللہ فرمائے گا، اے محمد اپنا سر اٹھایئے، مانگیے آپ کو عطا کیا جائے گا، شفاعت کیجئے، قبول کی جائے گی۔	۵۳۷
۵۳۳۵/۷	سب سے کامیاب شخص حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت سے جنت میں جائیگا	۵۳۹
۵۳۳۶/۸	جنت کے دروازے کی دو چوکھٹوں کے درمیان فاصلہ	〃
۵۳۳۷/۹	امانت اور صلہ رحمی پل صراط کے دائیں بائیں کھڑے ہوں گے۔	۵۴۱
۵۳۳۸/۱۱	اللہ تعالیٰ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو راضی کرے گا، غمگین نہ کرے گا	〃
۵۳۳۹/۱۱	قیامت کے دن رب تبارک وتعالیٰ کا دیدار ہوگا۔	۵۴۲
۵۳۴۰/۱۲	جس کے دل میں رائی کے برابر بھی ایمان ہوگا اسے دوزخ سے نکال کر جنت میں داخل کیا جائے گا۔	۵۴۷
۵۳۴۱/۱۳	دوزخ کے دونوں کناروں کے درمیان پل صراط قائم ہوگا۔	〃
۵۳۴۲/۱۴	جنت میں داخل ہونے والے آخری شخص کی کیفیت۔	۵۵۱
۵۳۴۳/۱۵	کچھ قوموں کو ان کے گناہوں کی وجہ	۵۵۴

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	سے آگ لپیٹ لے گی۔	
۵۳۴۴/۱۶	حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت سے ایک قوم جہنم سے نجات پائے گی۔	۵۵۴
۵۳۴۵/۱۷	جو شخص سب سے آخر جنت میں جائے گا اس کی ملکیت دنیا کے برابر دس گنا زیادہ ہوگی۔	〃
۵۳۴۶/۱۸	ایک دوزخی کو اس کے چھوٹے گناہ دکھائے جائیں گے اور وہ بڑے گناہوں سے ڈر رہا ہوگا۔	۵۵۵
۵۳۴۷/۱۹	چار آدمی آگ سے نکال کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کئے جائیں گے۔	۵۵۶
۵۳۴۸/۲۰	مسلمان آگ سے نجات پاکر جنت میں داخل کئے جائیں گے۔	〃
۵۳۴۹/۲۱	ہر جنتی کا اسے پہلے دوزخی ٹھکانہ دکھایا جائے گا [illegible] جرم کرتا تو اس میں داخل ہوتا۔	۵۵۷
۵۳۵۰/۲۲	جنتیوں اور دوزخیوں کو موت نہیں آئے گی	〃
	دوسری فصل	
۵۳۵۱/۲۳	حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حوض کی لمبائی اور اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا۔	〃
۵۳۵۲/۲۴	حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس حوض کوثر پر کروڑوں لوگ پہنچیں گے۔	۵۵۸
۵۳۵۳/۲۵	حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پہلے پل صراط پر، پھر میزان پر، اس کے بعد حوض کوثر پر تلاش کرنا۔	〃
۵۳۵۴/۲۶	اس حدیث اور حدیث عائشہ صدیقہ میں تطبیق۔	۵۵۹
۵۳۵۵/۲۷	مقام محمود کیا ہے؟	

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	یہ حدیث از قبیل متشابہات ہے	
۵۳۵۶ / ۲۸	مؤمنوں کی پل صراط پر علامت	۵۶۱
۵۳۵۷ / ۲۹	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت کبیرہ گناہ والوں کے لیے ہے۔	؍؍
۵۳۵۸ / ۳۰	حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امت کی شفاعت کرنے کو پسند کیا	؍؍
۵۳۵۹ / ۳۱	حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے امتی کی شفاعت کی بدولت قبیلہ بنو تمیم کی تعداد سے زیادہ لوگ جنت میں جائیں گے۔	۵۶۲
۵۳۶۰ / ۳۲	رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے امتیوں کی شفاعت کے درجات، کم از کم ایک امتی ایک شخص کی شفاعت کرے گا۔	؍؍
۵۳۶۱ / ۳۳	حضرت ابوبکر و عمر کا مکالمہ اور [illegible] لپ میں ساری امت کی بخشش [illegible]	؍؍
۵۳۶۲ / ۳۴	دنیا میں ایک گھونٹ پانی پلانے کی وجہ	۵۶۳

حدیث نمبر	مضمون	صفحہ
	سے ایک شخص کو دوزخ سے نکال کر جنت میں داخل کیا جائے گا۔	
۵۳۶۳ / ۳۵	دوزخیوں میں سے دو آدمیوں کا شور و غوغا بہت زیادہ ہو گا۔	۵۶۴
۵۳۶۴ / ۳۶	پل صراط سے گزرنے والوں کی مختلف رفتاریں	۵۶۵
	تیسری فصل	
۵۳۶۵ / ۳۷	حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حوض سے جو شخص پیئے گا اسے کبھی پیاس نہ لگے گی	؍؍
۵۳۶۶ / ۳۸	پل صراط پر پہلی جماعت بجلی کی تیزی کی طرح گزر جائے گی۔	۵۶۶
۵۳۶۷ / ۳۹	ایک قوم دوزخ سے اس طرح نکلے گی جیسے متوسط جسم والے اونٹ	۵۶۸
۵۳۶۸ / ۴۰	قیامت کے دن تین جماعتیں شفاعت کریں گی، انبیاء و علماء اور شہداء۔	۵۶۸

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

بَابُ الْبَيَانِ وَالشِّعْرِ

۳۱۵۔ خطاب اور شعر کا بیان

بیان کا معنی کشف، ظہور اور واضح کرنا ہے صراح میں ہے بیان، خوب گفتگو کرنا اور فصاحت کے معنی میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ اَبْیَنُ مِنْ فُلَانٍ کہ فلاں، فلاں سے زیادہ فصیح اور زیادہ واضح گفتگو کرتا ہے۔ علامہ بیضاوی کہتے ہیں کہ اظہار ما فی الضمیر بیان ہے۔ طیبی کے نزدیک اعلیٰ بلیغ کلام سے اظہار کو بیان کہا جاتا ہے۔ بعض علما ایسی فصیح گفتگو کو بیان کہتے ہیں جس کے ذریعے دل کی بات ظاہر ہو جائے۔ یہ تمام معانی آپس میں مختلف نہیں بلکہ ایک دوسرے کے قریب ہیں۔ شعر کا لغوی معنی دانائی و زیرک ہونا اور شاعر دانا اور زیرک شخص ہے۔ اصطلاح میں ہر وہ کلام ہے جو موزوں اور مسجع ہو اور اس کی موزونیت کا قائل نے قصد بھی کیا ہو۔ قرآن و حدیث شعر نہیں کیونکہ ان میں موزونیت ہونے کے باوجود وہاں یہ چیز مقصود نہیں ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۵۷۲ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَدِمَ رَجُلَانِ[1] مِنَ الْمَشْرِقِ فَخَطَبَا فَعَجِبَ النَّاسُ لِبَيَانِهِمَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْرًا۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ مشرق سے دو شخص آئے انہوں نے وعظ[1] کیا لوگوں نے ان[2] کے بیان کو بہت پسند کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بعض بیان جادو ہیں۔

(بخاری)

[1] ایک دوسرے کے ساتھ گفتگو کا صراح میں ہے۔ دوسرے کے سامنے کی گئی گفتگو کو خطاب کہا جاتا ہے۔

[2] ان دو میں ایک کا نام حصین بن بدر ہے۔ اور ان کا لقب زبرقان ہے۔ زا کے نیچے زیر با ساکن را کے نیچے زیر از برقہ۔ کپڑے کو سرخ یا زرد رنگ کرنے کو کہا جاتا ہے۔ زبرقان کا معنی چاند اور ہلکی داڑھی کے بھی آتے ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ان کا یہ لقب ان کے حسن و جمال کی وجہ سے ہے یا ان کی ہلکی داڑھی کی وجہ سے ہے یا اس وجہ سے کہ عمامہ زرد رنگ کا پہنتے تھے یا جب وہ مجلس میں آئے تھے اس وقت زرد لباس پہنا ہوا تھا۔

دوسرے کا نام عمرو بن اہتم ہمزہ پر زبر۔ ہا ساکن۔ تا پر زبر۔ اہتم اس شخص کو کہا جاتا ہے جس کے سامنے کے دانت ٹوٹے ہوئے ہوں۔

ان دونوں اشخاص نے ایک دوسرے کے ساتھ گفتگو میں تفاخر اور فوقیت کا اظہار کیا پہلے زبرقان نے اپنے فضائل بیان کیے خوب فصیح و بلیغ گفتگو کی۔ اس کے بعد عمرو بن اہتم نے نہایت ہی بلیغ انداز میں اس کی تردید کی اور اس کی برائیاں اور رذائل بیان کیے۔ زبرقان نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ میرے فضائل سے آگاہ ہے مگر حسد کی وجہ سے مخالفت کر رہا ہے۔ عمرو نے پھر زبرقان کی برائی میں پہلے سے زیادہ مذمت کی۔ احیاء العلوم میں ہے کہ عمرو نے ایک دن زبرقان کی خوب مدح کی اور دوسرے دن مذمت سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اس کی کیا وجہ کہ تو نے ایک دن اس کی مدح کی اور دوسرے دن مذمت۔ عرض کیا پہلے دن میں نے سچ کہا تھا اور دوسرے دن بھی جھوٹ نہیں کہا تھا۔ وہ ایسے کہ اس نے پہلے دن مجھے خوش کیا تھا تو میں نے اس کی وہ اچھائیاں گنوا دیں جو میں نے دیکھی تھیں۔ دوسرے دن اس نے مجھے ناراض کر دیا۔ لہٰذا میں نے اس کی وہ برائیاں بیان کر دیں جو میں نے دیکھی تھیں۔

۳؎ بعض بیانات دل اور حال کی تبدیلی اور باطل کی طرف مائل کرنے میں جادو کی طرح ہیں۔ لغت میں سحر تبدیلی کو کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ انسان کو ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل کر دیتا ہے۔ اسی طرح بیان اور گفتگو میں مبالغہ کلام میں تصنع، اس کے حسن میں تعلق سے کام لینا۔ کلام میں رنگینی، حق کو باطل کی طرف اسی طرح پھیر دینا کہ لوگوں کے دلوں میں بات راسخ ہو جائے۔ اگرچہ نفس الامر میں وہ باطل، جھوٹ ہو، ظاہر حدیث سے پتا چلتا ہے کہ یہ جملہ آپ نے بیان اور مبالغہ کی مذمت میں فرمایا ہے۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ یہ بیان میں حسن اور اس کو آراستہ کر کے بیان کرنے کی تعریف ہے کہ اس سے مقصود کامل طور پر حاصل ہو جاتا ہے۔ صحیح یہ ہے کہ متن حدیث میں دونوں احتمال ہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ بیان جادو کی طرح ہے اگر اسے حق کے لیے استعمال کیا جائے تو جائز اور قابل مدح اور اگر باطل کے لیے ہو تو باطل ہوگا جیسا کہ دوسری حدیث میں آیا ہے۔ اَلشِّعْرُ كَلَامٌ حَسَنُهٗ حَسَنٌ وَّقَبِيْحُهٗ قَبِيْحٌ "شعر کلام ہے اچھا کلام حسین ہے اور برا کلام برا ہے۔

۴۵۷۳/۲ وَعَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً۔ (رواه البخاری)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بعض اشعار حکمت[۱] پر مشتمل ہوتے ہیں۔ (بخاری)

۱؎ مراح میں حکمت کے متعدد معانی بیان کیے گئے ہیں۔ دانش۔ ہر چیز کی حقیقت، حکیم دانا، اسی سے لفظ احکام ہمزہ کے نیچے زیر ہے۔ کسی کام کو مضبوط و مستحکم کرنے کے معنی میں ہے۔ اور بے وقوف کو اس کی بے وقوفی سے باز رکھنا

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

"حکمۃ" حا اور کاف پر زبر، لگام اور برائی سے کسی کو منع کرنا ہے۔ یہ حدیث اس بات پر واضح دلیل ہے کہ آپ کا فرمان اِنَّ مِنَ الْبَیَانِ لَسِحْرًا بیان کی مدح پر دال ہے جس طرح یہاں حکمت و نصیحت پر مشتمل اشعار کی مدح کی گئی ہے اور یہ دونوں باتیں ایک حدیث میں اکٹھی بھی آئی ہیں جو فصل ثانی کے آخر میں ہے۔ بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ ان ارشادات کے ذریعے ان لوگوں کا رد کیا گیا ہے جو اس بات کے قائل تھے کہ بیان ہر حال میں محمود ہے۔ اور شعر ہر حال میں مذموم۔ آپ نے فرمایا ایسا نہیں۔ بعض بیان جو جادو کے ساتھ مشابہت رکھتے ہیں وہ مذموم ہیں اور حکمت پر مبنی اشعار محمود ہوتے ہیں۔

۴۵۷۴ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلَكَ الْمُتَنَطِّعُوْنَ قَالَهَا ثَلَاثًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہلاک ہو گئے گہری[۱] باتیں کرنے والے۔ یہ آپ نے تین بار فرمایا۔ (مسلم)

۱؎ غلو، لمع سازی، تصنع اور مبالغہ کرنے والے۔

۲؎ نطع۔ نون کے نیچے زیر طا پر زبر یا ساکن، تالو کا وہ حصہ جس میں بلندی اور پستی ہے تا، طاء اور دال کو حروف نطعیہ کہا جاتا ہے کیونکہ ان کا مخرج تالو کا یہی مقام ہے اور تنطع۔ تالو میں بات کرنا کہلاتا ہے۔ یہاں گفتگو میں تکلف اور عمداً تصنع نینا مراد ہے یعنی عبارت والفاظ میں تصنع، ریا لوگوں کی خوشامد اور ان کو جال میں لانا مقصود ہو اور یہ خیال نہ ہو کہ معنی حق ہے یا نہیں اور نفس الامر میں بات درست بھی ہے یا نہیں۔ علامہ طیبی کہتے ہیں یہاں غلو بے فائدہ اور بیہودہ گوئی کرنے والے مراد ہیں۔

۴۵۷۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْدَقُ كَلِمَةٍ قَالَهَا الشَّاعِرُ كَلِمَةُ لَبِيْدٍ اَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللّٰهَ بَاطِلٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا سب سے سچی[۱] بات جو شاعر نے کہی لبید[۲] کی بات ہے کہ اللہ کے سوا ہر چیز فانی[۳] ہے۔ (صحیحین[۴])

۱؎ شعراء جاہلیت کے کلام میں اکثر باتیں غلط ہوتی تھیں، شعراء کے جس فرد نے بہت ہی سچی بات کہی وہ لبید ہیں۔ رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

۲؎ یہ صحابی ہیں۔ دور جاہلیت اور اسلام میں صاحب عزت و شرافت تھے۔ ایک سو ستاون سال کی عمر میں ان کا وصال ہوا۔

۳؎ ہلاک اور معدوم ہونے والی ہے۔

۴؎ ان کا یہ کلام، کلام مجید کے موافق ہے۔ ارشاد فرمایا كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ (ہر شئی فنا ہونے والی ہے) كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ (اللہ کی ذات کے سوا ہر شے ہلاک ہونے والی ہے)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

ترمذی کی بعض روایات میں یہ اشعار ہیں۔

اَلَا کُلُّ شَیْءٍ مَا خَلَا اللّٰہَ بَاطِلٌ ۔۔۔ وَکُلُّ نَعِیْمٍ لَا مُحَالَۃَ زَائِلٌ

سِوٰی جَنَّۃِ الْفِرْدَوْسِ اِنَّ نَعِیْمَھَا ۔۔۔ سَیَبْقٰی وَاِنَّ الْمَوْتَ لَابُدَّ نَازِلٌ

اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز فانی ہے، ہر دنیاوی نعمت زائل ہونے والی ہے سوائے جنت کے بے شک اس کی نعمتیں باقی رہیں گی، اور تحقیق موت انسان پر ضرور نازل ہونے والی ہے۔ یقیناً انہوں نے سچ کہا بے شک موت ضرور آ کر رہے گی۔

۴۵۶ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِیْدِ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ رَدِفْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمًا فَقَالَ هَلْ مَعَکَ مِنْ شِعْرِ اُمَیَّۃَ بْنِ اَبِی الصَّلْتِ شَیْءٌ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ هِیْهِ فَاَنْشَدْتُهٗ بَیْتًا۔ فَقَالَ هِیْهِ ثُمَّ اَنْشَدْتُهٗ بَیْتًا فَقَالَ هِیْهِ حَتّٰی اَنْشَدْتُهٗ مِائَۃَ بَیْتٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عمرو بن شرید[۱] اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دن میں حضور علیہ السلام کے ساتھ سوار ہوا آپ نے فرمایا: کیا تمہیں امیہ ابن ابی الصلت کے اشعار یاد ہیں! عرض کیا ہاں۔ فرمایا پڑھو[۲] میں نے ایک شعر پڑھا فرمایا اور پڑھو حتی کہ میں[۳] نے آپ کو سو اشعار سنائے۔ (مسلم)

[۱] عمرو بن شرید تابعی ثقہ اور اہل طائف میں سے ہیں۔ ابن حبان نے ان کا ذکر ثقات میں کیا ہے۔ ان کے والد کا نام شرید، شین پر زبر ہے اور وہ صحابی ہیں۔

[۲] ھیہ اس کا اصل ایہ ہے۔ ہمزہ کو ہا سے بدل دیا، آخری ہا کو حذف کر کے ھیِ بھی پڑھتے ہیں۔ معنی ہر صورت میں کسی کام یا بات میں اضافے کا حکم دینا ہے۔ صراح میں ہے کہ ایہ کا معنی ہے مزید کہو۔

[۳] ظاہر یہی ہے کہ ہر بار آپ نے مزید پڑھنے کے لیے فرمایا اور وہ پڑھتے رہے۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ وہ اشعار جو پر از حکمت ہوں۔ ان کا سننا سنت ہے۔ خواہ شاعر کافر ہو یا فاسق۔

[۴] امیہ بن ابی الصلت کا تعلق قبیلہ ثقیف سے ہے، دور جاہلیت میں اہل کتاب سے دین سیکھا، عبادت کرتے تھے اور احکام دین پر عمل کرتے تھے، قیامت پر ایمان رکھتے تھے اس کے اشعار حکمت و نصیحت پر مشتمل ہوتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں فرمایا آمَنَ شِعْرُهٗ وَکَفَرَ قَلْبُهٗ۔ اس کے اشعار ایمان لائے اور اس کے دل نے کفر کیا، دوسری روایت میں ہے! اٰمَنَ لِسَانُهٗ وَکَفَرَ قَلْبُهٗ اس کی زبان ایمان لائی اور اس کے دل نے کفر کیا۔

یہ آدمی ہمیشہ اہل کتاب سے پیغمبر آخر الزماں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں پوچھتا رہتا تھا۔ یہ گمان کرتا کہ شاید ہمارے قبیلے سے ہو، جب اس نے سنا کہ آپ قریش سے ہیں اور آپ کی صفات سے آگاہ بھی ہو گیا مگر حسد و عناد کی وجہ سے منکر ہو گیا اور کہنے لگا کہ یہ مناسب نہیں کہ میں ایسے شخص پر ایمان لاؤں جو ثقیف سے نہ ہو۔ ابن جوزی نے الوفا باخبار المصطفٰے میں ذکر کیا ہے کہ جب اس نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اوصاف سنے تو اس نے آرزو کی کاش میں ان کو پالوں۔ ان کی خدمت اور مدد کروں، لیکن جب آپ کی نبوت کا اظہار ہو گیا تو اس نے شقاوت کی وجہ سے انکار کر دیا نعوذ باللہ من الشقاوۃ ...

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قریش نے اسی سے یہ کلمہ سیکھا تھا اور دور جاہلیت میں ہی لکھا کرتے تھے اس کا تفصیلی واقعہ ہے جسے ہم نے شرح میں بیان کیا ہے۔

۴۵۷۶ وَعَنْ جُنْدُبٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي بَعْضِ الْمَشَاهِدِ وَقَدْ دَمِيَتْ اِصْبَعُهٗ فَقَالَ هَلْ اَنْتِ اِلَّا اِصْبَعٌ دَمِيْتِ وَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ مَا لَقِيْتِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جندب رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی جہاد میں شریک تھے آپ کی مبارک انگلی خون آلود ہو گئی تو آپ نے فرمایا اے انگلی تو خون آلود ہوئی ہے تو نے اللہ کی راہ میں یہ تکلیف اٹھائی ہے۔ (بخاری و مسلم)

لہ مشاہد حاضر ہونے کی جگہیں، شہادت کے مقامات، علامہ طیبی کہتے ہیں کہ غزوۂ احد مراد ہے۔

ٹہ دَمِیَتْ بروزن بَحِثَتْ ہے۔

ٹہ صاحب سفر السعادۃ کہتے ہیں کہ آپ کی انگلی پر پتھر لگنے کی وجہ سے خون جاری ہو گیا تھا۔

ٹہ آپ نے انگلی سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔

ٹہ اس تکلیف پر تجھے اجر ملے گا یہ ضائع نہیں جائے گا۔ یہ امت کے لیے تعلیم ہے کہ اللہ کی راہ میں جو بھی تکلیف آتی ہے اس کا اجر ملتا ہے۔

بعض شارحین کے نزدیک یہ معنا فیہ ہے کہ تو نے کوئی بڑی تکلیف نہیں اٹھائی یہ خون آلودہ ہونا تو آسان ہے

ٹہ یہاں ایک اشکال ہے کہ یہ شعر ہے حالانکہ آپ کی ذات اقدس اشعار سے منزہ ہے آپ سے اس کا صدور متصور نہیں ہو سکتا۔ شارحین نے اس کے مختلف جوابات دیے ہیں۔

(۱) شعر میں یہ شرط ہے کہ اس کا قائل اس کی موزونیت کا قصد و ارادہ کرے، اور آپ سے یہ قول موزونیت کے ارادے کے بغیر صادر ہوا تھا۔

(۲) یہ شعر عبداللہ بن رواحہ کا ہے جو انہوں نے غزوۂ موتہ کے موقع پر پڑھا تھا آپ نے بطور تمثیل پڑھا نہ کہ بطور انشاء امام جلال الدین سیوطی نے یہی بیان کیا ہے۔

لیکن یہ جوابات اس صورت میں ہیں جب یہ بات ثابت ہو جائے کہ آپ نے شعر پڑھا خواہ وہ کسی کا تھا۔ بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ آپ کی مبارک زبان پر شعر آ ہی نہیں سکتا خواہ وہ غیر کا ہی ہو، یہ قول محل نظر ہے جیسا کہ لبید وغیرہ کے اشعار پڑھنے سے واضح ہے۔

(۳) بعض شارحین کی رائے یہ ہے کہ یہ از قبیل رجز ہے اس کو شعر نہیں کہا جاتا۔

(۴) علامہ طیبی کہتے ہیں کہ کبھی اچانک زبان پر شعر کا آجانے سے قائل کو شاعر نہیں کہا جا سکتا۔ اور اللہ تعالٰی کے ارشاد گرامی وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ (ہم نے آپ کو شعر کی تعلیم نہیں دی) سے یہی مراد ہے لیکن ان کی یہ گفتگو محل نظر ہے کیونکہ اس کے ساتھ الفاظ ہیں وَمَا يَنْبَغِيْ لَهٗ (یہ آپ کے شایان شان نہیں) جن کا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تقاضا ہے کہ شعر آپ کی زبان پر آ ہی نہیں سکتا اور نہ ہی کوئی صورت بن سکتی ہے۔

۴۷۵۸/۷ وَعَنِ الْبَرَآءِ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ قُرَيْظَةَ لِحَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ اُهْجُ الْمُشْرِكِيْنَ فَاِنَّ جِبْرِيْلَ مَعَكَ وَكَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِحَسَّانَ اَجِبْ عَنِّيْ اَللّٰهُمَّ اَيِّدْهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت براء[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قریظہ کے دن[2] حسان بن ثابت سے فرمایا[3] مشرکین کی ہجو[4] کرو بے شک جبرئیل تمہارے ساتھ ہیں[5] اور رسالتماب صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حسان سے فرماتے ہیں کہ میری طرف سے جواب[6] دو اے اللہ ان کی روح[7] القدس کے ذریعے مدد فرما۔

(بخاری ومسلم)

[1] حضرت براء مشاہیر صحابہ میں سے ہیں۔

[2] بنو قریظہ کا واقعہ غزوۂ خندق کے بعد پیش آیا تھا۔ جیسا کہ باب الفیام میں گزرا۔

[3] حضرت حسان بن ثابت بن منذر بن حرام انصاری مدنی ہیں ما سلام اور جاہلیت کے شعراء میں سے عظیم شاعر ہیں۔ ان چاروں میں سے ہر ایک نے ایک سو بیس سال عمر پائی۔ حضرت حسان نے ساٹھ سال جاہلیت میں گزارے اور ساٹھ اسلام میں۔

[4] ہجو کا شمار کرنا ہے جیسا کہ حروف ہجا اور تہجی کہا جاتا ہے اب اس سے مراد کسی کے عیب شمار کرنا ہے۔ قاموس میں ہے کہ ہجو شعر کی صورت میں کسی کو برا بھلا کہنا ہے۔ صراح میں ہے کہ ہجو خلافِ مدح ہے۔

[5] مضامین کے القاء کرنے میں جبرئیل امین تمہاری مدد و اعانت کریں گے۔

[6] انہوں نے میرے بارے میں جو نازیبا کہا ہے اس کا جواب دو۔

[7] حضرت حسان کو جبرئیل امین کے ساتھ تقویت عطا فرما۔ حضرت جبرئیل کو روح کہنے کی وجہ یہ ہے کہ یہی تمام پیغمبروں پر وہ علم اور شریعت لے کر آئے جس کے ذریعے دلوں کو ہمیشہ کی زندگی نصیب ہوئی، قدس، مقدس کے معنی میں ہے۔ اس سے مراد ذاتِ باری تعالیٰ ہے۔ تشریف و اکرام کی وجہ سے اضافت کی گئی ہے جیسا کہ رُوْحِیْ اور رُوْحُ اللہِ میں ہے۔ یا قدس روح ہی کی صفت ہو اب اضافت شدت لزوم و اختصاص کی وجہ سے ہوگی جیسا کہ حاتم جود میں ہے۔

۴۷۵۹/۸ وَعَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُهْجُوْا قُرَيْشًا فَاِنَّهٗ اَشَدُّ عَلَيْهِمْ مِّنْ رَشْقِ النَّبْلِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، قریش کی ہجو[1] کرو کیونکہ یہ ان کے لیے تیر مارنے سے زیادہ سخت ہے۔

(مسلم)

[1] اپنے شعراء کو فرمایا۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

ے زشق، راء پر زبر شین ساکن۔ تیر پھینکنے کو کہا جاتا ہے۔ نبل۔ نون پر زبر با ساکن بمعنی تیر ہے۔
ے معلوم ہوا کہ کافروں اور دین کے دشمنوں کی مذمت کرنا پسندیدہ عمل ہے۔ لیکن علماء نے بیان کیا ہے کہ ان کی ہجو کے جواب میں ہجو کہنی چاہیے۔ مسلمانوں کی طرف سے ابتدا نہیں ہونی چاہیے تاکہ یہ مسلمانوں کی ہجو کا باعث نہ بنیں۔

۲۵۸۰ / ۹ وَعَنْهَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِحَسَّانَ اِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ لَا يَزَالُ يُؤَيِّدُكَ مَا نَافَحْتَ عَنِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَقَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ هَجَاهُمْ حَسَّانُ فَشَفٰى وَاسْتَشْفٰى۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

آپ ہی سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حسان سے فرماتے ہوئے سنا جب تک تم اللہ[1] اور اس کے رسول کی طرف سے دفاع کرتے ہو۔ روح القدس تمہاری مدد کرتے ہیں۔ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بھی سنا کہ حسان نے ان کافروں کی ہجو کر کے شفا دی[2] اور شفا پائی۔ (مسلم)

ے اللہ تعالیٰ کا ذکر بطور تبرک ہے یا یہ وجہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اہانت اللہ کی اہانت کو مستلزم ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ذکر اس لیے بھی ہو سکتا ہے کہ کافروں نے اللہ رب العزت کے بارے میں ناشائستہ کلمات کہے تھے۔ مثلاً وہ فقیر ہے اور صاحب اولاد ہے اور بتوں کو اس کا شریک مانتے تھے۔
ے مسلمانوں کو شفا دی اور خود شفا پائی۔ کیونکہ ان کی اور مسلمانوں کی حالت یہ تھی کہ کافروں کی ہجو سن کر ان کے دل میں سخت جلن تھی۔ جب انہوں نے بھرپور جوابی کارروائی کی تو اب وہ جلن (بیماری) زائل ہو گئی[1]۔

۲۵۸۱ / ۱۰ وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْقُلُ التُّرَابَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ حَتّٰى اغْبَرَّ بَطْنُهٗ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ لَوْلَا اللّٰهُ مَا اهْتَدَيْنَا وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا فَاَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَاقَيْنَا اِنَّ الْاُوْلٰى قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا اِذَا اَرَادُوْا فِتْنَةً اَبَيْنَا يَرْفَعُ بِهَا

حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خندق کے دن[1] مٹی اٹھاتے تھے حتیٰ کہ آپ کا مبارک پیٹ غبار آلود ہو گیا اور کہتے[2] اگر اللہ تعالیٰ ہدایت نہ دیتا تو ہم ہدایت نہ پاتے، صدقہ دیتے نہ نماز پڑھتے پس ہم پر تو سکون نازل فرما۔ اور لڑائی کے وقت ہمیں ثابت قدم رکھ، یقیناً کفار نے

ے حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمہ اللہ تعالیٰ اس حدیث کے تحت لکھتے ہیں۔
حضور علیہ السلام حضرت حسان کو بشارت دے رہے ہیں کہ جب تم ہجو کے اشعار لکھنے لگتے ہو تو جناب جبریل تمہارے دل میں اچھے مضمون ڈالتے ہیں۔ تمہاری زبان پر اچھے الفاظ جمع فرماتے ہیں اور تم کو دعائیں دیتے تمہارا احترام کرتے ہیں۔ یہ ہے حضرت جبریل کی مدد۔ معلوم ہوا کہ دشمنانِ دین کی ہجو اعلیٰ درجہ کی عبادت ہے۔
(مرات، جلد ۶ ص ۴۳۱)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

صَوْتَہٗ اَبَیْنَا اَبَیْنَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ہم پر بغاوت کی ہے جب انہوں نے ہمیں فتنے میں ڈالنا چاہا تو ہم نے انکار کر دیا۔ بات[۴] فرمائی اَبَیْنَا بلند آواز سے اور تکرار کرتے تھے۔ (بخاری و مسلم)

[۱] آپ خود خندق کھودنے میں شریک ہوئے۔ مٹی اٹھا اٹھا کر لے جاتے تھے۔

[۲] آپ عبداللہ بن رواحہ کے اشعار رجز کی صورت میں پڑھ رہے تھے۔

[۳] ہمیں اسلام سے کفر کی طرف لانے کی کوشش کر رہے[۱] ہیں اور ہم نے ان کی بات کو رد کر دیا ہے فِتْنَۃً کا معنیٰ آزمائش اور سونے کو پگھلانا ہے۔

[۴] ان الفاظ پر آپ بلند آواز کرتے یا اور فرماتے اَبَیْنَا اَبَیْنَا یا ضمیر مذکورہ اشعار کی طرف راجع ہے جس کا معنی یہ ہوگا کہ آپ باواز بلند یہ رجز پڑھ رہے تھے۔ اور اَبَیْنَا اَبَیْنَا کا اشارہ اس کلام کی تکرار کی طرف ہے۔

۳۵۸۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ جَعَلَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ يَحْفِرُوْنَ الْخَنْدَقَ وَيَنْقُلُوْنَ التُّرَابَ وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدًا عَلَى الْجِهَادِ مَا بَقِيْنَا اَبَدًا يَقُوْلُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُجِيْبُهُمْ اَللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ اِلَّا عَيْشُ الْاٰخِرَةِ فَاغْفِرِ الْاَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ مہاجرین و انصار خندق کھود کر مٹی اٹھا رہے تھے اور یہ[۲] پڑھ رہے تھے کہ ہم لوگوں نے محمد عربی کی جہاد پر بیعت کی ہے جب تک ہم باقی ہیں ہمیشہ کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو جواب دیتے ہوئے فرماتے اے اللہ نہیں ہے زندگی مگر آخرت کی پس انصار اور مہاجرین کو بخش دے۔ (بخاری و مسلم)

۳۵۸۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ يَّمْتَلِئَ جَوْفُ رَجُلٍ قَيْحًا يَرِيْهِ خَيْرٌ مِّنْ اَنْ يَّمْتَلِئَ شِعْرًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کسی شخص کے پیٹ کا ایسی پیپ سے بھر جانا جس سے وہ گندا ہو جائے اس سے بہتر ہے کہ وہ[۱] شعر سے بھرا ہوا ہو۔ (بخاری و مسلم)

[۱] شعر اس شخص کا اس طرح مشغلہ بن جائے کہ قرآن، ذکر الٰہی اور علوم شرعیہ سے غافل ہو جائے یا اس سے معین شخص مراد ہے جیسا کہ تیسری فصل میں آ رہا ہے۔ الغرض یہاں وہ گندے اشعار مراد ہیں جو کفر، فحاشی اور ناروا مضامین پر مشتمل ہوں۔

---

[۱] ان مشرکین نے ہمارے خلاف بغاوت و سرکشی کر کے ہمیں جنگ پر مجبور کیا ہے۔

[۲] شعر کہنا چونکہ آپ کی عادت کریمہ نہ تھی اس لیے بعض روایات میں ہے کریوں کہ بے نثر فاغفر المهاجرين والانصار

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

۴۵۸۴ عَنْ کَعْبِ بْنِ مَالِکٍ اَنَّہٗ قَالَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی قَدْ اَنْزَلَ فِی الشِّعْرِ مَا اَنْزَلَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ یُجَاھِدُ بِسَیْفِہٖ وَلِسَانِہٖ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَکَاَنَّمَا تَرْمُوْنَھُمْ بِہٖ نَضْحَ النَّبْلِ۔

(رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

وَفِی الْاِسْتِیْعَابِ لِابْنِ عَبْدِ الْبَرِّ اَنَّہٗ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَاذَا تَرٰی فِی الشِّعْرِ فَقَالَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ یُجَاھِدُ بِسَیْفِہٖ وَلِسَانِہٖ۔

دوسری فصل

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ نے شعر کے بارے میں جو آیات نازل کیں وہ کیں تو آپ نے فرمایا: مومن اپنی تلوار اور زبان دونوں سے جہاد کرتا ہے مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے تم یہ اشعار کفار کو تیروں کی طرح مارتے ہو۔

(شرح السنۃ)

استیعاب ابن عبد البر میں ہے کہ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ شعر کے بارے میں فرمائیے آپ نے فرمایا مومن تلوار اور زبان سے جہاد کرتا ہے۔

ل یہ شعراء اسلام میں سے ہیں مشاہیر شعراء اسلام تین ہیں، حضرت حسان بن ثابت، حضرت عبد اللہ بن رواحہ اور حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہم حضرت کعب کافروں کے دلوں میں جہاد کا رعب و دبدبہ پیدا کرنے کی کوشش کیا کرتے تھے حضرت حسان ان کے نسب پر طعن کرتے اور عبد اللہ بن رواحہ ان کے کفر پر ان کی سرزنش کرتے تھے حضرت کعب نے اپنے حال پر افسوس کرتے ہوئے اور شعر کو قبیح جانتے ہوئے عرض کیا تھا۔

۲ اللہ تعالیٰ نے جن آیات میں شعراء کی مذمت فرمائی ہے اس سے یہ مراد ہے وَالشُّعَرَاءُ یَتَّبِعُھُمُ الْغَاوٗنَ (شعراء کی پیروی گمراہ لوگ کرتے ہیں)

۳ آپ نے تسلی دیتے ہوئے فرمایا۔

۴ وہ شعراء جو اسلام اور دین کی اشاعت و تقریب کا سبب اور کفار کی ہجو کرتے ہیں وہ آیت مذکور کی مذمت کے تحت نہیں آتے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے خود استثناء فرمایا ہے کہ اچھے شعراء اس میں شامل نہیں اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَکَرُوا اللّٰہَ کَثِیْرًا (مگر وہ لوگ جو ایمان لائے، نیک عمل کیے اور اللہ کا کثرت سے ذکر کیا)

۵ تلوار کے زخم اس طرح جسم پر نہیں لگتے جس طرح زبان کے کلمات اور اشعار انہیں لگتے ہیں۔

۶ نضح۔ نون پر زبر، ضاد ساکن۔ اس کا معنی پھینکنا ہے۔

۷ یہ اسماء رجال کی مشہور کتاب ہے۔ مصنف کا مکمل نام عمر بن عبد البر ہے۔

۸ اچھے شعر کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۴۵۸۵ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الْحَیَآءُ وَالْعِیُّ[1] شُعْبَتَانِ مِنَ الْاِیْمَانِ وَالْبَذَآءُ وَالْبَیَانُ[2] شُعْبَتَانِ مِنَ النِّفَاقِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا حیا اور خاموشی ایمان کی دو شاخیں ہیں بخش گوئی اور زیادہ بولنا نفاق کی دو شاخیں ہیں[3]۔ (ترمذی)

[1] عِیّ عین کے نیچے زیر یا مشدد، گفتگو میں کمی۔ یہ بیان کی ضد ہے۔ اور اس کا معنی عجز، ناتجربہ کاری، عدم استحکام بھی ہے لیکن اس جگہ پہلا معنی مناسب ہے۔

[2] گفتگو میں بیہودگی، تکلف، تصنع اور مبالغہ مراد ہے۔

[3] حیا کے ایمان کی شاخ ہونے کی وجہ کتاب الایمان میں گزر چکی ہے۔ رہا خاموشی کا ایمان کی شاخ ہونا اور کثرتِ کلام کا نفاق کی شاخ ہونا اس کی وجہ یہ ہے کہ مومن حیا، انکساری، مسکنت اور خوفِ خدا کی وجہ سے اثبات مدعا میں کامل طور پر کامیاب نہیں ہوتا کیونکہ اس میں مبالغہ اور چرب لسانی نہیں ہوتی۔ بخلاف منافق کے کہ بیہودگی میں دلیر اور جرأت مند ہوتا ہے۔ اس حدیث کا خلاصہ دوسری حدیث میں یوں بیان ہوا ہے اَلْمُؤْمِنُ غِرٌّ کَرِیْمٌ وَالْمُنَافِقُ خَبٌّ لَئِیْمٌ مومن فریب کھانے والا اور سادہ دل ہوتا ہے اور منافق فریب دینے والا اور کمینہ ہوتا ہے اگر لفظ عِیّ کا ترجمہ ناتجربہ کار کیا جائے تو اس حدیث کے زیادہ مناسب ہے۔

علامہ طیبی فرماتے ہیں ایمان، حیا، احتیاط اور کلام میں تحفظات کا تقاضا کرتا ہے۔ برخلاف نفاق کے کہ وہاں ایسی کوئی چیز نہیں ہوتی۔ اس توجیہ کے پیش نظر عِیّ سے مراد یہ ہوگا کہ مومن اگر خاموشی اختیار کرتا ہے تو اس کی وجہ تحمل و بردباری، گفتگو میں احتیاط، گرفت، و غضبِ الٰہی کا خوف ہوتا ہے۔ یہ وجہ نہیں کہ اس کی زبان عاجز ہوتی ہے اور بذاء سے مراد وہ بیان ہے جس میں بیہودگی پر جرأت و دلیری کی جائے اور گفتگو میں کسی قسم کی کوئی احتیاط پیش نظر نہ ہو اگرچہ وہ سراسر جھوٹ، کذب اور افترا ہو۔

۴۵۸۶ وَعَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَۃَ الْخُشَنِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَحَبَّکُمْ اِلَیَّ وَاَقْرَبَکُمْ مِنِّیْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اَحَاسِنُکُمْ اَخْلَاقًا وَاِنَّ اَبْغَضَکُمْ اِلَیَّ وَاَبْعَدَکُمْ مِنِّیْ مَسَاوِیْکُمْ اَخْلَاقًا الثَّرْثَارُوْنَ الْمُتَشَدِّقُوْنَ الْمُتَفَیْهِقُوْنَ۔ (رَوَاہُ الْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَرَوَی التِّرْمِذِیُّ نَحْوَہٗ عَنْ جَابِرٍ وَفِیْ رِوَایَتِہٖ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَدْ عَلِمْنَا الثَّرْثَارُوْنَ وَالْمُتَشَدِّقُوْنَ فَمَا الْمُتَفَیْهِقُوْنَ

حضرت ابو ثعلبہ خشنی[1] رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے سب سے محبوب اور قیامت کے دن میرے بہت قریب اچھے اخلاق والا ہوگا اور تم میں سے مجھے بہت ناپسند اور مجھ سے بہت دور برے[2] اخلاق والا ہوگا۔ جو منہ پھٹ[3] فراخ گو، متکبر[4] ہو اسے امام بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا۔ ترمذی[5] نے اسی طرح حضرت جابر سے روایت کیا اور ایک روایت میں ہے کہ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم ثارون اور متشدقون کو جانتے

قَالَ الْمُتَكَبِّرُوْنَ۔ ہیں مُتَفَیْہِقُوْنَ سے کون مراد ہیں؟ فرمایا تکبر کرنے والے)

لہ الخشنی خا پر پیش شین پر زبر۔ خشین بن نمر کی طرف نسبت ہے۔ صحابی ہیں۔ ان کا نام جرہم بن ناشب ہے جیم اور ہا دونوں پر پیش ہے۔ ان کے اور ان کے والد کے نام میں کافی اختلاف ہے۔ مشہور یہی ہے جو ہم نے ذکر کیا ہے، ان کی کنیت نام سے زیادہ مشہور ہے۔ انہوں نے بیعت رضوان کے موقع پر حضور کی بیعت کی تھی۔ آپ نے خیبر کی غنیمت سے حصہ دیا۔ اور انہیں ان کی قوم کی طرف روانہ فرمایا پھر وہ تمام قوم اسلام لے آئی۔ پچھتر ہجری میں ان کا وصال ہوا۔ بعض نے کہا کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا دور تھا۔ اکثر نے اسی کو اختیار کیا ہے۔

۲ہ بعض روایات میں اَسَاوِئُکُمْ ہے یہ اَسْوَأُ کی جمع ہے۔ جس طرح اَحَاسِنُکُمْ، اَحْسَنُ کی جمع ہے۔ مَسَاوِئُ میم پر زبر سُوْءٌ کی جمع ہے جس طرح مَحَاسِنُ، حُسْنٌ کی جمع ہے خلافِ قیاس، مصدر کو بطور وصف لا کر جمع بنا دیا۔

۳ہ اَلثَّرْثَارُوْنَ۔ ثا پر زبر، را ساکن، بہت زیادہ گفتگو کرنے والے اور دورانِ گفتگو تکلف کا اظہار کرنے والے مراد ہیں۔ ثَرْثَرَۃٌ کثرتِ کلام کو کہا جاتا ہے۔

۴ہ اَلْمُتَشَدِّقُوْنَ یہ شِدْق سے بنا ہے شین کے نیچے زیر یا اس پر زبر۔ دال ساکن۔ منہ کے ایک گوشے کو کہا جاتا ہے۔ یہاں وہ مقرر مراد ہے جو گفتگو میں تصنع کا اظہار کرے۔

۵ہ اَلْمُتَفَیْہِقُوْنَ میم پر پیش، فا اور تا پر زبر یا ساکن۔ فراخ جگہ، منہ اور تالو بھر کر کلام کرنا۔ تفہق۔ کسی شی کا پُر ہونا۔ فیہق ہر چیز کی فراخی۔ تفیہق۔ لمبی گفتگو کرنا اور منہ بھر کر گفتگو کرنا۔

۶ہ ترمذی نے حضرت جابر سے اسی طرح روایت کی ہے مگر الفاظ مختلف ہیں۔

۷ہ کیونکہ کلام میں تصنع اور تکلف تکبر کی وجہ سے آتا ہے لہٰذا اس کی تفسیر متکبر کے ساتھ فرما دی گویا یہ لازم کے ساتھ تفسیر ہے۔ یہ بھی معلوم ہو گیا کہ کلام میں جھوٹ ثابت کرنے کے لیے تکلف تصنع اور بناوٹ مذموم و منع ہے۔ باقی خطبات و مواعظ میں حسن نیت کے ساتھ جو کلام کے سجع وغیرہ کا خیال رکھا جاتا ہے اور اس سے لوگوں کے دلوں میں نرمی اور باطن میں اثر پیدا ہوتا ہے۔ وہ عمل ناپسندیدہ نہیں۔

۴۵۸۷/۱۶ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی یَخْرُجَ قَوْمٌ یَاْکُلُوْنَ بِاَلْسِنَتِہِمْ کَمَا تَاْکُلُ الْبَقَرَۃُ بِاَلْسِنَتِہَا۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اس وقت تک قیامت قائم نہ ہوگی یہاں تک کہ ایسی قوم نکلے گی جو اپنی زبانوں سے لیتے کھائے گی جیسے گائیں اپنی زبانوں سے کھاتی ہیں۔ (احمد)

لہ پیدا اور ظاہر ہوگی۔

۲ہ وہ لوگوں کی مدح و ذم کرنے میں باطل، جھوٹ اور کذب بیانی میں فصاحت و بلاغت کے ساتھ خوب مبالغہ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

کرکے لوگوں سے عطیات وصول کرے گی۔

ؔ۲ جس طرح یہ فرق نہیں کرتی کہ یہ گھاس کڑوا ہے یا شیریں، تر ہے یا خشک۔ اسی طرح یہ لوگ بھی دنیا کے حصول اور کھانے پینے کے لیے حق و باطل میں کوئی امتیاز نہیں کریں گے۔

۴۵۸۸/۱۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يُبْغِضُ الْبَلِيْغَ مِنَ الرِّجَالِ الَّذِيْ يَتَخَلَّلُ بِلِسَانِهٖ كَمَا يَتَخَلَّلُ الْبَاقِرَةُ بِلِسَانِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ) وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالٰی اس بلیغ آدمی کو ناپسند کرتا ہے جو زبان کو اس طرح پھیرتا ہے جس طرح گائے زبان پھیرتی ہے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

امام ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے۔

ؔ۱ کلام میں تکلف و مبالغہ کرنے والا۔

ؔ۲ منہ بھر کر گفتگو کرتا ہے اور زبان کو تیز چلاتا ہے۔

ؔ۳ تخلل کا معنی کسی چیز کا درمیان میں آنا ہے۔ اسی وجہ سے دانتوں کے درمیان کو خلال کہا جاتا ہے۔ تکلفانہ گفتگو میں منہ کے اندر زبان کو گردش دینے کو گائے کے ساتھ اس لیے تشبیہ دی ہے کہ وہ گھاس چرتے وقت زبان کو حرکت دیتی رہتی ہے۔ باقرۃ، بقرۃ کی جمع ہے۔ اس کا استعمال اکثر تاء کے بغیر ہوتا ہے۔ اور تاء کے ساتھ استعمال قلیل ہے۔

۴۵۸۹/۱۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَرْتُ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِيْ بِقَوْمٍ تُقْرَضُ شِفَاهُهُمْ بِمَقَارِيْضَ مِنَ النَّارِ فَقُلْتُ يَا جِبْرِيْلُ مَنْ هٰؤُلَاءِ قَالَ هٰؤُلَاءِ خُطَبَاءُ اُمَّتِكَ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا جس رات ہمیں معراج کرائی گئی ہم ایسی قوم کے پاس سے گزرے جن کے ہونٹ آگ کی قینچیوں سے کاٹے جا رہے تھے۔ ہم نے پوچھا جبریل یہ کون ہیں؟ عرض کیا کہ یہ آپ کی امت کے واعظین ہیں جو کہتے ہیں ؔ۱ وہ کرتے نہیں۔ (ترمذی نے اسے روایت کرکے کہا یہ حدیث غریب ہے)

ؔ۱ لوگوں کو نیک باتیں کہتے ہیں مگر خود عمل نہیں کرتے، یہاں گرفت عمل نہ کرنے کی وجہ سے ہے کسی کو کہنے کی وجہ سے نہیں کیونکہ نہ کرنا برائی ہے۔ کسی کو اچھی بات بتانا برائی نہیں۔ اگرچہ خود عمل نہ کرے۔ لہٰذا کہنے سے پہلے اس پر عمل کرنا شرط نہیں ہے ہاں کر لینا بہتر ہے کیونکہ اس کے بغیر اثر نہیں ہوگا۔

۴۵۹۰/۱۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ تَعَلَّمَ صَرْفَ الْكَلَامِ لِيَسْبِيَ بِهٖ قُلُوْبَ الرِّجَالِ اَوِ النَّاسِ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ صَرْفًا وَّلَا عَدْلًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو باتوں میں ہیر پھیر سیکھے تاکہ اس سے لوگوں یا مردوں کے دل قابو کرے اللہ تعالیٰ روز قیامت اس کے نہ فرائض قبول فرمائے گا اور نہ نفل۔ (ابوداؤد)

۱ صرف کلام سے مراد یہ ہے کہ تحسین کلام میں جھوٹ، کذب بیانی بطور ریاکاری کی جائے اور التباس و ابہام پیدا کرنے کے لیے اس میں رد و بدل کر لیا جائے۔ اسی وجہ سے بیان کو جادو کہا گیا ہے کہ سحر لغت میں صرف کے معنی میں آیا ہے۔ قاموس میں ہے کہ صرف کلام یہ صرف دراہم سے لیا گیا ہے۔ یہ اس وقت کہا جاتا ہے جب دراہم کی مقرر مقدار سے زائد لیے جائیں۔ بعض حواشی میں ہے کہ صرف کلام کا معنی کلام کو مختلف طریقوں سے لانا ہے۔

۲ راوی کو شک ہے کہ لفظ رجال ہے یا الناس۔

۳ صرف سے توبہ اور عدل سے فدیہ مراد ہے یا صرف سے نفل اور عدل سے فرض یا اس کا عکس مراد ہے۔

۲۵۹۱ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّهٗ قَالَ يَوْمًا وَّقَامَ رَجُلٌ فَاَكْثَرَ الْقَوْلَ فَقَالَ عَمْرٌو لَوْ قَصَدَ فِيْ قَوْلِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهٗ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَقَدْ رَاَيْتُ اَوْ اُمِرْتُ اَنْ اَتَجَوَّزَ فِي الْقَوْلِ فَاِنَّ الْجَوَازَ هُوَ خَيْرٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ ایک دن ایک آدمی کھڑا ہوا اور اس نے بہت باتیں کیں، حضرت عمرو نے فرمایا: اگر یہ میانہ روی اختیار کرتا تو اچھا تھا۔ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ میں مناسب سمجھتا ہوں یا مجھے حکم دیا گیا ہے کہ گفتگو مختصر کیا کروں کیونکہ مختصر کلام ہی بہتر ہے۔ (ابوداؤد)

۱ یہ گفتگو لمبی نہ کرتا۔

۲ قصد، استقامت طریق اور افراط کی ضد یعنی اعتدال کی راہ۔

۳ صراح میں جواز کے یہ معانی بیان ہوئے ہیں، جاری ہونا، کسی جگہ یا راستہ سے گزرنا، پانی دینا۔ نماز آرام سے ادا کرنا۔ مجازاً گفتگو کرنا۔

۲۵۹۲ وَعَنْ صَخْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا وَّاِنَّ مِنَ الْعِلْمِ جَهْلًا وَّاِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حُكْمًا وَّاِنَّ مِنَ الْقَوْلِ عِيَالًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت صخر بن عبداللہ بن بریدہ اپنے والد اور وہ اپنے جد امجد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ بعض بیان جادو ہیں، بعض علم جہالت ہیں بعض شعر حکمت اور بعض کلام وبال ہیں۔ (ابوداؤد)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

لـه حضرت بریدہ اسلمی مشہور صحابی ہیں، عبداللہ بن بریدہ، مشہور تابعین میں سے اور ثقہ ہیں۔ مرو کے قاضی تھے ان کے بھائی سلیمان بن بریدہ تھے۔ منقول ہے کہ سلیمان، عبداللہ سے افضل ہیں۔ صخر بن عبداللہ مروزی نے اپنے والد سے اور انہوں نے ان کے دادا سے روایت کی۔ امام ابوداؤد نے یہی ایک حدیث ان سے روایت کی ہے۔

لـه اس پر تفصیلی گفتگو گزر چکی ہے۔

لـه علامہ طیبی نے اس کے دو معانی نہایہ سے نقل کیے ہیں۔

(۱) ایسے علوم سیکھنا جن کی ضرورت نہیں ہے۔ مثلاً علم نجوم، علم فلسفہ وغیرہ اور ان علوم کو ترک کر دینا جن کی ضرورت ہے۔ مثلاً قرآن وسنت کا علم تو اب بعض علوم دوسرے علوم سے جہالت کا سبب بن گئے لہٰذا ان کو جہالت قرار دیا گیا۔

(۲) علم رکھنے کے باوجود عمل نہ کیا تو گویا یہ جہالت کا مظاہرہ ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ یہاں یہ مراد ہو ایک آدمی علم کا دعویٰ کرتا ہے حالانکہ نفس الامر میں وہ جاہل ہے تو یہ علم نہیں جہالت ہے۔ باری تعالیٰ کی ذات وصفات کے ادراک میں غلو بظاہر علم ہے مگر درحقیقت جہالت ہے کیونکہ اس بارے میں علم کی توقع محال ہے۔ اسی طرح بعض مقامات علم ایسے ہیں جن کو جانا ہی نہیں جا سکتا تو وہاں اس بات کا اقرار کہ میں نہیں جانتا۔ یہی جہالت کا اقرار علم قرار پاتا ہے۔ حالانکہ نفس الامر میں جہالت ہے۔ پس یہ کہنا کہ بعض علوم جہالت میں درست ہے۔

لـه بعض روایات میں لحکما ہے۔ بعض شعر ایسے نافع ہوتے ہیں جو جہالت اور بے وقوفی سے مانع ہوتے ہیں۔ حکم، علم، فقہ اور عدل کے ساتھ فیصلہ کرنے کے معنی میں آتا ہے۔ دیگر روایات میں لحکمۃ ہے۔ وہ بھی بمعنی حکم ہے۔ نہایۃ میں اسی طرح ہے۔ حاصل یہ ہے کہ حکم وحکمت دونوں کا ایک معنی ہے۔ جس روایت میں حکمت آیا ہے اسے معنی حکم پر محمول کیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح روایت حکم کو معنی حکمت پر محمول کر سکتے ہیں۔

لـه عیالًا۔ وبال تامل پر ہوگا یا اگر سامع جاہل ہوا تو گفتگو نہ سمجھنے کی وجہ سے اسے ملال ہوگا۔ اور اگر عالم ہوا تو پہلے ہی جانتا تھا یا اس سے مراد وہ بوجھ ہے جو ایسے شخص پر ہو جو گفتگو سننا ہی نہ چاہتا تھا۔ اس عبارت کی یہی تفسیر بیان کی گئی ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۴۵۹۳ / ۲۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُ لِحَسَّانَ مِنْبَرًا فِي الْمَسْجِدِ يَقُوْمُ عَلَيْهِ قَائِمًا يُفَاخِرُ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ يُنَافِحُ وَيَقُوْلُ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللهَ يُؤَيِّدُ حَسَّانَ بِرُوْحِ

تیسری فصل

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حسان کے لیے مسجد میں منبر رکھتے جس پر وہ کھڑے ہو کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے فخر کرتے یا دفاع کرتے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے اللہ تعالیٰ بذریعہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

الْقُدُسِ مَا نَافَحَ اَوْفَاخَرَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

جبریل حسان کی مدد فرماتا ہے جب تک اس کے رسول کی طرف سے فخر کرتے یا دفاع کرتے ہیں۔

(بخاری)

لہ یہ راوی کا شک ہے۔

سلہ جس روایت کی ابتدا میں لفظ یُفاخِرُ پہلے آیا ہے اس کے آخری حصہ میں بھی فاخر پہلے ہونا چاہیے اسی طرح یُنافِحُ اور نافَحَ کا معاملہ ہے۔

۴۵۹۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَادٍ يُّقَالُ لَهٗ اَنْجَشَةُ وَكَانَ حَسَنَ الصَّوْتِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُوَيْدَكَ يَا اَنْجَشَةُ لَا تُكَسِّرِ الْقَوَارِيْرَ قَالَ قَتَادَةُ يَعْنِيْ ضَعَفَةَ النِّسَاءِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک حدی خواں تھا جسے انجشہ کہا جاتا تھا اور وہ خوش آواز تھا۔ آپ نے اسے فرمایا اے انجشہ آہستہ شیشے کی بوتلیں نہ توڑ دینا۔ قتادہ کہتے ہیں کہ اس سے کمزور باطن عورتیں مراد ہیں۔

(بخاری ومسلم)

سلہ مراح میں ہے کہ حدا گانا گا کر اونٹوں کو خوب تیز چلانا ہے یہ غنا کی ایک قسم ہے۔ جو بالاتفاق مباح ہے اس میں کسی بھی عالم کو اختلاف نہیں۔ اہل عرب کی عادت تھی کہ جب اونٹ تھک جاتے تو حدی کی صورت میں خوبصورت آواز میں کلام پڑھتے تاکہ اونٹ گرم، مست اور تیز ہو جائیں۔

سلہ انجشہ۔ ہمزہ پر زبر، نون ساکن، جیم وشین پر زبر۔

سلہ قواریر۔ یہ قارورۃ بمعنی شیشہ کی جمع ہے۔

سلہ اس جملے کے دو معانی بیان کیے گئے ہیں۔ ایک یہ کہ خواتین کے اجسام نہایت نرم اور ضعیف ہوتے ہیں۔ اونٹوں کے تیز چلنے کی وجہ سے انہیں تکالیف ہو جائے گی۔ دوسرا یہ کہ ان کے دل کی نرمی وضعف اور تاثیر کی سرعت کی وجہ سے ایسا فرمایا کہ کہیں اس آواز کی وجہ سے ان کے باطن میں وساوس برائی پیدا نہ ہو جائیں۔ کیونکہ سرود وغنا کی خاصیت ہے کہ وہ طبیعت میں حرکت و مستی پیدا کرتے ہیں اسی لیے حضرت فضیل بن عیاض نے فرمایا غنا (گانا) زنا کا داعی ہے۔ اگرچہ ازواج مطہرات میں ایسے تصورات بعید ہیں مگر وساوس کا آنا اختیار میں نہیں ہوتا للذا ایسے معاملہ میں احتیاط ہی بہتر ہے اور حقیقت یہ ہے کہ آپ کے افعال واقوال امت کی تعلیم و تربیت کے لیے ہوتے ہیں۔ اکثر شارحین نے اس آخری معنی کو ترجیح دی ہے۔ اگرچہ الفاظ حدیث واضح طور پر پہلے معنی پر دال ہیں لہ۔

لہ معنی اول لینے میں شیشے کا ٹوٹنا لازم نہیں ہاں اس میں فساد آتا ہے، یہاں محدثین نے تیسرا معنی بھی بیان کیا ہے وہ یہ ہے کہ اونٹ خوبصورت آواز پر خوب مست ہوتے ہیں اور انجشہ کی آواز نہایت خوبصورت تھی۔ آپ نے (بقیہ برصفحہ آئندہ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۵۹۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ ذُكِرَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشِّعْرُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ كَلَامٌ فَحَسَنُهُ حَسَنٌ وَقَبِيْحُهُ قَبِيْحٌ۔
۲۴

رَوَاهُ الدَّارُقُطْنِيُّ وَرَوَى الشَّافِعِيُّ عَنْ عُرْوَةَ مُرْسَلًا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس شعر کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا یہ ایک کلام ہے۔ اچھا شعر اچھا اور برا شعر برا ہوتا ہے۔

(دارقطنی، امام شافعی نے اسے حضرت عروہ سے مرسلاً روایت کیا ہے۔)

۱؎ آپ سے عرض کیا گیا کہ شعر اچھا ہوتا ہے یا برا۔

۲؎ یہ بھی ایک کلام ہے۔ شعر میں وزن و قافیہ کی جو زیادتی ہوتی ہے اس کا حرمت و کراہت میں کوئی دخل نہیں ہوتا۔ اس کا مدار اس کے معنی و مضمون پر ہے۔ اگر مضمون اچھا ہے تو شعر اچھا ورنہ برا ہوگا۔ شعر کے بارے میں اس حدیث نے خوب فیصلہ کر دیا ہے جس سے اختلاف ختم ہو گیا۔

۳؎ دارقطنی نے یہ حدیث مرفوعاً بیان کی ہے۔

۴؎ عروہ بن زبیر یہ تابعی ہیں۔

۴۵۹۶ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ بَيْنَا نَحْنُ نَسِيْرُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعَرْجِ إِذْ عَرَضَ شَاعِرٌ يُنْشِدُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذُوا الشَّيْطَانَ أَوْ أَمْسِكُوا الشَّيْطَانَ لَأَنْ يَمْتَلِئَ جَوْفُ رَجُلٍ قَيْحًا خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمْتَلِئَ شِعْرًا۔
۲۵

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم مقام عرج۱؎ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے۔ ایک شاعر شعر کہتا ہوا سامنے آیا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اس شیطان کو پکڑ لو یا روکو اس شیطان کو کسی شخص کے پیٹ کا پیپ سے بھرا ہوا ہونا اس سے بہتر ہے اشعار سے بھرا ہوا ہو۲؎ (مسلم)

۱؎ عرج۔ عین پر زبر، را ساکن، مکہ مکرمہ کے راستے میں ایک جگہ کا نام ہے۔

۲؎ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ملاحظہ فرمایا کہ شعر کہہ رہا ہے اور بے باکی کے عالم میں جا رہا ہے۔ حتیٰ کہ مسلمانوں کی جانب متوجہ ہی نہیں ہوا تو آپ نے محسوس فرمایا کہ یہ اشعار سے پُر ہے اور اس کی وجہ سے اس میں بے حیائی اور بے ادبی در آئی ہے، اس لیے آپ نے اسے شیطان سے تعبیر فرمایا کہ بارگاہ رحمت سے دور ہو چکا ہے اور ان اشعار کی مذمت کی جن کی وجہ سے اس میں غرور اور تکبر پیدا ہوا۔

(بقیہ صفحہ سابقہ) محسوس فرمایا کہ کہیں اونٹوں میں اسی طرح مستی نہ آ جائے کہ خواتین کا ان کے اوپر سوار رہنا دشوار ہو جائے اور گر کر ان کے اعضاء ٹوٹ جائیں۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۴۵۹۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْغِنَاءُ يُنْبِتُ النِّفَاقَ فِى الْقَلْبِ كَمَا يُنْبِتُ الْمَاءُ الزَّرْعَ ـ
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِىُّ فِىْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گانا دل میں نفاق پیدا کرتا ہے جیسے پانی کھیتی اگاتا ہے۔
(بیہقی، شعب الایمان)

سلہ یہ حدیث دیلمی میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ان الفاظ میں مروی ہے۔

اِنَّ الْغِنَاءَ وَاللَّهْوَ يُنْبِتَانِ النِّفَاقَ فِى الْقَلْبِ كَمَا يُنْبِتُ الْمَاءُ الْعُشْبَ وَالَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ اِنَّ الْقُرْاٰنَ وَالذِّكْرَ يُنْبِتَانِ الْاِيْمَانَ فِى الْقَلْبِ كَمَا يُنْبِتُ الْمَاءُ الْعُشْبَ ـ

گانا اور لہو دل میں نفاق پیدا کرتے ہیں جیسے پانی تر و تازہ گھاس اگاتا ہے اور مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے قرآن اور ذکر دل میں ایمان پیدا کرتے ہیں جیسے پانی تر گھاس اگاتا ہے۔

سلہ عشب عین پر پیش، شین ساکن، تر و تازہ گھاس کو کہتے ہیں۔

۴۵۹۸ وَعَنْ نَافِعٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ فِىْ طَرِيْقٍ فَسَمِعَ مِزْمَارًا فَوَضَعَ اِصْبَعَيْهِ فِىْ اُذُنَيْهِ وَنَاءَ عَنِ الطَّرِيْقِ اِلَى الْجَانِبِ الْاٰخَرِ ثُمَّ قَالَ لِىْ بَعْدَ اَنْ بَعُدَ يَا نَافِعُ هَلْ تَسْمَعُ شَيْئًا قُلْتُ لَا فَرَفَعَ اِصْبَعَيْهِ مِنْ اُذُنَيْهِ قَالَ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَ صَوْتَ يَرَاعٍ فَصَنَعَ مِثْلَ مَا صَنَعْتُ قَالَ نَافِعٌ وَكُنْتُ اِذْ ذَاكَ صَغِيْرًا ـ
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت نافع بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ سفر میں تھا۔ آپ نے باجے کی آواز سنی تو انگلیاں کانوں میں ڈال لیں اور راستہ سے دور دوسری طرف ہٹ گئے۔ پھر دور جانے کے بعد مجھے فرمایا اے نافع تم کچھ سن رہے ہو؟ میں نے کہا نہیں تب آپ نے انگلیاں اپنے کانوں سے نکالیں اور فرمایا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا۔ آپ نے بانسری کی آواز سنی تو اسی طرح کیا جس طرح میں نے کیا ہے نافع کہتے ہیں کہ میں اس وقت چھوٹا تھا۔
(احمد، ابوداؤد)

سلہ اجتناب اور احتراز کی خاطر۔

سلہ انہوں نے یہ بتلایا ہے کہ میں اس وقت مکلف نہ تھا اس لیے مجھے منع نہ فرمایا۔ یہ اس لیے کیا تاکہ کوئی شخص یہ نہ کہے کہ یہ مکروہ تنزیہی ہے تحریمی نہیں۔ ابن عمر نے کمال تقویٰ و ورع کی وجہ سے ایسے کیا۔ اگر مکروہ تحریمی ہوتا تو نافع کو بھی منع فرماتے۔ دوسرے مقام پر اس مسئلہ پر بڑی تفصیلی گفتگو ہے [illegible] اور مشائخ طریقت کے حوالے سے گفتگو کی ہے [illegible] میں غنا کی حرکت پر کوئی حدیث [illegible] مشائخ کہتے ہیں کہ جس مقام پر غنا سے منع کیا ہے اس سے مراد وہ گانا ہے جو لہو و لعب کے طور پر [illegible] منع نہیں۔ فقہا کرام نے اس معاملہ میں بہت سختی سے کام لیا ہے واللہ تعالیٰ اعلم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَابُ حِفْظِ اللِّسَانِ وَالْغِيْبَةِ وَالشَّتْمِ

۳۱۶۔ جھوٹ، غیبت اور بدکلامی سے زبان کو محفوظ رکھنے کا بیان

زبان کو نامناسب گفتگو سے محفوظ رکھنا خصوصاً کسی کی غیبت اور برا بھلا کہنے سے ضروری ہے۔ غیبت، غین کے نیچے زیر ہے۔ اس سے مراد کسی کو اس کی پشت کے پیچھے برا کہنا ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ — پہلی فصل

۴۵۹۹ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّضْمَنْ لِّيْ مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ اَضْمَنْ لَهُ الْجَنَّةَ. (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مجھے اس چیز کی ضمانت دے دے جو اس کے دونوں جبڑوں[1] اور دونوں ٹانگوں[2] کے درمیان ہے تو میں[3] اسے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔ (بخاری)

[1] لَحْیَیْنِ لام پر زبر، حا ساکن۔ اس ہڈی کو کہتے ہیں جس پر دانت اور داڑھی اگتی ہے۔ یہاں اس سے منہ اور زبان مراد ہے۔ یعنی زبان کو بیہودگی سے جو کفر و نافرمانی کا موجب ہو اور منہ کو حرام کھانے پینے سے بچنے کی ضمانت دے۔

[2] اس سے مراد شرمگاہ ہے کہ اسے معصیت سے محفوظ رکھے۔

[3] درحقیقت یہ باری تعالیٰ کی ضمانت ہے کیونکہ اس نے اپنے فضل وکرم سے بندوں کا رزق اپنے ذمہ لیا ہے۔ اور اعمال کی جزا و ثواب کا مؤکد وعدہ فرمایا ہے۔ اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے نائب ہیں۔

۴۶۰۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِّضْوَانِ اللّٰهِ لَا يُلْقِيْ لَهَا بَالًا يَّرْفَعُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَاتٍ وَّاِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ لَا يُلْقِيْ لَهَا بَالًا يَّهْوِيْ بِهَا فِيْ جَهَنَّمَ. (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهُمَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بندہ رضائے الٰہی کا کوئی کلمہ بول دیتا ہے جس کا اسے احساس نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس کے درجات بلند کر دیتا ہے اور بندہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا کوئی کلمہ بول دیتا ہے جس کی وہ پرواہ نہیں کرتا۔ اس کلمہ کی وجہ سے وہ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

يَهْوِي بِهَا فِي النَّارِ أَبْعَدَ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ۔

آدمی دوزخ میں گر جاتا ہے (بخاری) اور دوسری روایت میں کہ اس آگ میں گر جاتا ہے جس کا فاصلہ مشرق و مغرب کے درمیان فاصلہ کے برابر ہے۔

سلہ وہ کلمہ رضائے الٰہی کی جگہ یا رضائے کی طلب کے سبب صادر ہوتا ہے وہ ایسا کلمہ ہوتا ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی رضا ہوتی ہے۔

ٹلہ اس کلمے کے بارے میں دل میں یہ احساس نہ تھا کہ اس کا درجہ کیا ہے۔ اس کے کہنے میں کوئی حرج محسوس نہ کیا اور اسے نہایت ہی آسان جانا۔

سلہ بعض اوقات بندہ ایسی گفتگو کرتا ہے کہ اس میں رضائے الٰہی نہیں ہوتی اور بندہ اس کے کہنے میں کوئی باک محسوس نہیں کرتا بلکہ اسے بہت آسان تصور کرتا ہے۔

سلہ زبان کی ہر وقت حفاظت کرنی چاہیے۔ اس کے عمل کو معمولی تصور نہ کیا جائے۔ بعض اوقات انسان نہایت ہی معمولی بات سمجھ کر گفتگو کر دیتا ہے لیکن اگر وہ کلمات حق ہوں تو اللہ تعالیٰ ان کی برکت سے جنت میں درجات بلند فرما دیتا ہے۔ اور اگر وہ کلمات باطل ہوں تو اور دوزخ میں گرنے کا سبب بن جاتے ہیں۔

ھ یہ دوسری روایت مسلم و بخاری میں ہے۔

۴۶۰۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ وَقِتَالُهُ كُفْرٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان کو گالی دینا فسق اور اسے قتل کرنا کفر ہے۔ (بخاری و مسلم)

سلہ سِباب. صراح میں ہے کہ سین کے نیچے زیر گالی دینا۔

ٹلہ فسق، فسوق، چھڑے سے نرمی کو دور کرنا شریعت میں نافرمانی پر بولا جاتا ہے۔

سلہ قتال، ایک دوسرے کو قتل کرنا۔

سلہ یہ قتل مسلم پر سخت وعید ہے اور اس سے مقصود اسلام کامل کی نفی ہے۔ اس پر دوسری حدیث اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ (مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں) اس معنی پر دال ہے۔ اگر کسی نے دوسرے مسلمان کو اس کے اسلام کی وجہ سے یا اس کے خون کو مباح جانتے ہوئے قتل کیا تو ایسی صورت میں قاتل یقیناً کافر ہو جائے گا۔

۴۶۰۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّمَا رَجُلٍ قَالَ لِأَخِيْهِ كَافِرٌ فَقَدْ بَاءَ بِهَا أَحَدُهُمَا۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے بھائی کو کافر کہے تو وہ کفر ان دونوں میں سے ایک پر

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

پر لوٹے گا۔ (بخاری ومسلم)

[1] دوسرے مسلمان بھائی کو بغیر کسی تاویل کے کافر کہے۔

[2] کہنے والا یا جس کے لیے کہا گیا اگر یہ سچ ہوا تو وہ دوسرا شخص کافر ہے مسلمان نہیں اور اگر یہ جھوٹ ہے تو یہ کہنے والا کافر ہو جائے گا اس لیے کہ کسی بھی مومن کو کافر کہنا ایمان کو کفر قرار دینے اور دین اسلام کو باطل جاننے کا اعتقاد کیا۔

۴۶۰۳ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَرْمِیْ رَجُلٌ رَجُلًا بِالْفُسُوْقِ وَلَا یَرْمِیْہِ بِالْکُفْرِ اِلَّا ارْتَدَّتْ عَلَیْہِ اِنْ لَّمْ یَکُنْ صَاحِبُہٗ کَذٰلِکَ۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص کسی دوسرے کو فسق وکفر کی تہمت نہیں لگاتا مگر وہ اس[1] پر لوٹتا ہے اگر وہ دوسرا ایسا[2] نہ ہو۔

(بخاری)

[1] فسق وکفر کی تہمت لگانے والے پر۔

[2] اگر وہ فاسق نہ تھا تو یہ فاسق ہو جائے گا۔ اسی طرح اگر وہ کافر نہ تھا تو یہ خود کافر ہو جائے گا۔

۴۶۰۴ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ دَعَا رَجُلًا بِالْکُفْرِ اَوْ قَالَ عَدُوَّ اللّٰہِ وَلَیْسَ کَذٰلِکَ اِلَّا حَارَ عَلَیْہِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

انہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے کسی کو کافر کہا یا اسے اللہ کا دشمن کہے[1] حالانکہ وہ ایسا[2] نہ تھا تو یہ خود اس پر لوٹ[3] آئے گا۔

(بخاری ومسلم[4])

[1] یہ بھی کافر کہنے کے حکم میں ہے۔

[2] وہ شخص دشمن خدا اور کافر نہ تھا۔

[3] یہ خود کافر و دشمن خدا ہے۔ حار، حَوْرٌ سے ہے اس کا معنی واپس ہونا ہے۔

[4] اس سے واضح ہو رہا ہے کہ جو کسی مسلمان کو بغیر کسی دلیل وتاویل کے کافر کہے اس سے وہ خود کافر ہو جاتا ہے۔ وجہ واضح ہے کہ اس نے اسلام کو کفر قرار دیا ہے۔ اس مقام پر علامہ طیبی نے خصوصی گفتگو کی ہے اور ہم نے بھی شرح (لمعات) میں اسے ذکر کیا ہے۔

۴۶۰۵ وَعَنْ اَنَسٍ وَاَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْتَبَّانِ مَا قَالَا فَعَلَی الْبَادِیْ مَالَمْ یَعْتَدِ الْمَظْلُوْمُ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آپس میں دو گالی دینے والے جو کچھ کہتے ہیں اس کا وبال ابتدا کرنے والے پر ہے جب تک مظلوم زیادتی نہ کرتے[1]

(مسلم)

[1] چونکہ ابتدا کرنے والا گالی دینے کا سبب بنا اور وہ ظالم ہے اور دوسرا مظلوم اس لیے دوسرے کی گالی کا گناہ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

بھی پہلے پر ہوگا۔

سلہ اگر دوسرے نے حد سے تجاوز کر دیا تو وہ مظلوم نہ رہے گا اور اس صورت میں جس نے گالی دینے میں زیادتی کی اسے ہی گناہ ہوگا۔

۴۶۲۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَنْبَغِيْ لِصِدِّيْقٍ اَنْ يَّكُوْنَ لَعَّانًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صدیق کے لیے مناسب نہیں کہ لعن وطعن کرنے والا ہو۔ (مسلم)

سلہ صِدِّیق، صاد کے نیچے زیر، دال پر شد، مبالغہ کا صیغہ بمعنی کثیر الصدق جیسے زیادہ مسکرانے والے کو ضحیک اور زیادہ خارش کو سکیت کہا جاتا ہے، صوفیا کی اصطلاح میں صدیقیت وہ مقام ہے کہ مقام نبوت اور اس کے درمیان کوئی واسطہ نہیں ہوتا۔ یہ ارشاد باری تعالیٰ ہی پر دال ہے۔ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِیْنَ، (پس یہ ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا ہے یعنی انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین) خلیفۂ اول سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ لقب ہے۔ جب صدق اور راستی مردوں کا شیوہ اور مقام نبوت کے بعد اس کا درجہ ہے اور تمام انبیاء علیہم السلام لوگوں کو رحمت کے قریب لانے کے لیے ہی مبعوث ہوئے ہیں تو اب لعنت کر کے کسی کو رحمت خداوندی سے دور کرنا مقام صدیق کے شایان شان نہیں اس لیے اہل سنت وجماعت نے لعن وطعن کا شیوہ نہیں اپنایا۔ اگرچہ کوئی شخص لعنت کا مستحق ہی کیوں نہ ہو۔ اس کے لیے بھی لعنت کرنے میں وقت ضائع نہیں کرتے۔ نہ اسے زبان پر لاتے ہیں اور نہ ہی اس کی عادت بناتے ہیں۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کے ہاں لعنت کا مستحق ہوگیا ہو۔ اب دوسرے کی لعنت کی اسے کیا ضرورت؟ شعر

ہر کرا او را خدائے لعنت کرد ! لعنت من وتو اش درخور

جس پر خدا تعالیٰ لعنت فرمائے۔ وہاں میری اور تمہاری لعنت کا کیا اعتبار؟ لعنت صرف اس کافر پر کی جا سکتی ہے جس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرما دیا ہو کہ یہ کفر پر مرا۔ اس کے علاوہ کسی مخصوص کافر پر لعنت جائز نہیں کیونکہ ممکن ہے کہ نزع کے وقت اسے ایمان نصیب ہوگیا ہو۔ باقی لعنت بھی اجمالاً ہونی چاہیے جیسے لعنۃ اللہ علی الکافرین۔ لعنت کی دو اقسام ہیں۔ ایک یہ کہ رحمت خدا سے دوری اور اس کے غیر متناہی فضل سے مایوسی یہ کافروں کے ساتھ مخصوص ہے۔ دوسری یہ کہ مقام قرب ورضا الٰہی سے محرومی جو کہ ترک اولیٰ پر ہے۔ اور وہ جو بعض اعمال کے ترک پر صحابہ اور غیر صحابہ سے منقول ہے اس کا تعلق دوسری قسم سے ہے ذکر اول سے۔

۴۶۲۸ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَآءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللَّعَّانِيْنَ لَا يَكُوْنُوْنَ شُهَدَآءَ وَلَا شُفَعَآءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بہت زیادہ لعن وطعن کرنے والے روز قیامت نہ گواہ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

ہوں گے اور نہ شفیع

(مسلم)

لہ نہ مخلوق پر گواہی دے سکیں گے اور نہ ہی ان کی شفاعت کریں گے۔ قرآن کریم میں ہے کہ روز قیامت حضور علیہ السلام کی امت کے وہ لوگ گواہ ہوں گے جو سچے اور امن والے ہوں گے۔ لہٰذا جن لوگوں کی عادت لعنت کرنا تھا وہ اس درجہ شہادت و شفاعت سے محروم رہیں گے۔ مقصود یہ ہے کہ یہ عادت نہایت ہی ناپسندیدہ ہے۔

۴۶۰۸ (۱۰) وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَالَ الرَّجُلُ هَلَكَ النَّاسُ فَهُوَ اَهْلَكُهُمْ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے یہ کہا کہ لوگ[۱] ہلاک ہو[۲] گئے تو وہ ان سب سے زیادہ ہلاک ہونے والا ہے۔

(مسلم)

لہ لوگوں کی عیب جوئی، حقارت اور ان کو رحمت خدا سے ناامید کرتے ہوئے یہ کلمات کہے لیکن اگر بطور تاسف اور غم کے کہے تو اس میں حرج نہیں۔

ٰلہ مستحق دوزخ بن گئے۔ کیونکہ اس نے تکبر کرتے ہوئے لوگوں کو حقیر جانا اور انہیں رحمت خداوندی سے مایوس کیا اس معنی کی صورت میں یہ اسم تفضیل کے صیغہ کے کاف پر پیش ہے۔ کاف پر زبر بھی پڑھا گیا ہے۔ اس صورت میں یہ ماضی ہے۔ اب معنی یہ ہوگا کہ اس کے کلمات نے لوگوں کو ہلاک کر دیا کیونکہ لوگ جب ایسے کلمات سن لیتے ہیں تو ان سے یہ اثر لیتے کہ اب معافی نہیں مل سکتی لہٰذا عبادات میں کمی اور معصیت میں اضافہ کر لیتے ہیں حالانکہ معصیت میں مبتلا لوگوں کو اللہ رب العزت کی قہاریت کے ساتھ ساتھ باری تعالیٰ کی بخشش و رحمت سے بھی آگاہ کرنا چاہیے تاکہ وہ رحمت خدا سے مایوس نہ ہوں۔ یہاں سے یہ بھی ثابت ہو رہا ہے کہ لوگوں کو رحمت باری سے آگاہ رکھا جائے تاکہ کسی صورت میں بھی گنہگار اس سے مایوس نہ ہوں۔

۴۶۰۹ (۱۱) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَجِدُوْنَ شَرَّ النَّاسِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ذَاالْوَجْهَیْنِ الَّذِیْ یَاْتِیْ هٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ وَّ هٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

انہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم روز قیامت بدترین[۱] لوگوں میں سے دو[۲] منہ والے کو پاؤ گے جو ایک[۳] منہ پر کچھ کہتا ہے اور دوسرے منہ کچھ اور۔

(بخاری و مسلم)

لہ رسوائی اور بدحالی میں۔

ٰلہ یہ منافق کی صفت ہے۔

ٰلہ ایک جماعت کے لیے الگ طریقہ اور دوسری کے لیے دوسرا۔ یعنی ہر ایک کے موافق بات کرے جو اس کو

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

اچھی لگے۔

سے اس سے مراد منافق حقیقی ہے۔ اندر کفر باہر مسلمانی جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی ظاہری حیات میں منافقین کا حال تھا قرآن حکیم نے ان کے احوال بیان کیے ہیں۔ ایسے لوگوں کو یقیناً روزِ قیامت سخت ترین عذاب ہوگا۔

۴۶۱۰/۱۲ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

وَفِيْ رِوَايَةِ مُسْلِمٍ نَمَّامٌ

حضرت حذیفہ[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے۔ چغل خور[2] جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ (بخاری ومسلم)

امام مسلم کی روایت میں نمّام[3] ہے۔

[1] یہ حضور علیہ السلام کے راز دان صحابی ہیں۔ انہیں منافقین کا علم بھی تھا۔

[2] مراح میں ہے کہ قتّ کا معنی چغل خوری ہے۔ یعنی لوگوں کی باتوں کو خفیہ طور پر سن کر دوسروں تک پہنچانا۔ قاموس میں ہے قتات اسے کہتے ہیں جو لوگوں کی خفیہ باتیں سنے، خواہ آگے پہنچائے یا نہ۔ علامہ طیبی نے جو کہا ہے کہ قتات وہ شخص ہے جو بات کرتے وقت جھوٹ بولے اور اسے درست ثابت کرنے کی کوشش کرے اس سے ظاہر ہو رہا ہے کہ قتات بہتان تراشی کو کہا جاتا ہے حالانکہ چغل خوری میں جھوٹ شرط نہیں کیونکہ قتات ایک بات کا فساد اور لڑائی کے ارادے سے دوسری جگہ پہنچاتا ہے۔ اگرچہ وہ سچی ہو۔

[3] یہ اس بات پر دلیل ہے کہ قتات سے مراد چغل خور ہی ہے۔

۴۶۱۱/۱۳ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ فَإِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِيْ إِلَى الْبِرِّ يَهْدِيْ إِلَى الْجَنَّةِ وَمَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَصْدُقُ وَيَتَحَرَّى الصِّدْقَ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللهِ صِدِّيْقًا وَإِيَّاكُمْ وَالْكِذْبَ فَإِنَّ الْكِذْبَ يَهْدِيْ إِلَى الْفُجُوْرِ يَهْدِيْ إِلَى النَّارِ وَمَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَكْذِبُ وَيَتَحَرَّى الْكِذْبَ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللهِ كَذَّابًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ إِنَّ الصِّدْقَ بِرٌّ وَإِنَّ الْبِرَّ يَهْدِيْ إِلَى الْجَنَّةِ وَإِنَّ الْكِذْبَ فُجُوْرٌ وَإِنَّ الْفُجُوْرَ يَهْدِيْ إِلَى النَّارِ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا سچ کو لازم کر لو کیونکہ سچ نیکی کی طرف رہنمائی کرتا ہے اور نیکی جنت میں لے جاتی ہے۔ جب آدمی ہمیشہ سچ بولتا ہے اور سچائی کا متلاشی رہتا ہے یہاں تک کہ اللہ تعالےٰ کے ہاں اسے صدیق لکھ دیا جاتا[1] ہے اور جھوٹ سے بچو۔ کیونکہ جھوٹ بدی کی طرف[2] لے جاتا ہے اور بدی دوزخ میں لے جاتی ہے۔ انسان جھوٹ بولتا رہتا ہے اور جھوٹ کا متلاشی رہتا ہے یہاں تک اللہ تعالےٰ کے ہاں اسے کذاب لکھ دیا جاتا ہے۔ (بخاری ومسلم) اور مسلم کی روایت میں ہے کہ سچائی نیکی ہے اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے اور جھوٹ بدی ہے اور بدی دوزخ میں لے جاتی ہے[3]۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

لہ سچائی کی خاصیت یہ ہے کہ اس سے نیکی کی توفیق نصیب ہوتی ہے یا مراد یہ ہے کہ صدق خود نیکی ہے جیسا کہ دوسری روایت میں آ رہا ہے۔ اب صدق اور ہدایت میں اعتباری فرق ہوگا نہ کہ حقیقی۔

سلہ اس کے لیے صدیقیت کا حکم دے دیا جاتا ہے اور اس کے لیے اس مقام کا ثواب ملتا ہے یا اس کا نام ملاءِ اعلیٰ کے خصوصی دیوان میں لکھ دیا جاتا ہے یا یہ مراد ہے لوگوں کے دلوں میں اس کا وقار پیدا کر دیا جاتا ہے کہ اسے اس صفت کے ساتھ یاد کرتے ہیں اور اپنے ہاں اسے صدیق تصور کرتے ہیں۔ اور اس کی زبان پر اعتماد کرتے ہیں۔ باری تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ لَھُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا (جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے ان کے لیے رحمٰن محبت پیدا کر دیتا ہے۔)

سلہ یہ جھوٹ کی خاصیت ہے۔

سلہ باقی روایت کے الفاظ وہی ہیں۔

۴۶۱۲ وَعَنْ اُمِّ کُلْثُوْمٍ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیْسَ الْکَذَّابُ الَّذِیْ یُصْلِحُ بَیْنَ النَّاسِ وَیَقُوْلُ خَیْرًا وَّیَنْمِیْ خَیْرًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ شخص جھوٹا نہیں جو لوگوں کے درمیان صلح کرائے اور خیر کی بات کرے[1]۔ اور خیر کی بات دوسروں تک پہنچائے[2]۔ (بخاری و مسلم)

لہ وہ ایسی بات کرتا ہے جس سے صلح ہوتی ہے اور جھگڑا ختم ہو جاتا ہے۔ اگرچہ بات جھوٹی ہی کیوں نہ ہو وہ مقامات جہاں جھوٹ بولنا جائز ہے ان میں سے ایک مقام یہ ہے کہ دو مسلمانوں کے درمیان عداوت، لڑائی و دشمنی ختم کرنے کے لیے ایسا کیا جائے۔ دوسرا مقام یہ ہے کہ کسی مسلمان کی جان و مال کی حفاظت کے لیے ہو تیسرا مقام یہ ہے کہ بیوی کو خوش اور راضی کرنے کے لیے مثلاً محبت نہیں رکھتا مگر کہہ دیتا ہے کہ مجھے تیرے ساتھ محبت ہے۔

سلہ ایک شخص کی اچھی باتیں دوسرے تک پہنچائے۔ یہ اس چغل خوری میں نہیں آتا جو منع ہے بلکہ نیت خیر سے کرنا قابل ستائش عمل ہے۔ اہل لغت کے ہاں یَنْمِیْ یا پر زبر، نون ساکن اور یُنَمِّیْ یا پر پیش، نون پر زبر اور میم پر شد ان دونوں میں فرق ہے۔ اول کا معنیٰ ہے خیر و صلاح کے ارادے سے بات نقل کرنا اور دوسرے کا معنیٰ ہے شر و فساد برپا کرنے کے لیے ایسا عمل کرنا ہے۔ صراح میں ہے نَمًا اور نُمُوٌّ کا مطلب خیر اور بھلائی کے لیے بات نقل کرنا ہوتا ہے اور تَنْمِیَہ سے مراد چغل خوری اور برائی کے لیے بات نقل کرنا ہے۔

۴۶۱۳/۱۵ وَعَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَیْتُمُ الْمَدَّاحِیْنَ فَاحْثُوْا فِیْ وُجُوْھِھِمُ التُّرَابَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم منہ پر تعریف[1] کرنے والوں کو دیکھو تو ان کے منہ پر مٹی ڈال دو[2]۔ (مسلم)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ اس سے مراد وہ تعریف کرنے والے ہیں جو اس عمل کو عادت، کاروبار اور روزی کا ذریعہ بناتے ہیں اور حق و باطل مستحق و غیر مستحق کا فرق نہیں کرتے یہ عمل نہایت ہی مذموم ہے کیونکہ ایسی صورت میں وہ مدح میں ضرور کذب کو شامل کریں گے اور ممدوح بھی عُجب (خود بینی) میں مبتلا ہو جائے گا۔

سلہ حَثِیًا ثَرِیٰ کی طرح ہے۔ اس کا معنی مٹی ہے "حَثِیٌّ" بروزن رَمْیٌ کا معنی آتی مٹی ہے جو ہاتھ بھر کر اٹھائی جائے اس کے ماسوا میں بھی مستعمل ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ایسے شخص کو کوئی چیز دینے سے محروم رکھا جائے یا تھوڑی چیز دی جائے جو قلت و حقارت میں خاک کی مثل ہو۔ بعض علماء نے اسے ظاہر پر محمول کیا ہے کیونکہ روایت ہے کہ اس حدیث کے راوی حضرت مقداد رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دربار میں منہ پر تعریف کرنے والے کے منہ پر مٹی بھر کر مٹی پھینکی۔

۴۶۱۴/۱۶ وَعَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ قَالَ اَثْنٰی رَجُلٌ عَلٰی رَجُلٍ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ وَیْلَکَ قَطَعْتَ عُنُقَ اَخِیْکَ ثَلٰثًا مَنْ کَانَ مِنْکُمْ مَادِحًا لَا مُحَالَۃَ فَلْیَقُلْ اَحْسِبُ فُلَانًا وَاللّٰہُ حَسِیْبُہٗ اِنْ کَانَ یُرٰی اَنَّہٗ کَذٰلِکَ وَلَا یُزَکِّیْ عَلَی اللّٰہِ اَحَدًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں کسی کی تعریف کی، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: افسوس تو نے اپنے بھائی کی گردن کاٹ دی۔ تین دفعہ فرمایا تم میں سے جو کسی کی تعریف ضرور کرنا چاہے تو یہ کہے کہ میں فلاں کو ایسا سمجھتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ اس کے حال کی حقیقت کو جانتا ہے[۳]۔ بشرطیکہ وہ اسے ایسا ہی جانتا ہو۔ اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کسی شخص کی پاکیزگی جزم کے ساتھ بیان نہ کرے۔ (بخاری و مسلم)

سلہ آپ نے یہ کلمات تین دفعہ دہرائے، گردن کاٹنے سے مراد کسی کو جسمانی طور پر ذبح اور ہلاک کرنا ہوتا ہے یہاں روحانی ہلاکت کے لیے استعمال ہے کیونکہ کثرت مدح کی وجہ سے ممدوح میں غرور و تکبر کا اندیشہ ہوتا ہے وہ دینا دی ہلاکت تھی تو یہ دینی ہلاکت ہے۔ بعض اوقات دنیوی ہلاکت بھی لازم آجاتی ہے مثلاً مدح سن کر غرور اور تکبر میں مست ہو کر کسی کو قتل کر دیا تو پھر اسے بطور قصاص قتل کر دیا جائے گا، اس کے بعد مدح و تعریف میں اعتدال کا حکم دیتے ہوئے فرمایا۔

سلہ اللہ تعالیٰ حقیقت حال سے آگاہ ہے اور وہ اس کے کردار پر جزا و سزا دینے والا ہے۔

سلہ اسی طرح ہے جس طرح اس نے مدح کی ہے۔ یُرٰی یا پر زبر ہے یا پیش یُظَنُّ کے معنی میں ہے۔

سلہ مدح میں احتیاط کی جائے اور یہ کہے میرا گمان یوں ہے یہ نہ کہے کہ یہ بات یقینی ہے تاکہ علم الٰہی پر حکم کرنا لازم نہ آئے۔

۴۶۱۵/۱۷ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَدْرُوْنَ مَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ غیبت کیا ہے؟

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اَلْغِیْبَةُ قَالُوْا اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ ذِکْرُكَ اَخَاكَ بِمَا یَکْرَهُ قِیْلَ اَفَرَءَیْتَ اِنْ کَانَ فِیْ اَخِیْ مَآ اَقُوْلُ قَالَ اِنْ کَانَ فِیْهِ مَا تَقُوْلُ فَقَدِ اغْتَبْتَهٗ وَاِنْ لَّمْ یَکُنْ فِیْهِ مَا تَقُوْلُ فَقَدْ بَهَتَّهٗ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

وَفِیْ رِوَایَةٍ اِذَا قُلْتَ لِاَخِیْكَ مَا فِیْهِ فَقَدِ اغْتَبْتَهٗ وَاِذَا قُلْتَ مَا لَیْسَ فِیْهِ فَقَدْ بَهَتَّهٗ ۔

صحابہ نے عرض کیا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا: تمہارا اپنے بھائی[2] کو ایسے انداز میں ذکر کرنا جسے وہ ناپسند رکھے، عرض کیا گیا کہ آپ ارشاد فرمائیں کہ اگر میرے[3] بھائی میں وہ عیب موجود ہو جو میں نے بیان کیا ہے فرمایا: تو جو کہتا ہے اگر وہ اس میں ہے تو تو نے اس کی غیبت[4] کی ہے اور اگر اس میں وہ عیب نہیں جو تو کہتا ہے تو یہ تیری طرف سے اس پر بہتان ہے (مسلم) اور ایک روایت[5] میں ہے کہ اگر تو نے اپنے بھائی کا وہ عیب بیان کیا جو اس میں ہے تو تو نے اس کی غیبت کی اور اگر تو نے وہ عیب بیان کیا جو اس میں نہ ہو تو اس پر تو نے بہتان تراشی کی[6]

[1] مراح میں ہے کہ روایۃ دال کے نیچے زیر جاننے کے معنی میں ہے دَرَیْتُ بِہٖ (میں نے اسے جان لیا) لَا اَدْرِیْ (میں نہیں جانتا)

[2] اس کا ایسا وصف و عمل ذکر کرنا جو اسے ناپسند ہو۔

[3] یعنی وہ شخص جس کی میں نے برائی بیان کی ہے۔

[4] کسی کے عیب کو بیان کرنا ہی غیبت ہے۔ اگر وہ عیب اس میں نہیں ہے تو یہ بہتان ہے اس کا گناہ اس کے علاوہ ہے۔

[5] امام مسلم کی دوسری روایت کے یہ الفاظ ہیں۔

[6] غیبت بہت بڑے گناہوں میں سے ہے اور یہ ایسا گناہ ہے جو اکثر لوگوں میں پایا جاتا ہے۔ بہت کم لوگ ہیں۔ جو اس برے عمل سے محفوظ ہیں۔ غیبت کسی کے ایسے عمل کا بیان ہوتا ہے جسے وہ ناپسند کرے خواہ اس کے بدن میں ہو یا عقل میں، دین میں ہو یا اس کے دنیاوی معاملات میں۔ خُلق میں ہو یا مال میں، اولاد میں ہو یا والدین میں، بیوی میں ہو یا خادم میں، کپڑے میں ہو یا رفتار و گفتار میں، شکل میں ہو یا نشست و برخاست میں، حرکت میں ہو یا سکون میں، خندہ روئی میں ہو یا ترش روئی میں یا سختی و تند طبیعت میں، خاموشی میں ہو یا عدم خاموشی میں۔ الغرض جو بھی اس سے متعلق ہے خواہ نقلاً ذکر ہو یا کنایۃً و اشارۃً کی صورت میں، آنکھ و ابرو سے ہو یا سر سے ہو۔ یعنی جس سے کسی کا عیب سمجھا جائے اور غائبانہ ہو یہ غیبت کہلائے گی اور اگر یہ اس کے سامنے کہہ دیا اور اسے ناپسند ہوا تو یہ بے حیائی اور بے شرمی ہے۔ اور یہ بھی نہایت ناپسندیدہ عمل ہے اور غیبت کا کفارہ یہ ہے کہ اگر اس شخص کے علم میں ہے تو اس سے معافی مانگی جائے اور اگر اس کے علم میں نہیں وہ فوت ہو گیا ہے یا کہیں دور رہتا ہے تو ندامت و استغفار کافی ہے۔ باقی معافی مانگنے میں

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

تفصیل ضروری نہیں بلکہ اجمالاً معافی اس طرح کافی ہے کہ میں نے تیری غیبت کی ہے تو معاف کر دے اور اس کے لیے دعا مغفرت کرنا بھی اس کا کفارہ ہے جیسا کہ احادیث میں آیا ہے۔

٤٦١٦ (١٨) وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَجُلًا اِسْتَاْذَنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ائْذَنُوْا لَهٗ فَبِئْسَ اَخُو الْعَشِيْرَةِ فَلَمَّا جَلَسَ تَطَلَّقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ وَجْهِهٖ وَانْبَسَطَ اِلَيْهِ فَلَمَّا انْطَلَقَ الرَّجُلُ قَالَتْ عَائِشَةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قُلْتَ لَهٗ كَذَا وَكَذَا ثُمَّ تَطَلَّقْتَ فِيْ وَجْهِهٖ وَانْبَسَطْتَ اِلَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَتٰى عَاهَدْتِنِيْ فَحَّاشًا اِنَّ شَرَّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَنْ تَرَكَهُ النَّاسُ اِتِّقَاءَ شَرِّهٖ وَفِيْ رِوَايَةٍ اِتِّقَاءَ فُحْشِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک شخص[1] نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حاضری کی اجازت چاہی فرمایا اسے اجازت دے دو یہ مرد قبیلے کا برا آدمی ہے جب وہ بیٹھا تو آپ خندہ پیشانی اور کشادہ روئی سے پیش آئے جب وہ شخص چلا گیا تو حضرت عائشہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ نے اس کے متعلق یہ یہ فرمایا پھر اس کے ساتھ خندہ روئی اور کشادہ پیشانی سے پیش آئے[2] تو آپ نے فرمایا تم نے مجھے فحش گو کب پایا اللہ تعالیٰ کے نزدیک بدترین درجہ پانے والا قیامت کے دن وہ ہوگا جس کے شر سے بچنے کے لیے لوگ اس سے بھاگ جائیں اور ایک روایت میں ہے کہ اس کی فحش گوئی سے بچنے کے لیے۔ (بخاری ومسلم)

لہ اس کا نام عیینہ بن حصن ہے یہ مؤلفۃ القلوب اور جفا پیشہ عرب قبیلوں میں سے ہے اور اپنی قوم میں رئیس اور مقتدا تھا اخلاق سے دور اور اس کے دین و ایمان میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ظاہری حیات میں اور بعد از وصال آثار نقصان ظاہر ہو چکے تھے۔ منقول ہے کہ آپ کے وصال کے بعد اس نے ارتداد کا راستہ اختیار کر لیا سیدنا صدیق اکبر کے دور میں گرفتار ہوا۔ تجدید اسلام کی اور حالت اسلام میں اس دنیا سے رخصت ہوا، کچھ احادیث بھی اس سے مروی ہیں، اس وقت جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور اسلام کا اظہار کیا تھا لیکن وہ حقیقت اسلام کے ساتھ متصف نہ تھا، اور صحیح بخاری کی کتاب التفسیر میں ہے کہ عیینہ بن حصن کے بھائی کا ایک بیٹا تھا جس کا نام حر بن قیس بن حصن تھا اور یہ صاحب علم اور فہم قرآن کے حامل تھے اور یہی سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے ہاں بڑا قریب اور مقام حاصل تھا، ایک دن ابن عیینہ بن حصن اپنے بھتیجے کے پاس آیا اور کہا تجھے اپنے امیر کے پاس تقرب ہے چل کر وہ اسے حضرت عمر کے پاس لے گئے تو ابن عیینہ نے حضرت عمر سے کہا آپ نے ہمیں گراں قدر عطیات نہیں دیئے، اور نہ ہمارے ساتھ انصاف کیا، حضرت عمر کو غصہ آیا، قریب تھا کہ اسے سزا دیتے۔ حر بن قیس نے یہ آیت کریمہ تلاوت کی خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ (معافی دو اور بھلی بات کا حکم دو اور جاہلوں سے اعراض کرو) اور عرض کیا اے امیر المومنین! اس سے درگزر کریں کیونکہ یہ جاہل ہے الغرض یہ اسی طرح کا بیہودہ اور نامنہجار شخص تھا۔

لہ شارحین نے بیان کیا ہے کہ یہ گفتگو حضور علیہ السلام کے الہامات، نبوت اور معجزات میں سے ہے کیونکہ یہ

شیبی خبر ہے جو اس کے حال کے بارے میں تھی اور آخر اس کے آثار کا اظہار اس پر ارتداد کی صورت میں ہوا۔ اس کی مذمت اور اس کے حال کا منکشف کرنا اس لیے تھا تاکہ لوگ اس کو پہچان لیں، فریب اور دھوکہ نہ کھائیں لہٰذا یہ غیبت نہ ہوگی۔ بعض نے کہا ہے کہ وہ اعلانیہ برائی کا ارتکاب کرتا تھا لہٰذا ایسے شخص کے بارے میں مطلع کرنا غیبت نہیں ہوتی

ہے یہ معاملہ کیا ہے کہ اس کے سامنے آپ نے اس کی برائی بیان نہیں فرمائی۔

ہے اس حدیث کے دو معانی بیان کیے گئے ہیں۔ ایک یہ کہ میں نے اس کے سامنے یہ طریقہ اس لیے نہ اپنایا کہ میں ان لوگوں میں شامل نہیں ہوں جن کی فحش گوئی سے لوگ بھاگ جاتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ وہ شخص نہایت شریر تھا تو اس کے شر کے پیش نظر ایسا طریقہ نہ اپنایا۔ دوسری روایت پہلے معنی اور پہلی روایت کے الفاظ دوسرے معنی پر دال ہیں۔

۴۶۱۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ اُمَّتِيْ مُعَافًى اِلَّا الْمُجَاهِرُوْنَ وَاِنَّ مِنَ الْمُجَانَةِ اَنْ يَّعْمَلَ الرَّجُلُ بِاللَّيْلِ عَمَلًا ثُمَّ يُصْبِحُ وَقَدْ سَتَرَهُ اللّٰهُ فَيَقُوْلُ يَا فُلَانُ عَمِلْتُ الْبَارِحَةَ كَذَا وَكَذَا وَقَدْ بَاتَ يَسْتُرُهُ رَبُّهُ وَيُصْبِحُ يَكْشِفُ سِتْرَ اللّٰهِ عَنْهُ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَذُكِرَ حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ فِيْ بَابِ الضِّيَافَةِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میری تمام امت کو عافیت دی جائے گی ماسوائے اعلانیہ گناہ کرنے والوں کے اور بے باکی میں سے یہ بھی ہے کہ رات کو کسی نے کوئی عمل کیا اور صبح کی حالانکہ اللہ تعالیٰ نے اس پر پردہ ڈال دیا تھا۔ وہ کہتا پھرتا ہے کہ اے فلاں! میں نے گزشتہ رات یہ یہ کیا۔ صبح وہ اللہ کا پردہ خود پھاڑ دیتا ہے۔ (بخاری و مسلم) اور حدیث ابوہریرہ کہ جو شخص اللہ پر ایمان لایا باب الضیافۃ میں گزر چکی ہے۔

لہ معافی: اکثر نسخوں میں معافات ہے یعنی ان کی غیبت نہیں کی جائے گی۔

لہ بعض روایات میں مجاہرین ہے۔

لہ مجانۃ جیم پر زبر بے شد نہیں۔ اس کے معنی بے پروائی اور بے خوف ہونا ہے۔

لہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حلم و کرم کی وجہ سے اس کے عمل بد پہ پردہ ڈال دیا۔

لہ اس حدیث سے ثابت ہوا کہ اس شخص کی غیبت حرام ہے جو برائی کرے اور اس کو مخفی رکھے لیکن جو بے حیا ہو کر اعلانیہ برائی کا ارتکاب کرے۔ اس کی برائی بیان کرنا غیبت نہیں کہلاتی۔ کسی شاعر نے اسی سلسلہ میں یوں کہا ہے

سوم پردہ بر بے حیائی متن کہ اوی درد پردہ خویشتن

کسی کی بے حیائی پر پردہ نہ ڈال کیونکہ اس نے اپنا پردہ خود پھاڑ دیا ہے۔

علماء امت نے یہ بھی واضح کر دیا ہے کہ فاسق معلن، ظالم حاکم، بدعت کی طرف داعی کی برائی کا بیان کرنا جائز ہے ظلم و زیادتی کے خلاف فریاد رسی، گواہوں کے تزکیہ اور احادیث کے راویوں کے بارے میں بھی یہ عمل جائز ہے۔ ظلم کی صورت میں صبر افضل ہوتا ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

٢٦١٨ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَكَ الْكِذْبَ[1] وَهُوَ بَاطِلٌ[2] بُنِيَ لَهٗ فِيْ رَبَضِ[3] الْجَنَّةِ وَمَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ وَهُوَ مُحِقٌّ[4] بُنِيَ لَهٗ فِيْ وَسَطِ الْجَنَّةِ وَمَنْ حَسَّنَ خُلُقَهٗ[5] بُنِيَ لَهٗ فِيْ اَعْلَاهَا۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ[6] وَكَذَا فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَفِي الْمَصَابِيْحِ قَالَ غَرِيْبٌ)

دوسری فصل

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جھوٹ[1] ترک کر دے جو کہ باطل[2] چیز ہے تو اس کے لیے جنت کے کنارے[3] گھر بنایا جائے گا اور جو حق[4] پر ہونے کے باوجود لڑائی ترک کر دے اس کے لیے جنت کے درمیان گھر ہو گا اور جس نے اپنے اخلاق[5] اچھے کر لیے اس کے لیے جنت کے اوپر والے حصہ میں گھر بنایا جائے گا۔ (ترمذی نے اسے روایت کر کے کہا کہ یہ حدیث حسن ہے اور شرح السنۃ میں بھی اسی طرح ہے اور مصابیح میں اسے غریب[6] کہا)

[1] کِذب۔ کاف پر زبر، ذال کے نیچے زیر یا کاف کے نیچے زیر اور ذال ساکن۔

[2] یہ قید اس لیے بڑھائی کہ بعض مقامات پر جھوٹ جائز بلکہ مستحب ہے جیسا کہ تعریض کی صورت میں ہوتا ہے اگرچہ ظاہراً جھوٹ ہوتا ہے مگر درحقیقت وہ سچ ہی ہوتا ہے مثلاً سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا بَلْ فَعَلَهٗ كَبِيْرُهُمْ (ان میں سے بڑے بت نے یہ کیا ہے) اسی طرح حالت جنگ میں بشرطیکہ اس میں معاہدے کی خلاف ورزی نہ ہو۔ دو مسلمانوں کے درمیان صلح کروانے کے لیے، کسی مسلمان کی جان اور مال کی حفاظت کے لیے جھوٹ مباح ہے۔

[3] رَبَض، را پر زبر، شہر کے اردگرد دیوار کو کہا جاتا ہے۔

[4] اپنے فضل و شرف اور تواضع و انکساری کے پیش نظر لڑائی سے رک جاتا ہے لیکن یہ اس وقت ہے جب معاملہ غیر دینی ہو اور اس کی خاموشی سے دین کا نقصان نہ ہو۔ حضرت امام شافعی سے منقول ہے کہ میں نے بحث اور مناظرہ کبھی نہیں کیا۔ مگر میں نے اس امر کو محبوب رکھا کہ میرے مد مقابل پر حق واضح ہو جائے۔

[5] یہ تمام فضائل اور کمالات کو شامل ہے، اکثر طور پر اس کا اطلاق نرمی، خندہ پیشانی اور حسن معاشرت پر ہوتا ہے۔

[6] غرابت اور حسن کا معنی مشہور ہے اور ان میں منافات ہے۔ امام ترمذی نے بھی متعدد مقامات پر ان دونوں اصطلاحوں کو جمع کیا ہے اور اس کی توجیہ مقدمہ میں گزر چکی ہے۔

٢٦١٩/٢١ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَدْرُوْنَ مَا اَكْثَرُ مَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم جانتے ہو کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

يُدْخِلُ النَّاسَ الْجَنَّةَ تَقْوَى اللّٰهِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ اَتَدْرُوْنَ مَا اَكْثَرُ مَا يُدْخِلُ النَّاسَ النَّارَ اَلْاَجْوَفَانِ اَلْفَمُ وَالْفَرْجُ ـ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

کونسی چیز زیادہ لوگوں کو جنت[۱] میں لے جائے گی؟ اللہ کا ڈر[۲] اور اچھا خلق اور کیا تم جانتے ہو کہ کونسی چیز اکثر لوگوں کو دوزخ میں لے جائے گی؟ دو خالی چیزیں[۳] منہ اور شرمگاہ[۴] (ترمذی)

[۱] وہ جنت میں درجات کی بلندی اور مقامات عالیہ کا سبب بنے گی یا اس سے مراد یہ ہے کہ جس کے اندر یہ دو صفات ہوں اس کے لیے حکم الٰہی سے جنت میں داخلے کا سبب بن جائیں گی اور ان کا عکس دخول نار کا سبب ہوگا، یا اس سے مراد نبیوں اور صدیقوں کے ساتھ داخلہ ہے کیونکہ دخول جنت کے لیے ایمان شرط ہے، دوسرے اعمال واخلاق شرط نہیں۔

[۲] تقویٰ تمام مامورات کے بجالانے اور تمام ممنوعات سے بچنے کا نام ہے اس حوالے سے حسن اخلاق بھی اس میں شامل ہے پھر دوبارہ ذکر، تعمیم کے بعد تخصیص ہے۔ یا تقویٰ سے مراد ظاہری اعمال اور حسن اخلاق سے مراد باطنی اعمال ہیں۔ علامہ طیبی کہتے ہیں کہ تقویٰ سے خالق کے ساتھ حسن معاملہ اور حسن خلق سے مخلوق کے ساتھ حسن معاملہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ اکثریت کی قید کی حکمت یہ ہے کہ بعض ایسے لوگ جن میں دونوں صفات نہ ہوں گی وہ صرف اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت سے یہ مقام حاصل کرلیں گے اور درجات بھی حاصل کرلیں گے۔

[۳] اس میں زبان بھی شامل ہے یعنی حرام کھانا اور پینا اور بیہودہ گفتگو کرنا۔

[۴] کیونکہ اکثر طور پر مردوزن کی عقلیں، شہوتوں کی وجہ سے مغلوب ہوجاتی ہیں یہاں ظاہر تقویٰ اللہ وحسن خلق کے مقابلے میں معصیت اللہ اور سوء خلق کہنا چاہیے تھا مگر مقصد دوزخ میں جانے کے اقویٰ اسباب کا بیان ہے کہ یہ دخول دوزخ کے لیے کافی ہیں اس وقت اکثریت کا معنی زیادہ ظاہر ہے۔

۴۶۲۰ - ۲۲
وَعَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَعْلَمُ مَبْلَغَهَا يَكْتُبُ اللّٰهُ لَهُ بِهَا رِضْوَانَهُ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَاهُ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنَ الشَّرِّ مَا يَعْلَمُ مَبْلَغَهَا يَكْتُبُ اللّٰهُ بِهَا عَلَيْهِ سَخَطَهُ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَاهُ ـ

رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَرَوٰى مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ نَحْوَهُ

حضرت بلال بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص اچھا کلمہ کہہ دیتا ہے حالانکہ وہ نہیں جانتا کہ وہ کہاں تک پہنچے گا[۱] اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کے لیے اپنی رضا اس دن[۲] تک لکھ دیتا ہے جو ملاقات کا دن ہے اور ایک آدمی بری بات کہہ دیتا ہے اور اسے نہیں پتہ کہ وہ کہاں تک پہنچے گی[۳] اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کے لیے ناراضگی لکھ دیتا ہے ملاقات کے دن تک۔

(شرح السنۃ) امام مالک، ترمذی اور ابن ماجہ نے

اس سے ہم معنی روایت کی ہے۔

سلہ یہ صحابی ہیں، ان کی کنیت ابوعبدالرحمن ہے۔ مُزنی اور مدنی ہیں ہجرت کے پانچویں سال مزینہ کے وفد کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ کی ظاہری حیات میں مقام فرع کے گورنر رہے۔ یہ مقام مدینہ طیبہ سے پانچ دن کی مسافت پر ہے۔ فتح مکہ کے روز مزینہ کا پرچم ان کے ہاتھ میں تھا۔ اسی سال کی عمر میں ساٹھ ہجری میں ان کا وصال ہوا۔

سلہ متکلم نہیں جانتا تھا کہ اس بات کی اللہ تعالیٰ کے ہاں کیا قدر و منزلت ہے؟ وہ اسے معمولی سمجھتا رہا مگر وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں عظیم تھی۔

سلہ یعنی اس کے آثار و آخرت میں ظہور پذیر ہوں گے۔ یہ معنی نہیں کہ ملاقات کے روز اس کے آثار ہوں گے اور بعد میں ان کا انقطاع ہو جائے گا کیونکہ اس کا مقابل عذاب الٰہی ہمیشہ کے لیے ہے۔ سفیان بن عیینہ کے نزدیک اس کلمہ سے مراد ظالم و جابر حاکم کے سامنے کلمہ حق کہنا ہے۔ ابن عبدالبر کہتے ہیں کہ مجھے علم نہیں کہ کسی شخص نے اس تفسیر کے ساتھ اختلاف کیا ہو۔ اسی پر قیاس کرتے ہوئے کلمہ شر سے مراد وہ باطل کلمہ ہے جو حاکم کے ہاں دین کو نقصان پہنچانے والا ہو۔ ظاہر حدیث سے عموم معلوم ہوتا ہے کہ کوئی بھی کلمہ ہو۔

۴۶۲۱ — وَعَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيْلٌ لِمَنْ يُحَدِّثُ فَيَكْذِبُ لِيُضْحِكَ بِهِ الْقَوْمَ وَيْلٌ لَهُ وَيْلٌ لَهُ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت بہز بن حکیم[سلہ] اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص بات کرتے وقت لوگوں کو ہنسانے کے لیے جھوٹ بولے اس کے لیے[سلہ] تباہی ہے اس کے لیے تباہی ہے اس کے لیے تباہی ہے[سلہ]۔ (امام احمد، ترمذی، ابوداؤد، دارمی)

سلہ بہز، بائے پر زبر ہا ساکن، ثقہ تابعی ہے، یہ اپنے والد حکیم بن معاویہ سے روایت کرتے ہیں جو حسن الحدیث ہیں اور وہ اپنے جد معاویہ بن حیدہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں جو صحابی ہیں۔ حیدہ حا پر زبر، یا ساکن ہے۔ بہز کے بارے میں بعض محدثین اختلافی رائے رکھتے ہیں۔ بخاری و مسلم نے اپنی صحیحین میں ان سے روایت نہیں لی۔

سلہ ویل ہلاکت و سختی کے معنی میں ہے (کذا فی اللمعات)

سلہ فیکذب (جھوٹ بولے) یہ قید بتا رہی ہے کہ اگر بعض اوقات دوست و احباب کی تفریح اور انہیں خوش کرنے کے لیے کچی بات کہی جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہاں اسے عادت نہیں بنا لینا چاہیے۔ ایسا مزاح جس میں جھوٹ نہ ہو اگرچہ مشروع و مستحسن ہے مگر کبھی کبھی ہونا چاہیے، نہ کہ ہمیشہ۔ اور مطمح نظر اور مقصود کسی کو ستانا ہی نہ ہو جیسا کہ آئندہ حدیث میں آرہا ہے۔

۴۶۲۲ — وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ لَيَقُوْلُ الْكَلِمَةَ لَا يَقُوْلُهَا اِلَّا لِيُضْحِكَ بِهِ النَّاسَ يَهْوِيْ بِهَا اَبْعَدَ مِمَّا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَاِنَّهٗ لَيَزِلُّ عَنْ لِّسَانِهٖ اَشَدَّ مِمَّا يَزِلُّ عَنْ قَدَمِهٖ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ).

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی شخص اس لیے بات کرتا ہے کہ لوگوں کو ہنسائے تو اس کی وجہ سے وہ آسمان و زمین کے فاصلہ سے زیادہ نیچے گر جاتا ہے[1] اور قدم کے[2] پھسلنے سے زیادہ زبان سے پھسل جاتا ہے۔[3] (بیہقی شعب الایمان)

۱؎ دوزخ کی طرف گر جاتا ہے۔

۲؎ بعض شارحین کے نزدیک معنی یہ ہے کہ وہ شخص خیر و رحمت کے مقام سے اتنی دور ہو جاتا ہے دونوں کا مطلب ایک ہی ہے۔

۳؎ کیونکہ اگر کسی مقام پر قدم پھسل جاتا ہے تو اس سے جسم کے کسی حصہ کو نقصان ہوگا اور زبان کے پھسلنے سے ایمان کی جگہ کفر آ جاتا ہے جس کی وجہ سے انسان دوزخ کا مستحق ہو جاتا ہے۔ منقول ہے کہ ایک شخص کو اطلاع دی گئی کہ تیرا بیٹا گر گیا ہے انہوں نے پوچھا وہ کہاں سے گرا ہے؟ کہا گیا دیوار سے۔ فرمایا! الحمد للہ دیوار سے گرا ہے دل سے تو نہیں گرا۔

۴۶۲۳/۲۵ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَمَتَ نَجَا (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو خاموش رہا[1] نجات پا گیا۔ (احمد، ترمذی، دارمی، بیہقی، شعب الایمان)[2]

۱؎ جو شخص بری باتوں سے خاموش رہا اس نے دنیا و آخرت کی آفات سے نجات پالی کیونکہ اکثر مصیبتیں جو انسان کو لاحق ہوتی ہیں وہ زبان ہی کی وجہ سے ہوتی ہیں جیسا کہ کتاب الایمان میں بیان ہو چکا ہے۔

۲؎ امام غزالی فرماتے ہیں کہ گفتگو کی چار قسمیں ہیں۔ مضر، مفید، مضر بھی مفید بھی، نہ مضر نہ مفید جس میں محض نقصان ہے اس سے ہمیشہ پرہیز لازم ہے اور وہ کلام جو مفید بھی ہے اور نقصان دہ بھی اس سے بھی پرہیز کیا جائے کیونکہ نقصان کو دور کرنا فائدہ حاصل کرنے سے بہتر ہے اور جس میں نہ نفع ہو اور نہ نقصان ایسی گفتگو کرنا وقت کا ضیاع ہے جو سراسر گھاٹا ہے اب وہی قسم جس میں نفع ہی نفع ہے۔ اس میں بھی خوف و خطر ہے کہ کہیں اس میں ریا، طمع کا شائبہ اپنے نفس کی بڑائی اور پاکیزگی کا اظہار اور بے فائدہ کلام شامل نہ ہو جائے اور اس میں امتیاز مشکل ترین معاملہ ہے۔ لہٰذا خاموشی ہر حال میں بہتر ہوتی ہے ہاں حسب ضرورت کلام کرنا چاہیے۔

۴۶۲۴/۲۶ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ لَقِيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ مَا النَّجَاةُ فَقَالَ اَمْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ وَلْيَسَعْكَ بَيْتُكَ وَابْكِ عَلٰى خَطِيْئَتِكَ۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ نجات کیسے ہوگی؟ فرمایا زبان کو قابو[1] رکھو تمہارے لیے تمہارا[2] گھر کافی ہے اور اپنے گناہوں پر آنسو

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ)

بہایا کرو۔ (احمد، ترمذی)

۱؎ دنیا و آخرت میں نجات کا سبب کیا ہے۔

۲؎ زبان وہاں کھولو جس میں فائدہ ہی ہو نقصان نہ ہو۔ بعض شارحین نے کہا ہے کہ زبان کا وبال تم پر آتا ہے لہٰذا اس پر نگاہ رکھو کہ تم نقصان سے بچ جاؤ اور جہاں تمہارا نفع ہو وہاں زبان کھولو گویا اسے اپنا غلام و مملوک بنا لو۔ اس تقریر کی صورت میں لفظ اِمْلِکْ ہمزہ پر کسرہ ہوگی اور یہ ثلاثی مجرد کا صیغہ ہوگا اور اس کی غایت یہ ہے کہ لفظ "علیک" جو مذکر کے لیے آتا ہے اس کی بہتر توجیہ ہو جائے۔ مجمع البحار میں تصریح ہے کہ یہ ثلاثی مجرد سے امر کا صیغہ ہے۔ اور بعض نسخوں میں اس لفظ کے ہمزہ پر زبر کو صحیح قرار دیا گیا۔ اس صورت میں یہ اَمْلَاکٌ سے ہوگا اور اس کا معنی واضح نہیں کیونکہ املاک بمعنی تملیک کرنا ہے جیسا کہ قاموس میں ہے۔ بعض حواشی میں ہے کہ یہ ثلاثی مجرد سے ہے اور ہمزہ کے نیچے زیر ہے اور زبر اس پر بیٹر ظاہر ہے۔

۳؎ اپنے گھر بیٹھ کر اپنے مولیٰ کی بارگاہ کی طرف متوجہ ہو۔

۴۷۲۵ — ۲۷ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ رَفَعَہٗ قَالَ اِذَا اَصْبَحَ ابْنُ اٰدَمَ فَاِنَّ الْاَعْضَاءَ کُلَّھَا تُکَفِّرُ اللِّسَانَ فَتَقُوْلُ اتَّقِ اللہَ فِیْنَا فَاِنَّا نَحْنُ بِکَ فَاِنِ اسْتَقَمْتَ اِسْتَقَمْنَا وَاِنِ اعْوَجَجْتَ اِعْوَجَجْنَا۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابو سعید سے مرفوعًا روایت ہے کہ انسان صبح کرتا ہے تو اس کے تمام اعضا زبان کے سامنے[۱] عاجزی کے ساتھ کہتے ہیں کہ ہمارے بارے میں اللہ تعالیٰ کا خوف[۲] کر۔ ہم تیرے ساتھ ہیں۔ اگر سیدھی رہی تو ہم سیدھے اگر تم ٹیڑھی ہوگی تو ہم بھی ٹیڑھے ہو جائیں گے۔ (ترمذی)[۳]

۱؎ تکفیر خضوع اور عاجزی کے ساتھ اس شخص کی تعظیم کرنا جو اس کا خواہش مند ہو۔ (کذا فی القاموس)

۲؎ ہمارا خیال رکھ اور ہمارے لیے خاموش رہ۔

۳؎ اگر یہ کہا جائے کہ مدار و مرکز تو دل ہے۔ اگر وہ صالح ہے تو تمام اعضاء صالح اور وہ فاسد ہو گیا تو تمام اعضا فاسد جیسا کہ حدیث میں آیا ہے اِنَّ فِی الْجَسَدِ مُضْغَۃً اِذَا صَلَحَتْ صَلَحَ الْجَسَدُ کُلُّہٗ وَاِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ کُلُّہٗ (جسم میں گوشت کا ایک ٹکڑا ہے۔ اگر وہ صحیح ہو تو تمام جسم صحیح اور اگر وہ فاسد ہو گیا تو تمام جسم بیمار) اس کا جواب یہ ہے کہ زبان دل کی ترجمان اور اس کی خلیفہ ہے لہٰذا زبان کا حکم دل والا ہی ہے۔ دل جو سوچتا ہے زبان وہی کہتی ہے اور اعضاء وہی کرتے ہیں۔

۴۷۲۶ — ۲۸ وَعَنْ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْکُہٗ مَا لَا یَعْنِیْہِ۔ (رَوَاہُ مَالِکٌ وَاَحْمَدُ وَرَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ وَ

حضرت علی بن حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بندے کے اسلام[۱] کا حسن یہ ہے کہ وہ کام چھوڑ دے جو بے فائدہ ہو۔ (مالک، احمد[۲]، ابن ماجہ نے ابوہریرہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ عَنْهُمَا) — سے اور ترمذی بیہقی نے شعب الایمان میں دونوں سے روایت کی ہے۔)

سلہ ایمان کا کمال یہ ہے کہ انسان اس کام اور عمل سے تعلق نہ رکھے جس سے اس کی کوئی غرض متعلق نہیں اور اس میں اس کا کوئی فائدہ اور نفع نہیں، آدمی کو وہ کام کرنا چاہیے جس کا اس کی زندگی کے ساتھ تعلق ہو خواہ وہ معاشی و دنیوی معاملہ ہو یا اخروی نجات کا ذریعہ ہو نہ معاشی معاملات سے جو متعلق ہیں مثلاً اتنا طعام جس سے پیٹ سیر ہو جائے اتنا پانی کہ پیاس بجھ سکے، اتنا کپڑا جس سے ستر چھپایا جا سکے اور بیوی جس کی وجہ سے شرمگاہ کی حفاظت ہو اور اس کی مثل جس سے حاجت و محتاجی ختم ہو، اس سے مراد محض لذت حاصل کرنا، عیاشی، کثرت کا حصول اور فضول اقوال و افعال نہیں اور وہ معاملات جو اخروی ہیں وہ ایمان و احسان ہیں جن کا بیان کتاب الایمان میں ہو چکا ہے۔

سلہ یہ روایت امام مالک اور امام احمد نے حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہما سے کی ہے۔

۴۶۲۷/۲۹ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ تُوُفِّيَ رَجُلٌ مِنَ الصَّحَابَةِ فَقَالَ رَجُلٌ أَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوَلَا تَدْرِيْ فَلَعَلَّهُ تَكَلَّمَ فِيْمَا لَا يَعْنِيْهِ أَوْ بَخِلَ بِمَا لَا يَنْقُصُهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ ایک صحابی فوت ہو گئے تو ایک شخص نے کہا تجھے جنت مبارک ہو۔ رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تمہیں کیا خبر اس نے کوئی بے فائدہ بات کہی ہو یا کم نہ ہونے والی چیز میں بخل کیا ہو۔ (ترمذی)

سلہ کیونکہ تو نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صحبت پائی ہے۔

سلہ تم بشارت تو دے رہے ہو مگر حقیقت حال سے آگاہ نہیں ہو۔

سلہ مثلاً علم کی تعلیم نہ دی، مال سے زکوٰۃ نہ دی حالانکہ ان دونوں سے علم و مال میں اضافہ ہوتا ہے یعنی تم نے کیسے یقین کر لیا کہ یہ جنتی ہی ہے؟ ممکن ہے لایعنی بات اور بخل وغیرہ کی وجہ سے اسے سوال و جواب اور جرح سے گزرنا پڑے اور اتنا جلدی جنت میں داخل نہ ہو۔

۴۶۲۸/۳۰ وَعَنْ سُفْيَانَ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا أَخْوَفُ مَا تَخَافُ عَلَيَّ فَقَالَ فَأَخَذَ بِلِسَانِ نَفْسِهٖ وَقَالَ هٰذَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهُ)

حضرت سفیان بن عبد اللہ ثقفی بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں عرض کی یا رسول اللہ سب سے خطرناک کونسی چیز ہے۔ جو آپ مجھ میں محسوس کرتے ہیں راوی کہتے ہیں کہ آپ نے اپنی زبان مقدس کو پکڑ کر فرمایا یہ۔ (ترمذی نے روایت کر کے اسے صحیح قرار دیا)

سلہ یہ صحابی اہل طائف میں سے ہیں بعض کی رائے یہ ہے کہ اہل بصرہ میں سے ہیں اور طائف پر سیدنا عمر نے ان کو گورنر مقرر فرمایا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ــــــــ وہ کونسی چیز ہے جس کا شر آپ مجھ میں محسوس فرماتے ہیں۔

ــــــــ یہ وہ چیز ہے جس کے شر کا میں تم پر خوف رکھتا ہوں۔

ــــــــ آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ وہ زبان ہے بلکہ اپنی مقدس زبان پکڑی اور اس کی طرف اشارہ فرمایا کیونکہ محسوس کے ساتھ اشارہ مقصود میں معاون ہوتا ہے۔ سائل کی زبان نہ پکڑی کیونکہ اس میں تکلف تھا اور اس میں اشارہ تھا کہ ہر زبان کا یہی معاملہ ہے مگر وہ زبان جس کی حفاظت و عصمت کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ نے لی ہو۔ اگر آپ سائل کی زبان پکڑتے تو وہم ہو سکتا تھا کہ شاید یہ اس کے ساتھ مخصوص ہے۔

٤٦٢٩ (٣١) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَذَبَ الْعَبْدُ تَبَاعَدَ عَنْهُ الْمَلَكُ مِيْلًا مِّنْ نَّتْنِ مَا جَاءَ بِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی شخص جھوٹ بولتا ہے تو اس جھوٹ کی بدبو کی وجہ سے فرشتہ ایک میل دور ہو جاتا ہے۔ (ترمذی)

ــــــــ صراح میں ہے کہ نتن بدبو کو کہتے ہیں۔ قاموس میں ہے کہ نتن، فوح کی ضد ہے۔ اور فوح اور ریح خوشبو کو کہا جاتا ہے۔ اور نتن سے مراد بدبو کا پراگندہ ہونا ہے۔

٤٦٣٠ (٣٢) وَعَنْ سُفْيَانَ بْنِ اَسِيْدِ الْحَضْرَمِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ كَبُرَتْ خِيَانَةً اَنْ تُحَدِّثَ اَخَاكَ حَدِيْثًا هُوَ لَكَ بِهٖ مُصَدِّقٌ وَّاَنْتَ بِهٖ كَاذِبٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت سفیان بن اسید حضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا یہ بڑی خیانت ہے کہ تم اپنے بھائی سے ایک بات کہو جس میں وہ تمہیں سچا جانے لیکن تم اس سے جھوٹ بول رہے ہو۔ (ابوداؤد)

ــــــــ اسید اکثر کی رائے کے مطابق ہمزہ پر زبر اور سین کے نیچے زیر ہے اور ہمزہ پر پیش اور سین پر زبر بھی آیا ہے اسید کے بجائے اسد بھی پڑھا گیا ہے، یہ صحابی اہل شام میں سے ہیں۔

ــــــــ وہ تیری بات پر اعتماد و وثوق کر رہا ہے۔

ــــــــ جھوٹ بولنا ہمیشہ اور ہر جگہ برا ہے مگر ایسے مقام پر تو نہایت ہی بدتر ہے۔

٤٦٣١ (٣٣) وَعَنْ عَمَّارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ ذَا وَجْهَيْنِ فِي الدُّنْيَا كَانَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لِسَانَانِ مِنْ نَّارٍ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص دنیا میں دو منہ رکھتا ہے آخرت میں اس کی دو زبانیں آگ سے ہوں گی۔ (دارمی)

ــــــــ ہر گروہ سے نفاق کرتے ہوئے یوں محسوس کرواتا ہے کہ ان میں سے ہوں۔

٤٦٣٢ (٣٤) وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

صلی اللہ علیہ وسلم لیس المؤمن بالطعان ولا باللعان ولا الفاحش ولا البذی (رواہ الترمذی والبیہقی وفی اخری لہ ولا الفاحش البذی وقال الترمذی ھذا حدیث غریب)

کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مومن طعنہ[1] دینے والا، لعنت کرنے والا[2] فحش گو[3] اور بے حیا[4] نہیں ہوتا (ترمذی بیہقی اور ان کی دوسری روایت میں ہے کہ نہ فحش گو بے حیا، امام ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۱؎ لوگوں کی آبرو پر طعن نہیں کرتا۔

۲؎ مومن کے لیے ایسی دعائیں کرتا جو اسے اللہ تعالیٰ کی رحمت اور نیکی سے دور لے جائے۔

۳؎ اور نہ برائی میں حد سے تجاوز کرتا ہے۔ قاموس میں فاحش کا معنی بخیل ہے اور صراح میں بیہودہ کہنا مراد لیا ہے۔

۴؎ بذی، بار پر زبر اور ذال کے نیچے زیر اور یا پر شد ہے اور ہمزہ بھی آتا ہے۔ (بذیئ)

۴۶۳۳/۲۵ وعن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یکون المؤمن لعانا وفی روایۃ لا ینبغی للمؤمن ان یکون لعانا۔ (رواہ الترمذی)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن لعنت کرنے والا[1] نہیں ہوتا اور دوسری روایت میں ہے کہ مومن کے لیے مناسب نہیں کہ لعنت کرنے والا ہو۔ (ترمذی)

۱؎ مومن کی عادت اور طریقہ یہ نہیں ہے۔

۴۶۳۴/۲۶ وعن سمرۃ بن جندب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تلاعنوا بلعنۃ اللہ ولا بغضب اللہ ولا بجھنم وفی روایۃ ولا بالنار۔ (رواہ الترمذی وابوداؤد)

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی لعنت سے لعنت[1] نہ کرو اور نہ اللہ کے غضب[2] اور دوزخ[3] سے اور ایک روایت میں ہے نہ آگ سے۔ (ترمذی وابوداؤد)

۱؎ یہ نہ کہو کہ تجھ پر خدا کی لعنت۔

۲؎ یہ نہ کہو کہ تجھ پر اللہ کا غضب ہو۔

۳؎ کسی شخص کے لیے دوزخ کی دعا نہ کرو۔

۴۶۳۵/۲۷ وعن ابی الدرداء قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان العبد اذا لعن شیئا صعدت اللعنۃ الی السماء فتغلق ابواب السماء دونھا ثم تھبط الی الارض فتغلق

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جب کوئی بندہ کسی شے[1] پر لعنت کرتا ہے تو وہ آسمان کی طرف چلی جاتی ہے، آسمان کے دروازے اس کے لیے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَبْوَابُھَا دُوْنَھَا ثُمَّ تَاْخُذُ یَمِیْنًا وَّ شِمَالًا فَاِذَا لَمْ تَجِدْ مَسَاغًا رَجَعَتْ اِلَی الَّذِیْ لُعِنَ فَاِنْ کَانَ لِذٰلِکَ اَھْلًا وَّاِلَّا رَجَعَتْ اِلٰی قَائِلِھَا۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

بند کر دیے جاتے ہیں پھر وہ زمین کی طرف لوٹتی ہے۔ زمین کے دروازے[2] بھی بند کر دیے جاتے ہیں پھر وہ دائیں اور بائیں گردش کرتی ہے جب کوئی گنجائش[3] نہیں پاتی تو وہ اس کی طرف لوٹتی ہے جس پر وہ کی گئی۔ اگر وہ مستحق تھا تو ٹھیک ورنہ لوٹ کر بکنے والے کی طرف[4] آجاتی ہے۔

(ابوداؤد)

[1] خواہ وہ بندہ ہو یا کوئی اور چیز۔

[2] یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ آسمانوں کی طرح زمین کے بھی دروازے ہیں۔

[3] مَسَاغًا جانے کی جگہ۔

[4] یعنی لعنت ابتداءً ہی اس کی طرف نہیں لوٹ آتی بلکہ وہ پہلے باہر اوپر نیچے جاتی ہے جب اس کو دشواری پیش آتی ہے تو پھر وہ اس کی طرف متوجہ ہوتی ہے جس پر یہ کی گئی تھی اگر وہ اس کا اہل یا مستحق نہیں تھا تو پھر وہ لوٹ کر اپنے قائل کی طرف آجاتی ہے گویا جب تک اس بات کا یقین نہ ہو کہ وہ لعنت کا مستحق ہے اس وقت تک کسی پر لعنت نہ کی جائے اور اس بات کا یقین سوائے شارع علیہ السلام کے کسی کو نہیں ہو سکتا۔

۴۶۳۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا نَازَعَتْہُ (۳۸) الرِّیْحُ رِدَآءَہٗ فَلَعَنَھَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَلْعَنْھَا فَاِنَّھَا مَاْمُوْرَۃٌ وَّاِنَّہٗ مَنْ لَعَنَ شَیْئًا لَیْسَ لَہٗ بِاَھْلٍ رَجَعَتِ اللَّعْنَۃُ عَلَیْہِ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص کی چادر ہوا نے اڑا دی اس نے ہوا پر لعنت کی۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہوا پر لعنت نہ کرو کیونکہ وہ تو حکم کے تابع[1] ہے اور جو ایسی چیز پر لعنت کرے جو اس کے مستحق نہ ہو تو وہ لوٹ کر اسی پر آجاتی ہے۔

(ترمذی)

[1] اس کے بھیجنے کی متعدد حکمتیں ہوتی ہیں۔ کیا بندہ اس سے تنگ آتا ہے۔ یا اسے ناپسند کرتا ہے یا کیونکہ یہ چیزیں عبودیت و استقامت کے منافی ہیں۔ بلکہ ہر مصیبت و حادثہ میں اس کا ادب و خیال رکھنا ضروری ہے کہ ایسے احوال میں انسان دل و جان سے راضی رہے اور زبان کو خاموش رکھے اور اگر دل میں بشریت کی کمزوری کی وجہ سے کوئی تبدیلی آئے تب بھی زبان کی حفاظت کرے۔

۴۶۳۷ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ (۳۹) اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یُبَلِّغُنِیْ اَحَدٌ مِّنْ اَصْحَابِیْ عَنْ اَحَدٍ شَیْئًا فَاِنِّیْ اُحِبُّ اَنْ اَخْرُجَ اِلَیْکُمْ وَاَنَا سَلِیْمُ الصَّدْرِ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے کسی کی طرف سے کوئی صحابی کوئی بات[1] نہ پہنچائے میں چاہتا ہوں کہ تمہارے پاس صاف[2] سینے سے کر آؤں[3]۔

(ابوداؤد)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱۰ لا یبلغنی فعل مضارع پر پیش اور جزم دونوں پڑھے جا سکتے ہیں۔

۲ کسی کی کوتاہی، فعل بد، عادت بد، اس نے یہ کیا، یا اس نے یہ کہا، فلاں اس طرح کہہ رہا تھا۔

۳ میرے سینے میں کسی کے بارے میں کوئی رنج، ملال اور ناراضگی نہ ہو۔

۴ اس میں یہ تعلیم ہے کہ امراء کے پاس بلکہ کسی بھی شخص کے پاس کسی کی بات اس لیے نہیں پہنچانی چاہیے کہ وہ اس سے ناراض ہو جائے اور ان دونوں میں عداوت و کینہ پیدا ہو جائے۔

۴۸۳۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَسْبُكَ مِنْ صَفِيَّةَ كَذَا وَكَذَا تَعْنِيْ قَصِيْرَةً فَقَالَ لَقَدْ قُلْتِ كَلِمَةً لَوْ مُزِجَ بِهَا الْبَحْرُ لَمَزَجَتْهُ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ صفیہ سے آپ کے لیے یہ کافی ہے وہ ایسی ہے وہ ایسی ہے یعنی پست قد، آپ نے فرمایا تو نے ایسا کلمہ کہا کہ اگر سمندر میں ملا دیا جائے تو اسے متغیر کر دے گا۔ (احمد، ترمذی، ابوداؤد)

۱ یعنی ان کے عیب شمار کیے۔

۲ حضرت عائشہ کا مقصد آپ کی خدمت اقدس میں حضرت صفیہ کی عیب گوئی تھا وہ چونکہ پست قد تھیں اس لیے سیدہ عائشہ نے چاہا کہ آپ کے سامنے اس کا ذکر کروں حضور علیہ السلام کو یہ عیب جوئی ناپسند آئی۔

۳ یہ تیری بات اتنی بڑی ہے کہ سمندر اس سے متغیر ہو جائے، اب تیرے اعمال کا کیا حال ہوگا۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ بقصد تحقیر کسی کا یہ عیب بیان کرنا کہ وہ چھوٹے قد کا ہے یہ بھی غیبت ہے۔

۴۸۳۹ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كَانَ الْفُحْشُ فِيْ شَيْءٍ إِلَّا شَانَهُ وَمَا كَانَ الْحَيَاءُ فِيْ شَيْءٍ إِلَّا زَانَهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس شے میں بے حیائی ہوا سے وہ عیب دار کر دیتی ہے اور جس شے میں حیا ہو وہ اسے زینت دیتی ہے۔ (ترمذی)

۱ فحش کا استعمال عام طور پر گفتگو کے لیے ہوتا ہے۔

۴۸۴۰ وَعَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ مُعَاذٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَيَّرَ أَخَاهُ بِذَنْبٍ لَمْ يَمُتْ حَتّٰى يَعْمَلَهُ يَعْنِيْ مِنْ ذَنْبٍ قَدْ تَابَ مِنْهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ لِأَنَّ)

حضرت خالد بن معدان حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے کسی گناہ پر اپنے بھائی کو عار دلائی تو وہ اس وقت تک نہیں مرے گا جب تک وہ گناہ نہ کر لے یعنی وہ گناہ جس سے وہ توبہ کر چکا ہے (ترمذی) امام ترمذی نے روایت کر کے کہا یہ حدیث غریب ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

خَالِدًا اَحَدٌ لَمْ یُدْرِكْ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ

اور اس کی سند متصل نہیں کیونکہ خالد نے حضرت معاذ بن جبل کو نہیں پایا۔

لہ یہ تابعی اور بہت بڑے مجتہد ہیں انہوں نے ستر صحابہ کی زیارت کی۔ اہل شام ہیں سے نہایت ثقہ ہیں۔ اتنے مخلص کہ سوتے وقت چالیس ہزار مرتبہ تسبیح پڑھتے تھے۔

لہ اس کے کئے ہوئے گناہ پر سرزنش کرتا ہے۔

لہ اگر اس نے توبہ نہیں کی ابھی تک اس گناہ میں گرفتار ہے تو اسے گناہ سے باز کرنے کے لیے نصیحت و سختی کرے مگر بطور تکبر و تحقیر نہ ہو بلکہ اس سے مقصود نصیحت ہو یہ تفسیر امام احمد بن حنبل سے منقول ہے۔

۴۶۳۱ وَعَنْ وَاثِلَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تُظْهِرِ الشَّمَاتَةَ لِاَخِیْكَ فَیَرْحَمُهُ اللّٰهُ وَیَبْتَلِیْكَ۔

رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ

حضرت واثلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے بھائی کو مصیبت میں دیکھ کر خوش نہ ہو کیونکہ ممکن ہے اللہ تعالیٰ اس پر رحم کردے اور تمہیں مبتلا فرما دے۔ (ترمذی نے اسے روایت کیا اور کہا یہ حدیث حسن اور غریب ہے۔)

لہ حضرت واثلہ بن الاسقع صحابی ہیں اور اصحاب صفہ میں سے ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

لہ اسی دشمنی کی بنا پر جو تجھے اس کے ساتھ ہے۔

۴۶۳۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا اُحِبُّ اَنِّیْ حَكَیْتُ اَحَدًا وَاَنَّ لِیْ كَذَا وَكَذَا

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَصَحَّحَهٗ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں کسی کے طریقے پر چلنا پسند نہیں کرتا اگرچہ مجھے اتنا کچھ ملے۔ (ترمذی نے اسے روایت کر کے اسے صحیح قرار دیا۔)

لہ میں کسی کی حرکات و سکنات، افعال و طریقوں میں تقلید پسند نہیں کرتا۔

لہ اس سے مراد دنیا کی دولت ہے، کسی کی بطریق تمسخر و اہانت حکایت کرنا یہ بھی غیبت میں شامل ہے۔

۴۶۴۳ وَعَنْ جُنْدُبٍ قَالَ جَاءَ اَعْرَابِیٌّ فَاَنَاخَ رَاحِلَتَهٗ ثُمَّ عَقَلَهَا ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَصَلّٰی خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا سَلَّمَ اَتٰی رَاحِلَتَهٗ فَاَطْلَقَهَا ثُمَّ رَكِبَ ثُمَّ نَادٰی اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ وَمُحَمَّدًا وَلَا تُشْرِكْ فِیْ رَحْمَتِنَا اَحَدًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَتَقُوْلُوْنَ

حضرت جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک اعرابی آیا اس نے اونٹ بٹھایا پھر اسے باندھا پھر مسجد میں آ کر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اقتدا میں نماز ادا کی اس نے سلام پھیرا۔ اپنی سواری کو کھولا اور اس پر سوار ہو گیا پھر اس نے یہ دعا کی اے اللہ مجھ پر اور محمد مصطفیٰ پر رحم فرما اور ہماری رحمت میں کسی اور کو شریک نہ فرما۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تمہاری کیا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

هُوَ اَضَلُّ اَمْ بَعِيْرُهٗ اَلَمْ تَسْمَعُوْا اِلٰى مَا قَالَ قَالُوْا بَلٰى (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) وَذُكِرَ حَدِيْثُ اَبِىْ هُرَيْرَةَ كَفٰى بِالْمَرْءِ كَذِبًا فِىْ بَابِ الْاِعْتِصَامِ فِى الْفَصْلِ الْاَوَّلِ۔

راستے ہے کہ یہ زیادہ بے خبر ہے یا اس کا اونٹ؟ کیا تم نے نہیں سنا جو اس[۲] نے کہا ہے! صحابہ نے عرض کیا کیوں نہیں (ابوداؤد)، اور حدیث ابوہریرہ، کفٰی بالمرء کذبا ہم نے باب الاعتصام کی فصل اول میں ذکر کر دی ہے۔)

[۱] ایک دیہاتی آیا۔

[۲] اس کا یہ قول مراد ہے کہ ہمارے ساتھ کسی کو رحمت میں شامل نہ کر۔ اس نے اللہ تعالیٰ کی وسیع رحمت کو محدود کر دیا تھا اور یہ مناسب نہیں کیونکہ دعا میں تمام مومنین کو شامل کرنا چاہیے اور اس کا یہ عمل بھی قابل اعتراض تھا کہ اس نے خاص رحمت میں اپنے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شامل کیا حالانکہ یہ بات ادب کے خلاف ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۴۶۲۴ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مُدِحَ الْفَاسِقُ غَضِبَ الرَّبُّ تَعَالٰى وَاهْتَزَّ لَهُ الْعَرْشُ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِىُّ فِىْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب کسی فاسق کی تعریف کی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ ناراض ہوتا ہے اور اس سے عرش کانپ[۱] اٹھتا ہے

(بیہقی، شعب الایمان)

[۱] یا تو ظاہر پر ہی محمول ہے کہ عرش ہل جاتا ہے یا یہ امر عظیم کے واقع ہونے سے کنایہ ہے کیونکہ فاسق کی مدح پر راضی ہونا ایسی چیز ہے جس سے اللہ تعالیٰ کی ناراضگی ہے بلکہ قریب ہے کہ موجب کفر ہو اور حرام کو حلال جاننے کی طرف پہنچانے والی ہے۔ جب یہ مدح فاسق کا حال ہے تو مدح ظالم کا کیا حال ہوگا۔

۴۶۲۵ وَعَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُطْبَعُ الْمُؤْمِنُ عَلَى الْخِلَالِ كُلِّهَا اِلَّا الْخِيَانَةَ وَالْكَذِبَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِىُّ فِىْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن تمام[۱] خصلتوں پر پیدا کیا گیا ہے سوائے خیانت اور جھوٹ کے[۲]

(یہ حدیث امام احمد، اور امام بیہقی نے شعب الایمان میں سعد بن ابی وقاص سے روایت کی ہے)

[۱] خِلال۔ خاء کے نیچے زیر ہے یہ خُلّت کی جمع ہے اور خاء پر فتحہ بھی پڑھا گیا ہے۔

[۲] غالباً یہاں کامل مومن مراد ہے کیونکہ بہت سے مسلمان بد دیانتی اور دروغ گوئی کے مرتکب ہوتے ہیں یا ان دونوں صفات کا اجتماع مراد ہے کیونکہ ان کا اجتماع بھی بعض مسلمانوں میں ہوتا ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

یا یہاں ان دونوں صفات کی نفی میں مبالغہ مراد ہے کہ مومن عمل تصدیق اور امانت ایمان کا حامل ہوتا ہے اور مختار یہ ہے کہ یہاں ان دونوں اعمال سے ہی مراد ہے کہ مومن کو چاہیے کہ ان دونوں سے پرہیز کرے۔

٤٦٤٦ / ٤٨ وَعَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ اَنَّهٗ قِيْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَكُوْنُ الْمُؤْمِنُ جَبَانًا قَالَ نَعَمْ فَقِيْلَ لَهٗ اَيَكُوْنُ الْمُؤْمِنُ بَخِيْلًا قَالَ نَعَمْ فَقِيْلَ لَهٗ اَيَكُوْنُ الْمُؤْمِنُ كَذَّابًا قَالَ لَا۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ مُرْسَلًا)

حضرت صفوان[1] بن سلیم بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ کیا مومن بزدل ہو سکتا ہے فرمایا[2] ہاں پھر عرض کیا گیا مومن کنجوس ہو سکتا ہے؟ فرمایا ہاں! پھر عرض کیا گیا مومن جھوٹا ہو سکتا ہے۔ فرمایا نہیں[3]

(امام مالک، بیہقی نے شعب الایمان میں مرسلاً روایت کیا ہے)

[1] صفوان بہت جلیل القدر تابعی اور ثقہ ہیں، مدنی ہیں۔ یہ صالحین لوگوں کے پیشوا اور امام تھے۔ ان کے ذکر سے بارش کے لیے دعا کی جاتی تھی۔ عرصہ چالیس سال تک آرام نہیں کیا وصال کے وقت بھی بیٹھ کر جان دی۔ کثرت سجود کی وجہ سے ان کی پیشانی میں سوراخ ہو گیا تھا۔ نہایت قناعت کرنے والے تھے اسی لیے بادشاہ کے عطیات وصول نہ کرتے اور کہتے کہ جب میں تقدیر الٰہی پر ایمان رکھتا ہوں تو مجھے اس کی کیا ضرورت ہے۔ انہوں نے ابن عمر، عبداللہ بن جعفر، انس بن مالک اور تابعین کی ایک جماعت سے روایت کی ہے اور ان سے امام مالک اور ابن عیینہ نے روایت کی ہے۔ ایک سو دو ہجری کو سفاح کے عہد میں ان کا وصال ہوا۔

[2] بعض مسلمان بزدل ہوتے ہیں، بزدلی اور ایمان میں منافات نہیں ہے۔

[3] کیونکہ ایمانی صدق و حقانیت، جھوٹ کے منافی ہے وہ نفس الامر میں ناحق اور باطل ہوتا ہے اس میں سابقہ تاویلات جاری ہو سکتی ہیں۔ لفظ کذاب مبالغہ کا صیغہ لانے کی حکمت یہ ہو سکتی ہے کہ بعض اوقات بعض حالات میں اس کا وقوع ہو سکتا ہے جبکہ اس کے ساتھ دنیوی غرض متعلق نہیں ہوتی۔

٤٦٤٧ / ٤٩ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَيَتَمَثَّلُ فِيْ صُوْرَةِ الرَّجُلِ فَيَاْتِي الْقَوْمَ فَيُحَدِّثُهُمْ بِالْحَدِيْثِ مِنَ الْكَذِبِ فَيَتَفَرَّقُوْنَ فَيَقُوْلُ الرَّجُلُ مِنْهُمْ سَمِعْتُ رَجُلًا اَعْرِفُ وَجْهَهٗ وَلَا اَدْرِيْ مَا اسْمُهٗ يُحَدِّثُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ شیطان انسانی صورت میں کسی قوم کے پاس آتا ہے اور انہیں کسی جھوٹی بات کی اطلاع دیتا ہے۔ لوگ منتشر ہو جاتے ہیں۔ ان میں سے کوئی کہتا ہے میں نے ایک شخص سے سنا جس کی شکل[1] پہچانتا ہوں مگر میں اس کا نام نہیں جانتا[2] (مسلم)

[1] اگر میں اسے دیکھ لوں تو پہچان لوں گا۔

[2] الفاظ حدیث ظاہراً اس پر دلالت کر رہے ہیں کہ یہاں شیطان سے مراد جن ہے یہاں سے یہ معلوم ہوا کہ شیطان

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

کو اس بات کی قدرت دی گئی ہے کہ وہ حضور علیہ السلام کی طرف جھوٹ منسوب کرے اور حدیث سے مراد حدیث نبوی ہوگی لیکن یاد رہے کہ شیطان، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صورت مبارکہ اختیار نہیں کر سکتا۔ اور ان دونوں میں فرق نہایت نمایاں ہے۔ واللہ اعلم۔ اور یہ ممکن ہے کہ یہاں شیطان سے مراد انسان ہو جو کسی صالح شخص کی صورت میں آ جائے۔ الغرض مقصود حدیث یہ ہے کہ سماع حدیث میں نہایت احتیاط اور غور و فکر سے کام لیتے ہوئے قائل کے احوال اور اس کے صدق کی تحقیق کر لی جائے یہ نہ ہو جو سنا جس سے سنا نقل کر دیا۔ ماتن نے اگرچہ اس حدیث کو مرفوعاً بیان نہیں کیا مگر چونکہ اس پر اطلاع نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بغیر نہیں ہو سکتی لہٰذا یہ حکم مرفوع میں ہے جیسا کہ اپنے مقام پر ثابت ہے۔

۴۶۴۸/۵۰ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حِطَّانَ قَالَ اَتَيْتُ اَبَا ذَرٍّ فَوَجَدْتُهٗ فِي الْمَسْجِدِ مُحْتَبِيًا بِكِسَاءٍ اَسْوَدَ وَحْدَهٗ فَقُلْتُ يَا اَبَا ذَرٍّ مَا هٰذِهِ الْوَحْدَةُ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْوَحْدَةُ خَيْرٌ مِّنْ جَلِيْسِ السُّوْءِ وَالْجَلِيْسُ الصَّالِحُ خَيْرٌ مِّنَ الْوَحْدَةِ وَاِمْلَاءُ الْخَيْرِ خَيْرٌ مِّنَ السُّكُوْتِ وَالسُّكُوْتُ خَيْرٌ مِّنْ اِمْلَاءِ الشَّرِّ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت عمران بن حطان[1] بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ کے پاس گیا، میں نے انہیں مسجد میں کالی چادر میں اکیلے ٹیک لگائے ہوئے پایا۔ میں نے عرض کیا اے ابو ذر! یہ تنہائی کیوں؟[2] فرمایا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا تنہائی برے[3] دوست سے بہتر ہے اور اچھا ساتھی تنہائی سے بہتر ہوتا ہے اور اچھی بات کرنا خاموشی سے بہتر[4] اور خاموشی بری بات سے بہتر ہے۔ (بیہقی)

[1] حِطّان۔ حا کے نیچے زیر طا پر شد ان کی کنیت ابو شہاب ہے تابعی۔ ثقہ اور بصری ہیں، خارجین نے کہا کہ یہ خارجی تھے کیونکہ ابن ملجم کی تعریف کرتے تھے۔ ابو داؤد کہتے ہیں کہ اہل ہوا میں ... خوارج سے بڑھ کر احادیث صحیحہ کوئی بیان نہیں کرتا۔ قتادہ بیان کرتے ہیں کہ یہ حدیث میں متہم نہیں۔ ابن حبان نے ان کا ذکر ثقات میں کیا ہے انہوں نے حضرت ابن عمر، ابو موسیٰ اور ابو ذر سے روایت کی ہے اور ان سے قتادہ اور محارب بن دثار نے روایت بیان کی ہے۔ محدثین کی ایک جماعت نے خصوصاً امام بخاری، ابو داؤد اور نسائی نے ان سے روایات بیان کی ہیں۔

[2] اپنے دوستوں میں کیوں نہیں بیٹھے تاکہ ان سے استفادہ ہوتا یا انہیں فائدہ پہنچایا جاتا۔

[3] چونکہ اس وقت کوئی با اعتماد صالح دوست موجود نہیں اس لیے تنہا بیٹھا ہوں اور جب موجود ہوں تو ان کے ساتھ بھی بیٹھتا ہوں۔ حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ کو بنی امیہ کی طرف سے نفرت و وحشت تھی، اسی لیے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور میں ان کی بیعت کی ہوئی تھی اور مدینہ منورہ سے باہر گھر بنا کر زندگی بسر کرتے تھے اور روایات میں آیا ہے کہ ان کا وہیں وصال ہوا۔

[4] مثلاً طلبہ کو علم دین کی تعلیم دینا خاموشی سے بہتر ہے۔

۴۶۴۹/۵۱ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَقَامُ الرَّجُلِ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا آدمی کا مقام

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بِالصَّمْتِ اَفْضَلُ مِنْ عِبَادَةِ سِتِّيْنَ سَنَةً۔
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

دو مرتبہ خاموشی کے ساتھ ساٹھ برس کی عبادت[1] سے افضل ہوتا ہے۔ (بیہقی)

[1] کیونکہ وہ خاموشی کی حالت میں حقائق الٰہیہ اور زکریہ کے معارف پر غور و فکر کرتا ہے یا ذکر خفی کے سمندر میں لطائف قلبیہ کو اس طرح منتشرق کر دیتا ہے کہ ذات و صفات الٰہیہ کا نور اسے ڈھانپ لیتا ہے۔ یہ عمل اگرچہ تھوڑی دیر کے لیے تھا مگر اس عبادت سے افضل ہے جو ظاہر اعضاء کے ساتھ ہو اور اس میں حضوری قلب نہ ہو اور دل یاد الٰہی میں مشغول و متوجہ نہیں ہوتا۔ اگرچہ یہ کئی سال ہو۔

۴۲۵۰ / ۵۲ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ اِلٰى اَنْ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوْصِنِيْ قَالَ اُوْصِيْكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ فَاِنَّهٗ اَزْيَنُ لِاَمْرِكَ كُلِّهٖ قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ عَلَيْكَ بِتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَذِكْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَاِنَّهٗ ذِكْرٌ لَكَ فِي السَّمَاءِ وَنُوْرٌ لَكَ فِي الْاَرْضِ قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ عَلَيْكَ بِطُوْلِ الصَّمْتِ فَاِنَّهٗ مَطْرَدَةٌ لِلشَّيْطٰنِ وَعَوْنٌ لَكَ عَلٰى اَمْرِ دِيْنِكَ قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ اِيَّاكَ وَكَثْرَةَ الضِّحْكِ فَاِنَّهٗ يُمِيْتُ الْقَلْبَ وَيَذْهَبُ بِنُوْرِ الْوَجْهِ قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ قُلِ الْحَقَّ وَاِنْ كَانَ مُرًّا قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ لَا تَخَفْ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ لِيَحْجُزْكَ عَنِ النَّاسِ مَا تَعْلَمُ مِنْ نَفْسِكَ۔
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس کے بعد انہوں نے طویل[1] حدیث بیان کی یہاں تک کہ فرمایا میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے وصیت فرمائیے فرمایا میں تجھے اللہ سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں کیونکہ یہ تیرے تمام امور کے لیے بہترین زینت ہے۔ عرض کیا کچھ اس پر اضافہ[2] فرمائیے۔ فرمایا: تلاوت قرآن اور ذکر الٰہی کرو، کیونکہ وہ تیرا ذکر ہوگا آسمانوں میں اور نور ہوگا تیرے لیے زمین میں، میں نے عرض کیا اس میں اضافہ فرمائیے۔ فرمایا لمبی خاموشی اختیار کرو کیونکہ یہ شیطان کو بھگانے والی اور امور دین پر تیری معاون ہوگی۔ عرض کیا کہ میرے لیے اضافہ فرمائیے، فرمایا زیادہ ہنسنے سے بچو کیونکہ وہ دل کو مردہ بنا دیتا ہے۔ اور چہرے کے نور کو دور کر دیتا ہے میں نے عرض کیا: اضافہ فرمائیے، فرمایا: حق بات کہو اگرچہ کڑوی ہو۔ میں نے عرض کیا اضافہ فرمائیے۔ فرمایا راہ خدا میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈرو۔ میں نے عرض کیا میرے لیے اور اضافہ فرمائیے۔ فرمایا تمہارے اپنے عیوب کا علم لوگوں کے عیوب دیکھنے سے منع کرے۔
(بیہقی)

[1] وہ تمام حدیث بیان ذکر نہیں بلکہ اس کا ایک حصہ ہے۔
[2] یہاں زیادتی سے مراد وضاحت و تفصیل ہے کیونکہ تقوی میں اجمالاً تمام امور کا ذکر آ چکا ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۳ تمام وہ امورِ خیر جو تقربِ الٰہی کا ذریعہ ہیں ذکر میں داخل ہیں، اگر لفظ ذکر کو اس معنیٰ پر محمول کریں تو تلاوت کے بعد اس کا تذکرہ تخصیص کے بعد تعمیم کے طور پر ہے۔ حدیث میں ہے کہ سب سے افضل ذکر کلمہ طیبہ ہے۔ اگر حدیث مذکورہ میں مراد کلمہ طیبہ ہے تو اب کل کے بعد جزء کا ذکر ہوگا کیونکہ اس میں شرف و فضیلت دیگر اذکار سے زائد ہے۔

۴ تیرا تذکرہ آسمان پر ملائکہ خیر و رحمت اور دعا کے ساتھ کریں گے صرف ملائکہ ہی نہیں بلکہ خود پروردگارِ عالم ذکر فرمائے گا، ارشاد ہے فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ (تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا) حدیث میں مَنْ ذَكَرَنِي الخ آیا ہے، بہر تقدیر یہ اس بات پر تنبیہ ہے کہ تلاوتِ قرآن تدبر، غور و فکر اور حضورِ قلب کی ساتھ کی جائے۔

۵ یعنی اس عالمِ سفلی میں معرفت و یقین اور ہدایت کے نور کے ظہور کا سبب ہے۔

۶ یعنی ایسی خاموشی جو تفکر اور انعاماتِ الٰہیہ کے ذکر کے ساتھ ہو۔

۷ اس شیطان کو جو زبان کے راستے حملہ آور ہو کر انسان کو معصیت کے کنوئیں میں پھینک دیتا ہے۔ حدیث میں ہے کہ جب بندہ ذکرِ الٰہی کرتا ہے تو شیطان گر پڑتا ہے اور بھاگ جاتا ہے۔

۸ کیونکہ خاموشی کی وجہ سے انسان زبان کی آفات سے محفوظ ہو کر حصولِ علم و معرفت اور ذکرِ خفی کے نور سے منور ہو جاتا ہے۔

۹ اس کی وجہ یہ ہے کہ دل کو تاریکی اور سختی لاحق ہو جاتی ہے جو اس نورِ علم و معرفت کو ختم کر دیتی ہے جس میں دل کی حیات کا راز مضمر تھا۔

۱۰ اس سے مراد نورِ باطن کا روشن ہونا اور عبادت کے آثار کا ظہور ہے جب دل ہی مردہ ہو گیا تو اب چہرے کا بے نور ہونا لازمی امر ہے کیونکہ تمام جسم کی زندگی حِسًّا و معنًی دل ہی کی زندگی کی وجہ سے ہے۔

۱۱ جو کوئی کچھ کہتا ہے کہتا پھرے تو اس کی بارگاہ میں حاضر رہ اور غلبہ دین کے لیے کوشاں رہ۔

کار جامی عشق خوباں است ہر سو عالمے
می‌کنند انکار او، او ہم چناں در کار خویش

جامی کا کام محبوبوں کے ساتھ محبت کرنا ہے۔ تمام جہان اسے ملامت کر رہا ہے وہ پھر بھی اپنے کام میں مصروف ہے۔

۱۲ لوگوں کو نیکی کا حکم دے اور برائی سے منع کر۔ مگر ان کے عیب نہ ڈھونڈ اور نہ ہی ان کی غیبت کر۔ اور خود کو ہمیشہ ناقص جان۔ شعر

غافل اند ایں خلق از خود اے پسر
لاجرم گویند عیب یکدگر

اے بیٹے! لوگ آج اپنے آپ سے غافل ہیں اور دوسروں کے عیب بیان کرتے ہیں۔

۴۷۵۱/۵۲ وَعَنْ أَنَسٍ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا أَبَا ذَرٍّ أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى خَصْلَتَيْنِ هُمَا أَخَفُّ عَلَى الظَّهْرِ وَأَثْقَلُ فِي الْمِيزَانِ قَالَ قُلْتُ بَلَى قَالَ طُولُ الصَّمْتِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ مَا عَمِلَ الْخَلَائِقُ بِمِثْلِهِمَا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابوذر! کیا تمہیں دو ایسی عادتیں نہ بتاؤں جو پیٹھ پر ہلکی اور ترازو پر بھاری ہیں، بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا ضرور، فرمایا، دراز خاموشی اور اچھے اخلاق قسم ہے مجھے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے!

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

مخلوق نے ان جیسے عمل نہ کیے ہوں گے۔
(بیہقی)

لہ یہ تشبیہ و تمثیل ہے کہ یہ ایسا حکم شرعی ہے جس کا اٹھانا انسان کے لیے مشکل نہیں بلکہ آسان ہے جیسے تھوڑا بوجھ اٹھانا دشوار نہیں ہوتا۔

لہ جن کے ساتھ نامۂ اعمال کو تولا جائے گا۔

لہ ان میں آسانی اس حوالے سے ہے کہ خاموشی میں کوئی مشقت نہیں اٹھانا پڑتی بلکہ گفتگو کرنے میں ظاہری و باطنی مشقت ہے۔ اسی طرح اچھے اخلاق و عادات کا معاملہ ہے کہ ان میں بھی نرمی ہوتی ہے۔ بخلاف سختی، درشتی اور جدال وغیرہ میں بڑی جد وجہد اٹھانا پڑتی ہے۔ اس کے بعد ان دونوں صفات کا ثواب اور درجہ بیان کرتے ہوئے فرمایا۔

لہ کوئی کام اور عمل ان کے برابر نہیں ہو سکتا۔

۲۶۵۲/۵۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَبِي بَكْرٍ وَهُوَ يَلْعَنُ بَعْضَ رَقِيقِهِ فَالْتَفَتَ إِلَيْهِ فَقَالَ لَعَّانِينَ وَصِدِّيقِينَ كَلَّا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ فَأَعْتَقَ أَبُو بَكْرٍ يَوْمَئِذٍ بَعْضَ رَقِيقِهِ ثُمَّ جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا أَعُوْدُ رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْأَحَادِيْثَ الْخَمْسَةَ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ.

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت ابوبکر کے پاس سے گزرے کہ وہ اپنے ایک غلام پر لعنت بھیج رہے تھے، تو آپ نے ان کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کیا تم نے ایسے لوگ دیکھے ہیں جو لعنت بھیجنے والے بھی اور صدیق بھی ہوں لہ۔ رب کعبہ کی قسم! ہرگز ایسا نہیں حضرت ابوبکر نے اس دن کچھ غلام آزاد کر دیے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا آئندہ ایسا نہیں کروں گا (یہ پانچوں احادیث امام بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیں)

لہ یعنی ایسے لوگ جن میں یہ دونوں صفات جمع ہوں، مقصود اس سے یہ تھا کہ صدیقیت اور لعنت کرنا دونوں ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتیں۔ جیسا کہ ایک حدیث میں گزرا ہے۔ لَا يَنْبَغِي الصِّدِّيقُ أَنْ يَكُوْنَ لَعَّانًا (صدیق کے لیے مناسب نہیں کہ وہ کسی پر لعنت کرے) اور اس میں تاکید فرماتے ہوئے کہا۔

لہ اس بارے میں تاکید کہ (صدیق ہونا اور لعنت کرنا) دونوں چیزیں ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتیں۔

لہ سیدنا ابوبکر کو اس پر شرمندگی ہوئی تو آپ نے کچھ غلام آزاد کیے۔

۲۶۵۳/۵۵ وَعَنْ أَسْلَمَ قَالَ إِنَّ عُمَرَ دَخَلَ يَوْمًا عَلَى أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ وَهُوَ يَجْبِذُ لِسَانَهُ فَقَالَ عُمَرُ مَهْ غَفَرَ اللهُ لَكَ فَقَالَ لَهُ أَبُوْ بَكْرٍ إِنَّ هٰذَا أَوْرَدَنِي الْمَوَارِدَ.

حضرت اسلم بیان کرتے ہیں کہ ایک دن حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سیدنا ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئے تو وہ اپنی زبان کھینچ رہے تھے تو حضرت عمر نے عرض کیا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو بخشے۔ ٹھہریے! اس پر

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت ابوبکر نے فرمایا: اس نے مجھے ہلاکت کی جگہوں میں ڈالا ہے۔ (مالک)

[1] اسلم: سیدنا عمر کے آزاد کردہ غلام تابعی ہیں۔ مخضرمی ۱۱۴ سال کی عمر میں سنہ ۸۰ھ اور ایک قول کے مطابق سنہ ۶۰ھ کے بعد ان کا وصال ہوا۔

[2] اپنے منہ سے زبان کو باہر کھینچ رہے تھے، مقصود زجر و توبیخ ہے۔

۲۶۵۴/۵۶ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِضْمَنُوْا لِيْ سِتًّا مِنْ أَنْفُسِكُمْ أَضْمَنْ لَكُمُ الْجَنَّةَ اُصْدُقُوْا إِذَا حَدَّثْتُمْ وَأَوْفُوْا إِذَا وَعَدْتُمْ وَأَدُّوْا إِذَا اؤْتُمِنْتُمْ وَاحْفَظُوْا فُرُوْجَكُمْ وَغُضُّوْا أَبْصَارَكُمْ وَكُفُّوْا أَيْدِيَكُمْ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے نفس کی طرف چھ چیزوں کی مجھے ضمانت دو میں تمہیں جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔ جب بات کرو سچ کہو، جب وعدہ کرو پورا کرو، جب تمہارے پاس امانت رکھی جائے اسے ادا کرو، اپنی شرمگاہوں[1] کی حفاظت کرو، اپنی نگاہوں[2] کو نیچا رکھو اور اپنے ہاتھوں کو روکو[3]۔ (احمد، بیہقی)

[1] فرج۔ مرد و عورت کے ان مقامات کو کہتے ہیں جن کا چھپانا لازم ہے۔ یہاں مراد عورت غلیظہ ہے۔
[2] غیر محرم کو دیکھنے سے۔
[3] قتل کرنے، گرفت کرنے اور حرام پکڑنے سے[1]۔

۲۶۵۵/۵۷ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ وَأَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خِيَارُ عِبَادِ اللهِ الَّذِيْنَ إِذَا رُؤُوْا ذُكِرَ اللهُ وَشِرَارُ عِبَادِ اللهِ الْمَشَّاؤُوْنَ بِالنَّمِيْمَةِ الْمُفَرِّقُوْنَ بَيْنَ الْأَحِبَّةِ الْبَاغُوْنَ الْبُرَآءَ الْعَنَتَ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

عبدالرحمن بن غنم[1] اور اسما بنت یزید[2] رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے بہترین بندے وہ ہیں جنہیں دیکھا جائے[3] تو اللہ تعالیٰ یاد آئے اور اللہ کے بدترین بندے وہ ہیں جو چغلی[4] کرنے والے دوستوں کے درمیان جدائی ڈالنے والے اور پاک لوگوں میں عیب[5] تلاش کرنے والے۔ (احمد، بیہقی، شعب الایمان)

[1] ابن غنم۔ غین پر زبر نون ساکن۔ تابعی، ثقہ کبار تابعین میں سے ہیں۔ اشعری، شامی ہیں، زمانہ جاہلیت اور اسلام دونوں کو پایا، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ظاہری حیات میں ہی اسلام لائے مگر زیارت نہ کر پائے۔ انہوں نے

---

[1] شارح نے اختصار و اجمال سے کام لیا ہے ورنہ تمام وہ ممنوعات جن کا ارتکاب ہاتھ کرتے ہیں وہ اس میں شامل ہیں۔ ناظم۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحبت اختیار کی اور یہ صحبت اس وقت شروع ہوئی جب حضرت معاذ یمن میں بحیثیت قاضی تشریف لائے اور ان کے وصال تک قائم رہی۔ امام بخاری کی رائے میں یہ صحابی ہیں لیکن قول اول صحیح ہے۔ ملک شام میں سب سے بڑے فقیہ یہی تھے۔ وہاں اکثر فقہا انہی کے شاگرد ہیں۔ متقدمین صحابہ سے روایت کرتے ہیں اور نہایت جلالت شان وقدر کے مالک ہیں۔

سے اسماء بنت یزید: یہ انصاریہ صحابیہ ہیں۔ بڑی دانشور اور دین کو سمجھنے والی خاتون ہیں۔

سے ان بندوں کو بارگاہ خداوندی میں ایسا خصوصی تعلق ہوتا ہے کہ جب ان کے چہرے، افعال واقوال اور حسن وجمال پر نظر پڑتی ہے تو خدا یاد آتا ہے۔ کیونکہ ان پر عبادت اور اصلاح نفس کے آثار کا کامل ظہور ہوتا ہے بعض لوگوں نے اس کا یہ معنی بیان کیا ہے کہ ان کی زیارت سے ذکر خدا کا ثواب ملتا ہے۔ جیسا کہ کہا گیا کہ عالم کے چہرے کو دیکھنا عبادت ہے۔ اور بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ کسی صالح کے چہرے پر نظر پڑتی ہے تو زیارت کرنے والے کے سینے میں اس طرح نور ایمان سرایت کرتا ہے کہ اس کا دل روشن ہو جاتا ہے۔ حدیث میں ہے۔ اُنْظُرُوْا اِلٰی وَجْهِ عَلِیٍّ عِبَادَةٌ (حضرت علی کے چہرے کو دیکھنا عبادت ہے) یہ حدیث معنی اول کی تصدیق کرنے والی ہے کیونکہ بعض روایات میں ہے کہ جب سیدنا علی کرم اللہ وجہہ گھر سے باہر تشریف لاتے تو جن لوگوں کی نظر آپ کے چہرہ اقدس پر پڑتی وہ پکار اٹھتے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مَا اَشْرَفَ هٰذَا الْفَتٰى

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اس نوجوان کو کتنی بزرگی عطا ہوئی ہے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مَا اَكْرَمَ هٰذَا الْفَتٰى

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں یہ نوجوان کتنا فرشتہ صفت ہے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مَا اَعْلَمَ هٰذَا الْفَتٰى

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اسے کتنا علم حاصل ہے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مَا اَشْجَعَ هٰذَا الْفَتٰى

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں یہ نوجوان کتنا جرات مند ہے۔

یعنی آپ کی زیارت کلمہ توحید کے ذکر کا باعث بن جاتی تھی۔

ایک دن راقم (عبدالحق) مکہ معظمہ کے بازار سے غافل نفس سر نیچے کیے گزر رہا تھا۔ اچانک نظر ایک مرد کے چہرے پر پڑی۔ بے اختیار زبان پر یہ کلمات جاری ہو گئے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (اللہ کے سوا کوئی مالک حقیقی نہیں وہ یکتا لاشریک ہے۔ ملک اسی کا ہے حمد اسی کے لیے اور وہ ہر شے پر قادر ہے) غالب گمان یہ ہے کہ یہ واقعہ اس حدیث کی سچائی کی تصدیق کے لیے تھا۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

ے۴ ایک کی بات دوسرے کے سامنے اس لیے کرتے ہیں کہ ان کے درمیان شر و فساد پیدا ہو۔

ے۵ عنت، فساد، ہلاک، زنا کے معانی میں ہے۔ یہاں ان کا مجموعہ مراد ہے یعنی ایسی جماعت جو ان گناہوں سے پاک اور منزہ ہو۔ ان پر مختلف عیوب، فساد کے الزامات عائد کر کے انہیں پریشان کرنا۔

٤٦٥٦/٥٨ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلَيْنِ صَلَّيَا صَلٰوةَ الظُّهْرِ اَوِ الْعَصْرِ وَكَانَا صَائِمَيْنِ فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةَ قَالَ اَعِيْدَا وُضُوْءَكُمَا وَصَلٰوتَكُمَا وَامْضِيَا فِيْ صَوْمِكُمَا وَاقْضِيَاهُ يَوْمًا اٰخَرَ قَالَا لِمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِغْتَبْتُمْ فُلَانًا۔
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ دو آدمیوں نے نماز ظہر یا عصر ادا کی۔ دونوں حالت روزہ میں تھے جب نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز پوری فرمائی تو فرمایا اپنا وضو اور نماز لوٹاؤ اور روزہ جاری رکھو اور دوسرے دن اس کی قضا کرو۔ عرض کیا یا رسول اللہ اس کی کیا وجہ ہے؟ آپ نے فرمایا تم نے فلاں کی غیبت کی ہے۔ (بیہقی)

ے۱ راوی کا شک ہے۔

ے۲ روزہ افطار نہ کرو بلکہ اسے پورا کر لو۔

ے۳ تمہارا یہ روزہ فاسد ہو گیا ہے۔ اس کی قضا کرنا تم پر لازم ہے لیکن اس کے باوجود اس روزہ کو جاری رکھو افطار نہ کرو اور احتیاطاً بطور قضا روزہ رکھو۔

ے۴ وضو اور نماز لوٹائے اور روزے کی قضا دے۔

ے۵ اور غیبت ناقض وضو اور ناقض روزہ ہے شارحین نے بیان کیا ہے کہ اس حدیث میں غیبت کی مذمت نہایت سخت انداز میں بیان کی گئی ہے ورنہ غیبت ناقض وضو و روزہ نہیں۔ امام غزالی نے احیاء العلوم میں فرمایا حضرت سفیان ثوری ظاہر حدیث پر عمل کرتے ہوئے غیبت کو ناقض روزہ قرار دیتے ہیں۔ امام احمد فرماتے ہیں کہ اگر غیبت سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔ تو ہم میں کون ہے جس کا روزہ درست ہوگا؟ اور اسی سے معلوم ہوتا ہے کہ غیبت ناقض وضو نہیں کیونکہ آپ نے انہیں روزہ جاری رکھنے کا حکم فرمایا جس سے واضح ہوتا ہے کہ اگر روزہ حقیقتہً فاسد ہو جاتا تو انہیں یہ حکم نہ دیا جاتا اگرچہ حائضہ کی صورت میں ایسا ہے کہ رمضان کے روزہ کے دوران اگر حیض آ گیا تو اب روزہ یقیناً فاسد ہو گیا مگر حرمت رمضان کے پیش نظر روزہ افطار نہ کرے۔ بہرصورت یہ واضح ہوا کہ اس حدیث میں غیبت کی قباحت و شناخت بیان ہوئی ہے۔ احتیاط و تقویٰ اسی میں ہے کہ غیبت کے بعد تجدید وضو کر لی جائے بلکہ علماء نے یہ بیان کیا ہے کہ اگر کسی آدمی نے لایعنی گفتگو کی، بہت زیادہ باتیں کیں یا اونچی ہنستا رہا تو اس کے لیے تجدید وضو مستحب ہے تاکہ اس کی وجہ سے لاحق ہونے والی تاریکی کا ازالہ کیا جا سکے اور روزے دار کو ہر حال میں غیبت سے پرہیز اور احتیاط کرنا ضروری ہے۔

٤٦٥٧/٥٩ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَجَابِرٍ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ

حضرت ابو سعید اور حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہما

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْغِيْبَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللهِ وَكَيْفَ الْغِيْبَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا قَالَ اِنَّ الرَّجُلَ لَيَزْنِيْ فَيَتُوْبُ فَيَتُوْبُ اللهُ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَيَتُوْبُ فَيَغْفِرُ اللهُ لَهُ وَاِنَّ صَاحِبَ الْغِيْبَةِ لَا يُغْفَرُ لَهُ حَتّٰى يَغْفِرَهَا لَهُ صَاحِبُهُ وَفِيْ رِوَايَةِ اَنَسٍ قَالَ صَاحِبُ الزِّنَا يَتُوْبُ وَصَاحِبُ الْغِيْبَةِ لَيْسَ لَهُ تَوْبَةٌ۔ (رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الثَّلٰثَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا غیبت زنا سے[1] بدتر ہے۔ صحابہ نے[2] عرض کیا یا رسول اللہ غیبت زنا سے بدتر کیوں ہے؟ فرمایا زانی مرد کی توبہ اللہ تعالیٰ قبول کرتا ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ وہ توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے[3] معاف فرما دیتا ہے اور غیبت کرنے والے کو اس وقت تک معاف نہیں کیا جاتا یہاں تک کہ وہ معاف کرے جس کی غیبت[4] کی۔ اور حضرت انس سے روایت ہے فرمایا، صاحب زنا توبہ کر سکتا ہے اور صاحب غیبت کے لیے[5] توبہ نہیں (بیہقی نے ان تینوں احادیث کو شعب الایمان میں روایت کیا)

لہ بعض وجوہ کی بنا پر۔

۲ہ صحابہ پر یہ بات دشوار گزری۔

۳ہ کیونکہ زنا حقوق اللہ میں سے ہے۔

۴ہ کیونکہ یہ بندے کا حق ہے۔

۵ہ اس کی وجہ پہلی روایت میں ہے یا اس کی وجہ یہ ہے کہ صاحب زنا خوف الٰہی میں کانپ اٹھتا ہے اور اللہ کے حضور معافی مانگ لیتا ہے اور صاحب غیبت اس معاملہ کو آسان سمجھتے ہوئے خوف نہیں رکھتا حتیٰ کہ وہ اسے حلال تصور کر لیتا ہے جو اسے کفر کے گڑھے میں گرا دیتی ہے۔ نعوذ باللہ من ذلک

۴۶۵۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ كَفَّارَةِ الْغِيْبَةِ اَنْ تَسْتَغْفِرَ لِمَنِ اغْتَبْتَهُ تَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلَهُ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعْوَاتِ الْكَبِيْرِ وَقَالَ فِيْ هٰذَا الْاِسْنَادِ ضُعْفٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، غیبت کا کفارہ یہ ہے کہ جس کی غیبت کی اس کے لیے بخشش کی دعا یوں کی جائے۔ اے اللہ ہمیں[1] اور اسے بخش دے۔ (بیہقی نے دعوات کبیر میں روایت کرکے کہا کہ اس کی سند میں ضعف ہے۔

لہ معروف ومسلم طریقہ یہی ہے کہ پہلے اپنے لیے معافی مانگی جائے تاکہ انسان خود پاک ہو اور پھر دوسرے کے لیے دعا کرے تو قبول ہوگی۔ اور غیبت کا کفارہ حقیقتاً یہ ہے کہ اس دوسرے سے معافی مانگی جائے اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو ندامت اور استغفار کی جائے اور اس دوسرے کے لیے دعا کرنا بھی کفارے میں شامل ہے جس پر یہ حدیث دال ہے اور اس سے یہ بھی واضح ہو گیا کہ حدیث میں کلمہ مِنْ تبعیضیہ ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

بَابُ الْوَعْدِ

۳۱۷۔ وعدے کا بیان

صراح میں ہے وعد، عدۃ، موعد خوش خبری دینا ہے اور یہ خیر و شر دونوں میں مستعمل ہیں بشرطیکہ ان میں سے کسی کا ذکر ہو، ورنہ خیر کے لیے وعدہ اور شر کے لیے وعید و ایعاد ہیں، میعاد جائے وعد اور وعدہ گاہ کو کہتے ہیں۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

٢٦٥٩ عَنْ جَابِرٍ قَالَ لَمَّا مَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَاءَ اَبَا بَكْرٍ مَالٌ مِّنْ قِبَلِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَضْرَمِيِّ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ مَنْ كَانَ لَهٗ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَيْنٌ اَوْ كَانَتْ لَهٗ قِبَلَهٗ عِدَةٌ فَلْيَاْتِنَا قَالَ جَابِرٌ فَقُلْتُ وَعَدَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّعْطِيَنِيْ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا فَبَسَطَ يَدَيْهِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قَالَ جَابِرٌ فَحَثٰى لِيْ حَثْيَةً فَعَدَدْتُّهَا فَاِذَا هِيَ خَمْسُ مِائَةٍ وَقَالَ خُذْ مِثْلَيْهَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

پہلی فصل

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصال ہوا اور حضرت ابوبکر کے پاس علاء بن حضرمی[1] کی طرف سے مال آیا۔ آپ نے اعلان فرمایا کہ جس شخص کا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر قرض ہو یا آپ نے کسی سے وعدہ[2] فرمایا ہو تو ہمارے پاس آئے[3]۔ حضرت جابر کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وعدہ فرمایا تھا کہ مجھے اتنا[4] اتنا اتنا دیں گے اور انہوں نے دونوں ہاتھ[5] پھیلائے ہوئے تھے۔ حضرت جابر کہتے ہیں کہ مجھے صدیق اکبر نے دونوں ہاتھ بھر کر دیا[6]، میں نے انہیں گنا تو وہ پانچ سو تھے۔ فرمایا اس سے دو گنا اور[7] لے لو۔

(بخاری و مسلم)

لہ ان کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بحرین میں گورنر مقرر فرمایا تھا۔

۲ہ یعنی کسی کے ساتھ انعام وغیرہ کا وعدہ فرمایا ہو۔

۳ہ یہ سیدنا ابوبکر کا ارشاد ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ السلام کی کوئی وراثت نہیں، میں آپ کا خلیفہ ہوں۔ وہ جگہ یا وہ شخص جس پر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خرچ فرمایا کرتے تھے میں بھی خرچ کروں گا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ السلام پر اگر کسی کا قرض ہے یا آپ نے کسی کے ساتھ عطا کا وعدہ فرمایا تھا تو بھی اسے پورا کروں گا اور رہا معاملہ فدک کا تو اس سے آپ صلی اللہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تعالیٰ علیہ وسلم اپنے عیال اور فقراء مومنین پر خرچ فرماتے تھے وہ بھی اس باب سے ہے فرمایا: میں بھی اسے اسی طریقہ پر خرچ کروں گا۔ اس مسئلہ کی تحقیق وتفصیل اپنے مقام پر آئے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ، آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جابر سے وعدہ فرمایا ہوا تھا کہ جب ہمارے پاس آئے گا تو ہم تجھے تین چلو بھر کر دیں گے۔

۴ یعنی تین بار دونوں ہاتھ بھر کر دوں گا۔

۵ ہاتھ پھیلا کر اس وعدہ کی تفصیل بیان کی کہ آپ نے اس طرح ہاتھ کھول کر فرمایا تھا۔

۶ میری جھولی میں ڈالا۔

۷ تاکہ تین لپ پورے ہو جائیں۔ بعض روایات میں تین چلو کی تصریح ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

٤٦٦٠ عَنْ اَبِیْ جُحَیْفَةَ[1] قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْيَضَ[2] قَدْ شَابَ وَكَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يُشْبِهُهٗ وَاَمَرَ لَنَا بِثَلٰثَةَ عَشَرَ قَلُوْصًا فَذَهَبْنَا نَقْبِضُهَا فَاَتَانَا مَوْتُهٗ فَلَمْ يُعْطُوْنَا شَيْئًا فَلَمَّا قَامَ اَبُوْبَكْرٍ قَالَ مَنْ كَانَتْ لَهٗ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِدَةٌ فَلْيَجِئْ فَقُمْتُ اِلَيْهِ فَاَخْبَرْتُهٗ فَاَمَرَ لَنَا بِهَا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سفید رنگ دیکھا کہ بڑھاپا[3] آ چکا تھا اور حضرت حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما آپ کے ہم شکل تھے۔ آپ نے ہمارے لیے تیرہ اونٹنیوں[4] کا حکم جاری فرمایا ہم لینے گئے تو آپ کے وصال کی خبر ملی لوگوں نے ہم کو کچھ نہ دیا جب حضرت ابو بکر خلیفہ بنے اور اعلان کیا کہ جس کے ساتھ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کوئی وعدہ فرمایا وہ آ جائے میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اطلاع دی تو آپ نے وہ اونٹنیاں دینے کا حکم جاری فرمایا۔ (ترمذی)

۱ ابو جحیفہ جیم پر پیش، حا پر زبر یا ساکن، ان کا نام وہب بن عبد اللہ ہے۔ یہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کم عمر صحابہ میں سے ہیں۔ کوفہ میں قیام پذیر رہے اور وہاں ایک سرائے تعمیر کروائی، سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انہیں بیت المال کا امیر بنایا، سیدنا علی کے ساتھ ہر معرکہ میں شریک ہوئے اور کوفہ میں ہی ان کا چوہتر ہجری کو وصال ہوا۔

۲ سفید رنگ جو مائل سرخی تھا۔

۳ آپ کے مبارک بالوں سے ظاہر ہو رہا تھا، یاد رہے کہ آپ کے سر انور اور داڑھی مبارک کے بیس سے زائد بال سفید نہ تھے جیسا کہ اپنے مقام پر آ رہا ہے۔

۴ یہ بات انہوں نے اپنی محبت کے ثبوت کے لیے کہی ہے کیونکہ یہ آپ کے وصال کے وقت چھوٹے تھے اور ابھی بلوغ کی عمر کو نہ پہنچے تھے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

ف۵ قلوص۔ قاف پر زبر اور لام پر پیش اس کا معنی جوان اونٹنی ہے۔
ف۶ یا نام کے معنی خطبہ دینے کے بھی ہوسکتے ہیں۔
ف۷ کہ مجھے آپ نے تیرہ اونٹنیاں دینے کا وعدہ فرمایا تھا۔

۴۶۶۱/۳ وعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِی الْحَسْمَآءِ قَالَ بَایَعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ یُّبْعَثَ وَبَقِیَتْ لَهٗ بَقِیَّةٌ فَوَعَدْتُهٗ اَنْ اٰتِیَهٗ بِهَا فِیْ مَکَانِهٖ فَنَسِیْتُ فَذَکَرْتُ بَعْدَ ثَلٰثٍ فَاِذَا هُوَ فِیْ مَکَانِهٖ فَقَالَ لَقَدْ شَقَقْتَ عَلَیَّ اَنَا هٰهُنَا مُنْذُ ثَلٰثٍ اَنْتَظِرُكَ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت عبداللہ بن ابی حسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ظہور نبوت سے پہلے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ خرید و فروخت کی آپ کا کچھ بقایا تھا میں نے آپ سے وعدہ کیا کہ میں اسی جگہ وہ لاتا ہوں پھر میں بھول گیا تین دن کے بعد مجھے یاد آیا پس آپ اسی جگہ تشریف فرما تھے۔ فرمایا تم نے مجھ کو مشقت میں ڈال دیا میں یہاں تین روز سے تمہارا انتظار کر رہا ہوں۔ (ابوداؤد)

ف۱ حسماء مشکوٰۃ کے نسخوں میں حا سین سے پہلے ہے اور اسی طرح مصابیح کے نسخوں میں ہے شارحین نے نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ یہ صاحب مصابیح سے سہو ہوا ہے اور مصنف نے ان کی تقلید کرلی ہے حالانکہ بات یہ ہے کہ یہاں میم سین پر مقدم ہے۔ کتب اسماء رجال میں ایسے ہی ہے۔ عبداللہ بن ابی الحمساء عامری صحابی ہیں ان کا شمار اہل بصرہ میں ہوتا ہے، مکہ میں قیام پذیر رہے۔
ف۲ مبایعت۔ خرید و فروخت کرنا یہاں اس کا معنی خریدنا ہے۔
ف۳ مبیع کے کچھ ثمن میرے ذمے بقایا تھے۔
ف۴ جس جگہ آپ تشریف فرما تھے یا یہاں سودا ہوا تھا۔
ف۵ تو میں ثمن لے کر وہاں پہنچا۔
ف۶ تاکہ وعدہ خلافی نہ ہو کہ تو آگے اور مجھے نہ پائے۔

۴۶۶۲/۴ وعَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا وَعَدَ الرَّجُلُ اَخَاهُ وَمِنْ نِّیَّتِهٖ اَنْ یَّفِیَ لَهٗ فَلَمْ یَفِ وَلَمْ یَجِیْٔ لِلْمِیْعَادِ فَلَا اِثْمَ عَلَیْهِ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالتِّرْمِذِیُّ)

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی اپنے بھائی سے وعدہ کرے اور وعدہ پورا کرنے کی نیت و ارادہ بھی ہو مگر پورا نہ کرسکے اور وعدہ پر نہ آسکے تو ایسی صورت میں اس پر کوئی گناہ نہیں۔ (ابوداؤد، ترمذی)

ف۱ تقریب میں ہے کہ بصرہ میں بعض کے نزدیک مصر میں قیام پذیر رہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سلہ وعدہ کے وقت یا وعدہ کی جگہ۔

سلہ یہاں سے معلوم ہوا کہ وعدہ کے وفا کی نیت تھی مگر پورا نہ کیا تو اب گناہ نہیں۔ شارحین نے کہا ہے کہ بغیر کسی رکاوٹ کے خلاف وعدہ کرنا حرام ہے اور اس حدیث میں مراد بھی یہی ہے۔ علامہ طیبی لکھتے ہیں کہ اس بات پر اتفاق ہے کہ جس نے ایسا وعدہ کیا جو اسلام میں منع نہ تھا۔ اسے پورا کرنا چاہیے۔ رہا یہ معاملہ کہ ایفائے عہد واجب ہے یا مستحب، اس بارے میں اختلاف ہے۔ جمہور علماء امام ابو حنیفہ، امام شافعی کی رائے یہ ہے کہ مستحب ہے اور عدم وفا مکروہ ہے لیکن گناہ نہیں۔ ایک جماعت کا موقف ہے کہ واجب ہے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز اسی جماعت میں ہیں۔ حضرت عبداللہ بن مسعود وعدہ کرتے وقت انشاء اللہ کے کلمات کہتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں بھی منقول ہے کہ آپ کلمہ عسیٰ کہتے تھے۔ باقی زبان سے وعدہ اور دل میں پورے نہ کرنے کی نیت بالاتفاق نفاق کی علامات میں سے ہے۔ بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ یہ نفاق کی علامت اس وقت ہے جب وعدہ اس نیت سے کیا جائے کہ اسے پورا نہیں کروں گا۔

۴۶۶۳ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَامِرٍ قَالَ دَعَتْنِي أُمِّي يَوْمًا وَرَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ فِي بَيْتِنَا فَقَالَتْ هَا تَعَالَ أُعْطِيكَ فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَرَدْتِ أَنْ تُعْطِيهِ قَالَتْ أَرَدْتُ أَنْ أُعْطِيَهُ تَمْرًا فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَا إِنَّكِ لَوْ لَمْ تُعْطِهِ شَيْئًا كُتِبَتْ عَلَيْكِ كِذْبَةٌ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ)

حضرت عبداللہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ مجھے ایک دن میری والدہ نے بلایا اس وقت آقائے دو جہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے گھر تشریف فرما تھے والدہ نے آواز دی کہ آؤ میں تجھے کچھ دوں۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پوچھا تم انہیں کیا دینا چاہتی ہو؟ عرض کیا میں نے اسے کھجوریں دینے کا ارادہ کیا ہے۔ اس موقعہ پر آپ نے فرمایا آگاہ رہو اگر تم اسے کچھ نہ دیتیں تو تم پر جھوٹ لکھا جاتا۔ (ابو داؤد، بیہقی، شعب الایمان)

سلہ یہ عبد شمس بن عبد مناف کی اولاد میں سے ہے۔ نسب یوں ہے عبداللہ بن عامر بن کریز بن حبیب بن عبد شمس بن عبد مناف۔

سلہ تعطیہ۔ یا اس کی صیغہ واحدہ مخاطبہ اس کا اصل تعطین ہے یعنی تو اسے کیا دینا چاہتی ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے محسوس فرمایا کہ شاید یہ اس طرح کر رہی ہے جس طرح خواتین بچے کو بہلانے کے لیے بہانہ بناتے ہوئے جھوٹ سے کام لیتی ہیں۔ یا آپ نے بطور امتحان و سوال پوچھا کہ تو کیا دے گی۔ بتکلف یا بے تکلف۔ اس خاتون نے عرض کیا۔

سلہ کذبۃ۔ کاف پر زبر، ذال کے نیچے زیر یا کاف کے نیچے زیر اور ذال ساکن، یا کاف پر زبر، ذال ساکن تینوں طریقے درست ہیں۔ یعنی اگر تو اسے کھجور نہ دیتی جس کا تو نے وعدہ کیا تھا۔ اور اس خاتون کا ابتدائی قول مطلق تھا

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

محسوس ہوتا ہے کہ اس نے بھی حسب عادت بچے کو تسلی دینے کے لیے دیگر عورتوں کی طرح ہی کیا تھا چونکہ آپ نے اس سے پوچھ لیا اس لیے اس نے تکلفاً کھجور کا ذکر کر دیا۔ یہ محض عذر تھا جو اس نے آپ کے سوال کے بعد عرض کیا تھا۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۴۶۶۴/۶ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ وَّعَدَ رَجُلًا فَلَمْ يَاْتِ اَحَدُهُمَا اِلٰى وَقْتِ الصَّلٰوةِ وَذَهَبَ الَّذِيْ جَاءَ لِيُصَلِّيَ فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی سے وعدہ کرے پھر ان دونوں سے ایک نماز کے وقت تک نہ آئے اور آنے والا[1] نماز کے لیے چلا جائے تو اس پر کوئی گناہ نہیں[2]۔ (رزین)

[1] جو پہلے آیا تھا وہ نماز ادا کرنے کے لیے چلا گیا۔

[2] صورت یوں ہے کہ دو آدمیوں نے آپس میں عہد کیا کہ فلاں جگہ اکٹھے ہوں گے ان میں سے ایک پہلے آگیا اس نے انتظار کیا دوسرا نہیں آیا حتی کہ نماز کا وقت آگیا۔ پہلا شخص اگر نماز کے لیے چلا جاتا ہے تو یہ نہ خلاف وعدہ اور نہ ہی اس پر کوئی گناہ ہے کیونکہ نماز کے لیے عذر صحیح ہے ہاں! اگر نماز کے وقت سے پہلے چلا گیا تو یہ خلاف وعدہ ہوگا۔ اگر کوئی اور ضروری معاملہ پیش آگیا تو عذر دیگر ہوگا اور کوئی مانع نہیں صرف نماز ہے تو نماز بھی عذر ہے۔

بَابُ الْمِزَاحِ

۳۱۸۔ خوش طبعی کا بیان

مزاح میم کے نیچے زیر۔ دل خوش کرنا یا میم پر پیش کے ساتھ۔ خوش دلی کے معنی میں ہے مصراح میں اس کا معنی مذاق کیا ہے اور قاموس میں ہے المزاح الدعابہ دال پر پیش یعنی کھیل ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۶۶۵/۱ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اِنْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُخَالِطُنَا حَتّٰى يَقُوْلَ لِاَخٍ لِّيْ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم[1] سے گھل مل کر رہتے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

صَغِیْرٍ یَا اَبَا عُمَیْرٍ مَا فَعَلَ النُّغَیْرُ یَلْعَبُ بِہٖ فَمَاتَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حتی کہ میرے چھوٹے بھائی سے فرمایا[1] اے ابو عمیر چڑیا[2] کا کیا بنا؟ ان کی ایک چڑیا تھی جس سے وہ کھیلا کرتے تھے وہ مرگئی تھی[3][4]

(بخاری و مسلم)

[1] یعنی ہمارے گھر والوں سے آپ نہایت زیادہ شفقت فرماتے یا ضمیر کا مرجع صحابہ ہیں کہ آپ تمام صحابہ سے گھل مل کر رہتے۔

[2] بطور مزاح فرمایا۔

[3] حضرت انس کے چھوٹے بھائی کے پاس ایک چڑیا ہوا کرتی تھی جس سے وہ کھیلتے تھے۔ اس کے مرنے کے بعد جب بھی نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے تو آپ بطور مزاح ان پر شفقت فرماتے ہوئے پوچھتے اے ابو عمیر تیری چڑیا کا کیا بنا؟ رعایت سجع کرتے ہوئے آپ نے ان کی کنیت رکھی۔

[4] یہ حدیث دلالت کررہی ہے کہ بچوں کا چڑیوں کے ساتھ کھیلنا جائز ہے بشرطیکہ انہیں اذیت نہ دیں۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۴۶۶۶ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَ قَالَ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّکَ تُدَاعِبُنَا[1] قَالَ اِنِّیْ لَا اَقُوْلُ اِلَّا حَقًّا[2]۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ ہم سے خوش طبعی بھی فرماتے ہیں۔ فرمایا ہم سچی بات ہی کہتے ہیں۔

(ترمذی)

[1] دعابہ۔ دال پر پیش۔ مزاح کے معنی میں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صحابہ کی تالیف قلب اور طبائع میں تروتازگی پیدا کرنے کے لیے ان سے مزاح فرماتے، صحابہ نے آپ کے مقام رفیع اور عظمت شان کے پیش نظر اس بات کو بعید محسوس کیا۔

[2] میرے مزاح میں کوئی بات خلاف واقع نہیں ہوتی، اگرچہ بظاہر وہ خلاف واقع محسوس ہوتی ہے اور رہنم کلام اور اس کی حقیقت تک رسائی نہ پانے والا شخص اسے خلاف واقع ہی تصور کرے گا مگر بات ہرگز ایسے نہیں میں جو بات بھی کہتا ہوں حق اور واقع کے مطابق ہوتی ہے۔

اسی سے مزاح کے جواز اور عدم جواز کا ضابطہ سامنے آگیا ہے کہ مزاح وہی جائز ہے جس میں جھوٹ نہ ہو اور اس پر مداومت و ہمیشگی بھی نہ ہو کیونکہ یہ عمل آدمی کے جلال ہیبت اور اس کے وقار کو ختم کر دیتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مزاح مبارک بھی مذکورہ شرائط کے تحت تھا جیسا کہ آئندہ حدیث میں آرہا ہے۔

۴۶۶۷ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا اِسْتَحْمَلَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ حَامِلُکَ عَلٰی وَلَدِ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

نَاقَةٍ فَقَالَ مَا اَصْنَعُ بِوَلَدِ النَّاقَةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهَلْ تَلِدُ الْاِبِلَ اِلَّا النُّوْقُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

سواری کا سوال کیا، فرمایا: ہم تجھے اونٹنی کے بچے پر سوار کریں گے، اس نے عرض کیا میں اونٹنی کا بچہ کیا کروں گا؟ فرمایا اونٹنی اونٹ ہی جنتی ہے

(ترمذی، ابوداؤد)

۱؎ ہم تجھے اونٹنی کا بچہ دیں گے تاکہ تو اس پر سوار ہو چونکہ عرف میں اونٹنی کے بچے کو اونٹ نہیں کہتے اس لیے اس نے محسوس کیا کہ شاید مجھے چھوٹا بچہ ملے گا اور ان کے عرف میں اونٹ کو ابل کہا جاتا تھا اور ولدِ ناقہ جو قابل سواری ہو۔

۲؎ یعنی ہر اونٹ، اونٹنی کا بچہ ہی ہوتا ہے۔ اس میں تعجب اور بعد کیا ہے۔

۴۶۶۸ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ يَا ذَا الْاُذُنَيْنِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

انہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا اے دو کانوں والے۱؎

(ابوداؤد، ترمذی)

۱؎ ہر آدمی کے دو کان ہوتے ہیں لیکن آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس انداز میں یہ جملہ ارشاد فرمایا کہ انہیں یوں محسوس ہوا کہ شاید دوسرے لوگ کان نہیں رکھتے۔ اس میں مزاح، حسن معاشرت، خوشی کا اظہار ہے۔ بعض شارحین نے کہا کہ اس سے آپ کی مراد حضرت انس کے سماع، حفظ، توجہ کی تعریف و مدح کرنا ہے یا ان کو اس پر تنبیہ ہے یعنی جس کو اللہ تعالیٰ نے یہ دو کان عطا فرمائے اسے اسی طرح کرنا چاہیے۔

۴۶۶۹ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاِمْرَاَةٍ عَجُوْزٍ اِنَّهٗ لَا تَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَجُوْزٌ فَقَالَتْ وَمَا لَهُنَّ وَكَانَتْ تَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ فَقَالَ لَهَا اَمَا تَقْرَئِيْنَ الْقُرْاٰنَ اِنَّا اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَاءً فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا۔

(رَوَاهُ رَزِيْنٌ وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ بِلَفْظِ الْمَصَابِيْحِ)

انہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک۱؎ بوڑھی خاتون سے فرمایا: کوئی بڑھیا جنت میں داخل نہیں ہوگی۔ اس۲؎ نے عرض کیا یہ کیوں حالانکہ وہ قرآن پڑھتی ہیں۔ فرمایا کیا تم قرآن میں یہ نہیں پڑھتیں ہم ان عورتوں کو پیدا کریں گے دوبارہ تو انہیں کنواریاں۳؎ بنا دیں گے۔

(رزین، شرح السنۃ میں مصابیح۴؎ کے الفاظ ہیں)

۱؎ اس خاتون نے آپ سے جنت کی دعا کا عرض کیا تھا آپ نے اسے بطور مزاح فرمایا۔

۲؎ اس نے بطور حسرت و حیرت عرض کیا۔

۳؎ یعنی اللہ تعالیٰ اپنے کرم سے تمام بوڑھی خواتین کو جوانی عطا فرمادے اور وہ اب جنت میں داخلہ کے وقت جوان ہوں گی۔ لہٰذا آپ کا ارشاد کہ کوئی بڑھیا جنت میں نہیں جاسکے گی درست ہوا۔

۴؎ وہ الفاظ یہ ہیں جب آپ نے فرمایا کہ کوئی بڑھیا جنت میں نہیں جاسکے گی تو وہ خاتون روتے ہوئے واپس لوٹ گئی۔ آپ نے فرمایا اس عورت کو بلا کر اطلاع و خوش خبری دو کہ اس حالت میں تم جنت میں نہیں جاؤ گی کیونکہ قرآن مجید میں ہے کہ انہیں دوبارہ زندہ کریں گے اور انہیں کنواریاں بنا دیں گے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۴۶۷۰ وَعَنْهُ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ الْبَادِيَةِ كَانَ اسْمُهُ زَاهِرَ بْنَ حَرَامٍ وَّكَانَ يُهْدِيْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْبَادِيَةِ فَيُجَهِّزُهُ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّخْرُجَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ زَاهِرًا بَادِيَتُنَا وَنَحْنُ حَاضِرُوْهُ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّهُ وَكَانَ دَمِيْمًا فَاَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا وَّهُوَ يَبِيْعُ مَتَاعَهُ فَاحْتَضَنَهُ مِنْ خَلْفِهِ وَهُوَ لَا يُبْصِرُهُ فَقَالَ اَرْسِلْنِيْ مَنْ هٰذَا فَالْتَفَتَ فَعَرَفَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ لَا يَاْلُوْ مَا اَلْزَقَ ظَهْرَهُ بِصَدْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ عَرَفَهُ وَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ يَّشْتَرِى الْعَبْدَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اِذًا وَّاللهِ تَجِدُنِيْ كَاسِدًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لٰكِنْ عِنْدَ اللهِ لَسْتَ بِكَاسِدٍ۔

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

انہی سے روایت ہے کہ ایک دیہاتی شخص جس کا نام زاہر بن حرام تھا وہ گاؤں سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لیے تحائف لاتے جب وہ واپس جانے لگتے تو انہیں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سامان تحائف عطا فرماتے اور فرمایا کہ زاہر ہمارا دیہاتی ہے اور ہم اس کے شہری ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان سے محبت کرتے تھے اور وہ خوبصورت نہ تھے، ایک دن نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے تو زاہر اپنا سامان بیچ رہے تھے، آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں پیچھے سے گود میں لے لیا حالانکہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا بولے کون ہو، مجھے چھوڑ دو، انہوں نے مڑ کر دیکھا تو نبی اکرم کو پہچان لیا تو انہوں نے موقعہ ہاتھ سے نہ جانے دیا پہچاننے کے بعد اپنی پشت آپ کے سینہ اقدس سے بار بار مس کرنے لگے، آپ نے فرمایا اس غلام کو کون خریدتا ہے، عرض کیا یا رسول اللہ! اللہ کی قسم مجھے آپ کھوٹا پائیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم اللہ کے ہاں تو کھوٹے نہیں ہو۔ (شرح السنۃ)

۱ ھا اور راء کے ساتھ۔

۲ ککڑیاں، کھیرے اور سبزیاں وغیرہ۔

۳ مثلاً کپڑے اور نقدی وغیرہ۔ جہاز۔ فتحہ اور کسرہ کے ساتھ ہے۔ اس سے مراد وہ سامان ہوتا ہے جو سفر میت اور عروسی کے وقت تیار کیا جاتا ہے۔

۴ ہمارے لیے دیہات کی اشیاء لاتا ہے۔ بعض نسخوں میں بادیۃ تا کے بغیر ہے یعنی وہ دیہات میں مقیم ہے یہی نسخہ مختار ہے جیسا کہ شرح شمائل میں ہے۔

۵ اس کی وہ ضروریات جو شہر سے دی جا سکتی ہیں ہم ان کو فراہم کرتے ہیں۔

۶ ظاہری حسن کے لحاظ سے وہ خوبصورت نہ تھے۔ دمیم کا معنی بدصورت ہے۔

۷ بازار تشریف لائے۔

۸ حسب دستور یہ بات کہی۔ ورنہ آپ کی مبارک خوشبو کی وجہ سے پہچان چکے تھے، شاہ ابو المعالی نے اس

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

مقام پر فرمایا ہے سے آمدی از پس بازی چشم پوشیدی مرا اے نگاہ دست بخت کیستی
میرے پیچھے اگر میری آنکھوں کو ڈھانپ دینے والے اپنے مقدس و خوبصورت اور خوشبودار ہاتھوں کو کھولو تم کون ہو۔

۹؎ بطور مزاح فرمایا۔

۴۶۷۱ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ قَالَ أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ وَهُوَ فِيْ قُبَّةٍ مِنْ أَدَمٍ فَسَلَّمْتُ فَرَدَّ عَلَيَّ فَقَالَ ادْخُلْ فَقُلْتُ أَكُلِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ كُلُّكَ فَدَخَلْتُ قَالَ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ إِنَّمَا قَالَ أَدْخُلُ كُلِّيْ مِنْ صِغَرِ الْقُبَّةِ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت عوف ابن مالک اشجعی رضی اللہ تعالٰے عنہ ۱؎ بیان کرتے ہیں کہ میں اپنے آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس میں غزوہ تبوک کے موقعہ پر حاضر ہوا۔ آپ چمڑے کے خیمے میں تشریف فرما تھے۔ میں نے سلام عرض کیا آپ نے جواب دیتے ہوئے فرمایا اندر آجاؤ ۲؎ میں نے عرض کیا یارسول اللہ میں سارا آجاؤں؟ ۳؎ فرمایا سارے کا سارا آجاؤ ۴؎ میں حاضر ہوگیا۔ عثمان ۵؎ بن عاتکہ کہتے ہیں کہ انہوں نے خیمہ کے چھوٹا ہونے کی وجہ سے کہا تھا کہ میں سارا آجاؤں ۶؎ (ابوداؤد)

۱؎ یہ صحابی ہیں۔ غزوہ خیبر میں اولاً شریک ہوئے۔ فتح مکہ کے دن قبیلہ اشجع کا جھنڈا انہی کے ہاتھ میں تھا۔ شام میں قیام پذیر ہوئے وہیں تہتر ہجری کو وصال ہوا۔

۲؎ آپ نے خیمے کے اندر آنے کو کہا اور خیمہ نہایت چھوٹا تھا۔

۳؎ بطور مزاح عرض کیا کہ تمام بدن سمیت داخل ہوجاؤں۔

۴؎ لفظ اکلی۔ کلک ان کو مرفوع و منصوب دونوں طرح پڑھنا جائز ہے۔

۵؎ یہ اس حدیث کے راویوں میں سے ہیں ان کا مقصد یہ بیان کرنا ہے اکلی یارسول اللہ! کے الفاظ حضرت

۱؎ حکیم الامت مفتی احمد یار خاں نعیمی لکھتے ہیں۔

جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ہو جائے وہ بے قیمت کیسے ہو سکتا ہے۔ ان کی قیمت سارا جہاں نہیں ہو سکتی۔ مدینہ منورہ میں ایک صاحب تھے بازار میں جو نئی چیز دیکھتے حضور انور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی خدمت میں ہدیۃً لے آتے تھے۔ جب چیز کا مالک قیمت مانگتا تو اسے بھی حضور کے پاس لے آتے عرض کرتے فلاں مال جو حضور کے پاس فلاں چیز میں نے حاضر کی تھی اس کی قیمت حضور اسے دے دیں۔ یہ تقاضا کر رہا ہے حضور انور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم تبسم فرما کر فرماتے کہ تم نے وہ چیز ہم کو ہدیۃً دی تھی عرض کرتے حضور میرے پاس اس کی قیمت کہاں سے آئی ہے حضور قیمت ادا فرماتے مگر ان سے کچھ نہ کہتے۔ (مرقات)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

عوف نے بطور مزاح اور خوش طبعی سے کہے تھے۔

۶ ادخل کا لفظ حضرت عوف کے کلام میں نہیں ہے۔ لیکن مراد ہے۔ یہ واضح کرنا ہے کہ لفظ کلی و کلک دونوں مرفوع ہیں۔

۴۶۷۲/۸ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ اسْتَأْذَنَ اَبُوْ بَكْرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَ صَوْتَ عَائِشَةَ عَالِيًا فَلَمَّا دَخَلَ تَنَاوَلَهَا لِيَلْطِمَهَا وَقَالَ لَا اَرَاكِ تَرْفَعِيْنَ صَوْتَكِ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْجُزُهُ وَخَرَجَ اَبُوْ بَكْرٍ مُغْضَبًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ خَرَجَ اَبُوْ بَكْرٍ كَيْفَ رَاَيْتِنِيْ اَنْقَذْتُكِ مِنَ الرَّجُلِ قَالَتْ فَمَكَثَ اَبُوْ بَكْرٍ اَيَّامًا ثُمَّ اسْتَاْذَنَ فَوَجَدَهُمَا قَدِ اصْطَلَحَا فَقَالَ لَهُمَا اَدْخِلَانِيْ فِيْ سِلْمِكُمَا كَمَا اَدْخَلْتُمَانِيْ فِيْ حَرْبِكُمَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ فَعَلْنَا قَدْ فَعَلْنَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت نعمان بن بشیر[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس آنے کی اجازت طلب کی تو انہوں نے سیدہ عائشہ کی بلند آواز سنی۔ اندر آکر انہیں پکڑا تا کہ طمانچہ ماریں۔ اور کہا کہ تم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ میں آواز[۲] بلند کرتی ہو۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابوبکر کو[۳] منع فرمایا ابوبکر غصے کی حالت[۴] میں واپس لوٹ گئے۔ جب ابوبکر واپس ہو گئے تو حضور نے فرمایا بتاؤ مجھے کیسا پایا۔ میں نے تجھے اس شخص[۵] سے بچا لیا ہے۔ سیدہ[۶] عائشہ کہتی ہیں کہ چند دنوں تک حضرت ابوبکر نہ آئے پھر آئے اور اجازت چاہی تو ان دونوں کو آپس میں حالت صلح و محبت میں دیکھا تو کہنے لگے کہ مجھے اپنی صلح میں[۷] شامل کرو جیسے کہ جھگڑے میں مجھے شامل کیا[۸] تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا[۹] ہم نے آپ کو شامل کر لیا۔ ہم نے آپ کو شامل کر لیا۔

(ابوداؤد)

۱ ہجرت کے بعد انصار کے ہاں جو بچہ پیدا ہوا وہ یہی صحابی تھے۔

۲ یعنی تجھے ایسے کام کرنے چاہیے جس کی وجہ سے تجھے آپ کے سامنے آواز بلند کرنی نہ پڑے۔ بعض شارحین نے لکھا ہے کہ لفظ لا اراک، مثبت ہے منفی نہیں اور الف اشباع کی وجہ سے آیا ہے تو اب معنی ہوگا کہ کیا وجہ ہے میں تجھے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بلند آواز پا رہا ہوں۔ یعنی کیوں تو ایسا کام کرتی ہے جو تجھے نہیں کرنا چاہیے۔

۳ حجز، حا، جیم اور زا ہے اس کا معنی باز رکھنا ہے۔

۴ مغضبا، ضاد پر زبر، غصہ میں آنا یعنی سیدنا ابوبکر ان کی بلند آوازی کی وجہ سے ناراض ہو گئے۔

۵ اس سے مراد ابوبکر ہیں۔

۶ اس سے پتہ چلتا ہے کہ نعمان بن بشیر نے یہ روایت حضرت عائشہ سے بیان کی ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۷ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس میں اتفاقاً یا حضرت عائشہ سے ناراضگی کی وجہ سے یا انہیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ میں جو شرمندگی لاحق ہوئی تھی۔

۸ تاکہ میں تمہارے ساتھ شریک ہو کر صلح کے مناظر دیکھ سکوں۔

۹ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت عائشہ پر شفقت فرمائی۔ اس پر ابوبکر صدیق نے بطور اظہار تشکر اور خوشی و سرور یہ بات کہی۔

۱۰ اے ابوبکر جو کچھ تو نے کہا ہم نے کر لیا اور ہم تجھے اپنی صلح میں کیوں شریک نہ کریں۔ آپ تو ہمارے ہر جگہ ہر معاملہ میں شریک بلکہ محرم ہیں۔ اور غالباً مزاح اس جملہ میں ہے جو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تو نے مجھے کیسا دیکھا کہ میں نے تجھے ابوبکر سے بچایا۔ یہی وجہ ہے کہ آپ نے یہ نہیں فرمایا "تیرے والد سے" گویا آپ نے بطور مزاح اور ان کی خوش دلی کے حضرت عائشہ صدیقہ اور حضرت ابوبکر کے درمیان بعد محسوس کروایا یا یہ وجہ بھی ہو سکتی ہے کہ والد کا لفظ بظاہر مارنے کے منافی ہے۔ بعض شارحین نے لفظ "رجل" کی حکمت یہ بیان کی ہے کہ حضرت عائشہ سیدنا ابوبکر کو نہایت ہی پیاری تھیں۔ مگر اللہ اور اس کے رسول کی رضا کے لیے انہیں بھی مارنے پر تیار ہو گئے گویا یہ آپ کا عمل نہایت ہی مردانگی اور زیرکی پر دلالت کر رہا تھا اس لیے لفظ رجل ذکر کیا گیا۔

۴۷۶۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُمَارِ أَخَاكَ وَلَا تُمَازِحْهُ وَلَا تَعِدْهُ مَوْعِدًا فَتُخْلِفَهُ۔ ۹
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے بھائی سے نہ جھگڑو، نہ اس کا مزاح اڑاؤ ۱۱ اور نہ اس سے کوئی ایسا وعدہ ۱۲ کرو جس کا تم خلاف کرو۔
(ترمذی نے روایت کر کے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے)

۱۱ ایسا مزاح نہ کرو جس سے اسے تکلیف ہو۔

۱۲ وعدہ پورا کر دیا اس سے وعدہ ہی نہ کر۔ یعنی وعدہ کی راہ اس طرح بند کر دے کہ کبھی وعدہ خلافی نہ ہو۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَابُ الْمُفَاخَرَةِ وَالْعَصَبِيَّةِ

۳۱۹۔ فخر اور تعصب کا بیان

صراح میں ہے فخر و مفخر کا معنی بڑھائی کے ہیں باب نصر ینصر سے ہے۔ تفاخر دو گروہوں کا آپس میں بڑائی کا اظہار کرنا، فخر کرنے والے کو فخیر کہتے ہیں، تفخر، بزرگی ظاہر کرنا، متفخر، متکبر، مفاخرت۔ فخر میں برابری کرنا تفخیر ایک دوسرے کو فخر میں بڑھانا، اگر فخر و مفاخرت حق میں ہو حق کے لیے ہو اور اس میں کوئی دینی مصلحت ہو یا اس میں دین کے دشمنوں پر غلبہ کا اظہار مقصود ہو تو جائز ہے اور یہ عمل صحابہ کرام اور اسلاف سے منقول ہے۔ اگر یہ فخر و غرور ناحق ہو اور بطور تکبر و لاف ہو تو یہ مذموم ہے۔ عرف میں اس کا استعمال اسی معنی میں ہے عصبیت: عصبی ہونا ہے اور عصبی سے مراد یہ ہے کہ وہ اپنی قوم کی حمایت میں تعصب سے کام لے عصبہ قوم اس آدمی کو کہا جاتا ہے جس کے لیے قوم تعصب برتنے (کذا فی القاموس) صراح میں ہے باپ کی جانب سے نرینہ اولاد اور بیٹوں کو عصبہ کہا جاتا ہے۔ تعصب کا معنی تشدید اور سختی کرنا ہے اس سے عصب یعنی پٹھے ہے۔ کیونکہ ان سے جوڑوں میں سختی اور شدت پیدا ہوتی ہے۔ آدمی بھی اپنی قوم کی وجہ سے قوت و شدت حاصل کرتا ہے متعصب اس آدمی کو کہا جاتا ہے جو اپنی قوم کے لیے تعصب سے کام لے اور اپنے مذہب کے غلبہ کے لیے قوت کے ساتھ جدال و لڑائی کرے۔ اس وجہ سے اس کی گردن کے پٹھے پھول جاتے ہیں۔ اگر تعصب برائے حق ہو اور اس میں ظلم نہ ہو تو مستحسن ہے اور اگر بطریق باطل ہو اور ظلم ہو تو یہ مذموم ہے۔ اکثر طور پر اس کا اطلاق ناحق پر ہی ہوتا ہے جیسا کہ آئندہ احادیث سے واضح ہو جائے گا۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۶۷۴ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَیُّ النَّاسِ اَكْرَمُ فَقَالَ اَكْرَمُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَنْ هٰذَا نَسْاَلُكَ قَالَ فَاَكْرَمُ النَّاسِ يُوْسُفُ نَبِيُّ اللّٰهِ ابْنُ نَبِيِّ اللّٰهِ ابْنِ نَبِيِّ اللّٰهِ ابْنِ خَلِيْلِ اللّٰهِ قَالُوْا لَيْسَ عَنْ هٰذَا نَسْاَلُكَ قَالَ فَعَنْ مَعَادِنِ الْعَرَبِ تَسْاَلُوْنِيْ قَالُوْا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ لوگوں میں سے زیادہ عزت والا کون ہے؟ فرمایا: اللہ کے ہاں زیادہ عزت والا سب سے زیادہ تقویٰ رکھنے والا ہے۔ عرض کیا ہم نے اس کے متعلق سوال نہیں کیا؟ فرمایا: لوگوں میں بڑے شرف والے اللہ کے نبی یوسف ہیں وہ اللہ کے نبی کے بیٹے اور ان کے والد اللہ کے نبی خلیل اللہ علیہ السلام

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

نَعَمْ قَالَ فَخِيَارُكُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُكُمْ فِي الْإِسْلَامِ إِذَا فَقِهُوْا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کے بیٹے، عرض کیا ہم اس کے متعلق نہیں پوچھتے۔ فرمایا: کیا تم مجھ سے عرب قبائل کے بارے میں پوچھ رہے ہو؟ عرض کیا ہاں فرمایا تم میں سے جو لوگ جاہلیت میں بہتر تھے وہ اسلام میں بھی بہتر ہیں۔ جبکہ وہ احکام دین سے آگاہ ہوں۔ (بخاری و مسلم)

لہ صراح میں ہے کہ کرم جوان مردی اور عزیز ہونے کا معنی دیتا ہے۔ کرم کی ضد لوم ہے۔ شارحین نے بیان کیا ہے کہ جب کوئی شخص صفت کرم کے ساتھ متصف ہوتا ہے تو گویا وہ تمام صفات حمیدہ کے ساتھ متصف ہے۔

ےہ اگر ذات کے اعتبار سے کرم کا سوال ہے تو اس کی بنیاد تقویٰ ہے۔ نام و نسب اور دیگر ذاتی خصائل اس کے لیے نہیں۔

سلہ اگر تم نے کرم باعتبار حسب و نسب پوچھا ہے تو اس معنی کے اعتبار سے حضرت یوسف علیہ السلام افضل ہیں۔

سکہ یہ اللہ کے پیغمبر ہیں اور ان کے آبا میں تین پیغمبر (حضرت یعقوب، حضرت اسحاق اور حضرت ابراہیم علیہم السلام) ہیں اور حضرت یوسف علیہ السلام کے جد امجد سیدنا ابراہیم علیہ السلام کا لقب خلیل اللہ ہے۔ یعنی انہیں اللہ تعالے نے اپنا خصوصی دوست قرار دیا اور یہ نبی سے بھی اخص درجہ ہے تو حضرت یوسف علیہ السلام میں بزرگی و عزت، حسب و نسب، علم و جمال، عفو و کرم، اخلاق و عدل، دنیا و آخرت کی بادشاہی، نبوت و کرامت گویا کرم کی تمام انواع جمع ہیں لہٰذا اسی وجہ سے ان کا کرم کے ساتھ متصف ہونا زیادہ لائق ہے۔ [1]

۵ہ تاکہ اپنی خاندانی فضائل و خصائل اور اپنے آباؤ اجداد پر فخر کرتے ہوئے اپنی عظمت کا اظہار کریں اور اپنی صفات کی بنا پر دوسروں پر فوقیت رکھنا چاہتے ہو۔

۶ہ جو تم میں سے دور جاہلیت میں بزرگ تھے وہ اسلام میں بھی بزرگ ہوں گے مگر اس کی شرط ہے۔

ےہ فقہوا۔ قاف پر پیش یا اس کے نیچے زیر ہے۔ یعنی ان کی ذات میں ایسی صفات و جواہر ہیں جن کی وجہ سے وہ دور جاہلیت میں ممتاز تھے۔ دور اسلام میں تو ان کے جوہر میں نکھار پیدا ہوا۔ ہاں اتنا فرق ہے کہ دور جاہلیت میں

لہ ملا علی قاری اس حدیث کے تحت لکھتے ہیں۔

حضرت یوسف علیہ السلام حسب و نسب دونوں میں اعلیٰ ہیں، اسی طرح صحابہ میں حضرت ابو بکر صدیق حسبی اشرف بھی ہیں کہ صدیق ہیں نسبی اشرف بھی ہیں کہ آپ کی چار پشتوں میں صحابیت ہے، خود صحابی ماں باپ صحابی اولاد صحابی پوتے صحابی نواسے صحابی اور یہ آپ کی خصوصیت ہے۔ (مراۃ، جلد ۶ صہ ۵۰۲)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

کفر گناہ و نافرمانی کی تاریکی جہالت کے اندھیرے میں ڈوبے ہوئے تھے اور دور اسلام میں طہارت ایمانی، اطاعت کا نور اور پاکیزہ علم و عمل سے مطہر و منور اور طاعت شعار ہو جاتے ہیں۔ اس گفتگو سے معلوم ہوتا ہے کہ لفظ "معادن" سے مراد اشخاص و ان کی ذوات ہیں جیسا کہ دوسری روایت میں ہے۔ اَلنَّاسُ مَعَادِنُ كَمَعَادِنِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ خِيَارُهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُهُمْ فِي الْإِسْلَامِ (لوگ سونے اور چاندی کی معدنیات کی طرح ہیں جو جاہلیت میں بہتر تھے وہ اسلام میں بھی بہتر ہیں) یعنی ہر شخص کی ذات میں ایک جوہر ہوتا ہے جو اس کی ذات کو دوسروں سے ممتاز کر دیتا ہے جیسا کہ سونا و چاندی جب وہ کان سے نکالے جاتے ہیں تو خاک آلودہ اور کثیف ہوتے ہیں اور پگھلنے کے بعد صاف و شفاف ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح لوگوں کی ذات کا جوہر کثیف اور آلودہ ہوتا ہے۔ اور وہ ایمانی ریاضت کی کٹھالی میں پڑنے کے بعد پاک اور خالص ہو جاتا ہے۔

٤٦٧٥ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَرِيْمُ ابْنُ الْكَرِيْمِ ابْنِ الْكَرِيْمِ ابْنِ الْكَرِيْمِ يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ إِسْحٰقَ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)[1]

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا شریف بن شریف بن شریف بن شریف حضرت یوسف ہیں جو یعقوب کے بیٹے وہ اسحٰق کے بیٹے اور وہ ابراہیم کے[1] بیٹے ہیں۔ (بخاری)

[1] اس حدیث کا ترجمہ سابقہ حدیث سے معلوم ہو گیا ہے۔ یہاں قابل ذکر بات یہ ہے کہ لفظ ابن کے بارے میں یہ ضابطہ ہے کہ جب یہ دو ناموں کے درمیان آجائے تو اس کا الف نہیں لکھا جاتا۔ یہاں دوسرے ضابطہ کے مطابق ہے مگر پہلا جملہ قابل توجہ ہے کیونکہ کریم کسی کا نام نہیں۔ اور یہی معاملہ سابقہ حدیث میں تھا۔ اس کے باوجود ہر جگہ الف نہیں لکھا گیا۔ مصابیح کے شارحین میں سے ابن فرشتہ نے کہا ہے کہ درست یہ ہے کہ الف لکھا جائے رفتہ بر۔

٤٦٧٦ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ فِي يَوْمِ حُنَيْنٍ كَانَ أَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ آخِذًا بِعِنَانِ بَغْلَتِهِ يَعْنِي بَغْلَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا غَشِيَهُ الْمُشْرِكُوْنَ نَزَلَ فَجَعَلَ يَقُوْلُ أَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ قَالَ فَمَا رُئِيَ مِنَ النَّاسِ يَوْمَئِذٍ أَشَدُّ مِنْهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ غزوہ حنین[1] کے بارے میں بیان کرتے ہیں کہ ابو سفیان بن حارث آپ کے خچر کی لگام پکڑے ہوئے تھے جب مشرکین نے آپ کو گھیرے میں لے لیا تو آپ نیچے تشریف لائے اور یہ کہہ رہے تھے۔ میں کوئی جھوٹا نبی نہیں ہوں میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں۔ بیان کرتے ہیں کہ اس دن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے بڑھ کر کوئی بہادر نہیں دیکھا گیا[2] (بخاری و مسلم)

[1] حُنین، حا پر پیش، نون پر زبر۔ یہ غزوہ فتح مکہ کے بعد پیش آیا۔ ابو سفیان بن حارث بن عبدالمطلب حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچازاد بھائی ہیں۔ یہ عرب کے جرأت مند اور دلیر لوگوں میں سے ہیں۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سلہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خچر پر سوار ہو کر کافروں پر حملہ آور ہوئے۔

سلہ یہ بات آپ کی بے مثال شجاعت اور بہادری پر شاہد ہے کیونکہ اس موقع پر تمام عرب ہوازن غطفان اور اور دیگر تمام قبائل جمع ہو کر حملہ آور ہوئے اور مسلمانوں کے لشکر پر شکست کے آثار تھے تو آپ نے تنہا حملہ فرمایا جب وہ پیچھے نہ ہٹے تو آپ پیادہ ہو گئے اور دشمنوں پر وار کر کے ان کو شکست دے دی۔

سلہ یعنی آپ بطور رجز پڑھ رہے تھے۔

سلہ جو بہادری شجاعت اور عظمت میں ممتاز اور شہسوار ہیں۔

سلہ مصنف نے بعض محدثین کی اتباع کرتے ہوئے یہ حدیث باب مفاخرت میں ذکر کر دی ہے۔

امام تورپشتی فرماتے ہیں کہ محدثین کا اس حدیث کو باب مفاخرت میں ذکر کرنا درست نہیں اور آپ کے مذکورہ ارشاد گرامی کو مفاخرت پر محمول کرنا خطا ہے کیونکہ آپ کی ذات اقدس فخر کرنے سے مبرا ہے۔ آپ کا ارشاد ہے اَنَا سَیِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ وَلَا فَخْرَ (میں تمام اولاد آدم کا سردار ہوں مگر فخر نہیں) اور آپ نے لوگوں کو اپنے آباؤ اجداد پر فخر سے منع فرمایا ہے لہٰذا آپ یہ خود کیسے کر سکتے ہیں۔ درست یہ ہے کہ یہ بات آپ نے اپنے تعارف کے طور پر فرمائی اور اس بات کی تفصیل یہ ہے کہ بعض اہل کتاب اور کاہنوں نے لوگوں کو آپ کی تشریف آوری سے قبل اطلاع دی تھی اور علامات بیان کرتے ہوئے کہا تھا کہ وہ ذات اولاد عبدالمطلب میں سے ہوگی پس آپ نے انہیں مطلع فرمایا کہ میں عبدالمطلب کی اولاد میں سے ہوں اور میرا ظہور ہو چکا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ مفاخرت وہ منع ہے جو بطور ریا، رسم جاہلیت اور بطور تعصب ہو لیکن جو مفاخرت اللہ تعالیٰ کی نعمت و فضل کے اظہار اور شکر ادا کرنے کے طور پر ہو تو اس کا حکم ہے۔ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ (اے حبیب آپ اپنے رب کی نعمتوں کو بیان کریں) اور یہاں تو مفاخرت اس لیے بھی جائز ہے کہ یہ مقام دشمنوں پر دہشت و رعب کا ہے اور یہ ایسے ہی ہے جیسے تکبر و بڑائی دیگر مقامات پر منع ہے مگر جنگ میں دشمن کے مقابلے میں جائز ہے۔

۴۶۷۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا خَيْرَ الْبَرِيَّةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاكَ اِبْرَاهِيْمُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا اے مخلوق سے بہتر۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وہ ابراہیم ہیں۔ (مسلم)

سلہ یہ صفت ان کے ساتھ خاص ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں دنیا و آخرت میں تمام پر برگزیدہ بنایا اور تمام امتوں کی زبانوں پر ان کی مدح جاری فرمائی۔

سلہ یہاں ایک اہم اشکال ہے کہ احادیث صحیحہ سے ثابت ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام مخلوق سے افضل اور تمام انبیاء علیہم السلام کے سردار ہیں لہٰذا حضرت ابراہیم علیہ السلام تمام سے افضل کیسے ہو گئے؟ اس کا جواب تین طرح

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

دیا گیا ہے۔

ایک یہ کہ آپ نے بطور تواضع ان کی خلعت و ابوت کو مقدم کیا جیسا کہ ہر آدمی تعظیماً دوسرے کو مقدم کرتا ہے۔
دوسرے یہ کہ اس وقت کا معاملہ ہے جب آپ کو آپ کی تمام مخلوق سے افضل ہونے کی اطلاع نہیں دی گئی تھی۔
تیسرا یہ کہ سیدنا ابراہیم اپنے دور کے تمام لوگوں سے بہتر تھے۔ باقی مبالغہ کے لیے عبارت مطلقاً ذکر کر دی ہے۔

۴۶۷۸ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُطْرُوْنِي كَمَا أَطْرَتِ النَّصَارٰى ابْنَ مَرْيَمَ فَإِنَّمَا أَنَا عَبْدُهٗ فَقُوْلُوْا عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ ۵ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم مجھے اس طرح نہ بڑھاؤ جس طرح نصاریٰ نے حضرت عیسیٰ ابن مریم کو بڑھایا۔ میں اس کا بندہ ہی ہوں لہٰذا تم اللہ کا بندہ اور اس کا رسول کہا کرو۔ (بخاری و مسلم)

ۛلہ اطراء تعریف کرتے ہوئے حد سے تجاوز کرنا اور جھوٹ بولنا ہے۔ آپ نے فرمایا جس طرح نصاریٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں تجاوز کرتے ہوئے انہیں خدا یا خدا کا بیٹا قرار دیا تم میرے بارے میں اس طرح کا مبالغہ نہ کرنا۔

ۛلہ مقام عبدیت، مقام خاص ہے۔ اور یہ آپ کی صفت مخصوصہ ہے کیونکہ تمام سے کامل اور اتم حقیقی عبد آپ ہی ہیں، اسی وصف کے لحاظ سے آپ کا مقام نہایت ہی بلند ہے اور اس میں اطراء و مبالغہ راہ ہی نہیں پا سکتا۔ یعنی اثبات الوہیت (خدا ہونا) منع ہے۔ اس کے علاوہ جو کمالات و تعریفات آپ کے لیے کہی جائیں گی وہ آپ کے مرتبہ کے شایانِ شان بھی نہیں ہوں گی۔ ۔

مخواں اورا خدا از بہر امر شرع و حفظ دیں
دگر ہر وصف کش میخواہی اندر مدحش انشا کن

شریعت کے حکم کے مطابق انہیں خدا نہ کہہ۔ اس کے علاوہ ان کی مدح و تعریف میں جو کہنا چاہتا ہے کہہ دے اور واقعہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا ان کی حقیقت سے کوئی آگاہ نہیں لہ تو تعریف کیسے کر سکے گا۔ اور حضور انور

لہ اور جب جانتا ہی نہیں ہے تو آپ کے شایانِ شان تعریف کیسے کرے گا۔

چہ وصفت کند سعدیٔ ناتمام عَلَیْکَ الصَّلٰوۃُ، عَلَیْکَ السَّلَامُ

ناکمل سعدی آپ کی نعت کیا بیان کرے؟ آپ پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو اور سلامتی

غالب نے بھی یہ بات اپنے انداز میں کہی ہے۔ (بقیہ برصفحہ آئندہ)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کی جو معرفت نصیب ہے وہ کسی اور کے پیسے کہاں؟ (یعنی جس طرح اللہ تعالیٰ الوہیت میں بے مثال ہے اسی طرح آپ کی ذات عبدیت میں بے مثال ہے)

۴۶۷۹ وَعَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ الْمُجَاشِعِيِّ[۱] أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ أَوْحٰى إِلَيَّ أَنْ تَوَاضَعُوْا حَتّٰى لَا يَفْخَرَ أَحَدٌ عَلٰى أَحَدٍ وَلَا يَبْغِيْ أَحَدٌ عَلٰى أَحَدٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عیاض بن حمار مجاشعی[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ تواضع کرو حتیٰ کہ کوئی کسی پر فخر[۲] نہ کرے اور نہ کوئی کسی پر ظلم وستم کرے[۳]۔ (مسلم)

[۱] مجاشعی بھیم پر پیش مجاشع بن دارم کی نسبت ہے۔ یہ اہل بصرہ میں سے ہیں اور صحابی ہیں۔ ان سے امام حسن بصری اور دیگر محدثین نے روایت کی ہے اور یہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قدیم صحابی ہیں۔

[۲] کوئی کسی پر تکبر نہ کرے۔

[۳] اس حدیث نے واضح کر دیا کہ وہ فخر و مباہات منع و حرام ہے جو بطور تکبر و ظلم ہو۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ — دوسری فصل

۴۶۸۰ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيَنْتَهِيَنَّ أَقْوَامٌ يَفْتَخِرُوْنَ بِآبَائِهِمُ الَّذِيْنَ مَاتُوْا إِنَّمَا هُمْ فَحْمٌ مِنْ جَهَنَّمَ أَوْ لَيَكُوْنُنَّ أَهْوَنَ عَلَى اللّٰهِ مِنَ الْجُعَلِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اپنے فوت شدہ ان آباؤ واجداد پر فخر کرنے سے باز آجائیں جو دوزخ کا کوئلہ ہیں ورنہ وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں اس

(بقیہ صفحہ سابقہ)

غالب ثنائے خواجہ بہ یزداں گزاشتیم
کاں ذات پاک مرتبہ دان محمد است

غالب! حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعریف و ثنا ہم نے اللہ تعالیٰ کے سپرد کی، کہ وہی ذات پاک حضرت محمد مصطفیٰ کا مرتبہ جاننے والی ہے۔

امام بوصیری فرماتے ہیں۔

دَعْ مَا ادَّعَتْهُ النَّصَارٰى فِيْ نَبِيِّهِمْ ۔۔۔ وَاحْكُمْ بِمَا شِئْتَ مَدْحًا فِيْهِ وَاحْتَكِمِ
فَإِنَّ فَضْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ لَيْسَ لَهُ ۔۔۔ حَدٌّ فَيُعْرِبَ عَنْهُ نَاطِقٌ بِفَمِ

وہ بات نہ کہو جو عیسائیوں نے اپنے نبی کے بارے میں کہی اور حضور کی تعریف میں جو چاہو حکم لگاؤ اور مانو۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی فضیلت کی کوئی ایسی حد نہیں ہے جسے کوئی انسان زبان سے بیان کر سکے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

الَّذِیْ یُدَھْدِہُ الْخُرْءَ بِاَنْفِہٖ اِنَّ اللّٰہَ قَدْ اَذْھَبَ عَنْکُمْ عُبِّیَّۃَ الْجَاھِلِیَّۃِ وَفَخْرَھَا بِالْاٰبَاءِ اِنَّمَا ھُوَ مُؤْمِنٌ تَقِیٌّ اَوْ فَاجِرٌ شَقِیٌّ اَلنَّاسُ کُلُّھُمْ بَنُوْ اٰدَمَ وَاٰدَمُ مِنْ تُرَابٍ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

گندے کیڑے سے بدتر ہو جائیں گے جو اپنی ناک میں گندگی لگاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یقیناً تم سے جاہلیت کا تکبر اور باپ دادا پر فخر دور فرمایا، انسان مومن متقی ہے یا کافر بدبخت تمام لوگ حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں اور آدم مٹی سے ہیں۔

(ترمذی، ابوداؤد)

سلہ وہ دوزخ کی آگ میں جل کر سیاہی میں کوئلہ کی طرح ہیں اور یہ ان مشرکین کے بارے میں ہے جو یقیناً دوزخی ہیں اگر ان کے غیر مراد لیے جائیں تو بھی ممکن ہے کیونکہ ایمان پر موت معلوم نہیں۔ پس ایسی صورت میں ان پر فخر درست تھا۔

سلہ اگر وہ آباء پر فخر کرنے سے باز نہ آئے۔

سلہ جعل۔ جیم پر پیش اور عین پر زبر ہے وہ سیاہ کیڑا مراد ہے جو گندگی میں رہتا ہے۔

سکہ خراء خا پر پیش یا زبر، را ساکن اور آخر میں ہمزہ ہے۔ اس کا معنی پلیدی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جاہلیت میں فوت ہونے والوں پر فخر کرنے والوں کو گندا کیڑا اور ان کے آباء کو پلیدی قرار دیا اور ان پر فخر کرنے کو گندے کیڑے کا۔ اپنے آپ کو گندگی لگانے سے تشبیہ دی ہے۔

شاعر نے کیا خوب کہا ہے۔

دوش دیدم کہ ابلہے میگفت	پدر من وزیر خاں بودست
باوجود یکہ نیست معلومم	خود گرفتم کہ آنچناں بودست
ہیچکس دیدہ کہ گہ خوردہ است	کیں بعہد قدیم نان بودست

میں نے کل رات ایک بے وقوف کو دیکھا جو کہہ رہا تھا کہ میرا باپ وزیر خان تھا، باوجودیکہ مجھے معلوم نہیں ہے۔ میں نے فرض کیا ہے کہ وہ اسی طرح تھا، تم نے کسی شخص کو دیکھا ہے جو اس بنا پر پاخانہ کھاتا ہو کہ یہ پرانے زمانے میں روٹی تھا۔

سکہ عُبِّیَّۃ۔ عین پر پیش یا زیر، با کے نیچے زیر یا پر شد اور زبر ہے اس کا معنی نخوت ہے۔

ھہ ہر آدمی دو حال سے خالی نہیں یا وہ مومن متقی ہوگا یا کافر بدنصیب۔ کسی بھی صورت میں آباء پر تکبر و فخر درست نہیں کیونکہ اگر خود آدمی متقی ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں محبوب اور پسندیدہ ہوگا اسے آباء پر فخر کی کیا حاجت؟ اور اس کے حال یہ مناسب نہیں اور اگر وہ کافر ہے تو اللہ تعالیٰ کے ہاں ذلیل ہے چہ جائیکہ وہ فخر و تکبر کرے

سلہ اور مٹی پست اور عاجز ہے۔ فخر و بلندی اس کے سزاوار نہیں۔ شعر

زخاک آفریدت خداوند پاک	پس اے بندہ افتادگی کن چو خاک

اے بندے تجھے اللہ تعالیٰ نے خاک سے پیدا کیا ہے پس تو مٹی کی طرح گرا پڑا رہ۔

۴۶۸۱/۸ وَعَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الشِّخِّیْرِ قَالَ انْطَلَقْتُ فِیْ وَفْدِ بَنِیْ عَامِرٍ اِلٰی

حضرت مطرف بن عبداللہ بن شخیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں بنی عامر کے وفد کے ساتھ نبی اکرم

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا اَنْتَ سَيِّدُنَا فَقَالَ اَلسَّيِّدُ اللّٰهُ فَقُلْنَا وَاَفْضَلُنَا فَضْلًا وَّاَعْظَمُنَا طَوْلًا فَقَالَ قُوْلُوْا قَوْلَكُمْ اَوْ بَعْضَ قَوْلِكُمْ وَلَا يَسْتَجْرِيَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ. (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَرَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ہم نے عرض کیا کہ آپ ہمارے سید ہیں فرمایا[۱] سید اللہ کی ذات ہے[۳] ہم نے عرض کیا آپ ہم سب میں بڑے بزرگ[۴] اور سب سے زیادہ عطا فرمانے والے ہیں۔ آپ نے فرمایا تم ساری بات یا بعض[۶] کہو اور تمہیں شیطان کہیں[۷] اپنا وکیل نہ بنا لے۔ (احمد و ابو داؤد[۸])

۱ مُطَرِّف، میم پر پیش۔ طا پر زبر، را پر کسرہ اور شد ہے۔ عبداللہ بن شخیر، شین کے نیچے زیر۔ خا پر شد اور اس کے نیچے زیر ہے، عامری بصری ہیں۔ ابن سعد نے ان کا شمار اہل بصرہ کے طبقہ ثانیہ میں کیا ہے۔ اور کہا کہ یہ ثقہ ہیں اور فضل ورع وتقویٰ اور عقل وادب میں بڑا مقام رکھتے ہیں۔ انہوں نے اپنے والد گرامی حضرت ابوذر، حضرت علی اور حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ تعالےٰ عنہم سے روایت کی ہے اور ان سے ان کے بھائی یزید، قتادہ، ثابت، حسن بصری و دیگر لوگوں نے روایت لی ہے۔ ستاسی ہجری کو ان کا وصال ہوا۔

۲ اس سے[۱] مراد مطرف کے والد عبداللہ بن شخیر ہیں اور یہ صحابی ہیں۔

۳ مخلوق کے تمام معاملات کا مالک اور تمام کا قبضہ جس کے دست قدرت میں ہے وہ اللہ ہی کی ذات ہے اس کے سوا کوئی مالک نہیں۔ شارحین نے بیان کیا ہے کہ آپ کے انکار کی حکمت یہ تھی کہ وہ آپ کو اس طرح مخاطب کر رہے تھے جس طرح اپنے امراء اور قوم کے سرداروں کو خطاب کرتے تھے۔ انہیں چاہیے تھا کہ وہ آپ کو نبی اللہ رسول اللہ کے القاب سے عرض کرتے جو کہ مراتب بشریہ میں اعلیٰ ہیں۔ اس منع کرنے سے یہ ہرگز مراد نہیں کہ آپ نے سید ہونے کا بالکل انکار فرمایا۔ یہ کیونکر ہو سکتا ہے حالانکہ آپ تمام اولاد آدم کے سردار ہیں۔

۴ یعنی کرم، علم اور نبوت جیسے فضائل و کمالات میں۔

۵ طول۔ طا پر زبر ہے۔ اس کا معنیٰ فضل، احسان، قدرت، عبادت اور غنا وکشادگی میں آگے ہونا اور غالب آنا ہے۔

۶ یہ کہو یا اس سے کم اس میں احتیاط کرو کہ میرے بارے میں وہی کہو جو میرے لائق ہے اور وہ نہ کہو جو خالق کی شان کے لائق ہے تاکہ مبالغہ اور جھوٹ اس میں نہ ہو۔

۷ شیطان جو چاہے بطریق وکالت تم سے کہلوائے۔ جَرِیّ۔ جیم پر زبر۔ را کے نیچے زیر۔ یا مشدد۔ موکل کے قائم مقام وکیل کو کہتے ہیں۔ لَا يَسْتَجْرِيَنَّكُمْ یا کی جگہ ہمزہ بھی پڑھا گیا ہے۔ یہ جرأت سے بنا ہے اب معنیٰ یہ ہوگا کہ کہیں شیطان تمہیں بے خوف کر کے جو بات کہلوانا چاہے کہلوا لے۔

---

[۱] ابو داؤد میں الفاظ روایت قال ابی انطلقت ہیں شاید یہاں کاتب سے لفظ ابی رہ گیا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

شہ بعض نسخوں میں ابوداؤد کے ساتھ مسند احمد کا حوالہ بھی ہے۔ اس حدیث میں لفظ "بدعن تولکم" سے مراد ان کا قول افضلنا بھی ہو سکتا ہے۔ کیونکہ عظمت اللہ تعالیٰ عَزَّ اِسْمُہٗ وَعَظُمَ شَانُہٗ کے ساتھ مخصوص ہے جیسا کہ حدیث میں ہے اَلْکِبْرِیَاءُ رِدَائِیْ وَالْعَظْمَۃُ اِزَارِیْ (کبریائی اور عظمت دونوں میری چادر ہیں) علامہ طیبی فرماتے ہیں کہ "قولوا قولکم" کا معنی یہ ہے کہ تم اپنے طریقے کے مطابق مجھے مخاطب نہ کرو بلکہ اس طرح مخاطب ہوا کرو جو اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا یَاَیُّھَا النَّبِیُّ یَاَیُّھَا الرَّسُوْلُ۔ واضح رہے کہ یہ معنی "بعض قولکم" کے مناسب نہیں اور لَا یَسْتَجْرِیَنَّکُمْ کی بھی پہلے معنی ہی تائید کرتا ہے۔

۴۶۸۲ وَعَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْحَسَبُ الْمَالُ وَالْکَرَمُ التَّقْوٰی۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت حسن[1] حضرت سمرۃ[2] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: حسب[3] مال ہے اور کرم[4] تقویٰ ہے۔

(ترمذی، ابن ماجہ)

لہ امام حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

سلہ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ صحابی ہیں۔ بصرہ میں قیام پذیر رہے۔

سلہ حسب ان فضائل اور خصائل حمیدہ کو کہتے ہیں جو انسان اپنے یا اپنے آباء و اجداد کے لیے شمار کرتا ہے پس نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ لوگوں کے نزدیک حسب اور فضیلت یہی مال ہے، کیونکہ عوام کے نزدیک وہ شخص بے وقار اور خوار ہے جس کے پاس مال نہ ہو۔

سلہ کرم، تمام صفات خیر کا نام ہے اور تمام فضائل کو شامل ہے لیکن اللہ تعالیٰ کے ہاں بہترین کرم، تقویٰ ہے۔ تقویٰ کے بغیر کسی فضیلت کا کوئی اعتبار نہیں جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ (تم میں سے زیادہ مکرم اللہ تعالیٰ کے ہاں وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے۔)

۴۶۸۳ وَعَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ تَعَزّٰی بِعَزَاءِ الْجَاهِلِیَّۃِ فَاَعِضُّوْہُ بِھَنِ اَبِیْہِ وَلَا تَکْنُوْا۔

(رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص جاہلی نسب کی طرف اپنی نسبت کرتا ہے[1] تو اس کے منہ میں اس کے باپ کے عیوب[2] ٹھونس دو اور کنایہ اختیار نہ کرو[3]۔

(شرح السنۃ)

لہ یعنی اپنے غیر مسلم آباء پر فخر کرتا ہے، یا ان کے جاہلانہ طریقے پر چلتے ہوئے لوگوں سے گالی گلوچ کرتا ہے۔

سلہ ھَنٌ ہر اس قبیح چیز کو کہتے ہیں جس کا نام نہ لیا جا سکے، مرد اور عورت کے اگلے پچھلے راستوں کو بھی

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

ھَنْ کہا جاتا ہے۔

۳؎ بلکہ صراحتًہ ان کے عیوب اور قبائح بیان کرے یا کھلے لفظوں میں شرمگاہ کا نام لے اور یہ انتہائی درجے کی تشدید اور تغلیظ ہے تاکہ فخر نہ کرے اور گالی گلوچ اور لوگوں کے عیوب و نقائص کا ذکر نہ کرے اور ان کو بے عزتی ذکر سے

۴۶۸۴/۱۱ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ عُقْبَةَ عَنْ اَبِیْ عُقْبَةَ وَكَانَ مَوْلًی مِنْ اَهْلِ فَارِسَ قَالَ شَهِدْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُحُدًا فَضَرَبْتُ رَجُلًا مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَقُلْتُ خُذْهَا مِنِّیْ وَاَنَا الْغُلَامُ الْفَارِسِیُّ فَالْتَفَتَ اِلَیَّ فَقَالَ هَلَّا قُلْتَ خُذْهَا مِنِّیْ وَاَنَا الْغُلَامُ الْاَنْصَارِیُّ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت عبد الرحمٰن بن ابی عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ابو عقبہ[۱] جو غلام اور فارس کے تھے، سے روایت کرتے ہیں کہ میں رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ غزوۂ احد میں حاضر ہوا تو میں نے ایک مشرک کو مارا[۲] اور کہا یہ مجھ سے[۳] لے لے میں فارسی غلام ہوں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے میری طرف دیکھا اور فرمایا تم نے یوں کیوں نہیں کہا کہ یہ لے لیں، مجھ میں انصاری[۴] غلام ہوں۔

(ابوداؤد)

۱؎ ابو عقبہ یہ کسی انصاری کے غلام تھے اصلًا فارس کے رہنے والے تھے۔ طریقہ یہ تھا کہ عجمی لوگوں میں سے جب بھی کوئی شخص ہجرت کرکے آتا تو وہ انصار یا مہاجرین میں سے کسی کے زیر سایہ پناہ حاصل کرتا اور اپنے معاملات و ضمانت ان کے سپرد کر دیتا۔ ان کو مولیٰ موالات کہا جاتا تھا اور ایک قسم مولیٰ عتاقہ کی ہے اور یہ آزاد شدہ غلام کو کہا جاتا ہے ابو عقبہ صحابی اور عبد الرحمٰن تابعی ثقہ ہیں اور اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں۔

۲؎ نیزہ، تیر یا تلوار۔

۳؎ یعنی یہ ضرب یہ وہ جملہ ہے جو وار کرتے وقت بہادر لوگ کہتے ہیں۔

۴؎ یعنی دلیر و جرأت مند ہوں۔

۵؎ مناسب یہ تھا کہ تم نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے معاونین اور ساتھیوں کی طرف اپنی نسبت کرتے کیونکہ قوم کا غلام انہی میں سے ہوتا ہے، اور ان کافر مجوسی اور آگ پرست لوگوں کی طرف نسبت مناسب نہیں۔

۴۶۸۵/۱۲ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ نَصَرَ قَوْمَهٗ عَلٰی غَيْرِ الْحَقِّ فَهُوَ كَالْبَعِيْرِ الَّذِیْ رُدِّیَ فَهُوَ يُنْزَعُ بِذَنَبِهٖ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنی قوم کی مدد کسی ناحق کام پر کرے وہ اس اونٹ کی طرح ہے جو کنوئیں[۱] میں گر کر ہلاک ہو جائے اور اسے اس کی دم[۲] کے ذریعے باہر کھینچا جائے۔ (ابوداؤد)

۱؎ تردی۔ صراح میں ہے کہ ردی کا معنی کنوئیں میں گرنا ہے۔ پہاڑ سے گرنے کو تردی کہا جاتا ہے۔ بالقصر ہلاکت کے معنی میں ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ واضح بات ہے کہ دم کے ذریعے سے کنوئیں سے باہر نہیں کھینچا جا سکتا۔

سلہ ظاہر حدیث یہ ہے کہ اس میں قوم کے مددگار کو اس اونٹ کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے جو کنوئیں میں ہلاک ہو گیا اور اسے دم کے ذریعے باہر نکالنے کی کوشش کی جائے۔ علامہ طیبی اس کی توجیہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ جو آدمی یہ چاہتا ہے کہ اپنی قوم کی ناحق مدد کر کے اپنے آپ کو بلند کرے گا۔ وہ اس مذکورہ اونٹ کی طرح گناہ اور اثم کے کنوئیں میں اس طرح گر جاتا ہے کہ باہر آنے کی قدرت نہیں رکھتا۔ بعض حواشی میں ہے کہ اونٹ کے ساتھ قوم اور اس کی دُم کے ساتھ مددگار کو تشبیہ دی گئی ہے کہ جس طرح دم کے ساتھ وہ اونٹ کنوئیں سے باہر نہیں لایا جا سکتا اسی طرح وہ مددگار اس قوم کو ہلاکت کے گڑھے سے باہر نہیں نکال سکتا۔

۳۶۸۶ وَعَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْعَصَبِيَّةُ قَالَ اَنْ تُعِيْنَ قَوْمَكَ عَلَى الظُّلْمِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت واثلہ بن اسقع[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ تعصب کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: تمہارا اپنی قوم کا ظلم پر مددگار بننا تعصب[2] ہے۔ (ابوداؤد)

سلہ اسقع سین اور قاف ہے۔ یہ اصحاب صفہ میں سے ہیں، غزوہ تبوک کے موقع پر اسلام قبول کیا۔

سلہ اس حدیث نے واضح کر دیا کہ اپنی قوم کی اچھی بات میں حمایت و اعانت کرنا تعصب نہیں جیسا کہ آئندہ حدیث میں آرہا ہے۔

۳۶۸۷ وَعَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ ابْنِ جُعْشُمٍ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ خَيْرُكُمُ الْمُدَافِعُ عَنْ عَشِيْرَتِهِ مَالَمْ يَأْثَمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے فرمایا: تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنے خاندان کا دفاع[2] کرے جب تک وہ کسی گناہ[3] کا ارتکاب نہ کرے۔ (ابوداؤد)

سلہ جعشم جیم پر پیش، عین ساکن اور شین پر پیش ہے۔ سراقہ وہ شخص ہیں جن کو ہجرت کے موقع پر کفار قریش نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے تعاقب میں اس لیے روانہ کیا کہ وہ آپ کو پکڑ کر لائے جب وہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قریب پہنچے تو ان کے گھوڑے کے پاؤں زمین میں دھنس گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا فرمائی تو زمین نے انہیں چھوڑ دیا پھر وہ وہاں سے واپس لوٹے۔

سلہ ان پر ظلم و زیادتی نہ ہو رہی ہے۔ مدافعت کا معنی صراح میں کسی کا حق دلانا اور اس سے زیادتی کو دور کرنا ہے۔

سلہ بشرطیکہ ان سے ظلم سرزد نہ ہو۔ یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ وہ قوم اپنے اوپر ہونے والے ظلم کی مدافعت میں ظلم کرتی ہے تو اب کیا ہوگا؟ اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ اس کے لیے ضابطہ ہے کہ اگر اس ظلم کا دفاع زبان سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ہوسکتا ہے تو ہاتھ کو بروئے کار نہ لایا جائے اور مارنے سے کام ہو جاتا ہے تو قتل جائز نہیں۔

۲۶۸۸/۱۵ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ دَعَا اِلٰى عَصَبِيَّةٍ وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ قَاتَلَ عَصَبِيَّةً وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ مَاتَ عَلٰى عَصَبِيَّةٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حضرت[1] جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وہ شخص ہم میں سے نہیں جو عصبیت کی دعوت[2] دے اور وہ ہم میں سے نہیں جو تعصب میں لڑے اور وہ بھی ہم میں سے نہیں جو تعصب[3] میں فوت ہو۔ (ابوداؤد)

[1] یہ صحابی ہیں قریشی، نوفلی ہیں۔ نوفل بن عبد مناف کی اولاد سے ہیں۔ نہایت حلیم، سعادت مند اور باوقار شخصیت تھے۔ فتح مکہ سے پہلے اسلام لائے۔

[2] جو لوگوں کے درمیان عصبیت پیدا کرے۔

[3] جو عصبیت بطریق ظلم اور باطل پر ہو وہ حرام و منع ہے۔

۲۶۸۹/۱۶ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حُبُّكَ الشَّيْءَ يُعْمِيْ وَيُصِمُّ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کسی شی سے تیری محبت تجھے اندھا اور بہرا[1] کر دیتی ہے۔ (ابوداؤد)

[1] محب کو محبوب کی برائی بھی اچھائی نظر آتی ہے جیسے کہ محاورہ ہے وَعَيْنُ الرِّضَا عَنْ كُلِّ عَيْبٍ كَلِيْلَةٌ رضا اور محبت کی آنکھ کسی بھی عیب کو دیکھنے سے قاصر ہوتی ہے۔ یا مراد یہ ہے کہ محب کو جمالِ محبوب کے علاوہ کوئی شئے بھاتی ہی نہیں، اسی طرح محبوب کی بات کے علاوہ وہ کسی کی بات کی طرف کان ہی نہیں لگاتا۔ اس مبارک حدیث کو عصبیت کی مذمت کے باب میں اس لیے ذکر کیا گیا ہے کہ تعصب کرنے والا شخص اپنی قوم کی حمایت اور اعانت میں اس قدر آگے بڑھ جاتا ہے کہ وہ حق سننے کے لیے تیار نہیں ہوتا اور اس پر غور و فکر نہیں کرتا کہ حق کیا ہے۔ واللہ اعلم۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۲۶۹۰/۱۷ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ كَثِيْرِ الشَّامِيِّ مِنْ اَهْلِ فِلَسْطِيْنَ عَنِ امْرَاَةٍ مِنْهُمْ يُقَالُ لَهَا فُسَيْلَةُ اَنَّهَا قَالَتْ سَمِعْتُ اَبِيْ يَقُوْلُ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَمِنَ الْعَصَبِيَّةِ اَنْ يُحِبَّ الرَّجُلُ

حضرت[1] عبادہ بن کثیر شامی جو اہل فلسطین[2] میں سے ہیں اپنے علاقہ کی ایک خاتون سے روایت کرتے ہیں جس کو فسیلہ[3] کہا جاتا تھا وہ اپنے والد گرامی کے حوالے سے بیان کرتی ہیں کہ میں نے ان کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں

قَوْمَهٗ قَالَ لَا وَلٰكِنْ مِنَ الْعَصَبِيَّةِ اَنْ يَّنْصُرَ الرَّجُلُ قَوْمَهٗ عَلَى الظُّلْمِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ)

سائل نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا یہ عصبیت ہے کہ آدمی اپنی قوم سے محبت کرے؟ فرمایا نہیں البتہ عصبیت یہ ہے کہ آدمی اپنی قوم کی ظلم پر مدد کرے۔

(احمد، ابن ماجہ)

۱؎ عُبادہ عین پر پیش۔

۲؎ فلسطین۔ فا کے نیچے زیر لام پر زبر ملک کا نام ہے اس کے شہروں میں سے بیت المقدس ایک شہر ہے

۳؎ فُسَیلہ، فا پر پیش، سین پر زبر صیغہ تصغیر ہے۔ لغت میں کھجور کے چھوٹے تنے کو کہتے ہیں ممکن ہے وہ خاتون کوتاہ قد ہو اور اس کے ساتھ تشبیہ دے دی گئی ہے۔

۴۶۹۱ (۱۸) وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْسَابُكُمْ هٰذِهٖ لَيْسَتْ بِمَسَبَّةٍ عَلٰى اَحَدٍ كُلُّكُمْ بَنُوْ اٰدَمَ طَفُّ الصَّاعِ بِالصَّاعِ لَمْ تَمْلَئُوْهُ لَيْسَ لِاَحَدٍ عَلٰى اَحَدٍ فَضْلٌ اِلَّا بِدِيْنٍ وَّتَقْوٰى كَفٰى بِالرَّجُلِ اَنْ يَّكُوْنَ بَذِيًّا فَاحِشًا بَخِيْلًا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے یہ نسب کسی کو گالی دینے کے لیے نہیں ہیں تم سب حضرت آدم کی اولاد ہو جیسے صاع کی چیز صاع سے ہے جسے اس نے بھرا نہ ہو تم میں کسی کو دوسرے پر کوئی فضیلت نہیں مگر بسبب دین و تقویٰ کے اور آدمی کے ذلیل ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ زبان دراز، بے ہودہ گو اور بخیل ہو۔

(احمد، بیہقی، شعب الایمان)

۱؎ یہ گالی و عار کا محل نہیں اور نہ دوسرے لوگوں پر عار و عیب کا سبب۔

۲؎ یعنی تمام لوگ ناقص و ناتمام ہونے میں برابر کے شریک ہیں اور درجۂ کمال و تمام نہ پانے کی وجہ بیان کی کہ تم آدم علیہ السلام کی اولاد ہو اور انہیں مٹی سے پیدا کیا گیا ہے۔ ذاتی نقصان اور ناتمامی بیان کرنے کے بعد ارشاد فرمایا کہ فضل و بزرگی نسب وغیرہ میں نہیں بلکہ تقویٰ میں ہے۔

۳؎ تقویٰ و دین کے ضمن میں اچھی صفات کا تذکرہ ہوا تو سب اس کے بعد اب بعض برائیوں کا ذکر بھی فرمایا۔

۴؎ گفتگو میں بے ہودہ پن اور مال میں بخل۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَابُ الْبِرِّ وَالصِّلَةِ

۳۲۰۔ نیکی اور صلۂ رحمی کا بیان

بر، با کے نیچے زیر بمعنی احسان و نیکی ہے۔ یہاں والدین سے نیکی مراد ہے، اس کی ضد عُقُوق (نافرمانی) ہے۔ صلہ کا لغوی معنی جوڑنا اور ملانا ہے۔ یہاں قریبیوں کے ساتھ وہ انعام و احسان ہے جو رحم کے سبب قائم ہوا ہو۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۶۹۲ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللهِ مَنْ اَحَقُّ بِحُسْنِ صَحَابَتِيْ قَالَ اُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ اُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ اُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ اَبُوْكَ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ اُمَّكَ ثُمَّ اُمَّكَ ثُمَّ اُمَّكَ ثُمَّ اَبَاكَ ثُمَّ اَدْنَاكَ اَدْنَاكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! میرے اچھے برتاؤ[۱] کا سب سے زیادہ حق دار کون ہے؟ فرمایا تمہاری والدہ، عرض کیا پھر کون؟ فرمایا تمہاری والدہ، عرض کیا پھر کون؟ فرمایا تمہاری والدہ۔ عرض کیا پھر کون؟ فرمایا تمہاری والدہ[۲]۔ عرض کیا پھر کون؟ فرمایا تمہارا باپ[۳]۔ ایک اور روایت میں ہے کہ فرمایا تمہاری والدہ، پھر تمہاری والدہ، پھر تمہارا باپ پھر تمہارا قریبی[۴] پھر قریبی۔ (بخاری[۵] ومسلم)

[۱] صحابت، مصدر ہے، صراح میں ہے کہ صحابہ کا معنی دوست اور مدد کرنا ہے۔ یہ باب سَمِعَ یَسْمَعُ سے ہے۔

[۲] چوتھی دفعہ فرمایا۔

[۳] اس روایت میں سوال وجواب نہیں بلکہ آپ نے پہلی ہی دفعہ تین مرتبہ فرما دیا۔ اس روایت میں لفظ اُمَّکَ منصوب ہے۔

[۴] ماں باپ کے بعد ہر وہ شخص حسب ترتیب مستحق ہے جو قریب تر ہے۔

[۵] بعض علماء نے اس حدیث سے یہ استدلال کیا ہے کہ ماں کے لیے باپ کی نسبت تین احسان حاصل ہیں اور اس کی حکمت یہ بیان کی گئی ہے کہ ماں تین مشقتیں برداشت کرتی ہے حمل کا بوجھ، جننے کی تکلیف اور دودھ پلانے میں شفقت، اور کتب فقہ میں مذکور ہے کہ والدہ کا حق نیکی واحسان میں والد کی نسبت زیادہ واجب اور مؤکد ہے اگر کسی جگہ دونوں کے حق میں تعارض آجائے مثلاً ایک کے حق کی ادائیگی دوسرے کی تکلیف کا سبب ہے تو ایسی صورت میں تعظیم و احترام میں والد کا حق ہے۔ اور خدمت وانعام میں والدہ کا حق راجح ہوگا۔ والدین کے حقوق یہ ہیں کہ ان کے ساتھ تواضع

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

انکساری سے پیش آیا جائے تاکہ وہ راضی ہوں۔ ہر جائز کام میں ان کی اطاعت کی جائے۔ بے ادبی نہ کی جائے۔ ان کے ساتھ تکبر سے پیش نہ آئے۔ اگرچہ وہ مشرک ہوں۔ نیکی کے حکم اور برائی سے روکنے میں نرمی کرے۔ ایک دفعہ کہے اگر قبول نہ کریں تو خاموشی اختیار کی جائے۔ ان کے حق میں دعا و استغفار کی جائے۔ والدین کے یہ آداب واحترام قرآن مجید کے اس مقام سے حاصل ہوتے ہیں جو سیدنا خلیل اللہ علیہ السلام نے اپنے باپ کے ساتھ بطور نصیحت کیا تھا۔

۴۶۹۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَغِمَ اَنْفُهٗ رَغِمَ اَنْفُهٗ رَغِمَ اَنْفُهٗ قِيْلَ مَنْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَنْ اَدْرَكَ وَالِدَيْهِ عِنْدَ الْكِبَرِ اَحَدُهُمَا اَوْ كِلَاهُمَا ثُمَّ لَمْ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور انہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اس کی ناک[1] خاک آلود ہو، اس کی ناک خاک آلود ہو، اس کی ناک خاک آلود ہو۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ کس کی؟ فرمایا جو شخص والدین میں سے دونوں یا کسی ایک کو بڑھاپے میں پائے، پھر جنت میں داخل نہ ہو سکے[2]۔ (مسلم)

[1] رغم الف یہ ذلت وخواری سے کنایہ ہے رغام زبر کے ساتھ مٹی۔

[2] یعنی خدمت نہ کی، ان کو راضی نہ کیا۔ بعض احادیث میں رمضان شریف کے بارے میں بھی یہی ہے کہ جس نے اس میں عبادت وطاعت نہ کی وہ بھی خاک آلودہ ہو۔

۴۶۹۴ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ قَالَتْ قَدِمَتْ عَلَيَّ اُمِّيْ وَهِيَ مُشْرِكَةٌ فِيْ عَهْدِ قُرَيْشٍ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اُمِّيْ قَدِمَتْ عَلَيَّ وَهِيَ رَاغِبَةٌ اَفَاَصِلُهَا قَالَ نَعَمْ صِلِيْهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میری والدہ میرے پاس آئیں حالانکہ وہ عہد[1] قریش میں مشرکہ تھیں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میری والدہ میرے پاس آئی ہیں اور وہ اسلام سے[2] دور ہیں۔ کیا میں ان کے ساتھ صلہ رحمی کروں؟ فرمایا ہاں صلہ رحمی کرو۔ (بخاری ومسلم[3])

[1] ان دنوں حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے کافروں کے ساتھ معاہدہ کیا ہوا تھا یہ صلح حدیبیہ کے بعد کا واقعہ ہے۔

[2] راغبۃ۔ رغبت کا صلہ فی آئے تو اس کا معنی محبت وشوق ہے۔ اور اگر عن آئے تو اس کا معنی اعراض واجتناب ہے۔ اس مقام پر دونوں معانی کا احتمال ہے بلکہ اعراض زیادہ مناسب ہے کیونکہ دوسری روایت میں ہے "وہی راغمۃ" اس کا معنی ناپسند کرنے والی اور ناراض ہے۔ بعض لوگوں نے دونوں روایات کا ایک ہی معنی کیا ہے اور وہ یہ ہے کہ راغبۃ یعنی میرے مال میں طمع وحرص رکھتی ہیں۔ اور راغمۃ یعنی فقر کی وجہ سے مجبور ومحتاج ہو کر آئی ہے۔ حضرت اسماء نے پوچھا کہ میری ماں اس حال میں آئی ہے، کیا میں اس سے صلہ رحمی کروں۔

[3] اس حدیث نے واضح کر دیا کہ والدین اگرچہ کافر ہی کیوں نہ ہوں، ان کے ساتھ صلہ رحمی واحسان کیا جاسکے گا۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اس پر دیگر رشتہ داروں کو قیاس کرو۔ دینی مخالفت کے باوجود قرابت داری کی رعایت کرنی ضروری ہے۔

۴۶۹۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اٰلَ اَبِیْ فُلَانٍ لَيْسُوْا لِیْ بِاَوْلِيَآءَ اِنَّمَا وَلِيِّیَ اللّٰهُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنْ لَهُمْ رَحِمٌ اَبُلُّهَا بِبَلَالِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ تعالٰے عنہ سے مروی ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا فلاں[1] قبیلہ میرا دوست نہیں۔ میرا دوست اللہ تعالٰی اور نیک[2] مؤمنین ہیں لیکن ان کے لیے رشتہ قرابت ہے اس کی تری[3] سے اس کو تر کروں گا۔ (بخاری و مسلم)

[1] شارحین نے بیان کیا ہے کہ آپ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے اس قبیلہ کا نام لیا تھا لیکن راوی نے کنایہ سے کام لیا ہے اس کی وجہ بظاہر یہی ہے کہ روایت میں نام کی تصریح سے اس وقت خوف تھا کہ فتنہ برپا نہ ہو جائے اور اصل میں ابی کے بعد جگہ خالی چھوڑ دی گئی ہے۔ اور علت مذکورہ کی وجہ سے نام ذکر نہیں کیا، شارحین کہتے ہیں کہ ابی فلاں سے مراد ابو لہب ہے۔ بعض کے نزدیک ابو سفیان یا حکم بن عاص ہے۔ یہ آخری زیادہ مناسب ہے کیونکہ اس حدیث کے راوی عمرو بن عاص ہیں جنہوں نے محسوس کیا کہ اپنے قبیلے سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دوستی اور قرابت کی نفی اور ان کے عیب کا اظہار صریحًا مناسب نہیں۔ واللہ اعلم۔

[2] صالح سے مراد کوئی ایک نہیں بلکہ جنس صلحاء مراد ہے۔ بعض نے کہا کہ اس سے ابو بکر و عمر مراد ہیں۔ اور بعض کے نزدیک حضرت علی مراد ہیں۔ رضی اللہ تعالٰی عنہم اجمعین۔

[3] یعنی اتنی اشیاء ان کو دوں گا جو انہیں ضروری اور کافی ہوں، چونکہ تری و نرمی اشیاء میں اتصال اور خشکی و سختی افتراق کا سبب ہے اسی لیے بل یعنی تری کو صلہ رحمی سے اور یُبس یعنی خشکی کو قطع رحمی سے کنایہ کرتے ہیں۔ بعض شارحین نے قطع رحمی کو گرمی کے ساتھ اور صلہ رحمی کو پانی کے ساتھ تشبیہ دی ہے کیونکہ قطع رحمی کی گرمی صلہ رحمی کے ذریعے سرد ہو جاتی ہے۔

بلال با پر زبر، زیر اور پیش (تینوں پڑھ سکتے ہیں) بمعنی تری ہے اور ہر وہ چیز جو حلق کو تر کرنے کا ذریعہ ہو مثلاً پانی، دودھ، اور اس کی جمع بَلَل بھی آتی ہے۔

۴۶۹۶ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ عُقُوْقَ الْاُمَّهَاتِ وَوَادَ الْبَنَاتِ وَمَنْعَ وَهَاتِ وَكَرِهَ لَكُمْ قِيْلَ وَقَالَ وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ وَاِضَاعَةَ الْمَالِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت مغیرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالٰے نے تم پر[1] ماؤں کی نافرمانی، بچیوں[2] کا زندہ درگور کرنا، بخل[3] گدائی کو حرام فرمایا اور کثرت[4] سوال[5] اور بربادی مال کو ناپسند فرمایا۔ (بخاری و مسلم)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ ماں کی تخصیص کی مختلف حکمتیں ہیں۔ ایک یہ کہ ان کے حقوق قوی اور غالب ہیں۔ جیسا کہ پیچھے گزرا ہے۔ دوسرا یہ کہ ان کے دل کمزور ہوتے ہیں وہ تھوڑے سے معاملے سے ناراض ہو جاتی ہے۔ تیسری وجہ یہ کہ اکثر اولاد ان کے حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی کرتی ہے۔ یا وجہ یہ ہے کہ ظاہراً گفتگو انہیں میں ہو رہی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ حدیث میں ایسی اشیاء کا ذکر ہے جو آپس میں بیگانہ ہیں؛ اس جہت سے کہ ان کے ذکر کے ساتھ ان میں قرابت واقع ہوگی۔

سلہ یہ جاہلیت میں فقر و عار کے خوف کی وجہ سے کرتے تھے۔

سلہ منع ماضی، بصورت مصدر بھی مروی ہے اس سے بخل و امساک مراد ہے۔

سلہ ہات بمعنی آئت ہے جو ایتاء سے امر کا صیغہ ہے۔ ایتاء کا معنی دینا ہے۔ ہات سے مراد طلب اور سوال ہے بعض نے کہا ہے کہ منع سے مراد ان حقوق کو ادا نہ کرنا ہے جو مال میں واجب تھے اور ایسے اموال کا حاصل کرنا جو حلال نہیں ہیں بعض کے نزدیک اس سے مراد تمام حقوق واجبہ سے منع کرنا ہے۔ خواہ وہ اموال ہوں یا افعال و اقوال اور اخلاق ہوں اور ایسے حقوق لوگوں سے طلب کرنا جن میں انصاف و اعتدال کی رعایت ان پر لازم نہ تھی۔

سلہ کرہ۔ مبالغہ کی وجہ سے مشدد ہے اور مخفف بھی مروی ہے، قیل و قال دونوں کی لام پر زبر ہے اور فعل ماضی مجہول و معروف ہیں اور بطور حکایت ان کا اعراب ہوگا، اس سے مقصود لوگوں کو ان باتوں اور واقعات کے بیان کرنے سے روکنا ہے جو بے مقصد کی جاتی ہیں۔ مثلاً اس طرح کہا گیا فلاں نے اس طرح کہا۔ وہ بحث و تمحیص جو کسی بات کی حقیقت معلوم کرنے کے لیے کی جاتی ہے وہ منع نہیں ورنہ کوئی شے حقیقت کے ساتھ معلوم ہی نہ ہوگی اور تحقیق کے لیے دوسرے لوگوں کے اقوال نقل کرنا بھی حرام نہیں۔ بعض شارحین کی رائے یہ ہے کہ یہاں قیل و قال سے کثرتِ کلام اور بسیار گوئی مراد ہے اور اس سے اس لیے منع کیا گیا ہے کہ دل مردہ ہو جاتا ہے۔ اس میں سختی پیدا ہوتی ہے اور وقت کا ضیاع ہے۔

سلہ اس کے چند معانی بیان کیے گئے ہیں۔ ایک یہ کہ لوگوں کے احوال کے بارے تجسس اور تفتیش کے لیے باز پرس کرنا ہے دوسرا یہ کہ امتحان و اظہار فضیلت اور بڑائی کے لیے کثرت سے سوالات کرنا۔ تیسرا یہ کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اتنی کثرت کے ساتھ سوالات کرنا کہ آپ کی تکلیف و اذیت کا باعث ہوں اور اس سے احکام میں تنگی و شدت پیدا ہو جائے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے لَا تَسْئَلُوْا عَنْ اَشْیَاءَ الآیۃ بعض نے اس سے گدائی مراد لیا ہے لیکن یہ معنی بعید ہے کیونکہ پھر لفظ کثرت کا کوئی معنی نہیں رہ جاتا بلکہ بے ضرورت سوال کرنا حرام ہے، خواہ وہ قلیل ہو یا کثیر اور اس کے علاوہ لفظ ہات اپنے اطلاق کے سبب اس معنی کو شامل ہے لہٰذا تکرار لازم آئے گا

سلہ اس سے اسراف اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں مال خرچ کرنا مراد ہے مثلاً ایک آدمی تمام یا بعض مال کسی ایک کو دے دیتا ہے اور اہل حقوق محتاج رہتے ہیں یا مال پانی میں ڈال دیتا ہے یا آگ میں جلا دیتا ہے۔ یا فاسق و فاجر شخص کو دیتا ہے جو شریعت کے خلاف مال خرچ کر دے گا۔ اس مقام پر تفصیل ہے کہ مال کا خرچ کرنا واجب و مندوب ہو تو اس میں اسراف و ضیاع کی کوئی گنجائش نہیں۔ اور اگر وہاں خرچ کرنا حرام ہے تو اب یقیناً ضیاع اور اسراف حرام ہوگا۔ انتہاء

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اس صورت میں ہے جب وہ کام بظاہر مباح ہوتا ہے لیکن اس سے ظاہر و باطن میں قبائح و مفاسد پیدا ہوتے ہیں۔ مثلاً ایسے مکانات و محلات تعمیر کرنا جو ضرورت سے زائد ہوں اور ان کی زیب و زینت کے لیے بے بہا رقم خرچ کرنا، لباس فاخرہ اور لذیذ کھانوں میں حد اعتدال سے زیادہ خرچ کرنا جس طرح کہ اہل اسراف و تکبر کی عادت ہے اور فقراء اور محتاجوں کی پرواہ نہ کرنا اگرچہ یہ بظاہر حکم شرع میں حرام نہیں لیکن اس سے دل کی سختی اور طبیعت میں درشتی پیدا ہوتی ہے اس طرح برتنوں، تلواروں اور ہتھیاروں کو سجانا، ان پر سونا و جواہر لگوانا، جمع و خزانہ میں بے قید ہو جانا اور اس میں ظن فاحش کا ارتکاب کرنا اور لمبی لمبی امیدیں قائم کر لینا تمام ضیاع اور اسراف میں داخل ہیں۔

۴۶۹۷/۶ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْكَبَائِرِ شَتْمُ الرَّجُلِ وَالِدَيْهِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللهِ وَهَلْ يَشْتِمُ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ قَالَ نَعَمْ يَسُبُّ أَبَا الرَّجُلِ فَيَسُبُّ أَبَاهُ وَيَسُبُّ أُمَّهٗ فَيَسُبُّ أُمَّهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کسی شخص کا اپنے والدین کو گالی دینا کبیرہ گناہ ہے صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ! کیا کوئی شخص اپنے والدین کو بھی گالی دیتا ہے۔ فرمایا ہاں کسی[1] کے باپ کو گالی دے اور وہ اس کے باپ کو گالی دے گا، یہ اس کی ماں کو گالی دیتا ہے اور وہ اس کی[2] ماں کو گالی دے گا۔ (بخاری و مسلم)

[1] کسی کے والدین کو گالی دے کر اپنے والدین کو گالی دلوانے کا سبب بنتا ہے، اس لیے اس نے کبیرہ گناہ کا ارتکاب کیا کیونکہ یہ ان کی نافرمانی میں داخل ہے۔ شعر

گر ما در خویش دوست داری
دشنام مکن بمادر من

اگر تو اپنی ماں سے محبت رکھتا ہے تو میری ماں کو گالی نہ دے۔

[2] اس سے واضح ہوتا ہے کہ جو شخص فسق و فساد کا سبب و ذریعہ بنے، وہ بھی فاسق ہے۔

۴۶۹۸/۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَبَرِّ الْبِرِّ صِلَةُ الرَّجُلِ اَهْلَ وُدِّ اَبِيْهِ بَعْدَ اَنْ يُّوَلِّيَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بہترین نیکی یہ ہے کہ کوئی شخص اپنے باپ کے[1] غائب ہونے کے بعد اس کے دوستوں سے حسن سلوک کرے۔ (مسلم)

---

[1] موجودہ دور اس خطرناک حالت سے گزر رہا ہے۔ آج بعض لوگوں کے پاس سر چھپانے کی جگہ نہیں اور بعض کے پاس ناجائز دولت سے تیار کردہ کروڑوں اربوں روپے کے محلات ہیں جس کی اسلام میں ہرگز اجازت نہیں ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

ؔلہ یعنی مرنے کے بعد یا عدم موجودگی میں۔ یُوَلِّیْ یا پر پیش، واؤ پر زبر اور لام پر زیر اور شدہے۔ تولیت بمعنی پست کرنا اور پیٹھ پھیر جانا یعنی باپ کی محبت اسے کہیں گے گویا وہ اس کی قیمت اپنی سمجھے اور اس صورت میں صلہ و مروت لازم ہوگی۔ اور یہ صلہ اپنے باپ کے ساتھ نیکی ہوگی، جب عدم موجودگی میں اس کا یہ حال ہے تو موجودگی میں کتنی محبت کرتا ہوگا۔

۴۶۹۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحَبَّ اَنْ یُّبْسَطَ لَہٗ فِیْ رِزْقِہٖ وَیُنْسَأَ لَہٗ فِیْ اَثَرِہٖ فَلْیَصِلْ رَحِمَہٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں کشادگی ہو اور اس کی موت میں تاخیر ہو وہ صلہ رحمی کرے۔ (بخاری و مسلم)

ؔلہ "اثر" کا معنی زمین پر چلنے سے پاؤں کا نشان ہے، یہاں موت مراد ہے جو شخص فوت ہو جائے اور اس کے نشان زمین پر نہ رہے، اسے اثر کہتے ہیں اور اس سے مدت عمر مراد لی جاتی ہے۔

ؔلہ فراخی رزق اور درازی عمر سے مراد برکت، بہتر زندگی، نیکی کی توفیق، صفاء حال اور نورانیت قلب ہے یا درازی عمر سے جہاں میں نیک نامی کی بقاء ہے۔ لفظ اثر اس کی طرف اشارہ کرتا ہے یا نیک ذریت مراد ہے جو اس کے لیے دعا کرنے والی اور اس کی نیک نامی کو زندہ رکھنے والی ہے۔ کیونکہ اولاد مرنے والے کی دوسری ولادت ہوتی ہے، در حقیقت اللہ تعالٰی نے فراخی رزق اور درازی عمر کے لیے صلہ رحمی کو سبب قرار دیا ہے۔ اللہ تعالٰی نے ہر چیز کے لیے کوئی نہ کوئی سبب پیدا فرمایا ہے۔ ہر وہ شخص جس کے بارے میں اس کا ارادہ ہو کہ اس کے رزق میں کشادگی، عمر میں اضافہ ہو اسے خیر اور حقوق کی ادائیگی کی توفیق عنایت کر دیتا ہے۔ شارحین نے کہا ہے کہ یہ ممدو اثبات (رشتہ یا قائم کرنا) مخلوق کی نسبت سے ہے نہ کہ خالق کی نسبت سے کیونکہ اس کے علم میں تغیر و تبدل نہیں ہو سکتا۔ ہوتا یوں ہے کہ لوح محفوظ میں لکھ دیا جاتا ہے کہ اس کی عمر ساٹھ سال ہوگی اور اگر اس نے صلہ رحمی کی تو اس پر چالیس سال کا اضافہ کر دیا جائے گا۔ باقی جب شارع علیہ السلام نے ہمیں اس بات کی خبر دی ہے۔ اب چون و چرا نہیں بلکہ اس پر پختگی کے ساتھ عقیدہ رکھا جائے اور سعادت مندی یہی ہے کہ ایسے معاملات سن کر ان پر عمل کر لیا جائے اور حقیقت حال اللہ سبحانہ تعالٰی کے سپرد کر دی جائے۔ اس بحث میں نہ پڑا جائے کہ یہ کیوں اور کیسے ہے۔

۴۷۰۰ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَلَقَ اللّٰہُ الْخَلْقَ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْہُ قَامَتِ الرَّحِمُ فَاَخَذَتْ بِحَقْوَیِ الرَّحْمٰنِ فَقَالَ مَہْ قَالَتْ ھٰذَا مَقَامُ الْعَائِذِ بِکَ مِنَ الْقَطِیْعَۃِ قَالَ اَلَا تَرْضَیْنَ اَنْ اَصِلَ مَنْ وَّصَلَکِ وَاَقْطَعَ مَنْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ تعالٰی نے مخلوق کو پیدا فرمایا اور تخلیق سے فارغ ہوا تو رحم رحمان کا دامن کرم پکڑ کر کھڑا ہو گیا۔ رب تعالٰی نے فرمایا کیا ہے؟ عرض کیا یہ اس کی جگہ ہے جو تیرے ساتھ توڑے جانے سے پناہ لے۔ فرمایا کیا تو اس سے

فَقَطَعَكِ قَالَتْ بَلٰى يَا رَبِّ قَالَ فَذَاكِ ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

راضی نہیں کہ میں اسے جوڑوں جو تجھے جوڑے اور توڑ دوں جو تجھے توڑے عرض کیا اے میرے رب! ہاں! فرمایا تو ایسا ہی ہوگا۔ (بخاری و مسلم)

۱ یعنی ازل میں اپنے علم ازلی میں یہ تقدیر فرمائی کہ جب میں مخلوق کو وجود بخشوں گا تو وہ اس طرح ہوگا۔

۲ یعنی جب اسے پورا اور مکمل کر دیا کیونکہ فراغت کا حقیقی معنی کسی کام میں مشغول ہونے کے بعد ہوتا ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کے حق میں ممتنع ہے کیونکہ اسے ایک کام دوسرے کام کے لیے مانع نہیں ہوتا جیسا کہ دعا منقولہ میں ہے سُبْحَانَ مَنْ لَّا يَشْغَلُهٗ شَاْنٌ عَنْ شَاْنٍ (پاک ہے وہ ذات جسے ایک حال دوسرے حال سے مانع نہیں ہوتا)۔

۳ صفات باری تعالیٰ میں سے رحمٰن کا ذکر کیوں ہوا؟ اس کی حکمت آئندہ احادیث سے واضح ہو جائے گی۔

۴ حَقْو: حا پر زبر، قاف ساکن، تہہ بند باندھنے کی جگہ۔ چونکہ تہہ بند کے دونوں اطراف اس سے وابستہ ہوتے ہیں اس لیے اسے حَقْوَیہ کہا جاتا ہے یعنی کمر کی دونوں اطراف، اور تہہ بند پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ اس سے منزہ ہے اور یہ گفتگو عربوں کے محاورہ کے طور پر ہے۔ اور لوگوں کا طریقہ ہے جب ایک شخص دوسرے کی پناہ لیتا ہے تو اس کا دامن پکڑتا ہے یا اس کے تہہ بند کا کنارہ، بعض اوقات جب کام دشوار ہو اور کام میں مجبوری پیدا ہو جائے اور مبالغہ و تاکید مقصود ہو تو تہہ بند کے دونوں کنارے پکڑے جاتے ہیں تاکہ وہ شخص دشواری میں گھر کر پوچھے کہ کیا مقصد ہے اور کیا چاہتے ہو؟ یہ استعارہ ہے اس بات سے کہ رحم نے قطع کے خوف سے رحمان کی پناہ لی۔ اس کے بعد یہ محاورہ بن چکا ہے اس میں اب تہہ بند کا اعتبار نہیں رہا، مقصود صرف پکڑنا ہوتا ہے۔ جیسے کہ کہتے ہیں يَدَاهُ مَبْسُوْطَتَانِ، اس کے دونوں ہاتھ فراخ ہیں یعنی اس سے مراد وہ ذات ہے جو سخی و جواد ہے، خواہ خلقۃً اس کے ہاتھ نہ ہوں یا کاٹ دیئے گئے ہوں یا وہاں ہاتھوں کا موجود ہونا ہی محال ہو جیسا کہ باری تعالیٰ کی ذات ہے۔ اس طرح کے محاورات کلام عرب میں کثرت کے ساتھ ہیں اور قرآن و حدیث میں عربوں کے محاورات کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔ قرآن و حدیث کے متشابہات کی تاویل کے لیے یہ ایک اہم ضابطہ ہے جس میں دیگر تکلفات کا ارتکاب نہیں کرنا پڑتا، رحم از قبیل معانی ہے ذات نہیں کہ کھڑا ہو، لہٰذا اس کا پناہ لینا، کھڑا ہونا بطور تمثیل و تشبیہ ہے گویا رحم نے بمنزلہ ایک شخص کے کھڑے ہو کر اللہ رب العزت سبحانہ و تعالیٰ کا دامن رحمت پکڑ لیا۔

۵ تو کیا کہتا ہے؟ کیا چاہتا ہے؟ تیرے پناہ لینے کا کیا مقصد ہے؟ مَہْ کا معنی باز رہ اور رک ہوتا ہے ما استفہامیہ اور الف کو ہا کے ساتھ بدل دیا گیا۔

۶ یعنی میں تیری بارگاہ میں تیرے دامن عزت و عظمت کے ساتھ وابستہ ہو کر اپنے عجز کا اظہار کرتا ہوں کہ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

میں تیری پناہ لیتا ہوں ہر اس شخص سے جس نے میری رعایت نہ کی اور رحم کو قطع کیا۔
ے اللہ تعالیٰ نے اس کی عرض قبول کرتے ہوئے فرمایا۔
ۓ یعنی اس پر احسان و انعام کروں گا۔
ۓ یعنی اس سے انعام و احسان واپس کروں گا۔
نہ پس یہ تیرے لیے میرا وعدہ ثابت ہو گیا اور تیرا میرے ہاں یہی مقام ہے۔

۴۷۰۱
۱۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلرَّحِمُ شُجْنَةٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَقَالَ اللّٰهُ مَنْ وَّصَلَكِ وَصَلْتُهٗ وَمَنْ قَطَعَكِ قَطَعْتُهٗ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اور انہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ لفظ رحم رحمٰن سے بنا ہوا ہے پس اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے جس نے رحم کو جوڑا میں اسے جوڑوں گا اور جس نے اسے توڑا میں اسے توڑ دوں گا۔

(بخاری)

لہ دوسری روایت میں یہ تصریح ہے کہ میں نے رحم کو اپنے نام رحمٰن سے بنایا ہے (کذا قال الطیبی) یہ بھی احتمال ہے کہ دونوں سے مراد معنی ہو یعنی قرابت رحم کی رعایت واجب و لازم ہے۔ کیونکہ حضرت رحمٰن کی شعبہ رحمت سے اس کا تعلق ہے۔
شُجْنَۃٌ شین، جیم ساکن، درخت کے پتے اور اس کی جڑوں پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے اور مراد یہ ہے کہ رحم، رحمان کی رحمتوں میں سے ہے اور اس کے ساتھ متصل ہے۔

۴۷۰۲
۱۱ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلرَّحِمُ مُعَلَّقَةٌ بِالْعَرْشِ تَقُوْلُ مَنْ وَّصَلَنِيْ وَصَلَهُ اللّٰهُ وَمَنْ قَطَعَنِيْ قَطَعَهُ اللّٰهُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رحم عرش کے ساتھ معلق ہے اور یہ کہہ رہا ہے جو شخص مجھے جوڑے گا اللہ تعالیٰ اسے جوڑے گا اور جو مجھے توڑ دے گا اسے اللہ تعالیٰ توڑ دے گا۔ (بخاری و مسلم)

لہ جو سب سے بلند مقام ہے۔
ے بطور دعا و خبر۔

۴۷۰۳
۱۲ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قطع کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہو گا۔ (بخاری و مسلم)

لہ یعنی رحم قطع کرنے والا ولیوں اور مقربین کے ہمراہ جنت میں نہیں جائے گا۔

۴۷۰۴
۱۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الْوَاصِلُ بِالْمُكَافِئِ وَلٰكِنَّ الْوَاصِلَ الَّذِيْ إِذَا قُطِعَتْ رَحِمُهٗ وَصَلَهَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا رشتہ جوڑنے والا وہ نہیں جو بدلہ دے چکا ہو بلکہ جوڑنے والا وہ ہے[1] کہ جب اس سے رشتہ توڑا جائے تو وہ اسے جوڑ دے۔ (بخاری)

[1] یعنی کامل طور پر واصل نہیں جو رشتہ داروں کے ساتھ اس لیے احسان کرے کہ وہ بھی احسان کرتے ہیں۔
[2] جواں مردی یہ ہے کہ اپنا حق طلب نہ کیا جائے اور دوسروں کا حق ادا کر دیا جائے۔ مبالغہ و تکثیر کے پیش نظر لفظ قطعت کو مشدد پڑھا جائے گا۔

۴۷۰۵ ۱۴ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ لِيْ قَرَابَةً أَصِلُهُمْ وَيَقْطَعُوْنِيْ وَأُحْسِنُ إِلَيْهِمْ وَيُسِيْئُوْنَ إِلَيَّ وَأَحْلُمُ عَنْهُمْ وَيَجْهَلُوْنَ عَلَيَّ فَقَالَ لَئِنْ كُنْتَ كَمَا قُلْتَ فَكَأَنَّمَا تُسِفُّهُمُ الْمَلَّ وَلَا يَزَالُ مَعَكَ مِنَ اللّٰهِ ظَهِيْرٌ عَلَيْهِمْ مَا دُمْتَ عَلٰى ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! میرے رشتہ دار ہیں میں ان سے تعلق جوڑتا ہوں وہ میرے ساتھ تعلق توڑتے ہیں میں ان کے ساتھ احسان کرتا ہوں اور وہ مجھ سے برائی کرتے ہیں میں ان کے ساتھ بردباری سے کام لیتا ہوں وہ مجھ سے جہالت سے کام لیتے ہیں، آپ نے فرمایا اگر واقعہ اسی طرح ہے جس طرح تو نے بیان کیا ہے تو ان کے منہ میں گرم راکھ[1] ڈال رہا ہے تیرے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مددگار رہے[2] گا جب تک تو اس حال پر رہے گا (مسلم)

[1] جب وہ تیری نیکی کا شکر ادا نہیں کرتے تو تیری عطا ان کے لیے حرام ہے اور ان کے پیٹ آگ کے حکم میں ہیں۔ اور ان کے کھانے کو گرم راکھ کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے۔ مَل۔ میم پر زبر۔ گرم راکھ کو کہا جاتا ہے بعض شارحین نے کہا مطلب یہ ہے کہ تو نے ان پر احسان کر کے ان کو ان کے سامنے رسوا کر دیا ہے۔ اور یہ ان لوگوں کی طرح ہیں جن کے منہ میں گرم راکھ ڈالی جائے تو وہ اسے کھا جائیں۔ بعض کہتے ہیں کہ تیرا احسان ان پر گرم راکھ کی طرح ہے جو ان کو ہلاکت میں ڈال دے گا۔ بعض کے نزدیک معنی یہ ہے کہ ان کے چہرے گرم راکھ کی طرح سیاہ ہو جائیں گے۔
[2] جو ان کے شر سے تجھے محفوظ رکھے گا اور تیری مدد و نصرت کرے گا۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

۴۷۰۶ ۱۵ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرُدُّ الْقَدَرَ إِلَّا الدُّعَاءُ وَلَا يَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ إِلَّا الْبِرُّ وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيُحْرَمُ الرِّزْقَ بِالذَّنْبِ يُصِيْبُهٗ۔

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رحمت دو جہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تقدیر[1] کو دعا ہی رد کر سکتی ہے اور عمر میں اچھا سلوک ہی اضافہ کرتا ہے اور یقیناً آدمی اس گناہ کی بنا پر رزق سے محروم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃ) ہو جاتا ہے جو اسے لاحق ہو۔ (ابن ماجہ)

سلہ قدر، دال پر زبر یا سکون ہے۔ اللہ کا بندے کے لیے کسی چیز کے بارے میں حکم مقرر کرنا، لیلۃ القدر اس رات کو کہا جاتا ہے جس میں سال کے احکام لکھے جاتے ہیں۔ بعض کے نزدیک قدر، عزت والی رات مراد ہے کیونکہ اس رات کی دعا اللہ کے حکم سے تقدیر کو بدل دیتی ہے اور دعا کو تقدیر بدلنے کا سبب بھی اللہ تعالیٰ نے ہی بنایا ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے یہ فیصلہ فرمادیا ہے کہ بندہ دعا کرے گا تو ہم اس پر نازل ہونے والی فلاں مصیبت کو ٹال دیں گے۔ دنیا بھر کے تمام اسباب کا تقدیر الٰہی کے ساتھ یہی تعلق ہے۔ مثلاً طبی ادویہ شفا کے لیے بندوں کے اعمال، دخول جنت و دوزخ کے لیے۔ بعض شارحین کہتے ہیں کہ بندے کا ہمیشہ دعا کرتے رہنا نزول قضا کو آسان اور اس کو دل کے لیے پسندیدہ بنا دیتا ہے یعنی جب وہ دعا کرے گا اور تقدیر نہیں بدلے گی تو اس پر راضی ہو کر جان دے گا تو اس پر اس کا بوجھ تھوڑا ہوگا بخلاف اس شخص کے جس پر اچانک تقدیر نازل ہوئی تو گویا دعا نے اسے موخر ورد کیا (کذا نقل الطیبی) اور اس مسکین (عبد الحق) کے ذہن میں یہ آ رہا ہے کہ یہاں مقصود دعا کی تاثیر اور مدح میں مبالغہ ہے۔ یعنی کوئی چیز بھی تقدیر الٰہی کو رد نہیں کر سکتی۔ اگر کوئی چیز رد کر سکتی تو وہ دعا تھی۔ بالکل اسی طرح کی گفتگو نظر بد کے بارے میں حدیث میں ہے کہ اگر کوئی شی تقدیر سے سبقت کر سکتی تو نظر بد ہوتی۔

سلہ والدین اور رشتہ داروں کے ساتھ نیکی کرنا عمر میں اضافہ کرتا ہے۔ مطلب وہی ہے جو دعا کے تقدیر کو رد کرنے کے سلسلے میں بیان کیا گیا۔ دوسری توجیہات فصل اول میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی حدیث کے تحت، گزر چکی ہیں۔

سلہ یہاں ایک سوال ہے کہ بہت سے نافرمان اور کافر ایسے ہیں جن پر رزق کے دروازے بڑی فراوانی کے ساتھ کھلے ہوئے ہیں اور بعض مومن دفرمانبردار تنگی میں ہیں۔ اس لیے بعض لوگوں نے حدیث میں مذکور رزق سے مراد آخرت کا رزق لیا ہے کہ گناہ کی وجہ سے انسان آخرت میں محروم ہوگا اور اگر مراد دنیا کا مال وصحت اور کامیابی ہے تو جواب یہ ہوگا کہ محرومی سے مراد یہ ہے کہ اسے رضائے الٰہی، اچھی و نیک زندگی، دلی فراغت، حضوری کی دولت، کدورت سے صفائی حاصل نہ ہوگی جیسا کہ متقین کو حاصل ہوتی ہے۔ قرآن مجید میں ہے مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً۔" وہ جس نے حالت ایمان میں نیک عمل کیا خواہ وہ مرد تھا یا خاتون تو اسے ہم مبارک زندگی عطا فرمائیں گے" بخلاف فاسق لوگوں کے کہ ان کے اوقات میں تاریکی و ظلمت، دنیا کا حرص و لالچ، نقصان اور اس کے ختم ہونے کا خوف اور دل کی پریشانی لاحق رہتی ہے۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا " وہ شخص جس نے میرے ذکر سے اعراض کیا پس اس کے لیے معیشت تنگ ہو جائے گی" اور اگر مومن ہے تو اسے بری آخرت اور گناہ کے خیال سے وحشت اور خوشحالی وراحت میں کدورت پیدا ہو جاتی ہے۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ یہ حدیث ان بعض گناہگار مومنوں کے لیے ہے جن کے لیے اللہ تعالیٰ کا ارادہ ہے کہ ان کو گناہوں کی کدورت سے پاک کر کے جنت میں داخل فرمائے تو ان گناہوں کے عوض دنیا میں ان کو تکلیف میں مبتلا فرما کر پاک صاف کر دیتا ہے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

تاکہ آخرت میں نجات ہو جائے اور بعض کو مصیبت کے ذریعے توبہ کی طرف متوجہ فرما دیتا ہے۔ حاصل یہ ہے کہ مومن جب گناہ کرتا ہے تو اگر اللہ تعالیٰ کی پوشیدہ مہربانی اس کے شامل حال ہو تو اس کو فقر و مرض میں مبتلا کر کے اس کے گناہ دور کر دیتا ہے اور جس پر اس کا کرم نہ ہو اس کو گناہ کے حال ہی میں چھوڑ دیتا ہے اور مکر و استدراج کو اس پر مسلط کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ ہمیں اس سے اپنی پناہ میں رکھے۔

۴۲۰۷ / ۱۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَسَمِعْتُ فِيهَا قِرَاءَةً فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالُوا حَارِثَةُ بْنُ النُّعْمَانِ كَذٰلِكُمُ الْبِرُّ كَذٰلِكُمُ الْبِرُّ وَكَانَ أَبَرَّ النَّاسِ بِأُمِّهِ. رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ نِمْتُ فَرَأَيْتُنِي فِي الْجَنَّةِ بَدَلَ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں جنت میں گیا تو میں نے اس میں تلاوت سنی۔ میں نے پوچھا[۱] یہ کون ہیں؟ جواب دیا کہ یہ حارثہ بن[۲] نعمان ہیں۔ والدین کے ساتھ بھلائی کرنے کی یہی فضیلت ہے دو دو دفعہ یہی[۳] فرمایا۔ اور وہ اپنی والدہ کے ساتھ سب سے زیادہ نیکی کرنے والے تھے (شرح السنۃ بیہقی شعب الایمان اور اس کی روایت میں ہے کہ میں سو گیا تو میں نے خود کو جنت میں دیکھا بجائے[۴] دخلت الجنۃ کے۔

۱ قرآن کون پڑھ رہا ہے؟

۲ حارثہ بن نعمان، یہ فضلائے صحابہ میں سے ہیں، بدر، احد اور غزوۂ خندق میں شریک ہوئے یہ وہی صحابی ہیں جن سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پوچھا تھا تو نے صبح کیسے کی؟ تو انہوں نے عرض کی میں نے حالت ایمان میں صبح کی الحدیث۔

۳ تو گویا صحابہ کے ذہن میں یہ بات آئی کہ یہ مقام انہوں نے کس عمل کی بنا پر حاصل کر لیا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جنت میں ان کی تلاوت سنی۔

۴ بیہقی کی روایت رَأَيْتُنِي فِي الْجَنَّةِ اور شرح السنۃ میں دَخَلْتُ الْجَنَّةَ کے الفاظ ہیں۔

۴۲۰۸ / ۱۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِضَى الرَّبِّ فِي رِضَى الْوَالِدِ وَسَخَطُ الرَّبِّ فِي سَخَطِ الْوَالِدِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا والد[۱] کی رضا میں اللہ تعالیٰ کی رضا اور والد کی ناراضگی[۲] میں اللہ کی ناراضگی ہے۔ (ترمذی)

۱ یہاں باپ کا ذکر اس لیے ہے کہ اس کا تذکرہ تھا، ورنہ ماں بھی اس حکم میں بطریق اولیٰ داخل ہے کیونکہ اس کا حق اولاد پر زیادہ ہے جیسا کہ پیچھے گزر چکا ہے۔ بعض شارحین کہتے ہیں یہاں والد سے مراد ہر جننے والی ذات ہے جس کی طرف ولادت کی نسبت ہو کیونکہ اسم فاعل کا صیغہ بعض اوقات نسبت کے لیے آتا ہے مثلاً تمر فروش کو تامر اور دودھ فروش کو لابن کہا جاتا ہے۔ لہٰذا ماں بھی اس میں شامل ہو گی۔ یہ بات آپ نے عبداللہ بن عمرو بن عاص سے اس لیے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کی کہ ان کے والد گرامی نے آپ کی خدمت اقدس میں ان کی یہ شکایت کی تھی کہ یہ تمام رات عبادت و ریاضت کرتے ہیں اور دن کو روزہ رکھتے ہیں۔ چنانچہ حدیث میں ہے کہ عبداللہ بن عمرو اپنے والد کے ساتھ تھے۔ عمرو بن عاص جو کہ حضرت امیر معاویہ کے وزیر تھے اور باطناً ان میں سے نہ تھے۔

۲ سخط: سین پر پیش، خا ساکن یا پیش یا دونوں پر زبر ہے اس کا معنی کراہت اور رضا کی ضد ہے (انتہائی القاموس)

٤٧٠٩/١٨ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ أَنَّ رَجُلًا أَتَاهُ فَقَالَ إِنَّ لِي امْرَأَةً وَإِنَّ أُمِّي تَأْمُرُنِي بِطَلَاقِهَا فَقَالَ لَهُ أَبُو الدَّرْدَاءِ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْوَالِدُ أَوْسَطُ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ فَإِنْ شِئْتَ فَحَافِظْ عَلَى الْبَابِ أَوْ ضَيِّعْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ)

حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ایک آدمی ان کے پاس آیا اور کہا کہ میری بیوی ہے اور مجھے میری ماں اسے طلاق دینے کا[1] کہتی ہے۔ ابو درداء نے ان سے کہا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ والد جنت کا وسطی دروازہ[2] ہے۔ تم چاہو تو اسے محفوظ کر لو[3] یا چاہو تو اسے گرا دو۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

۱ یعنی اسے طلاق دوں یا نہ دوں کیونکہ طلاق حلال اشیاء میں سے مبغوض ہے۔

۲ یعنی والد کی رضا و خدمت جنت کے دخول کا سبب ہے جو شخص چاہتا ہے کہ وہ جنت کے بہترین دروازوں سے داخل ہو وہ والد کی رضا حاصل کرے اور ماں اس حکم میں داخل ہے۔

۳ اگر تو اسے طلاق دے دے تو تو نے حفاظت کر لی اور اگر نہ دی تو ضائع کر دیا، اس حدیث میں والد سے مراد صاحب اولاد ہی مناسب ہے۔

٤٧١٠/١٩ وَعَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ مَنْ أَبَرُّ قَالَ أُمَّكَ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَ أُمَّكَ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَ أُمَّكَ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَ أَبَاكَ ثُمَّ الْأَقْرَبَ فَالْأَقْرَبَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاؤُدَ)

حضرت بہز بن حکیم اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا[1] سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ کس سے حسن سلوک کروں؟ فرمایا اپنی والدہ سے میں نے عرض کیا پھر کس سے؟ فرمایا اپنی والدہ[2] سے میں نے عرض کیا پھر کس سے؟ فرمایا[3] اپنے والد سے پھر درجہ[4] بدرجہ۔ (ترمذی، ابوداؤد)

۱ دادا کا نام معاویہ بن حیدہ حا پر زبر، یا ساکن۔

۲ تین دفعہ فرمایا۔

۳ چوتھی دفعہ فرمایا۔

۴ پھر ماں باپ کی طرف سے جو رشتہ دار ہیں ان کے ساتھ درجہ بدرجہ حسن سلوک کیا جائے مثلاً بھائی بہن

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

کے بعد چچے، ماموں اسی طرح ان کی اولاد، اس حدیث کا مضمون وہی ہے جو فصل اول میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی تھی۔

۴۷۱۱/۲۰ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اَنَا اللّٰهُ وَاَنَا الرَّحْمٰنُ خَلَقْتُ الرَّحِمَ وَشَقَقْتُ لَهَا مِنْ اِسْمِيْ فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلْتُهٗ وَمَنْ قَطَعَهَا بَتَتُّهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تبارک وتعالےٰ کا فرمان ہے کہ میں اللہ ہوں اور رحمٰن ہوں۔ میں نے رحم کو پیدا کیا اور اس کے لیے اپنے نام سے[1] مشتق کیا پس جو شخص اسے جوڑے گا میں اسے جوڑ دوں گا اور جو شخص اسے قطع کرے گا میں اس کو توڑ دوں گا[2]۔ (ابوداؤد)

[1] بعض نسخوں میں ''شققتھا'' ہے
[2] بتّ اس کا معنی قطع کرنا ہے۔ بات میں تاکید ومبالغہ کی بنا پر کہا جاتا ہے کہ میں یہ کام یقیناً کروں گا اور اس کے سوا ختم کر دوں گا اور اس سے تعلق توڑ لوں گا۔

۴۷۱۲/۲۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَنْزِلُ الرَّحْمَةُ عَلٰى قَوْمٍ فِيْهِمْ قَاطِعُ رَحِمٍ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ[1] رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اس قوم[2] پر رحمت نازل نہیں ہوتی جس میں قاطع رحم ہو۔ (بیہقی شعب الایمان)

[1] یہ مشہور صحابی ہیں، ان کے والد گرامی بھی صحابی ہیں۔ حدیبیہ، خیبر اور اس کے بعد تمام غزوات میں شریک ہوئے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وصال تک مدینہ طیبہ میں ہی رہے۔ اس کے بعد کوفہ چلے گئے اور کوفہ میں وصال پانے والے صحابہ میں یہ آخری صحابی ہیں۔ ان کا وصال ستاسی یا اٹھاسی ہجری میں ہوا۔
[2] وہ قوم مراد ہے جو اس شخص کی معاون ومددگار بنے اور اس سے قطع تعلقی نہ کرے اور بعض کی رائے یہ ہے کہ اس گناہ کی وجہ سے اس قوم پر باران رحمت کا نزول نہیں ہوتا۔

۴۷۱۳/۲۲ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ ذَنْبٍ اَحْرٰى اَنْ يُّعَجِّلَ اللّٰهُ لِصَاحِبِهِ الْعُقُوْبَةَ فِي الدُّنْيَا مَعَ مَا يَدَّخِرُ لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْبَغْيِ وَقَطِيْعَةِ الرَّحِمِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی گناہ اس لائق نہیں کہ اس کے مرتکب پر اللہ تعالےٰ آخرت کے ساتھ ساتھ دنیا میں بھی سزا دے اور وہ دو گناہ یہ ہیں جن پر یہ سزا ہے۔ بغاوت[1] اور قطع رحم[2]۔ (ترمذی، ابوداؤد)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

لہ عادل بادشاہ کے خلاف بغاوت۔

سلہ ان دو گناہوں پر دنیا میں سزا اور آخرت میں عذاب ہوگا کیونکہ دونوں کا اثر دنیا پر ظہور پذیر یوں ہوتا ہے کہ جہاں میں فساد، کینہ، عداوت پیدا ہو جاتی ہے لہٰذا اس کی سزا بھی فی الفور دنیا میں دی جاتی ہے۔ اگرچہ ان کے علاوہ اور گناہ بھی ہیں جن میں یہ پہلو ہے مگر یہ دونوں ہی بدترین ہیں۔

۴۷۱۴/۲۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنَّانٌ وَلَا عَاقٌّ وَلَا مُدْمِنُ خَمْرٍ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں احسان جتانے والالہ، نافرمانلہ اور عادی شرابی داخل نہیں ہوگا۔ (نسائی، دارمی)

سلہ کسی کو صدقہ وغیرہ دینے کے بعد احسان جتلانے پر یہ عذاب ہے تو اس کو اذیت دینے کی کیا سزا ہوگی؟ قرآن مجید نے احسان جتلانے اور ایذا سے منع کیا ہے۔ لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى (اپنے صدقات احسان اور ایذا سے باطل نہ کرو) معنی یہ ہوگا کہ صدقہ وخیرات کی وجہ سے دخول جنت ہونا ہے لیکن جب وہ ضائع کر دیا تو وہ سب ختم ہوگیا یا اس بدبختی کی وجہ سے اس مقام سے محروم ہوگیا جو اسے سابقین و مقربین کے ساتھ جنت میں حاصل ہونا تھا باقی دخولِ جنت کی امید ہر مسلمان کے لیے ہے۔

سلہ والدین اور اقرباء کا نافرمان تھا اور اس کا سبب شرعی نہ تھا (کذا قیل) یہ بھی احتمال ہے کہ عاق کو والدین کے نافرمان کے ساتھ مخصوص کر لیا جائے جیسا کہ متعارف ہے اور قاطع رحم کو منان میں شامل کیا جائے اب منان سے مراد ہر وہ شخص ہوگا جو اپنے رشتہ داروں اور دوستوں پر احسان جتلائے۔ بعض لوگوں کی رائے یہ ہے کہ منان منّ سے مشتق ہے جس کا معنی قطع ہے اب منّان کا معنی رحم قطع کرنے والا ہوگا۔

۴۷۱۵/۲۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَلَّمُوْا مِنْ اَنْسَابِكُمْ مَا تَصِلُوْنَ بِهٖ اَرْحَامَكُمْ فَاِنَّ صِلَةَ الرَّحِمِ مَحَبَّةٌ فِي الْاَهْلِ مَثْرَاةٌ فِي الْمَالِ مَنْسَاٌة فِي الْاَثَرِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے نسب یاد کرولہ جس سے تمہارے رشتے جڑتے ہیں کیونکہ صلہ رحمی گھر والوں سے محبتلہ، مال میں برکت اور عمر میں اضافہ کا سبب ہے۔ (ترمذی نے روایت کر کے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔)

لہ یعنی اپنے آباء واجداد، امہات اور ان کی اولاد کے نام وغیرہ یاد کرو تاکہ ذوی الارحام کے ساتھ صلہ رحمی کی جا سکے لہٰذا ان کا علم نافع اور ضروری ہے۔

سلہ کیونکہ صلہ رحمی سے محبت و دوستی میں اضافہ ہوتا ہے۔ مَحَبَّةٌ حا کے نیچے زیر بروزن مَظِنَّةٌ ہے۔ ثا کے نیچے زیر ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سے مَثْرَاۃٌ۔ میم پر زبر، ثا ساکن، ثروت سے بنا ہے۔ اس کا معنی کثرتِ مال ہے یعنی صلہ رحمی کثرت اور مال میں برکت کا ذریعہ ہے جیسا کہ پیچھے گذرا کہ یہ رزق میں فراخی کا ذریعہ ہے۔

سے مَنْسَاۃٌ، میم پر زبر، نون ساکن، ہمزہ پر زبر اس کا معنی تاخیر ہے۔

۴۷۱۶/۲۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَصَبْتُ ذَنْبًا عَظِيْمًا فَهَلْ لِيْ مِنْ تَوْبَةٍ قَالَ هَلْ لَكَ مِنْ اُمٍّ قَالَ لَا قَالَ وَهَلْ لَكَ مِنْ خَالَةٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَبِرَّهَا۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کیا یا رسول اللہ میں نے بہت بڑا گناہ کیا ہے، کیا میرے لیے توبہ ہے؟ فرمایا کیا تیری والدہ موجود ہے؟ عرض کیا نہیں۔ فرمایا کیا تیری خالہ ہے؟ عرض کیا ہاں! فرمایا اس کے ساتھ نیکی کرو۔
(ترمذی)

لے کوئی ایسا عمل ہے جو میں کروں تاکہ رحمت الٰہی کا میں مستحق بن جاؤں اور توبہ قبول ہو جائے۔

سے ماں یا نانی وغیرہ۔

سے تاکہ تیرا گناہ معاف ہو جائے۔

سے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صلہ رحمی گناہوں کا کفارہ ہے خواہ وہ کبیرہ ہی کیوں نہ ہو یا ممکن ہے کہ آپ نے بذریعہ وحی یہ حکم اسی مرد کے لیے ہی فرمایا ہو اور یہ بھی معلوم ہوا کہ خالہ ماں کے حکم میں ہوتی ہے۔

۴۷۱۷/۲۶ وَعَنْ اَبِيْ اُسَيْدِ السَّاعِدِيِّ قَالَ بَيْنَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا جَاءَهُ رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ سَلَمَةَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ بَقِيَ مِنْ بِرِّ اَبَوَيَّ شَيْءٌ اَبَرُّهُمَا بِهٖ بَعْدَ مَوْتِهِمَا قَالَ نَعَمْ اَلصَّلٰوةُ عَلَيْهِمَا وَالْاِسْتِغْفَارُ لَهُمَا وَاِنْفَاذُ عَهْدِهِمَا مِنْ بَعْدِهِمَا وَصِلَةُ الرَّحِمِ الَّتِيْ لَا تُوْصَلُ اِلَّا بِهِمَا وَاِكْرَامُ صَدِيْقِهِمَا۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابو اسید ساعدی رضی اللہ تعالٰی عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں تھے کہ آپ کے پاس بنی سلمہ سے ایک آدمی آیا اور اس نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا میرے والدین کی بھلائیوں میں سے کوئی بھلائی باقی ہے جو میں ان کی موت کے بعد ان سے کروں؟ فرمایا ہاں ان کیلئے دعا رحمت ان کیلئے بخشش کی دعا۔ ان کے بعد ان کے وعدے پورے کرنا اور ان رشتوں کو جوڑنا جو انہی کی وجہ سے جڑے جاتے اور ان کے دوستوں کا احترام کرنا۔
(ابوداؤد و ابن ماجہ)

لے اسید ہمزہ پر پیش اور سین پر زبر ہے۔

سے سلمہ، لام کے نیچے زیر، قبائل انصار میں سے ایک خاندان ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ لام کے کسرہ کیساتھ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

عرب میں انصار کی اس شاخ کے علاوہ کوئی نہیں ہے۔ اور سلمہ لام پر زبر کے ساتھ بہت زیادہ ہے۔

سلہ ان کی زندگی میں مجھ سے جو کچھ ہو سکتا تھا کیا، کیا مرنے کے بعد بھی ان کا حق ہے ؟

سکہ موت کے بعد بھی ان کا حق باقی ہوتا ہے۔

ھ ان کی وصیت وغیرہ پر عمل کرنا۔

ٹہ ان کی محبت و رضا کے لیے جائے اس میں کوئی دنیاوی غرض و مقصد نہ ہو۔ یہ مقصد نہ ہو کہ منصب و مال حاصل ہو جائے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت خالصۃً اس کی رضا جوئی کے لیے ہی ہونی چاہیئے نہ کہ کسی دنیوی غرض کے لیے۔

کہ والدین کے دوستوں کے ساتھ احسان و نیکی کی جائے جیسے کہ فصل اول میں حدیث ابن عمر کے تحت گزرا ہے۔

۴۷۱۸/۲۷ وَعَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ لَحْمًا بِالْجِعِرَّانَةِ إِذْ أَقْبَلَتْ امْرَأَةٌ حَتَّى دَنَتْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَسَطَ لَهَا رِدَاءَهُ فَجَلَسَتْ عَلَيْهِ فَقُلْتُ مَنْ هِيَ فَقَالُوا هِيَ أُمُّهُ الَّتِي أَرْضَعَتْهُ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابوطفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے جعرانہ کے مقام پر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گوشت تقسیم کرنے وقت دیکھا کہ ایک خاتون آئیں حتیٰ کہ وہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قریب ہوئیں تو آپ نے ان کے لیے اپنی چادر بچھا دی وہ اس پر بیٹھ گئیں۔ میں نے پوچھا یہ خاتون کون ہے؟ تو صحابہ نے بتایا کہ یہ آپ کی وہ والدہ ہیں جنہوں نے آپ کو دودھ پلایا ہے۔ (ابوداؤد)

لہ ان کا نام عامر بن واثلہ ہے، یہ سب سے آخر میں وصال فرمانے والے صحابی ہیں اور امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھیوں میں سے تھے۔

سلہ جعرانہ جیم اور عین کے نیچے زیر اور راء پر شد ہے۔ یہ مشہور مقام مکہ مکرمہ سے ایک منزل کے فاصلہ پر ہے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فتح حنین کے بعد سولہ دن وہاں ٹھہرے اور مال غنیمت تقسیم فرمایا۔

سلہ جب آپ نے اس خاتون کی بہت زیادہ تعظیم فرمائی تو میں نے حاضرین مجلس سے پوچھا۔

سکہ اس سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ حق رضاعت بھی اکرام و احترام کا موجب ہے اور سابقہ حقوق اور قدیم بزرگوں کا اکرام لازم ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۴۷۱۹/۲۸ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

قَالَ بَيْنَمَا ثَلَاثَةُ نَفَرٍ يَتَمَاشَوْنَ أَخَذَهُمُ الْمَطَرُ
فَمَالُوْا إِلَى غَارٍ فِي الْجَبَلِ فَانْحَطَّتْ عَلَى فَمِ غَارِهِمْ
صَخْرَةٌ مِّنَ الْجَبَلِ فَأَطْبَقَتْ عَلَيْهِمْ فَقَالَ بَعْضُهُمْ
لِبَعْضٍ أُنْظُرُوْا أَعْمَالًا عَمِلْتُمُوْهَا لِلّٰهِ صَالِحَةً
فَادْعُوا اللّٰهَ بِهَا لَعَلَّهُ يُفَرِّجُهَا فَقَالَ أَحَدُهُمْ
اَللّٰهُمَّ إِنَّهُ كَانَ لِيْ وَالِدَانِ شَيْخَانِ كَبِيْرَانِ
وَلِيْ صِبْيَةٌ صِغَارٌ كُنْتُ أَرْعٰى عَلَيْهِمْ فَإِذَا
رُحْتُ عَلَيْهِمْ فَحَلَبْتُ بَدَأْتُ بِوَالِدَيَّ
أَسْقِيْهِمَا قَبْلَ وَلَدِيْ وَإِنَّهُ قَدْ نَأَى بِيَ الشَّجَرُ
فَمَا أَتَيْتُ حَتّٰى أَمْسَيْتُ فَوَجَدْتُهُمَا قَدْ
نَامَا فَحَلَبْتُ كَمَا كُنْتُ أَحْلُبُ فَجِئْتُ
بِالْحِلَابِ فَقُمْتُ عِنْدَ رُءُوْسِهِمَا أَكْرَهُ أَنْ
أُوْقِظَهُمَا وَأَكْرَهُ أَنْ أَبْدَأَ بِالصِّبْيَةِ قَبْلَهُمَا
وَالصِّبْيَةُ يَتَضَاغَوْنَ عِنْدَ قَدَمَيَّ فَلَمْ يَزَلْ
ذٰلِكَ دَأْبِيْ وَدَأْبُهُمْ حَتّٰى طَلَعَ الْفَجْرُ فَإِنْ
كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ
فَافْرُجْ لَنَا فُرْجَةً نَرٰى مِنْهَا السَّمَاءَ فَفَرَجَ
اللّٰهُ لَهُمْ حَتّٰى يَرَوْنَ السَّمَاءَ وَقَالَ الثَّانِيْ اَللّٰهُمَّ
إِنَّهُ كَانَتْ لِيْ بِنْتُ عَمٍّ أُحِبُّهَا كَأَشَدِّ مَا يُحِبُّ
الرِّجَالُ النِّسَاءَ فَطَلَبْتُ إِلَيْهَا نَفْسَهَا فَأَبَتْ
حَتّٰى آتِيَهَا بِمِائَةِ دِيْنَارٍ فَسَعَيْتُ حَتّٰى جَمَعْتُ
مِائَةَ دِيْنَارٍ فَلَقِيْتُهَا بِهَا فَلَمَّا قَعَدْتُ بَيْنَ
رِجْلَيْهَا قَالَتْ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تَفْتَحِ
الْخَاتَمَ فَقُمْتُ عَنْهَا اَللّٰهُمَّ وَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ
أَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ لَنَا
مِنْهَا فَفَرَجَ لَهُمْ فُرْجَةً وَقَالَ الْآخَرُ اَللّٰهُمَّ
إِنِّيْ كُنْتُ اسْتَأْجَرْتُ أَجِيْرًا بِفَرَقِ أَرُزٍّ فَلَمَّا

کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ واقعہ بیان فرمایا کہ تین آدمی سفر کر رہے تھے انہیں بارش نے آ لیا تو وہ غار کی طرف چلے گئے تو ان کی غار کے منہ پر پہاڑ کی ایک چٹان آ گری جس نے اُن کا راستہ بند کر دیا۔ انہوں نے ایک دوسرے سے کہا کہ اپنے اپنے کسی نیک عمل کے بارے میں سوچو جو اللہ کی رضا کے لیے کیا ہو اس کے وسیلے سے اللہ کے حضور دعا کرو تاکہ اللہ تعالیٰ اسے کھول دے۔ ان میں سے ایک نے کہا یا اللہ! میرے والدین بہت بوڑھے تھے اور میرے بچے چھوٹے تھے میں ان کے لیے جانور چراتا جب میں شام کو ان کے پاس آتا دودھ دوہتا تو اپنے بچوں سے پہلے والدین کو پلاتا۔ ایک مرتبہ میں چراگاہ میں دور چلا گیا۔ حتیٰ کہ شام کو لیٹ واپس آیا۔ اس وقت میرے والدین سو چکے تھے میں نے سابقہ طریقہ کے مطابق دودھ دوہا پھر دودھ لے کر ان کے سرہانے کھڑا ہو گیا میں ان کو جگانے کی ہمت بھی نہ پا رہا تھا اور نہ ہی میں یہ پسند کرتا تھا کہ پہلے بچوں کو پلاؤں، بچے میرے قدموں کے پاس بھوک سے رو رہے تھے میری اور ان کی حالت یہی رہی۔ حتیٰ کہ صبح ہو گئی۔ اے اللہ! اگر تو جانتا ہے کہ یہ عمل میں نے تیری رضا کے لیے کیا تھا تو تو اتنی کشادگی کر دے کہ ہم آسمان دیکھ سکیں، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے غار کا اتنا حصہ کھول دیا کہ وہ آسمان دیکھنے لگے پھر دوسرے نے عرض کیا اے اللہ! میری چچا زاد بہن تھی جس سے میں اس طرح شدید محبت کرتا تھا جیسے مرد عورتوں سے کرتے ہیں میں نے اسی سے اس کے نفس کا مطالبہ کیا۔ تو اس نے انکار کرتے ہوئے سو دینار کا مطالبہ کیا میں نے کوشش کر کے سو دینار جمع کیے اور اس کے پاس لے کر گیا جب میں اس کی دونوں ٹانگوں کے درمیان

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

قَضٰی عَمَلَهٗ قَالَ اَعْطِنِیْ حَقِّیْ فَعَرَضْتُ
عَلَیْهِ حَقَّهٗ فَتَرَكَهٗ وَرَغِبَ عَنْهُ فَلَمْ
اَزَلْ اَزْرَعُهٗ حَتّٰی جَمَعْتُ مِنْهُ بَقَرًا
وَرَاعِیَهَا فَجَاءَنِیْ فَقَالَ اِتَّقِ اللّٰهَ وَ
لَا تَظْلِمْنِیْ وَاَعْطِنِیْ حَقِّیْ فَقُلْتُ اذْهَبْ
اِلٰی ذٰلِكَ الْبَقَرِ وَرَاعِیْهَا فَقَالَ اِتَّقِ
اللّٰهَ وَلَا تَهْزَأْ بِیْ فَقُلْتُ اِنِّیْ لَا اَهْزَأُ
بِكَ فَخُذْ ذٰلِكَ الْبَقَرَ وَرَاعِیَهَا فَاَخَذَهٗ
فَانْطَلَقَ بِهَا فَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّیْ فَعَلْتُ
ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ لَنَا مَا بَقِیَ
فَفَرَجَ اللّٰهُ عَنْهُمْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

بیٹھا تو اس نے کہا اے اللہ کے بندے اللہ سے ڈر اور[19] مُہر کو نہ کھول تو میں اٹھ کھڑا ہوا اے اللہ اگر تو جانتا ہے کہ یہ عمل میں نے تیری رضا کے لیے کیا تھا تو اس میں اور کشادگی فرما تو اللہ نے اور کشادگی فرما دی تیسرے نے عرض کیا اے اللہ میں نے ایک مزدور کو چاولوں کے ایک[21] دانے کے عوض[20] رکھا تھا جب اس نے اپنا کام پورا کر لیا تو کہا میرا حق دے دو میں نے اس کا حق اس پر پیش کیا تو وہ اسے چھوڑ گیا اور اس سے بے رغبتی کی میں اس چاول کو بوتا رہا حتیٰ کہ میں نے اس سے[22] بیل اور چرواہے جمع کر لیے پھر وہ میرے پاس آیا اور کہا کہ اللہ سے ڈرو اور مجھ پر ظلم نہ کرو مجھے میرا حق دے دو میں نے کہا وہ بیل اور چرواہے لے جا اس نے کہا اللہ سے ڈرو مجھ سے مذاق نہ کرو میں نے کہا کہ میں مذاق نہیں کر رہا تو وہ تمام لے لے اس نے ان کو اپنے قبضہ میں لے لیا اور چلا گیا اے اللہ اگر تو جانتا ہے کہ میں نے وہ عمل تیری رضا کے حصول کے لیے کیا تھا تو باقی ماندہ[23] راستہ بھی کھول دے اللہ تعالےٰ نے غار کا تمام راستہ ان پر کھول دیا۔[24]

(بخاری و مسلم)

۱ اس غار میں پناہ حاصل کی۔
۲ اب کیا کیا جائے۔
۳ ایسا عمل جو خالصتہً رضائے الٰہی کے لیے ہو اس میں ریا یا کوئی غرض نہ ہو۔
۴ ان اعمال کو اللہ کی بارگاہ میں بطور وسیلہ پیش کرو۔
۵ صِبْیَۃ، صاد کے نیچے زیر با ساکن [illegible] کی جمع ہے اصغار صغیر کی جمع ہے۔
۶ اور ان کا دودھ اپنے بچوں کو پلاتا تھا۔
۷ یعنی میں چراگاہ میں دور چلا گیا کیونکہ وہ درخت جن سے بکریوں کے لیے پتے کھلاتے تھے وہ دور تھے۔ بعض روایات میں نأ، الف سے ہمزہ مؤخر ہے بہ لفظ دونوں طرح نائی و نأ مشہور ہے۔
۸ اَطْلُبُ، لام پر پیش ہے از باب نصر ینصر

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۹ے حِلاب، حا کے نیچے زیر۔ دودھ یا دودھ کا برتن مراد ہے۔

۱۰ے یتضاغون۔ ضاد اور غین سے ہے۔

۱۱ے گویا ان کی شریعت میں ماں باپ کا نفقہ اولاد سے مقدم تھا یا دونوں کا برابر تھا اور اس آدمی نے ماں باپ کو ترجیح دے رکھی تھی، بعض شارحین نے کہا ہے کہ اس نے بچوں کو اتنا دیا تھا جس سے ان کی زندگی بچ جائے لیکن وہ بچے اس سے زائد کا مطالبہ کرتے رہے۔

۱۲ے یعنی میرے والدین سوتے رہے اپنے فریاد کرتے رہے اور میں کھڑا رہا۔

۱۳ے فافرج، باب نَصَرَ یَنْصُرُ سے ہے یا باب افعال ہے، فُرجۃ فا پر پیش یا زبر ہے۔

۱۴ے فرّج، را پر شد ہے اسے مخفف بھی پڑھا گیا ہے۔

۱۵ے یرون۔ بعض روایات میں نون کے بغیر بھی ہے۔ جب پہلے مرد نے اپنا واقعہ بیان کیا تو تنگی دور ہوئی۔

۱۶ے میں نے اس کی طرف کسی آدمی کو بھیجا۔

۱۷ے صراح میں ہے کہ سعی کا معنی دوڑ دھوپ کرنا، کاروبار کرنا۔

۱۸ے برائے ہمبستری

۱۹ے امانت کو نہ کھول اس سے مراد ازالہ بکارت ہے۔

۲۰ے فَرَق۔ فا پر زبر، را ساکن یا زبر۔ تیرہ (۱۳) رطل کے پیمانے کا نام ہے۔ بعض کے نزدیک اس میں پندرہ رطل آجاتے ہیں۔ اہل لغت کے ہاں زبر زیادہ بہتر ہے اور محدثین کے ہاں اس پر سکون ہے۔ قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ ہمارے اساتذہ اسے سکون اور زبر دونوں کے ساتھ پڑھتے تھے اور زبر اکثر ہے۔ صراح میں ہے فرق، سکون اور حرکت دونوں طرح ہے اہل مدینہ کے ایک پیمانے کا نام ہے اور وہ سولہ رطل کا ہے۔

۲۱ے اُرُزّ، ہمزہ پر زبر، را پر پیش، زا مشدد یا مخفف، یا دونوں پر پیش ہے اور مشدد یا مخفف ہیں یا پہلے پر پیش اور دوسرے پر سکون، اُرْز ہمزہ کے بغیر یا زا کی جگہ نون انز بھی آیا ہے اس کا معنی صراح میں دانہ مشہور کے ہیں۔

۲۲ے اس روایت میں باعتبار اکثر، گائے اور چرواہے کا ذکر ہے ورنہ دوسری روایت میں ہے کہ اس سے بہت زیادہ اونٹ، گائے، بکریاں اور غلام حاصل ہوئے۔

۲۳ے باقی ماندہ چٹان کو بھی دور کر دے۔

۲۴ے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مصیبت و پریشانی کے وقت اعمال صالحہ کا وسیلہ بارگاہ خداوندی میں پیش کرنا مستحب ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اسے قبولیت عطا فرماتا ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے اس عمل کو بطور مدح ذکر فرمایا ہے، اگر یہ عمل مستحب نہ بھی ہو تو جواز اس کا یقینی ہے، یہاں یہ بات ذہن نشین رہنی چاہیے کہ یہ ساری ظاہر شریعت اور اس بات پر ایمان کا تقاضا کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر عمل پر اجر کا وعدہ فرمایا ہے، اسی کے پیش نظر انہوں نے اپنے عمل پر اجر کا سوال کیا لیکن جو شخص بحر حقیقت میں مستغرق ہے، اور اللہ تعالیٰ کی قدرت، اس کے فضل

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اور اسکی توفیق کے عموم اور شمول کا مشاہدہ کرتا ہے وہ اپنے وجود اور اپنے عمل کے دیکھنے سے فانی ہے۔ اسے اپنی ذات کی طرف فعل کے منسوب کرنے اور اس کی جزا کے مستحق ہونے کی مجال کہاں ہو سکتی ہے ؟ وہ سب کچھ اللہ تعالٰے کی طرف سے جانتا ہے اور اپنے آپ کو درمیان میں نہیں دیکھتا، عمل اس کی توفیق سے ہے اور جزا اس کے فضل و کرم سے ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ والدین پر خرچ کرنا، ان کو بقیہ اہل و اولاد پر ترجیح دینا، ان کو تکلیف و شفقت اور ان کی خدمت کے لیے ہمیشہ کمربستہ رہنا چاہیے۔ یہ بھی واضح ہوا کہ حالت نیند سے کسی کو جگانا ناپسند ہے خصوصًا وہ اشخاص جو محل ادب و تعظیم ہوں البتہ نماز اور دیگر فرائض کی ادائیگی کے لیے بیدار کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ یہ بھی پتہ چلا کہ نیند کی لذت کھانے سے بہتر ہے۔ یہ بھی واضح ہوا کہ عفت و پارسائی اور نفس کو محرمات سے ایسے موانع پر روکنا نہایت ہی فضیلت ہے جبکہ انسان اس حرام پر قادر ہو اور رکاوٹ کوئی نہ ہو خواہش نفس بھی ہو خصوصًا شہوت فرج کی حالت میں کیونکہ یہ عقل پر دشوار مرحلہ ہوتا ہے۔ اور یہ فائدہ بھی حاصل ہوا کہ اجازت کے بغیر خرچ کرنا جائز ہے بشرطیکہ بعد میں اجازت لی جائے۔ چنانچہ احناف کا قول ہے کہ فضولی کا تصرف جائز مگر موقوف ہوتا ہے۔ مالک کی اجازت پر جب وہ اجازت دے دے تو وہ نافذ ہو جاتا ہے۔ اس حدیث نے اس پر آگاہ کر دیا کہ دعا، پریشانی، مصیبت اور تنگی کے ازالے کا نہایت اعلیٰ ذریعہ ہے۔ یہ بھی آشکار ہو گیا کہ اولیاء کی کرامت حق ہیں جیسا کہ اہل سنت وجماعت رضوان اللہ تعالٰی علیہم اجمعین کا موقف ہے۔

۴۷۲۰/۲۹ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ جَاهِمَةَ اَنَّ جَاهِمَةَ جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَدْتُّ اَنْ اَغْزُوَ وَقَدْ جِئْتُ اَسْتَشِيْرُكَ فَقَالَ هَلْ لَّكَ مِنْ اُمٍّ. قَالَ نَعَمْ قَالَ فَالْزَمْهَا فَاِنَّ الْجَنَّةَ عِنْدَ رِجْلِهَا. (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِىْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت معاویہ بن جاہمہ سے روایت ہے کہ حضرت جاہمہ[1] رضی اللہ تعالٰے عنہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہ! میں جہاد میں شریک ہونا چاہتا ہوں آپ کی خدمت میں مشورہ کے لیے حاضر ہوا ہوں آپ نے فرمایا، کیا تمہاری والدہ ہے ؟ عرض کیا ہاں! فرمایا اس کے پاس رہو کیونکہ جنت اس کے[2] پاؤں کے پاس ہے۔
(احمد، نسائی، بیہقی، شعب الایمان)

[1] جاہمہ بن عباس بن مرداس سلمی صحابی ہیں ان کے بیٹے معاویہ بھی صحابی ہیں۔

[2] یعنی اپنی والدہ کی خدمت میں رہو کیونکہ یہ عمل جنت کا سبب ہے اس سے مراد اولاد کا والدین کے ساتھ تواضع و انکساری سے پیش آنا ہے۔ پاؤں میں ہونا اولاد کی صفت ہے ذکر جنت کی۔

۴۷۲۱/۲۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَتْ تَحْتِيْ امْرَاَةٌ اُحِبُّهَا وَكَانَ عُمَرُ يَكْرَهُهَا فَقَالَ لِيْ طَلِّقْهَا فَاَبَيْتُ فَاَتَى عُمَرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلِّقْهَا.

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰے عنہ بیان کرتے ہیں۔ میری ایک بیوی تھی جس سے مجھے محبت تھی حالانکہ حضرت عمر رضی اللہ تعالٰے عنہ اسے ناپسند کرتے تھے اس لیے مجھے فرمایا: اسے طلاق دے دے میں نے طلاق دینے سے انکار کیا حضرت عمر نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی خدمت میں

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

حاضر ہوئے اور اس بارے میں عرض کیا آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا: اسے طلاق دے دو۔

(ترمذی، ابوداؤد)

۴۷۲۲ / ۳۱ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا حَقُّ الْوَالِدَیْنِ عَلٰی وَلَدِھِمَا قَالَ ھُمَا جَنَّتُکَ وَنَارُکَ۔

(رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابوامامہ[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا یارسول اللہ والدین کا اولاد پر کیا حق ہے؟ فرمایا: وہ دونوں تیری جنت[۲] و دوزخ ہیں۔

(ابن ماجہ)

۱ ابوامامہ باہلی صحابی ہیں۔

۲ ان کے ساتھ حسن سلوک و نیکی تجھے جنت میں اور ان کو ناراض و پریشان کرنا تجھے دوزخ میں لے جائے گا۔

۴۷۲۳ / ۳۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ لَیَمُوْتُ وَالِدَاہُ اَوْ اَحَدُھُمَا وَاِنَّہٗ لَھُمَا لَعَاقٌّ فَلَا یَزَالُ یَدْعُوْ لَھُمَا وَیَسْتَغْفِرُ لَھُمَا حَتّٰی یَکْتُبَہُ اللّٰہُ بَارًّا۔

(رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب کسی آدمی کے والدین فوت ہو جائیں[۱] یا ان میں سے ایک اور وہ ان کا نافرمان ہے تو وہ ان کے لیے ہمیشہ دعا و استغفار کرتا رہے تو آخر کار اللہ تعالیٰ اسے نیکوں میں لکھ دیتا ہے۔[۲]

(بیہقی)

۱ والدین اس سے ناراض فوت ہوئے۔

۲ دعا و استغفار کرنے والی اولاد پر اللہ تعالیٰ ان کے والدین کو راضی کر دیتا ہے اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرنے والوں میں ان کا نام شامل فرما دیتا ہے۔

۴۷۲۴ / ۳۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَصْبَحَ مُطِیْعًا لِّلّٰہِ فِیْ وَالِدَیْہِ اَصْبَحَ لَہٗ بَابَانِ مَفْتُوْحَانِ مِنَ الْجَنَّۃِ وَاِنْ کَانَ وَاحِدًا فَوَاحِدًا وَمَنْ اَصْبَحَ عَاصِیًا لِّلّٰہِ فِیْ وَالِدَیْہِ اَصْبَحَ لَہٗ بَابَانِ مَفْتُوْحَانِ مِنَ النَّارِ وَاِنْ کَانَ وَاحِدًا فَوَاحِدًا قَالَ رَجُلٌ وَاِنْ ظَلَمَاہُ قَالَ وَاِنْ ظَلَمَاہُ وَاِنْ ظَلَمَاہُ وَاِنْ ظَلَمَاہُ۔

(رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رحمت دوجہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر والدین کی اطاعت کرے اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت کے دو دروازے کھول دیتا ہے۔ اگر ایک ہو تو ایک دروازہ اور جو والدین کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا عاصی و نافرمان ہو اس کے لیے دوزخ کے دو دروازے کھل جاتے ہیں اور اگر ایک ہو تو ایک دروازہ۔[۱] اس شخص نے عرض کیا اگرچہ وہ اس پر ظلم کریں فرمایا: اگرچہ وہ اس پر ظلم کریں وہ اس پر ظلم کریں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وہ اس پر ظلم کریں۔

(بیہقی)

سلہ اس سے واضح ہو رہا ہے کہ والدین کی فرمانبرداری و نافرمانی درحقیقت اللہ تعالےٰ کی اطاعت و نافرمانی ہے۔

سلہ یہ تاکید و مبالغہ ہے۔ باقی اس سے مراد دنیوی امور ہیں۔ دینی امور میں اگر والدین شریعت کی خلاف ورزی کریں تو اطاعت لازم نہیں۔

۴۷۲۵ / ۳۴ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ وَلَدٍ بَارٍّ يَنْظُرُ اِلٰى وَالِدَيْهِ نَظْرَةَ رَحْمَةٍ اِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِكُلِّ نَظْرَةٍ حَجَّةً مَّبْرُوْرَةً قَالُوْا وَاِنْ نَظَرَ كُلَّ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ قَالَ نَعَمْ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَاَطْيَبُ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

اور انہی سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بھلائی کرنے والا بیٹا جب اپنے والدین کے چہرے کو نظر محبت سے دیکھے تو اللہ تعالیٰ اس نظر کے عوض مقبول سلہ حج لکھتا ہے۔ صحابہ نے عرض کیا سلہ اگرچہ وہ دن میں سو دفعہ دیکھے؟ فرمایا ہاں! سلہ اللہ تعالےٰ بہت بڑا اور پاک ہے۔

(بیہقی)

سلہ پیچھے کتاب الحج میں گزرا کہ حج مبرور کی جزا جنت ہے اور حج مبرور کا معنی بھی وہاں بیان ہوا تھا یعنی کامل مقبول ہے۔

سلہ بطور تعجب اور اسے عظیم تصور کرتے ہوئے۔

سلہ اللہ تعالےٰ اس گمان سے پاک ہے جو تم نے کیا کہ ہر نظر کے عوض جنت نہیں لکھے گا۔

۴۷۲۶ / ۳۵ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ الذُّنُوْبِ يَغْفِرُ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنْهَا مَا شَاءَ اِلَّا عُقُوْقَ الْوَالِدَيْنِ فَاِنَّهٗ يُعَجِّلُ لِصَاحِبِهٖ فِي الْحَيٰوةِ قَبْلَ الْمَمَاتِ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابو بکرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ تمام گناہوں میں جس کو چاہے معاف فرما دے سلہ سوائے والدین کی نافرمانی کے کیونکہ ایسے شخص کو موت سلہ سے پہلے زندگی میں سزا دی جاتی ہے۔

(بیہقی)

سلہ یا آخرت میں عقوبت و عذاب سے پہلے۔

سلہ یہ نافرمانی پر تشدید و مبالغہ ہے۔

۴۷۲۷ / ۳۶ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

حضرت سعید بن عاص رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے

سلہ یعنی خلافِ شرع کوئی حکم دیں تو اس پر عمل نہیں کیا جائے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ کی معصیت میں مخلوق کی اطاعت جائز نہیں۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَقُّ کَبِیْرِ الْاِخْوَۃِ عَلٰی صَغِیْرِ ھِمْ حَقُّ الْوَالِدِ عَلٰی وَلَدِہٖ۔ (رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ الْاَحَادِیْثَ الْخَمْسَۃَ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا بڑے بھائی کا حق چھوٹے پر ایسے ہی ہے جیسے والد کا حق اولاد پر ہوتا ہے۔

(ان پانچوں احادیث کو بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا)

لہ سعید بن عاص یہ دو اشخاص کا نام ہے، واضح رہے کہ ان کو سعید بن العاص جد کی نسبت سے کہتے ہیں ایک بڑے ہیں اور وہ سعید بن العاص بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف قدیم الاسلام ہیں۔ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے بعد اسلام لائے تھے، دوسرے چھوٹے ہیں۔ ان کا نام سعید بن ابی اخیحہ (ہمزہ پر پیش یا ساکن) بن سعید بن العاص بن امیہ یہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وصال کے وقت آٹھ سال کے تھے۔ انہوں نے آپ کی زیارت کا شرف پایا اور آپ سے حدیث روایت کی۔ یہ حدیث انہوں نے اپنے دادا سے روایت کی ہے۔

بَابُ الشَّفَقَۃِ وَالرَّحْمَۃِ عَلَی الْخَلْقِ

۲۲۱۔ مخلوق پر رحمت و شفقت کا بیان

صراح میں ہے شفقت، مہربانی، شفق، اشفاق۔ اس کا معنی ہے کسی چیز پر مہربانی کرنا۔ اگر اس کا صلہ علی آئے مثلاً شفق علیہ و شفیق علیہ تو اس کا معنی ڈرنا ہوتا ہے جب اس کا صلہ من آئے مثلاً اشفق منہ یعنی وہ اس سے ڈر گیا، علامہ طیبی لکھتے ہیں کہ اشفاق کا معنی خوف ہے اور اس سے اسم مصدر شفقت ہے اور [illegible] عنایت کے معنی میں بھی آتا ہے جس میں خوف ہو کیونکہ مہربانی کرنے والا اس بات سے ڈرتا ہے مشفق علیہ کو وہ تکلیف لاحق نہ ہو، رحمت بخشش اور مہربانی کے معنی میں ہے رحمت اسی طرح رُحم را پر پیش حا ساکن یا اس پر پیش بھی رحمت کے معنی میں آتا ہے اور رحم کا بھی یہی معنی ہے۔ کہا جاتا ہے رحمتہ و ترحمت علیہ، رحموت بھی بطور مبالغہ رحمت سے بنا ہے جیسے رہب سے رہبوت، جبر سے جبروت، رحمان سے رحیم اللہ تعالےٰ کے اسماء میں سے ہیں۔ دونوں رحمت سے مشتق ہیں اور مبالغہ کے لیے آتے ہیں اور ان کا تکرار بھی مبالغہ کے لیے ہوتا ہے۔ جیسے کہا جاتا ہے جاد مجد اور رحمٰن میں رحمت کا مبالغہ اتنا قوی ہے کہ اس سے بڑھ کر رحمت کا تصور نہیں

لہ اس جگہ وہم ہے، درست یہ ہے کہ سعید بن العاص بن امیہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وصال کے وقت آٹھ یا نو سال کے تھے ان کے والد غزوۂ بدر میں قتل ہوئے۔ اور سعید بن ابی اخیحہ یہ سعید بن سعید اموی تابعین کے تیسرے طبقہ سے ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ہو سکتا لہٰذا یہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہی مخصوص ہے۔ اس کا اطلاق غیر اللہ پر نہیں کیا جا سکتا لیکن رحیم کا اطلاق اللہ تعالیٰ کے علاوہ پر بھی جائز ہے۔ یہ ارشاد گرامی قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ۔ (اسے اللہ کہہ کر پکارو یا رحمن کہہ کر) تخصیص کی دلیل ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۷۲۸ عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مَنْ لَّا يَرْحَمُ النَّاسَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جریر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس پر (خاص اور کامل) رحمت نہیں فرماتا[1] جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا۔

(بخاری و مسلم)

[1] رحمت خاص کامل۔

۴۷۲۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَتُقَبِّلُوْنَ الصِّبْيَانَ فَمَا نُقَبِّلُهُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَ اَمْلِكُ لَكَ اَنْ نَزَعَ اللّٰهُ مِنْ قَلْبِكَ الرَّحْمَةَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک اعرابی[1] آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور عرض کیا کہ لوگ[2] بچوں کو چومتے ہیں لیکن ہم نہیں چومتے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں اس کا مالک[3] ہوں کہ میں تیرے دل میں رحم رکھ دوں جبکہ اللہ نے تیرے دل سے رحمت چھین لی ہے۔

(بخاری و مسلم)

[1] دیہاتی جو اکثر طور پر سخت اور جفاکار ہوتے ہیں۔

[2] حاضرین کو اس نے دیکھا کہ وہ بچوں کو بوسہ دیتے ہیں۔

[3] جب اللہ تعالیٰ نے تیرے دل میں رحمت و شفقت نہیں رکھی میں اسے کیسے پیدا کر سکتا ہوں۔ مقصد بے رحمی پر زجر ہے اور اس طرف اشارہ ہے کہ جس دل میں اللہ تعالیٰ رحم پیدا نہ فرمائے تو کوئی دوسرا یہ چیز وہاں پیدا نہیں کر سکتا۔ یہ معنی اس صورت میں ہے جب لفظ "اِنْ" کی ہمزہ پر کسرہ پڑھا جائے لیکن اکثر روایات میں زبر ہے اب معنی یہ ہوگا کہ جب اللہ تعالیٰ نے تیرے دل سے رحمت چھین لی ہے تو میں اس کا ازالہ کیسے کر سکتا ہوں؟ دو معانی کا مآل ایک ہی ہے صرف اعراب کی توجیہ میں اختلاف ہے۔

۴۷۳۰ وَعَنْهَا قَالَتْ جَاءَتْنِيْ امْرَاَةٌ وَّمَعَهَا ابْنَتَانِ لَهَا تَسْأَلُنِيْ فَلَمْ تَجِدْ عِنْدِيْ غَيْرَ

اور انہی سے روایت ہے کہ ایک خاتون میرے پاس آئی اور اس کے ساتھ دو بیٹیاں تھیں اس نے مجھ سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تَمْرٍ وَاحِدَةٍ فَاَعْطَيْتُهَا اِيَّاهَا فَقَسَمَتْهَا بَيْنَ ابْنَتَيْهَا وَلَمْ تَاْكُلْ مِنْهَا ثُمَّ قَامَتْ فَخَرَجَتْ فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثْتُهُ فَقَالَ مَنِ ابْتُلِيَ مِنْ هٰذِهِ الْبَنَاتِ بِشَيْءٍ فَاَحْسَنَ اِلَيْهِنَّ كُنَّ لَهُ سِتْرًا مِّنَ النَّارِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

سوال کیا اس وقت میرے پاس سوائے ایک کھجور کے کچھ نہ تھا میں نے وہ کھجور اسے دے دی اس خاتون نے وہ کھجور ان دونوں کے درمیان تقسیم کر دی اور خود نہ کھائی پھر اٹھ کر چلی گئی اتنے میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے میں نے آپ سے وہ واقعہ بیان کیا آپ نے فرمایا جو کوئی بیٹیوں میں مبتلا[1] کر دیا جائے اور[2] وہ ان کے ساتھ حسن سلوک کرے تو وہ اس کے لیے آگ سے آڑ بن جائیں گی۔

(بخاری و مسلم)

[1] خواہ ایک یا دو یا اس سے زیادہ، ابتلاء عرف و عادت کی بنا پر کہا۔

[2] علماء کا اس بارے میں اختلاف ہے کہ ابتلا سے مراد صرف بچیوں کا وجود ہی ہے یا ان سے صادر ہونے والی ایذا و محنت ظاہر اول ہی ہے۔ اس بارے میں بھی اختلاف ہے کہ احسان سے مراد نفقہ واجبی ہے یا اس سے زائد ظاہر دوسرا ہے۔ شرط احسان یہ ہے کہ وہ شریعت کے مطابق ہو اور اس وقت تک ہو کہ یا تو ان کی شادی ہو جائے یا انہیں موت آ جائے۔

۴۷۳۱ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَالَ جَارِيَتَيْنِ حَتّٰى تَبْلُغَا جَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَنَا وَهُوَ هٰكَذَا وَضَمَّ اَصَابِعَهٗ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے دو بیٹیوں کی تربیت[1] کی یہاں تک کہ وہ بالغ ہو گئیں وہ قیامت کو میرے ساتھ اس طرح ہوگا اور اپنی انگلیاں اکٹھی[2] فرمائیں۔

(مسلم)

[1] ان کا نفقہ، روزی اور کپڑے وغیرہ دیے۔

[2] حضور علیہ السلام نے اپنی دونوں انگلیاں سبابہ اور وسطیٰ کو ملایا (اشارہ کر کے بتلایا) کہ اس طرح وہ شخص میرے ساتھ ہوگا جس نے دو بچیوں کی خدمت کی، یہ اتصال اور مصاحبت جنت میں مراد ہے یا میدان حشر میں یا دیگر مواقع پر۔ واللہ اعلم۔ واضح رہے کہ دوسری حدیث میں ہے کہ وہ شخص روز قیامت میرے ساتھ اٹھایا جائے گا اس میں دو احتمال ہیں۔ ایک یہ کہ اتصال و مقارنت مراد ہو۔ دوسرا یہ ہے کہ اس سے تقارب و تعاقب دخول جنت میں مراد ہو تب بھی خدمت ہے ہر صورت میں عیال پر خرچ کرنے کی فضیلت کا ذکر ہے۔

۴۷۳۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ السَّاعِیْ عَلَی الْاَرْمَلَۃِ وَالْمِسْکِیْنِ کَالسَّاعِیْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَاَحْسِبُہٗ قَالَ کَالْقَائِمِ لَا یَفْتُرُ وَکَالصَّائِمِ لَا یُفْطِرُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم نے فرمایا بیوگان اور مساکین پر خرچ کرنے والا ایسا ہے جو اللہ کی راہ میں کوشش کرنے والا ہے میرے خیال میں ہے کہ آپ نے فرمایا وہ اس کی طرح ہے جو نہ تھکے اور وہ اس روزے دار کی طرح ہے جو افطار نہ کرے۔ (بخاری و مسلم)

۱ اَرْمَلَہ۔ ہمزہ اور میم پر زبر ہے شوہر خاتون خواہ اس نے پہلے کسی شوہر سے شادی کی تھی یا نہ کی تھی۔ بعض کی رائے ہے کہ وہ خاتون مراد ہے جس سے شوہر کی مفارقت ہو جائے خواہ بذریعہ طلاق یا موت کی وجہ سے (کذا قال الطیبی) قاموس میں ہے کہ مرد اَرْمَلٌ اور زن اَرْمَلَہ محتاج اور مسکین ہے۔ اس کی جمع اَرَامِل اور اَرَامِلَہ ہے بصراح میں ہے اَرْمَلٌ وہ مرد جس کی بیوی نہ ہو اور اَرْمَلَہ وہ عورت جس کے شوہر ہو۔ ارامل کا لفظ محتاجوں اور درویشوں کے لیے استعمال ہوتا ہے اس کا اشتقاق رمل سے ہے جس کا معنی فقر ہاتھ سے توشہ کا چلا جانا، سال کا بے بارش ہونا اس حدیث میں بے شوہر خاتون مراد ہے نہ کہ مسکین کیونکہ مسکین کا الگ ذکر ہے۔

۲ جیسے جہاد و حج کرنے والا ہے۔

۳ مصابیح اور مشکوٰۃ کے الفاظ سے ظاہر ہی ہے کہ یہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالے عنہ کے الفاظ ہیں۔

۴ جو تمام رات بیدار رہ کر عبادت کرنے والا ہو اور اس میں کوئی کوتاہی و سستی نہ کرے۔

۵ بعض حواشی میں ہے کہ اَحْسِبُہٗ کے الفاظ بخاری و مسلم کے استاد عبداللہ بن مسلمہ قعنبی کے ہیں اور وہی امام مالک سے اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ میرا گمان ہے کہ امام مالک نے یہ کلمات کہے ہیں۔

۴۷۳۳ وَعَنْ سَہْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَا وَکَافِلُ الْیَتِیْمِ لَہٗ وَلِغَیْرِہٖ فِی الْجَنَّۃِ ھٰکَذَا وَاَشَارَ بِالسَّبَّابَۃِ وَالْوُسْطٰی وَفَرَّجَ بَیْنَہُمَا شَیْئًا۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالے عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم نے فرمایا میں اور جو یتیم کو پالنے والا ہو خواہ اپنا ہو یا غیر کا جنت میں اس طرح ہوں گے اور آپ نے سبابہ اور وسطی سے اشارہ فرمایا اور ان کے درمیان تھوڑی کشادگی فرمائی۔ (بخاری)

۱ سہل بن سعد یہ مشہور صحابی ہیں اور مدینہ طیبہ میں وصال فرمانے والے آخری صحابی ہیں۔

۲ اگر اپنے اقربا میں سے ہے تو بطور صلہ رحمی اس کی غم خواری واجب ہے جیسے یتیم پوتا، بھائی کا بیٹا یا اس کے علاوہ کسی غیر کا یتیم بیٹا ہو ہر صورت میں اس کا ثواب یہ ہوگا۔

۳ اس حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ اس سے جنت میں قربت مراد ہے۔ انگلیوں کا منفصل کرنا جو حدیث انس میں

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

آیا ہے اس میں انگلیوں کے درمیان فاصلہ نہیں ہے، یوں معلوم ہوتا ہے کہ لڑکیوں کی دیکھ بھال کرنے کا ثواب یتیم کی کفالت سے زیادہ ہے پہلی صورت میں دوسری صورت کی نسبت قرب زیادہ ہے نیز پہلی صورت میں قرب ہر جگہ کے اعتبار سے ہے اور دوسری صورت میں قرب جنت کے ساتھ مخصوص ہے جو آخری مقام ہے اور اسی کی طرف رجوع ہوگا۔ ہاں بچیوں کی سرپرستی کفالت یتیم سے افضل ہے۔ پہلے میں اتصال دوسرے سے نزدیک ہے پہلے میں قربت تمام مواقع میں اور دوسرے میں جنت میں جو کہ آخری مقام اور لوٹنے کی جگہ ہے۔

۴۷۳۴ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ تَرَاحُمِهِمْ وَتَوَادِّهِمْ وَتَعَاطُفِهِمْ كَمَثَلِ الْجَسَدِ إِذَا اشْتَكٰى عُضْوًا تَدَاعٰى لَهٗ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالسَّهَرِ وَالْحُمّٰى۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت نعمان[1] بن بشیر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا تم مسلمانوں کو آپس میں رحمت[2] و محبت[3] میں ایک جسم کی طرح دیکھو گے جب ایک عضو بیمار[4] ہو جاتا ہے تو باقی جسم کے تمام اعضا بے خوابی اور بخار کی طرف ایک دوسرے[5] کو بلاتے ہیں۔[6] (بخاری و مسلم)

[1] نعمان بن بشیر وہ انصاری صحابی ہیں جن کی ولادت ہجرت کے بعد انصار کے ہاں سب سے پہلے ہوئی۔
[2] ایک دوسرے سے صرف رشتہ ایمانی کی وجہ سے مہربانی کریں گے۔
[3] مثلاً آپس میں ملاقات، ہدیہ وغیرہ کا دینا۔
[4] ایک دوسرے کے ساتھ مجبوری و پریشانی کے موقعہ پر تعاون کرنا۔
[5] شکوی یعنی گلہ کرنا ہے اس کا معنی بیماری بھی ہے، اکثر روایات میں لفظ عضو منصوب ہے۔ بعض میں مرفوع بھی پڑھا گیا ہے۔ عضو پر پیش یا زبر ہے۔ جسم کے جوڑ۔ جماعت کے ممبران کے تر آتا ہے۔ (کذا فی الصراح)
[6] باقی اعضاء تکلیف و مشقت میں اس بات پر متفق ہوتے ہیں۔

بنی آدم اعضائے یکدیگراند | کہ در آفرینش زیک جوہراند
چو عضوے بدرد آورد روزگار | دگر عضوہا را نماند قرار

اولاد آدم ایک دوسرے کے اعضاء ہیں کیونکہ ان کی پیدائش ایک جوہر سے ہوئی جب ایک عضو درد محسوس کرے تو دوسرے اعضاء کو سکون نہیں رہتا۔

۴۷۳۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُؤْمِنُوْنَ كَرَجُلٍ وَّاحِدٍ إِنِ اشْتَكٰى عَيْنُهُ اِشْتَكٰى كُلُّهُ وَإِنِ اشْتَكٰى رَأْسُهُ اشْتَكٰى كُلُّهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور انہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا تمام مومن ایک شخص کی طرح ہیں اگر اس کی آنکھ دکھے تو سارا جسم بیمار ہو جاتا ہے اگر اس کا سر درد محسوس کرے تو سارا جسم درد محسوس کرتا ہے۔ (مسلم)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ لفظ نیشہ، رائسہ اور کلمہ پر زبر اور پیش دونوں آسکتے ہیں۔

۴۷۳۶ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ کَالْبُنْیَانِ یَشُدُّ بَعْضُہٗ بَعْضًا ثُمَّ شَبَّکَ بَیْنَ اَصَابِعِہٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مومن دوسرے کے لیے دیوار کی طرح ہے کہ بعض حصہ دوسرے بعض سے مضبوط ہوتا ہے پھر آپ نے اپنی مبارک انگلیوں کو ایک دوسرے میں ڈالا۔ (بخاری و مسلم)

سلہ تمام مسلمان حکم دیوار میں ہے۔

سلہ مسلمان بھی ایک دوسرے سے تقویت و مضبوطی پاتے ہیں۔

سلہ تعاون و مدد میں مسلمان کا ایک دوسرے سے اس طرح کا تعلق ہے، باقی یہ مدد و تعاون حرام اور مکروہ اور ہر اس معاملہ میں نہیں ہوگا جو موجب گناہ ہو۔

۴۷۳۷ وَعَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ کَانَ اِذَا اَتَاہُ السَّائِلُ اَوْ صَاحِبُ الْحَاجَۃِ قَالَ اشْفَعُوْا فَلْتُؤْجَرُوْا وَیَقْضِی اللّٰہُ عَلٰی لِسَانِ رَسُوْلِہٖ مَا شَآءَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

اور انہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس جب کوئی سائل یا صاحب حاجت آتا تو آپ فرماتے، اے صحابہ سفارش کرو ثواب پاؤ گے اور اللہ تعالیٰ اپنے رسول کی زبان پر جو چاہے فیصلہ فرما دے۔ (بخاری و مسلم)

سلہ فلتؤجروا مجہول ہے لام کے نیچے زیر یا سکون ہے۔

سلہ تمہیں سفارش کا ثواب ملے گا خواہ وہ قبول ہو یا نہ ہو کیونکہ یہ معاملہ حکم و تقدیر الٰہی سے متعلق ہے۔ اور یہ سمجھ کر ہماری شفاعت قبول نہیں کی گئی اسے ترک نہ کرنا کہ ثواب ضائع نہ ہو۔ واضح رہنا چاہیے کہ حدود میں اس وقت سفارش کرنا جائز نہیں جب معاملہ عدالت میں ہو ہاں اس سے پہلے جائز ہے اور تعزیر کی صورت میں مطلقاً سفارش جائز ہے لیکن یہ تمام اس وقت ہے جب وہ شخص جس کی سفارش کی جا رہی ہے مخلوق خدا کو تنگ کرنے والا اور تکلیف دینے والا نہ ہو۔

۴۷۳۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُنْصُرْ اَخَاکَ ظَالِمًا اَوْ مَظْلُوْمًا فَقَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَنْصُرُہٗ مَظْلُوْمًا فَکَیْفَ اَنْصُرُہٗ ظَالِمًا قَالَ تَمْنَعُہٗ مِنَ الظُّلْمِ فَذٰلِکَ نَصْرُکَ اِیَّاہُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنے بھائی کی مدد کرو خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم۔ ایک آدمی نے عرض کیا یارسول اللہ، اس کی حالت مظلومیت میں مدد کروں گا مگر اس کے ظلم پر کیسی مدد کروں؟ فرمایا اسے ظلم سے روکے اس کے لیے تیری یہی مدد ہے۔ (بخاری و مسلم)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۱ے مظلوم کی مدد کرنا تو سمجھ میں آتا ہے مگر ظالم کی مدد سمجھ میں نہیں آ رہی۔
۲ے یعنی یہ اس کی مدد شیطان و نفس کے خلاف ہو گی۔

۴۷۳۹/۱۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهٗ وَلَا يُسْلِمُهٗ وَمَنْ كَانَ فِیْ حَاجَةِ اَخِيْهِ كَانَ اللّٰهُ فِیْ حَاجَتِهٖ وَمَنْ فَرَّجَ عَنْ مُّسْلِمٍ كُرْبَةً فَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِّنْ كُرُبَاتِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰے عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان کا مسلمان بھائی ہے[۱] وہ اس پر ظلم نہ کرے[۲] نہ اسے رسوا کرے[۳] اور جو اپنے بھائی کی حاجت میں[۴] رہے گا اللہ تعالٰے اس کی حاجت میں رہے گا اور جس نے کسی مسلمان سے[۵] تکلیف کو دور کیا اللہ تعالٰے قیامت کے روز اس کی تکالیف دور فرمائے گا اور جس نے کسی مسلمان کی پردہ[۶] پوشی کی اللہ تعالٰے روز قیامت اس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔ (بخاری و مسلم)

۱ے دین کے لحاظ سے حکماً شریعت ماں اور شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام والد ہیں۔
۲ے اسے دوسرے مسلمان پر ظلم نہیں کرنا چاہیے ظلم، شی کو اپنی جگہ کے علاوہ دوسری جگہ میں رکھنے کو کہا جاتا ہے۔ یہ صغیرہ گناہ بلکہ ہر اس مباح کو شامل ہے جس پر عمل عرفاً لائق و مناسب نہ ہو۔ (کذا قالوا)
۳ے لا یسلمہ، یا پر پیش، سین ساکن، اسے ہلاکت کی جگہ یا دشمن کے ہاتھ میں نہیں رہنے دے گا بلکہ اس کی ہر حال میں مدد کرے گا۔
۴ے جو اپنے بھائی کی ضرورت و حاجت کو پورا کرنے کے لیے کوشش کرے گا۔
۵ے کربۃ، صراح میں ہے کُربت، کاف پر پیش، را ساکن ہے کرب کاف پر زبر اس غم کو کہتے ہیں جس سے سانس گھٹنے لگے۔
۶ے جو دوسرے مسلمان کے عیوب اور گناہوں پر پردہ ڈالے گا اللہ تعالٰے قیامت کو اس پر یوں پردہ ڈالے گا، اہل محشر سے اس کے عیوب مخفی رہیں گے اس کا محاسبہ نہیں ہو گا اور اس کے عیوب کا ذکر بھی لوگوں سے پوشیدہ رکھا جائیگا واضح رہے کہ یہ پردہ پوشی اس وقت مستحسن و مندوب ہے جب وہ مسلمان اہل حیا اور اہل شرافت میں سے ہو اور اس کا عیب بھی مخفی ہو اور اگر وہ ایسا شخص ہے جس نے پردہ حیا کو اٹھا کر پھینک دیا اور علانیہ معاشرے کو فساد و پریشانی میں مبتلا کر رہا ہے تو اس کا انکار اور روکنا لازم ہے بلکہ اسے روکنے کے لیے اور اسے کیفر کردار تک پہنچانے کے لیے حکام وقت کو اطلاع دینا ضروری ہے تاکہ اس کے شر سے لوگ محفوظ ہوں۔ باقی محدثین جو راویوں پر طعن و جرح کرتے ہیں، عدالت گواہوں کے بارے میں اور ظالم حاکموں کے ظلم کا بیان، دین کی حفاظت اور لوگوں کے حقوق کی پاسداری کے لیے ہے یہ لازم و واجب ہے یہ ستر پھاڑنے اور کشف عیوب کے تحت نہیں آتا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۷۴۰ ۱۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا یَظْلِمُهٗ وَلَا یَخْذُلُهٗ وَلَا یَحْقِرُهٗ اَلتَّقْوٰی هٰهُنَا وَیُشِیْرُ اِلٰی صَدْرِهٖ ثَلٰثَ مِرَارٍ بِحَسْبِ امْرِءٍ مِّنَ الشَّرِّ اَنْ یَّحْقِرَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ کُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَی الْمُسْلِمِ حَرَامٌ دَمُهٗ وَمَالُهٗ وَعِرْضُهٗ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے وہ نہ اس پر ظلم کرے نہ اس کو ذلیل ہونے دے[1] نہ اس کو حقیر سمجھے[2] تقویٰ یہاں ہے[3] اور یہ اپنے سینہ اقدس کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے تین بار فرمایا انسان کے لیے یہ شر کافی ہے[4] کہ وہ اپنے بھائی کو حقیر بنائے مسلمان کی مسلمان پر ہر چیز حرام ہے اس کا خون، مال اور اس کی آبرو[5]۔ (مسلم)

[1] خذلان بترک مدد لا یخذلہ یا پر زبر ذال پر پیش اس کا معنی وہی ہے جو لا یُسلمہ کا تھا۔

[2] مسلمان کو حقیر نہ جانے خواہ وہ فقیر ہو، کمزور و ناتواں ہو، مسکین و نامراد، خراب و خستہ حالت والا شئے ہو کیا علم کہ اللہ کے ہاں اس کا انجام اور مقام کیا ہے۔ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنے والے سبھی صاحب عزت ہیں وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَلٰکِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ اور عزت اللہ، اس کے رسول اور تمام اہل ایمان کے لیے ہے لیکن منافق اس بات کا علم نہیں رکھتے۔ ہر حال میں عزت ایمانی قائم رہتی ہے اور اس بات پر لاج رکھنی چاہیے کہ وہ اللہ کے ماننے والا ہے خصوصاً جب اس نے اپنے آپ کو نور علم و عبادت سے متصف کر لیا ہو کیونکہ یہ تو نور علیٰ نور ہے۔ اکثر طور پر حال کی ویرانی اور سراسر گمانے ہیں پڑ جانا خصوصاً اہل جہاں میں سے وہ دنیا دار لوگ جو تکبر، دنیا کے جاہ و منصب نفسانیت اور غفلت کے کنوئیں میں گرے ہوئے ہیں وہ اس نور سے محروم ہیں بلکہ ایسی تاریکیوں میں ڈوبے ہوئے ہیں کہ اس میں تاریکی پر تاریکی ہے اور اصل کام جو باعث عزت و عظمت تھا اس سے دور چلے گئے اور وہ تھا فقراء و مساکین کے ساتھ محبت۔ یہ ایسی چیز ہے جس کے لیے اس کائنات کے سب سے اعلیٰ سب سے اعظم، سب سے صاحب عزت شخصیت محبوب خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا کی اور آپ کو ان کے ساتھ رہنے اور ان میں بیٹھنے کا حکم ملا، فقراء کا تعلق اس بڑے آستانے سے ہے جس نے انہیں وہ مقام بخشا ہے کہ دوسرا وہاں دم نہیں مار سکتا۔ اس بارے میں طویل گفتگو کی جا سکتی ہے مگر عاقل کے لیے اشارہ ہی کافی ہوتا ہے اَللّٰهُمَّ اَرْزُقْنَا۔

لا یحقر۔ اکثر روایات میں اسے یا پر زبر، حا ساکن قاف کے نیچے زیر سے پڑھا گیا ہے۔ یہ حَقَرَ وَحَقَرَ سے مشتق ہے ، از باب ضرب یضرب اس کا معنی چھوٹا ہونا اور ذلیل ہونا، لبعض روایات میں لا یَخْفُرُہٗ یا پر پیش۔ فا ساکن فا کے نیچے زیر اخفا سے ہے۔ اس کا معنی ازالۂ خفر ہے اور خفر امن و سلامتی کو کہتے ہیں۔ اب مطلب یہ ہوگا کہ مسلمان دوسرے مسلمان کے ساتھ دھوکہ اخیانت نہیں کرتا۔ قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ پہلا تلفظ درست ہے اور لبعض روایات میں یختفر بھی آیا ہے۔

[3] یعنی تقویٰ کا مقام سینہ ہے اور یہ باطنی معاملہ ہے اس سے مقصود سالقہ جملہ میں تاکید ہے کہ جب محل تقویٰ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

دل سے اور وہ مخفی ہے تو اب کسی مسلمان کو دوسرے کا حال معلوم ہی نہیں تو اب حقارت کیوں کی جائے؟ یا یہ مراد ہے کہ جس کے دل میں تقویٰ ہے وہ دوسرے مسلمان کو حقیر نہیں جانے گا کیونکہ متقی کا یہ عمل نہیں ہو سکتا لیکن معنی اول یہاں زیادہ واضح اور مناسب ہے۔

سکہ عمل بدی کے لیے کافی ہے اور کسی عمل کی ضرورت نہیں۔

ھہ کوئی مسلمان ایسا کام نہ کرے کہ اس کا خون بہایا جائے یا اس کا مال تلف ہو جائے یا اس کی آبرو ختم ہو جائے اور یہ تمام برائیوں کو شامل ہے اور یہی کلیہ ہے یہ ارشادِ نبوی جوامع الکلم میں ہے جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خصائص سے ہے۔

۴۷۲۱ / ۱۴ وَعَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهْلُ الْجَنَّةِ ثَلٰثَةٌ ذُوْ سُلْطَانٍ مُقْسِطٌ مُتَصَدِّقٌ مُوَفَّقٌ وَرَجُلٌ رَحِيْمٌ رَقِيْقُ الْقَلْبِ لِكُلِّ ذِيْ قُرْبٰى وَمُسْلِمٍ وَعَفِيْفٌ مُتَعَفِّفٌ ذُوْعِيَالٍ وَاَهْلُ النَّارِ خَمْسَةٌ الضَّعِيْفُ الَّذِيْ لَا زَبْرَ لَهُ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْكُمْ تَبَعٌ لَا يَبْتَغُوْنَ اَهْلًا وَلَا مَالًا وَالْخَائِنُ الَّذِيْ لَا يَخْفٰى لَهٗ طَمَعٌ وَاِنْ دَقَّ اِلَّا خَانَهٗ وَرَجُلٌ لَا يُصْبِحُ وَلَا يُمْسِيْ اِلَّا وَهُوَ يُخَادِعُكَ عَنْ اَهْلِكَ وَمَالِكَ وَذَكَرَ الْبُخْلَ اَوِ الْكَذِبَ وَالشِّنْظِيْرُ الْفَحَّاشُ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عیاض بن حمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جنتی لوگ تین ہیں۔ (۱) وہ حاکم جو عدل[1] و صدقہ اور توفیق والا ہو۔ (۲) وہ شخص جو ہر قرابت[2] والے پر رحم و نرم دل ہو (۳) وہ مسلمان جو پاک دامن، سُوال[3] کرنے سے بچنے والا اور عیال دار ہو اور دوزخی لوگ پانچ ہیں[4] (۱) وہ کمزور آدمی جس کی اپنی رائے نہ ہو[5] جو کہ تم میں[6] تابع ہو کر رہے نہ گھر بار چاہتے ہیں اور نہ[7] مال (۲) وہ خائن شخص جس کی ہوس مخفی نہیں رہتی اگرچہ چیز معمولی ہو[8] اس میں بھی خیانت کرتا ہو (۳) وہ شخص جو صبح و شام[9] مال اور گھر بار کے بارے میں دھوکہ دیتا ہے (۴) اور آپ نے کنجوسی[10] اور جھوٹ کا ذکر کیا (۵) اور وہ شخص جو بدخلق اور فحش گو ہو۔

(مسلم)

سلہ یہ وہ لوگ ہیں جو اس لائق ہیں کہ ان کو پہلے جنت میں جانے والوں اور مقربین میں شامل کیا جائے۔

سلہ لوگوں کے ساتھ عدل کرے، خیرات کرے، موفق اس شخص کو کہا جاتا ہے کہ جس کے لیے اسبابِ خیر مہیا ہوں اور نیکی کے تمام دروازے اس پر کشادہ ہوں۔

سکہ ہر ایک پر مہربان خواہ کوئی اپنا ہو یا بیگانہ۔

سکہ وہ پارسا شخص جو تنگ اور عیال دار ہے مگر اس کے باوجود وہ حرام کا ارتکاب نہیں کرتا اور نہ ہی دستِ سوال کسی کے سامنے دراز کرتا ہے۔ قرآن نے ایسے ہی بندوں کے بارے میں فرمایا يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَاءَ مِنَ التَّعَفُّفِ (سوال سے بچنے کی وجہ سے جاہل انہیں غنی سمجھتے ہیں)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۵؎ یہ اشخاص مستحق عذاب ہیں کیونکہ ایسے افعال کے مرتکب ہیں جن کی ذات ہی قبیح ہے گویا یہ ان افعال کی شدید مذمت ہے جیسا کہ سابقہ افعال پر مدح تھی۔

۶؎ اس کی ایسی عقل ورائے نہیں جو اسے بُرے کام سے بچنے پر ثبات واستقامت دے اور غلبہ شہوت کے موقعہ پر معاصی اور برائیوں سے محفوظ رہنے کی تلقین کرے۔

۷؎ یہ اَلَّذِیْ لَا زَبْرَ لَہٗ کا بیان ہے اور ان میں سے بطور تمثیل ایک نوع کا ذکر ہے وَ اَلَّذِیْ کا لفظ اگرچہ مفرد ہے مگر معنی جمع ہے کیونکہ جنس مراد ہے یعنی وہ لوگ جو امراء و اغنیاء کے اردگرد بطور تابع و خادم اس لیے چکر لگائیں اور ان کا مقصد صرف شکم سیری اور کپڑے ہوں اگرچہ اس میں حرام ہو۔

۸؎ کیونکہ ان کا مقصود محض کھانا، پینا اور پہننا ہوتا ہے خواہ وہ حرام ہو محنت اور کسب سے اور رزق حلال کے حصول میں انہیں کوئی رغبت نہیں ہوتی۔

۹؎ وہ تھوڑی سی تھوڑی شے کی ٹوہ میں رہتا ہے تاکہ اس میں خیانت کرے، بعض کی رائے یہ ہے کہ خفا کبھی ظہور کے معنی میں بھی آتا ہے اب معنی یہ ہوگا کہ اس کے سامنے جب بھی کوئی شے آتی ہے تو اس میں خیانت کرتا ہے خواہ وہ حقیر ہی کیوں نہ ہو۔

۱۰؎ صبح و شام مال کی حرص و لالچ میں تمہارے ساتھ دھوکہ کرتے ہوئے اپنے آپ کو پاک اور امین ظاہر کرتے ہیں تاکہ وہ در پردہ خیانت کر سکیں۔

۱۱؎ یعنی بخیل و کاذب بھی ان میں سے ہیں۔ راوی نے بخل و کذب کے الفاظ ذکر کیے بخیل و کاذب نہیں کہا جیسا کہ ضعیفٌ خائن کہا ممکن ہے راوی کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وہ الفاظ بھول گئے ہوں، لیکن ان سے بخل و کذب مفہوم ہوتا تھا وہ ذکر کر دیا۔ اکثر روایات میں او الکذب ہے بعض روایات میں "والکذب" ہے۔ "او" کی صورت میں راوی کو شک ہے کہ آپ نے بخیل کو چوتھا قرار دیا یا کاذب کو اور اس صورت میں پانچواں الشنظیر ہے۔ شین کے نیچے زیر، نون ساکن، ظا مکسور اور اگر "و" ہو تو پانچ اشخاص کاذب پر مکمل ہو گئے اور شنظیر الفحاش بخیل یا کاذب کا وصف ہے یعنی بخیل بد خلق اور فحش گو یا کاذب بد خلق اور فحش گو وزجی ہے۔ اس صورت میں الشنظیر الفحاش پر نصب پڑھیں گے یعنی آپ نے بخیل یا کاذب کا ذکر فرمایا اور ان کا یہ وصف بھی ذکر فرمایا اور "و" کی صورت میں ان پر پیش ہوگی کیونکہ ان کا عطف رجل پر ہوگا اور بخل یا کذب پر عطف کرتے ہوئے ان پہ نصب بھی پڑھا جا سکتا ہے کہ آپ نے چوتھے مرتبہ میں بخیل یا کاذب کا ذکر کیا اور پانچویں مرتبہ پر بد خلق فحش گو کا لیکن رفع پڑھنا ظاہر ہے۔

۴۷۴۲ / ۱۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَا یُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰی یُحِبَّ لِاَخِیْہِ مَا یُحِبُّ لِنَفْسِہٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے کوئی بندہ اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا یہاں تک کہ وہ اپنے بھائی

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

کے لیے وہ بھی پسند کرے جو اپنے لیے کرتا ہے (بخاری و مسلم)

لہ خواہ اس کا تعلق دنیوی خیر سے ہو یا اُخروی سے۔ بعض روایات میں لہ من الخیر کی تصریح ہے اُخروی خیر یہ ہے کہ دوزخ کے عذاب سے نجات اور درجات جنت کا حصول ہے اور یہ ایمان اور عمل صالح کا تقاضا ہے اور دنیوی خیر سے مراد اسباب، متاع اور اہل و اولاد ہیں جو خیر اُخروی کا ذریعہ ہیں، جب انسان اپنے لیے ان دونوں کی خواہش رکھتا ہے تو اسے دوسرے تمام مسلمانوں کے لیے بھی یہی خواہش کرنی چاہیے لیکن وہ شخص جو نفس و شیطان کے شر اور فتنہ اور اپنے فساد باطن کی وجہ سے ایسے مال و جاہ کی خواہش کرے جو ظلم و فساد اور عذاب کا ذریعہ بنے اس کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ ایسی چیز کی خواہش دوسرے مسلمان کے لیے بھی کرے بلکہ اسے ایسے بُرے عمل سے خود باز آنا ضروری ہے یا ایک شخص مال و دولت کے حصول کی خواہش رکھتا ہے مگر اس کا مقصود یہ ہو کہ میں اس سے حج کروں، فقراء و مساکین کی خدمت کروں، نیکی کے فروغ و غلبہ اور بُرائی کو مٹانے پر خرچ کروں تو یہ اچھی چیز ہے مگر دوسرے ایسے شخص کے لیے یہ خواہش نہ کرے جس کے بارے میں یہ سمجھتا ہو کہ اسے مال و دولت، فسق و فجور اور سرکشی کی طرف لے جائے گا کیونکہ یہ اس کے حق میں خیر نہیں۔ الغرض یہ جو تنگی ہر آدمی کو اس وجہ سے لاحق ہے کہ مجھے فلاں سے یہ تکلیف و اذیت نہ ہو اس سے جان چھوٹ جائے گی کیونکہ جب تمام ایک دوسرے کی بھلائی، خیر، اصلاح، دین و دنیا اور انصاف و اعتدال سے کام لیں گے تو یہ خوف از خود ختم ہو جائے گا۔ اب یہ چاہت پیدا ہو گی کہ تمام لوگ دنیا و آخرت کی خیر میں مساوی حصہ دار ہو جائیں اگر انسان اس حالت کے حصول کے لیے سچی لگن اور عزم مصمم کرے تو یہ چیز حاصل ہو سکتی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ومنہ التوفیق۔

۴۲۴۳/۱۶ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ لَا یُؤْمِنُ وَاللّٰهِ لَا یُؤْمِنُ وَاللّٰهِ لَا یُؤْمِنُ قِیْلَ مَنْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الَّذِیْ لَا یَاْمَنُ جَارُهٗ بَوَائِقَهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی قسم! مومن وہ نہیں،[1] اللہ کی قسم وہ مومن نہیں، اللہ کی قسم وہ مومن نہیں، آپ سے عرض کیا گیا یا رسول اللہ کون؟[2] فرمایا جس کا پڑوسی اس کی شرارتوں سے امن میں نہ ہو (بخاری و مسلم)

لہ وہ شخص کامل مسلمان نہیں۔

سکہ آپ یہ بات کس کے بارے میں فرما رہے ہیں۔

۴۲۴۴/۱۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ لَّا یَاْمَنُ جَارُهٗ بَوَائِقَهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ آدمی جنت میں داخل نہ ہو گا جس کا پڑوسی اس کی شرارتوں سے محفوظ نہ ہو

۴۲۴۵/۱۸ وَعَنْ عَائِشَةَ وَابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا زَالَ جِبْرِیْلُ یُوْصِیْنِیْ بِالْجَارِ حَتّٰی ظَنَنْتُ اَنَّهٗ سَیُوَرِّثُهٗ۔

حضرت عائشہ صدیقہ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ مجھے جبریل امین اللہ تعالیٰ کا حکم پہنچاتے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) سے جتنی کہ میں نے محسوس کیا کہ وہ پڑوسی کو وارث[ے] بنا دیں گے۔ (بخاری و مسلم)

سلہ کرجائے کا یہ حق ہے، اسے تنگ نہ کیا جائے، اس سے احسان و حسن سلوک سے کام لیا جائے۔
سلہ تو اس بارے میں اتنی دفعہ وحی آئی کہ جس سے میں نے محسوس کیا۔ اگر بالفرض یہاں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وراثت کا معاملہ ہو تو پھر تو اس وحی سے پہلے ہوگا جس میں اطلاع دی گئی کہ انبیاء کی وراثت نہیں ہوتی۔ جیسے کہ حدیث صحیح میں ہے کہ ہم گروہ انبیاء نہ وارث بنتے ہیں اور نہ کوئی ہمارا وارث بنایا جاتا ہے۔

۴۷۲۶/۱۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كُنْتُمْ ثَلَاثَةً فَلَا يَتَنَاجٰى اِثْنَانِ دُوْنَ الْاٰخَرِ حَتّٰى تَخْتَلِطُوْا بِالنَّاسِ مِنْ اَجْلِ اَنْ يُحْزِنَهٗ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم تین ہو تو تیسرے کو چھوڑ کر دو سرگوشی نہ کریں حتی کہ تم لوگوں میں خلط ملط ہو جاؤ[ے] اس لیے کہ یہ بات اسے پریشان کرے[ے] گی۔ (بخاری و مسلم)

سلہ جب کسی مجلس میں تین آدمی ہوں تو دو آدمی اس طرح آپس میں گفتگو نہ کریں کہ وہ بات تیسرا آدمی نہ سن سکے۔
سلہ اگر اجتماع میں کثرت افراد ہے تو پھر کوئی حرج نہیں۔ اس طرح اگر چار آدمی ہیں اور دو ایک دوسرے سے بات کرتے ہیں تو یہ بھی روا ہے۔
سلہ یُحْزِنُہٗ یا پر زبر حا ساکن، زا پر پیش، یا پر پیش اور زا در کسرہ دونوں طرح درست ہے حَزَنَہٗ، وَاَحْزَنَہٗ اسے غمناک کر دیا۔ حزن کا سبب دو اشیاء ہیں ایک یہ کہ اس کو وہم ہوگا کہ شاید میرے بارے سے کوئی ہلاکت کا منصوبہ بنا رہے ہیں اور دوسری یہ وجہ ہے کہ ایک کی تکریم اور دوسرے کی عدم تکریم ہوگی۔ پہلی صورت میں اگر مقام ایسے وہم کا نہیں وہاں یہ عمل درست ہوگا اس وجہ سے کہ بعض نے یہ کہا کہ یہ نہی سفر کے ساتھ اس حالت میں ہے جب تیسرے کو اپنے نفس پر خوف ہو اور گھر وغیرہ میں ایسے عمل میں کوئی حرج نہیں۔ اور دوسری صورت میں یہ عمل مطلقاً جائز نہیں لیکن یہ حکم مختلف اشخاص اور مختلف احوال میں مختلف ہوتا رہتا ہے۔ کیونکہ ایک دوسرے سے سرگوشی کرنا ہر حال میں تیسرے کی عدم تکریم کا سبب نہیں ہوتا بعض اوقات تین سے زائد افراد ہوں تب بھی سرگوشی سے وحشت و حزن ہو جاتا ہے۔ طیبی سے معلوم ہوتا ہے دو آدمیوں کا تیسرے کے سامنے اس کی اجازت کے بغیر سرگوشی کرنا امام مالک، شافعی اور جمہور علماء کے ہاں سفر و حضر میں حرام ہے، اور صحت کے ساتھ یہ روایت حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ثابت ہے کہ ایک دن تمام ازواج مطہرات حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس میں جمع تھیں اتنے میں سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آئیں آپ نے فاطمہ کو دیکھ کر خوش آمدید فرمایا اور ان کے ساتھ سرگوشی فرمائی جس سے واضح ہو جاتا ہے کہ جب محل تہمت و شک نہ ہو تو ایک دوسرے سے سرگوشی کر لینا جائز ہے۔ اسی طرح تین یا تین سے زائد لوگوں کا سرگوشی کرنا بھی جائز ہے۔

۴۷۴۷ / ۲۰ وَعَنْ تَمِيْمِ الدَّارِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ ثَلٰثًا قُلْنَا لِمَنْ قَالَ لِلّٰهِ وَلِكِتَابِهٖ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِاَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ وَعَامَّتِهِمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت تمیم داری رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رحمت دوجہاں صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا دین نصیحت[1] ہے یہ تین مرتبہ فرمایا ہم نے[2] عرض کیا کس کے لیے؟ فرمایا اللہ[3] کتاب اس کے رسول[4] مسلمانوں کے ائمہ[5] اور عام مسلمانوں[6] کے لیے[7] (مسلم)

[1] نصیحت خلوص، خالص شہد کو بلکہ ہر وہ شے جو خالص ہو اسے ناصح کہا جاتا ہے۔ عرف میں اس سے مراد خیر خواہی ہوتا ہے کیونکہ وہ خلوص و محبت کا اثر ہے۔

[2] صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ نے دین کو خیر خواہی میں منحصر فرمایا، یہ خیر خواہی کس کے لیے اور کس خاطر کی جائے؟

[3] کتاب۔ قرآن مجید

[4] ذات پاک مصطفٰے صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم، یہ بھی ممکن ہے کہ کتاب اور رسول سے جنس مراد ہو اور اس میں تمام کتب سماوی اور تمام رسولان کرام صلوات اللہ علیہم اجمعین شامل ہو جائیں۔

[5] اسلامی حکام و امراء

[6] ان حکام کے علاوہ عوام۔

[7] اللہ تعالٰی کی نصیحت (خیر خواہی) سے مراد اس کو ایک ماننا اس کی صفات کا تسلیم کرنا اور اخلاص کے ساتھ اس کی عبادت کرنا ہے کتاب کے لیے نصیحت سے مراد یہ اعتقاد رکھنا کہ اللہ تعالٰی کی طرف سے نازل کی ہوئی ہے۔ اس کے اوامر و نواہی پر عمل کرنا اور اس کی تلاوت و تعلیم کرنا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے لیے نصیحت یہ ہے کہ آپ کی تصدیق کی جائے کہ آپ اللہ تعالٰی کی طرف سے جو کچھ لائے ہیں برحق ہے۔ آپ کی اطاعت کی جائے آپ سے اور آپ کی نسبت رکھنے والوں سے محبت کی جائے۔ آپ کی سنت کو زندہ کیا جائے۔ ان تینوں نصیحتوں کا مطلب یہ ہے کہ ان کے ذریعے انسان اپنی خیر خواہی کرتا ہے۔ ائمہ مسلمین کے لیے نصیحت یہ ہے کہ معروف میں ان کی اطاعت اور غفلت پر تنبیہ اور ان کے خلاف بغاوت نہ کرنا اگرچہ وہ ظالم ہوں اور علماء کی حق کے موافق اتباع کرنا ہے اور عام مسلمانوں کے لیے دین و دنیا کی بھلائی کے ساتھ ان کی رہنمائی کرنا ان کے نقصان کو دور کرنا اور ان کو نفع پہنچانا ان کے لیے نصیحت ہے۔ یہ حدیث جوامع الکلم سے ہے کہ اس پر تمام دین کا مدار ہے اور اولین و آخرین کے تمام علوم اس میں موجود ہیں۔ اس اجمال کی تفصیل دشوار ہے۔ بطور نمونہ ایک الگ رسالے میں کچھ لکھا ہے۔

۴۷۴۸ / ۲۱ وَعَنْ جَرِيْرٍ قَالَ بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَاءِ الزَّكٰوةِ وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ۔

حضرت جریر[1] رضی اللہ تعالٰی عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی[2] نماز قائم کرنے، زکوٰۃ ادا کرنے اور ہر مسلمان کی خیر خواہی

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

پر بیعت کی ہے۔ (بخاری و مسلم)

۱؎ حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

۲؎ عبادات یا تو اللہ کا حق ہے یا بندے کا، حقوق اللہ میں سے ان بدنی اور مالی عبادات کا تذکرہ کیا جن کا شہادتین کے بعد مرتبہ ہے، یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ روزہ اور حج اس وقت فرض نہ ہوئے تھے اور حق العباد یہ تمام کو شامل ہے کیونکہ ہر مسلمان سے خیر خواہی کا ذکر ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

۴۷۴۹/۲۲ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا الْقَاسِمِ الصَّادِقَ الْمَصْدُوْقَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ إِلَّا مِنْ شَقِيٍّ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میں نے اپنے آقا ابوالقاسم جو صادق و مصدوق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں سے سنا کہ رحمت صرف بدبخت سے ہی نکالی جاتی ہے

(احمد، ترمذی)

۱؎ ابوالقاسم یعنی نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

۲؎ صادق۔ سچ کہنے والے

۳؎ مصدوق جسے سچ کہا گیا ہو، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی تمام باتوں میں سچے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اور جبرئیل امین نے آپ کی تمام باتوں کی تصدیق کی ہے۔

۴؎ کیونکہ مہربانی و رحمت ایمان کی علامت ہے جو شخص دل میں صفت رحمت نہیں رکھتا وہ ایماندار نہیں اور جو ایمان نہیں رکھتا وہ بدبخت ہے نعوذ باللہ من الشقاوۃ۔

۴۷۵۰/۲۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلرَّاحِمُوْنَ يَرْحَمُهُمُ الرَّحْمٰنُ اِرْحَمُوْا مَنْ فِي الْأَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَنْ فِي السَّمَآءِ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: رحم کرنے والوں پر رحمٰن رحم کرتا ہے اور تم اہل زمین پر رحم کرو تم پر آسمان والا رحم فرمائے گا۔

(ابوداؤد، ترمذی)

۱؎ خواہ وہ نیک ہوں یا بد، اور بدوں پر رحمت یہ ہے کہ ان کو بدی سے روکا جائے جیسا کہ گزرا کہ بھائی کی مدد کرے خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم، یا مراد یہ ہے کہ ہر اس شے پر رحم کرے جو قابل رحم ہے۔

۲؎ آسمان جس کی ملک اور قدرت میں ہے اور آسمان کی تخصیص کمال وسعت اور کمال بلندی کی وجہ سے ہے یا اس سے مراد آسمانی ملائکہ ہیں سو ان کا رحم یہ ہے کہ وہ مخلوق پر رحم کرنے والے کے لیے دشمن جن و انس کی تکالیف سے حفاظت اور اللہ تعالیٰ سے اس کے لیے بخشش و رحمت کی دعا ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۴۷۵۱/۲۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا وَلَمْ يُوَقِّرْ كَبِيْرَنَا وَيَأْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وہ ہم میں سے[1] نہیں جو ہمارے چھوٹوں پر رحم اور ہمارے بڑوں[2] کی تعظیم نہیں کرتا۔ اچھی باتوں کا حکم اور برائی سے نہیں روکتا (ترمذی نے روایت کرکے کہا یہ حدیث غریب[3] ہے)

۱ ہماری اتباع کرنے والے اور ان لوگوں میں سے نہیں جو ہمارے طریقے پر ہیں۔
۲ مسلمانوں کے چھوٹے اور بڑے کی تخصیص کمال اہتمام کی وجہ سے ہے کیونکہ کافروں میں سے چھوٹے بڑے پر رحم اور توقیر بھی لازم ہے اور ضمیر متکلم سے مراد مسلمانوں کے بجائے آدمی ہوں تو یہ بھی جائز ہے۔
۳ بعض نسخوں میں حسن غریب کے الفاظ ہیں اور بعض شارحین نے اس کی سند کو جید کہا ہے۔

۴۷۵۲/۲۵ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَكْرَمَ شَابٌّ شَيْخًا مِنْ أَجْلِ سِنِّهِ إِلَّا قَيَّضَ اللّٰهُ لَهُ عِنْدَ سِنِّهِ مَنْ يُكْرِمُهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو نوجوان کسی بوڑھے شخص کا احترام بڑھاپے کی وجہ سے کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے بڑھاپے میں ایسے آدمی کو مقرر فرمائے گا جو اس کا احترام کرے[1]۔ (ترمذی)

۱ شارحین فرماتے ہیں کہ اس میں بوڑھے شخص کی خدمت کرنے والے نوجوان کے لیے بڑھاپے کی عمر تک پہنچنے کی بشارت ہے۔

۴۷۵۳/۲۶ وَعَنْ أَبِي مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ إِجْلَالِ اللّٰهِ إِكْرَامَ ذِي الشَّيْبَةِ الْمُسْلِمِ وَحَامِلِ الْقُرْآنِ غَيْرِ الْغَالِي فِيْهِ وَلَا الْجَافِي عَنْهُ وَإِكْرَامَ السُّلْطَانِ الْمُقْسِطِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی تعظیم[1] میں سے یہ ہے کہ بوڑھے مسلمان حافظ قرآن[2] جو نہ اس میں زیادتی کرے اور نہ اس سے دور رہے[3] اور عادل حاکم کا احترام کیا جائے۔

(ابوداؤد، بیہقی، شعب الایمان)

۱ اس کے حکم کی بجا آوری۔
۲ جو قرآن پڑھنا جانتا ہو خواہ حافظ ہو یا نہ ہو۔
۳ حامل قرآن کے ساتھ دو قیود کا اضافہ فرمایا کہ وہ عبادات اور معاملات میں متوسط اور اعتدال کے طریقہ پر ہو طیبی کہتے ہیں کہ "غالی" سے مراد وہ شخص ہے جو بغیر تدبر و تفکر کے قرآن کے الفاظ اور حروف پر وقت خرچ کرے یا جو اس کی تلاوت میں جلد بازی سے کام لے جیسے کہ حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ جس نے تین دن سے کم میں قرآن ختم کیا

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

گرباس نے اسے پڑھا ہی نہیں اور "جافی" وہ شخص ہوتا ہے جو قرأت قرآن سے تارک ہو جائے۔ ان کا یہ معنی بھی مناسب ہے کہ "غالی" کا معنی یہ ہوگا کہ جو ہمیشہ قرآن کی تلاوت ہی میں مصروف رہے۔ دین کو سمجھنے، غور و فکر اور دیگر عبادات میں مشغول نہ ہو اور "جافی" اور جو غیر قرآن کے ساتھ مشغول رہے اور تلاوت نہ کرے۔ بعض حواشی میں ہے کہ "غالی" سے مراد وہ آدمی ہے جو لفظ میں تحریف اور معانی میں غلط تاویل کا ارتکاب کرے اور "جافی" وہ شخص ہے جو اس کی تلاوت اور اس پر عمل سے دور ہو جائے۔

۴۷۵۴/۲۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَیْرُ بَیْتٍ فِی الْمُسْلِمِیْنَ بَیْتٌ فِیْهِ یَتِیْمٌ یُحْسَنُ اِلَیْهِ وَ شَرُّ بَیْتٍ فِی الْمُسْلِمِیْنَ بَیْتٌ فِیْهِ یَتِیْمٌ یُسَاءُ اِلَیْهِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمانوں کا سب سے بہتر گھر وہ ہے جس میں یتیم کے ساتھ اچھا سلوک کیا جائے اور سب سے بڑا گھر وہ ہے جس میں یتیم کے ساتھ بُرا سلوک[1] کیا جاتا ہے۔

(ابن ماجہ)

[1] یعنی ناحق اگر تعلیم و تربیت کی خاطر اس کی پٹائی وغیرہ کی جائے تو یہ احسان ہوگا۔

۴۷۵۵/۲۸ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَسَحَ رَأْسَ یَتِیْمٍ لَمْ یَمْسَحْهُ اِلَّا لِلّٰهِ کَانَ لَهٗ بِکُلِّ شَعْرَةٍ تَمُرُّ عَلَیْهَا یَدُهٗ حَسَنَاتٌ وَمَنْ اَحْسَنَ اِلٰی یَتِیْمَةٍ اَوْ یَتِیْمٍ عِنْدَهٗ کُنْتُ اَنَا وَهُوَ فِی الْجَنَّةِ کَهَاتَیْنِ وَقَرَنَ بَیْنَ اِصْبَعَیْهِ۔

رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے کسی یتیم کے سر پہ ہاتھ[1] پھیرا رضائے الٰہی[2] کی خاطر تو اس کے ہاتھ کے نیچے جتنے[3] بال آئیں گے ہر ایک کے عوض اسے نیکی حاصل ہوگی اور جس نے اپنے پاس[4] یتیم بچے یا بچی کے ساتھ حسن سلوک کیا میں اور وہ جنت میں ان دو کی طرح ہوں گے اور آپ نے اپنی دونوں مقدس انگلیاں[5] آپس میں ملائیں۔

(احمد، ترمذی نے روایت کرکے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے)

[1] بطور شفقت و مہربانی۔

[2] یہ شرط ہر عمل میں ہوتی ہے چونکہ یہ عمل بطور عادت بھی اکثر ہوتا ہے اس لیے یہاں اس قید کا اضافہ فرمایا۔

[3] تمر تا پر زبر یا میم پر پیش یا پیش اور کسرہ ہے۔ اس صورت میں معنی یہ ہوگا، ہر اس بال کے عوض ثواب ملے گا جس پر اس شخص کے ہاتھ بال لگے۔

[4] اس کی زیر کفالت و تربیت تھا۔ اور اس نے اس کی تعلیم و تربیت تادیب، شادی و نکاح اور اس کے مال کی

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

حفاظت کی۔

۵ سبابہ اور وسطیٰ کو ملایا تاکہ بات واضح اور پختہ ہو جائے۔

٤٧٥٦/٢٩ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اٰوٰى يَتِيْمًا اِلٰى طَعَامِهٖ وَشَرَابِهٖ اَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ الْجَنَّةَ الْبَتَّةَ اِلَّا اَنْ يَعْمَلَ ذَنْبًا لَا يُغْفَرُ وَمَنْ عَالَ ثَلٰثَ بَنَاتٍ اَوْ مِثْلَهُنَّ مِنَ الْاَخَوَاتِ فَاَدَّبَهُنَّ وَرَحِمَهُنَّ حَتّٰى يُغْنِيَهُنَّ اللّٰهُ اَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ الْجَنَّةَ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوِ اثْنَتَيْنِ قَالَ اَوِ اثْنَتَيْنِ حَتّٰى لَوْ قَالُوْا اَوْ وَاحِدَةً لَقَالَ وَاحِدَةً وَمَنْ اَذْهَبَ اللّٰهُ بِكَرِيْمَتَيْهِ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا كَرِيْمَتَاهُ قَالَ عَيْنَاهُ.

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے کسی یتیم کو کھانے پینے میں شریک کر لیا اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت لازم فرما دیتا ہے[1] بشرطیکہ وہ ایسا گناہ نہ کرے جو ناقابل معافی[2] ہو اور جس نے تین بیٹیاں یا اس کی مثل تین بہنوں کی پرورش[3] کی ان کی تعلیم و تربیت کا بندوبست کیا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ انہیں غنی[4] کر دے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت لازم فرما دیتا ہے۔ ایک شخص نے عرض کی اور دو[5] کی خدمت کرے تو فرمایا یا دو کو حتیٰ کہ اگر لوگ ایک کا ذکر کرتے تو فرما دیتے ایک[6] اور اللہ تعالیٰ جس کی دو پیاری چیزیں دور کر دے اس کے لیے جنت واجب[7] ہو گی عرض کیا گیا یا رسول اللہ وہ دو چیزیں کون سی ہیں؟ فرمایا اس کی دونوں آنکھیں[8]۔

(شرح السنۃ)

۱ اور اس کے گناہ معاف فرما دے گا۔

۲ یعنی کفر و شرک۔

۳ تین بیٹیوں کی کفالت اور تمام بوجھ برداشت کرے۔

۴ بالغ ہو جائیں یا ان کا عقد ہو جائے یا وہ صاحب مال ہو جائیں۔

۵ کیا دو کی خدمت سے یہ اجر ملے گا؟

۶ مذہب مختار یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے احکام نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سپرد فرما دیے ہیں۔ آپ جو چاہیں حکم دیں، جس کے لیے چاہیں منع فرما دیں اور جس کے لیے چاہیں تخصیص فرما دیں۔ دوسرا قول یہ ہے کہ احکام تفویض نہیں ہوتے بلکہ ہر سوال کے بعد وحی کا نزول مقصود کے مطابق ہوتا تھا۔ اس کی مثالیں احادیث میں کثرت کے ساتھ ہیں۔ اس کے بعد جنت کے واجب ہونے کے ذکر کی مناسبت سے یا کسی دوسری مناسبت سے فرمایا جس کی دو پیاری چیزیں اللہ تعالیٰ سلب کرے (الحدیث)

۷ بعض نسخوں میں اَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ الْجَنَّةَ (اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت لازم فرما دیتا ہے) کے الفاظ ہیں۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۵ قاموس میں ہے کہ جبہ ناک، کان اور ہاتھ کے معنی میں بھی آتا ہے۔

۴۷۵۷ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَأَنْ يُؤَدِّبَ الرَّجُلُ وَلَدَهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَتَصَدَّقَ بِصَاعٍ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَنَاصِحُ الرَّاوِيْ لَيْسَ عِنْدَ أَصْحَابِ الْحَدِيْثِ بِالْقَوِيِّ)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا آدمی کے لیے ایک صاع صدقہ کرنے سے بہتر ہے کہ وہ اپنے بچے کی بہتر تربیت کرے۔
(ترمذی) نے روایت کرکے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے اور ناصح[1] محدثین کے نزدیک قوی نہیں۔

۱ یہ راویان حدیث میں سے ہیں۔ محدثین کے نزدیک ان کا ضبط و حفظ قوی نہیں کہ ان پر اعتماد و وثوق کیا جائے لہٰذا یہ حدیث ضعیف ہے۔

۴۷۵۸ وَعَنْ أَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا نَحَلَ وَالِدٌ وَلَدَهُ مِنْ نُحْلٍ أَفْضَلَ مِنْ أَدَبٍ حَسَنٍ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا عِنْدِيْ حَدِيْثٌ مُرْسَلٌ)

حضرت ایوب بن موسیٰ[1] اپنے والد اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی باپ اپنے بچے کو اچھی تربیت سے بہتر کوئی عطیہ[2] نہیں دے سکتا۔
(ترمذی، بیہقی، شعب الایمان) ترمذی نے روایت کرکے کہا کہ میرے نزدیک یہ حدیث مرسل ہے۔)

۱ ایوب بن موسیٰ بن اشدق بن عمرو بن سعید بن العاص بن امیہ قریشی فقہا میں سے ہیں۔ حضرت عطاء، مکحول سے روایت کرتے ہیں اور ان سے شعبہ نے روایت کیا ہے۔

۲ نحل، نون پر پیش ہے عطیہ، دینا، نحل یعنی اعطاء سے مصدر ہے۔

۴۷۵۹ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا وَامْرَأَةٌ سَفْعَاءُ الْخَدَّيْنِ كَهَاتَيْنِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَأَوْمَأَ يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ إِلَى الْوُسْطٰى وَالسَّبَّابَةِ امْرَأَةٌ آمَتْ مِنْ زَوْجِهَا ذَاتُ مَنْصِبٍ وَجَمَالٍ وَحَبَسَتْ نَفْسَهَا عَلٰى يَتَامَاهَا حَتّٰى بَانُوْا أَوْ مَاتُوْا.
(رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ)

حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں اور سیاہ رخسار[1] والی عورت روز قیامت ان دو کی طرح ہوں گے اور یزید بن زریع نے وسطیٰ اور سبابہ کی طرف اشارہ کیا وہ عورت[2] جو صاحب عزت و جمال تھی اور اپنے خاوند سے الگ ہوگئی لیکن اس نے اپنے آپ کو یتیموں کے لیے روک رکھا حتیٰ کہ وہ جدا ہوگئے یا وفات پاگئے۔

(ابو داؤد)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سلہ وفات زوج کے بعد اولاد کی تربیت کے لیے مشقت، تکالیف اور ترک زینت کی وجہ سے اس کے رخسار سیاہ ہوگئے۔ سُفعہ میں پر پیش، فا ساکن، سرخی مائل سیاہی کو کہتے ہیں۔

سلہ زریع زا پر پیش، راویانِ حدیث میں سے ہیں ہاتھ کا بیان کرتے ہوئے انگلیوں کی طرف اشارہ کیا۔

سلہ یعنی وہ عورت وفات زوج کی وجہ سے بیوہ ہوگئی۔ ایّم، ہمزہ پر زبر یا شدید مکسور بیوہ عورت۔

سلہ اس سے واضح ہوگیا کہ اس کے رخساروں کی سیاہی خلقۃً سیاہ نہ تھی بلکہ تربیت اولاد میں جو اس نے مشقت و تکلیف برداشت کی اس کی بنا پر سیاہی آئی۔

سلہ ان یتیم بچوں کی خدمت و پرورش کی وجہ سے کسی دوسرے شوہر سے شادی نہ کی۔

سلہ بالغ و عاقل ہوگئے کیونکہ اس عمر میں بچے والدین سے جدا ہو جاتے ہیں۔

سلہ اس حدیث سے واضح ہو رہا ہے کہ اگر کوئی بیوہ یتیم بچوں کی خدمت و تربیت کے لیے کسی شوہر سے شادی نہیں کرتی بلکہ صبر و ہمت کے ساتھ وقت گزارتی تو یہ بہت بڑا عمل ہے۔

۴۷۶۰/۳۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهُ أُنْثٰى فَلَمْ يَئِدْهَا وَلَمْ يُهِنْهَا وَلَمْ يُؤْثِرْ وَلَدَهُ عَلَيْهَا يَعْنِي الذُّكُوْرَ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کی بیٹی ہو اس نے اسے زندہ دفن[1] نہ کیا، نہ اس کو ذلیل کیا اور نہ اس پر بیٹے[2] کو ترجیح دی اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل فرمائے گا۔[3]

(ابو داؤد)

سلہ جیسا کہ دورِ جاہلیت میں فقر اور عار و شرم کی وجہ سے لوگ کرتے تھے۔

سلہ الذکور، ولدہ کی تشریح ہے کیونکہ اس کا اطلاق بیٹے اور بیٹی دونوں پر ہوتا ہے اور یہاں مراد بیٹا ہے لہٰذا اس کی تفسیر و تخصیص کردی۔

سلہ ظاہراً عبارت ولدہ کی جگہ ابنہ ہونی چاہیے تھی لیکن چونکہ لفظ انثیٰ میں تحقیر اور لفظ ولد میں تعظیم ہے۔ گویا فرزند میں شامل ان کے ہاں بیٹا ہی ہے بیٹی نہیں۔

۴۷۶۱/۳۴ وَعَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اغْتِيْبَ عِنْدَهُ أَخُوْهُ الْمُسْلِمُ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلٰى نَصْرِهٖ فَنَصَرَهُ نَصَرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ فَإِنْ لَّمْ يَنْصُرْهُ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلٰى نَصْرِهٖ أَدْرَكَهُ اللّٰهُ بِهٖ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ۔

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے پاس کسی مسلمان کی غیبت کی جائے اور وہ اس کی مدد پر قادر[1] تھا اس نے اس کی مدد[2] کی تو اللہ تعالیٰ اس کی مدد دنیا و آخرت میں فرمائے گا اور اگر قادر ہوتے ہوئے مدد نہ کی تو اللہ تعالیٰ اس پر دنیا و آخرت میں گرفت[3] فرمائے گا۔ (شرح السنہ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱۔ غیبت کرنے والے کو منع کرنے پر قادر تھا۔

۲۔ غیبت کرنے والے کو منع کر دیا۔

۳۔ اگر قادر نہیں تو پھر وہ معذور ہوگا البتہ نفرت کا اظہار کرے اگر اس پر بھی قادر نہ ہو تو دل سے بیزاری کا اظہار کرے۔

۴۷۶۲/۲۵ وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ ذَبَّ عَنْ لَحْمِ اَخِيْهِ بِالْمَغِيْبَةِ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُّعْتِقَهٗ مِنَ النَّارِ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت اسماء[1] بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے بھائی کی غیر موجودگی میں اس کے گوشت[2] سے دفاع کرے تو اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم پر ہے کہ وہ اسے آگ سے آزاد فرما دے۔

(بیہقی، شعب الایمان)

۱۔ یہ انصاریہ صحابیہ ہیں نہایت ہی صاحب فہم و تقویٰ ہیں۔

۲۔ اس سے مراد غیبت ہے۔ قرآن مجید میں اس کی مذمت یوں بیان ہوئی ہے۔ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا (تم میں سے کوئی پسند کرتا ہے کہ وہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھائے۔

وجہ تشبیہ یہ ہے کہ غیبت کرنے والا شخص دوسرے شخص کی عزت و آبرو ختم کر دیتا ہے۔ گویا اس نے اسے ہلاک کر کے اس کا گوشت کھایا۔ اس صورت میں لفظ مغیبت (مغیبت) بکسر غین ہے اور اس کا معنی غائب ہونا ہے اور یہ (لفظ بالمغیبۃ) لفظ "ذبّ" کے متعلق ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ یہ لحم اخیہ کے متعلق ہو اور مقدر اکل لحم اخیہ ہو اور مغیبت کا باز رکھنا ہو۔ اب معنی ہوگا کہ اس نے اپنے بھائی کا گوشت کھانے سے باز رکھا۔ دونوں کا مآل ایک ہی ہے کہ اسے غیبت سے باز رکھے۔

۴۷۶۳/۲۶ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَآءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ يَّرُدُّ عَنْ عِرْضِ اَخِيْهِ اِلَّا كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يَّرُدَّ عَنْهُ نَارَ جَهَنَّمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ۔

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو مسلمان اپنے بھائی کی آبرو کی حفاظت کرے اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم پر ہے کہ وہ اس سے قیامت کے دن دوزخ کی آگ دور فرمائے پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ کہ ہم پر ہے مومنوں کی مدد کرنا۔

(شرح السنۃ)

۴۷۶۴/۲۷ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ يَّخْذُلُ امْرَاً مُّسْلِمًا

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

مَوْضِعٍ يُنْتَهَكُ فِيهِ حُرْمَتُهُ وَيُنْتَقَصُ فِيهِ مِنْ عِرْضِهِ إِلَّا خَذَلَهُ اللَّهُ تَعَالَى فِي مَوْطِنٍ يُحِبُّ فِيهِ نُصْرَتَهُ وَمَا مِنِ امْرِئٍ مُسْلِمٍ يَنْصُرُ مُسْلِمًا فِي مَوْضِعٍ يُنْتَقَصُ فِيهِ مِنْ عِرْضِهِ وَيُنْتَهَكُ فِيهِ مِنْ حُرْمَتِهِ إِلَّا نَصَرَهُ اللَّهُ تَعَالَى فِي مَوْطِنٍ يُحِبُّ فِيهِ نُصْرَتَهُ. (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

مسلمان کو ایسی جگہ رسوا۱؎ کرے جہاں اس کی آبروریزی۲؎ کی جا رہی ہو تو اللہ تعالیٰ اسے ایسی جگہ ذلیل کرے گا جہاں وہ مدد۳؎ چاہتا ہوگا اور جو مسلمان ایسی جگہ مسلمان کی مدد کرے جہاں اس کی حرمت و عزت ختم کی جا رہی ہو تو اللہ تعالیٰ اس کی ایسی جگہ مدد فرمائے گا جہاں وہ مدد محبوب جانتا ہو۔ (ابوداؤد)

۱؎ یعنی غیبت سے منع نہ کرے۔

۲؎ اس کی پردہ دری کی جا رہی ہو۔

۳؎ یعنی آخرت لیکن دنیا کو بھی شامل ہے۔

۴۷۶۵/۳۸ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَأَى عَوْرَةً فَسَتَرَهَا كَانَ كَمَنْ أَحْيَا مَوْءُودَةً. (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهُ)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو کسی کا مخفی عیب۱؎ دیکھے اور اس پر پردہ ڈال دے تو وہ اس شخص کی طرح ہے جو زندہ درگور بچی کو۲؎ زندہ کر دے۳؎۔ (احمد، ترمذی نے اسے صحیح قرار دیا ہے)

۱؎ عورت کا لفظ اس چیز کے لیے بولا جاتا ہے جس کے ظاہر ہونے کو انسان ناپسند کرے اور پسند کرے کہ وہ مخفی ہی رہیں اور مرد و عورت کے ان اعضاء کو بھی کہا جاتا ہے جن کا ستر فرض ہے یہاں پہلا معنی مراد ہے۔ مراۃ میں ہے کہ لفظ عورت ان اعضاء اور ان اشیاء کے لیے استعمال ہوتا ہے جن کا ظاہر کرنا ناپسند ہو۔

۲؎ جاہلیت میں بچیوں کو لوگ زندہ درگور کر دیتے تھے، اسے زندہ کرنے سے مراد یہ ہے کہ اس نے اسے قبر سے باہر نکال لیا تاکہ وہ نہ مرے۔

۳؎ وجہ تشبیہ یہ ہے کہ جب کسی کے عیب ظاہر ہو جائیں تو وہ شرم و عار کی وجہ سے اپنے آپ کو مردہ تصور کرتا ہے لیکن جس کے عیب مخفی ہوں تو وہ اپنے آپ کو زندہ شمار کرتا ہے تو گویا جس نے عیب مخفی کیے اس نے اسے بچی کی طرح زندگی دی۔ علامہ طیبی کہتے ہیں کہ وجہ تشبیہ اس امر کا عظیم ہونا ہے کیونکہ بچی کو زندہ کرنا نہایت ہی عظیم معاملہ ہے۔ اس لیے اس کے ساتھ تشبیہ دی تاکہ لوگ اس کو عظیم عمل سمجھتے ہوئے دوسروں کے عیبوں پر پردہ ڈال دیں۔ لیکن یہ وجہ تشبیہ صحیح نہیں اگر بچی کو زندہ کرنے کے ساتھ وجہ تشبیہ یہ ہے تو اس کی پھر کیا خصوصیت ہے؟ کائنات میں اس کے علاوہ بھی امور عظیم ہیں ان کے ساتھ تشبیہ دے دی جاتی۔ لہٰذا وجہ اول مناسب ہے۔ واللہ اعلم۔

۴۷۶۶/۳۹ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَدَکُمْ مِرْاٰۃُ اَخِیْہِ فَاِنْ رَّاٰی بِہٖ اَذًی فَلْیُمِطْ عَنْہُ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَضَعَّفَہٗ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لَّہٗ وَلِاَبِیْ دَاوٗدَ اَلْمُؤْمِنُ مِرْاٰۃُ الْمُؤْمِنِ وَالْمُؤْمِنُ یَکُفُّ عَنْہُ ضَیْعَتَہٗ وَیَحُوْطُہٗ مِنْ وَّرَآئِہٖ)

رسول خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے ہر کوئی اپنے بھائی کا آئینہ ہے اگر اس میں کوئی برائی دیکھے تو اسے دور کر دے[1]۔ ترمذی نے اسے روایت کر کے ضعیف کہا[2] اور اس کی دوسری اور ابوداؤد کی روایت میں ہے کہ ہر مومن دوسرے مومن کے لیے آئینہ ہے[3] اور مومن مومن کا بھائی ہے۔ اس سے ہلاکت[4] دور کرتا ہے اور اس کے پیچھے اس کی حفاظت[5] کرتا ہے[6]۔

[1] اور اس کی اصلاح کر دے خواہ بذریعہ توجہ ملا کے، اطلاع یا بطور زجر و توبیخ ہو۔

[2] یعنی ان الفاظ کے اعتبار سے ضعیف ہے۔

[3] جس طرح آئینہ میں انسان اپنے چہرے کے عیب دیکھ کر درست کرتا ہے اسی طرح دوسرے مسلمان کے سامنے جب کسی دوسرے مسلمان کے عیب آئیں تو بذریعہ لوجہ، زجر اس کی اصلاح کر دے۔ صوفیاء کرام نے ہمیشہ یہی راہ اپناتے ہوئے ایک دوسرے کی اصلاح کا بیڑا اٹھایا اور اگر کوئی اصلاح کرنے والا نہ ہو تو تمام ہلاک ہو جائیں گے۔ اس معنی کی تقویت کے لیے اگلے کلمات ارشاد فرمائے۔

[4] ضیعۃ: اس سے مراد ہر نقصان دہ چیز اور ہلاکت ہے۔

[5] اس کی غیبت ذکر کرنے سے روکتا ہے بلکہ اس کے تمام حقوق کی حفاظت کرتا ہے خواہ ان کا تعلق اس کی ذات یا مال یا آبرو سے ہی ہو۔

[6] بعض شارحین نے اَلْمُؤْمِنُ مِرْاٰۃُ الْمُؤْمِنِ کی تشریح یہ کی ہے جس طرح انسان آئینہ میں اپنا عیب دیکھ کر اصلاح کر لیتا ہے اسی طرح ایک مومن دوسرے کو دیکھ کر اپنے عیوب و نقائص پر مطلع ہو کر اپنی اصلاح کی کوشش کرتا ہے یہ معنی صحیح اور دقیق ہے لیکن سیاقِ حدیث اس کے موافق نہیں۔

۴۷۴ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ حَمٰی مُؤْمِنًا مِّنْ مُّنَافِقٍ بَعَثَ اللّٰہُ مَلَکًا یَّحْمِیْ لَحْمَہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ مِنْ نَّارِ جَہَنَّمَ وَمَنْ رَّمٰی مُسْلِمًا بِشَیْءٍ یُّرِیْدُ بِہٖ شَیْنَہٗ حَبَسَہُ اللّٰہُ عَلٰی جِسْرِ جَہَنَّمَ حَتّٰی یَخْرُجَ مِمَّا قَالَ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت معاذ بن انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی مومن کو منافق سے محفوظ رکھے روز قیامت اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ بھیجے گا جو اس کے گوشت[1] کی دوزخ کی آگ سے حفاظت کرے گا اور جو شخص کسی مسلمان کو عیب لگانے کی نیت سے گالی دے اللہ تعالےٰ اسے دوزخ کے پل پر روکے گا یہاں تک کہ وہ اس بات سے باہر[2] آ جائے۔

(ابوداؤد)

۵؎ منافق کے شر سے محفوظ رکھے یا اس کے ظلم سے، پہلا معنی واضح ہے، منافق کا لفظ واضح کر رہا ہے غیبت کا پیشہ اپنانا عمل منافق ہے جو سامنے اور پیچھے یکساں نہیں رہتا۔

۲؎ کیونکہ اس نے مردہ بھائی کے گوشت کھانے سے روکا تھا اس لیے اس کا ثواب یہی مناسب ہے۔

۳؎ اسے راضی کرے یا اس کی سزا بھگت لے۔

۴۷۶۸/۴۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ الْاَصْحَابِ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرُهُمْ لِصَاحِبِهٖ وَخَيْرُ الْجِيْرَانِ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرُهُمْ لِجَارِهٖ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا بہتر شخص اللہ تعالٰی کے ہاں وہ ہے جو اپنے ساتھی کے ساتھ بہتر ہے اور اللہ تعالٰی کے ہاں بہترین پڑوسی وہ ہے جو پڑوسی کے لیے بہتر ہو۔

(دارمی، ترمذی نے روایت کر کے کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے)

۴۷۶۹/۴۲ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ لِيْ اَنْ اَعْلَمَ اِذَا اَحْسَنْتُ اَوْ اِذَا اَسَأْتُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَمِعْتَ جِيْرَانَكَ يَقُوْلُوْنَ قَدْ اَحْسَنْتَ فَقَدْ اَحْسَنْتَ وَاِذَا سَمِعْتَهُمْ يَقُوْلُوْنَ قَدْ اَسَأْتَ فَقَدْ اَسَأْتَ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہما سے مروی ہے کہ ایک آدمی نے نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے کیسے علم[۱] ہو کہ میں نے یہ عمل اچھا کیا ہے یا برا؟ تو آپ نے فرمایا جب تم اپنے پڑوسی کو یہ کہتے ہوئے سنو کہ تو نے اچھا کیا تو تو نے اچھا کیا[۲] ہے اور جب اسے سنو کہ وہ کہتے ہیں کہ تو نے برا کیا تو تو نے برا کیا۔

(ابن ماجہ)

۱؎ میں کسی چیز کو پیمانہ بناؤں۔

۲؎ تیری نیکی و بدی کی پڑوسی گواہی دے گا اور یہی اس کا پیمانہ ہے۔

۳؎ واضح رہے کہ یہ ان ہمسایوں کا حق ہے جو نہایت ہی منصف اور حق گو ہوں، اور غلبۂ دوستی و دشمنی سے بالاتر ہو جیسا کہ حدیث میں ہے اَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِي الْاَرْضِ (زمین میں تم اللہ کے گواہ ہو)

۴۷۷۰/۴۳ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَنْزِلُوا النَّاسَ مَنَازِلَهُمْ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا لوگوں کے ساتھ ان کے درجہ[۱] کے مطابق سلوک کرو۔

(ابو داؤد)

۱؎ یعنی اہل شرافت و بزرگی کو اہل ذلت کے برابر نہ رکھا جائے بلکہ ان دونوں کے ساتھ اس طرح کی تعظیم کا سلوک کیا جائے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

کردہ کسی کے لیے ایذاء کا سبب نہ ہو اور نہ ہی کسی کے مرتبہ سے کم ہو۔

۲؎ احیاء العلوم میں ہے کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالٰی عنہا کھانا کھا رہی تھیں۔ ایک فقیر ادھر سے گزرا آپ نے روٹی کا کچھ حصہ اس کی طرف روانہ کیا اس کے بعد ایک سوار گزرا آپ نے اسے پیغام بھجوایا کہ اگر حاجت ہے تو کھانا موجود ہے۔ حاضرین میں سے ایک نے اس تفاوت حال کی وجہ دریافت کی تو انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسالتماب صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے سنا ہے کہ لوگوں کی حسب مرتبہ قدر کرو وہ مسکین ایک حصہ روٹی سے خوش ہو گیا اگر اس سوار کے ساتھ بھی ہم اس جیسا سلوک کرتے تو شاید یہ اہانت محسوس کرتا۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۴۷۷۱ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ قُرَادٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ يَوْمًا فَجَعَلَ اَصْحَابُهٗ يَتَمَسَّحُوْنَ بِوَضُوْئِهٖ فَقَالَ لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَحْمِلُكُمْ عَلٰى هٰذَا قَالُوْا حُبُّ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يُّحِبَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اَوْ يُحِبَّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ فَلْيَصْدُقْ حَدِيْثَهٗ اِذَا حَدَّثَ وَلْيُؤَدِّ اَمَانَتَهٗ اِذَا اؤْتُمِنَ وَلْيُحْسِنْ جِوَارَ مَنْ جَاوَرَهٗ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی قراد۱؎ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ ایک دن نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے وضو فرمایا صحابہ نے آپ کے بچے ہوئے۲؎ پانی سے تبرک کرتے ہوئے اپنے جسم پر ملنا شروع کیا۔ آپ نے فرمایا تمہیں اس عمل پر کس نے برانگیختہ کیا۔ عرض کیا اللہ اور اس کے رسول کی محبت نے۳؎ آپ نے فرمایا جو شخص چاہتا ہے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرے یا اس کے ساتھ اللہ اور اس کا رسول محبت کرے۴؎ اسے چاہیے کہ وہ جب بات کرے سچ بولے۔ اگر اس کے پاس امانت رکھی جائے تو اس کو ادا کرے اور اپنے پڑوسی کے ساتھ بہتر سلوک کرے۵؎

(بیہقی)

۱؎ ابو قراد قاف پر پیش بجوار مخفف یہ اہل حجاز میں سے ہیں اور صحابی ہیں۔

۲؎ کونسا پانی مراد ہے۔ اکثر کی رائے یہ ہے کہ وہ پانی مراد ہے جو برتن میں وضو کے بعد بچ جاتا تھا اور بعض اس سے وہ پانی مراد لیتے ہیں جو آپ کے اعضاء مبارکہ سے الگ ہوا۔

۳؎ یہ مقام پہلے سے بڑھ کر ہے۔ درحقیقت یہ دونوں ایک دوسرے کو مستلزم ہیں۔ ارشاد باری تعالٰی ہے يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ (اللہ ان سے محبت کرتا ہے اور وہ اللہ سے محبت کرتے ہیں۔

۴؎ اللہ اور اس کے رسول کی محبت کا دعویٰ صرف ایسے امور سے ثابت نہیں ہوتا جن میں نہ تو محنت ہے اور نہ ہی نفس کے لیے مشقت ہے، جیسے وضو کے پانی کو جسم پر ملنا بلکہ اس کا عمدہ طریقہ یہ ہے کہ ان کے احکام کی پیروی کی جائے خصوصاً یہ امور سچ بولنا، ادائیگی امانت، پڑوسی کے ساتھ حسن سلوک کیونکہ لوگ اکثر طور پر ان سے غفلت

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

رہتے ہیں اسی لیے ان کا تذکرہ کیا گیا ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

مولانا احمد محمد شیبانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ناگور میں بہت ہی متدین شخص تھے، میوات کے امرا میں سے ایک شخص جس نے اپنے بھائی کے حقوق کی ادائیگی نہیں کی تھی اور درویش بن گیا اور مولانا کی خدمت میں رہنا شروع کر دیا اور اس کا کام تھا کہ آستانے کے لیے پانی لانا ایک دن آپ نے اسے دیکھا کہ وہ آپ کے پانی کا کوزہ سر پر اٹھا کر لا رہا ہے تو آپ نے فرمایا اے ابو احمد! اللہ تعالیٰ اس طریقے سے تجھ سے راضی نہ ہوگا جب تک تیرا بھائی راضی نہ ہو لہٰذا اس کا حق پہلے ادا کر اور اسے اپنے آپ سے راضی کر تاکہ اللہ تعالیٰ تجھ سے راضی ہو۔

۴۷۷۲/۴۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالَّذِيْ يَشْبَعُ وَجَارُهٗ جَائِعٌ اِلٰى جَنْبِهٖ۔ (رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ میں نے رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ وہ شخص مومن نہیں جو سیر ہو کر کھائے اور اس کے پہلو میں اس کا پڑوسی بھوکا ہے۔ (بیہقی، شعب الایمان)

۴۷۷۳/۴۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ فُلَانَةَ تُذْكَرُ مِنْ كَثْرَةِ صَلٰوتِهَا وَصِيَامِهَا وَصَدَقَتِهَا غَيْرَ اَنَّهَا تُؤْذِيْ جِيْرَانَهَا بِلِسَانِهَا قَالَ هِيَ فِي النَّارِ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاِنَّ فُلَانَةَ تُذْكَرُ قِلَّةُ صِيَامِهَا وَصَدَقَتِهَا وَصَلٰوتِهَا وَاِنَّهَا تَصَدَّقُ بِالْاَثْوَارِ مِنَ الْاَقِطِ وَلَا تُؤْذِيْ بِلِسَانِهَا جِيْرَانَهَا قَالَ هِيَ فِي الْجَنَّةِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ فلاں خاتون کے نماز، روزے اور صدقہ کی کثرت کا خوب چرچا ہے مگر وہ اپنے پڑوسی کو اپنی زبان سے تکلیف دیتی تھی فرمایا وہ دوزخی ہے۔ عرض کیا یا رسول اللہ فلاں خاتون کے روزے، نماز اور صدقے میں کمی ہے اس نے پنیر کے کچھ ٹکڑے ہی صدقہ کیے لیکن اپنے پڑوسی کو زبان سے تکلیف نہ دیتی تھی۔ فرمایا وہ جنتی ہے۔ (احمد، بیہقی، شعب الایمان)

لہ لوگ بیان کرتے ہیں۔

لہ ہمسائے کو تنگ کرنے کی وجہ سے وہ دوزخ میں چلی گئی اور اس کے نماز، روزے اور صدقہ افضل ترین عمل ہونے کے باوجود اس گناہ کا کفارہ نہ بن سکے۔

لہ یعنی پڑوسی کے ساتھ حسن سلوک نے وہ کمی دور کر دی جو اس سے نماز، روزے میں ہوئی تھی۔

۴۷۷۴/۴۷ وَعَنْهُ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَفَ عَلٰى نَاسٍ جُلُوْسٍ فَقَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِكُمْ مِنْ شَرِّكُمْ قَالَ فَسَكَتُوْا

انہی سے روایت ہے کہ رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کچھ بیٹھے ہوئے لوگوں کے سامنے ٹھہر کر فرمایا میں تمہیں اچھے برے کی خبر نہ دوں؟ لوگ خاموش

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَقَالَ ذٰلِكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ فَقَالَ رَجُلٌ بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخْبِرْنَا بِخَيْرِنَا مِنْ شَرِّنَا فَقَالَ خَيْرُكُمْ مَنْ يُّرْجٰى خَيْرُهٗ وَيُؤْمَنُ مِنْ شَرِّهٖ وَ شَرُّكُمْ مَنْ لَّا يُرْجٰى خَيْرُهٗ وَلَا يُؤْمَنُ مِنْ شَرِّهٖ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ)

ہو گئے آپ نے تین مرتبہ یہی فرمایا ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ ہمیں اچھے اور برے کی نشاندہی فرما دیجئے۔ فرمایا تم میں اچھے وہ ہیں جن سے بھلائی کی امید ہو اور برائی کا خطرہ نہ ہو اور تم میں برے وہ ہیں جن سے بھلائی کی امید نہ ہو اور برائی کا خطرہ ہو[۳]۔ (بیہقی شعب الایمان، ترمذی نے روایت کر کے کہا کہ یہ حدیث حسن ہے)۔

[۱] نیکوں کو بروں سے ممتاز کرتے ہوئے تمہیں آگاہ کر دوں کہ تم میں سے سب سے زیادہ نیک کون ہیں؟

[۲] اس خوف کے پیش نظر خاموش ہو گئے کہ شاید ہم میں سے ہر ایک کا تعین فرمانے لگیں حالانکہ یہ عمومی گفتگو تھی۔

[۳] یعنی وہ شخص جس سے نیکی کی امید ہو اور اس کی برائی سے خطرہ ہو یا اس کی برائی سے بے خوفی ہو مگر اس سے نیکی کی امید نہیں تو ایسا شخص درمیان میں ہو گا نہ سب سے نیک اور نہ سب سے برا۔

۴۷۷۵ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَسَمَ بَيْنَكُمْ اَخْلَاقَكُمْ كَمَا قَسَمَ بَيْنَكُمْ اَرْزَاقَكُمْ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يُعْطِى الدُّنْيَا مَنْ يُّحِبُّ وَمَنْ لَّا يُحِبُّ وَلَا يُعْطِى الدِّيْنَ اِلَّا مَنْ اَحَبَّ فَمَنْ اَعْطَاهُ اللّٰهُ الدِّيْنَ فَقَدْ اَحَبَّهٗ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا يُسْلِمُ عَبْدٌ حَتّٰى يَسْلَمَ قَلْبُهٗ وَلِسَانُهٗ وَلَا يُؤْمِنُ حَتّٰى يَاْمَنَ جَارُهٗ بَوَائِقَهٗ. (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے تمہارے اندر اخلاق تقسیم فرما دیئے ہیں جیسے کہ اس نے تمہاری روزی[۱] تقسیم کر دی ہے اللہ تعالیٰ نے دنیا اپنے پسندیدہ[۲] اور ناپسندیدہ شخص دونوں کو دی مگر دین اس کو دیتا ہے جس سے وہ محبت کرتا ہے پس جسے اللہ تعالیٰ نے دین عطا فرمایا تو اس سے وہ محبت کرتا ہے قسم ہے مجھے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! بندہ اس وقت تک مسلمان نہیں ہوتا جب تک اس کے دل و زبان سلامت نہ ہوں اور نہیں مومن ہو سکتا یہاں تک اس کا پڑوسی[۳] اس کے شر سے محفوظ ہو۔ (احمد، بیہقی)

[۱] اور تمام اعمال جن کا تعلق دین سے ہے۔

[۲] جس کا تعلق دنیا سے ہے اس کے بعد اخلاق کی تفصیل بیان کی۔

[۳] مومن ہونا کا فر، فرمانبردار ہو یا نافرمان۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سکہ یہ بطور تاکید جملہ کا اضافہ ہے۔

ےھ اس معنی میں تاکید ہے کہ دین نیک اخلاق کا نام ہے۔

ےھ یعنی جب تک اس کے دل و زبان مطیع نہ ہوں، دل کا اسلام یہ ہے کہ وہ عقائد باطلہ سے پاک ہو اور زبان کا اسلام یہ ہے کہ لایعنی باتوں سے رک جائے (کذا قال الطیبی) لیکن ظاہر یہ ہے کہ اس سے مراد تصدیق قلبی اور اقرار لسانی ہے بلکہ یہ ظاہر و باطن کے موافق ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ دل و زبان کی تخصیص کی وجہ یہ ہے کہ اسلام اور ایمان کا مدار ان پر بھی ہے۔

ےھ یہ بھی اخلاق میں سے ہے، وجہ تخصیص یہ ہے کہ اس کے ساتھ معاملہ نہایت اعلیٰ ہوتا ہے۔ اور ایمان کا ذکر بطور کمال مبالغہ ہے۔ گویا حقیقت ایمان، تصدیق قلبی ہونے کے باوجود اس عمل پر موقوف ہے اور جب ایمان کا معنی تکذیب سے بے خوف ہونا ہے اور اس کا ذکر ہمسائیگی کی بے خوفی کے ساتھ نہایت مناسب ہے۔

۴۷۷۶/۴۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْمُؤْمِنُ مَاْلَفٌ وَلَا خَیْرَ فِیْمَنْ لَا یَاْلَفُ وَلَا یُؤْلَفُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: مومن محبت کرنے والا ہوتا ہے، اس میں بھلائی نہیں جو الفت نہیں کرتا اور نہ الفت کیا جاتا ہے۔[۱] (احمد، بیہقی، شعب الایمان)

سلہ مومن الفت کا محل و مرکز ہوتا ہے کیونکہ اسلام اور دین کا مدار الفت پر ہے، اللہ تعالٰی نے مومنوں کے دلوں میں ایک دوسرے کی محبت پیدا کی ہے۔ ارشاد باری تعالٰی ہے۔ وَکُنْتُمْ اَعْدَاءً فَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِکُمْ (تم آپس میں دشمن تھے اللہ نے تمہارے دلوں میں محبت پیدا کر دی) اور اپنے حبیب علیہ الصلاۃ والسلام پر اس بات کا احسان بیان فرمایا هُوَ الَّذِیْ اَیَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ (اس ذات نے اپنی مدد سے آپ کو قوت دی اور مومنوں کے ذریعے اور ان کے دلوں میں محبت پیدا کر دی۔

سلہ یعنی دیگر مسلمان اسے دوست نہ رکھیں، جب ایمان الفت و محبت کا مدار ہے تو اس لیے مومن ہی محبت کرنے والا اور محبوب ہوگا۔

۴۷۷۷/۵۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَضٰی لِاَحَدٍ مِّنْ اُمَّتِیْ حَاجَةً یُرِیْدُ اَنْ یَّسُرَّهٗ بِهَا فَقَدْ سَرَّنِیْ وَمَنْ سَرَّنِیْ فَقَدْ سَرَّ اللّٰهَ وَمَنْ سَرَّ اللّٰهَ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص میرے امتی کو خوش کرنے کے لیے اس کی حاجت پوری کرتا ہے اس نے مجھے خوش کیا اور جس نے مجھے خوش کیا اس نے اللہ تعالٰی کو خوش کیا اور جس نے اللہ کو خوش کیا اسے وہ جنت میں داخل فرمائے گا۔ (بیہقی)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لہ صراح میں لفظ قضا کا معنی کسی کی حاجت پوری کرنے کے لیے مشغول ہونے کے ہیں۔

۴۷۷۸/۵۱ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَغَاثَ مَلْهُوْفًا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ ثَلٰثًا وَّسَبْعِيْنَ مَغْفِرَةً وَّاحِدَةٌ فِيْهَا صَلَاحُ اَمْرِهٖ كُلِّهٖ وَثِنْتَانِ وَسَبْعُوْنَ لَهُ دَرَجَاتٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

انہی سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا جو کسی پریشان حال کی مدد کرے اس کے لیے اللہ تعالٰے تہتر بخششیں لکھ دیتا ہے ان میں سے ایک اس کے تمام معاملات[1] کی درستگی ہے اور باقی بہتر قیامت کے دن اس کے درجات[2] ہیں۔ (بیہقی)

لہ دنیا و آخرت کے تمام معاملات۔

۲ہ زیادتی درجات کا سبب ہوں گے۔

۴۷۷۹/۵۲ وَعَنْهُ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَلْقُ عِيَالُ اللّٰهِ فَاَحَبُّ الْخَلْقِ اِلَی اللّٰهِ مَنْ اَحْسَنَ اِلٰی عِيَالِهٖ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الثَّلٰثَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

اور انہی سے اور حضرت عبد اللہ رضی اللہ تعالٰے عنہما سے مروی ہے کہ رسالتمآب صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا مخلوق اللہ کا خاندان[1] ہے اللہ تعالٰے کو سب سے زیادہ وہ محبوب ہے جو اس کے خاندان کے ساتھ خوب حسن سلوک کرے۔

(بیہقی، شعب الایمان)

لہ تمام مخلوق اللہ تعالٰے کے خاندان کے حکم میں ہے کیونکہ ان تمام کا نان و نفقہ اللہ تعالٰے کے ذمے ہے۔

۴۷۸۰/۵۳ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلُ خَصْمَيْنِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ جَارَانِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالٰے عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے روز سب سے پہلے مقدمہ دو پڑوسیوں کا پیش ہوگا[1] (احمد)

لہ یہاں ایک اشکال ہے کہ دیگر احادیث میں ہے کہ سب سے پہلے نماز کے بارے سوال ہوگا۔ بعض میں ہے کہ سب سے پہلے قتل و خون کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ اس کا جواب امام سیوطیؒ نے الزجاجہ علی ابن ماجہ میں یہ دیا ہے کہ ان میں سے پہلی حدیث حقوق اللہ کے بارے میں ہے اور دوسرے ارشادات حقوق العباد سے متعلق ہیں۔

۴۷۸۱/۵۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا شَكٰی اِلَی النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسْوَةَ قَلْبِهٖ قَالَ امْسَحْ رَأْسَ الْيَتِيْمِ وَاَطْعِمِ الْمِسْكِيْنَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں ایک شخص نے شکایت کی کہ میرا دل سخت ہے۔ آپ نے فرمایا کسی یتیم کے سر پر ہاتھ پھیر اور کسی مسکین کو کھانا کھلا۔ (احمد)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

ل؎ اس کا علاج کیا ہے؟

ل؎ مخلوق خدا پر نرمی کرنا اس سے دل کی سختی ختم ہو جائے گی چونکہ ہر بیماری کا علاج اس کی ضد سے ہوتا ہے مثلاً تکبر کا علاج تواضع، بخل کا علاج سخاوت ہے اسی طرح دل کی سختی کا علاج نرمی اور مہربانی کو قرار دیا۔ یتیم و مسکین کی تخصیص کی حکمت اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد گرامی ہے۔ اِطْعَامٌ فِیْ یَوْمٍ ذِیْ مَسْغَبَةٍ یَتِیْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ اَوْ مِسْکِیْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ (اسلام میں قحط کے زمانہ میں کھانا پیش کرنا ہے کسی یتیم کو خواہ قریبی ہو یا مسکین ٹھہرا ہوا ہو) اسی کو قرآن نے بلند گھاٹی عبور کرنا قرار دیا ہے کیونکہ اس میں مشقت و ریاضت ہے اور جو شخص واقعتہً اس ریاضت و مجاہدہ سے گزر کر اس کی گھاٹی کو پاتا ہے اس میں ضرور نرمی دل پیدا ہو گی جو وجہ سخاوت بنے گی۔

۴۷۸۲/۵۵ وَعَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى اَفْضَلِ الصَّدَقَةِ ابْنَتُكَ مَرْدُوْدَةٌ اِلَيْكَ لَيْسَ لَهَا كَاسِبٌ غَيْرُكَ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کیا میں تمہیں بہترین صدقہ سے آگاہ نہ کروں؟ تمہارا اپنی اس بیٹی پر خرچ کرنا جو تمہاری طرف لوٹا دی گئی؎ اور تمہارے سوا اس کا کوئی کمانے والا نہیں؎۔ (ابن ماجہ)

ل؎ اسے طلاق ہو گئی اور واپس تمہارے پاس آ گئی۔

ل؎ اس کا کوئی بیٹا کمانے والا یا کوئی اور اس کا بوجھ اٹھانے والا نہیں۔

بَابُ الْحُبِّ فِي اللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ

۳۲۲۔ اللہ کی خاطر محبت اور محبت الٰہی کا بیان

بعض نسخوں میں عنوان یہی ہے لیکن بعض میں اَلْبُغْضُ لِلّٰهِ کے الفاظ ہیں۔ حب فی اللہ کا معنیٰ، اللہ کی خاطر اور اس کی رضا کے لیے محبت جو ریا اور غرض سے پاک ہو۔ فی کا لفظ بیان علت کے معنیٰ میں ہے جیسے اللہ تعالیٰ کے ارشاد میں ہے وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا (وہ لوگ جنہوں نے ہماری ذات اور ہماری طلب کے لیے مجاہدہ کیا) اسی طرح کہا جاتا ہے۔ اَلتَّفَكُّرُ فِيْ مَعْرِفَةِ اللّٰهِ وَاجِبٌ (یعنی معرفت باری تعالیٰ کے لیے تفکر ضروری ہے) اور من اللہ کا معنیٰ بھی برائے رضائے الٰہی ہی ہے کیونکہ لفظ من بھی علت کے معنیٰ میں مستعمل ہے۔ قرآن میں ہے۔ تَرٰى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ (آپ ان کی آنکھوں سے آنسو جاری دیکھیں)

بعض شارحین نے کہا کہ فی اللہ میں مبالغہ ہے کیونکہ اس میں ذات باری تعالیٰ کو محبت کے لیے ظروف بنایا گیا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اس صورت میں دونوں عبارات کا معنیٰ ایک ہی ہے لیکن بعض دیگر شارحین کی رائے یہ ہے کہ حب فی اللہ کا معنیٰ بندہ کا اللہ سے محبت اور حب من اللہ سے مراد خدا کا بندے سے محبت کرنا ہے اور یہ معنیٰ لفظ من اللہ سے واضح ہے لیکن اس معنی پر احادیث باب کم ہیں۔ البتہ فصل اول کی دوسری حدیث اس پر دال ہے۔ دوسرے نسخہ میں الحب فی اللہ کے بعد المستحق للّٰہ کے الفاظ یا تو اضافہ ہے کیونکہ دوسرے نسخوں میں موجود نہیں۔ حالانکہ اس موضوع پر احادیث باب کثرت کے ساتھ وال میں ظاہر یہی ہے کہ اس کے ترک کی وجہ یہ ہے کہ الحب فی اللہ سے بطور مقابلہ از خود واضح ہو جاتا ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۷۸۳ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْاَرْوَاحُ جُنُوْدٌ مُّجَنَّدَۃٌ فَمَا تَعَارَفَ مِنْہَا ائْتَلَفَ وَمَا تَنَاکَرَ مِنْہَا اخْتَلَفَ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَرَوَاہُ مُسْلِمٌ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ارواح[1] مجموعہ لشکر ہیں جو آپس میں جان پہچان رکھتی ہیں[2] وہ محبت کرتی ہیں اور جو اجنبی رہ چکی ہیں وہ الگ رہتی ہیں[3]۔ بخاری[4] و مسلم نے اسے حضرت ابوہریرہ سے روایت کیا۔

[1] ابدان سے متعلق ہونے سے پہلے ایک جگہ جمع ہیں پھر ان کو جدا جدا کر کے ابدان میں بھیجا گیا ہے۔

[2] جن کی پہلے آپس میں شناسائی تھی۔ ابدان میں آنے کے بعد بھی وہ قائم رہی ———— جیسے کوئی شخص اپنے غمخوار اور محبوب کو گم کر دے اور پھر پا لے۔

[3] یہ الفت و اجنبیت الہام الٰہی کی وجہ سے ہوتی ہے انہیں آپس میں یاد نہیں ہوتا کہ وہاں آشنائی تھی یا نہ تھی یہی وجہ ہے کہ نیک، نیکوں کے ساتھ اور بد، بدوں کی طرف مائل ہوتا ہے۔ اگر کسی جگہ بعض اسباب و عوارض کی وجہ سے اس کے خلاف ہو تو وہ کبھی کبھار ہوگا۔ آخر کار وہ اپنے اصل کی طرف ہی لوٹ کر چلا جائے گا۔

[4] اگرچہ بخاری و مسلم دونوں نے اسے روایت کیا ہے مگر چونکہ ایک صحابی سے نہیں۔ امام بخاری نے یہ حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے اور امام مسلم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے۔ لہٰذا اسے متفق علیہ نہیں کہا۔ متفق علیہ ہونے کے لیے دونوں کا ایک صحابی سے روایت کرنا ضروری ہے، جیسا کہ مقدمہ میں واضح ہو چکا ہے اس حدیث نے واضح کر دیا کہ ارواح اعراض نہیں بلکہ وہ ایسی مخلوق ہیں جو اجسام سے پہلے پیدا ہوئی ہیں لیکن اس سے ان ارواح کا قدیم ہونا لازم نہیں آتا۔ حدیث میں تصریح ہے کہ ارواح کی تخلیق اجسام سے دو ہزار سال پہلے ہوئی تھی۔ البتہ یہ کہنا باطل ہے کہ روح کی تخلیق بدن کی تخلیق و اتمام کے بعد ہوتی ہے باقی یہ کہنا کہ اجسام سے قبل ارواح کی تخلیق علم الٰہی میں تھی (عملاً نہ تھی) تو یہ تاویل حدیث صریح کے خلاف ہے۔ واللہ اعلم۔

۴۷۸۴ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ اِذَا اَحَبَّ عَبْدًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ تعالےٰ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

دَعَا جِبْرَئِيْلَ فَقَالَ اِنِّیْ اُحِبُّ فُلَانًا فَاَحِبَّهٗ قَالَ فَيُحِبُّهٗ جِبْرَئِيْلُ ثُمَّ يُنَادِیْ فِی السَّمَآءِ فَيَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ فُلَانًا فَاَحِبُّوْهُ فَيُحِبُّهٗ اَهْلُ السَّمَآءِ ثُمَّ يُوْضَعُ لَهُ الْقَبُوْلُ فِی الْاَرْضِ وَاِذَا اَبْغَضَ عَبْدًا دَعَا جِبْرَئِيْلَ فَيَقُوْلُ اِنِّیْ اُبْغِضُ فُلَانًا فَاَبْغِضْهُ قَالَ فَيُبْغِضُهٗ جِبْرَئِيْلُ ثُمَّ يُنَادِیْ فِیْ اَهْلِ السَّمَآءِ اِنَّ اللّٰهَ يُبْغِضُ فُلَانًا فَاَبْغِضُوْهُ قَالَ فَيُبْغِضُوْنَهٗ ثُمَّ يُوْضَعُ لَهُ الْبَغْضَآءُ فِی الْاَرْضِ

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اپنے کسی بندے سے[1] محبت کرتا ہے تو جبرئیل کو بلا کر فرماتا ہے کہ میں فلاں سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت کر پھر جبرئیل اس سے[2] محبت کرتا پھر وہ آسمان پر آواز[3] دیتا ہے کہ فلاں اللہ کا محبوب ہے تم بھی اس سے محبت کرو لہٰذا تمام اہل آسمان اس سے محبت کرتے ہیں پھر اس کے لیے زمین میں قبولیت[4] رکھ دی جاتی ہے جب اللہ کسی بندے کو ناپسند[5] فرماتا ہے تو جبرئیل کو فرماتا ہے کہ مجھے فلاں بندہ ناپسند ہے تو بھی اسے ناپسند رکھ جبرئیل[6] بھی اسے ناپسند سمجھتا ہے پھر تمام آسمان والوں کو آواز دیتا ہے کہ اللہ تعالٰے کو فلاں بندہ ناپسند ہے تو تم بھی اسے ناپسند سمجھو پس وہ اسے ناپسند سمجھتے ہیں پھر زمین میں اس کے لیے بغض و نفرت[7] رکھ دی جاتی ہے۔ (مسلم)[8]

۱۔ بندے سے راضی ہو جاتے اور اسے ہدایت خیر کی توفیق دیتے ہوئے اس پر رحمت خاصہ کے ساتھ متوجہ ہو۔
۲۔ اس کی تعریف کرتے ہیں، اس کے لیے دعاء استغفار اور اس کی ملاقات چاہتے ہیں۔
۳۔ تاکہ تمام فرشتے سن لیں۔
۴۔ پھر جن وانس کے دلوں میں اس کی محبت پیدا کر دی جاتی ہے۔
۵۔ جب اللہ تعالٰے ناراض ہو جاتا ہے اور اس کی ذلت و ویرانی کا ارادہ فرماتا ہے۔
۶۔ جبرئیل اس سے نفرت کرنے لگتے ہیں۔
۷۔ لوگوں کے دلوں میں اس کے خلاف نفرت پیدا کر دی جاتی ہے۔
۸۔ بروایت بخاری میں بھی ہے شاید ـــــ ماتن اس سے آگاہ نہ ہو سکے۔

۴۷۸۵/۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَيْنَ الْمُتَحَابُّوْنَ بِجَلَالِیْ اَلْيَوْمَ اُظِلُّهُمْ فِیْ ظِلِّیْ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلِّیْ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور انہی سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالٰے قیامت کے دن فرمائے گا میری عظمت کی خاطر کرن آپس میں محبت کرتے رہنے آج میں انہیں اپنے سایہ[1] میں جگہ دیتا ہوں جبکہ میرے سایہ کے سوا کوئی سایہ نہیں۔ (مسلم)

۱۔ باری تعالٰے کے سایہ سے مراد یا تو عرش کا سایہ ہے جیسا کہ بعض احادیث میں اس کی تصریح ہے اور اللہ تعالٰے کی طرف اس کی اضافت بطور عظمت و شرافت ہے یا اس سے مراد ستر پوشی اور رحمت ہے جیسے کہ کہا جاتا ہے اَلسُّلْطَانُ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

ظِلِّ اللہِ یا اس سے مراد آرام و نعمت ہے جیسے کہ کہا جاتا ہے عیش ظلیل خوشگوار زندگی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

۴۷۸۶ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَجُلًا زَارَ اَخًا لَهُ فِيْ قَرْيَةٍ اُخْرٰى فَاَرْصَدَ اللهُ لَهُ عَلٰى مَدْرَجَتِهٖ مَلَكًا قَالَ اَيْنَ تُرِيْدُ قَالَ اُرِيْدُ اَخًا لِّيْ فِيْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ قَالَ هَلْ لَكَ عَلَيْهِ مِنْ نِّعْمَةٍ تَرُبُّهَا قَالَ لَا غَيْرَ اَنِّيْ اَحْبَبْتُهٗ فِي اللهِ قَالَ فَاِنِّيْ رَسُوْلُ اللهِ اِلَيْكَ بِاَنَّ اللهَ قَدْ اَحَبَّكَ كَمَا اَحْبَبْتَهٗ فِيْهِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور انہی سے مروی ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ایک شخص اپنے بھائی کے ساتھ ملاقات کے لیے دوسری بستی میں گیا اللہ تعالیٰ نے اس کی راہ[1] میں ایک فرشتہ مقرر کر دیا جو پوچھتا ہے تیرا کہاں کا ارادہ ہے؟ وہ بتاتا ہے کہ اس بستی میں اپنے ایک بھائی سے ملنے جا رہا ہوں۔ فرشتہ کہتا ہے تیرا کوئی اس پر احسان[2] ہے جس کو تو حاصل کرنا چاہتا ہے؟ وہ آدمی کہتا ہے ہرگز نہیں میں تو صرف اللہ کی خاطر اس سے محبت کرتا ہوں فرشتہ کہتا ہے کہ میں تیری طرف پیغام لانے والا ہوں کہ اللہ تجھ سے محبت کرتا ہے جیسے تو نے اس کی خاطر محبت کی۔ (مسلم)

[1] مدرجہ میم پر زبر رے جیم اور اس کا معنیٰ راستہ ہے۔

[2] یعنی کچھ تو نے اسے دے رکھا ہے جس کے حصول کے لیے جا رہا ہے۔ بعض شارحین نے یہ معنی کیا ہے جو نعمت تو نے دی ہے اس کی اصلاح وغیرہ کے لیے جا رہا ہے لیکن پہلا معنیٰ یہاں زیادہ مناسب ہے کیونکہ اکثر طور پر انسان دی ہوئی چیز کے حصول کے لیے جاتا ہے اور دوسرا معنیٰ تربیت کے پیش نظر مناسب ہے کیونکہ تربیت کا لفظ بمعنیٰ تملیک بھی آتا ہے۔

۴۷۸۷ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللهِ كَيْفَ تَقُوْلُ فِيْ رَجُلٍ اَحَبَّ قَوْمًا وَلَمْ يَلْحَقْ بِهِمْ فَقَالَ الْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ اس شخص کے بارے میں آپ کا کیا فرمان ہے جو کسی سے محبت کرتا ہے مگر اس سے[1] ملا نہیں فرمایا آدمی اس کے ساتھ ہو گا جس سے وہ محبت[2] کرتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

[1] ان کی صحبت نہیں پائی یا ان جیسے عمل نہیں کیے۔

[2] دوستی و محبت کا اعتبار ہو گا خواہ ملاقات ہو گی یا نہ اور اس طرح کے عمل بھی نہیں۔ البتہ محبت کاملہ کا تقاضا یہی ہے کہ محبوب کی کامل اتباع کی جائے لیکن اصل معیت کا سبب محبت ہی ہے۔ یہ ان لوگوں کے لیے خوشخبری ہے جو صالحین علماء متقین، اور اولیاء کے ساتھ محبت رکھتے ہیں۔ امید ہے کہ یہ ان کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۴۷۸۸ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَتَى السَّاعَةُ قَالَ وَيْلَكَ وَمَا اَعْدَدْتَ لَهَا قَالَ مَا اَعْدَدْتُ لَهَا اِلَّا اَنِّيْ اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ قَالَ اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ قَالَ اَنَسٌ فَمَا رَاَيْتُ الْمُسْلِمِيْنَ فَرِحُوْا بِشَيْءٍ بَعْدَ الْاِسْلَامِ فَرَحَهُمْ بِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ قیامت کب آئے گی؟ فرمایا افسوس تجھ پر[1]، تو نے اس کے لیے کیا تیاری کی ہے؟ عرض کیا میں نے سوائے اس کے کوئی تیاری نہیں کی کہ میں اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ محبت رکھتا ہوں فرمایا تو اس کے ساتھ ہوگا جس[2] کے ساتھ محبت کرتا ہے۔ حضرت انس کہتے ہیں اسلام لانے کے بعد میں نے مسلمانوں کو کبھی اتنا خوش نہیں دیکھا جتنا وہ اس خوشخبری پر ہوئے[3] (بخاری و مسلم)

[1] یہ کیوں پوچھتا ہے کہ قیامت کب آئیگی بلکہ اس کے لیے تیاری کر رکھ وہ کسی وقت بھی آسکتی ہے۔ ظاہر یہی ہے کہ آپ نے اس سوال کو پسند نہ فرمایا کیونکہ ممکن تھا اس نے قیامت کو ابعید تصور کرتے ہوئے سوال کیا یا خوف و اعتقاد کی وجہ سے۔

[2] جب آپ نے اس کے یہ کلمات سنیں تو محسوس فرمایا کہ اس نے خوف و اعتقاد کے پیش نظر سوال کیا تھا۔

[3] جب اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہے تو تجھے اللہ تعالٰی کے جوار رحمت اور حضور علیہ الصلٰوۃ والسلام کے قرب میں جگہ نصیب ہوگی۔ اگرچہ یہ مقام بلند ہے اور یہاں کوئی نہیں پہنچ سکتا لیکن نور محبت و اتباع ہی اس کے حصول کا ذریعہ بن جاتا ہے۔

[4] اسلام لانے کی بہت بڑی خوشی تھی۔ اس کے بعد جب یہ سنا کہ ہمیں قیامت کو اللہ اور اس کے رسول کی معیت نصیب ہوگی تو اس پر نہایت ہی خوشی حاصل ہوئی اور یہ بھی دراصل اسلام ہی کی خوشی ہے کیونکہ یہ اسلام ہی کا ثمرہ اور نتیجہ ہے۔

۴۷۸۹ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْجَلِيْسِ الصَّالِحِ وَالسُّوْءِ كَحَامِلِ الْمِسْكِ وَنَافِخِ الْكِيْرِ فَحَامِلُ الْمِسْكِ اِمَّا اَنْ يُّحْذِيَكَ وَاِمَّا اَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ وَاِمَّا اَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيْحًا طَيِّبَةً وَنَافِخُ الْكِيْرِ اِمَّا اَنْ يُّحْرِقَ ثِيَابَكَ وَاِمَّا اَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيْحًا خَبِيْثَةً۔

حضرت ابو موسٰی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا اچھے اور برے ساتھی کی مثال کستوری والے اور بھٹی[1] والے کی طرح ہے خوشبو والا یا تو دے دے گا یا تم اس سے خرید لوگے یا اس سے اچھی خوشبو کا جھونکا پاؤ گے اور بھٹی جلانے والا یا تمہارے کپڑے جلا دے گا یا اس سے تم بدبو پاؤ گے۔ (بخاری و مسلم)

[1] کیر کاف کے نیچے زیر یا ساکن لوہار کی مشک جس کے ساتھ بھٹی کو ہوا دیتے ہیں۔ اس کی جمع اکیار، ایا کے ساتھ ہے اور کور واو کے ساتھ لوہار کے اس آلہ کو کہتے ہیں جو مٹی سے بنتا ہے اس کی جمع اکوار، اور کیر ان دونوں

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

طرح آتی ہے۔ سنابر میں سے کیرای الہ کا نام ہے جو مٹی سے بناتے ہیں۔ ان دونوں میں فرق بعض کے نزدیک ہے۔

۲ اوزار یعنی جو غنیمت سے کسی کو ملے۔

۳ جیسے کہ صحبت میں خدمت کی جاتی ہے جس کی وجہ سے فیض نصیب ہوتا ہے۔

۴ اگر مشک نہ پائی تو اس کی خوشبو تو پا لوگے یعنی اگر فیض نہ بھی ملا تو اتنا کافی ہے کہ چند لمحات ایک صالح کی صحبت میں میسر آگئے۔

۵ اسی طرح برا دوست نقصان پہنچائے گا یا وقت وصلاحیت ضائع کرے گا اور لباس تقویٰ کو جلا کر راکھ کرے گا اور اگر یہ نہ ہوا تو بے ذوقی اور بدحالی ضرور مسلط ہو جائے گی۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

۴۷۹۸ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجَبَتْ مَحَبَّتِیْ لِلْمُتَحَابِّیْنَ فِیَّ وَالْمُتَجَالِسِیْنَ فِیَّ وَالْمُتَزَاوِرِیْنَ فِیَّ وَالْمُتَبَاذِلِیْنَ فِیَّ رَوَاہُ مَالِکٌ وَفِیْ رِوَایَۃِ التِّرْمِذِیِّ قَالَ یَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی اَلْمُتَحَابُّوْنَ فِیْ جَلَالِیْ لَھُمْ مَنَابِرُ مِنْ نُّوْرٍ یَغْبِطُھُمُ النَّبِیُّوْنَ وَالشُّھَدَاءُ۔

دوسری فصل

حضرت معاذ بن جبل[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میں۔۔۔ ان لوگوں سے یقیناً محبت کرتا ہوں جو میری وجہ سے آپس میں محبت کرتے ہیں، میری وجہ سے آپس میں بیٹھتے[۲] اور ملاقات[۳] کرتے ہیں، میری وجہ سے خرچ[۴] کرتے ہیں۔

موطا، ترمذی کے الفاظ یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جو لوگ میری عظمت کی خاطر آپس میں محبت کریں گے ان کے لیے نور کے منبر[۵] بچھائیں جائیں گے، ان پر انبیاء اور شہداء[۶] رشک کریں گے۔

۱ یہ کبار صحابہ میں سے ہیں۔

۲ میرے ذکر و ثنا کے لیے۔

۳ میری رضا کے لیے۔

۴ ان کا مقصود ریاکاری نہیں بلکہ میری رضا ہوتی ہے۔

۵ قیامت کے دن۔

۶ یہاں یہ اشکال ہے کہ انبیاء تمام لوگوں سے افضل ہوتے ہیں اور اسی طرح شہداء بھی اپنی جان و مال اللہ کی راہ میں خرچ کی ہوتی ہے۔ اس عظمت وفضیلت کے باوجود وہ اتنے آسان عمل کرنے والے پر کیسے رشک کریں گے؟ کیونکہ رشک مفضول، فاضل پر کرتا ہے اور یہاں معاملہ برعکس ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں رشک سے مراد اس کا حقیقی معنی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

نہیں بلکہ ان کی تعریف و ثنا مراد ہے یعنی انبیاء و شہداء ایسے لوگوں کی تعریف کریں گے اور ان کے مقام کے حصول کی تمنا و آرزو کریں گے۔ دوسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ یہ بطور فرض و تقدیر ہے کہ اگر انبیاء و شہداء کسی پر رشک کرتے تو ان پر کرتے اور اس کا مشہور جواب یہ ہے کہ بعض اوقات مفضول میں ایسی صفت ہوتی ہے جو افضل میں نہیں ہوتی تو صاحب فضیلت کے فضائل و کمالات کے مقابل مفضول کی فضیلت کالعدم ہوتی ہے، جیسا کہ ایک غلام بے شمار صفات اور خوبصورت اور ایک غلام بچہ عقل و خرد کا مالک ہے تو وہ غلام فضائل و کمالات اور اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ افعال کے شرف کی بنا پر یہ چاہتا ہے کہ جو خوبی اس بچے کو حاصل ہے مجھے بھی حاصل ہو یا جواب یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام محبت الٰہی کی وجہ سے دوسروں سے محبت کرنے میں کامل و اتم ہیں بعض کی رائے یہ ہے کہ یہ حالت میدان محشر میں جنت میں داخل ہونے وہاں انعامات اور قرب الٰہی کے درجات پانے سے پہلے ہوگی اور آئندہ حدیث میں آرہا ہے کہ ان کی صفت یہ ہے کہ انہیں کوئی خوف، غم اور تشویش لاحق نہ ہوگی اور وہ بالکل فارغ البال ہوں گے اور دوسرے لوگ اپنے معاملات میں پریشان ہوں گے اور انبیاء علیہم السلام اپنی اپنی امت کے معاملات میں متردد ہوں گے۔ واضح رہے کہ یہ اشکال انبیاء کے بارے میں مشکل ہے لیکن شہداء کے بارے میں اس طرح نہیں، کیونکہ قتیل محبت الٰہی کا درجہ شہید سے کم بھی ہو سکتا ہے اور زیادہ بھی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

٤٧٩١ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ لَاُنَاسًا مَّا هُمْ بِاَنْبِيَاءَ وَلَا شُهَدَاءَ يَغْبِطُهُمُ الْاَنْبِيَاءُ وَالشُّهَدَاءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِمَكَانِهِمْ مِنَ اللّٰهِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تُخْبِرُنَا مَنْ هُمْ قَالَ هُمْ قَوْمٌ تَحَابُّوْا بِرُوْحِ اللّٰهِ عَلٰى غَيْرِ اَرْحَامٍ بَيْنَهُمْ وَلَا اَمْوَالٍ يَتَعَاطَوْنَهَا فَوَاللّٰهِ اِنَّ وُجُوْهَهُمْ لَنُوْرٌ وَاِنَّهُمْ لَعَلٰى نُوْرٍ لَا يَخَافُوْنَ اِذَا خَافَ النَّاسُ وَلَا يَحْزَنُوْنَ اِذَا حَزِنَ النَّاسُ وَقَرَاَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ اَلَا اِنَّ اَوْلِيَاءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ.

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ وَرَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ عَنْ اَبِيْ مَالِكٍ بِلَفْظِ الْمَصَابِيْحِ مَعَ زَوَائِدِهٖ وَكَذَا فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو نہ تو نبی ہیں اور نہ شہید لیکن ان کے قرب الٰہی کی وجہ سے ان پر انبیاء و شہداء رشک کریں گے صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ہمیں ان لوگوں کے بارے میں آگاہ فرمائیے۔ فرمایا وہ ایسے لوگ ہیں جو اللہ کے قرآن کی وجہ سے ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں حالانکہ ان میں قرابت داری ہے اور نہ مالی لین دین۔ خدا کی قسم! ان کے چہرے سراپا نور ہوں گے اور وہ نور پر ہوں گے۔ جب لوگ ڈریں گے انہیں کوئی خوف نہ ہوگا جب لوگ غمگین ہوں گے انہیں کوئی غم نہ ہوگا اور پھر یہ آیت مبارکہ تلاوت کی "اَلَا اِنَّ اَوْلِيَاءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ" سنو! یقیناً اللہ کے دوستوں پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ کوئی غم۔

(ابو داؤد اور اسے شرح السنۃ میں ابو مالک سے

الفاظ مصابیح کے ساتھ مزید الفاظ ذکر کیے ہیں اور اسی طرح شعب الایمان میں ہے)

لہ روح، را پر پیش ہے، وہ چیز جس کے ساتھ جسم زندہ ہے یہاں اس سے مراد قرآن ہے۔ ارشاد ہے۔ "وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا" (اور اسی طرح ہم نے آپ پر وحی فرمائی اپنے امر کی) جس طرح بدن کی زندگی روح ہے اسی طرح دلوں کی زندگی قرآن سے ہے۔ قاموس میں ہے کہ روح کے معانی میں سے ایک قرآن ہے یعنی ان میں قرآن یا اس کے معنی یعنی دین اسلام کی وجہ سے محبت کرتے ہیں یا یہ مطلب ہے کہ آپس میں ایسی محبت کرتے ہیں جس کی تعلیم قرآن نے دی ہے۔ بعض نے روح سے مراد وحی لیا ہے کیونکہ وہ بھی روح کا ایک معنیٰ ہے۔ بعض نے روح اللہ سے مراد محبت لی ہے کیونکہ محبت بھی دلوں کی تازگی اور شادابی کا ذریعہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ محبوب کو کہا جاتا ہے "اَنْتَ رُوْحِيْ"۔ بعض نسخوں میں لفظ روح را بر زبر کے ساتھ ہے۔ اس کا معنی رحمت کے ہیں فروح و ریحان کا معنی رحمت و رزق ہے (کذا فی الصحاح) اور تمام معانی کا مآل ایک ہی ہے کہ وہ آپس میں اللہ کی خاطر محبت کرتے ہیں۔

۲ہ منور بلکہ عین نور ہوں گے یہ مبالغہ ہے۔

۳ہ وہ نور کے منبروں پر ہوں گے جیسا کہ سابقہ حدیث میں تھا یا یہ مراد ہے کہ وہ نور پر متمکن ہوں گے اس سے مقصود ان کی عظمت، جلالت اور رفعتِ شان و مکان ہے۔

۴۲۹۴
۱۰
وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِيْ ذَرٍّ يَا اَبَا ذَرٍّ اَيُّ عُرَى الْاِيْمَانِ اَوْثَقُ قَالَ اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ الْمُوَالَاةُ فِي اللّٰهِ وَالْحُبُّ فِي اللّٰهِ وَالْبُغْضُ فِي اللّٰهِ۔
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے ابوذر سے فرمایا اے ابوذر! ایمان کی کونسی گرہ[۱] زیادہ مستحکم[۲] ہے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں[۳]۔ فرمایا اللہ ہی کیلئے دوستی کرنا اللہ کے لیے محبت کرنا اور اللہ ہی کے لیے عداوت کرنا۔ (بیہقی، شعب الایمان)

لہ عروہ عین پر پیش، را ساکن، جس کے ساتھ تمسک کیا جائے اور پنجہ مارا جائے، عروۃ احمال اس رسی کو کہتے ہیں جس کے ساتھ سواری پر سامان باندھا جائے۔ کوزے کے دستے کو بھی عُروہ کہا جاتا ہے۔ ارکانِ دین اور صفات کو بھی عروہ کہا جاتا ہے کیونکہ ان کے ساتھ تمسک ہوتا ہے۔

۲ہ ایمان کی کونسی صفت زیادہ مستحکم و مضبوط ہے جس کے ساتھ نجات آخرت اور ثواب میں تمسک کیا جائے۔

۳ہ صحابہ کا یہ تکیہ کلام تھا کہ جب بھی آپ ان سے کوئی بات پوچھتے تو وہ ادبًا اور التجاءً یہ کہتے کہ اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔

۴۲۹۳
۱۱
وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا عَادَ الْمُسْلِمُ اَخَاہُ اَوْزَارَہٗ قَالَ اللہُ تَعَالٰی طِبْتَ وَطَابَ مَمْشَاکَ وَتَبَوَّأْتَ مِنَ الْجَنَّۃِ مَنْزِلًا۔
(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا جب ایک مسلمان دوسرے مسلمان کی عیادت یا ملاقات کرتا ہے تو اللہ تعالٰے فرماتے ہیں تو اچھا ہے[1] تیرا چلنا اچھا ہے[2] اور تو نے جنت میں اپنا گھر بنا لیا[3]
(ترمذی نے اسے روایت کرکے کہا کہ یہ غریب حدیث ہے)

[1] دنیا و آخرت میں۔
[2] تو نے ہر قدم پر ثواب حاصل کیا۔
[3] ان تینوں میں احتمال دعا بھی ہے۔ یعنی تیری زندگی بہتر ہو تیرا چلنا ہمیشہ بہتر ہو اور تجھے جنت میں مقام نصیب ہو۔

۴۷۹۴
۱۲
وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِیْ کَرِبَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَحَبَّ الرَّجُلُ اَخَاہُ فَلْیُخْبِرْہُ اَنَّہٗ یُحِبُّہٗ۔
(رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ)

حضرت مقدام بن معدی کرب[1] رضی اللہ تعالٰے عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب کوئی شخص اپنے بھائی سے محبت کرے تو اسے بتا دے کہ وہ اس سے محبت کرتا ہے۔[2]
(ابو داؤد، ترمذی)

[1] یہ صحابی ہیں، حمص میں مقیم ہوئے، اہل شام میں سے شمار ہوتے ہیں۔
[2] یہ چیز زیادتی محبت کا سبب ہوگی کیونکہ جب اسے علم ہوگا تو حقوق محبت ادا کرتے ہوئے دعا و خلوص کا اظہار کرے گا۔

۴۷۹۵
۱۲
وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ بِالنَّبِیِّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَہٗ نَاسٌ فَقَالَ رَجُلٌ مِّمَّنْ عِنْدَہٗ اِنِّیْ لَاُحِبُّ ھٰذَا لِلّٰہِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَعْلَمْتَہٗ قَالَ لَا قَالَ قُمْ اِلَیْہِ فَاَعْلِمْہُ فَقَامَ اِلَیْہِ فَاَعْلَمَہٗ فَقَالَ اَحَبَّکَ الَّذِیْ اَحْبَبْتَنِیْ لَہٗ قَالَ ثُمَّ رَجَعَ فَسَاَلَہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَہٗ بِمَا قَالَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلَکَ

حضرت انس رضی اللہ تعالٰے عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس سے گزرا آپ کے پاس جو لوگ کھڑے تھے ان میں سے ایک نے کہا کہ میں اس سے اللہ کے لیے محبت کرتا ہوں آپ نے پوچھا کہ تو نے اس کو بتا دیا ہے عرض کیا نہیں فرمایا اس کے پاس جا کر اسے بتاؤ چنانچہ وہ گیا اور اسے خبر دی وہ بولا کہ مجھ سے تو[1] وہ ذات محبت کرے جس کی خاطر تو نے مجھ سے محبت کی جب اس نے واپس لوٹ کر آپ سے وہ عرض کی جو اس نے کہا تھا تو آپ نے فرمایا تجھے اس کی سنگت نصیب

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مَا احْتَسَبْتَ .
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ)
وَفِي رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ وَلَهُ مَا اكْتَسَبَ .

ہوگی جس سے تجھے محبت ہے اور تیرے لیے وہ جو تم نے اجر طلب کیا۔ (بیہقی، شعب الایمان، ترمذی میں ہے کہ آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس کے ساتھ وہ محبت کرتا ہے اور اس کے لیے وہی ہے جو اس نے کمایا۔

[1] جب ایک آدمی دوسرے سے کہے کہ میں تجھ سے محبت کرتا ہوں تو اس کا جواب یہ دیا جائے کہ اللہ تجھ سے محبت کرے۔

[2] تو نے اس کے ساتھ اللہ کی خاطر محبت کی اس کا اجر تجھے ملے گا اور ہر عمل میں یہی معاملہ ہوتا ہے، احتساب کا معنٰی اللہ تعالٰی سے ثواب و اجر کا ارادہ کرنا ہے، حِسْبہ حا کے نیچے زیر، سین ساکن یہ اسم ہے۔ اصل میں یہ لفظ حساب ہے جس کا معنی شمار کرنا ہے گویا انسان وہ عمل نیت ثواب سے شمار کرتا ہے۔

٤٧٩٦ وَعَنْ اَبِي سَعِيْدٍ اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تُصَاحِبْ اِلَّا مُؤْمِنًا وَلَا يَاْكُلْ طَعَامَكَ اِلَّا تَقِيٌّ .
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا مومن کے سوا کسی سے دوستی نہ لگاؤ اور تیرا کھانا پرہیزگار کے علاوہ کوئی نہ کھائے۔
(ترمذی، ابوداؤد، دارمی)

[1] یعنی مسلمان سے دوستی رکھو کافر سے نہیں یا مسلمان صالح سے دوستی رکھو۔ فاسق سے نہیں۔ بعد کا حصہ حدیث اسی پر قرینہ ہے۔

[2] تیرا طعام حلال ہونا چاہیے تاکہ متقی لوگ اسے کھائیں اور تجھے چاہیے کہ اپنا کھانا متقین کو کھلائے۔

[3] کفار و فاسقین کے ساتھ کھانے اور مصاحبت سے اس لیے منع کیا تاکہ ان کی بری صفات انسان پیدا نہ ہوں اور شارحین نے بیان کیا ہے کہ اس طعام سے مراد طعام دعوت ہے۔ طعام حاجت نہیں، کیونکہ اللہ تعالٰی نے ہر یتیم، مسکین، اور اسیر کو کھانا کھلانے کو پسند فرمایا ہے اور مسلمانوں کے ہاں اسیر کافر ہوتے تھے لہٰذا کافر کو حاجت کے لیے دینے میں کوئی حرج نہیں۔

٤٧٩٧ وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْءُ عَلٰى دِيْنِ خَلِيْلِهٖ فَلْيَنْظُرْ اَحَدُكُمْ مَنْ يُخَالِلُ . (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَقَالَ النَّوَوِيُّ اِسْنَادُهٗ صَحِيْحٌ .

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا انسان اپنے دوست کے دین و طریقے پر ہوتا ہے تو ہر ایک غور کرے کہ وہ کس سے محبت کرتا ہے۔ (مسند احمد، ابوداؤد، بیہقی شعب الایمان۔ ترمذی کے نزدیک یہ حدیث حسن غریب ہے اور امام نووی کہتے ہیں کہ اس کی سند صحیح ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سلہ جو کسی کو دوست رکھتا ہے وہ اس کے مذہب اور سیرت پر ہوتا ہے۔
سلہ اس طویل گفتگو کا مقصد ان لوگوں پر رد ہے جنہوں نے اس حدیث کو موضوع کہا مثلاً حافظ سراج الدین قزوینی نے صاحب مصابیح پر گرفت کرتے ہوئے کہا کہ یہ روایت موضوع ہے۔ حافظ ابن حجر عسقلانی نے ان کا رد کرتے ہوئے کہا کہ ترمذی نے اسے حسن اور حاکم نے صحیح قرار دیا ہے (کذا قال السیوطی)

۴۷۹۸/۱۶ وَعَنْ يَزِيدَ بْنِ نُعَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اٰخَى الرَّجُلُ الرَّجُلَ فَلْيَسْأَلْهُ عَنِ اسْمِهِ وَاسْمِ اَبِيهِ وَمِمَّنْ هُوَ فَاِنَّهُ اَوْصَلُ لِلْمَوَدَّةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت یزید بن نعامہ رضی اللہ تعالٰی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی شخص کسی سے بھائی چارہ کرے تو اس سے اس کا نام والد کا اور اس کے قبیلہ کا نام پوچھ لے کیونکہ یہ دوستی کو مضبوط کرنے والی چیزیں ہیں۔ (ترمذی)

سلہ نعامہ۔ نون پر زبر۔ یہ صحابی ہیں غزوہ حنین کے موقعہ پر کفار کے ساتھ تھے اس کے بعد اسلام لائے۔ امام ترمذی کہتے ہیں کہ ان کا سماع حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے معلوم نہیں۔ صاحب جامع الاصول نے ان کو صحابہ میں شمار کیا ہے۔ ابو حاتم کہتے ہیں کہ یہ صحابی نہیں تابعی ہیں۔ ابن حبان نے ان کا ذکر ثقات میں کیا ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۴۷۹۹/۱۷ عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَتَدْرُونَ اَيُّ الْاَعْمَالِ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى قَالَ قَائِلٌ اَلصَّلٰوةُ وَالزَّكٰوةُ وَقَالَ قَائِلٌ اَلْجِهَادُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَبَّ الْاَعْمَالِ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى اَلْحُبُّ فِي اللّٰهِ وَالْبُغْضُ فِي اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَرَوٰى اَبُوْدَاوٗدَ الْفَصْلَ الْاَخِيْرَ)

حضرت ابو ذر رضی اللہ تعالٰی عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا تم جانتے ہو اللہ تعالٰی کو کونسا عمل زیادہ پسند ہے کسی نے نماز و زکوٰۃ کا ذکر کیا اور کسی نے جہاد کا آپ نے فرمایا اللہ تعالٰی کو سب سے پیارا عمل اللہ کی خاطر محبت اور اس کی خاطر عداوت رکھنا ہے سلہ
(مسند احمد، ابو داؤد نے اس کا آخری حصہ روایت کیا ہے۔)

سلہ یہاں ایک اشکال ہے کہ یہ عمل نماز زکوٰۃ اور جہاد سے افضل کیسے ہو سکتا ہے؟ حالانکہ وہ تمام اعمال سے مطلقاً افضل ہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ جو شخص اللہ کی رضا کی خاطر انبیاء و اولیاء کے ساتھ محبت رکھتا ہو گا وہ یقیناً ان کی اتباع و اطاعت کرے گا اور جو اللہ کی رضا کی خاطر دشمنان دین کے ساتھ دشمنی رکھتا ہو گا وہ دین کی مخالف قوتوں کے خلاف ضرور جہاد کرے گا لہٰذا اس عمل میں نماز زکوٰۃ وغیرہ تمام آجاتے ہیں، گویا آپ نے فرمایا کہ اعمال و طاعات کی اصل اللہ کی محبت یا اس کی ناراضگی ہے۔ بعض شارحین نے کہا احب ہونے سے افضل ہونا لازم نہیں آتا۔ اگرچہ نماز و زکوٰۃ اور جہاد افضل اعمال ہیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

گر حب اللہ اور بغض اللہ محبوب تر ہے۔

۱؎ آخری حصہ ان احب الاعمال الخ روایت کیا مگر ابتدائی سوال وجواب کا تذکرہ نہیں کیا۔

۴۸۰۰/۱۸ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَحَبَّ عَبْدٌ عَبْدًا لِلّٰهِ اِلَّا اَكْرَمَ رَبَّهٗ عَزَّ وَجَلَّ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی بندے سے اللہ کی خاطر محبت کرتا ہے وہ اپنے رب کریم کا احترام واکرام کرتا ہے۱؎۔ (مسند احمد)

۱؎ کیونکہ جب وہ اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر اس کے بندے سے محبت کر رہا ہے تو اللہ تعالیٰ سے محبت کا عالم تو نہایت کامل وافضل ہوگا۔ اور کمال دوستی کی یہ علامت ہے کہ اپنے محبوب کے متعلقین کے ساتھ محبت ہو۔

۴۸۰۱/۱۹ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ اَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَلَا اُنَبِّئُكُمْ بِخِيَارِكُمْ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ خِيَارُكُمُ الَّذِيْنَ اِذَا رُءُوْا ذُكِرَ اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت اسماء بنت یزید۱؎ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کیا میں تمہیں بہترین مسلمان کے بارے میں نہ بتاؤں؟ صحابہ نے عرض کیا یارسول اللہ ضرور بتائیں فرمایا: تم میں سے بہتر وہ ہے کہ اسے دیکھتے ہی خدا یاد آجائے۲؎۔ (ابن ماجہ)

۱؎ اسما بنت یزید بن سکن مشہور صحابیہ ہیں۔

۲؎ اس وجہ سے کہ ان کے وجود پر طاعت کے انوار کا ظہور کامل طور پر ہوتا ہے، ان کے احوال واعمال پر قرب الٰہی کا مشاہدہ ہوتا ہے اور ان کے اعمال میں استقامت ہوتی ہے، ان کی محبت انسان کو اللہ تعالیٰ کی محبت کی طرف راغب کردیتی ہے پس ان کے ساتھ محبت فی اللہ اور لوجہ اللہ ہی ہوگی۔

۴۸۰۲/۲۰ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ عَبْدَيْنِ تَحَابَّا فِی اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَاحِدٌ فِی الْمَشْرِقِ وَاٰخَرُ فِی الْمَغْرِبِ لَجَمَعَ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَقُوْلُ هٰذَا الَّذِیْ كُنْتَ تُحِبُّهٗ فِیَّ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اگر دو شخص ایسے ہیں اللہ کی رضا کے لیے محبت کرتے تھے ان میں سے ایک مشرق اور دوسرا مغرب میں تو اللہ تعالیٰ روز قیامت ان کو جمع فرمادے گا اور فرمائے گا کہ یہ وہ ہے جس کے ساتھ تو میری وجہ سے محبت کرتا تھا۔

۴۸۰۳/۲۱ وَعَنْ اَبِیْ رَزِيْنٍ اَنَّهٗ قَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اَدُلُّكَ عَلٰى مِلَاكِ هٰذَا الْاَمْرِ الَّذِیْ تُصِيْبُ بِهٖ خَيْرَ الدُّنْيَا وَ

حضرت ابورزین۱؎ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ مجھے رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں اس چیز کی اصل۲؎ نہ بتاؤں جس سے تم دنیا و آخرت

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

الْاٰخِرَةِ عَلَيْكَ بِمَجَالِسِ اَهْلِ الذِّكْرِ وَاِذَا خَلَوْتَ فَحَرِّكْ لِسَانَكَ مَا اسْتَطَعْتَ بِذِكْرِ اللّٰهِ وَاَحِبَّ فِي اللّٰهِ وَاَبْغِضْ فِي اللّٰهِ يَا اَبَا رَزِيْنٍ هَلْ شَعَرْتَ اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهٖ زَائِرًا اَخَاهُ شَيَّعَهٗ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ كُلُّهُمْ يُصَلُّوْنَ عَلَيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اِنَّهٗ وَصَلَ فِيْكَ فَصِلْهُ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تُعْمِلَ جَسَدَكَ فِيْ ذٰلِكَ فَافْعَلْ. (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

کی بھلائی پالے اتم ذکر والوں کی مجلس کو لازم پکڑو اور جب تم تنہائی میں ہو تو جہاں تک ہو سکے اپنی زبان کو ذکرِ الٰہی سے تر رکھو اور اللہ کی خاطر محبت اور عداوت کرو اے ابورزین! کیا تمہیں خبر ہے جب کوئی شخص اپنے بھائی کی ملاقات کے لیے گھر سے نکلتا ہے تو اسے ستر ہزار فرشتے پہنچاتے[۴] ہیں اور تمام اس کے لیے دعا[۵] کرتے ہیں کہ اے اللہ! اس نے تیری خاطر اس سے تعلق قائم کیا ہے لہٰذا اس کے ساتھ تعلق قائم فرما اور اگر تم اپنے جسم سے کام لے سکتے ہو تو ایسا ہی کرو۔

[۱] رزین، را پر زبر، زا کے نیچے زیر ان کا نام لقیط ہے۔ مشہور صحابی اور اہلِ طائف میں سے ہیں۔

[۲] ملاک، میم کے نیچے زیر وہ چیز جس کی وجہ سے آدمی پاؤں پر کھڑا ہو جیسے کہ دل کو جسم کا ملاک کہتے ہیں۔

[۳] مجلس اور تنہائی دونوں حال میں ذاکر بن جاؤ۔

[۴] تشایعت کسی کو منزل تک پہنچانا۔

[۵] اس کے لیے دعاء مغفرت بھی کرتے ہیں۔

۴۸۰۴/۲۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَعُمُدًا مِنْ يَاقُوْتٍ عَلَيْهَا غُرَفٌ مِّنْ زَبَرْجَدٍ لَهَا اَبْوَابٌ مُفَتَّحَةٌ تُضِيْءُ كَمَا يُضِيْءُ الْكَوْكَبُ الدُّرِّيُّ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ يَسْكُنُهَا قَالَ الْمُتَحَابُّوْنَ فِي اللّٰهِ وَالْمُتَجَالِسُوْنَ فِي اللّٰهِ وَالْمُتَلَاقُوْنَ فِي اللّٰهِ. (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الثَّلَاثَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے ساتھ تھا تو آپ نے فرمایا جنت میں یاقوت کے کچھ ستون[۱] ہیں جن پر زبرجد کے بالا خانے[۲] ہیں ان کے دروازے کھلے ہوئے ہیں اور ایسے[۳] چمکتے ہیں جیسے روشن ستارہ، تو صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! ان میں کون رہے گا؟ فرمایا: اللہ کی خاطر آپس میں محبت کرنے والے اللہ کی محبت کی خاطر آپس میں مل بیٹھنے والے اور ملاقات کرنے والے۔

یہ تینوں احادیث بیہقی نے شعب الایمان میں ذکر کی ہیں۔

[۱] عمد، عین اور میم دونوں پر پیش ہے۔ عمود کی جمع ہے۔

[۲] غرف، غین پر پیش، بلند منزل۔

[۳] وہ بالاخانے یا دروازے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَابُ مَا یُنْھٰی عَنْہُ مِنَ التَّھَاجُرِ وَالتَّقَاطُعِ وَاتِّبَاعِ الْعَوْرَاتِ

۲۲۳۔ قطع تعلق اور عیب تلاش کرنے کی ممانعت

صراح میں تہاجر کا معنی کاٹنا آیا ہے۔ قاموس میں تہاجران کا معنی یہ کہا گیا ہے کہ ان دونوں نے آپس میں قطع تعلق کر لیا۔ ہجر زبر کے ساتھ اور ہجران زیر کے ساتھ دونوں طرح ہے، تہاجر کا معنی تقاطع ہے اس لیے لفظ تقاطع برائے بیان وتفسیر ہوگا۔ یہاں ملاقات اور سلام کا دوسرے مسلمان سے ترک کرنا مراد ہے۔ اور اس سے رشتہ اخوت تین دن سے زیادہ منقطع رکھنا ہے اور یہ مطلقاً ممنوع ہے۔ اسی وجہ سے مایُنھی عنہ من التہاجر، کہا۔ عورات عورت کی جمع ہے پیچھے گزر چکا ہے کہ عورت سے مراد ہر وہ شے ہے جس کے ظاہر کرنے سے آدمی عار محسوس کرے اور اسے ناپسند کرے اور ایسے عیوب جن کے مخفی ہونے کو پسند کرے، اتباع عورات سے یہاں لوگوں کے عیوب تلاش کرنا مراد ہے چونکہ یہ دونوں اشیاء ترک وقطع تعلق کا باعث ہیں لہٰذا ان کو ایک باب میں ذکر کیا۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ — پہلی فصل

۴۸۰۵ عَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَحِلُّ لِلرَّجُلِ اَنْ یَّھْجُرَ اَخَاہُ فَوْقَ ثَلٰثِ لَیَالٍ یَلْتَقِیَانِ فَیُعْرِضُ ھٰذَا وَیُعْرِضُ ھٰذَا وَخَیْرُھُمَا الَّذِیْ یَبْدَأُ بِالسَّلَامِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا کسی آدمی کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ اپنے بھائی سے[1] تین دن سے زائد قطع تعلق کرے اور ملاقات[2] کے وقت دونوں ایک دوسرے کی طرف سے منہ پھیر لیں اور دونوں میں بہتر وہ ہے جو سلام میں پہل[3] کرے۔ (بخاری ومسلم)

[1] اس سے واضح ہوتا ہے کہ تین روز سے کم قطع تعلق حرام نہیں ہے کیونکہ آدمی کی طبیعت میں غصہ اور بدخلقی وتعصب موجود ہے اس لیے یہ معاف ہے اور اکثر طور پر اس کے زوال یا کم ہو جانے کے لیے تین دن کی مدت ہوتی ہے۔

[2] یہ اس قطع تعلق کی تفصیل ہے۔

[3] یعنی کدورت ختم کر کے سلام کرنا ہے اور یہ مقدار کافی ہے کیونکہ اس سے کم میں حق مسلمانی ادا نہیں ہوتا۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سے یہاں مراد ایسی ترک اخوت و محبت ہے جو غیبت وغیرہ کی وجہ سے ہو اور اگر امور دینیہ اور ملیہ کی وجہ سے اہل بدعت اور نفس پرست لوگوں کے ساتھ توبہ اور رجوع تک قطع تعلق میں کوئی حرج نہیں۔ امام سیوطی نے حاشیہ مؤطا میں شیخ ابن عبدالبر سے نقل کیا ہے کہ اگر کوئی شخص تعلق جوڑنے سے اس لیے ڈرتا ہے کہ میرے دین و دنیا میں فساد فتنہ نہ ہو تو اس میں بھی حرج نہیں لیکن یہ دوری احسن انداز میں ہو۔ نہ غیبت، عیب گوئی اور کینہ رکھا جائے۔ احیاء العلوم میں بعض اسلاف سے صحابہ کے بارے میں نقل کیا ہے کہ ان میں سے بعض نے دوسروں کے ساتھ تا عمر انقطاع رکھا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تین اشخاص کے ساتھ غزوہ تبوک میں عدم شرکت کی وجہ سے پچاس دن تک خود تعلق منقطع کیا صحابہ اور ان کی بیویوں کو بھی اس بات کا حکم دیا تاکہ وہ منافقین کی راہ نہ اپنائیں۔ اسی طرح ایک ماہ تک آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی ازواج مطہرات کے ساتھ تعلق منقطع فرمایا۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ابن زبیر کے ساتھ مدت تک انقطاع رکھا۔ امام احمد بن حنبل نے شیخ محاسبی کی صحبت ترک کر دی کیونکہ انہوں نے علم کلام میں کتاب لکھی تھی لیکن یہ تمام کے تمام انقطاع حسن نیت کی بنا پر تھے، اس میں کوئی نفسانی غرض نہ تھی۔

۴۸۰۶ (۲) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ فَاِنَّ الظَّنَّ اَكْذَبُ الْحَدِيْثِ وَلَا تَحَسَّسُوْا وَلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا تَنَاجَشُوْا وَلَا تَحَاسَدُوْا وَلَا تَبَاغَضُوْا وَلَا تَدَابَرُوْا وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ اِخْوَانًا وَفِيْ رِوَايَةٍ وَلَا تَنَافَسُوْا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بدگمانی سے بچو کیونکہ یہ بدترین جھوٹ[1] ہے۔ غیبت[2] جوئی نہ کرو، نہ کسی کی خفیہ باتیں سنو اور نہ بڑھ[3] چڑھ کر بولی دو، حسد نہ کرو، عداوت نہ رکھو۔ ایک دوسرے کی غیبت نہ کرو، اے اللہ کے بندو آپس میں بھائی بھائی ہو جاؤ اور ایک روایت میں ہے کہ نفسانیت نہ کرو۔ (بخاری و مسلم)

[1] کیونکہ اس میں ایک آدمی دوسرے کے بارے میں گمان کرتا ہے کہ وہ ایسے ہے حالانکہ واقع میں ایسا نہیں ہوتا اور یہ جھوٹ ہی ہے۔ حدیث سے مراد حدیث نفس ہے جو شیطانی وسوسہ ہوتا ہے اکذب کہنے کی وجہ یہی ہے یا مبالغہ ہے۔ قرآن مجید میں ہے اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ (یقیناً بعض گمان گناہ ہیں) یہاں گمان سے مراد بدگمانی ہے بعض شارحین نے لکھا ہے کہ اس بدگمانی سے منع کیا گیا ہے جس پر جزم ہو اور جو صرف دل میں کھٹکے وہ منع نہیں اور بعض کی رائے یہ ہے کہ بدگمانی اس وقت گناہ بنے گی جب اسے زبان پر لایا جائے الغرض مراد یہ ہے کہ اس گمان پر دلیل نہ ہو یا دلائل متعارض ہوں لیکن اگر کسی گمان پر دلیل اور قرینہ واضح ہو تو اس پر گرفت نہیں۔

[2] لَا تَحَسَّسُوْا وَلَا تَجَسَّسُوْا پہلے میں حا اور دوسرے میں جیم ہے تحسس اور تجسس میں کسی لحاظ سے فرق ہے۔ قاموس میں فصل جیم کے تحت ہے کہ جس، خبر میں تفحص کرنا ہوتا ہے جیسے تجسس اور جاسوس میں ہے جیسن جس کا معنی بُرے راز والا ہے۔ اسی سے مشتق ہے اور فصل حا میں ہے کہ حاسوس نہ جاسوس کے معنی میں ہے یا حاسوس خبر خیر اور جاسوس خبر شر کے ساتھ مخصوص ہے۔ بعض شارحین کہتے ہیں کہ جیم کے ساتھ ہو تو اس کا معنی کسی خبر کا نرمی

سے معلوم کرنا اور حاء کے ساتھ ہو تو خبر کا حواس کے ذریعے حاصل کرنا ہوتا ہے۔ مثلاً چوری اور خفیہ سننا اور دیکھنا، بعض کی رائے یہ ہے کہ بُری باتوں کی تلاش تجسس ہے یہاں کا سماع تحسس ہے اور ایک رائے یہ بھی ہے کہ تجسس (جیم کے ساتھ) سے مراد دوسرے کے لیے خبر کا طلب کرنا اور تحسس (حاء کے ساتھ) اپنے لیے خبر طلب کرنا ہے۔ طیبی کہتے ہیں کہ پہلے سے مراد لوگوں کے عیوب اور ان کے مخفی معاملات کی جستجو ہے خواہ ذاتی طور پر ہو یا کسی کی مدد و تعاون سے ہو اور دوسرے سے مراد ذاتی طور پر ایسا کرنا ہے اور دوسرے کی خبر کی خبر و اطلاع سے منع کی وجہ یہ ہے کہ شاید اس کی وجہ سے حسد یا لالچ پیدا ہو۔

سے نجش جیم ساکن ہے کسی چیز کا زیادہ بھاؤ لگانا۔ اصلاً اس کا ترجمہ کسی کو برانگیختہ کرنا ہے۔ بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ اس حدیث میں تناجش سے مراد ایک دوسرے کو شر اور لڑائی کے لیے ورغلانا ہے۔

سے حسد، غیر ظالم سے زوالِ نعمت کی تمنا یا یہ آرزو کرنا ہے کہ یہ نعمت مجھے مل جائے (کذا فی القاموس)

ہے یعنی ان اسباب سے بچو جن کی بنا پر آپس میں بغض و عداوت پیدا ہوتا ہے ورنہ محبت و عداوت فطری چیزیں ہونے کی وجہ سے بندے کی قدرت میں نہیں۔ بعض شارحین کہتے ہیں کہ یہاں اس بغض سے منع کیا گیا ہے جو بطور بدعت و لالچ دعووں میں ہو کیونکہ دین میں برائی کی ایجاد اور سیدھے راستے سے ہٹ جانا بغض و عداوت کا سبب ہے۔

سے علامہ طیبی کہتے ہیں کہ تدابر کا معنی تقاطع ہے کیونکہ دونوں ایک دوسرے کو پشت دیتے ہیں یعنی ادا حقوق سے اعراض کر لیتے ہیں۔

سے جب تم ایک مالک کے بندے ہو اور عبودیت میں برابر ہو تو ایک دوسرے بھائی سے حسد و بغض سے بچو۔

ے تنافس کا معنی حسد کرنا ہے یا اس کے قریب ہوتا ہے یہ بھی احتمال ہے کہ اس سے مراد دنیا کی طرف رغبت ہو جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ مجھے ڈر ہے کہ تم پر دنیا فراخ ہو جائے گی اور تم اس میں رغبت کرو گے۔ تَنَافَسْتَ فِیْ شَیْءٍ کا معنی رَغِبْتَ فِیْہِ ہے۔

۴۸۰۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُفْتَحُ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَيَوْمَ الْخَمِيْسِ فَيُغْفَرُ لِكُلِّ عَبْدٍ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا اِلَّا رَجُلٌ كَانَتْ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ اَخِيْهِ شَحْنَاءُ فَيُقَالُ اَنْظِرُوْا هٰذَيْنِ حَتّٰى يَصْطَلِحَا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

انہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وسلم نے فرمایا سوموار اور جمعرات کے دن جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور ہر اس شخص کو بخش دیا جاتا ہے جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائے مگر اس شخص کو جس کے اور اس کے دوسرے بھائی کے درمیان عداوت ہو اور کہا جاتا ہے کہ انہیں مہلت دو یہاں تک کہ یہ دونوں صلح کر لیں۔ (مسلم)

لے بعض محدثین نے کہا کہ اس سے کثرت بخشش، مخلوق کے جرائم سے درگزر، اعطاء ثواب اور رفعت درجات مراد ہے لیکن صواب یہی ہے کہ ان کو اپنے ظاہر پر محمول کیا جائے کیونکہ جب تک کوئی امر مانع نہ ہو نصوص کو ان کے ظاہر پر

محمول کرنا واجب ہوتا ہے البتہ دروازوں کا کھلنا معافی و درگزر کی علامت ہے۔

۲؎ فرشتوں سے کہا جاتا ہے اَنْظِرُوا ہمزہ پر زبر ظا کے نیچے زیر۔ باب افعال سے امر ہے اس کا معنی مہلت دینا ہے۔

۴۸۰۸ / ۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُعْرَضُ اَعْمَالُ النَّاسِ فِيْ كُلِّ جُمُعَةٍ مَرَّتَيْنِ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَيَوْمَ الْخَمِيْسِ فَيُغْفَرُ لِكُلِّ عَبْدٍ مُؤْمِنٍ اِلَّا عَبْدًا بَيْنَهُ وَبَيْنَ اَخِيْهِ شَحْنَاءُ فَيُقَالُ اُتْرُكُوْا هٰذَيْنِ حَتّٰى يَفِيْئَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

انہی سے مروی ہے رسول پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہر ہفتہ میں لوگوں کے اعمال دو مرتبہ سوموار اور جمعرات کو پیش کیے جاتے ہیں۱؎ اور ہر بندہ مومن کو بخش دیا جاتا ہے ماسوائے اس کے جن دونوں کے درمیان کینہ ہو تو کہا جاتا ہے کہ ان کو چھوڑ دو یہاں تک کہ یہ رجوع کریں (مسلم)

۱؎ بارگاہ خداوندی میں یا اس کے فرشتے کے پاس جو صحف اعمال کو جمع کرتا ہے۔ جمعہ چونکہ ہفتہ کا آخری دن ہوتا ہے اس لیے اس پر ہفتہ کا اطلاق کر دیا گیا۔

۴۸۰۹ / ۵ وَعَنْ اُمِّ كُلْثُوْمٍ بِنْتِ عُقْبَةَ بْنِ اَبِيْ مُعَيْطٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيْسَ الْكَذَّابُ الَّذِيْ يُصْلِحُ بَيْنَ النَّاسِ يَقُوْلُ خَيْرًا وَيَنْمِيْ خَيْرًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَزَادَ مُسْلِمٌ قَالَتْ وَلَمْ اَسْمَعْهُ تَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرَخِّصُ فِيْ شَيْءٍ مِمَّا يَقُوْلُ النَّاسُ كَذِبٌ اِلَّا فِيْ ثَلٰثٍ اَلْحَرْبُ وَالْاِصْلَاحُ بَيْنَ النَّاسِ وَحَدِيْثُ الرَّجُلِ امْرَاَتَهٗ وَحَدِيْثُ الْمَرْاَةِ زَوْجَهَا وَذُكِرَ حَدِيْثُ جَابِرٍ اِنَّ الشَّيْطٰنَ قَدْ اَيِسَ فِيْ بَابِ الْوَسْوَسَةِ۔

حضرت ام کلثوم بنت عقبہ ابن ابی معیط رضی اللہ تعالیٰ عنہا۱؎ بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا وہ جھوٹا نہیں جو دو آدمیوں کے درمیان صلح کرا دے اور بھلی بات کہے اور بھلی بات پہنچائے۲؎ (بخاری و مسلم) مسلم نے یہ اضافہ کیا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو تین مقامات کے علاوہ کسی مقام پر لوگوں کو جھوٹ بولنے کی اجازت نہیں دی۔ جنگ۳؎، لوگوں کے درمیان صلح اور خاوند کی بیوی کے ساتھ اور بیوی کا خاوند کے ساتھ۴؎ اور وہ حدیث جابر باب الوسوسہ میں گزر چکی ہے کہ شیطان مایوس ہو چکا ہے۔

۱؎ مکہ میں اسلام لائیں اور ہجرت کی روایات میں ہے کہ مکہ میں یہ شادی شدہ تھیں، مدینہ طیبہ میں ان کا نکاح حضرت عبدالرحمن بن عوف کے ساتھ ہوا۔ ان کی وفات کے بعد حضرت عمرو بن العاص کے ساتھ عقد ہوا۔ اس کے چند دن بعد فوت ہو گئیں ان کے والد کا نام عقبہ (عین پر پیش، قاف ساکن) ابن ابی معیط (میم پر پیش، عین پر زبر، یا ساکن) بن عمرو بن امیہ بن عبد شمس ہے جو مشہور مشرک تھا اور بدر میں مارا گیا تھا۔

۲؎ اگرچہ اس نے جھوٹ بول کر صلح کروائی۔

۳؎ مراد یہی گفتگو ہے جو صلح پیدا کرے اگرچہ واقعہ میں وہ نہ ہو۔

۴؎ ایسی گفتگو کرنا جس سے لشکر اسلام میں طاقت و قوت پیدا ہو اور دشمن فریب کھا جائے اگرچہ خلاف

Scanned By Marfat.com　　Downloaded From Paksociety.com

واقع ہو۔

ؔ ان دونوں کی طرف سے ایسی گفتگو نقل کرنا جو صلح واتفاق کا موجب ہو اگرچہ واقع میں انہوں نے نہ کی ہو۔

ؔ ایک دوسرے کو خوش کرنے کے لیے کہا جائے تاکہ آپس میں اضافہ محبت ہو۔

ؔ وہ حدیث جابر جس کا ابتدائی جملہ یہ ہے اِنَّ الشَّیْطَانَ قَدْ اَیِسَ اوائل کتاب میں گزر چکی ہے اور مصابیح میں اسی جگہ مذکور ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ — دوسری فصل

۴۸۱۰ عَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ یَزِیْدَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَحِلُّ الْکَذِبُ اِلَّا فِیْ ثَلٰثٍ کَذِبُ الرَّجُلِ امْرَاَتَہٗ لِیُرْضِیَھَا وَالْکَذِبُ فِی الْحَرْبِ وَالْکَذِبُ لِیُصْلِحَ بَیْنَ النَّاسِ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ)

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالٰی عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا جھوٹ تین مقامات کے علاوہ جائز نہیں، آدمی کا اپنی بیوی کو راضی کرنے کے لیے، حالتِ جنگ میں اور لوگوں کے درمیان صلح ؔ کرنے کے لیے جائز ہے۔ (احمد، ترمذی)

ؔ بیوی کا خاوند کے لیے ایسا کرنا اس کا ذکر یہاں اس لیے نہیں آیا کہ اکثر طور پر مذکورہ صورت کی ضرورت ہی پڑتی ہے کیونکہ خواتین معاملات سے ناواقف ہوتی ہیں اور ان میں بدگمانی کا پہلو غالب ہوتا ہے لہٰذا ان کو اکثر طور پر راضی رکھنا پڑتا ہے۔ اور حدیث سابقہ میں دونوں کا ذکر آیا تھا۔

ؔ تاکہ لوگوں کے درمیان تعلقات منقطع نہ ہوں۔

۴۸۱۱ وَعَنْ عَآئِشَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَکُوْنُ لِمُسْلِمٍ اَنْ یَّھْجُرَ مُسْلِمًا فَوْقَ ثَلٰثَۃٍ فَاِذَا لَقِیَہٗ سَلَّمَ عَلَیْہِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ کُلَّ ذٰلِکَ لَا یَرُدُّ عَلَیْہِ فَقَدْ بَآءَ بِاِثْمِہٖ۔ (رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا کسی مسلمان کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ دوسرے مسلمان کے ساتھ تین دن سے زائد تعلق منقطع ؔ رکھے تو جب اسے ملے تو تین بار سلام کہے تو اگر دوسرے نے ہر بار جواب نہ دیا تو وہ اس کا گناہ ؔ لے کر لوٹے گا۔ (ابوداؤد)

ؔ صحبت وسلام

ؔ تعلق منقطع رکھنے کا یا اپنے گناہ یا سلام دینے والے مسلمان کے گناہ یعنی سلام دینے والا تعلق کو منقطع کرنے کے گناہ سے فارغ ہو گیا اور جواب نہ دینے والے نے اپنی گردن پر گناہ لے لیا بلکہ سلام دینے والے کا گناہ بھی اس کی گردن پر ہوگا کیونکہ اس نے اس کے سلام کا جواب نہیں دیا۔

۴۸۱۲ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ یَّھْجُرَ اَخَاہُ فَوْقَ ثَلٰثٍ فَمَنْ ھَجَرَ فَوْقَ ثَلٰثٍ فَمَاتَ دَخَلَ النَّارَ۔
(رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤدَ)

رسول اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ دوسرے مسلمان بھائی سے تین دن سے زائد تعلق منقطع رکھے پس جو شخص تین دن سے زائد تعلق منقطع رکھے گا اور مر گیا تو وہ دوزخ میں داخل ہو گیا۔[1]
(مسند احمد، ابوداؤد)

[1] یعنی وہ دوزخ میں داخلے کا مستحق ہو گیا جب کہ انسان گناہ میں مبتلا ہوتا ہے تو گویا وہ آگ میں ہے اگر مذکورہ شخص زندہ رہے تو آگ میں ہی رہا۔

۴۸۱۳/۹ وَعَنْ اَبِیْ خِرَاشٍ السُّلَمِیِّ اَنَّہٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ ھَجَرَ اَخَاہُ سَنَۃً فَھُوَ کَسَفْکِ دَمِہٖ۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابو خراش سلمی رضی اللہ تعالٰی عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا جس شخص نے اپنے بھائی سے ایک سال تک تعلق منقطع رکھا وہ اس کے خون بہانے کی طرح ہے (ابوداؤد)

[1] خراش، خا کے نیچے زیر، شین پر پیش، لام پر زبر اور مخفف۔ بعض کے نزدیک سُلمی کے بجائے اسلمی ہے ان کا اسم گرامی حیدر بروزن جعفر ہے صحابی ہیں، امام ابوداؤد نے ان سے یہی ایک حدیث روایت کی ہے۔

[2] گناہ شدید مرتب ہونے کی وجہ سے ورنہ یہ جمیع وجوہ کے اعتبار سے قتل کی طرح نہیں ہے کیونکہ قتل کا شرک کے بعد درجہ ہے مقصود تعلق منقطع کرنے سے منع میں مبالغہ اور تاکید ہے۔ چونکہ ایک سال کا انقطاع عادۃً نہیں ہوتا یہ انقطاع رہا گویا اتنا تکلیف دہ ہے کہ غصہ اور رغم کی وجہ سے قتل کرتا ہے۔

۴۸۱۴/۱۰ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَحِلُّ لِمُؤْمِنٍ اَنْ یَّھْجُرَ مُؤْمِنًا فَوْقَ ثَلٰثٍ فَاِنْ مَرَّتْ بِہٖ ثَلٰثٌ فَلْیَلْقَہٗ فَلْیُسَلِّمْ عَلَیْہِ فَاِنْ رَدَّ عَلَیْہِ السَّلَامَ فَقَدِ اشْتَرَکَا فِی الْاَجْرِ وَاِنْ لَّمْ یَرُدَّ عَلَیْہِ فَقَدْ بَاءَ بِالْاِثْمِ وَخَرَجَ الْمُسَلِّمُ مِنَ الْھِجْرَۃِ۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا کسی مومن کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ دوسرے مومن سے تین دن سے زائد تعلق منقطع رکھے۔ اگر تین دن گزر جائیں تو اس سے ملے اسے سلام کہے اگر وہ جواب دے دے تو دونوں ثواب میں شریک ہو گئے اور اگر وہ جواب نہ دے تو وہ گناہ لے کر لوٹا سلام کرنے والا اس گناہ سے محفوظ ہو گیا۔ (ابوداؤد)

[1] وصل اور ترک ہجر کی وجہ سے پہلے کو ابتداءً سلام اور ترک ہجر اور دوسرے کو جواب سلام اور قبول کرنے کی وجہ سے اجر ہو گا۔

[2] بعض نسخوں میں باثمہ ہے اور اس کی تشریح پیچھے گزر چکی ہے۔

[3] اور اس کا تمام بوجھ اور گناہ اس دوسرے پر ہو گا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۸۱۵ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِاَفْضَلَ مِنْ دَرَجَۃِ الصِّیَامِ وَالصَّدَقَۃِ وَالصَّلٰوۃِ قَالَ قُلْنَا بَلٰی قَالَ اِصْلَاحُ ذَاتِ الْبَیْنِ وَفَسَادُ ذَاتِ الْبَیْنِ ھِیَ الْحَالِقَۃُ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتاؤں جو روزے، صدقہ اور نماز سے افضل ہے[۱] ہم نے عرض کیا ضرور یا رسول اللہ فرمایا دو بھائیوں کا آپس میں صلح کروانا اور فساد برپا کرنا مونڈ دینے والی چیز ہے۔ (ترمذی اور ابوداؤد نے روایت کر کے کہا کہ یہ حدیث صحیح ہے)

[۱] یعنی اس کا درجہ ان سے افضل ہے۔

[۲] یعنی اگر مسلمانوں کے درمیان بغض و عداوت، لڑائی اور جھگڑا برپا ہو تو اسے محبت و الفت سے بدل کر صلح کروا دینا افضل ترین عمل ہے۔ ذات البین سے وہ احوال مراد ہیں جو لوگوں کے درمیان واقع ہوتے ہیں اور ان کی اصلاح یہ ہے کہ ان کو فساد و لڑائی سے محفوظ کر دیا جائے۔

[۳] حلق سر کا مونڈ دینا حالقہ استرے کو کہا جاتا ہے۔ یہاں مراد ہلاکت اور جڑ سے اکھاڑنا ہے یعنی جس طرح استرہ بالوں کو جڑ سے ختم کرتا ہے اسی طرح آپس کا جھگڑا و لڑائی دین و ثواب کو جڑ سے ختم کر دیتا ہے۔ اس میں لڑائی جھگڑے سے بچ کر محبت و الفت کی راہ اپنانے کی فضیلت کا بیان ہے۔

۴۸۱۶ وَعَنِ الزُّبَیْرِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَبَّ اِلَیْکُمْ دَاءُ الْاُمَمِ قَبْلَکُمُ الْحَسَدُ وَالْبَغْضَاءُ ھِیَ الْحَالِقَۃُ لَا اَقُوْلُ تَحْلِقُ الشَّعْرَ وَلٰکِنْ تَحْلِقُ الدِّیْنَ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ)

حضرت زبیر[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم سے پہلی امتوں میں حسد و بغض کی بیماری سرایت[۲] کر گئی اور یہ[۳] مونڈ دینے والی ہے۔ میں نہیں کہتا کہ یہ بال مونڈنے والی ہے بلکہ یہ تو دین مونڈ دیتی ہے۔ (مسند احمد، ترمذی)

[۱] زبیر بن عوام یہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔

[۲] صراح میں ہے دبیب آہستہ چلنا، ہر زمین پر چلنے والی شئے کو دابہ کہا جاتا ہے۔

[۳] طیبی نے یہی معنی کیا اور کہا کہ یعنی ضمیر بغضاء کی طرف لوٹ رہی ہے اور بغض اگرچہ حسد ہی کا ثمرہ ہے مگر دین میں رخنہ اندازی کے پیشِ نظر اس سے شدید ہے، اور اگر حسد و بغض دونوں کی طرف بتاویل کل واحد ضمیر لوٹائی جائے تو یہ ممکن ہے اس کے بعد حالقہ کی تفسیر بیان کی۔

۴۸۱۷ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِیَّاکُمْ وَالْحَسَدَ فَاِنَّ الْحَسَدَ یَاْکُلُ الْحَسَنَاتِ کَمَا تَاْکُلُ النَّارُ الْحَطَبَ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا حسد سے بچو کیونکہ حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جیسے آگ لکڑیوں کو کھا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

جاتی ہے ۔ (ابوداؤد)

لہ اس روایت سے معتزلہ نے اس بات پر استدلال کیا ہے کہ گناہوں کا ارتکاب انسان کے نیک اعمال کو ختم کر دیتا ہے اور اس کی برائیاں اس کی نیکیوں کو ضائع کر دیتی ہیں، اہل سنت وجماعت اس طرح نہیں فرماتے بلکہ ان کا عقیدہ یہ ہے کہ نیکی برائی کو لے جاتی ہے جس طرح ارشاد باری ہے (اِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ یقیناً نیکیاں برائیوں کو لے جاتی ہیں) اور ان کے استدلال کا جواب یہ ہے کہ یہاں حسد کا نیکیوں کو کھا جانے سے مراد یہ ہے کہ حسد حاسد کو محسود کے جان ومال کی ہلاکت اور ہتکِ حرمت وعزت پر ابھارتا ہے اگرچہ عملاً نہ بھی اس کا عزم وارادہ ضرور ہوتا ہے اور ہتک حرمت میں غیبت خود موجود ہوتی ہے لہٰذا قیامت کے دن حاسد کی نیکیاں اس کے ظلم کے عوض محسود کو دے دی جائیں گی جیسا کہ حدیث میں ہے کہ میری امت میں سے مفلس وہ ہے جو قیامت میں نماز روزہ، عبادات والا تھا مگر کسی کو تکلیف پہنچانے، گالی دینے، مال غصب کر لینے اور خون بہانے کی وجہ سے اس کی تمام نیکیاں ان لوگوں کو مل جائیں گی جن پر اس نے ظلم کیا ہوگا حبطِ اعمال کا معنی یہی ہے یہ نہیں کہ اس کے اعمال نامے سے اعمال محو ونابود ہو جاتے ہیں کیونکہ اگر آج ہی ان کو فنا وختم کر دیا گیا ہوتا تو وہ قیامت کے روز اعمال کیسے لے کر آئے گا حالانکہ حدیث میں اس کے اعمال لانے کا ذکر ہے اور دوسرا جواب یہ ہے کہ صلح وغیرہ کی وجہ سے نیکیاں دوگنی ہو جاتی ہیں۔ پس جب اس نے ارتکاب معصیت کر لیا تو وہ اس اضافے سے محروم ہوگیا۔

۴۸۱۸
۱۴
وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِيَّاكُمْ وَسُوْءَ ذَاتِ الْبَيْنِ فَاِنَّهَا الْحَالِقَةُ ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

انہی سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا آپس میں فساد سے بچو کیونکہ یہ مونڈ ہی دینے[1] والی چیز ہے۔ (ترمذی)

لہ یہ حصر بطور مبالغہ ہے

۴۸۱۹
۱۵
وَعَنْ اَبِيْ صِرْمَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ ضَارَّ ضَارَّ اللهُ بِهٖ وَمَنْ شَاقَّ شَاقَّ اللهُ عَلَيْهِ ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابو صرمہ[1] رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا جو کسی کو نقصان پہنچائے گا[2] اسے اللہ نقصان دے گا اور جو کسی کی مخالفت[3] کرے گا اللہ اس سے مخالفت فرمائے گا (ابن ماجہ ترمذی کے نزدیک یہ حدیث غریب ہے)

لہ ابو صرمہ، صاد کے نیچے زیر را ساکن، یہ انصاری، بدری مازنی اور شاعر صحابی ہیں۔ جاہلیت میں دین ابراہیمی کے مطابق عبادت کیا کرتے تھے جب محبوب خدا صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی آمد مبارک مدینہ طیبہ میں ہوئی تو حاضر ہو کر اسلام لائے اس وقت یہ نہایت بوڑھے تھے۔

سلہ کوئی شرعی وجہ نہ ہو۔ مرقات میں ہے کہ ضرر کا معنی کسی کو تکلیف پہنچانا یہ نفع کے خلاف ہے۔

سلہ شاق، قاف مشدد ہے مرقات میں اس کا معنی مخالفت اور دشمنی ہے لفظ مشاقہ اشق بکسر شین سے مشتق ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اس کا معنی جانب ہے مخالفت کرنے والے بھی ایک دوسرے کی جانب ہوتے ہیں۔ علامہ طیبی کہتے ہیں کہ مشاقہ شقت سے بھی ہو سکتا ہے کہ اپنے ساتھی کو ایسی تکلیف دینا جس کی وہ طاقت نہ رکھتا ہو، اور یہ معنی کلمہ علی کے زیادہ مناسب ہے ورنہ شاقہ بمعنی عداوت ہے بغیر علی کے آتا ہے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے "وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ" (اور جس نے اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی) "وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى" (جس شخص نے ہدایت واضح ہونے کے بعد رسول کی مخالفت کی) اسی بنا پر لفظ مضارہ اور مشاقہ کے درمیان بعض حواشی میں یوں فرق کیا گیا کہ ضرر اور مشقت دونوں قریب المعنی ہیں لیکن ضرر کا استعمال مال کے ضائع کرنے اور مشقت کا بدن کو اذیت دینے کے لیے ہوتا ہے مثلاً طاقت سے بڑھ کر کام لینا۔

۴۸۲۰/۱۶ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَلْعُوْنٌ مَّنْ ضَارَّ مُؤْمِنًا اَوْ مَكَرَ بِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ملعون[1] ہے وہ شخص جو کسی مومن کو نقصان پہنچاتا ہے یا اسے دھوکہ[2] دے (ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

[1] قرب و رحمت الٰہی سے وہ دھتکار دیا جاتا ہے۔

[2] مرقاۃ میں مکر کے معانی حیلہ بدسگالی اور فریب دینا ہیں۔

۴۸۲۱/۱۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ صَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَنَادٰى بِصَوْتٍ رَّفِيْعٍ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ مَنْ اَسْلَمَ بِلِسَانِهٖ وَلَمْ يُفْضِ الْاِيْمَانُ اِلٰى قَلْبِهٖ لَا تُؤْذُوا الْمُسْلِمِيْنَ وَلَا تُعَيِّرُوْهُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا عَوْرَاتِهِمْ فَاِنَّهٗ مَنْ يَّتَّبِعْ عَوْرَةَ اَخِيْهِ الْمُسْلِمِ يَتَّبِعِ اللّٰهُ عَوْرَتَهٗ وَمَنْ يَّتَّبِعِ اللّٰهُ عَوْرَتَهٗ يَفْضَحْهُ وَلَوْ فِيْ جَوْفِ رَحْلِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور بلند آواز سے فرمایا اے ایسے لوگو جو زبان سے ایمان لائے ہو حالانکہ ان کے دل میں ایمان نہیں پہنچا مسلمانوں کو نہ ایذا دو نہ انہیں عار دلاؤ اور ان کے خفیہ عیوب تلاش[1] نہ کرو کیونکہ جو اپنے کسی مسلمان بھائی کے عیوب تلاش کرے گا اللہ اس کے عیب تلاش فرمائے گا اور جس کے عیب اللہ تعالیٰ تلاش کرے گا اسے وہ رسوا و ذلیل کر دے گا اگرچہ وہ اپنی منزل و گھر[2] میں ہو۔ (ترمذی)

[1] تتبع کا معنی مرقاۃ میں چیز کی طلب کے لیے اس کے پیچھے جانا ہے۔

[2] یعنی اگرچہ وہ اپنے گھر اور رہائش میں مخفی ہو۔

۴۸۲۲/۱۸ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ مِنْ اَرْبَى الرِّبَا الْاِسْتِطَالَةَ فِيْ عِرْضِ الْمُسْلِمِ بِغَيْرِ حَقٍّ۔

حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کسی مسلمان کی آبرو و عزت میں ظلماً دست درازی[1] کرنا بدترین سود[2] ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

(ابوداؤد، بیہقی، شعب الایمان)

[1] یہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔

[2] ربا لغۃً زیادتی اور شرعًا قرض و بیع میں زیادتی کا نام ہے۔

[3] اس سے غیبت کرنا، گالی دینا، اسے حقیر جانتے ہوئے تکبر کرنا ہے بشرطیکہ کوئی شرعی حکمت و مصلحت نہ ہو۔ قاموس میں استطاعت کا معنی لمبا ہونا، بلند اور بڑا بننا ہے اور صراح میں اس سے مراد تکبر کرنا لمبا ہونا ہے چونکہ اس میں استحقاق سے بڑھ کر لینے کا پہلو ہے اس لیے اسے ربا کے ساتھ تشبیہ دی کیونکہ اس میں بھی آدمی حق سے زائد وصول کرتا ہے اور اس کو بدترین سود اس لیے قرار دیا کہ مسلمان کی عزت و آبرو اس کے ہر مال سے بڑھ کر ہوتی ہے تو اس میں ضرر و فساد دوسرے مال سے بڑھ کر ہوگا۔ ناحق کی قید اس لیے لگائی ہے کہ بعض صورتوں میں مباح ہے جیسا کہ وہ کسی کا حق نہیں دیتا۔ ظالم ہے یا گواہ پر جرح کی جاتی ہے اسی طرح محدثین رواۃ پر حفاظت دین کی خاطر جرح کرتے ہیں اور سابقًا گزر چکا ہے کہ ایسی صورتوں میں غیبت مباح ہے۔

۴۸۲۳ / ۱۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا عُرِجَ بِيْ رَبِّيْ مَرَرْتُ بِقَوْمٍ لَهُمْ اَظْفَارٌ مِنْ نُحَاسٍ يَخْمِشُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَصُدُوْرَهُمْ فَقُلْتُ مَنْ هٰؤُلَاءِ يَا جِبْرَئِيْلُ قَالَ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ يَأْكُلُوْنَ لُحُوْمَ النَّاسِ وَيَقَعُوْنَ فِيْ اَعْرَاضِهِمْ ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب مجھے میرے رب نے معراج عطا فرمایا تو میں ایسی قوم کے پاس سے گزرا جس کے تانبے کے ناخن تھے اور وہ اپنے چہرے اور سینے کھرچ[1] رہے تھے میں نے جبریل سے پوچھا یہ کون ہیں؟ انہوں نے کہا یہ وہ لوگ ہیں جو لوگوں کا گوشت کھاتے[2] اور ان کی آبروریزی کرتے تھے (ابوداؤد)

[1] خمش، خا اور شین اس کا معنی کھرچنا ہے۔

[2] یہ غیبت کرتے، گالی دیتے اور ان کی آبروریزی کرتے، غیبت کو گوشت کھانے سے تعبیر کی وجہ پچھلے باب الغیبت میں گزر چکی ہے چونکہ وہ لوگوں کی آبروریزی کرکے خوش ہوتے تھے اس لیے اللہ تعالیٰ نے ان کے چہروں اور سینوں کو بھی بے آبرو فرما دیا۔

۴۸۲۴ / ۲۰ وَعَنِ الْمُسْتَوْرِدِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَكَلَ بِرَجُلٍ مُسْلِمٍ اُكْلَةً فَاِنَّ اللّٰهَ يُطْعِمُهُ مِثْلَهَا مِنْ جَهَنَّمَ وَمَنْ كُسِيَ ثَوْبًا بِرَجُلٍ مُسْلِمٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَكْسُوْهُ مِثْلَهُ مِنْ جَهَنَّمَ وَمَنْ قَامَ بِرَجُلٍ مَقَامَ سُمْعَةٍ وَرِيَاءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَقُوْمُ لَهُ مَقَامَ سُمْعَةٍ وَرِيَاءٍ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۔

حضرت مستورد[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے کسی مسلمان آدمی کے کچھ[2] لقمے کھائے تو اللہ اسے اس کی مثل دوزخ سے کھلائے گا اور جس نے مسلمان (کی غیبت) کے عوض کپڑا پہنا اللہ اسے اس کی مثل دوزخ سے پہنائے گا اور وہ شخص نام و نمود اور دکھانے کی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

جگہ کھڑا ہوا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے دکھلاوے کی جگہ کھڑا فرمائے گا۔ (ابوداؤد)

لہ مُسْتَوْرِد (میم پر پیش، سین ساکن تا پر زبر، واو ساکن را کے نیچے زیر) ابن شداد دال مشدد ہے۔ صحابی، اہل کوفہ میں سے ہیں مصر میں مقیم رہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وصال کے موقعہ پر بچے تھے۔

سلہ اُکلہ، ہمزہ پر پیش، کاف ساکن القمہ اگر ہمزہ پر زبر ہو تو پھر اس کا معنی ایک بار کھانا ہے چنانچہ ایک ایسا آدمی جو کسی مسلمان سے عداوت رکھتا ہے۔ اس کے پاس دوسرا شخص آکر اس مسلمان کی غیبت کر کے اسے خوش کرتا ہے اور اسے اپنی روزی کا ذریعہ بناتا ہے۔

سلہ وہ غیبت وغیرہ کے عوض کپڑے حاصل کرتا ہے۔ یہ معنی اس وقت ہے جب کُسِیَ ماضی معروف کا صیغہ ہو اور قرائن اُکِلَ وقام بھی اس پر دال ہیں لیکن اگر اسے مجہول پڑھا جائے جیسا کہ نسخہ مصححہ میں ہے تو پھر بھی معنی درست ہوگا کیونکہ کسوۃ کا معنی بھی اس کے موافق ہے کہ نفس کو تکلف جامہ پہنانا اب معنی یہ ہوگا کہ وہ آدمی جسے کسی مرد کی غیبت کی وجہ سے جامہ پہنایا گیا ہو۔

سلہ تاکہ اس کے محاسن و محامد سے آگاہ ہوں، سمعہ سے مراد وہ چیز ہے جس کا تعلق سمع سے ہو اور ریا سے وہ مراد ہے جس کا تعلق بصر سے ہو۔

ھ اس عبارت کے دو معانی ہو سکتے ہیں۔ ایک یہ کہ جس شخص نے زہد و تقویٰ کا لبادہ اس لیے اوڑھا کہ فلاں صاحب میرے اس عمل سے متاثر ہو کر مجھ پر خرچ کرے اور میرا مرید ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اسے اس طرح رسوا فرمائے کہ ملائکہ کو حکم ہوگا کہ اسے مقام بلند پر کھڑا کر کے آواز دو کہ یہ وہ شخص ہے جو مخلوق کے لیے عمل کرتا تھا اور اس کے بعد اسے عذاب دیا جائے گا اور دوسرا معنی یہ ہے کہ جس نے کسی دوسرے کو دکھلاوے کے مقام پر کھڑا کر دیا یعنی کسی کے زہد و عبادت اور تقویٰ کی شہرت کی تاکہ نفسانی اغراض اور مال دنیا حاصل کی جائے جیسے کہ بزرگوں کے خدام کرتے ہیں یہ قیامت کے روز اپنے ہی کیے میں گرفتار ہو جائیں گے اور اللہ تعالیٰ انہیں مقام رسوائی پر کھڑا فرمائے گا اور فرشتے آواز دیں گے کہ یہ وہ جھوٹا شخص ہے جو شہرت اور اپنی نفسانی اغراض کے حصول کے لیے جھوٹ بولا کرتا تھا اس کے جھوٹ بولنے کے مطابق سزا و عذاب ہوگا۔

۴۸۲۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
۲۱
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُسْنُ الظَّنِّ مِنْ حُسْنِ الْعِبَادَةِ. (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: حسن ظن بہتر عبادت ہے۔ (مسند احمد، ابوداؤد)

لہ مسلمانوں کے بارے میں خیر اور بھلائی کا اعتقاد رکھنا عبادات حسنہ میں سے ہے یا اس کا معنی یہ ہے کہ حسن ظن حسن عبادت سے پیدا ہوتا ہے یعنی جو نیکوکار اور عبادت گزار ہوگا وہ لوگوں کے بارے میں حسن ظن سے کام لے گا اور بدکار بدگمانی کرے گا۔ شعر

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

بدگمان باشد ہمیشہ زشت کار نامۂ خود خواند اندر حق یار

"بدگمانی کرنے والا ہمیشہ بدکار ہوتا ہے وہ دوسروں کے حق پر اپنے نامۂ اعمال سیاہ دیکھتا ہے۔"

۴۸۲۶/۲۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اعْتَلَّ بَعِيْرٌ لِصَفِيَّةَ وَعِنْدَ زَيْنَبَ فَضْلُ ظَهْرٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِزَيْنَبَ أَعْطِيْهَا بَعِيْرًا فَقَالَتْ أَنَا أُعْطِي تِلْكَ الْيَهُوْدِيَّةَ فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهَجَرَهَا ذَا الْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمَ وَبَعْضَ صَفَرٍ. رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَذُكِرَ حَدِيْثُ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ مَنْ حَمٰى مُؤْمِنًا فِيْ بَابِ الشَّفَقَةِ وَالرَّحْمَةِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضرت صفیہ کا اونٹ بیمار ہو گیا، حضرت زینب کے پاس فالتو سواری تھی[۱]، رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت زینب سے فرمایا یہ اونٹ انہیں دے دو انہوں نے عرض کیا میں یہودیہ کو اونٹ دے دوں[۲]؟ اس پر حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے ناراض ہو کر انہیں ذوالحج، محرم اور صفر کا کچھ حصہ چھوڑے رکھا۔ (ابوداؤد، حدیث معاذ بن انس مَنْ حَمٰى مُؤْمِنًا الخ باب الشفقت والرحمت میں بیان ہو چکی ہے)

[۱] اپنی سواری کے علاوہ ان کے پاس سواری تھی، ظہر کا معنی پشت ہے یہاں سواری کے لیے آیا ہے۔

[۲] بطور استفہام انکاری۔

[۳] یہ صحابیہ اخطب یہودی کی بیٹی تھیں لیکن حضرت ہارون علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں، غزوہ خیبر کے موقع پر گرفتار ہوئیں حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے انہیں آزاد فرما کر اپنی زوجیت کا شرف بخشا۔ بعض ازواج ان کے ساتھ بہتر حسن سلوک سے کام نہ لیتی، ان میں حضرت عائشہ بھی ہیں تو آپ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ان کی حمایت و رعایت فرمایا کرتے تھے۔ ایک دن سیدہ عائشہ صدیقہ نے ان کو یہودیہ اور سخت سست کہا اور انہوں نے آپ کی بارگاہ میں اس کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا تو جواب میں یہ کہہ کہ میں ایک پیغمبر کی بیٹی ہوں تو ابوبکر کی بیٹی ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۴۸۲۷/۲۳ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى عِيْسَى بْنُ مَرْيَمَ رَجُلًا يَسْرِقُ فَقَالَ لَهُ عِيْسَى بْنُ مَرْيَمَ سَرَقْتَ قَالَ كَلَّا وَالَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ فَقَالَ عِيْسٰى اٰمَنْتُ بِاللهِ وَكَذَّبْتُ نَفْسِيْ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ایک شخص کو چوری کرتے ہوئے دیکھا تو فرمایا تو نے چوری کی ہے اس نے کہا ہرگز نہیں مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا میں اللہ پر ایمان لایا اور میں اپنے نفس کو جھٹلاتا ہوں[۱]۔ (مسلم)

[۱] یعنی تیری قسم کی وجہ سے تصدیق کرتا ہوں اور اپنے گمان کو واپس لیتے ہوئے اپنے نفس کی تکذیب کرتا ہوں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

یہاں سے یہ بھی واضح ہو رہا ہے کہ جب کوئی اللہ کے نام پر قسم اٹھائے تو اگرچہ اس کے خلاف معلوم ہو پھر بھی اس مبارک وعظیم نام کی تعظیم کرتے ہوئے اپنے آپ کو جھوٹا مان لیا جائے اور اس کے حلف کے مطابق عمل کیا جائے۔

۲۸۲۸ / ۲۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَادَ الْفَقْرُ اَنْ يَكُوْنَ كُفْرًا وَّ كَادَ الْحَسَدُ اَنْ يَغْلِبَ الْقَدَرَ . (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا قریب ہے کہ فقر کفر تک پہنچا دے[۱] اور قریب ہے کہ حسد تقدیر پر غالب آجائے[۲] (بیہقی)

[۱] کیونکہ فقر کی حالت میں انسان اس کے ازالے کے لیے متعدد محارم اور معاصی کا ارتکاب کرے گا اور شاید حالت فقر اس حد تک پہنچ جائے کہ اس کی وجہ سے کفر کا ارتکاب کرے۔ اسی طرح بعض اوقات بقدر کافی موجود ہونے کے باوجود محبت دنیا کے غلبہ کی وجہ سے انسان کفر کا ارتکاب کرتا ہے جیسا کہ ہم نے بعض قریبی زمانے میں گزرے بدبختوں کے بارے میں سنا ہے جب ایسی حالت میں کفر کی طرف انسان جاتا ہے تو حالت فقر میں بطریق اولی جائے گا کیونکہ غلبہ فقر اللہ تعالٰے کے بارے میں ناراضگی اور اعتراض کا سبب بن جائے گا اور اس کی وجہ سے انسان رضاء الٰہی سے خارج ہو جائے گا نعوذ باللہ من ذلک اور جس طرح غلبہ فقر کفر کی طرف لے جاتا ہے اسی طرح غلبۂ مال سرکشی اور نافرمانی کا ذریعہ بن جاتا ہے لہٰذا غنا و فقر میں اعتدال بہتر ہے خیر الامور اوسطہا

[۲] یعنی بالفرض اگر کوئی شے تقدیر پر غالب آسکتی تو وہ حسد ہے۔ جیسا کہ ایسی گفتگو کتاب الطب کے تحت لَوْ كَانَ شَيْءٌ سَابِقُ الْقَدَرِ کی شرح میں گزر چکا ہے۔

۲۸۲۹ / ۲۵ وَعَنْ جَابِرٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اعْتَذَرَ اِلٰى اَخِيْهِ فَلَمْ يَعْذِرْهُ اَوْ لَمْ يَقْبَلْ عُذْرَهٗ كَانَ عَلَيْهِ مِثْلُ خَطِيْئَةِ صَاحِبِ مَكْسٍ . (رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَقَالَ الْمَكَّاسُ الْعَشَّارُ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی اپنے بھائی سے معذرت کرے اور وہ معذرت نہ مانے[۱] یا اس کا عذر قبول نہ کرے[۲] تو اس پر ٹیکس والے[۳] کے گناہ کی طرح ہے[۴] بیہقی نے ان روایات کو شعب الایمان میں روایت کیا اور مکاس کا معنی ٹیکس لینے والا کیا)

[۱] یہ تیرا عذر نہیں بلکہ تو جھوٹ کہہ رہا ہے۔

[۲] عذر تو تیرا معقول ہے مگر میں اسے قبول نہیں کرتا۔

[۳] مکس، میم پر زبر، کاف ساکن، خراج و عشر کو شرع کے مطابق وصول نہ کرنا۔

[۴] ظلماً ٹیکس وصول کرنا گناہ عظیم ہے۔ اور حدیث میں ہے کہ ایسا ٹیکس وصول کرنے والا جنت میں داخل نہ ہوگا قاموس میں مکس کا معنی نقص و ظلم بھی آیا ہے اور مجمع البحار میں ہے کہ مکس کا معنی نقصان ہے اور ماکس اس شخص کو کہا جاتا ہے جو عامل اور حکومت کا ملازم ہو مساکین کے حقوق ان تک بتمام وکمال نہ پہنچائے یا ان میں کمی کرے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَابُ الْحَذَرِ وَالتَّاَنِّیْ فِی الْاُمُوْرِ

۲۲۴- امور میں احتیاط اور اطمینان کا بیان

حذر، حا، ذال دونوں پر زبر یا ذال پر کسرہ یا سکون پرہیز کرنا، احتراز کرنا، حذر حا پر زبر اور ذال کے نیچے کسرہ ہو دیدار تانی کام میں جلدی نہ کرنا، توقف کرنا ہے۔ تانا کہ، تتا کہ کے وزن پر اسم ہے یعنی تاخیر یعنی آدمی کو چاہیے کہ عوام اور لوگوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے اپنے دینی و دنیاوی معاملات میں ہوشیار و محتاط رہے، اپنے تمام اعمال کے انجام پر نظر رکھے کسی کام میں جلد بازی نہ کرے بلکہ حلم و وقار سے کام لے البتہ شریعت نے جن امور میں شتابی کا حکم دیا ہے ان کو جلدی بجالایا جائے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۸۳۰ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَّاحِدٍ مَرَّتَیْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا مومن ایک سوراخ سے دوبار نہیں کاٹا جاتا۔ (بخاری ومسلم)

لہ لدغ سانپ اور بچھو کا کاٹنا، جحر پہلے جیم پر پیش، حا ساکن سانپ وغیرہ کی جگہ اگر حا پہلے ہو تو اس کا معنی کرہ ہے یہ دو من جو محتاط، حمایت دین رحق سے موصوف ہو وہ اللہ تعالٰی کے کسی سرکش و باغی پر اعتماد نہیں کرتا اور اللہ تعالٰی کی خاطر اس پر غضب اور اس سے انتقام ضرور لیتا ہے اور ہر بار حلم کے باوجود فریب نہیں کھاتا، اگر دنیا کے معاملات میں فریب و دغا کھائے تو یہ آسان ہے لیکن دینی معاملات میں یہ ممکن نہیں یہ ایک عظیم قاعدہ کی تعلیم ہے تاکہ دین وملت کی حفاظت کی جا سکے۔ اس حدیث کا پس منظر یہ ہے کہ ابوعزہ جمحی پرزبس شعراء کفار میں سے تھا اس نے مسلمانوں کی ہجو کی اور اپنی قوم کے بدبخت لوگوں کو ان کی ایذا پر برانگیختہ کیا۔ غزوہ بدر کے موقعہ پر وہ گرفتار ہو گیا اس پر اس نے عہد کیا کہ میں یہ عمل بد آئندہ نہیں کروں گا، نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اس عہد سے اسے رہا کر دیا جب وہ اپنی قوم میں گیا تو پھر اس نے وہی شر وفتنہ پردازی شروع کر دی۔ غزوہ احد کے موقعہ پر پھر گرفتار ہو گیا اس نے امان مانگی اور عہد کیا کہ میں آئندہ اب ایسا کام نہیں کروں گا۔ آپ نے اس کے قتل کا حکم صادر فرمایا، کچھ لوگوں نے معافی کی درخواست کی تو اس موقعہ پر ارشاد فرمایا مومن ایک سوراخ سے دوبار نہیں ڈسا جاتا۔

۴۸۳۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَشَجِّ عَبْدِ الْقَیْسِ اِنَّ فِیْكَ لَخَصْلَتَیْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے عبدالقیس کے سردار

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

یُحِبُّهُمَا اللّٰهُ الْحِلْمُ وَالْاَنَاةُ ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اشج سے کہا تیرے اندر دو ایسی خصلتیں ہیں جو اللہ کو پسند ہیں۔ بردباری اور وقار ۲ (مسلم)

۱ عبدالقیس قبیلہ کا نام ہے۔ روایات میں آیا ہے کہ جیسا اس وفد نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دیکھا تو اپنی سواریوں سے بڑی جلد بازی سے نیچے اتر آئے۔ آپ کی ملاقات میں نہایت عجلت سے کام لیا۔ ان میں شوق ومحبت کے ساتھ ساتھ اضطراب اور عجلت کی کیفیت بھی تھی آپ نے اس پر خاموشی اختیار فرمائی، اشج جن کا نام منذر بن عائذ تھا یہ ان کا سردار اور رئیس تھے۔ یہ اپنی منزل اور جائے سکونت میں گئے قوم کا تمام سازوسامان محفوظ کر کے رکھا پھر غسل کیا کپڑے پہنے اور آرام ووقار سے مسجد نبوی میں آئے، دو رکعت نماز ادا کی، دعا کی اور پھر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ نے ان کے اس عمل کو خوب سراہا۔

۲ روایات میں یہ بھی ہے کہ جب آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی ان دو خصلتوں سے آگاہ کیا تو انہوں نے پوچھا کہ میرے اندر ان کا وجود بطور کسب ہے یا میری فطرت میں اللہ تعالیٰ نے ان کو پیدا فرمایا ہے آپ نے فرمایا یہ کسب نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی تخلیق وعطا ہے اس پر انہوں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا کہ اس نے میرے اندر ایسی صفات پیدا فرمائیں جو اللہ اور اس کے رسول کو پسند ہیں اور سوال سے غرض یہ تھی کہ اگر یہ صفات کسبی ہیں تو ان کے زائل ہونے کا خطرہ ہے اور جبلت میں ودیعت کی گئی ہیں تو پھر ان کے دائم وباقی رہنے کی امید کی جا سکتی ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۴۸۳۲ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدِنِ السَّاعِدِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاَنَاةُ مِنَ اللّٰهِ وَالْعَجَلَةُ مِنَ الشَّيْطٰنِ ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ فِيْ عَبْدِ الْمُهَيْمِنِ بْنِ عَبَّاسٍ الرَّاوِيْ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ ۔

حضرت سہل بن سعد ساعدی ۱ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تسلی کے ساتھ کام کرنا اللہ کی طرف سے ہے اور جلد بازی ۲ شیطان کی طرف سے ہے ۳ (ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے اور بعض محدثین نے اس کے راوی عبدالمہیمن بن عباس کے بارے میں ان کے حفظ کے ۴ حوالے سے کلام کیا ہے۔

۱ مشہور صحابی ہیں، مدینہ طیبہ میں وصال فرمانے والے آخری صحابی ہیں۔

۲ عجلہ عین اور جیم پر زبر ہے۔

۳ مگر وہ کام جو سراپا خیر ہو قرآن مجید میں ہے وَيُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرَاتِ۔

۴ ان کا حافظہ بہتر نہ تھا۔

۴۸۳۳ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حَلِيْمَ اِلَّا ذُوْ عَثْرَةٍ

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں ہے بردبار

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

وَلَا حَكِيمَ إِلَّا ذُو تَجْرِبَةٍ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ)

مگر لغزش ۱ والا اور نہیں ہے حکمت ۲ والا مگر تجربہ کار۔ (مسند احمد اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔)

۱ یعنی ہر وہ شخص جو گناہ و معصیت میں واقع ہو، اس کے معاملات میں خطا و خلل ہو جس کی وجہ سے وہ شرمندہ ہو اور چاہتا ہو کہ لوگ اس کے عیوب و خطاؤں کو ظاہر نہ کریں، لغزشوں کو معاف کریں لہٰذا جب وہ اپنی کوتاہیوں اور لغزشوں میں چاہتا ہے کہ لوگ درگزر کریں وہ لوگوں کی خطاؤں سے درگزر کرتے ہوئے ان پر پردہ ڈالنے کا خواہش مند ہوگا۔ بعض شارحین نے بیان کیا ہے کہ جب تک کوئی انسان بعض امور کو بجا نہ لائے اور ان میں کوتاہی و لغزش کا مرتکب نہ ہو اس میں حلم و بردباری پیدا نہیں ہو سکتی کیونکہ جب تک مقامات بے صبری سے آگاہ نہیں ہوگا ان سے اجتناب کیسے کرے گا؟ اور اس میں حلم کیسے آئے گا اور کیسے علم ہوگا کہ یہاں حلم سے کام لینا چاہیے۔ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ حلیم وہی شخص ہو سکتا ہے جو صاحب تجربہ ہو۔

۲ حکمت شئی کی حقیقت سے آگاہ ہونا، حکیم، دانا، راست کام والے کو کہا جاتا ہے اور اصل معنی حکمت کا کسی چیز کو خلل سے خالی اور محکم کرنا ہے۔ پس وہ شخص جس کو اشیاء کی معرفت حاصل ہو جائے، ان کے منافع و مصالح اور مفسدات سے آگاہ ہو جائے گا اسے حکمت حاصل ہو جائے گی۔

۴۸۳۴/۵ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْصِنِي فَقَالَ خُذِ الْأَمْرَ بِالتَّدْبِيرِ فَإِنْ رَأَيْتَ فِي عَاقِبَتِهِ خَيْرًا فَأَمْضِهِ وَإِنْ خِفْتَ غَيًّا فَأَمْسِكْ۔ (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا مجھے کوئی نصیحت کیجیے آپ نے فرمایا۔ کام خوب تدبیر سے کرو پھر اگر اس کا انجام بھلائی دیکھو تو کر گزرو اور اگر گمراہی کا ڈر ہو تو باز رہو۔ (شرح السنۃ)

۴۸۳۵/۶ وَعَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ الْأَعْمَشُ لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ التُّؤَدَةُ فِي كُلِّ شَيْءٍ خَيْرٌ إِلَّا فِي عَمَلِ الْآخِرَةِ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت مصعب بن سعد ۱ اپنے والد گرامی سے اعمش ۲ کہتے ہیں کہ میں نہیں جانتا مگر یہ کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بیان کیا ہے ۳ تسلی کے ساتھ کام کرنا ہی ہر شے میں بہتر ہے مگر آخرت کے معاملہ میں (ابوداؤد)

۱ مصعب بن سعد بن ابی وقاص زہری قریشی اور مدنی ہیں، ابن سعد نے ان کا تذکرہ اہل مدینہ کے دوسرے طبقہ میں کیا ہے۔ عجلی نے کہا کہ یہ ثقہ ہیں۔

ابن حبان نے کتاب الثقات میں ذکر کیا ہے، یہ اپنے والد گرامی، حضرت علی، حضرت طلحہ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کرتے ہیں، کوفہ میں مقیم رہے ایک سو تین ہجری میں ان کا وصال ہوا۔

۲ اعمش اس حدیث کے راوی ہیں۔

۳ ان کے والد گرامی نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سنا ہے۔ انہوں نے نہیں۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۴ التُّؤَدَۃُ: تا پر پیش، ہمزہ پر زبر یا ساکن، آہستہ اور آرام سے کام کرنا۔

۵ کیونکہ وہ یقیناً خیر ہی ہوتا ہے بخلاف امور دنیوی کے، اسلاف میں سے کسی کے بارے میں ہے کہ انہوں نے طہارت خانے سے شاگرد سے کہا کہ میری قمیص ابھی اتار کر فلاں کو دے دو۔ عرض کیا گیا کہ آپ باہر آئیں پھر ایسا ہو جائے گا تو انہوں نے فرمایا ابھی کرو کیونکہ اب تو میرا دل نے یہ نیک نیت کی ہے مجھے خوف ہے کہ باہر آنے تک ہی بدل نہ جائے۔

۲۸۳۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ سَرْجِسَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ السَّمْتُ الْحَسَنُ وَالتُّؤَدَۃُ وَالْاِقْتِصَادُ جُزْءٌ مِّنْ اَرْبَعٍ وَّعِشْرِیْنَ جُزْءً مِّنَ النُّبُوَّۃِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت عبداللہ بن سرجس[۱] رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا اچھی عادت تسلی و اطمینان سے کام کرنا اور میانہ روی[۲] نبوت کا چوبیسواں[۳] حصہ ہے۔ (ترمذی)

۱ سرجس سین پر زبر، را ساکن، جیم کے نیچے زیر، بصری صحابی ہیں، ان سے مروی حدیث اہل بصرہ میں ہے ان سے قتادہ، عاصم، احول نے روایت کیا ہے۔

۲ معیشت اور ہر کام میں افراط و تفریط سے بچنا۔

۳ یعنی یہ انبیاء کرام صلوات اللہ و سلامہ علیہم کا طریقہ ہے، عدد کے تعین کی حکمت صرف شارع علیہ السلام ہی جانتے ہیں۔ نور نبوت کے بغیر اس سے کماحقہ آگاہی ممکن نہیں ہے۔ یہ اسی طرح ہے جیسے کتاب الرؤیا میں ہے کہ نیک خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔

۲۸۳۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ نَبِیَّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْھَدْیَ الصَّالِحَ وَالسَّمْتَ الصَّالِحَ وَالْاِقْتِصَادَ جُزْءٌ مِّنْ خَمْسٍ وَّعِشْرِیْنَ جُزْءً مِّنَ النُّبُوَّۃِ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا اچھا طریقہ[۱] خوش[۲] خلقی اور میانہ روی نبوت کا پچیسواں[۳] حصہ ہے۔ (ابوداؤد)

۱ ھدی ھا پر زبر، دال ساکن بصیرت۔

۲ سمت سین پر زبر، میم ساکن، نیک چال و چلن، اگرچہ ھدی اور سمت میں خیر پائی جاتی ہے مگر صالح کی قید تاکید کے لیے ہے یا بیان تجربہ ہے یعنی ان کا معنی صرف سیرت اور چال چلن ہے۔

۳ سابقہ حدیث میں چوبیس کا عدد تھا اس میں ایک عدد زائد ہے۔ یہ راوی کا وہم و خطا ہے یا کوئی حکمت دیگر ہو سکتی ہے۔

۲۸۳۸ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا حَدَّثَ الرَّجُلُ الْحَدِیْثَ ثُمَّ الْتَفَتَ فَھِیَ اَمَانَۃٌ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی آدمی بات کرے اور پھر وہ غائب ہو جائے تو وہ بات[۲] امانت ہے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

[1] بعض نے اس کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ اس سے مراد اس کا دائیں بائیں دیکھنا ہے۔ جب ایسی بات کی جائے جس کا اخفا مطلوب ہو تو انسان دائیں بائیں دیکھتا ہے۔ الغرض مجلس کی بات مراد ہے۔

[2] اہل مجلس پر لازم ہوتا ہے کہ وہ اس میں ضیافت کرتے ہوئے اس کی تشہیر نہ کریں۔

۴۸۳۹ / ۱۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَبِي الْهَيْثَمِ ابْنِ التَّيِّهَانِ هَلْ لَكَ خَادِمٌ قَالَ لَا فَقَالَ فَاِذَا اَتَانَا سَبْيٌ فَأْتِنَا فَاُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَاْسَيْنِ فَاَتَاهُ اَبُو الْهَيْثَمِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اخْتَرْ مِنْهُمَا فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اخْتَرْ لِيْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُسْتَشَارَ مُؤْتَمَنٌ خُذْ هٰذَا فَاِنِّيْ رَاَيْتُهُ يُصَلِّيْ وَاسْتَوْصِ بِهِ مَعْرُوْفًا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابوالہیثم[1] بن تیہان[2] سے پوچھا کہ تمہارے پاس خادم ہے عرض کیا نہیں (فرمایا) جب ہمارے پاس قیدی آئیں پھر ہمارے پاس آنا[3] چنانچہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں دو آدمی لائے گئے ادھر سے ابوہیثم آگئے آپ نے فرمایا ان دونوں میں ایک پسند کر لو عرض کیا یا نبی اللہ آپ ہی میرے لیے انتخاب فرمادیں۔ آپ نے فرمایا جس سے مشورہ لیا جائے وہ امین[4] ہوتا ہے۔ تم یہ لے جاؤ میں نے دیکھا یہ نماز پڑھتا ہے اور اس کے بارے میں بھلائی کی نصیحت[5] یاد رکھو۔ (ترمذی)

[1] الہیثم ہا پر زبر، یا ساکن ثا پر زبر

[2] ابن التیہان تا پر زبر، یا کے نیچے زیر اور مشدد، یہ صحابی کا نام ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے صحابہ ابوبکر و عمر فاروق کے ساتھ بھوک کی وجہ گھر سے نکل کر ان کے مہمان ہوئے۔ انہوں نے آپ کی رضا کی خاطر خوب خدمت کی اس پر آپ نے فرمایا تیرے پاس خادم ہے۔

[3] تاکہ میں تمہیں خادم و معاون عنایت کروں۔

[4] اس کو چاہیے کہ مشورہ لینے والے کے لیے جو بہتر ہو اس کا مشورہ دے اور خیانت سے کام نہ لے۔ غرض یہ تھی کہ جب تو نے مجھے اختیار دیا ہے تو ہم تمہیں وہی غلام دیں گے جو بہتر ہوگا، پس ان دو غلاموں میں سے ایک کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا اسے لے لو۔

[5] بعض نے اس کا معنی یہ کیا ہے کہ میں تجھے اس کے ساتھ احسان کی وصیت کرتا ہوں اور تو اسے قبول کر۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ اس میں طلب نہیں ہے کیونکہ وہ مقصود نہیں، دوسری روایت میں ہے کہ جب ابوالہیثم اسے لے کر گھر آئے تو اپنی اہلیہ سے کہا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مجھے یہ خادم عطا کیا ہے اور اس کے حق میں نیکی و احسان کی وصیت فرمائی ہے۔ خاتون کہنے لگی اس وصیت پر شاید ہم عمل نہ کر سکیں لہٰذا نیکی و احسان یہی ہے کہ اسے تو آزاد کر دے۔

۴۸۴۰ / ۱۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَجَالِسُ بِالْاَمَانَةِ اِلَّا ثَلٰثَةً

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مجلس کی باتیں امانت ہوتی ہیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مَجَالِسَ سَفْكُ دَمٍ حَرَامٍ اَوْ فَرْجٌ حَرَامٌ اَوِ اقْتِطَاعُ مَالٍ بِغَيْرِ حَقٍّ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَذُكِرَ حَدِيْثُ اَبِيْ سَعِيْدٍ اِنَّ اَعْظَمَ الْاَمَانَةِ فِيْ بَابِ الْمُبَاشَرَةِ فِي الْفَصْلِ الْاَوَّلِ)

سوائے تین مجلسوں[3] کے، حرام خون بہانے کی حرام شرمگاہ[3] کی اور ناحق مال[4] حاصل کرنے کی (ابوداؤد) اور حدیث ابو سعید[5] اِنَّ اَعْظَمَ الْاَمَانَۃِ الخ باب المباشرت کی فصل اول میں گزر چکی ہے)

[1] سابقہ حدیث کے تحت گزر چکا ہے کہ مجلس میں جو کچھ سنا جائے اسے نقل نہ کیا جائے اور نہ اس کی تشہیر کی جائے۔

[2] ان مجالس کی باتیں آگے پہنچانا واجب ہے۔

[3] زنا مراد ہے۔

[4] ظلماً مال حاصل کرنا اگر کوئی شخص ان میں سے کوئی سنے کہ فلاں، فلاں کو قتل کرنا چاہتا ہے یا زنا کا ارادہ رکھتا ہے یا مال غصب کرنا چاہتا ہے تو فی الفور ان لوگوں کے علم میں لائے تاکہ وہ اپنے آپ کو محفوظ کر سکیں۔

[5] یہ حدیث مصابیح میں بتکرار آئی ہے باب المباشرۃ میں اسے صحیح اور باب الحذر میں اسے حسن کہا ہے ہم نے صرف باب المباشرت میں اس کا ذکر کیا اور یہاں ذکر نہیں کی تاکہ تکرار نہ ہو اور صواب یہی ہے کہ اسے صحاح میں شمار کیا جائے، ممکن ہے کہ ماتن کے نسخہ میں ایسا ہو، ہمارے نسخہ میں ایسا نہیں ہے۔ صرف باب المباشرت میں ہی ہے باب الحذر والتانی میں نہیں، ممکن ہے کاتب نے تکرار کی وجہ سے چھوڑ دیا ہو۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۳۸۴۱/۱۲ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ الْعَقْلَ قَالَ لَهٗ قُمْ فَقَامَ ثُمَّ قَالَ لَهٗ اَدْبِرْ فَاَدْبَرَ ثُمَّ قَالَ لَهٗ اَقْبِلْ فَاَقْبَلَ ثُمَّ قَالَ لَهٗ اُقْعُدْ فَقَعَدَ ثُمَّ قَالَ لَهٗ مَا خَلَقْتُ خَلْقًا هُوَ خَيْرٌ مِّنْكَ وَلَا اَفْضَلُ مِنْكَ وَلَا اَحْسَنُ مِنْكَ بِكَ اٰخُذُ وَبِكَ اُعْطِيْ وَبِكَ اُعْرَفُ وَبِكَ اُعَاتِبُ وَبِكَ الثَّوَابُ وَعَلَيْكَ الْعِقَابُ وَقَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ بَعْضُ الْعُلَمَاءِ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

تیسری فصل

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب اللہ تعالٰی نے عقل کو پیدا فرمایا اور کہا کھڑی ہو وہ کھڑی ہوئی پھر اسے فرمایا پھر جاؤ وہ پھر گئی فرمایا آگے بڑھ[1] وہ آگے بڑھی پھر اس سے فرمایا بیٹھ جا تو وہ بیٹھ گئی پھر فرمایا میں نے کوئی ایسی مخلوق پیدا نہیں کی جو تجھ سے بہتر[2]، افضل[3] اور خوبصورت[4] ہو تیرے ذریعے ہی[5] پکڑا کروں گا اور تیرے ذریعے ہی عطا کروں اور تیرے ذریعے ہی میری پہچان ہو گی اور تیرے ذریعے ہی عتاب کروں گا، تیرے ساتھ ہی ثواب ہے اور تجھ پہ ہی عذاب[6] ہے۔ بعض محدثین نے اس حدیث میں کلام کیا ہے[7]

(بیہقی)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ل۱ میری طرف رُخ کر

ل۲ جو کمال میں تجھ سے افضل ہو۔

ل۳ جو خیر میں تجھ سے فی ذاتہ احسن ہو، فضیلت دوسرے کے اعتبار سے اور حسن اپنی صفات و افعال کے لحاظ سے ہوتا ہے۔

ل۴ ہر نعمت تیرے واسطہ سے دیتا ہوں کیونکہ وہ خدمت کر کے انعام کا مستحق ہو جاتا ہے اور نعمت عطا کرنے کے بعد جب بندہ کوتاہی و نافرمانی کرتا ہے تو اس سے نعمت واپس لے لیتا ہوں۔

ل۵ یعنی دنیا و آخرت میں عذاب و ثواب اور مکلف ہونے کا اعتبار عقل پر ہی ہے۔

ل۶ بعض محدثین نے اس کی صحت پر گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ روایت موضوع ہے اور اس کی تفصیل شرح میں کر دی گئی ہے۔

۴۸۲۲ / ۱۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الرَّجُلَ لَيَكُوْنُ مِنْ اَهْلِ الصَّلٰوةِ وَالصَّوْمِ وَالزَّكٰوةِ وَالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ حَتّٰى ذَكَرَ سِهَامَ الْخَيْرِ كُلَّهَا وَمَا يُجْزٰى يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلَّا بِقَدْرِ عَقْلِهٖ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا ایک آدمی نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج وغیرہ والوں میں سے ہوتا ہے حتیٰ کہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے نیکی کی تمام اقسام کا بیان فرمایا مگر قیامت میں اپنی عقل کے مطابق ہی بدلہ دیا جائے گا۔ (بیہقی)

ل۱ نیکی کے تمام پہلے اور بڑی بڑی نیکیاں بیان کیں، یا ان میں اکثر کا بیان کیا۔

ل۲ یہاں عقل سے مراد اشیاء کی معرفت دنیا و آخرت کے فساد و بطلان کا پا لینا، خیر و شر کے درمیان فرق کرنا۔ نفس کی شرارتوں اور وساوس سے احتراز اور بچنا، اللہ تعالٰی کے قرب اور آخرت کا شعور رکھنے والی عقل تک رسائی حاصل کرنا۔ بعض مقامات پر عقل معاد کا لفظ ہے۔ اس سے مراد بھی یہی ہے۔ یہاں علماء کے درمیان اس بارے میں اختلاف ہے کہ عقل افضل ہے یا علم؟ اگر علم سے مراد یہ مذکورہ امتیاز ہی ہو جو کہ اثر عقل تھا تو اب ان دونوں کے درمیان کوئی اختلاف نہ ہوگا اور اس معنی کے اعتبار سے علم اور عقل عمل و عبادت سے افضل ہیں۔ اسی وجہ سے علماء نے فرمایا عالم عاقل کی ایک رکعت دوسرے کی ہزار رکعت سے افضل ہوتی ہے۔

۴۸۲۳ / ۱۴ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَبَا ذَرٍّ لَا عَقْلَ كَالتَّدْبِيْرِ وَلَا وَرَعَ كَالْكَفِّ وَلَا حَسَبَ كَحُسْنِ الْخُلُقِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالٰی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا اے ابوذر! تدبیر جیسی کوئی عقل نہیں ل۱، بچنے جیسا کوئی تقویٰ نہیں ل۲۔ اچھے اخلاق جیسی کوئی فضیلت نہیں۔ (بیہقی)

ل۱ امور کے انجام اور ان کے مفاسد و مصالح میں نظر کرنے کو تدبیر کہا جاتا ہے۔ صراح میں تدبیر کا معنی کام کے انجام

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کو دیکھنا ہے اور عقل سے یہاں مطلقاً علم و ادراک مراد ہے۔

۲ تقویٰ اور ورع ایک ہی شے ہیں۔ بعض علماء کے نزدیک متورع متقی سے افضل ہوتا ہے کیونکہ تقویٰ صرف محرمات سے پرہیز ہے اور ورع میں مکروہات اور مشتبہات سے بھی بچا جاتا ہے، اصواب یہی ہے کہ دونوں کا معنیٰ ایک ہے اور قوم کے محاورات میں اس طرح مستعمل ہے۔ علامہ طیبی نے یہاں اشکال وارد کیا ہے کہ ورع کا معنیٰ محارم سے رکنا ہے تو اب لا ورع مثل الکف کا کیا معنی ہوگا؟ اس کا جواب یہ دیا گیا کہ یہاں کف سے مراد ہاتھ کو مسلمانوں سے یا زبان کو لایعنی باتوں سے باز رکھنا ہے چونکہ اس کے مفاسد کثیر تھے اس لیے مبالغۃً ورع کو کف میں منحصر کر دیا، یہ کہنا بھی ممکن ہے کہ ورع اور تقویٰ اگرچہ لغت میں کف اور اجتناب کے معنی میں ہیں لیکن عرف شرع میں بہتر امور کا بجا لانا اور بُرے امور سے بچنا دونوں کو شامل ہے، اگر اس کا معنیٰ اجتناب ہی ہو تو احکامِ الٰہیہ کی تعمیل کے ترک کرنے سے اجتناب کرنا چاہیے لہٰذا اس لحاظ سے یہ لفظ دونوں کو شامل ہے۔ الغرض ورع و تقویٰ شریعت کے احکام پر عمل ہے بعض کو بجا لانا اور بعض سے اجتناب کرنا گویا ورع کے دو جز ہیں۔ اوامر کا بجا لانا اور نواہی سے بچنا۔ بعض شارحین نے کہا کہ امور کے بجا لانے سے پہلے نواہی سے پرہیز اہم اور مقدم ہے۔ اگر کوئی شخص اوامر کی بجا آوری میں فرائض اور سنن موکدہ پر اکتفا کر لیتا ہے تو جائز ہے مگر نواہی سے اجتناب میں کامل طور پر اہتمام لازم ہے تاکہ قرب الٰہی کا حصول ہو سکے اور اگر کوئی شخص اوامر کی بجا آوری میں نہایت اہتمام کرتا ہے مثلاً نوافل و مستحبات کی پابندی کرتا ہے لیکن محرمات کے ارتکاب سے باز نہیں رہتا تو قرب الٰہی نہیں پا سکتا۔ اس کی مثال یوں ہے کہ جو بیمار پرہیز کرتا ہے مگر دوا نہیں کھاتا تو اسے شفا ہو جائے گی اگرچہ اس میں تاخیر ہو جائے اور اگر دوا لیتا ہے مگر پرہیز نہیں کرتا تو شفا نہیں ہو سکتی بلکہ بیماری میں اضافہ ہوگا۔ اس کی تفصیل ہے حضرت شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے رسالے تبیین الطرق میں اسے بیان فرمایا ہے اور اس بندۂ حقیر نے اپنے بعض رسائل میں اس کا ترجمہ کیا ہے اور اس معنی پر حدیث کو محمول کرنا صحیح اور عمدہ ہے۔

۳ حسب اپنی سیرت و فضائل اور اپنے آباء و اجداد کے فضائل مراد ہیں تو فرمایا اصل کمال و بزرگی حسن اخلاق ہے۔ اس کو اپنایا جائے اس کے بغیر سب کچھ ضائع ہے، اگر خلق سے تمام صفاتِ باطن مراد ہیں تو حسنِ اخلاق کا عمدہ ہونا واضح ہے اور اگر نرم خوئی، محبت و مہربانی مراد ہو جیسا کہ معروف ہے تو اس سے مبالغہ مقصود ہوگا۔ اس صفت کی حقیقت اہلِ تصوف کی تعلیمات میں سے حاصل کی جائے، امام حسن بصری فرماتے ہیں کہ حسن خلق انسان کا وسیع الظرف ہونا، لوگوں سے خندہ پیشانی سے پیش آنا، مخلوق خدا کی خدمت کرنا اور اسے تکلیف و اذیت سے محفوظ کرنا ہے، شیخ واسطی کہتے ہیں کہ مخلوق سے ترک خصومت کا نام خلق ہے۔ بعض کے نزدیک حسن خلق سے مراد مخلوق کو راحت و تکلیف میں راضی رکھنا ہے۔ شیخ سہیل تستری کہتے ہیں کہ کم سے کم حسن خلق کا مرتبہ یہ ہے مخلوق کی جفا کو قبول کرنا ان سے بدلہ نہ لینا، ظالم پر رحمت و شفقت کرنا اور اس کی معافی قبول کرنا ہے۔

۴۸۴۴ / ۱۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاِقْتِصَادُ فِي النَّفَقَةِ نِصْفُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا خرچ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

الْمَعِيْشَةِ وَالتَّوَدُّدُ إِلَى النَّاسِ نِصْفُ الْعَقْلِ وَحُسْنُ السُّؤَالِ نِصْفُ الْعِلْمِ رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْأَحَادِيْثَ الْأَرْبَعَةَ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ۔

میں میانہ روی آدھی معیشت ہے[1]۔ لوگوں سے محبت کرنا آدھی عقل[2] اور حسن سوال نصف علم ہے[3] (بیہقی نے ان چاروں احادیث کو شعب الایمان میں ذکر کیا)

سلہ: افراط وتفریط سے دور ہونا سرمایۂ زندگی کا نصف ہے اور زندگی میں دو چیزیں ہیں آمدن اور خرچ اور جس نے خرچ میں اعتدال کی راہ اپنائی اس نے نصف معیشت کو سنوار لیا۔

سلہ گویا تمام عقل یہ ہے کہ آدمی کسب وکام کرے اور بنی نوع انسان کے ساتھ بھی بہتر زندگی بسر کرے لیکن اس صورت میں جب ان کے ساتھ اظہار دوستی دین و دیانت کے خلاف نہ ہو۔

سلہ کیونکہ سوال کرنے والا اسی کے بارے میں سوال کرے گا جو اہم اور کارآمد ہو اور اس کے ذریعے علم میں اضافہ ہو اور اسے تمام سوالات میں بھی امتیاز کرنا پڑتا ہے کہ کس کے بارے میں پوچھا جائے اور کس انداز اور طریقے سے پوچھا جائے؟ اور اس کا جواب جب مکمل ہو جاتا ہے تو اس کا علم بھی کامل ہو جائے گا۔ حاصل یہ ہے کہ علم دو طرح کا ہے سوال اور جواب اور حسن سوال یہ ہے کہ مسئلہ کی تمام شقوں اور احتمالات کو سامنے رکھ کر سوال کیا جائے تاکہ اس کا جواب وافی و کافی ہو اور باقی کوئی احتمال یا شبہ نہ رہ جائے۔ پس اس لحاظ سے سوال از قبیل علم ہے اب یہ اعتراض نہیں ہو سکتا کہ سوال کا سبب جہالت اور تردد ہوتا ہے نہ کہ علم تو اسے علم یا نصف علم کیوں کہا جائے؟ تنبیہ: یہ گفتگو اس صورت میں ہے جب اشیاء مذکورہ میں نصف کا حقیقی معنیٰ مراد لیا جائے اور یہ بھی احتمال ہے کہ بیان ان امور کی اہمیت اجاگر کرنے کے لیے مقصود مبالغہ و تاکید ہو یعنی اصلاح معیشت، تحصیل دانش اور تحصیل علم اشیاء کے لیے بہت سے اسباب درکار ہیں لیکن یہ تمام اشیاء ایک طرف اور میانہ روی، اظہار دوستی اور حسن سوال ایک طرف، تو وہ تمام مل کر نصف اور یہ دوسرا نصف ہیں۔ اس صورت میں معنیٰ روایت بغیر کسی تکلف کے واضح ہو جائے گا۔

بَابُ الرِّفْقِ وَالْحَيَاءِ وَحُسْنِ الْخُلُقِ

۳۲۵۔ نرمی، شرم وغیرت اور خوش خلقی کا بیان

رِفْق، راء پر کسرہ نرمی یہ عنف تکبر و سختی کی ضد ہے۔ صراح میں ہے اور فاق نرمی کرنا اور کسی کو نفع دینا۔ نہایہ میں ہے رفق کا معنیٰ لطف اور جانب کا نرم ہونا ہے۔ علامہ طیبی نے نقل کیا ہے کہ رفق لطف وکام کو آسان طریقہ سے سرانجام دینا ہے حیاء و شرم رکھنا یہ وہ حالت ہے جو انسان کو عیب اور برائی کے خوف سے ہو۔ اچھی حیاء یہ ہے کہ انسان کا نفس ہر اس عمل کے ارتکاب سے رک جائے جو شریعت میں ناپسند ہے۔ حسن خلق پر گفتگو سابقہ احادیث کے تحت گزر چکی ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۸۴۵ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ رَفِيْقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ وَيُعْطِيْ عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يُعْطِيْ عَلَى الْعُنْفِ وَمَا لَا يُعْطِيْ عَلَى مَا سِوَاهُ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهٗ قَالَ لِعَائِشَةَ عَلَيْكِ بِالرِّفْقِ وَاِيَّاكِ وَالْعُنْفَ وَالْفُحْشَ اِنَّ الرِّفْقَ لَا يَكُوْنُ فِيْ شَيْءٍ اِلَّا زَانَهٗ وَلَا يُنْزَعُ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا شَانَهٗ۔

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نرمی[۱] فرمانے والا ہے اور نرمی کو پسند کرتا ہے نرمی پر وہ کچھ عطا کرتا ہے جو سختی پر[۲] عطا نہیں کرتا اور وہ جو اس کے علاوہ پر نہیں دیتا (مسلم) اس کی روایت میں ہے کہ آپ نے عائشہ سے فرمایا نرمی اختیار کرو، سختی اور فحش کلامی سے بچو، نرمی شے کو حسین بنا دیتی ہے اور نرمی کا نہ ہونا شے کو عیب دار کر دیتا ہے۔

۱؎ اپنے بندوں پر لطف فرمانے والا ہے، ان پر آسانی فرماتا ہے اور اس کام و عمل کا حکم نہیں دیتا جو ان کی طاقت میں نہ ہو۔

۲؎ کہ لوگ آپس میں نرمی و لطف سے کام لیں اور تمام کاموں مثلاً طلب رزق وغیرہ میں آسانی کریں، سختی نہ کریں اور اس کے بعد طلب رزق اور تحصیل مطالب میں نرمی اختیار کرنے کی ترغیب دی۔

۳؎ پہلے نرمی کو سختی پر ترجیح دی جو اس کی ضد ہے پھر بتایا کہ سختی کیا ہے؟ بلکہ نرمی تمام مقاصد کے حصول کے لیے مفید اور راجح ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ اگر وہ اسباب بھی باب رزق سے ہیں تو ترجیح کی گنجائش نہیں رہے گی، اور اگر وہ از قبیل سختی ہوں تو کلام اول سے سختی پر نرمی کی ترجیح معلوم ہو رہی ہے تو پھر اس کلام کا کیا فائدہ؟ میں کہتا ہوں کہ یہ کلام سابق میں برائے تاکید ہے اور اس سے مقصود یہ ہے کہ آدمی کو چاہیے کہ عزائم اور مقاصد کے حصول مثلاً رزق وغیرہ میں نرمی اور رفق کا اظہار کرے، کہ یہ دینے والا اللہ تعالیٰ ہے اور جب اس کی مرضی ہو گی تو وہ اس میں اضافہ کر دے گا جو اسباب پر سختی اور انہماک کی صورت میں ہو گا۔

۴۸۴۶ وَعَنْ جَرِيْرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص نرمی سے محروم کر دیا گیا وہ خیر ہی سے محروم کر دیا گیا ہے۔ (مسلم)

۴۸۴۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَهُوَ يَعِظُ اَخَاهُ فِي الْحَيَاءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک انصاری کے پاس سے گزرے جو اپنے بھائی کو حیا کے بارے میں نصیحت کر رہا تھا[۱]

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

وَسَلَّمَ دَعْهُ فَاِنَّ الْحَيَاءَ مِنَ الْاِيْمَانِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

آپ نے فرمایا اسے چھوڑ دو کیونکہ حیا ایمان سے ہے۔ (بخاری ومسلم)

۱ کثرت حیاء پر ناراض ہو رہے تھے بعض روایات میں یعظ کی جگہ یعاتب ہے۔

۲ حیا جتنی ہوگی بہتر ہے کیونکہ اس کے ذریعے آدمی ارتکاب معاصی سے محفوظ رہتا ہے۔

۴۸۲۸ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَيَاءُ لَا يَاْتِيْ اِلَّا بِخَيْرٍ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَلْحَيَاءُ خَيْرٌ كُلُّهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا حیا بھلائی ہی کا ذریعہ ہے اور ایک روایت میں ہے کہ حیا سراپا خیر ہے ۱ (بخاری ومسلم)

۱ یہاں ایک اشکال ہے کہ بعض اوقات حیا بعض حقوق مثلاً امر بالمعروف نہی عن المنکر وغیرہ کی ادائیگی میں مخل ہوتی ہے اس کا جواب یہ ہے کہ جو حق کی راہ میں مخل ہو وہ شرعاً حیا نہیں بلکہ وہ تو بزدلی اور کمزوری ہے اور یہ نقائص میں سے ہے۔ اگر اسے حیا کہا جاتا ہے تو یہ مجازاً ہوگا شرعاً حیا یہ ہے کہ وہ اعمالِ بد سے بچتا ہے خواہ طبعاً بد ہوں یا شرعاً شریعت میں جس حیاء کی تعریف کی گئی ہے وہ یہی ہے کہ انسان حرام، مکروہ اور ترک اولیٰ سے پرہیز کرے اب مختار جواب یہ ہوگا کہ یہ کلیہ اَلْحَيَاءُ خَيْرٌ كُلُّهُ اس حیا کے ساتھ مخصوص ہے جو اللہ تعالٰی کی رضا کے لیے ہو اور اگر اسے بالذات پر محمول کیا جائے تو بھی معنی بن سکتا ہے کہ اگرچہ غیر حقیقی حیا کی ایک قسم میں ہے لیکن اس کی ماہیت مطلقہ میں خیر گویا وہ تمام خیر ہے ممکن ہے اس کام سے کم پایا جانا بھی انسان کو خیر کی طرف لائے گا۔

۴۸۲۹ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِمَّا اَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ الْاُوْلٰى اِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابو مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا سابقہ انبیاء کے کلام میں سے ہے کہ جب تو حیا نہ کرے تو جو چاہے کر لے (بخاری)

۱ بعض نسخوں میں ابن مسعود ہے لیکن صواب ابو مسعود انصاری ہی ہے۔

۲ ان کی وحی کے نتائج میں سے ہے اور جو باقی ہے اس پر نسخ و تبدیلی نہیں ہوئی وہ یہی کلام ہے۔

۳ اس حدیث پر چند وجوہ سے گفتگو کی گئی ہے ایک یہ کہ یہاں طلب مراد نہیں بلکہ یہ خبر ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ برائی سے حیاء روکتی ہے جب تیرے اندر حیا نہیں تو تو مرضی کر۔ دوسرا یہ کہ امر کا صیغہ بیان تہدید کے لیے ہے جیسے اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ (جو چاہو کرو) اگرچہ اس کو سزا و جزا بھگتنا ہوگی۔ تیسرا یہ کہ یہ عمل کرنے کا قاعدہ اور ضابطہ بیان ہوا ہے کہ ہر وہ فعل جس میں شبہ ہو اور شریعت میں اس کے کرنے یا نہ کرنے کے بارے میں تعرض نہ ہو تو فکر کرو گے اگر اس کے بجا لانے میں شرم محسوس نہیں ہوتی تو کر گزرو اور اگر حیا عارض ہوتی ہے تو مت کرو کیونکہ اس میں کراہت و قباحت ہے اگر وہ فعل حق ہوتا تو حیا عارض نہ ہوتی اور یہ گفتگو اس قلب سلیم کے حوالے سے ہے جو تقویٰ کے نور سے منور اور عوارض بشریت سے خالی ہو۔ چوتھے یہ کہ جو اس عمل کے بارے میں کہا ہے جو از قبیل طاعات ہو مگر اس میں ریاکاری اور نفع کا پہلو تھا تو شرم کی وجہ سے اسے ترک کر دیا تو یہاں واضح کر دیا

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

گیا ہے کہ شرم خدا اور رسول سے کرنی چاہیے جب وہ ایسا فعل ہے جس میں خدا اور رسول سے شرم رکھنا لازم نہیں تو مخلوق کی خاطر اسے کیوں ترک کیا جائے؟ اگر اس میں ریا کا پہلو ہے تو اس سے بچنے کی صورت کی جائے اور اس پر توبہ و استغفار کرلی جائے اسی طرح ہر وہ عمل جو مخلوق کے لحاظ سے مذموم ہو اس کا ترک بھی یہی حکم رکھتا ہے۔

۴۸۵۰ وَعَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ قَالَ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِرِّ وَالْإِثْمِ فَقَالَ الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ وَالْإِثْمُ مَا حَاكَ فِيْ صَدْرِكَ وَكَرِهْتَ أَنْ يَطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ تعالٰے عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے نیکی اور گناہ کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے فرمایا نیکی خوش خلقی ہے اور گناہ وہ ہے جو تیرے سینے میں کھٹکے اور تو پسند نہ کرے کہ لوگ اس پر مطلع ہوں۔ (مسلم)

لہ نواس، نون پر زبر، واؤ مشدد سمعان، سین پر زبر یا زیر۔ یہ صحابی قبیلہ بنی کلاب سے ہیں۔ بعض کے نزدیک انصاری ہیں۔ شام میں اقامت پذیر ہے۔ یہ اس کلابیہ خاتون کے بھائی ہیں جس کے ساتھ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عقد فرمایا اور پھر طلاق دے دی۔

لہ ایسا عمل جس پر تردد و خلش رہے اور دل کو اطمینان و آرام نہ آئے اور اس پر شرح صدر نہ ہو لیکن یہ اس شخص کے حوالے سے ہوگا جس کے سینے کو اللہ تعالٰے نے اسلام کے لیے کھول دیا اور اس کا دل نور تقوٰی سے منور و مزین ہو گیا جس کے مقام پر آپ کے ارشاد گرامی "وَاسْتَفْتِ قَلْبَكَ (اپنے دل سے فیصلہ طلب کرے) کا بھی یہی مفہوم ہے اور جس کے بارے میں نص نہ ہو اس میں علماء کے مختلف اقوال ہیں اور آگے گناہ کی علامت بیان فرمائی۔

۴۸۵۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ أَحَبِّكُمْ إِلَيَّ أَحْسَنَكُمْ أَخْلَاقًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالٰے عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے وہ شخص زیادہ محبوب و پسندیدہ ہے جو اخلاق میں سب سے بہتر ہے۔ (بخاری)

۴۸۵۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ خِيَارِكُمْ أَحْسَنَكُمْ أَخْلَاقًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انہی سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے بہتر وہ ہے جو اخلاق میں اچھا ہے[1] (بخاری و مسلم)

لہ ان دونوں احادیث کا مضمون ایک ہے۔ فرق یہ ہے کہ یہاں بہتر ہونا ان کی ذات میں ہے جس کی وجہ سے وہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے محبوب بن رہے ہیں۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

۴۸۵۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰے عنہا سے مروی ہے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أُعْطِيَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ أُعْطِيَ حَظَّهُ مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ. (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم نے فرمایا وہ شخص جسے نرمی میں سے حصہ دیا گیا اسے دنیا و آخرت کی بھلائی سے حصہ دیا گیا اور جسے نرمی کی عطا سے محروم رکھا گیا وہ دنیا و آخرت کی خیر سے محروم رہا۔ (شرح السنۃ)

۳۸۵۴/۱۰ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَيَاءُ مِنَ الْإِيْمَانِ وَالْإِيْمَانُ فِي الْجَنَّةِ وَالْبَذَاءُ مِنَ الْجَفَاءِ وَالْجَفَاءُ فِي النَّارِ. (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

۱؎ افعال بد سے شرم کرنا۔

۲؎ اہل ایمان مراد ہیں۔

۳؎ البذاء بابزد بر ہے۔ فحش اور بیہودہ گوئی۔

۴؎ جفا بر کی ضد ہے یعنی برائی۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالے عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم نے فرمایا حیا[1] ایمان سے ہے اور ایمان[2] جنت میں ہے، فحش گوئی[3] برائی[4] ہے اور سخت دل دوزخ میں ہے۔ (مسند احمد، ترمذی)

۳۸۵۵/۱۱ وَعَنْ رَجُلٍ مِنْ مُزَيْنَةَ قَالَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللهِ مَا خَيْرُ مَا أُعْطِيَ الْإِنْسَانُ قَالَ الْخُلُقُ الْحَسَنُ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ وَفِي شَرْحِ السُّنَّةِ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيْكٍ)

۱؎ مزینہ میم پر پیش، زا پر زبر، یا ساکن۔

علاقہ مزینہ[1] کے ایک شخص نے بیان کیا کہ صحابہ نے سرور عالم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ انسان کو بہترین چیز کونسی عطا کی گئی ہے۔ فرمایا اچھا خلق۔ (بیہقی شعب الایمان، شرح السنۃ میں اسامہ بن شریک سے روایت ہے[2])

۲؎ یہ روایت بیہقی کی ہے اس میں اس آدمی کا نام نہیں ہے لیکن امام محی السنۃ نے شرح السنۃ میں حضرت اسامہ بن شریک ثعلبی سے روایت کیا ہے کہ یہ صحابی کوفہ میں قیام پذیر رہے۔ انہی میں سے شمار ہوتے ہیں اور ان کی حدیث بھی انہی کے بارے میں ہے۔ اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ میں بھی حضرت اسامہ سے ہی مروی ہے۔

۳۸۵۶/۱۲ عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ الْجَوَّاظُ وَلَا الْجَعْظَرِيُّ قَالَ وَالْجَوَّاظُ الْغَلِيْظُ الْفَظُّ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ فِي سُنَنِهِ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ وَصَاحِبُ جَامِعِ الْأُصُوْلِ فِيْهِ عَنْ حَارِثَةَ وَكَذَا فِي شَرْحِ السُّنَّةِ عَنْهُ وَلَفْظُهُ قَالَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ الْجَوَّاظُ الْجَعْظَرِيُّ يُقَالُ الْجَعْظَرِيُّ الْفَظُّ الْغَلِيْظُ وَفِيْ

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ تعالے عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ تعالے علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں جواظ[1] داخل نہ ہوگا اور نہ جعظری[2] فرمایا جواظ بری عادت[3] والا اور سخت زبان ہے۔ امام ابوداؤد نے سنن میں، بیہقی شعب الایمان میں، صاحب جامع الاصول اور صاحب شرح السنۃ نے حضرت حارثہ سے ان الفاظ میں روایت کیا کہ جنت میں جواظ، جعظری داخل نہ ہوگا جو[4] سخت دل سخت زبان ہے،

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

نُسَخِ الْمَصَابِيحِ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ وَهْبٍ وَلَفْظُهُ قَالَ وَالْجَوَّاظُ الَّذِي جَمَعَ وَمَنَعَ وَالْجَعْظَرِيُّ الْغَلِيظُ الْفَظُّ -

مصابیح کے بعض نسخوں میں عکرمہ بن وہب سے روایت ہے اس کے الفاظ میں جواظ وہ ہے جو مال جمع کرے اور سائل کو منع کرے اور جعظری بدعادت والا سخت زبان ہے۔

لہ یہ صحابی ہیں، حضرت عبداللہ بن عمر کے ماں کی طرف سے بھائی ہیں۔ کوفیین میں ان کا شمار ہوتا ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی انہوں نے زیارت کی، آپ سے اور ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا ہے۔

۲ہ جواظ، جیم پر زبر، واو مشدد۔

۳ہ جعظری، جیم پر زبر، عین ساکن، ظاپر زیر۔

۴ہ مراح میں جواظ کا معنی متکبر بیان کیا گیا ہے۔

۵ہ ان تین محدثین نے یہ حدیث حارثہ بن وہب سے روایت کی ہے اور وہ بالاتفاق صحابی ہیں اور حضرت عبداللہ بن عمر کے والدہ کی طرف سے بھائی ہیں۔

۶ہ جعظری، جواظ کا وصف ہے۔

۷ہ یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ جواظ اور جعظری کا مفہوم ایک ہی ہے۔

۸ہ اس کے بعض نسخوں میں حارثہ بن وہب سے مروی ہے، امام تورپشتی کہتے ہیں کہ عکرمہ بن وہب کا ذکر صحابہ میں کسی نے نہیں کیا یہ تابعی ہیں، لہٰذا یہ حدیث مرسل ہوگی، بعض لوگوں نے انہیں صحابہ میں شمار کیا ہے صحیح یہی ہے کہ یہ تابعی ہیں۔

۹ہ جواظ، بخیل مالدار بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ ان دونوں کا ایک ہی مفہوم ہے اور بعض سے مغایرت کا پتہ چلتا ہے بعض کتب سے پتہ چلتا ہے کہ جواظ کا معنی متکبر اور جعظری کا معنی بدخلق ہے۔ الغرض دونوں الفاظ معانی میں قریب تر ہیں۔

۴۸۵۷/۱۳ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ أَثْقَلَ شَيْءٍ يُوضَعُ فِي مِيزَانِ الْمُؤْمِنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ خُلُقٌ حَسَنٌ وَإِنَّ اللهَ يُبْغِضُ الْفَاحِشَ الْبَذِيَّ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَرَوٰى أَبُو دَاوُدَ الْفَصْلَ الْأَوَّلَ ؀

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے وزنی شئ قیامت کے روز جو مومن کے ترازو میں رکھی جائے گی وہ اچھا اخلاق ہے اور اللہ تعالیٰ فحش گوئی اور بدخلق کو ناپسند رکھتا ہے۔ (اسے ترمذی نے روایت کر کے حسن صحیح کہا اور ابو داؤد نے فصل اول بیان روایت کیا ہے)

لہ اس سے حدیث کا اولیں حصہ مراد ہے، دوسرا حصہ اِنَّ اللهَ يُبْغِضُ مراد نہیں۔

۴۸۵۸/۱۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيُدْرِكُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ دَرَجَةَ قَائِمِ اللَّيْلِ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ میں نے رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مومن اپنے اخلاق کی وجہ سے رات کو

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

وَصَائِمِ النَّهَارِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

قیام کرنے والے اور دن کو روزہ رکھنے والے کا درجہ پالیتا ہے۔

(ابوداؤد)

۴۸۵۹/۱۵ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِتَّقِ اللّٰهَ حَیْثُ مَا كُنْتَ وَاَتْبِعِ السَّیِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ مجھے سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ سے ڈرو جہاں بھی ہو[1] برائی کے بعد نیکی کرو[2] جو برائی کو مٹا دیتی ہے اور لوگوں کے ساتھ اچھے اخلاق کے ساتھ پیش آؤ۔

(مسند احمد، ترمذی، دارمی)

[1] اس کے عذاب سے ڈرو خواہ جلوت میں ہو یا خلوت میں، سفر میں ہو یا گھر میں۔

[2] اگر برائی کا ارتکاب ہو جائے تو نیکی کرو تاکردہ بدی کا نقش و اثر ختم کر دے۔

[3] شارحین نے بیان کیا ہے کہ آدمی کے لیے ضروری ہے کہ برائیوں کو مٹانے کے لیے نیکیوں کو بجالائے اور ہر بدی کا ازالہ اس کی ہم جنس نیکی سے کرے۔ مثلاً مزامیر کی مجلس کا ازالہ قرآن و ذکر کی مجلس کے ذریعے، شراب پینے کا کفارہ حلال مشروبات کا صدقہ کر کے تکبر کا تواضع اور بخل کا سخاوت کے ذریعے ازالہ کیا جائے علیٰ ہذا القیاس (کذا قال الطیبی)

۴۸۶۰/۱۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِمَنْ یَحْرُمُ عَلَی النَّارِ وَبِمَنْ تَحْرُمُ النَّارُ عَلَیْهِ عَلٰی كُلِّ هَیِّنٍ لَیِّنٍ قَرِیْبٍ سَهْلٍ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمہیں اس کے بارے میں نہ بتاؤں جو آگ پر اور آگ اس پر حرام ہے ہر نرم خو، نرم زبان[1] لوگوں کے ساتھ اور درگزر کرنے والا۔ (مسند احمد اور ترمذی نے روایت کر کے کہا یہ حدیث حسن غریب ہے۔)

[1] لین لام کے نیچے زیر، یا مشدد یا ساکن جیسے مَیِّتٌ اور مَیْتٌ، سوال میں مبالغہ و تاکید کی خاطر دونوں جانبوں سے حرام ہونا بیان کیا تو چونکہ دونوں کا مدعیٰ ایک ہی ہے تو آخری حصہ پر اکتفاء کر لیا۔ کیونکہ وہ قریب ہے اور متعارف یہی ہے کہ دوزخ کی آگ اس پر حرام ہے۔

۴۸۶۱/۱۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْمُؤْمِنُ غِرٌّ كَرِیْمٌ وَالْفَاجِرُ خِبٌّ لَئِیْمٌ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مومن بھولا بھالا باعزت ہوتا ہے اور فاسق عیار اور بد خلق ہوتا ہے[1]

(مسند احمد، ترمذی، ابوداؤد)

[1] بعض روایات میں فاجر کی جگہ منافق ہے، غِرّ الغین کے نیچے زیر، فریب کھانے والا، صراح میں اس کا معنی ناآزمودہ ہے۔ خِبٌّ خا پر زبر اور زیر دونوں جائز ہیں فریب دینے والا۔ بنا بریں اس حدیث کی تشریح یوں ہے کہ مومن تواضع اور نرمی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کی وجہ سے ہر فریب دینے والے سے فریب کھا جاتا ہے اور لوگوں کے شر و مکر پر کاوش و تحقیق نہیں کرتا تو اس کی وجہ مومن کی جہالت و نادانی نہیں بلکہ اس کا کرم، بزرگی اور حسن اخلاق ہوتا ہے۔ بعض علماء نے یوں گفتگو کی ہے چونکہ مومن خود سلیم القلب اور دل کی صاف تختی کا مالک ہونے کی وجہ سے لوگوں کے بارے میں نیک گمان کرے گا ان کے باطنی معاملات کا اسے تجربہ نہیں اور لوگوں کے دل کھوٹ پر مطلع نہیں۔ لہٰذا وہ جو بھی اسے کہیں گے یہ قبول کرے گا اور فریب کھا جائے گا اور وہ اخروی معاملات میں متوجہ رہتا ہے۔ دنیاوی معاملات کو نہایت ہی کم تر تصور کرتا ہے لہٰذا اس بناء پر لوگ فریب دیتے ہیں لیکن وہ آخرت کے معاملات میں نہایت ہی بیدار اور عقل کامل کا مالک ہوتا ہے۔ اس کے باوجود آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک ارشاد کے ذریعے اس طرف متوجہ کیا لَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَاحِدٍ مَرَّتَيْنِ (ایک سوراخ سے مومن دو دفعہ ڈنگ نہیں کھاتا) یعنی ہر دفعہ اور ہمیشہ فریب کھاتے رہنا درست نہیں، اغلبیاً طور پر یہ نظر ری ہے جیسے گزر چکا ہے کہ اس سے مراد دنیا و آخرت دونوں کے معاملات ہیں بعض کی رائے یہ ہے کہ یہ صرف آخرت کے معاملات کے ساتھ مخصوص ہے اور منافق ہمیشہ دھوکہ باز، مکار، فسادی، فتنہ پرور اور مکر و فریب کرنے والا ہوتا ہے وہ تسامح نہیں کرتا۔ فریب بھی نہیں کھاتا اور نہ ہی اس پر راضی ہوتا ہے اگر کسی صورت میں فریب کھا لے اگرچہ بغیر علم کے ہو تو اختیار حاصل ہونے پر اس سے راضی نہ ہوگا بلکہ انتقام لے گا۔

۴۸۶۲ / ۱۸ وَعَنْ مَكْحُوْلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُؤْمِنُوْنَ هَيِّنُوْنَ لَيِّنُوْنَ كَالْجَمَلِ الْاَنِفِ اِنْ قِيْدَ انْقَادَ وَاِنْ اُنِيْخَ عَلٰى صَخْرَةٍ اسْتَنَاخَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ مُرْسَلًا)

حضرت مکحول[1] سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مومن نرم طبیعت، نرم دل ہوتے ہیں جیسے نکیل والا اونٹ[2] اگر اسے چلایا جائے تو اطاعت کرے اور اگر پتھر پر بٹھایا جائے تو بیٹھ جائے[3] (ترمذی نے اسے مرسلاً روایت کیا ہے)

[1] یہ کبار تابعین میں سے ہیں۔

[2] آنِفٌ، ہمزہ پر زبر، نون کے نیچے زیر بروزن کَتِفٌ۔ یا ہمزہ پر مد ہے بروزن صاحب پہلا صحیح ہے (کذا فی القاموس) صراح میں اس کا معنی مہار کی نکیل کی وجہ سے اونٹ کے ناک زخمی ہوتا ہے اور یہ چیز اونٹ کو نرم اور تابع کر دیتی ہے۔

[3] یعنی مومن اللہ تعالیٰ کے اوامر و نواہی میں غایت درجہ تابع اور نرم ہوتا ہے اور اس میں ہر قسم کی منفعت کو اٹھا لیتا ہے اور یہ ممکن ہے کہ یہاں مومنوں کا ایک دوسرے کے ساتھ تواضع و انکساری سے پیش آنا ہو کیونکہ یہ بھی اللہ تعالیٰ کے حکم کی اطاعت ہی ہے۔

۴۸۶۳ / ۱۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْلِمُ الَّذِيْ يُخَالِطُ النَّاسَ وَيَصْبِرُ عَلٰى اَذَاهُمْ اَفْضَلُ مِنَ الَّذِيْ لَا يُخَالِطُهُمْ وَلَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وہ مسلمان جو دوسرے لوگوں کے ساتھ میل جول کرے اور ان کی طرف

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

يَصْبِرُ عَلٰى أَذَاهُمْ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

سے آنے والی تکالیف پر صبر کرے ایسا مسلمان اس مسلمان سے بہتر ہے[1] جو مل جل کر نہ رہے اور نہ ہی ان کی تکالیف پر صبر کرے[2] (ترمذی، ابن ماجہ)

[1] اجر و ثواب میں۔

[2] اس حدیث سے واضح ہو رہا ہے کہ لوگوں کے ساتھ مل جل کر رہنا تنہائی سے افضل و بہتر ہے۔ تنہائی کی فضیلت پر بھی احادیث ہیں۔ اس بارے میں تفصیل و تحقیق اور حیثیات کے اعتبار سے تذکرہ احیاء العلوم اور کیمیائے سعادت میں مذکور ہے اور میں نے آداب السالکین میں اس کا ذکر کیا ہے اور یہ کتاب احیاء العلوم کے اس حصہ کا ترجمہ ہے جس میں معاملات کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

۴۸۶۴/۲۰ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَظَمَ غَيْظًا وَهُوَ يَقْدِرُ عَلٰى أَنْ يُنْفِذَهُ دَعَاهُ اللّٰهُ عَلٰى رُءُوسِ الْخَلَائِقِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يُخَيِّرَهُ فِي أَيِّ الْحُورِ شَاءَ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ) وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَفِي رِوَايَةٍ لِأَبِي دَاوُدَ عَنْ سُوَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَبْنَاءِ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ مَلَأَ اللّٰهُ قَلْبَهُ أَمْنًا وَإِيمَانًا وَذَكَرَ حَدِيثَ سُوَيْدٍ مَنْ تَرَكَ لُبْسَ ثَوْبِ جَمَالٍ فِي كِتَابِ اللِّبَاسِ۔

حضرت سہل بن معاذ اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص غصہ پی جائے حالانکہ وہ اس کے نفاذ پر قادر تھا اس کو اللہ تعالےٰ روز قیامت اس تمام مخلوق کے سامنے بلائے گا اور اسے اختیار دے گا جو حور منتخب کرنا چاہے کرے۔ (ابوداؤد، امام ترمذی نے روایت کر کے کہا یہ حدیث غریب ہے اور ابوداؤد کی وہ روایت جو سوید بن وہب[1] سے ہے وہ ایک صحابی کے بیٹے اور وہ اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا اللہ تعالےٰ اس کے دل کو ایمان اور امن سے بھر دے گا، سوید کی وہ حدیث جس کے ابتدائی الفاظ مَنْ تَرَكَ لُبْسَ ثَوْبِ جَمَالٍ ہے کتاب اللباس میں مذکور ہے[2]۔

[1] سوید بن وہب، سین پر پیش، واو پر زبر۔

[2] جامع الاصول میں اس کا ذکر نہیں ہے اور کاشف میں ہے کہ یہ شخص مجہول ہے خصوصاً ابن عجلان۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ
تیسری فصل

۴۸۶۵/۲۱ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ طَلْحَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لِكُلِّ دِينٍ خُلُقًا وَخُلُقُ الْإِسْلَامِ الْحَيَاءُ (رَوَاهُ مَالِكٌ مُرْسَلًا

حضرت زید بن طلحہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہر دین کے اخلاق ہوتے ہیں، اسلام کا اخلاق حیاء[1] ہے (امام مالک

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ عَنْ أَنَسٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ)

نے اسے مرسلاً روایت کیا، ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت انس اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے۔

لے یہ تابعی ہیں ان سے سلمہ بن صفوان الزرقی نے روایت کی ہے اور امام مالک نے اسے موطا میں ذکر کیا ہے ان کے والد طلحہ بن رکانہ ہیں۔ را پر پیش اور کاف مخفف ہے۔

کے عمدہ صفات۔

سے کیونکہ حیا ایک ایسی صفت ہے جو بندے کو ممنوعات و محرمات کے ارتکاب سے محفوظ کرتی ہے اور اس کا اس معاملے میں کامل دخل ہے چونکہ دین محمدی تمام ادیان سے کامل اور اتم ہے اس لیے اس میں حیا بھی کامل و اتم ہو گی۔

ہے زید بن طلحہ سے۔

ھے لہٰذا یہ روایت مرسل نہ رہی بلکہ مسند و متصل ہو گی۔

۴۸۶۶/۲۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْحَيَاءَ وَالْإِيمَانَ قُرَنَاءُ جَمِيعًا فَإِذَا رُفِعَ أَحَدُهُمَا رُفِعَ الْآخَرُ وَفِي رِوَايَةِ ابْنِ عَبَّاسٍ فَإِذَا سُلِبَ أَحَدُهُمَا تَبِعَهُ الْآخَرُ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا شرم اور ایمان آپس میں ساتھی ہیں۔ جب ایک ختم ہو جائے تو دوسرا بھی ختم ہو جاتا ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما کی روایت میں ہے کہ جب ایک چھین لیا جائے تو دوسرا بھی چھن جاتا ہے۔ (بیہقی، شعب الایمان)

لے ایک دوسرے سے پیوستہ و لازم ہیں۔

کے قُرَنَاءُ، قرین (ساتھی) کی جمع ہے۔ لفظ جمع اس بات پر دلیل ہے کہ جمع کا اطلاق دو پر ہوتا ہے۔ بعض نسخوں میں لفظ تثنیہ ہے اور ماضی مجہول کے صیغے کے ساتھ ہے۔

۴۸۶۷/۲۳ وَعَنْ مُعَاذٍ قَالَ كَانَ آخِرُ مَا وَصَّانِي بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ وَضَعْتُ رِجْلِي فِي الْغَرْزِ أَنْ قَالَ يَا مُعَاذُ أَحْسِنْ خُلُقَكَ لِلنَّاسِ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت معاذ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے مجھے آخری جو وصیت فرمائی جب میں نے رکاب میں پاؤں رکھا فرمایا: اے معاذ! اپنے اخلاق لوگوں کے لیے اچھے رکھو (موطا)

لے حضرت معاذ بن جبل۔ یہ اس موقعہ کی بات ہے جب آپ کو یمن کا قاضی بنا کر بھیجا جا رہا تھا۔

کے غرز، عین پر زبر، را ساکن۔ وہ لکڑی جو اونٹ کے پالان کے لیے استعمال ہوتی ہے، گھوڑے کے لیے رکاب کا لفظ بولا جاتا ہے اور اونٹ کے لیے غرز کا، حضرت معاذ کو جو آپ نے قاضی بنا کر بھیجا تو یہ بڑا عظیم معاملہ ہے ان کو مختلف وصیتیں فرمائیں، سوار کیا اور ان کے ساتھ الوداع کرنے کے لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پیدل چلے اور فرمایا اے معاذ واپسی پر تو ہماری زیارت نہ کر سکے گا اور ان کو آخری وصیت یہ کی۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۳ لوگوں کی تربیت کے لیے، امام سیوطی کے نزدیک بیان "ادا لناس" سے مراد وہ لوگ ہیں جو نرمی کے مستحق ہیں باقی اہل کفر، باغی اور ظالم لوگ اس دائرہ سے خارج ہوں گے کیونکہ ان کے ساتھ سختی اور شدت کا حکم ہے۔ واضح رہے کہ اہل ظلم کے ساتھ سختی کرنا بھی حسن اخلاق ہے کیونکہ یہ ان کی تربیت ہے، جس طرح اچھے لوگوں کے ساتھ حسن سلوک تربیت کا ذریعہ ہے تو امام سیوطی نے حسن اخلاق کو نرمی اور صلح و آشتی کے ساتھ مخصوص کیا ہے۔

۴۷۶۸/۲۴ وَعَنْ مَالِكٍ بَلَغَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ حُسْنَ الْاَخْلَاقِ. (رَوَاهُ فِي الْمُوَطَّاءِ وَرَوَاهُ اَحْمَدُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ)

امام مالک بیان کرتے ہیں کہ مجھے یہ روایت پہنچی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے اچھے اخلاق کی تکمیل کے لیے بھیجا گیا ہے۔ (موطا، امام احمد نے اسے حضرت ابوہریرہ سے روایت کیا ہے)

لہ انہیں کامل طور پر بیان کروں اور ان کو عملاً کمال تک پہنچاؤں، بعض روایات میں "مکارم" کا لفظ آیا ہے بعض روایات میں آیا ہے کہ انہیں نقصان کے بعد پورا کرنے کے لیے اور بعض روایات میں ہے بکھرنے کے بعد جمع کرنے کے لیے بھیجا گیا چونکہ آپ آخری نبی ہیں جب آپ پر کمال نبوت اختتام پذیر ہو گیا تو دوسرے کمالات مکمل کیوں نہ ہوں گے؟ آپ کے بعد کسی نبی کی کوئی ضرورت نہ رہی، اب صرف اور صرف آپ کی شریعت کی حفاظت کی ضرورت ہے اور وہ کام آپ کی امت کے علماء کا ہے اور وہ بنی اسرائیل کے ان انبیاء کی طرح ہیں جنہوں نے تورات اور شریعت موسوی کی حفاظت کی تھی۔ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سابقہ انبیاء علیہم السلام کے جمیع کمالات و فضائل کے جامع ہونے کے ساتھ ساتھ دیگر فضائل کے بھی حامل ہیں اور تتمیم کی تخصیص بکھرنے کے بعد حاصل ہونے والے جمع کے ساتھ کرنا زیادتی ہے کیونکہ دین محمدی میں بہت سے ایسے امور ہیں جو سابقہ شریعتوں میں نہیں تھے اور آپ کے تمام انبیاء پر افضل ہونے کی دلیل یہ آیت مبارکہ ہے۔ "اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰهُمُ اقْتَدِهْ" اس میں آپ کو سابقہ انبیاء کے عقائد و اعمال کی اقتداء کا حکم ہے اور آپ نے ان کو یقیناً حاصل کر لیا تو آپ تمام کے جامع قرار پائے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ میری اور سابقہ انبیاء کی مثال اس محل کی طرح ہے جسے خوب بنایا گیا ایک اینٹ کی جگہ کے علاوہ اس میں کوئی جگہ خالی نہ رہی، میرے آنے سے وہ خالی جگہ بھی پُر ہو گئی اور وہ مکان مکمل ہو گیا جس سے واضح ہو جاتا ہے کہ آپ کی آمد سے پہلے کمالات کا اتمام نہیں ہوا تھا جو آپ کے وجود مسعود سے ہوا۔

۴۷۶۹/۲۵ وَعَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَظَرَ فِي الْمِرْاٰةِ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ حَسَّنَ خَلْقِيْ وَخُلُقِيْ وَزَانَ مِنِّيْ مَا شَانَ مِنْ غَيْرِيْ. (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ مُرْسَلًا)

امام جعفر صادق بن محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب آئینہ دیکھتے تو یہ کلمات کہتے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ حَسَّنَ خُلُقِيْ وَزَانَ مِنِّيْ مَا شَانَ مِنْ غَيْرِيْ تمام تعریف اللہ کے لیے جس نے میری صورت اور سیرت کو خوبصورت بنایا میری ہر وہ چیز اچھی فرمائی جو دوسروں کی بری لگتی ہے۔ (بیہقی نے شعب الایمان میں مرسلاً روایت کیا)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۱؎ امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

۲؎ واضح رہے کہ یہ صفت بروجہ اتم علی الاطلاق آپ ہی کی ہے البتہ بعض کی بنسبت بھی جائز ہے۔ شاید حدیث میں لفظ احسن اسی لیے فرمایا۔

۴۸۶۰/۲۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ حَسَّنْتَ خَلْقِيْ فَاَحْسِنْ خُلُقِيْ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام یہ دعا کیا کرتے تھے اَللّٰهُمَّ حَسَّنْتَ خَلْقِيْ فَاَحْسِنْ خُلُقِيْ (اے اللہ تو نے میری صورت حسین بنائی ہے پس میری سیرت کو بھی حسین کر دے۱؎ (مسند احمد)

۱؎ سیرت حسین ہونے کے باوجود دعائیں کی؟ اُمت کی تعلیم کے لیے یا اس کے دوام کی دعا ہے جیسے اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ یا اتمام دین مراد ہے کیونکہ آپ کی سیرت کی تحسین و تہذیب کا ذریعہ قرآن ہے جب کہ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے۔ كَانَ خُلُقُهُ الْقُرْاٰنَ (آپ کا خلق قرآن ہے) گویا یہ دعا نزول قرآن کی دعا تھی۔

۴۸۷۱/۲۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُنَبِّئُكُمْ بِخِيَارِكُمْ قَالُوْا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ خِيَارُكُمْ اَطْوَلُكُمْ اَعْمَارًا وَاَحْسَنُكُمْ اَخْلَاقًا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمہیں بہتر لوگوں کے بارے میں آگاہ نہ کروں؟ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ضرور کیجیے فرمایا تم میں بہتر وہ ہیں جن کی عمر لمبی اور اخلاق اچھے ہوں۱؎ (مسند احمد)

۱؎ کیونکہ وہ اس میں اللہ تعالیٰ کی خوب عبادت اور اس کے بندوں سے خوب خیرات کر کے بہت زیادہ فضائل و کمالات حاصل کر لیں گے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمان کی طویل عمر اس کے لیے مبارک ہے۔ کیونکہ طویل عمر حقیقتاً وہی ہے جس میں کار خیر ہو اور اس میں برکت ہو۔

۴۸۷۲/۲۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ)

انہی سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کامل مومن از روئے ایمان وہی ہے جو اخلاق میں سب سے اچھا ہو۔ (ابوداؤد، دارمی)

۴۸۷۳/۲۹ وَعَنْهُ اَنَّ رَجُلًا شَتَمَ اَبَا بَكْرٍ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ يَتَعَجَّبُ وَيَتَبَسَّمُ فَلَمَّا اَكْثَرَ رَدَّ عَلَيْهِ بَعْضَ قَوْلِهٖ فَغَضِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَامَ فَلَحِقَهٗ اَبُوْ بَكْرٍ وَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَانَ يَشْتِمُنِيْ وَاَنْتَ جَالِسٌ فَلَمَّا رَدَدْتُ عَلَيْهِ بَعْضَ قَوْلِهٖ غَضِبْتَ وَ

اور انہی سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضرت ابوبکر صدیق کو گالی دی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پاس بیٹھے ہوئے اس پر تعجب کر کے تبسم فرما رہے تھے جب اس نے زیادہ کا بیان دیں تو حضرت ابوبکر نے ایک کا جواب دیا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ناراض ہو کر کھڑے ہو گئے۔ ابوبکر نے آپ سے مل کر عرض کیا یا رسول اللہ وہ مجھے گالی دیتا رہا اور آپ تشریف فرما رہے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

قُمْتَ قَالَ كَانَ مَعَكَ مَلَكٌ يَرُدُّ عَلَيْهِ فَلَمَّا رَدَدْتَ عَلَيْهِ وَقَعَ الشَّيْطٰنُ ثُمَّ قَالَ يَا اَبَا بَكْرٍ ثَلٰثٌ كُلُّهُنَّ حَقٌّ مَا مِنْ عَبْدٍ ظُلِمَ بِمَظْلَمَةٍ فَيُغْضِيْ عَنْهَا لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اِلَّا اَعَزَّ اللّٰهُ بِهَا نَصْرَهُ وَمَا فَتَحَ رَجُلٌ بَابَ عَطِيَّةٍ يُرِيْدُ بِهَا صِلَةً اِلَّا زَادَ اللّٰهُ بِهَا كَثْرَةً وَمَا فَتَحَ رَجُلٌ بَابَ مَسْئَلَةٍ يُرِيْدُ بِهَا كَثْرَةً اِلَّا زَادَ اللّٰهُ بِهَا قِلَّةً۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

میں نے اس کی ایک گالی کا جواب دیا تو آپ اٹھ گئے فرمایا تیرے ساتھ ایک فرشتہ تھا جو اس کا جواب دے رہا تھا جب تو نے خود جواب دینا شروع کیا تو شیطان درمیان میں آ گیا اس کے بعد فرمایا اے ابوبکر تین باتیں بالکل سچی ہیں جس شخص پر ظلم ہوا اور وہ رضائے الٰہی کی خاطر چشم پوشی کرے تو اللہ تعالیٰ اسے معزز و منصور فرمائے گا جس آدمی نے سخاوت کا دروازہ کھولا مقصد صلہ رحمی تھا تو اس کے سبب اللہ تعالیٰ اس کے مال میں اضافہ فرمائے گا اور جس نے مال بڑھانے کی خاطر مانگنا شروع کیا اللہ تعالیٰ اس کے مال میں کمی کر دے گا۔

(مسند احمد)

۱؎ آپ خوش ہو کر تبسم فرما رہے تھے۔
۲؎ لیکن ابوبکر نے بھی گالی دی۔
۳؎ آپ ناراض ہو کر اٹھ گئے۔
۴؎ وہ اس کی گالیاں اس طرف لوٹا رہا تھا یہ کہ فرشتہ بھی گالیاں دے رہا تھا۔
۵؎ مظلمۃ لام کے نیچے زیر سے ظلم کرنا فتحہ کے ساتھ بھی آیا ہے بعض نے لام پر پیش بھی پڑھا ہے۔
۶؎ اللہ کی رضا کی خاطر اغضا کا معنی صراحۃً میں چشم پوشی کرنا ہے۔
۷؎ اسے اللہ تعالیٰ قوی و محکم بنا دیتا ہے یا تو مظلوم ہونے کی وجہ سے یا اس کی چشم پوشی کی وجہ سے۔
۸؎ رشتہ داروں اور معاشرے کے بے سہارا لوگوں پر۔
۹؎ گداگری کرتا ہے تاکہ مال میں اضافہ ہو۔

۴۸۷۴/۳۰ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُرِيْدُ اللّٰهُ بِاَهْلِ بَيْتٍ رِفْقًا اِلَّا نَفَعَهُمْ وَلَا يَحْرِمُهُمْ اِيَّاهُ اِلَّا ضَرَّهُمْ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ جس خاندان پر مہربانی کرتا ہے انہیں نفع دیتا ہے اور جن کو اس سے محروم کرتا ہے ان کے نقصان کا ارادہ کرتا ہے۔

(بیہقی، شعب الایمان)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

بَابُ الْغَضَبِ وَالْكِبْرِ

۳۲۶۔ غصّے اور تکبّر کا بیان

غضب، غین اور ضاد پر زبر، غصہ کرنا، غضب اس حالت و وصف کو کہا جاتا ہے جو ارادۃً انتقام اور ناپسند چیز کے دفع کرنے پر نفس کو جانب خارج کی طرف برانگیختہ کرے۔ روح حیوانی حالت، غضب میں مغضوب علیہ کی طرف انتقام کے لیے میلان کرتی ہے اور مکروہ چیز کو دور کرتی ہے۔ اس وجہ سے اس کا چہرہ سُرخ ہو جاتا ہے اور رگیں پھول جاتی ہیں۔ اسی طرح حالت خوشی میں بھی جانب خارج کی طرف میلان ہوتا ہے تاکہ محبوب کے سامنے آئے۔ اسی وجہ سے بعض اوقات غصہ اور خوشی کا غلبہ ہلاکت کا موجب بن جاتا ہے اور روح کا مکمل طور پر خروج ہو جاتا ہے اور جسم ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔ چہرہ زرد اور بدن کمزور ہو جاتا ہے۔ غضب کی ضد حلم ہے، حلم سے نفس کا آرام میں ہونا مراد ہے کیونکہ اس میں انسان کو جلدی غصہ کسی حالت میں نہیں آتا، تکلیف پہنچنے کے باوجود مضطرب نہیں ہوتا۔ ڈکنا قبل) میں کہتا ہوں کہ ایسا نفس وصال محبوب کے موقعہ پر بھی مضطرب نہیں ہوتا جیسا کہ حدیث عبدالقیس میں ہے کہ اس کے سربراہ حضرت اشج نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دیکھا مگر اس طرح نہ کیا جس طرح باقی لوگوں نے کیا تو آپ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ان کے اس عمل کو سراہتے ہوئے ان کو صاحب حلم و وقار قرار دیا۔ اگر ناحق غصہ ہو تو مذموم ہے، اسی طرح خلاف شرع بھی ممنوع ہے لیکن اگر حق کی خاطر ہو تو قابل ستائش ہے۔ ریاضت سے مقصود غضب کو بالکلیہ ختم کرنا نہیں بلکہ اسے موافق حق بنانا ہوتا ہے، غضب تو نظام بدن اور بقائے حیات کا ذریعہ ہے کیونکہ اس کے ذریعے موذی اور تکلیف دہ اشیاء سے بچا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نباتات میں قوت غضبیہ نہیں اسی لیے ہر کوئی ہلاک کر دیتا ہے۔ بخلاف حیوانات کے، ان میں اللہ تعالٰی نے اپنی حکمت کاملہ سے ایسے آلات عطا کیے جن کو موذی سے محفوظ کر لیتے ہیں مثلاً سینگ اور دانت وغیرہ، آدمی کے لیے اگرچہ اس طرح آلات نہیں مگر اسے عقل و تدبیر عطا کی تاکہ ایسے آلات و ذرائع تیار کرے جس سے وہ ہر قسم کے دشمن اور موذی سے اپنا دفاع کر سکے۔ تکبر کا سبب اپنے آپ کو اور اپنی صفات کو اعلیٰ اور بہتر جاننا ہے، جب کوئی ان چیزوں کا اظہار کرے گا اور ان کے ذریعہ دیگر لوگوں پر فوقیت اور بلندی چاہے گا اس وجہ سے وہ حق کے تسلیم کرنے اور اس کی فرمانبرداری کے لیے آمادہ نہ ہو گا جس سے سرکشی پیدا ہو گی اگر خلاف واقع ہو یعنی اس کی ذات میں وہ صفات نہیں جن کا اظہار تکلف و بناوٹ کی صورت میں کر رہا ہے تو یہ عمل نہایت ہی مذموم و قبیح ہے۔ اور اگر واقعتہً وہ فضائل اس میں موجود ہیں اور ان کی بنیاد پر تقدم چاہتا ہے تو یہ مذموم نہیں، تکبر کا مقابل تواضع ہے، تواضع تکبر اور کمزوری کے درمیانی درجہ کا نام ہے۔ کبر یہ ہوتا ہے کہ اپنے اندر موجود اعمال سے بڑھ کر خواہش مند ہونا بعفت یہ ہے کہ اپنے مقام سے بھی نیچے گر جانا اپنا استحقاق بھی نہ لینا، تواضع درمیانی طریقہ ہے، مشائخ صوفیہ قدس اللہ اسرارھم جب تکبر نفس میں غالب دیکھتے ہیں تو اس طرح اپنے آپ کی نفی اور ازالہ کرتے ہیں کہ صفت کو تواضع کا درجہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

دیتے تاکہ نفس مقام تواضع پر رہے۔ البتہ کمال توسط اور اعتدال ہر حال میں بہتر ہوتا ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۸۷۵ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَوْصِنِیْ قَالَ لَا تَغْضَبْ فَرَدَّدَ ذٰلِكَ مِرَارًا قَالَ لَا تَغْضَبْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص[۱] نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں عرض کی مجھے نصیحت[۲] کیجیے آپ نے فرمایا غصہ نہ کر اس نے بار بار یہ عرض کیا آپ نے یہی فرمایا غصہ نہ کیا کر[۳] (بخاری)

[۱] یہ حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔

[۲] نصیحت کا مطالبہ کیا۔

[۳] ممکن ہے کہ ان میں یہی عمل ہو لہٰذا اس سے بار بار آپ نے منع فرمایا کیونکہ آپ کا یہ معمول تھا کہ سائل کے حال کے مطابق جواب عنایت فرماتے اور جو اس کے مناسب حال علاج ہوتا اسی کو تجویز فرماتے یا اس وجہ سے بھی ہو سکتا ہے کہ ہر بلا اور فساد کا سبب شہوت اور غصہ کا غلبہ ہے اور شہوت بنسبت غصہ کے مغلوب ہے اور یہاں غضب سے منع کا خصوصی اہتمام فرمایا پہلی توجیہ بڑی واضح ہے۔

۴۸۷۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَیْسَ الشَّدِیْدُ بِالصُّرَعَةِ اِنَّمَا الشَّدِیْدُ الَّذِیْ یَمْلِكُ نَفْسَهٗ عِنْدَ الْغَضَبِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

انہی سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص کشتی سے پہلوان[۱] نہیں ہوتا۔ پہلوان وہ ہے جو غصہ کے وقت اپنے اوپر قابو رکھے۔[۲] (بخاری ومسلم)

[۱] صُرَعَۃ، صاد پر پیش، را پر زبر، جو لوگوں کو زمین پر ڈال دے اور اسے نہ ڈالا جائے۔ صراح میں اس کا معنی ڈالنا ہے اور مصارعت کا ایک دوسرے سے کشتی کرنا ہوتا ہے۔

[۲] کیونکہ غضب انسان کا سخت ترین اور قوی تر دشمن ہے جس نے اس پر کنٹرول کر لیا گویا اس نے قوی ترین مخالف کو گرا لیا۔

شعر:

مردی نہ زور بازو و دانی نہ زور کتف
با نفس اگر برائی دانم کہ شاطری

مردانگی دو بازو اور کاندھے کے زور سے نہیں بنتی بلکہ اگر نفس کو مغلوب کر لیا تو یہ مردانگی ہے۔

۴۸۷۷ وَعَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَهْلِ الْجَنَّةِ كُلُّ ضَعِیْفٍ مُتَضَعِّفٍ لَوْ اَقْسَمَ عَلَی اللّٰهِ

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں اہل جنت کے بارے میں نہ بتاؤں؟ ہر وہ کمزور جسے کمزور سمجھا جائے اگر

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لَا بَرَّهٗ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَهْلِ النَّارِ كُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)
وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ كُلُّ جَوَّاظٍ زَنِيْمٍ مُتَكَبِّرٍ۔

وہ اللہ کی قسم کھا جائے تو اللہ اس کی قسم پوری کر دے گا کیا میں تمہیں اہل نار نہ بتاؤں، ہر سخت دل اور متکبر۔
(بخاری و مسلم اور مسلم کی روایت میں ہے سخت دل، حرامی، متکبر)

ل اہل جنت کون ہیں؟
۲ متضعف، عین پر زبر، لوگ جسے بفقر تواضع یا حقیر جان کر اس کے ساتھ جبر اور تکبر کرتے ہوں۔ بعض نے عین کے نیچے زیر پڑھی ہے اور اس کا معنی نرم اور ذلیل کیا ہے۔
۳ اسے سچا کر دے گا یا اس کی قسم کو، ان الفاظ کی متعدد ترجیحات کی گئی ہیں۔ ایک یہ ہے کہ وہ بندہ باری تعالیٰ کے کرم اور اس کے لطف پر کامل اعتماد کرتے ہوئے قسم اٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی امید کو بر لاتے ہوئے اس کی قسم کو پورا کر دیتے ہیں۔ دوسرا یہ کہ اگر وہ شخص اپنے لیے اللہ تعالیٰ سے کوئی سوال کرتا ہے اور اللہ کی قسم کو پورا کر دیتے ہیں
تیسرا معنیٰ
یہ ہے کہ اگر وہ اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر کہہ دیتا ہے کہ فلاں کام کرے گا یا نہیں کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی قسم کے مطابق توفیق حمایت فرما دیتا ہے۔
۴ جب آپ نے اہل جنت کی صفات بیان کر دیں تو اب اہل نار کے اعمال کا تذکرہ کیا۔
۵ عُتُل، عین پر پیش، لام مشدد، سخت گو، درشت ناحق لڑائی کرنے والا۔
۶ جواظ، جیم پر زبر، واو مشدد، بخیل اور مال جمع کرنے والا، بعض نے اس کا ترجمہ رفتار میں تکبر کا اظہار کرنے والا کیا ہے۔ اس صورت میں متکبر اس کی تفسیر ہوگا۔
۷ زنیم حرام زادہ، ہر وہ شخص جو اپنی نسبت کسی قوم کی طرف کرتا ہے مگر نفس الامر میں ایسا نہ ہو۔ قرآن مجید میں دونوں صفات زنیم اور عتل ولید بن مغیرہ کی بیان کی ہیں۔

۴۸۷۸ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ النَّارَ اَحَدٌ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ اِيْمَانٍ وَلَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اَحَدٌ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ كِبْرٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وہ شخص دوزخ میں داخل نہیں ہو سکتا جس کے دل میں رائی کے برابر ایمان ہو اور وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہو سکتا جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر تکبر ہو۔ (مسلم)

ل رائی کا دانہ کسی کے کم از کم ہونے پر بطور محاورہ لایا جاتا ہے۔

۴۸۷۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ

انہی سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں وہ شخص داخل نہیں ہو سکتا جس کے دل

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِّنْ كِبْرٍ فَقَالَ رَجُلٌ اِنَّ الرَّجُلَ يُحِبُّ اَنْ يَّكُوْنَ ثَوْبُهٗ حَسَنًا وَّ نَعْلُهٗ حَسَنًا قَالَ اِنَّ اللّٰهَ جَمِيْلٌ يُّحِبُّ الْجَمَالَ اَلْكِبْرُ بَطَرُ الْحَقِّ وَغَمْطُ النَّاسِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ہیں ذرہ[1] کے برابر تکبر ہو اس پر ایک شخص نے عرض کیا آدمی[2] چاہتا ہے کہ اس کے کپڑے اچھے ہوں جوتا خوبصورت ہو تو آپ نے فرمایا اللہ تعالےٰ جمیل[3] ہے اور جمال کو پسند کرتا ہے تکبر حق[4] کا جھٹلانا اور لوگوں کو حقیر سمجھنا ہے (مسلم)

[1] ذرہ سے مراد یا تو چھوٹی چیونٹی ہے۔ یا وہ ہوا میں اڑنے والے ذرات ہیں جو روشندان سے سورج کی روشنی میں اندر آتے ہیں۔

[2] جب اس نے محسوس کیا کہ متکبر لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ بڑا قیمتی اور فاخرہ لباس پہنتے ہیں تو گمان گزرا شاید یہ تکبر ہو۔

[3] اللہ تعالےٰ پر جمیل کا اطلاق کامل الاوصاف اور حسن الافعال کے اعتبار سے ہے۔ بعض نے اس کا معنی جمال عطا کرنے والا کیا ہے۔ بعض نے جمیل بمعنی جلیل (بزرگ) کیا۔ بعض نے کہا کہ وہ نور و نکہت اور جمال کا مالک و خالق ہے۔ بعض نے اس کا معنی اپنے بندوں پر حسن کرم کرنے والا کیا ہے۔

[4] توحید و عبادت سے سرکشی کرنا اور حق کو قبول نہ کرنا۔

۴۸۸۰ - وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَّلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ شَيْخٌ زَانٍ وَّمَلِكٌ كَذَّابٌ وَّعَائِلٌ مُّسْتَكْبِرٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا تین اشخاص کے ساتھ اللہ تعالےٰ قیامت کے روز کلام[1] نہیں فرمائے گا اور نہ ہی انہیں پاک کرے گا۔ ایک روایت میں ہے[2] کہ نہ ہی ان کی طرف نظر کرے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے[3]، بوڑھا زانی[4]، جھوٹا بادشاہ اور فقیر[5] متکبر (مسلم)

[1] دوسری روایت میں یہ اضافہ ہے۔

[2] اس سے مراد اللہ تعالےٰ کی عدم رضا اور ناراضگی ہے کیونکہ جو کسی سے ناراض ہو جاتا ہے وہ اس سے گفتگو نہیں کرتا، اس کی طرف دیکھتا نہیں اور نہ ہی اس کی تعریف کرتا ہے اور وہ تین اشخاص یہ ہیں۔

[3] باوجودیکہ وہ ایسے وقت میں ہے جس میں اسے توبہ کرنی چاہیے حیا کا پہلو غالب ہونا چاہیے اور شہوت میں کمی لیکن اگر وہ اس کے خلاف کرتا ہے تو یہ عمل بہ نسبت اس کی بے حیائی کی انتہا اور باری تعالےٰ کے غضب کو دعوت دینا ہے

[4] جھوٹ ہر ایک سے ناروا ہوتا ہے لیکن بادشاہ کی کذب بیانی نہایت ہی مذموم ہے کیونکہ خلق خدا کے تمام معاملات اس کی زبان و فرمان سے متعلق ہوتے ہیں اور اس کا جھوٹ دفع ضرر اور حصول نفع کے لیے ہی ہوگا، اور حاکم بغیر جھوٹ کے بھی اپنا معاملہ نبھا سکتا ہے لہٰذا اس کا جھوٹ بولنا بدتر اور بے فائدہ ہوگا۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۵ تکبر ہر ایک سے بُرا ہے مگر اس فقیر سے جو مال و منصب سے عاری ہو نہایت ہی بُرا ہے کیونکہ یہ اس کے خبث باطن اور طبعی کمینگی پر دال ہے۔

شعر:

کبر زشت و از گدایان زشت تر
روز سرد و برف وآنگہ جامہ تر

تکبر بُرا ہے اور فقراء سے نہایت ہی بُرا جیسا کہ دن کا ٹھنڈا ہونا لیکن اگر کپڑے بھی تر ہوں تو زیادہ سردی ہو گی۔

بعض لوگوں نے عائل سے مراد خاندان کا وہ سربراہ مراد لیا ہے جو عیال کو اس طرح نقصان پہنچاتا ہے کہ ان کے حقوق پورے بھی نہیں کر سکتا اور اس پر مزید یہ کہ تکبر کرتے ہوئے صدقہ و زکاۃ وصول نہیں کرنے دیتا اور نہ ہی لوگوں کے ساتھ مناسب رویہ اپناتا ہے۔ اللہ کی ذات پر توکل کرتے ہوئے سوال کرنے سے حیا کرنا اور شئی ہے اور بوقت مجبوری تکبر کرتے ہوئے لوگوں کے احسان کو قبول نہ کرنا اور شئی ہے۔

۲۸۸۱ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اَلْكِبْرِيَاءُ رِدَائِيْ وَالْعَظَمَةُ اِزَارِيْ فَمَنْ نَازَعَنِيْ وَاحِدًا مِنْهُمَا اَدْخَلْتُهُ النَّارَ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَذَفْتُهُ فِي النَّارِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

انہی سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالٰے کا ارشاد ہے کہ بڑائی میری چادر ہے اور عظمت[1] میرا تہبند جو ان دونوں میں سے کسی ایک کے بارے میں مجھ[2] سے جھگڑا کرے گا میں آگ میں داخل کروں گا دوسری روایت ہے میں اسے آگ میں پھینک[3] دوں گا۔ (مسلم)

۱ اس سے یہ مثال دی جا رہی ہے کہ اللہ تعالٰے تو حدہ و تعزّز میں صفت کبریائی و عظمت کے ساتھ متصف ہے یہ دونوں صفات اس کا خاصہ ہیں۔ کسی کو ان میں شرکت کی مجال کہاں؟ البتہ جود و کرم اور مہربانی اس کی صفات ہیں اور مخلوق کو بھی اس سے حصہ ملا ہے اور ان صفات کے ساتھ کسی انسان کو مجازاً متصف کرنا جائز ہے لیکن ان دو صفات کے ساتھ اللہ تعالٰے کے علاوہ کسی کو مجازاً متصف کرنا بھی جائز نہیں۔ دو کپڑوں کے ساتھ اس لیے مثال دی کہ جس نے یہ دونوں پہنے ہوئے ہوں اسی کے ہوں گے، دوسرے کے لیے اس وقت پہننا ممکن نہیں ہوتا۔ کبریا اور عظمت لغت میں ہم معنی ہیں یعنی بڑا ہونا ظاہر حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ان دونوں میں فرق ہے ایک کو چادر اور دوسرے کو تہبند کہا گیا ہے اس لیے بعض علماء نے فرمایا کہ کبریا ذاتی صفت ہے اور عظمت اضافی یعنی حق تعالٰے اپنی ذات کے لحاظ سے کبیر و متکبر ہے خواہ دوسرا جانے یا نہ جانے لیکن عظمت یہ ہے کہ مخلوق کا اس کو بڑا جاننا ضروری ہے لہٰذا جو ذاتی صفت ہے وہ اضافی سے اعلیٰ و ارفع ہو گی جونکہ چادر تہبند سے اعلیٰ ہوتی ہے۔ اس لیے ان کے ساتھ تشبیہ دی گئی۔ اس کی شرح میں اور بھی گفتگو کی گئی ہے واللہ تعالٰی اعلم۔

۲ جو میرے ساتھ ان میں شرکت کا دعوی کرے گا۔

۳ ان الفاظ میں حقارت کا پہلو نمایاں ہے جس طرح مٹی کے ڈھیلے کو بے اعتنائی کے ساتھ پھینکا جاتا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۴۸۸۲ عَنْ سَلَمَۃَ بْنِ الْاَکْوَعِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَزَالُ الرَّجُلُ یَذْھَبُ بِنَفْسِہٖ حَتّٰی یُکْتَبَ فِی الْجَبَّارِیْنَ فَیُصِیْبُہٗ مَا اَصَابَھُمْ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت سلمہؓ بن اکوع رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا آدمی اپنے آپ کو اونچا سمجھتا رہتا ہے حتی کہ وہ جباروں میں لکھا جاتا ہے اور اسے جبارین جیسا عذاب ہوگا۔ (ترمذی)

لہ یہ بڑے مشہور جرات مند اور دلیر صحابی ہیں تنہا لشکر پر اور پیدل حالت میں سواروں پر حملہ آور ہو جاتے ہیں۔

لہ نفس کی پیروی کرتے کرتے انسان تکبر کے اس مقام پر پہنچ جاتا ہے جہاں سے واپسی دشوار ہو جاتی ہے۔

لہ ان کے ناموں کی فہرست میں آ جاتا ہے۔

لہ دنیا و آخرت میں اس کا انجام جبارین و متکبرین والا ہوتا ہے۔

۴۸۸۳ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یُحْشَرُ الْمُتَکَبِّرُوْنَ اَمْثَالَ الذَّرِّ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فِیْ صُوَرِ الرِّجَالِ یَغْشٰھُمُ الذُّلُّ مِنْ کُلِّ مَکَانٍ یُسَاقُوْنَ اِلٰی سِجْنٍ فِیْ جَھَنَّمَ یُسَمّٰی بُوْلَسَ تَعْلُوْھُمْ نَارُ الْاَنْیَارِ یُسْقَوْنَ مِنْ عُصَارَۃِ اَھْلِ النَّارِ طِیْنَۃَ الْخَبَالِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد گرامی اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا متکبر لوگ روز قیامت چیونٹیوں کی طرح جمع کیے جائیں گے مردوں کی صورت میں اور ان پر ذلت ہی ذلت چھائی ہوگی انہیں دوزخ کے ایک قید خانے کی طرف ہانکا جائے گا جس کا نام بولس ہے ان پر آگوں کی آگ چھا جائے گی اور انہیں دوزخیوں کی پیپ پلائی جائے گی۔ (ترمذی)

لہ اس حدیث کے معنی میں متعدد اقوال ہیں۔ ایک یہ ہے کہ یہ خواری سے کنایہ ہے کہ وہ چیونٹیوں کی طرح میدان محشر میں لوگوں کے پاؤں کے نیچے پامال ہو رہے ہوں گے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ قیامت کے دن اجسام کو ان اجزائے اصلیہ کے ساتھ لوٹایا جائے گا جو دنیا میں تھے چیونٹی کی صورت اور اس کا جسم اس کی گنجائش نہیں رکھتا۔ اس لیے مردوں کی صورت کہا جس سے واضح ہوا کہ وہ چیونٹیوں کی شکل میں نہیں ہوں گے بلکہ اپنی شکل میں ہوں گے۔ اور ذلت کا چھا جانا بھی قرینہ ہے کہ مراد خواری و ذلت ہے۔ سیاق حدیث بھی اس پر دال ہے۔ صحیح یہ ہے کہ حدیث اپنے ظاہر پر محمول ہے۔ متکبرین کو چیونٹیاں بنا دیا جائے گا تمام صورت انسانی ہوگی اور اللہ تعالےٰ قادر ہے کہ اجزائے اصلیہ کو اس چھوٹے سے جسم میں لوٹا دے اور اس صورت میں ذلیل و خوار کرے۔

لہ بُوْلَس بار پر پیش اور واؤ ساکن لام پر زبر ہے۔ قاموس میں بار پر پیش بیان کیا ہے۔ یہ ابلس سے مشتق ہے جس کا معنی ناامیدی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اور تیز تر ہے ابلیس بھی اسی سے ہے۔

سے جس طرح آگ دوسروں کی نسبت سے ہے وہ آگ آگ کی نسبت سے ہوگی کہ وہ آگ کو بھی جلا دے گی، اَنْیَار نار کی جمع ہے اصلاً انوار ہونی چاہیے کیونکہ جوف واوی ہے لیکن واؤ کو یاء سے اس لیے بدل دیتے ہیں تاکہ نور کی جمع کے ساتھ التباس نہ ہو جائے۔

سے طینۃ الخبال، یہ عصارۃ اہل نار کی تفصیل ہے اس لفظ کی تحقیق، باب الوعید علی شرب الخمر، میں گزر چکی ہے۔

ان صفات کو یوں بھی بیان کیا گیا ہے کہ وہ آدمیوں کی شکل و جسم میں ہوں گے نہ کہ چیونٹیوں کی صورت میں ان کو ہانکا جائے گا اور حقیقت یہ ہے کہ جو جو صفات آدمی کے جسم میں ہیں مثلاً ادراک، احوال اور صفات وہ تمام کی تمام چیونٹی میں ہیں اور اشاعرہ کے نزدیک مزاج انسانی کے حصول کے لیے اس طرح کا جسم ضروری نہیں اور جیسے جزء لایتجزی میں حصول مزاج اور تعلق روح انسانی ممکن ہے تو چیونٹی میں بطریق اولیٰ ہو سکتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ ہر شی پر قادر ہے۔

۴۸۸۴ (۱۰) وَعَنْ عَطِيَّةَ بْنِ عُرْوَةَ السَّعْدِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْغَضَبَ مِنَ الشَّيْطٰنِ وَإِنَّ الشَّيْطٰنَ خُلِقَ مِنَ النَّارِ وَإِنَّمَا يُطْفَأُ النَّارُ بِالْمَاءِ فَإِذَا غَضِبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَتَوَضَّأْ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت عطیہ بن عروہ السعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا غصہ[1] شیطان کی طرف سے ہے اور شیطان آگ سے پیدا کیا گیا اور آگ پانی سے ٹھنڈی کی جاتی ہے تو تم میں سے جب کسی کو غصہ آئے تو وضو کرو۔ (ابو داؤد)

لہ جو غصہ خدا کے لیے نہ ہو کیونکہ وہ شیطان کے اغوا کرنے پر ہی ہوگا اور وہ آدمی میں سرایت کیے ہوئے ہوگا۔ علامہ طیبی لکھتے ہیں کہ جب غضب شیطان کی طرف سے ہوا تو اس سے ذکر و عبادت کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پناہ طلب کی جائے اور ٹھنڈا پانی غصے کی آگ کو ٹھنڈا کر دیتا ہے اور تجربہ اس پر شاہد ہے کہ اس موقع پر ٹھنڈا پانی پی لینے سے بھی غصہ فرو ہو جاتا ہے۔

۴۸۸۵ (۱۱) وَعَنْ أَبِيْ ذَرٍّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا غَضِبَ أَحَدُكُمْ وَهُوَ قَائِمٌ فَلْيَجْلِسْ فَإِنْ ذَهَبَ عَنْهُ الْغَضَبُ وَإِلَّا فَلْيَضْطَجِعْ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابو ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کسی کو غصہ آئے حالانکہ وہ کھڑا ہو تو وہ بیٹھ جائے اگر غصہ ختم ہو جائے تو ٹھیک ورنہ لیٹ جائے[1]۔ (مسند احمد، ترمذی)

لہ علامہ طیبی لکھتے ہیں کہ اس میں حکمت یہ ہے کہ غصہ کی وجہ سے وجود میں جو حرکت لاحق ہوگی اس کا ازالہ ہو جائے گا کیونکہ لیٹنے والا، بیٹھنے والے کی حرکت سے دور ہو جاتا ہے۔ اور قاعد قائم سے دور، اور بظاہر یہ ہے کہ اس طرح حالت میں تبدیلی جس سے سکون و آرام ہو ہیجان اور غضب کی دوری کا ذریعہ ہیں۔

۴۸۸۶ (۱۲) وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ تَخَيَّلَ وَاخْتَالَ وَنَسِيَ الْكَبِيْرَ الْمُتَعَالَ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ تَجَبَّرَ وَاعْتَدٰى وَنَسِيَ الْجَبَّارَ الْاَعْلٰى بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ سَهَا وَلَهَا وَنَسِيَ الْمَقَابِرَ وَالْبِلٰى بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ عَتَا وَطَغٰى وَنَسِيَ الْمُبْتَدَاَ وَالْمُنْتَهٰى بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ يَّخْتِلُ الدُّنْيَا بِالدِّيْنِ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ يَّخْتِلُ الدِّيْنَ بِالشُّبُهَاتِ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ طَمَعٌ يَقُوْدُهٗ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ هَوًى يُضِلُّهٗ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ رَغَبٌ يُذِلُّهٗ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَقَالَا لَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِالْقَوِيِّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ اَيْضًا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

فرماتے ہوئے سنا بُرا بندہ وہ ہے جو غرور اور اکڑ کر چلے[1] اور بڑی شان والے کو بھول جائے[2] بُرا بندہ وہ بندہ ہے جو ظلم و زیادتی کرے[3] اور قہار اعلیٰ کو بھول جائے[4] بُرا بندہ وہ بندہ ہے جو بھول کر کھیل[5] میں لگ جائے۔ قبر اور گل سڑ جانے کو بھول جائے بُرا بندہ وہ بندہ ہے جو تکبر کرے[6] اور حد سے تجاوز کرے اور اپنی ابتداء و انتہا کو بھول جائے[7]، وہ بندہ بُرا ہے جو دنیا کو دین کے لیے دھوکہ دے[8]، وہ بندہ بُرا ہے جو شبہات سے دین کو بگاڑے[9] وہ بندہ بُرا ہے جسے[10] ہوس اپنا بنائے وہ بندہ بُرا ہے جسے خواہش نفس گمراہ کرے وہ بندہ بُرا ہے جسے خواہش[11] ذلیل کردے (ترمذی، بیہقی، شعب الایمان اور کہا کہ اس کی سند قوی نہیں اور امام ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے)

[1] اپنے آپ کو اچھا و بہتر خیال کرکے تکبر کا اظہار کرے اور ناز کرے، مختال متکبر کو کہا جاتا ہے جھگڑالو اور خاص پر فخر، بار بار اپنے زعم میں بڑا بننا۔

[2] اس رب کو بھول جاتا ہے جو قدرت و طاقت میں سب سے غالب ہے:

[3] لوگوں پر ظلم کی انتہا کر دیتا ہے۔

[4] جو قدرت و عزت میں سب سے بلند ہے۔

[5] دین کا کام چھوڑ کر لہو و لعب میں لگ جاتا ہے۔

[6] سرکشی کرنا اور اللہ تعالیٰ کی تعلیمات پر عمل نہیں کرنا۔

[7] کہ اسے کس چیز سے پیدا کیا گیا کس طرح وہ عاجز و ناتواں تھا اور اپنے انجام سے بے خبر ہے کہ اس کے ساتھ کیا ہوگا۔

[8] طاعت و عبادات اس لیے کرتا ہے تاکہ دنیا اور اہل دنیا سے مال و دولت حاصل ہو اگیا مکر و فریب کے ذریعے دولت حاصل کرتا ہے ختل کا لفظ مکر و فریب دینے کے معنی میں آتا ہے۔

[9] حرام کا تاویل کے ذریعے ارتکاب کرتا ہے تاکہ تاویل کے ذریعہ اپنے آپ کو دین دار بھی رکھے اور اہل دنیا کو دھوکہ بھی دے دے تاکہ لوگ کہیں کہ وہ دین دار ہے اور حرام سے بچنے والا ہے۔ اور اس طرح واضح حرام کا بھی ارتکاب نہیں کرتا تاکہ لوگ اسے دین سے خارج نہ سمجھنے لگ جائیں لیکن مشتبہات کو ذریعہ بناتا ہے تاکہ لوگوں پر معاملہ مشتبہ رہے اور اسے دین دار ہی تصور کرتے رہیں گویا دین کو فریب دینا ہے۔

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

سلہ وہ مخلوق سے طمع رکھتا ہے اور حرص اسے ہر اہل دنیا کے دروازے پر لے جائے۔
سلہ اسے راہ دین سے دور لے جائے۔
سے جو دنیا کی حرص و لالچ میں پاگل ہو جائے، کثرت مال کی طلب اسے ذلیل کرے اور عزت دین کو ذلت سے بدل دے۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ — تیسری فصل

۴۸۸۷ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَجَرَّعَ عَبْدٌ أَفْضَلَ عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ جُرْعَةِ غَيْظٍ يَكْظِمُهَا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ تَعَالٰى۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالٰی کے ہاں اس غصہ کے گھونٹ سے بہتر گھونٹ[1] نہیں پیتا جو اللہ کی رضا کی خاطر پی لیا گیا۔ (مسند احمد)

سلہ جُرعۃ جیم پر پیش پانی وغیرہ کا ایک گھونٹ، غیظ غصہ تھوڑا کرنا، کظم غصے کو پی جانا اصلاً مشک کا پُر ہونا اور دہانے کو باندھنے کے معنی میں آتا ہے۔

۴۸۸۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهِ تَعَالٰى اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ أَحْسَنُ قَالَ الصَّبْرُ عِنْدَ الْغَضَبِ وَالْعَفْوُ عِنْدَ الْإِسَاءَةِ فَإِذَا فَعَلُوْا عَصَمَهُمُ اللّٰهُ وَخَضَعَ لَهُمْ عَدُوُّهُمْ كَأَنَّهُ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ قَرِيْبٌ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ تَعْلِيْقًا)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے مروی ہے اللہ تعالٰی کے اس ارشاد گرامی "ادفع بالتی ہی احسن"[1] کے بارے میں مروی ہے کہ[2] وہ بھلائی جو غصہ کے وقت اور برائی کے وقت معافی کردینے لوگ جب ایسا کریں گے تو اللہ تعالٰی ان کی حفاظت کرے گا اور ان کا دشمن ان کے سامنے پست ہو جائے گا گویا وہ قریبی دوست ہے۔ (بخاری نے تعلیقاً روایت کیا)

سلہ پوری آیت کریمہ یہ ہے "ولا تستوی الحسنۃ ولا السیئۃ ادفع بالتی ہی احسن" (نیکی اور بدی جزا اور انجام میں برابر نہیں اور بدی کو نیکی کے ساتھ جو بہتر ہے دفع کرو) یعنی اگر کوئی تیرے ساتھ برائی کرتا ہے تو تو اس کے ساتھ نیکی کر، مصرعہ

اگر مردی احسن الی من اساء

اگر تو مرد ہے تو ہر اس شخص کے ساتھ نیکی کر جو تیرے ساتھ برائی کرتا ہے یا مراد یہ ہے کہ نیک اعمال میں سے بہتر کو منتخب کر اس صورت میں معنی میں مبالغہ ہے اور الفاظ حدیث اس کے مناسب ہیں۔
سلہ یعنی بدی کو نیکی کے ساتھ دفع کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب غصہ آئے تو صبر کرے اور اگر کسی سے زیادتی دیکھے تو در گزر کرے۔
سلہ جب وہ اللہ تعالٰی کی رضا کے لیے ایسا کریں گے تو اللہ تعالٰی انہیں نفس اور دیگر مخلوق کے شر سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

محفوظ رکھے گا۔

۶؎ یہ تفسیر آیت کے آخری حصہ کی ہے "فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَکَ وَبَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ کَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ" (پس جب تیرے اور اس کے درمیان عداوت ہو تو گویا وہ قریبی دوست ہے)

۴۸۸۹/۱۵ وَعَنْ بَهْزِ بْنِ حَکِیْمٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْغَضَبَ لَیُفْسِدُ الْاِیْمَانَ کَمَا یُفْسِدُ الصَّبِرُ الْعَسَلَ۔ (رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ)

حضرت بہز بن حکیم اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا غصہ ایمان کو اس طرح تباہ کر دیتا ہے جیسے کڑوے درخت کا شیرہ شہد کو تباہ کر دیتا ہے۔ (بیہقی)

۱؎ بہز، با پر زبر، ہا ساکن۔

۲؎ ان کا نام معاویہ بن حیدہ ہے، حا پر زبر یا ساکن۔ اس سند میں اختلاف ہے مگر حق یہی ہے کہ صحیح ہے۔

۳؎ الصّبر، صاد پر زبر با مکسور، بعض اوقات ضرورت شعری کی وجہ سے با ساکن بھی پڑھی جاتی ہے۔ کڑوے درخت کے شیرے کو کہا جاتا ہے۔

۴۸۹۰/۱۶ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ وَهُوَ عَلَی الْمِنْبَرِ یَا اَیُّهَا النَّاسُ تَوَاضَعُوْا فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ فَهُوَ فِیْ نَفْسِهٖ صَغِیْرٌ وَّفِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ عَظِیْمٌ وَمَنْ تَکَبَّرَ وَضَعَهُ اللّٰهُ فَهُوَ فِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ صَغِیْرٌ وَّفِیْ نَفْسِهٖ کَبِیْرٌ حَتّٰی لَهُوَ اَهْوَنُ عَلَیْهِمْ مِنْ کَلْبٍ اَوْ خِنْزِیْرٍ۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے منبر پر خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: اے لوگو! تواضع کیا کرو میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا جو شخص اللہ تعالےٰ کے لیے[۱] تواضع کرتا ہے[۲] اسے اللہ تعالےٰ بلند فرما دیتا ہے وہ اپنے آپ میں چھوٹا ہوتا ہے[۳] اور لوگوں کی نگاہوں[۴] میں بڑا اور جو غرور کرتا ہے اللہ تعالےٰ اسے پست کر دیتا ہے وہ لوگوں کی نگاہ میں چھوٹا اور اپنے نزدیک بڑا حتیٰ کہ وہ لوگوں کے ہاں کتے اور سور سے زیادہ ذلیل ہوتا ہے[۵]

۱؎ جو لوگوں کے ساتھ رضائے الٰہی کی خاطر تواضع سے پیش آتا ہے۔

۲؎ یعنی جو اپنے آپ کو کم سمجھتا ہے۔

۳؎ اللہ تعالےٰ لوگوں کی نگاہوں میں اسے بڑا بنا دیتا ہے۔

۴؎ یعنی جو شخص تکبر کے طور پر اپنے آپ کو بڑا گنتا ہو وہ اللہ تعالےٰ کے ہاں حقیر ہوگا اور لوگوں کے ہاں ذلیل و رسوا اور تواضع کرنے والا اگرچہ اپنے آپ کو کم جانتا ہے مگر اللہ تعالےٰ اور لوگوں کے ہاں وہ عظیم ہوتا ہے۔

۴۸۹۱/۱۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مُوْسَی بْنُ عِمْرَانَ عَلَیْهِ السَّلَامُ یَا رَبِّ مَنْ اَعَزُّ عِبَادِكَ عِنْدَكَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت موسیٰ بن عمران علیہ السلام نے عرض کیا یا اللہ تیرے ہاں

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

قَالَ مَنْ إِذَا قَدَرَ غَفَرَ.

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

بندوں میں سے کون زیادہ عزت والا ہے۔ فرمایا جو قادر ہونے کے باوجود معاف کر دے۔ (بیہقی)

لہ جس نے اس کے ساتھ زیادتی کی اس پر انتقام لینے میں قادر تھا مگر معاف کر دیتا ہے۔

۴۸۹۲ (۱۸) وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ خَزَنَ لِسَانَهُ سَتَرَ اللهُ عَوْرَتَهُ وَمَنْ كَفَّ غَضَبَهُ كَفَّ اللهُ عَنْهُ عَذَابَهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَنِ اعْتَذَرَ إِلَى اللهِ قَبِلَ اللهُ عُذْرَهُ.

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنی زبان کو محفوظ رکھے[1] اللہ تعالےٰ اس کے عیوب پر پردہ ڈال دے گا اور وہ شخص جو اپنا غصہ روک لے[2] اللہ تعالےٰ قیامت کے روز اس سے عذاب روک لے گا اور جس نے اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں عذر پیش کیا[3] اللہ تعالےٰ اس کا عذر قبول فرمائے گا۔ (بیہقی)

لہ جو آدمی اپنی زبان کو دوسرے لوگوں کے عیوب سے خاموش رکھے گا۔
۲ہ حالانکہ وہ اپنے دیگر گناہوں کی وجہ سے مستحق عذاب ہو گا تو اللہ تعالےٰ عذاب سے محفوظ فرمائے گا۔
۳ہ جو بھی اللہ کی بارگاہ میں عذر و معافی چاہے وہ معاف فرما دیتا ہے۔
سہ اللہ تعالےٰ بخشنے والا اور مددگار ہے، وہ کریم ہے گناہ معاف فرمانے والا اور عذر سننے والا ہے۔

۴۸۹۳ (۱۹) وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثٌ مُنْجِيَاتٌ وَثَلٰثٌ مُهْلِكَاتٌ فَأَمَّا الْمُنْجِيَاتُ فَتَقْوَى اللهِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ وَالْقَوْلُ بِالْحَقِّ فِي الرِّضٰى وَالسَّخَطِ وَالْقَصْدُ فِي الْغِنٰى وَالْفَقْرِ وَأَمَّا الْمُهْلِكَاتُ فَهَوًى مُتَّبَعٌ وَشُحٌّ مُطَاعٌ وَإِعْجَابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهٖ وَهِيَ أَشَدُّهُنَّ.

(رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْأَحَادِيْثَ الْخَمْسَةَ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا تین چیزیں[1] نجات دینے اور تین ہلاک کر دینے والی ہیں۔ نجات دینے والی اللہ تعالےٰ کا تقوی ہے خفیہ اور علانیہ[2] خوشی و ناخوشی میں سچی بات کرنا، حالت امارت و فقر میں درمیانی[3] راہ پر رہنا ہلاک کرنے والی نفس کی خواہش[4] جس کی پیروی کی جائے بخل جس کی اطاعت[5] ہو اور انسان کا اپنے آپ[6] کو اچھا جاننا یہ ان سب سے سخت ہے۔ (بیہقی نے یہ پانچوں احادیث شعب الایمان میں ذکر کیں ہیں۔)

لہ عذاب سے نجات دینے والی اور دوسری تین آخرت میں ہلاکت میں مبتلا کر دینے والی ہیں۔
۲ہ مخلوق کے سامنے اور پوشیدہ اور ظاہر و باطن میں۔
۳ہ کسی سے راضی ہے یا ناراض رشلاً فاسق سے نفع نظر آ رہا ہے تو خلاف واقع اس کی مدح نہ کرے اور اگر کسی صالح سے تکلیف پہنچی ہے تو مذمت نہ کرے۔ دونوں احوال میں استقامت کا مظاہرہ کرے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سکے اسراف اور بخل میں سے بچنا ہے یا غنا و فقر کے اختیار کرنے میں معتدل ہے جیسا کہ کہا گیا ہے گزران کرنے کے لیے تھوڑے سے مال کا ہونا غنا و فقر دونوں سے افضل ہے۔

ھے اس طرح تابع نفس ہو جاتا ہے جس طرف وہ کہتا ہے چل پڑتا ہے۔ کامل ایمان یہ ہوتا ہے کہ نفس کی خواہشات اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی شریعت کے تابع ہوں۔

لٹھ آدمی کی طبیعت بخل و حرص سے خالی تو نہیں ہوتی لیکن وہ ایسا شخص ہے جو اس کی فرمانبرداری کرتا ہے اور اس سے کبھی منہ نہیں موڑتا اور اس میں ذلیل و رسوا ہو جاتا ہے۔

کے اپنے اوپر خوش ہے اور اپنی صفات کو اچھا جانتا ہے اور اس سے تکبر پیدا ہو جاتا ہے۔

شہ کیونکہ یہ ایک صفت ہے جس کی وجہ سے انسان اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس کی کبریائی میں شریک بننے کی کوشش کرتا ہے۔

بَابُ الظُّلْمِ

۳۲۷۔ ظلم کا بیان

لغت میں ظلم کا معنیٰ شئے کو اس کے مخصوص محل کی بجائے دوسری جگہ رکھنا ہے، یہ نہایت ہی جامع لفظ ہے، یہ اس فعل اور چیز کو شامل ہے جو حد سے تجاوز کر جائے۔ مناسب وضع پر واقع نہ ہو بلکہ زیادہ یا کم ایسے وقت یا بے جا واقع ہو ظلم و زیادتی بھی اس میں شامل ہے۔ شرعاً اسی معنیٰ میں ہے یعنی اس کی انتہا مراد ہو گی۔ صراح میں ظلم ستم کرنے میں معنی یہی ہے یہ بھی اسی معنیٰ مذکور کے مطابق ہی ہے۔ یہ ستم یا تو اللہ تعالیٰ کے حق میں ہو گا یا مخلوق و نفس کے حق میں، عام طور پر ستم کا لفظ مخلوق کے اس حق کے بارے میں بولا جاتا ہے جو دوسرے کے مال، عزت اور جان پر ناحق قبضہ اور جبر کیا جاتا ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۸۹۴ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ظلم و ستم کرنا قیامت میں تاریکیوں کا سبب ہے۔[1] (بخاری و مسلم)

سلہ اس دن ظالم کو ہر طرف سے تاریکی گھیرے گی اور وہ نور مومنوں کو نصیب ہو گا اس سے ظالم محروم رہے گا۔ نُوْرُهُمْ یَسْعٰی بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَبِاَیْمَانِهِمْ (مومنوں کے دائیں اور آگے نور ہی نور ہو گا) یا تاریکیوں سے مراد وہ عقوبات اور سزائیں ہیں جو اسے میدان حشر اور دوزخ میں لاحق ہوں گی اور اس معنیٰ میں یہ لفظ قرآن مجید سے مستعمل ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قُلْ مَنْ یُّنَجِّیْکُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ فرماتے ہیں کون ہے جو تمہیں جنگلوں اور سمندروں کی مصیبتوں سے نجات دیتا ہے۔

۴۸۹۵ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ لَیُمْلِیْ لِلظَّالِمِ حَتّٰی اِذَا اَخَذَہٗ لَمْ یُفْلِتْہُ ثُمَّ قَرَءَ وَکَذٰلِکَ اَخْذُ رَبِّکَ اِذَا اَخَذَ الْقُرٰی وَھِیَ ظَالِمَۃٌ۔ اَلْاٰیَۃَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ظالم کو مہلت[۱] دیتا ہے اور جب اسے پکڑتا ہے تو چھوڑتا نہیں[۲] پھر یہ آیت پڑھی آپ کے رب کی پکڑ ایسی ہی ہے جب اس نے ظالم بستی والوں کو پکڑا۔ (بخاری و مسلم)

۱؎ اور اس کی عمر لمبی کرتا ہے املاء مہلت دینا، رسی ڈھیلی کرنا۔

۲؎ وہ عذاب الٰہی سے بھاگ سکتا ہے۔

۴۸۹۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمَّا مَرَّ بِالْحِجْرِ قَالَ لَا تَدْخُلُوْا مَسَاکِنَ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا اَنْفُسَھُمْ اِلَّا اَنْ تَکُوْنُوْا بَاکِیْنَ اَنْ یُّصِیْبَکُمْ مَّا اَصَابَھُمْ ثُمَّ قَنَّعَ رَاْسَہٗ وَاَسْرَعَ السَّیْرَ حَتّٰی اجْتَازَ الْوَادِیَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مقام حجر[۱] سے گزرے تو فرمایا ان ظالموں[۲] کے گھروں میں نہ جانا مگر اس حال میں تم روتے ہوئے جاؤ[۳] اس خوف سے کہیں ان کی طرح تمہیں بھی عذاب[۴] نہ پہنچ جائے پھر آپ نے سر ڈھانپ[۵] لیا اور رفتار کو تیز فرمایا حتیٰ کہ اس وادی سے گزر[۶] گئے۔ (بخاری و مسلم)

۱؎ حجر، حا کے نیچے زیر، جیم ساکن، یہ اس جگہ کا نام ہے یہاں حضرت صالح علیہ السلام کی قوم ثمود آباد تھی، غزوۂ تبوک پر جاتے ہوئے اتفاقاً وہاں سے گزر ہو گیا۔

۲؎ جنہوں نے اپنے رسولوں کی تکذیب کی۔

۳؎ ان کے احوال سے عبرت حاصل کرو اور یہاں سے غفلت کے ساتھ نہ گزرو بلکہ ان کے عذاب کو یاد کرکے گریہ کرو۔

۴؎ کیونکہ غافل ہونا اور عبرت حاصل نہ کرنا دل کی سختی اور عدم خشوع کی علامت ہے اور یہ عذاب کا محل بننے کا سبب ہوتا ہے یا مراد یہ ہے کہ ڈرو اور عبرت پکڑو کہیں ہمارے اندر بھی ان جیسے اعمال آ جائیں جس کی وجہ سے یہ عذاب آیا۔

۵؎ چادر کے ساتھ اور وہاں سے تیزی سے گزرے۔

۶؎ آپ نے یہ فرمایا تھا کہ یہاں سے پانی نہیں پینا، طعام نہیں کھانا حتیٰ کہ چار پایوں کے چارے کی اجازت نہ دی۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۴۸۹۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهٗ مَظْلِمَةٌ لِّاَخِيْهِ مِنْ عِرْضِهٖ اَوْ شَيْءٍ فَلْيَتَحَلَّلْهُ مِنْهُ الْيَوْمَ قَبْلَ اَنْ لَّا يَكُوْنَ دِيْنَارٌ وَّلَا دِرْهَمٌ اِنْ كَانَ لَهٗ عَمَلٌ صَالِحٌ اُخِذَ مِنْهُ بِقَدْرِ مَظْلِمَتِهٖ وَاِنْ لَّمْ تَكُنْ لَّهٗ حَسَنَاتٌ اُخِذَ مِنْ سَيِّئَاتِ صَاحِبِهٖ فَحُمِلَ عَلَيْهِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالٰے عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم میں سے کسی نے دوسرے پر ظلم[1] کیا ہے اس کی آبرو[2] یا کسی اور بارے میں[3] اسے تو[4] آج معافی مانگ لے اس سے پہلے کہ نہ اس کے پاس دینار ہوں گے نہ درہم، اگر ظالم کے پاس اعمال صالحہ ہوں گے تو اس کے ظلم کی مقدار اس سے چھین لیے جائیں گے اور اگر اس کے پاس نیکیاں نہ ہوئیں تو اس پر مظلوم کے گناہ لاد دیے جائیں گے[5]۔

(بخاری)

[1] مَظْلِمَہ لام کے نیچے زیر یعنی ظلم، وہ چیز جو دوسرے کے حق سے حاصل کی گئی ہو۔
[2] اس کی غیبت کی یا گالی دی یا اس کے خون و مال سے کچھ لیا۔
[3] دنیا میں۔
[4] اگر اس سے معافی ممکن ہو تو اللہ تعالٰے کے حضور توبہ کرے اور اس دوسرے شخص کے لیے مغفرت کی دعا کرتا رہے۔
[5] یعنی قیامت کے روز ظالم کی نیکیاں مظلوم کو دے دی جائیں گی۔ اگر اس کے پاس نیکیاں نہ ہوئیں تو مظلوم کے گناہ ظالم پر ڈال کر ان کی سزا ظالم کو دی جائے گی اور مظلوم اس عذاب سے بچ جائے گا جو ان گناہوں پر اسے ہونا تھا۔

۴۸۹۸ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَدْرُوْنَ مَا الْمُفْلِسُ قَالُوا الْمُفْلِسُ فِيْنَا مَنْ لَّا دِرْهَمَ لَهٗ وَلَا مَتَاعَ فَقَالَ اِنَّ الْمُفْلِسَ مِنْ اُمَّتِيْ مَنْ يَّاْتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِصَلٰوةٍ وَّصِيَامٍ وَّزَكٰوةٍ وَّيَاْتِيْ وَقَدْ شَتَمَ هٰذَا وَقَذَفَ هٰذَا وَاَكَلَ مَالَ هٰذَا وَسَفَكَ دَمَ هٰذَا وَضَرَبَ هٰذَا فَيُعْطٰى هٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهٖ وَهٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهٖ فَاِنْ فَنِيَتْ حَسَنَاتُهٗ قَبْلَ اَنْ يُّقْضٰى مَا عَلَيْهِ اُخِذَ مِنْ خَطَايَاهُمْ فَطُرِحَتْ عَلَيْهِ ثُمَّ طُرِحَ فِي النَّارِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور انہی سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا صحابہ تم جانتے ہو مفلس کسے کہتے ہیں[1]؟ عرض کیا ہم میں مفلس وہ ہے جس کے پاس درہم اور سامان نہ ہو۔ فرمایا میری امت کا مفلس وہ ہے جو قیامت کے دن نماز، روزہ، زکوٰۃ لے کر آئے[2] یا مگر اس نے کسی کو گالی دی، کسی پر تہمت لگائی، کسی کا مال کھایا، کسی کا خون بہایا، کسی کو مارا پیٹا تو اس کی نیکیاں کچھ اس مظلوم کو دے دی جائیں گی، کچھ دوسرے کو، پھر اس کے ذمہ حقوق کی ادائیگی[3] سے پہلے اگر نیکیاں ختم ہو گئیں تو مظلوموں کی خطائیں اس ظالم پر ڈال دی جائیں گی پھر اسے آگ میں پھینک دیا جائے گا۔

(مسلم)

لہ مفلس کا معنیٰ کیا ہوتا ہے۔ بعض نسخوں میں عین المفلس ہے کہ مفلس کون؟

۲ نقدی اور جنس مال اس کے پاس نہ ہو۔

۳ اس کے پاس عبادات کا ذخیرہ ہوگا۔

۴ اگر اس کے مظالم بڑھ جائیں۔

۴۸۹۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَتُؤَدُّنَّ الْحُقُوْقَ إِلٰى أَهْلِهَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حَتّٰى يُقَادَ لِلشَّاةِ الْجَلْحَاءِ مِنَ الشَّاةِ الْقَرْنَاءِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَذُكِرَ حَدِيْثُ جَابِرٍ اِتَّقُوا الظُّلْمَ فِيْ بَابِ الْاِنْفَاقِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت میں حقوق اہل حق کو دلوائیں جائیں گے حتیٰ کہ بغیر سینگ بکری کا سینگ والی بکری سے بدلہ لیا جائے گا (مسلم) اور حدیث جابر اتقوا الظلم باب الانفاق میں ذکر کی گئی ہے۔

لہ الجلحاء جیم پر زبر لام ساکن۔ وہ بکری جس کے سینگ نہ ہوں یعنی اس دن حقوق کی ادائیگی اس طرح ہو گی کہ انسان تو کجا وہ حیوانات جو مکلف نہیں ان سے بھی قصاص لیا جائے گا۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ یہ قصاص مقابلہ ہوگا نہ کہ بطور تکلیف۔

۲ وہ حدیث جابر جس کے ابتدائی الفاظ یہ ہیں۔ اِتَّقُوا الظُّلْمَ

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

۴۹۰۰ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَكُوْنُوْا إِمَّعَةً تَقُوْلُوْنَ إِنْ أَحْسَنَ النَّاسُ أَحْسَنَّا وَإِنْ ظَلَمُوْا ظَلَمْنَا وَلٰكِنْ وَطِّنُوْا أَنْفُسَكُمْ إِنْ أَحْسَنَ النَّاسُ أَنْ تُحْسِنُوْا وَإِنْ أَسَاءُوْا فَلَا تَظْلِمُوْا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم نقال[1] بن کر یہ نہ کہو کہا گر لوگوں نے بھلائی کی تو ہم بھلائی کریں گے اور لوگوں نے ظلم کیا تو ہم بھی ظلم کریں گے اپنے آپ کو اس پر تیار کرو[2] کہ اگر لوگوں نے احسان کیا تو تم بھی احسان کرنا اور اگر وہ برائی کریں تو تم ظلم نہ کرنا[3] (ترمذی)

لہ امّعہ ہمزہ مکسور میم پر زبر مشدد، لوگوں کے تابع ہونا اور اپنی رائے کا نہ ہونا تا مبالغہ کے لیے ہے عورتوں کے لیے یہ لفظ مستعمل نہیں صراح میں ہے کہ یہ اس مرد ہر جائی کو کہا جاتا ہے یہاں مراد وہی ہے جو بعد میں تفسیر آرہی ہے۔

۲ توطین، وطن بنانا صراح میں اس کا معنی نفس کا کسی چیز پر دل رکھنا۔

۳ یعنی احسان کرنا کیونکہ ترک ظلم احسان ہوتا ہے (کذا قال الطیبی) یہ بھی احتمال ہے کہ اگر وہ بھلائی کریں تو بھلائی کرو اور اگر وہ بدی کرتے ہیں تو اس کے برابر بدلہ لو حد سے تجاوز نہ کرو یعنی اعتدال پر رہتے ہوئے بدلہ لیا جائے یا معاف کرتے ہوئے بدلہ نہ لیں یا احسان کریں۔ اول عوام کا مرتبہ ہے۔ دوسرا خواص کا اور تیسرا اخص الخواص کا حضرت شیخ علی متقی اپنے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

بعض رسائل میں تحریر کرتے ہیں کہ دنیا و آخرت کی محبت کی شناخت ان چار چیزوں سے ہوتی ہے۔ جس شخص پر دنیا کی محبت غالب ہے وہ لوگوں کو بغیر کسی وجہ کے تکلیف دے گا اور جو اس درجہ کا نہ ہو وہ کسی کو اذیت دینے میں ابتدا نہیں کرے گا اور اگر کسی نے اسے اذیت دی تو وہ شریعت کے مطابق اس سے بدلہ لے گا اور حد سے تجاوز نہیں کرے گا اور جس پر آخرت کی محبت غالب ہوگی اور دنیا کی کمزوری وہ ہر شخص کو معاف کر دے گا جس نے اس پر ظلم کیا اور جس کو آخرت سے قوی تر محبت ہوگی وہ ظلم کے برابر ظالم پر احسان کرے گا اور یہ درجہ مقرب اور سچے لوگوں کا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی اس سے حصہ عطا فرمائے۔

۴۹۰۱ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ أَنَّهُ كَتَبَ إِلَى عَائِشَةَ أَنِ اكْتُبِي إِلَيَّ كِتَابًا تُوصِينِي فِيهِ وَلَا تُكْثِرِي فَكَتَبَتْ سَلَامٌ عَلَيْكَ أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنِ الْتَمَسَ رِضَى اللّٰهِ بِسَخَطِ النَّاسِ كَفَاهُ اللّٰهُ مُؤْنَةَ النَّاسِ وَمَنِ الْتَمَسَ رِضَى النَّاسِ بِسَخَطِ اللّٰهِ وَكَلَهُ اللّٰهُ إِلَى النَّاسِ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں ہے کہ انہوں نے ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو خط لکھا کہ مجھے کچھ وصیت تحریر فرمائیں لیکن زیادہ نہ ہو[1] انہوں نے سلام کے بعد لکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضا[2] لوگوں کی ناراضگی پر تلاش کرے گا۔ اسے اللہ تعالیٰ کفایت فرمائے گا اور اسے لوگوں کی تکالیف سے محفوظ کرے گا اور جو شخص لوگوں کی رضا اللہ تعالیٰ کی ناراضگی[3] پر تلاش کرے گا اللہ تعالیٰ اسے لوگوں کے حوالے کر دے گا۔ والسلام[4] (ترمذی)

[1] مختصر تحریر فرمائیں۔

[2] ایسا کام کرتا ہے جس سے اللہ کی رضا حاصل ہوتی ہے اگرچہ لوگ دنیا داری کی وجہ سے خوش نہیں ہوتے تو کوئی بات نہیں اللہ تعالیٰ راضی ہو جائے گا اور مخلوق کی تکالیف سے بھی اسے محفوظ فرمائے گا۔

[3] اسے اللہ تعالیٰ کی مدد و نصرت حاصل نہ ہوگی تو اصل اللہ کی رضا ہے۔ اگر وہ حاصل ہوگی تو مخلوق بھی تابع اور خوش ہو جائے گی اور اگر وہ راضی نہیں تو کچھ بھی نہیں۔

[4] روایات میں ہے کہ حضرت عقیل بن ابی طالب نے امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں فقر و فاقہ کی شکایت کی۔ امیر المؤمنین نے ہنسنے اور زجر کی صورت میں فرمایا جا لوگوں کی دکانیں لوٹ لو، ان کے گھروں کو صاف کر دو اور لے کر کھاؤ۔ عقیل کہنے لگے یہ تو جائز نہیں۔ آپ نے فرمایا میں بھی کچھ نہیں کر سکتا۔ جب میرے پاس آئے گا تو تمہیں بھی دے دوں گا۔ اس پر عقیل ناراض ہو کر حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس چلے گئے۔ انہوں نے حضرت عقیل کی بڑی قدر و منزلت کی اور بہت احسان کیے کیونکہ ان کا حضرت علی سے آ جانا غنیمت تھا۔ ایک دن عقیل سے کہنے لگے ایسا نہیں ہو سکتا کہ آپ منبر پر کھڑے ہو کر ان احسانات و انعامات کا ذکر کریں جو میں نے آپ پر کیے ہیں تاکہ لوگوں

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

کو اطلاع ہو جائے کہ میں نے کیا کیا ہے حضرت عقیل منبر پر آ گئے اور کہا اے لوگو حضرت علی اللہ کی رضا چاہتے ہیں اور مجھ کو ناراض کر دیا اور معاویہ میری رضا چاہتے ہیں اور اسے خدا کی رضا سے مقدم جانتے ہیں اللہ مجھے نوازش کر یا مگر اللہ ناراض ہو گیا۔ اس کے بعد حضرت علی کی خدمت میں آ گئے اور معافی مانگ لی۔ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا خط بھی اس چیز کی طرف متوجہ کر رہا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۴۹۰۲ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ "اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ" شَقَّ ذٰلِكَ عَلٰى اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّنَا لَمْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ ذَاكَ اِنَّمَا هُوَ الشِّرْكُ اَلَمْ تَسْمَعُوْا قَوْلَ لُقْمَانَ لِابْنِهٖ يَا بُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَيْسَ هُوَ كَمَا تَظُنُّوْنَ اِنَّمَا هُوَ كَمَا قَالَ لُقْمَانُ لِابْنِهٖ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تیسری فصل

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی "اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ" جو لوگ ایمان لائے اور ان کا ایمان ظلم کے ساتھ ملتبس نہ ہوا[1] تو حضور کے صحابہ پر گراں ہوا[2] اور انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم میں سے کون ہے جس نے اپنے اوپر ظلم نہ کیا ہو؟[3] آپ نے فرمایا کیا تم نے لقمان کا وہ قول نہیں سنا جو انہوں نے اپنے بیٹے سے فرمایا تھا، اے بیٹے اللہ کے ساتھ شریک نہ بناؤ یقیناً شرک عظیم ظلم ہے[4]۔ دوسری روایت میں ہے کہ جو تم سمجھے ہو وہ مراد نہیں، اس سے مراد وہ ہے جو لقمان نے اپنے فرزند سے فرمایا۔ (بخاری و مسلم)

[1] آیت کا آخری حصہ یہ ہے اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ایسے لوگوں کے لیے امن ہے اور یہی ہدایت پانے والے ہیں۔

[2] کیونکہ انہوں نے ظلم سے گناہ و معصیت مراد لیا تھا۔

[3] ہم میں کوئی ایسا نہیں جس نے اپنے نفس پر ظلم نہ کیا ہو اور حد سے تجاوز کرتے ہوئے گناہ نہ کیا ہو۔

[4] جب مطلق ظلم کا ذکر تھا تو اس سے مراد فرد کامل ہوگا اور جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کی تفسیر فرمائی ہے تو یقیناً باری تعالیٰ کی مراد بھی یہی ہے۔ اگر یہ سوال کیا جائے کہ شرک کا اختلاط ایمان کے ساتھ کیسے ممکن ہے؟ کیونکہ شرک ایمان کی ضد ہے۔ البتہ گناہ وغیرہ کا اختلاط ایمان سے ہو سکتا ہے یہی وجہ ہے کہ صحابہ نے ظلم کو گناہ پر محمول کیا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ شرک کا ایمان کے ساتھ اختلاط ہوا جیسے کہ مشرکین اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے تھے اس کے ساتھ ساتھ بت پرستی کرتے اور اپنے بتوں کو وجود، خالقیت اور عبادت میں شریک کرتے اور یہاں شرک سے مراد عبادت میں شرک ہے۔ یہ نص قرآنی اس پر شاہد ہے "وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ" ان

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

میں سے اکثر ایمان نہیں لاتے مگر اس حال میں کہ وہ مشرک ہیں) یا اس سے مراد زبان سے ایمان کا اظہار اور دل میں شرک ہو جیسا کہ منافقین نے کیا تو انہوں نے ایمان ظاہری کو شرک باطن کے ساتھ مخلوط کر دیا۔

۴۹۰۳ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مِنْ شَرِّ النَّاسِ مَنْزِلَۃً یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ عَبْدٌ اَذْھَبَ اٰخِرَتَہٗ بِدُنْیَا غَیْرِہٖ۔

(رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالٰے عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا روز قیامت بدترین وہ شخص ہوگا جو دوسروں کی دنیا کی خاطر[1] اپنی آخرت برباد کر دے۔ (ابن ماجہ)

[1] یعنی لوگوں پر ظلم کر کے دوسروں کے لیے دنیا حاصل کرتا ہے مثلاً عمال وقت، اس کا معنی بھی ہو سکتا ہے کہ دنیا دار کی تعلیم حصول دنیا کے لیے کرتا رہا یہ ظلم ہے جس کی وجہ سے آخرت سے دوری ہو گئی۔ پہلا معنی بڑا واضح بلکہ متعین ہے۔

۴۹۰۴ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الدَّوَاوِیْنُ ثَلٰثَۃٌ دِیْوَانٌ لَا یَغْفِرُ اللّٰہُ الْاِشْرَاکَ بِاللّٰہِ یَقُوْلُ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ وَدِیْوَانٌ لَا یَتْرُکُہُ اللّٰہُ ظُلْمُ الْعِبَادِ فِیْمَا بَیْنَھُمْ حَتّٰی یَقْتَصَّ بَعْضُھُمْ مِنْ بَعْضٍ وَدِیْوَانٌ لَا یَعْبَأُ اللّٰہُ بِہٖ ظُلْمُ الْعِبَادِ فِیْمَا بَیْنَھُمْ وَبَیْنَ اللّٰہِ فَذَاکَ اِلَی اللّٰہِ اِنْ شَاءَ عَذَّبَہٗ وَاِنْ شَاءَ تَجَاوَزَ عَنْہُ۔

(رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ)

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰے عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا دفاتر[1] تین ہیں ایک دفتر وہ ہے جسے اللہ معاف نہیں کرے گا وہ اللہ تعالٰے کے ساتھ شریک بنانا ہے۔ ایک دفتر وہ ہے کہ اللہ تعالٰے اسے نہیں چھوڑے گا وہ بندوں کا آپس میں ظلم کرنا ہے حتی کہ وہ ایک دوسرے سے بدلا لیں[2] ایک دفتر ایسا ہے جس کی اللہ تعالٰے پرواہ نہیں کرتے وہ ظلم ہے جو بندوں کا اپنے اور رب کے درمیان ہے[3]، اس کا معاملہ اللہ تعالٰے کے سپرد ہے وہ چاہے عذاب دے یا چاہے تو معاف فرما دے[4] (بیہقی)

[1] دواوین، دیوان کی جمع ہے۔ دال کے نیچے زیر، فتحہ بھی پڑھا جاتا ہے اس سے مراد وہ رجسٹر ہے جس میں سپاہیوں کے نام اور ان کے معاملات کو نوٹ کیا جائے سب سے پہلے یہ کام امیر المومنین حضرت عمر نے اپنے عہد خلافت میں کیا، اس بارے میں قرب اور جمع کا پہلو پایا جاتا ہے۔ یہاں دیوان کہنے کی وجہ یہ بھی ہے کہ اس میں تمام اعمال نامے جمع ہوں گے۔ دیوان کا اصل دِوّان تھا واو یا سے بدل گیا ہے کیونکہ دو واؤ جمع ہو گئے تھے ورنہ اس کی جمع دیاوین آتی (کذا فی الصحاح) یہاں دیوان سے مراد اعمال نامے ہیں۔

[2] وہ حکم ربانی کے مطابق قصاص لیں یا آپس میں راضی نامہ کر لیں۔ احادیث میں اس کا ذکر موجود ہے۔

[3] یعنی حقوق اللہ میں کوتاہی ہو۔

[4] واضح ہو گیا کہ حقوق العباد میں مواخذہ ہوگا، حقوق اللہ میں سے شرک معاف نہیں ہوگا اس کے علاوہ معافی کا تعلق اللہ تعالٰے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کی مشیت کے ساتھ ہے۔

۴۹۰۵/۱۲ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاكَ وَدَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّمَا يَسْاَلُ اللّٰهَ حَقَّهٗ وَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَمْنَعُ ذَا حَقٍّ حَقَّهٗ ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت علی رضی اللہ تعالٰے عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا مظلوم کی بددعا سے بچو وہ اللہ سے اپنا حق مانگتا ہے اور اللہ تعالٰے کسی صاحب حق کا حق روکتا نہیں ہے۔ (بیہقی)

ل اور اگر کوئی شخص اپنا حق چھوڑ کر ایثار سے کام لے تو نہایت عظیم درجہ ہوتا ہے۔

۴۹۰۶/۱۳ وَعَنْ اَوْسِ بْنِ شُرَحْبِيْلَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ مَشٰى مَعَ ظَالِمٍ لِيُقَوِّيَهٗ وَهُوَ يَعْلَمُ اَنَّهٗ ظَالِمٌ فَقَدْ خَرَجَ مِنَ الْاِسْلَامِ ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت اوس بن شرحبیل رضی اللہ تعالٰے عنہ سے مروی ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا جو شخص کسی ظالم کا ساتھ اس کو طاقتور کرنے کے لیے دے حالانکہ وہ جانتا ہے کہ یہ ظالم ہے تو وہ اسلام سے خارج ہو گیا۔ (بیہقی)

ل شرحبیل شین پر پیش، را پر زبر حاء ساکن باء کے نیچے زیر، یہ صحابی ہیں اور ان سے اہل شام نے حدیث روایت کی ہے ایک اور صحابی ہیں جن کا اسم گرامی شرحبیل بن اوس ہے وہ حمص میں قیام پذیر رہے، اس حدیث کے راوی پہلے صحابی ہیں۔ (کذا فی الاصابہ)

ل وہ اسلام کے تقاضوں اور اصولوں سے دور چلا گیا۔

۴۹۰۷/۱۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَجُلًا يَقُوْلُ اِنَّ الظَّالِمَ لَا يَضُرُّ اِلَّا نَفْسَهٗ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ بَلٰى وَاللّٰهِ حَتَّى الْحُبَارٰى لَتَمُوْتُ فِيْ وَكْرِهَا هُزْلًا لِظُلْمِ الظَّالِمِ ۔ (رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الْاَرْبَعَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالٰے عنہ نے ایک شخص کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ ظالم اپنے آپ کو ہی نقصان پہنچاتا ہے۔ آپ نے فرمایا کیوں نہیں۔ اللہ کی قسم حتیٰ کہ ظالم کے ظلم کی وجہ سے بٹیر بھی اپنے گھونسلوں میں مر جاتے ہیں۔ (یہ چار روایات امام بیہقی نے شعب الایمان میں ذکر کی ہیں)

ل یعنی ظالم اپنے علاوہ بھی انسان اور حیوانات کو نقصان دیتا ہے، حُبَاری حا پر پیش باء خفیف مشہور پرندے کا نام ہے ھُزَلًا ہا پیش زا ساکن، یعنی اللہ تعالٰے ظالم کے ظلم کی وجہ سے بارش نازل نہیں فرماتا جس کے سبب جانور پیاس کی وجہ سے مر جاتے ہیں اور بٹیر کو اس لیے مخصوص کیا ہے کہ یہ پانی اور دانے کے لیے بہت دور کا سفر طے کرتی ہیں یہ مشاہدہ ہے کہ اس کے گھونسلے سے گندہ بروزہ کا پھل برآمد ہوا جو بصرہ ہی میں پایا جاتا تھا حالانکہ اس کے ٹھکانے اور بصرہ کے درمیان کئی دن کا فاصلہ ہے نیز اس کے گھونسلے اور پانی کے درمیان کئی دنوں کی مسافت ہوتی ہے جہاں سے یہ پانی حاصل کرتی ہے۔ بس ایسے جانور کا مرجانا قحط اور باران رحمت کے نہ ہونے کی دلیل ہے اور اس شخص کے کثرت

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

کا مطلب یہ تھا کہ بظاہر مظلوم کو نقصان پہنچتا ہے مگر درحقیقت ظالم اپنا نقصان کرتا ہے اور مظلوم تو جزا حاصل کرے گا اس کا انتقام بھی لے گا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس مقام کی وجہ سے اس میں عموم کی طرف متوجہ کیا اور ان کا یہ قول کسی حدیث رسول کا مضمون ہے یا انہوں نے اس سے استنباط کیا ہے کہ اس کے ظلم کی وجہ سے جب بارش نازل نہیں ہوتی تو اس سے لازم ہے کہ حیوانات کو نقصان ہو۔

بَابُ الْاَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ

۳۲۷۔ نیکی کا حکم دینا

مَعْرُوْف معرفت سے ہے اس کا معنی پہچاننا اس سے مراد وہ شئے جو شریعت میں معروف ہو اور اس کے بارے میں شرعی حکم ہو جیسا معروف آدمی کو ہر کوئی جانتا ہے اس کے مقابل لفظ منکر ہے۔ کاف پر زبر جو پہچانا ہوا نہ ہو اور اس کے بارے میں شرعی حکم وارد نہ ہو جیسا کہ غیر معروف شخص کو کوئی نہیں جانتا۔ صراح میں ہے کہ نکرہ کاف مکسور معرفت کی ضد ناآشنائی کو کہا جاتا ہے۔ ماتن پر تعجب ہے کہ انہوں نے باب میں 'ونہی عن المنکر' کے الفاظ ذکر نہیں کیے حالانکہ کتاب سنت میں اکثر مقامات پر ان دونوں کا ذکر متصلاً ہوا ہے۔ اس باب کے تحت جو احادیث آرہی ہیں۔ ان میں نہی عن المنکر کی تصریح ہے لہٰذا ذکر امر بالمعروف کا اور دوسرے کا ذکر التزاماً تکلف ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے واجب ہونے پر امت کا اجماع ہے۔ کتاب وسنت نے اس کے درجات ومراتب بیان کیے ہیں جیسا کہ آرہا ہے اگر کسی شخص نے واجب ادا کر دیا لیکن مخاطب نے قبول نہیں کیا تو قائل سے واجب ساقط ہوگیا۔ علماء نے فرمایا ہے کہ یہ شئے لوگوں پر بطور فرض کفایہ لازم ہے جو شخص قادر ہے اور اسے بجا نہیں لاتا تو وہ گنہگار ہوگا اور بعض پر یہ فرض عین بھی ہو جاتا ہے مثلاً کوئی ایسا مقام ہے جہاں ایک ہی آدمی جانتا ہے۔ دوسرے کو علم نہیں تو اب جاننے والے پر لازم ہو جاتا ہے باقی امر بالمعروف کے لیے یہ شرط نہیں۔ آمر خود بھی اس پر عامل ہو اس کے بغیر بھی درست ہے کیونکہ اپنے آپ کو بھی امر کرنا واجب ہے اور دوسرے کو امر کرنا الگ واجب ہے۔ اگر ایک واجب ترک ہو رہا ہے تو دوسرے کو ترک کرنا مناسب نہیں اور آیت میں جو آیا ہے لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَالَا تَفْعَلُوْنَ اگر یہ مان لیا جائے کہ یہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے بارے میں نازل ہوئی ہے تو اس سے مراد زجر و توبیخ ہے یہ مراد نہیں کہ وہ امر ذکر کرے البتہ اس میں شک نہیں کہ بہتر یہی ہے کہ پہلے خود عمل کرے تاکہ بات موثر ہو، امر بالمعروف ونہی عن المنکر صرف حکمرانوں پر ہی لازم نہیں اور نہ ہی کسی حکمران کا حکم ضروری ہے۔ یہ ہر مسلمان کا حق اور فرض ہے ہاں قتل کرنا، کوڑے مارنا وغیرہ یہ اہل حکومت کا ہی کام ہے، متفق علیہ چیزیں انکار ہوگا اگر شئے مختلف فیہ ہے تو اسے منکر قرار دینا مناسب نہیں خصوصاً اس مسلک پر جس میں ہر مجتہد مصیب ہوتا ہے، امر بالمعروف میں نرمی اور حلیمی ضروری ہے، یہ کام فقط رضائے الٰہی کے لیے ہونا چاہیے نہ کہ نفس کی خاطر تاکہ تاثیر ہو اور ثواب حاصل ہو۔ علماء نے بیان فرمایا ہے کہ لوگوں کے اجتماع میں کسی کو نصیحت کرنا

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

رسوا کرنے کے مترادف ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۹۰۸ (۱) عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ رَّاٰی مِنْکُمْ مُّنْکَرًا فَلْیُغَیِّرْہُ بِیَدِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِہٖ وَذٰلِكَ اَضْعَفُ الْاِیْمَانِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص تم میں سے کسی برائی کو دیکھے تو اسے ہاتھ سے[1] بدلے اگر اس کی طاقت نہ رکھتا ہو تو زبان سے[2] اگر اس کی بھی طاقت نہیں رکھتا تو دل سے[3] اور یہ ایمان کا سب سے کمزور درجہ ہے۔ (مسلم)

[1] مارنا کھینچ لینا، توڑ دینا، بہا دینا اور ناراض ہونا مراد ہے۔

[2] سخت و سست کرنا۔

[3] دل میں ناپسند کرے اور دل میں تبدیلی کا عزم رکھے کہ اگر قدرت ہوئی تو زبان اور ہاتھ سے منع کروں گا اور اس کے فاعل کے ساتھ دل نفرت کرے۔

۴۹۰۹ (۲) وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُدْہِنِ فِیْ حُدُوْدِ اللّٰہِ وَالْوَاقِعِ فِیْہَا مَثَلُ قَوْمٍ اِسْتَہَمُوْا سَفِیْنَۃً فَصَارَ بَعْضُہُمْ فِیْ اَسْفَلِہَا وَصَارَ بَعْضُہُمْ فِیْ اَعْلَاہَا فَکَانَ الَّذِیْ فِیْ اَسْفَلِہَا یَمُرُّ بِالْمَاءِ عَلَی الَّذِیْنَ فِیْ اَعْلَاہَا فَتَاَذَّوْا بِہٖ فَاَخَذَ فَاْسًا فَجَعَلَ یَنْقُرُ اَسْفَلَ السَّفِیْنَۃِ فَاَتَوْہُ فَقَالُوْا مَا لَكَ قَالَ تَاَذَّیْتُمْ بِیْ وَلَا بُدَّ لِیْ مِنَ الْمَاءِ فَاِنْ اَخَذُوْا عَلٰی یَدَیْہِ اَنْجَوْہُ وَنَجَّوْا اَنْفُسَہُمْ وَاِنْ تَرَکُوْہُ اَہْلَکُوْہُ وَاَہْلَکُوْا اَنْفُسَہُمْ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا حدود الٰہیہ میں سستی[1] کرنے والے اور ان میں گرنے والے[2] کی مثال ان لوگوں کی طرح ہے جنہوں نے کشتی میں قرعہ[3] ڈالا پس کچھ لوگ اس کے نچلے حصے میں رہے اور کچھ اوپر والے میں، نیچے والے پانی لے کر اوپر والوں کے پاس سے گزرتے[4] انہیں اس پر تکلیف[5] ہوئی تو انہوں نے کلہاڑی سے کشتی کے نیچے والے حصے کو توڑنا شروع کر دیا[6]۔ دوسروں نے کہا تمہیں کیا ہو گیا؟ کہا کہ میری وجہ سے تمہیں تکلیف ہوئی ہے اور مجھے پانی کی ضرورت ہے[7] سو اگر وہ اس کا ہاتھ پکڑ لیں تو اسے بچا لیں[8] گے اور خود کو بھی اور اگر چھوڑ دیں تو اسے اور خود کو بھی ہلاک کر لیں گے۔ (بخاری)

[1] مداہنت سستی کرنا۔

[2] گناہ کا ارتکاب کرنے والے۔ مداہنت سے مراد یہ ہے کہ برائی کے مٹانے پر قدرت کے باوجود شرم یا بے حمیتی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

یا جانب داری کی وجہ سے خاموش ہوتا ہے اس کا معنی رشوت لینا بھی ہے۔ مداہنت اور مدارات دونوں کا ایک ہی معنی ہے شریعت میں مدارات کی رخصت ہے۔ یہ مذموم نہیں بلکہ بعض مواقع پر یہ مستحسن ہے مدارات اور مداہنت میں فرق یوں کیا گیا ہے کہ مدارات میں ظالموں کے ظلم اور پریشانی کے وقت اپنے دین کی حفاظت کی جاتی ہے اور مداہنت میں نفس کے لیے لوگوں سے مختلف قسم کے منافع اور حصول دنیا کرتے ہوئے دین میں بے باکی کا اظہار ہے۔

۳ کہ کون کس جگہ بیٹھے جیسا کہ لوگوں کا طریقہ ہے۔

۴ نیچے والے اوپر والوں کے پاس سے جب بار بار پانی لینے کے لیے گزرتے تو انہیں تکلیف ہوتی۔ بعض شارحین کی رائے یہ ہے کہ یہاں آب سے مراد بول و براز ہے کہ نیچے والے پیشاب وغیرہ کرکے اوپر دریا میں پھینکنے کے لیے گزرتے تو ان کو تکلیف ہوتی۔ یہ صورت بڑی واضح ہے۔

۵ تاکہ پانی حاصل کرے یا بول و براز وہاں سے نیچے گرا دیا جائے۔

۶ یہاں تک تو واقعہ عادت و عرف کے مطابق بیان ہوا۔ اس کے بعد مداہنت کی مثال ہے۔

۷ انجوہ باب افعال سے و نجّوہ باب تفعیل سے اپنی ذوات کو ڈوبنے اور ہلاکت سے محفوظ کرنا۔

۸ اسی طرح اگر کوئی فاسق و فاجر ہے اور اسے دوسرے منع نہیں کرتے تو اس کے ساتھ سب تمام گنہگار ہوں گے اور اگر وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے عذاب سے بچیں تو اسے برائی سے روکیں۔

۴۹۱۰ وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُجَاءُ بِالرَّجُلِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيُلْقٰى فِي النَّارِ فَتَنْدَلِقُ اَقْتَابُهٗ فِي النَّارِ فَيَطْحَنُ فِيْهَا كَطَحْنِ الْحِمَارِ بِرَحَاهُ فَيَجْتَمِعُ اَهْلُ النَّارِ عَلَيْهِ فَيَقُوْلُوْنَ اَيْ فُلَانُ مَا شَانُكَ اَلَيْسَ كُنْتَ تَاْمُرُنَا بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَانَا عَنِ الْمُنْكَرِ قَالَ كُنْتُ اٰمُرُكُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَا اٰتِيْهِ وَاَنْهَاكُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاٰتِيْهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن ایک شخص کو لاکر دوزخ میں ڈال دیا جائے گا۔ آگ میں اس کی انتڑیاں جلد نکل پڑیں گی ۱ وہ اس طرح چکر کاٹے گا جس طرح گدھا چکی کے گرد گھومتا ہے ۲، اہل دوزخ اکٹھے ہو کر پوچھیں گے اے فلاں! کیا بات ہے تو تو ہمیں نیکی کا حکم دیتا تھا اور برائی سے روکتا تھا وہ کہے گا میں تمہیں نیکی کے بارے میں کہتا تھا لیکن خود نہیں کرتا تھا تمہیں برائی سے روکتا تھا مگر خود نہیں رکتا تھا ۳۔

(بخاری و مسلم)

۱ "اِنْدِلَاق" کسی چیز کا جلدی سے باہر آنا جیسے تلوار کو نیام سے باہر نکالا جاتا ہے "اَقْتَاب" "قِتْب" کی جمع ہے قاف کے نیچے زیر۔ انتڑیاں۔

۲ جس طرح گدھا چکر لگا کر اس زمین کو پامال کرتا ہے اسی طرح وہ شخص اپنی انتڑیوں کو روندے گا۔

۳ یہاں سے معلوم ہو رہا ہے کہ خود عمل نہ کرنا اور دوسروں کو نصیحت کرنا عذاب کا سبب ہے اور سابقہ گفتگو میں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

گزر چکا ہے کہ یہ عذاب عمل نہ کرنے کی وجہ سے ہے۔ امر و نہی کی وجہ سے نہیں، کیونکہ اگر یہ بھی نہ کرتا تو وہ عذاب کا بطریق اولیٰ مستحق ہوتا کیونکہ اس نے ایک واجب کو ترک کر دیا۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۴۹۱۱ عَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ اَوْ لَيُوْشِكَنَّ اللّٰهُ اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ عِنْدِهٖ ثُمَّ لَتَدْعُنَّهٗ وَلَا يُسْتَجَابُ لَكُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قسم ہے مجھے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے تم نیکی کے کاموں کا حکم ضرور دیتے رہنا اور برائی سے منع کرتے رہنا ورنہ[1] قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ تم پر عذاب بھیج دے پھر تم دعا کرو لیکن اسے قبول نہ کیا جائے گا[2] (ترمذی)

[1] یعنی ان دو میں سے ایک ہوگا یا امر بالمعروف اور نہی عن المنکر یا عذاب۔ اگر تم عذاب سے بچنا چاہتے ہو تو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ نبھاؤ۔

[2] یعنی دیگر تکالیف و مصائب تو دعا سے ٹل جاتے ہیں مگر ان کے ترک کی وجہ سے جو عذاب آتا ہے وہ دعا سے بھی نہیں ٹلتا۔

۴۹۱۲ وَعَنِ الْعُرْسِ بْنِ عَمِيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا عُمِلَتِ الْخَطِيْئَةُ فِي الْاَرْضِ مَنْ شَهِدَهَا فَكَرِهَهَا كَانَ كَمَنْ غَابَ عَنْهَا وَمَنْ غَابَ عَنْهَا فَرَضِيَهَا كَانَ كَمَنْ شَهِدَهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت عرس[1] بن عمیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب زمین پر کوئی گناہ ہوتا ہے اور وہاں دوسرا موجود شخص اسے ناپسند کرتا ہے[2] تو وہ غائب کی طرح ہوتا ہے اور جو وہاں موجود نہیں تھا لیکن اس گناہ کو پسند کرتا ہے وہ تو موجود[3] کی طرح ہوگا۔ (ابوداؤد)

[1] عُرس۔ یعنی عین پر پیش، را ساکن عَمیرہ عین پر زبر میم کے نیچے زیر، یا ساکن۔ یہ کندی صحابی عدی بن عمیرہ کے بھائی ہیں۔ ان سے ان کے بھتیجے عدی بن عمیرہ اور زید بن حارث نے روایت کی ہے۔

[2] جب اسے ہاتھ اور زبان سے منع کی قدرت نہ ہو۔

[3] موجودگی اور غیر موجودگی دل کے ساتھ ہوتی ہے نہ کہ جسم کے ساتھ۔ جب موجود شخص دلی طور پر اسے ناپسند کرتا ہے تو وہ وہاں موجود نہیں اگرچہ بظاہر موجود ہو اور جو اس گناہ پر دل سے راضی ہوتا ہے وہ اگرچہ غائب ہے مگر اسے موجود ہی تصور کیا جائے گا۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۴۹۱۳ وَعَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ قَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّكُمْ تَقْرَءُونَ هٰذِهِ الْآيَةَ "يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ" فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ النَّاسَ إِذَا رَأَوْا مُنْكَرًا فَلَمْ يُغَيِّرُوهُ يُوشِكُ أَنْ يَعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابِهِ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهُ وَفِي رِوَايَةِ أَبِي دَاوُدَ إِذَا رَأَوُا الظَّالِمَ فَلَمْ يَأْخُذُوا عَلَى يَدَيْهِ أَوْشَكَ أَنْ يَعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ وَفِي أُخْرَى لَهُ مَا مِنْ قَوْمٍ يُعْمَلُ فِيهِمْ بِالْمَعَاصِي ثُمَّ يَقْدِرُونَ عَلَى أَنْ يُغَيِّرُوا ثُمَّ لَا يُغَيِّرُونَ إِلَّا يُوشِكُ أَنْ يَعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ وَفِي أُخْرَى لَهُ مَا مِنْ قَوْمٍ يُعْمَلُ فِيهِمْ بِالْمَعَاصِي هُمْ أَكْثَرُ مِمَّنْ يَعْمَلُهُ.

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لوگوں سے مخاطب ہو کر فرمایا اے لوگو! تم یہ آیت پڑھتے ہو[1] "اے ایمان والو! اپنی جان کی حفاظت کرو تمہیں نقصان نہیں پہنچا سکتا کوئی گمراہ جب تم ہدایت پا جاؤ" میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب لوگ برائی کو دیکھ کر منع نہیں کریں گے تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو اس پر عذاب میں مبتلا فرما دے[2] اسے ابن ماجہ اور ترمذی نے روایت کرکے صحیح کہا اور ابوداؤد کے الفاظ ہیں کہ جب انھوں نے ظلم کی زیادتی دیکھی اور اس کے ہاتھ نہیں پکڑے تو اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ ان کو بھی عذاب میں مبتلا کرے گا۔ دوسری روایت میں ہے کہ جس قوم میں لوگ برائی کریں اور وہ لوگ اس کے مٹانے پر قادر ہوں مگر وہ نہ مٹائے تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو بھی اس کے عذاب میں شامل کرے ایک اور روایت میں ہے کہ جن لوگوں میں برائی ہو اور حالانکہ دیگر لوگ اس برائی کے کرنے والوں سے زیادہ ہوں[3]

[1] یعنی اگر تم اس آیت کو پڑھ کر اسے عموم پر محمول کرتے ہوئے یہ سمجھتے ہو کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر واجب نہیں تو یہ غلط ہے۔

[2] جب نہی منکر کے ترک پر وعید وارد ہے تو اب اس کے ترک کا جواز کیسے ممکن ہے لہٰذا یہ آیت عام اور مطلق نہیں بلکہ مخصوص ومقید ہے اس بات کے ساتھ کہ لوگ اس برائی کو نہ سنیں اور ان میں اثر پذیر نہ ہو اور ہر آدمی اپنے آپ میں مغرور ومتکبر ہو جیسا کہ آثار میں آخری زمانے کے لوگوں کے بارے میں آیا ہے مثلاً جب یہ آیت حضرت ابن مسعود کے پاس تلاوت کی گئی تو آپ نے فرمایا اس میں جو زمانے کی بات ہے وہ میرا اور تمہارا نہیں کیونکہ اس میں لوگ بات سن کر قبول کر لیتے ہیں لیکن آخری زمانے میں لوگ بات ہی نہیں سنیں گے اس آیت میں ایسے لوگوں کے بارے میں خبر دی گئی ہے اور حدیث ابوثعلبہ میں اسی طرح ہے بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ اس آیت میں اِهْتَدَاء سے مراد نہی منکر ہے۔ یہ حدیث اس معنی کی تائید کر رہی ہے، ضرر سے مراد عذاب کا عام ہونا ہے بِاَنْفُسِكُمْ سے مراد مسلمان ہیں یعنی اگر مسلمان ایک دوسرے کی اصلاح اپنے اوپر لازم کر لیں تو کوئی ضلالت ومعصیت نقصان نہیں دے سکتی کیونکہ وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ کا حقہٗ ادا کر رہے ہوں گے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سے اس کا مقصد بھی قدرت ہی ہے کیونکہ اغلب یہی ہوتا ہے کہ اکثر لوگ اس پر غالب ہوتے ہیں تو اصل مدار قدرت ہے خواہ لوگ کم ہوں یا زیادہ۔

٤٩١٤ وَعَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ رَجُلٍ يَكُوْنُ فِيْ قَوْمٍ يَعْمَلُ فِيْهِمْ بِالْمَعَاصِيْ يَقْدِرُوْنَ عَلٰى أَنْ يُغَيِّرُوْا عَلَيْهِ وَلَا يُغَيِّرُوْنَ إِلَّا أَصَابَهُمُ اللّٰهُ مِنْهُ بِعِقَابٍ قَبْلَ أَنْ يَمُوْتُوْا۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا جو شخص کسی قوم میں ہو اور وہ اس میں اللہ کی نافرمانی کرتا ہو اور وہ اس کے روکنے پر قادر ہیں مگر منع نہ کیا تو انھیں موت سے پہلے اللہ تعالیٰ عذاب میں گرفتار فرمائے گا۔

(ابوداؤد، ابن ماجہ)

سلہ جریر، جیم پر زبر اور را کے نیچے زیر۔

سلہ اس آدمی کو منع نہ کرنے کی وجہ سے عذاب دے گا اس مرد کی طرف سے یا اپنی طرف سے۔

سلہ یعنی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ ترک کرنے کی وجہ سے دنیا میں ہی عذاب آتا ہے اور آخرت میں اس پر عذاب الگ ہوگا بخلاف دیگر گناہوں کے کہ ان کی وجہ سے دنیا میں عذاب کا آنا لازم نہیں ہوتا۔

٤٩١٥ وَعَنْ أَبِيْ ثَعْلَبَةَ فِيْ قَوْلِهِ تَعَالٰى عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ فَقَالَ أَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ سَأَلْتُ عَنْهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بَلِ ائْتَمِرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنَاهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ حَتّٰى إِذَا رَأَيْتَ شُحًّا مُطَاعًا وَهَوًى مُتَّبَعًا وَدُنْيَا مُؤْثَرَةً وَإِعْجَابَ كُلِّ ذِيْ رَأْيٍ بِرَأْيِهِ وَرَأَيْتَ أَمْرًا لَا بُدَّ لَكَ مِنْهُ فَعَلَيْكَ نَفْسَكَ وَدَعْ أَمْرَ الْعَوَامِّ فَإِنَّ وَرَاءَكُمْ أَيَّامَ الصَّبْرِ فَمَنْ صَبَرَ فِيْهِنَّ قَبَضَ عَلَى الْجَمْرِ لِلْعَامِلِ فِيْهِنَّ أَجْرُ خَمْسِيْنَ رَجُلًا يَعْمَلُوْنَ مِثْلَ عَمَلِهِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَجْرُ خَمْسِيْنَ مِنْهُمْ قَالَ أَجْرُ خَمْسِيْنَ مِنْكُمْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوثعلبہ سے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ کے بارے میں مروی ہے کہ اللہ کی قسم! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا بلکہ وہ نیکی کا حکم اور برائی سے روکتے ہیں حتی کہ جب تم دیکھو لوگ بخل کی اطاعت کررہے ہیں اور خواہشات کی اتباع کررہے ہیں اور دنیا کو ترجیح دے رہے ہیں اور ہر صاحب رائے اپنی رائے پر فخر کررہا ہے اور ایسا معاملہ دیکھو جس میں چارہ کار کوئی نہ ہو تو تم پر اپنے آپ کو بچانا لازم ہے اور لوگوں کے معاملہ کو چھوڑ دو کیونکہ تمہارے پیچھے صبر کے دن ہیں تو جس نے ان دنوں میں صبر کیا اس نے آگ کی چنگاری پکڑی، ان دنوں میں (نیکی پر) عمل کرنے والوں کے لیے پچاس آدمیوں کے عمل جتنا ثواب ہے جو اس جیسا عمل کریں گے صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ!

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) ان کے پچاس آدمیوں کے عمل جتنا ؟ فرمایا تمھارے پچاس آدمیوں کے عمل کے برابر اسے ثواب ملے گا ۱۲

۱ے ابو ثعلبہ خشنی مشہور صحابی ہیں ۔
۲ے اس آیت کی تفسیر میں
۳ے کیا اس آیت کی وجہ سے ہم امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ترک کر دیں گے ۔
۴ے ترک نہیں کرو گے ۔

۵ے اپنے مذہب کو اچھا جانے اور خود مفتی بن جائے اور علماء کی طرف رجوع ناپسند کرے
۶ے ایسا عمل جس کی طرف تیری صفت ذمیمہ خواہش نفس کا اس طرح میلان ہو کہ اگر تو لوگوں میں آ جائے تو بحکم طبع اس میں تو واقع ہو جائے کذا قال الطیبی ۔ بعض حواشی میں ہے کہ یہاں مراد عجز و ناتوانی کی وجہ سے نہی عن المنکر سے اعراض و سکوت ہے ۔ یعنی اس کے موافق جو دوسرے نسخوں میں ہے ۔

۷ے لابدلک ۔ تو اس پر قادر نہیں یا مراد یہ ہے کہ تجھے ایک کام نہایت ضروری ہے جس کے بغیر چارہ نہیں اگر اب تو امر و نہی کو بجا لائے تو وہ کام فوت ہو جاتا ہے ۔
۸ے ان صورتوں میں اپنے آپ کو معاصی سے محفوظ رکھے ۔
۹ے ان کے ساتھ تعرض نہ کرنا بلکہ گوشہ نشین ہو جانا ۔
۱۰ے ان ایام کی ابتداء خلفائے راشدین کے بعد آج تک ہے ۔
۱۱ے ایسے پچاس جوان حالات میں مبتلا نہ ہوئے اور نہ ان دنوں میں موجود ہیں ۔
۱۲ے اس حدیث سے آخری دور کے لوگوں کا مذکورہ حیثیت سے صحابہ کرام سے افضل ہونا لازم آ رہا ہے جس کے جواب میں علماء نے فرمایا ہے کہ جزء کی فضیلت ، کل کی فضیلت کے منافی نہیں ۔ شیخ عمرو بن عبد اللہ صاحب استیعاب (جو کہ مشاہیر محدثین میں سے ہیں) نے اس مسئلہ میں گفتگو کرتے ہوئے لکھا ممکن ہے صحابہ کے بعد کوئی شخص پیدا ہو جس کا مرتبہ بعض صحابہ کے برابر یا بلند ہو اور مذکورہ حدیث جیسی حدیث کو اس پر بطور دلیل لاتے ہیں ۔ جمہور علماء کا مختار اس کے خلاف ہے ۔ شیخ مذکور کا اختلاف جمہور سے ان صحابہ کے بارے میں جو ایمان لائے اور اپنے وطن واپس چلے گئے ان صحابہ کے بارے میں نہیں جو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں شب و روز رہتے اور صحبت مبارکہ کے انوار و آثار سے مستفید ہوتے ۔ اس کے باوجود شرف صحبت نبوی تمام صحابہ میں ہے اور اس فضیلت میں ان کے ساتھ کوئی شریک نہیں قوت القلوب میں ہے کہ جمال مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جو ایک نظر پڑ جاتی ہے اس سے وہ انکشافات ہوتے اور کام بنتے ہیں جو دوسروں کو زندگی بھر کے چلوں سے نصیب نہیں ہوتے ۔

۴۹۱۶ ۹ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَامَ — حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فِینَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَطِیْبًا بَعْدَ الْعَصْرِ فَلَمْ یَدَعْ شَیْئًا یَکُوْنُ اِلٰی قِیَامِ السَّاعَۃِ اِلَّا ذَکَرَہٗ حَفِظَہٗ مَنْ حَفِظَہٗ وَنَسِیَہٗ مَنْ نَسِیَہٗ وَکَانَ فِیْمَا قَالَ اِنَّ الدُّنْیَا حُلْوَۃٌ خَضِرَۃٌ وَّاِنَّ اللّٰہَ مُسْتَخْلِفُکُمْ فِیْہَا فَنَاظِرٌ کَیْفَ تَعْمَلُوْنَ، اَلَا فَاتَّقُوا الدُّنْیَا وَاتَّقُوا النِّسَآءَ وَذَکَرَ اِنَّ لِکُلِّ غَادِرٍ لِوَآءً یَّوْمَ الْقِیَامَۃِ بِقَدْرِ غَدْرَتِہٖ فِی الدُّنْیَا وَلَا غَدْرَ اَکْبَرُ مِنْ غَدْرِ اَمِیْرِ الْعَامَّۃِ یُغْرَزُ لِوَآءُہٗ عِنْدَ اِسْتِہٖ قَالَ وَلَا یَمْنَعَنَّ اَحَدًا مِّنْکُمْ ہَیْبَۃُ النَّاسِ اَنْ یَّقُوْلَ بِحَقٍّ اِذَا عَلِمَہٗ۔

رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے درمیان خطبہ دیتے ہوئے عصر کے بعد کھڑے ہوئے اور تا قیامت ہونے والے واقعات میں سے کسی کو نہیں چھوڑا بلکہ ہر ایک بیان فرمادی یاد رکھا جس نے یاد رکھا بھول گیا جس نے بھلا دیا اور اس میں آپ نے فرمایا ہے دنیا میٹھی سرسبز ہے اور اللہ تعالیٰ نے تمہیں زمین میں خلیفہ بنایا ہے تاکہ دیکھے تم کیا عمل کرتے ہو سنو! دنیا سے بچو اور عورتوں سے بچو اور فرمایا بے شک ہر دغا دینے کے لیے قیامت کے دن اس کا دغا دینے کی مقدار جھنڈا ہوگا اور حاکم عام کے دغا دینے سے بڑھ کر اس کا دغا دھوکہ نہ ہوگا اور اس کی دغا بازی کا جھنڈا پاخانے کی جگہ کے قریب گاڑ دیا جائے گا اور تم میں سے کسی کو لوگوں کا خوف حق بات کہنے سے نہ روکے جب کہ وہ اس پر مطلع ہو جائے۔

وَفِیْ رِوَایَۃٍ اِنْ رَّاٰی مُنْکَرًا اَنْ یُّغَیِّرَہٗ فَبَکٰی اَبُوْ سَعِیْدٍ وَّقَالَ قَدْ رَاَیْنَاہُ فَمَنَعَتْنَا ہَیْبَۃُ النَّاسِ اَنْ نَّتَکَلَّمَ فِیْہِ ثُمَّ قَالَ اَلَا اِنَّ بَنِیْ اٰدَمَ خُلِقُوْا عَلٰی طَبَقَاتٍ شَتّٰی فَمِنْہُمْ مَّنْ یُّوْلَدُ مُؤْمِنًا وَّیَحْیٰی مُؤْمِنًا وَّیَمُوْتُ مُؤْمِنًا وَّمِنْہُمْ مَّنْ یُّوْلَدُ کَافِرًا وَّیَحْیٰی کَافِرًا وَّیَمُوْتُ کَافِرًا، وَمِنْہُمْ مَّنْ یُّوْلَدُ مُؤْمِنًا وَّیَحْیٰی مُؤْمِنًا وَّیَمُوْتُ کَافِرًا وَّمِنْہُمْ مَّنْ یُّوْلَدُ کَافِرًا وَّیَحْیٰی کَافِرًا وَّیَمُوْتُ مُؤْمِنًا، قَالَ وَذَکَرَ الْغَضَبَ فَمِنْہُمْ مَّنْ یَّکُوْنُ سَرِیْعَ الْغَضَبِ سَرِیْعَ الْفَیْءِ فَاِحْدٰہُمَا بِالْاُخْرٰی وَمِنْہُمْ مَّنْ یَّکُوْنُ بَطِیْءَ الْغَضَبِ بَطِیْءَ الْفَیْءِ فَاِحْدٰہُمَا بِالْاُخْرٰی وَخِیَارُکُمْ مَّنْ یَّکُوْنُ بَطِیْءَ الْغَضَبِ سَرِیْعَ الْفَیْءِ وَشِرَارُکُمْ مَّنْ یَّکُوْنُ

ایک روایت میں ہے کہ اگر برائی کو دیکھے تو اسے روک دے، حضرت ابو سعید رو پڑے اور فرمایا: کہ ہم اس برائی کو دیکھتے ہیں مگر لوگوں کی ہیبت (ڈر) ہمیں اس کے بیان کرنے سے روک دیتی ہے پھر فرمایا اولاد آدم مختلف طبقوں میں پیدا کیے گئے ہیں تو ان میں سے بعض ایمان کی حالت میں پیدا ہوتے اور مومن ہی زندہ رہتے اور ایمان پر ہی ان کا خاتمہ ہوتا ان میں سے بعض کفر کی حالت میں پیدا ہوتے اور کفر پر ہی زندہ رہتے ان کا خاتمہ کفر پر ہوتا ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ آپ نے غصے کا ذکر فرمایا ہے ان میں سے بعض کو غصہ آتا ہے اور جلد ہی غصہ چلا جاتا ہے پس ایک دوسرے کے ساتھ ہے ان میں سے بعض کو غصہ دیر سے آتا ہے اور دیر سے ختم جاتا ہے پس ایک دوسرے کے ساتھ ہے اور تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جسے دیر سے غصہ آئے اور جلد چلا جائے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سَرِيعَ الْغَضَبِ بَطِيءَ الْفَيْءِ قَالَ اتَّقُوا الْغَضَبَ فَإِنَّهُ جَمْرَةٌ عَلَى قَلْبِ ابْنِ آدَمَ أَلَا تَرَوْنَ إِلَى انْتِفَاخِ أَوْدَاجِهِ وَحُمْرَةِ عَيْنَيْهِ فَمَنْ أَحَسَّ بِشَيْءٍ مِنْ ذَلِكَ فَلْيَضْطَجِعْ وَلْيَتَلَبَّدْ بِالْأَرْضِ قَالَ وَذَكَرَ الدَّيْنَ فَقَالَ مِنْكُمْ مَنْ يَكُونُ حَسَنَ الْقَضَاءِ وَإِذَا كَانَ لَهُ أَفْحَشَ فِي الطَّلَبِ فَإِحْدَاهُمَا بِالْأُخْرَى وَمِنْهُمْ مَنْ يَكُونُ سَيِّئَ الْقَضَاءِ وَإِنْ كَانَ لَهُ أَجْمَلَ فِي الطَّلَبِ فَإِحْدَاهُمَا بِالْأُخْرَى وَخِيَارُكُمْ مَنْ إِذَا كَانَ عَلَيْهِ الدَّيْنُ أَحْسَنَ الْقَضَاءَ وَإِنْ كَانَ لَهُ أَجْمَلَ فِي الطَّلَبِ وَشِرَارُكُمْ مَنْ إِذَا كَانَ عَلَيْهِ الدَّيْنُ أَسَاءَ الْقَضَاءَ وَإِنْ كَانَ لَهُ أَفْحَشَ فِي الطَّلَبِ حَتَّى إِذَا كَانَتِ الشَّمْسُ عَلَى رُءُوسِ النَّخْلِ وَأَطْرَافِ الْحِيطَانِ فَقَالَ أَمَا إِنَّهُ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا فِيمَا مَضَى مِنْهَا إِلَّا كَمَا بَقِيَ مِنْ يَوْمِكُمْ هَذَا فِيمَا مَضَى مِنْهُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

اور تم میں سے بہت برا وہ شخص ہے جسے جلد غصہ آئے اور دیر سے جائے ۔ فرمایا غصے سے بچو کیونکہ غصہ ابن آدم کے دل پر چنگاری ہے کیا تم نے نہیں دیکھا اس کی رگوں کا پھولنا اور اس کی آنکھوں کی سرخی کو ، تو جو شخص غصہ محسوس کرے تو اسے چاہیے کہ پہلو کے بل لیٹ جائے اور زمین کے ساتھ لپٹ جائے ۔ راوی کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے قرض کا ذکر فرمایا ۔ فرمایا تم میں سے کوئی قرض احسن طریقے سے ادا کر دیتا ہے مگر جب اس نے کسی سے اپنا قرض لینا ہوتا ہے تو لینے میں فحش تکاضی (درشتی) کرتا ہے دونوں ایک دوسرے کے بالمقابل ہیں ۔ اور ان میں سے کوئی شخص قرض ادا کرنے میں برا ہے لیکن اگر اس نے کسی سے اپنا قرض لینا ہو تو لینے میں اچھا ہے پس یہ ایک دوسرے کے مقابل ہے اور تم میں سے بہترین شخص وہ ہے کہ جب اس پر کسی کا قرض ہو تو قرض ادا کرنے میں اچھا ہے اور اگر اس نے کسی سے اپنا قرض لینا ہو تو لینے میں بھی اچھا ہو اور تم میں برا وہ شخص ہے جب اس پر کسی کا قرض ہو تو ادا کرنے میں برا ہو اور اپنا قرض لینے کا معاملہ ہو تو فحش گوئی کرتا ہو یہاں تک کہ سورج کھجور کے درختوں کی چوٹیوں اور دیواروں کے کناروں تک باقی رہ گیا ۔ نیز آپ نے فرمایا ہاں نہیں باقی رہا دنیا کی زندگی کا وہ وقت جو گذر رہے ہوئے وقت کے مقابلے میں ہے مگر جتنا آج کے دن کا بقیہ وقت باقی ہے گذرے ہوئے دن سے ۔

۱؎ قواعد مہمات دین یا اکثر کو کل کہہ کر مبالغہ سے کام لیا گیا ہے ۔

۲؎ ذکر تو اشیاءِ کثیرہ کا ہوا مگر بعض یاد رہیں اور بعض بھول گئیں ۔

۳؎ طبیعت میں اس کا ذائقہ میٹھا اور لذیذ ہوتا ہے ۔

۴؎ اہلِ ظاہر کی نظر میں اس کی صورت نہایت زیبا اور تر و تازہ ہوتی ہے بعض شارحین نے کہا کہ عرب نرم چیز کو خضر کہتے ہیں کیونکہ اسے خضراوات کے ساتھ تشبیہ حاصل ہوتی ہے یعنی اس کی سبزی و تر و تازگی جلدی زائل ہو جاتی ہے اور

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

ناپائیدار ہے یہاں مقصد دنیا کی بے وفائی اور مکر کو بیان کرنا ہے کہ وہ لوگوں کو اپنی جھوٹی لذات اور شہوات اور حسن وجمال میں پھنسا کر جکڑ دیتی ہے، فنا ہو جاتی اور ساتھ نہیں دیتی۔

۵ اس میں وضاحت ہے کہ یہ اموال اور تمام اشیاء اللہ تعالیٰ کی ہیں اور بندے اس میں تصرف کرتے ہیں اس کے بطور خلیفہ و وکیل کے ہیں یا تم ان لوگوں کے خلیفہ ہو جو پہلے زمین پر آباد تھے اور یہ اشیاء ان کے قبضہ میں ہیں۔

۶ تم ان اموال میں کیسے تصرف کرتے ہو؟ یا تم سابقہ لوگوں سے کیا عبرت حاصل کرتے ہو اور ان کے اموال میں کیسے تصرف کرتے ہو؟

۷ اور ان کی رغبت اور شہوت سے

۸ غدر کا اکثر اطلاق خروج و تغلب امام وقت سے عہد شکنی کے لیے ہوتا ہے ہر ایک کی عہد شکنی کے مطابق وہاں چھوٹا و بڑا جھنڈا ہوگا جس سے اس کی اس برائی کی شناخت ہو رہی ہوگی۔ یہ بھی منقول ہے کہ روز قیامت ہر داعی خواہ حق کا ہو یا باطل کا ہر ایک کے لیے علم ہوگا جس کے ذریعے اس کی پہچان ہوگی۔

۹ امیر عامہ سے مراد وہ امیر ہے جس کا تغلب ہو اور وہ مسلمانوں کے امور، ان کے شہروں پر ان کا تسلط ہو اور عام لوگوں نے انھیں امیر بنایا ہو، خواص، اہل حل وعقد علماء اور داعیان عصر کے مشورہ کے بغیر ان کے خلاف اٹھنا عہد شکنی ہے

۱۰ غرز، غین اور زاء گاڑنا، است، ہمزہ کے نیچے زیر، سین ساکن، حلقہ دبر

۱۱ کلمہ حق کہنے میں ترس و ملاحظہ نہیں کرنا چاہیے بشرطیکہ ہلاکت کا خوف نہ ہو اگر وہاں بھی خوف نہ کرے تو یہ عزیمت کی راہ ہے۔

۱۲ جو کہ اس حدیث کے راوی ہیں

۱۳ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ بنو امیہ کی امارت و غلبہ تک باقی رہے جب واقعہ حرہ پیش آیا: اور بدبخت یزید نے مدینہ طیبہ پر لشکر کشی کی اور اس شہر مبارک کی بے حرمتی کی۔ اس وقت بھی آپ موجود تھے اور بڑی سختی اٹھائی تھی ۷۴ھ میں آپ کا وصال ہوا اس وقت عمر اسی سال تھی۔

۱۴ صراح میں ہے طبق کا معنی لوگوں کا گروہ

۱۵ عقلاً اور اقسام بھی بن سکتی ہیں لیکن یہاں مقصود اصل ایمان و کفر پر موت ہے۔

۱۶ تھوڑی سی چیز کی وجہ سے جلدی غصہ کرتے ہیں اور اس سے جلدی باز آجاتے ہیں۔

۱۷ اگرچہ جلدی غصہ آنا قبیح ہے مگر اس سے جلدی لوٹنا حسن و محمود ہے۔ اس کا حسن، قبح کے مقابل ہے لہذا یہ شخص مطلقاً نہ مستحق مدح ہے اور نہ مستحق ذم بلکہ ان دونوں کے درمیان ہے۔

۱۸ وہ جلدی غصہ میں نہیں آتا اور غصہ اس کا دیر تک رہتا ہے۔

۱۹ اگرچہ دیر سے غصہ کا آنا حسن ہے لیکن دیر سے جانا مذموم ہے یہ شخص بھی درمیانی درجہ رکھتا ہے۔

۲۰ کیونکہ روح حیوانی میں اشتعال پیدا ہو جاتا ہے اور اس کی شدت حرارت جس کا مرکز دل ہے: بدن میں سرایت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کرجاتی ہے ۔

سلہ ۲۱ وہ حرارت کا اثر اور بخارات غلیظہ کا اٹھنا ہے جو ٹُرّج جانے کا سبب بن جاتا ہے ۔

سلہ ۲۲ البود ، صراح میں ہے با ، پر پیش ، زمین کے ساتھ چپک جانا ، باب الغضب میں گدرا ، اگر کھڑا ہو تو بیٹھ جاتے ۔ بیٹھا ہو تو لیٹ جائے اس کی وجہ معلوم ہے اور اس میں شک نہیں کہ پہلو کے بل لیٹ جانا زیادہ موثر ہے

سلہ ۲۳

سلہ ۲۴ یہ شخص اداء دین میں درست لیکن طلب دین میں بد ہے ۔

سلہ ۲۵ یہ اداء دین میں بد لیکن طلب دین میں اچھا ہے ۔

سلہ ۲۶ حضور نے خطبہ میں یہ نعمتیں فرمائیں ۔

سلہ ۲۷ یعنی وہ اپنے اختتام کو پہنچنے والا ہو گیا ۔

۴۹۱۷/۱۰ وَعَنْ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنْ يُّهْلَكَ النَّاسُ حَتّٰى يُعْذِرُوْا مِنْ أَنْفُسِهِمْ ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

ابو البختری نے ایک صحابی سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : لوگ ہرگز ہلاک نہیں کیے جائیں گے یہاں تک کہ اپنے آپ کو معذور سلہ بنالیں (ابوداؤد)

سلہ یعذروا ، یا ، پر پیش ، عین ساکن ، ذال کے نیچے کسرہ ، از اعذار ، گناہوں اور عیوب کا زیادہ ہونا ، قاموس میں ہے اعذر فلان کا معنی کہ جس کے گناہ اور عیوب زیادہ ہیں اس کلمہ کی حقیقت یہ ہے کہ اعذار بمعنی سلب وازالہ عذر ہے جب کسی کے گناہ وعیوب زیادہ ہوں تو اللہ تعالٰی کا اس کو عذاب دینے اور لوگوں کا اسے برائیوں سے منع نہ کرنا سبب عذر نہ ہوگا لہٰذا وہ سلب وازالہ کثرت ذنوب وعیوب کی وجہ عذر کا سلب وازالہ ہو جائے گا ، اعذار بمعنی صاحب عذر کا ہلاک ہونا بھی ہے یہ معنی بھی یہاں درست ہو سکتا ہے یعنی لوگ نہیں ہلاک ہوں گے یہاں تک کہ وہ اپنی مشکل کو دور کرنے کے لیے متعدد غلط قسم کے اعذار پیش کریں گے ۔ بعض روایات میں یعذروا یا ، پر فتحہ بھی آیا ہے از عذر ، عین پر زبر بمعنی معذور رکھنا اور معنی یہ ہوگا کہ لوگ ہلاک نہ ہوں گے یہاں تک کہ ان پر کثرت ذنوب کی وجہ سے ملامت کرنے والے معذور اور صواب پر ہوتے ہیں تینوں صورتوں میں معنی یہ ہوا کہ لوگ ذنوب اور برائیوں کے ارتکاب کی وجہ سے ہلاک ہوں گے اور اس وجہ سے وہ زجر و منع اور نہی کا محل ٹھہرے ۔

۴۹۱۸/۱۱ وَعَنْ عَدِيِّ بْنِ عَدِيٍّ الْكِنْدِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا مَوْلًى لَّنَا أَنَّهُ سَمِعَ جَدِّيْ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَا يُعَذِّبُ الْعَامَّةَ بِعَمَلِ الْخَاصَّةِ حَتّٰى يَرَوُا الْمُنْكَرَ بَيْنَ

عدی بن عدی الکندی سلہ کہتے ہیں کہ ہمیں ہمارے ایک مولٰی نے حدیث بیان کیا کہ اس نے میرے جد سے سنا آپ فرماتے تھے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اللہ تعالٰی خاص لوگوں کے عمل کی وجہ سے عام لوگوں کو عذاب نہیں دیتا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ظَهْرَانَيْهِمْ وَهُمْ قَادِرُوْنَ عَلٰى اَنْ يُّنْكِرُوْهُ فَلَا يُنْكِرُوْا فَاِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ عَذَّبَ اللّٰهُ الْعَامَّةَ وَالْخَاصَّةَ. رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ

یہاں تک کہ وہ اپنے درمیان بُرے اعمال ہوتے ہوئے دیکھیں[۲] اور وہ ان (بُرے کاموں کے) روکنے پر قادر ہوں اور نہ روکیں تو جس وقت یہ صورتحال ہو تو اللہ عام اور خاص سب کو اکٹھا عذاب میں مبتلا فرما دیتا ہے۔

۱ الکندی، کاف کے نیچے زبر۔ کندہ بمعنی قبیلہ، تابعی ثقہ ناسک فقیہ ان کے دادا عدی بن عمیرہ صحابہ میں سے ہیں ان سے اور اپنے چچا عرس بن عمیرہ سے روایت کرتے ہیں اور ان سے حضرت ایوب اور عطا خراسانی نے روایت لی ہے۔

۲ اگر قوم میں سے کچھ لوگ گناہ کا ارتکاب کریں گے تو اللہ تعالیٰ کے ارشاد وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى (کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا) کے مطابق دوسرے کو اس پر عذاب نہ ہوگا۔

۳ مخصوص لوگوں کو بسبب ارتکاب معصیت اور عام لوگوں کو برائی سے منع نہ کرنے اور اسے برا نہ جاننے کی وجہ سے۔

۳۹۱۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا وَقَعَتْ بَنُوْ اِسْرَآئِيْلَ فِي الْمَعَاصِيْ نَهَتْهُمْ عُلَمَآؤُهُمْ فَلَمْ يَنْتَهُوْا فَجَالَسُوْهُمْ فِيْ مَجَالِسِهِمْ وَاٰكَلُوْهُمْ وَشَارَبُوْهُمْ فَضَرَبَ اللّٰهُ قُلُوْبَ بَعْضِهِمْ بِبَعْضٍ فَلَعَنَهُمْ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ قَالَ فَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ مُتَّكِئًا فَقَالَ لَا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ حَتّٰى تَاْطِرُوْهُمْ اَطْرًا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ كَلَّا وَاللّٰهِ لَتَاْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ وَلَتَاْخُذُنَّ عَلٰى يَدَيِ الظَّالِمِ وَلَتَاْطُرُنَّهٗ عَلَى الْحَقِّ اَطْرًا وَّلَتَقْصُرُنَّهٗ عَلَى الْحَقِّ قَصْرًا اَوْ لَيَضْرِبَنَّ اللّٰهُ بِقُلُوْبِ بَعْضِكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ثُمَّ لَيَلْعَنَنَّكُمْ كَمَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب بنو اسرائیل گناہوں میں پڑ گئے ان کے علماء نے انھیں روکا تو وہ نہیں رکے تو ان کے علماء نے ان کی مجلسوں[۱] میں بیٹھنا شروع کر دیا اور وہ ان (برے لوگوں) کے ساتھ کھاتے پیتے تھے تو اللہ تعالیٰ ان کے بعض کے دلوں کو بعض سے ملا دیا[۲] اور حضرت داؤد اور حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کی زبان بیان کی لعنت فرمائی۔ اس وجہ سے تھا کہ انھوں نے نافرمانی کی اور وہ حد سے تجاوز کرتے تھے[۳]۔ راوی نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیٹھے اس حال میں کہ آپ ٹیک لگائے ہوئے تھے تو آپ نے فرمایا[۴] قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے یہاں تک کہ تم ان کو ظلم کرنے سے پوری طرح روک[۵] دو۔

اور ایک روایت میں ہے فرمایا[۶] ہرگز نہیں۔ خدا کی قسم! تم ضرور بالضرور نیکی کا حکم دو گے اور ضرور بالضرور برائی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لَعَنَهُمْ ۔

روکو گے اور البتہ ضرور بالضرور تم ظالم کا ہاتھ پکڑو گے اور ضرور بالضرور اسے حق کی طرف کھینچ لو گے اور اسے تم حق پر قائم رہنے پر مجبور کر دو گے اور اللہ تعالیٰ تم سے بعض کے دلوں کو بعض سے ملا دے گا پھر وہ ضرور بالضرور تم پر لعنت کرے گا جیسا اس نے دوسروں پر لعنت کی تھی ۔

۱؎ یعنی انھوں نے مداہنت سے کام لیا اور ان بروں کے ساتھ میل جول اور اختلاط اختیار کیا۔ اکلوہم، ہمزہ ممدودہ از باب مفاعلہ، بعض نسخوں میں وکلوہم ہمزہ کی جگہ واؤ ہے یہ بھی ایک لغت ہے لیکن نادر ہے اور مشہور اٰکَلُوْھُمْ ہے ۔

۲؎ آیت مبارکہ کا آخری حصہ ہے وَكَانُوا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ (لوگ جو برائی کرتے تھے اس پر انھیں وہ منع نہیں کرتے تھے)

۳؎ آپ بطور اہتمام و اظہار اور اہمیت کی وجہ سے تکیہ چھوڑ کر بیٹھ گئے ۔

۴؎ یعنی وہ عذاب سے نجات نہیں پاتے

۵؎ یعنی انھیں معاصی سے روکنا۔ اَطْرٌ کا معنی ٹیڑھا اور مائل ہونا ہے۔ اَطَرْتَ الْقَوْسَ (میں نے قوس کو دہرا کر دیا) اطار ہمزہ کے نیچے کسرہ، ڈھول کی رسی اور گھوڑے اور گدھے کے سم کو کہا جاتا ہے اور ہر وہ چیز جو کسی کا احاطہ کرے ۔

۶؎ عذاب یا مداہنت سے نجات نہیں پائیں گے ۔

۷؎ ان میں سے بعض سے دو میں سے ایک شی کا قطعاً صدور ہوا یا امر بالمعروف اور نہی عن المنکر یا ان سے اختلاط اور ان پر لعنت ؟

۴۹۲۰ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَاَيْتُ لَيْلَةَ اُسْرِيَ رِجَالًا تُقْرَضُ شِفَاهُهُمْ بِمَقَارِيْضَ مِنْ نَارٍ قُلْتُ مَنْ هٰؤُلَاءِ يَا جِبْرِيْلُ. قَالَ هٰؤُلَاءِ خُطَبَاءُ مِنْ اُمَّتِكَ يَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَيَنْسَوْنَ اَنْفُسَهُمْ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَفِيْ رِوَايَتِهٖ قَالَ خُطَبَاءُ مِنْ اُمَّتِكَ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے شب معراج کچھ مردوں کو دیکھا کہ ان کے ہونٹ آگ کی قینچیوں سے کاٹے جا رہے ہیں میں نے کہا یہ کون لوگ ہیں اے جبرئیل؟ انھوں نے کہا کہ یہ آپ کی امت کے خطیب ہیں یہ لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے تھے اور اپنے آپ کو بھلا دیتے تھے۔ ایک روایت میں فرمایا کہ یہ آپ کی امت کے خطیب ہیں جو دوسروں کو کہتے تھے خود نہیں کرتے تھے اور اللہ کی کتاب پڑھتے تھے اور خود عمل ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَيَقْرَءُوْنَ كِتَابَ اللّٰهِ وَلَا يَعْمَلُوْنَ.

نہیں کرتے تھے۔

ل لوگوں کو عمل کا درس دیتے مگر خود عمل نہ کرتے تھے۔

۴۹۲۱ (۱۴) وَعَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُنْزِلَتِ الْمَائِدَةُ مِنَ السَّمَاءِ خُبْزًا وَّلَحْمًا وَّاُمِرُوْا اَنْ لَّا يَخُوْنُوْا وَلَا يَدَّخِرُوْا لِغَدٍ فَخَانُوْا وَادَّخَرُوْا وَرَفَعُوْا لِغَدٍ فَمُسِخُوْا قِرَدَةً وَّخَنَازِيْرَ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آسمان سے روٹی اور گوشت والا دسترخوان اتارا گیا اور حکم دیا گیا کہ نہ خیانت کرنا اور نہ کل کے لیے جمع کرنا تو انھوں نے خیانت کی اور ذخیرہ بھی کیا اور اٹھا رکھا پس وہ تبدیل کر دیے گئے بندروں اور سوروں کی شکلوں میں۔

ل حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قوم پر

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۴۹۲۲ (۱۵) عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهٗ تُصِيْبُ اُمَّتِيْ فِيْ اٰخِرِ الزَّمَانِ مِنْ سُلْطَانِهِمْ شَدَائِدُ لَا يَنْجُوْ مِنْهُ اِلَّا رَجُلٌ عَرَفَ دِيْنَ اللّٰهِ فَجَاهَدَ عَلَيْهِ بِلِسَانِهٖ وَيَدِهٖ وَقَلْبِهٖ فَذٰلِكَ الَّذِيْ سَبَقَتْ لَهُ السَّوَابِقُ وَرَجُلٌ عَرَفَ دِيْنَ اللّٰهِ فَصَدَّقَ بِهٖ وَرَجُلٌ عَرَفَ دِيْنَ اللّٰهِ فَسَكَتَ عَلَيْهِ فَاِنْ رَاٰى مَنْ يَّعْمَلُ الْخَيْرَ اَحَبَّهٗ عَلَيْهِ وَاِنْ رَاٰى مَنْ يَّعْمَلُ بِبَاطِلٍ اَبْغَضَهٗ عَلَيْهِ فَذٰلِكَ يَنْجُوْ عَلٰى اِبْطَانِهٖ كُلِّهٖ.

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت کو آخری زمانے میں ان کے حکمرانوں سے سخت تکالیف[1] پہنچیں گی، ان سے نجات وہی شخص پائے گا جسے اللہ تعالیٰ نے دین کی پہچان دی ہو گی پس اس نے اپنی زبان، ہاتھ اور دل کے ساتھ اس پر جہاد کیا۔ یہ وہ شخص ہے جو پوری طرح سبقت[2] لے گیا اور دوسرا وہ آدمی نجات پائے گا جس نے اللہ کے دین کو پہچان لیا اور اس کی تصدیق کی[3] اور وہ آدمی جس نے اللہ کے دین کو پہچان لیا اور اس پر خاموش رہا تو اگر اس نے کسی کو نیکی کرتے دیکھا تو اس سے محبت کرنے لگا اور اگر اس نے کسی کو دیکھا برائی کرتے ہوئے وہ اس سے ناخوش ہوا تو یہ سب[4] نجات پا جائیں گے اس کی باطنی حالت کی وجہ سے۔

ل برائیوں کے مشاہدہ اور استماع باطل کے بارے میں
۲ل دین الٰہی کو بتمام وکمال جانتا ہو گا اور اس پر استقامت کرے گا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ اسی شخص کو دنیا و آخرت کی سعادت حاصل ہوگی، جزا، ثواب، توفیق و طاعت و عبادت میں وہ سبقت لے جائیگا۔ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی میں اِنَّ الَّذِیْنَ سَبَقَتْ لَہُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰی (بیشک وہ لوگ جو سبقت لے گئے ان کیلئے ہماری طرف سے حسنٰی ہے) اسی طرف اشارہ ہے، سابقہ فضیلت فاضلہ کو کہتے ہیں جو شخص کسی کام سے دوسروں سے سبقت لے جائے اسے کہا جاتا ہے کہ فلاں کام میں سابقہ ہے

سکہ یہ پہلے سے ایک درجہ کم ہے اور زبان و دل سے جہاد کرتا ہے نہ کہ ہاتھ سے۔ اس پر قرینہ یہ ہے کہ لفظ تصدیق آیا ہے جو دل کا عمل اور زبان اس کی ترجمان ہے ان دونوں کو تصدیق سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

سھ یہ تینوں افراد دین کی معرفت رکھنے والے مختلف درجات رکھتے ہیں۔ اول سابق، ثانی مقتصد، تیسرا ظالم جیسا کہ آیت کریمہ ہے فمنہم ظالم لنفسہ ومنہم مقتصد ومنہم سابق بالخیرات، تیسرے کو بہت زیادہ تقصیر کرنے والے ظالم، دوسرے کو درمیانہ اور اول کو سابق یہ تینوں برگزیدہ درگاہ ہیں کیونکہ آیت کا ابتدائی حصہ یہ ہے ثم اورثنا الکتاب الذین اصطفینا من عبادنا فمنہم ظالم لنفسہ۔

۴۹۲۳ (۱۶) وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَوْحَی اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ اِلٰی جِبْرَئِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ اَنِ اقْلِبْ مَدِیْنَۃَ کَذَا وَکَذَا بِاَھْلِھَا فَقَالَ یَا رَبِّ اِنَّ فِیْھِمْ عَبْدَكَ فُلَانًا لَمْ یَعْصِكَ طَرْفَۃَ عَیْنٍ قَالَ فَقَالَ اقْلِبْھَا عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمْ فَاِنَّ وَجْھَہٗ لَمْ یَتَمَعَّرْ فِیَّ سَاعَۃً قَطُّ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جبرئیل علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ فلاں فلاں شہر کے رہنے والوں کو الٹا دو، عرض گذار ہوئے اے رب! ان میں تیرا فلاں بندہ بھی ہے جس نے آنکھ جھپکنے کے برابر بھی تیری نافرمانی نہیں کی۔ راوی نے کہا کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اس پر اور ان پر الٹا دو کیونکہ اس کا چہرہ ایک لمحہ کے لیے بھی (برائی دیکھ کر) متغیر نہیں ہوا تھا۔

سلہ فلاں شہر جس کی یہ صفات ہیں ان کو باشندوں سمیت الٹ دے۔

سلہ میری اور میرے دین کی محبت میں ایک گھڑی بھی انھیں غیرت نہ آئی اور یہ گناہ عظیم ہے یہی وجہ ہے کہ اس بندے پر عذاب کا ذکر دوسروں سے پہلے کیا پہلے علیہ کہا پھر علیہم، تمعر غصہ کی وجہ سے چہرے کا رنگ بدل جانا۔

۴۹۲۴ (۱۷) وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ یَسْاَلُ الْعَبْدَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ فَیَقُوْلُ مَالَكَ اِذَا رَاَیْتَ الْمُنْکَرَ فَلَمْ تُنْکِرْہُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَیُلَقّٰی حُجَّتَہٗ فَیَقُوْلُ یَا رَبِّ خِفْتُ النَّاسَ وَرَجَوْتُكَ۔ (رَوَی الْبَیْھَقِیُّ الْاَحَادِیْثَ الثَّلٰثَۃَ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک اللہ عزوجل قیامت کے دن بندے سے سوال کریگا فرمائے گا تجھے کیا ہو گیا تھا جب تو برائی دیکھتا تھا تو اسے روکتا نہیں تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں حجت سکھا دی جائیگی تو وہ عرض کرے گا اے رب لوگوں سے ڈرتے ہوئے اور تیری رحمت کی امید رکھتے ہوئے۔

∴ ∴ ∴

سلہ لوگوں کے شر اور زیادتی سے ڈرتا تھا اس لیے انھیں کچھ نہ کہا اور برائی کو نہ روکا لیکن تجھ سے مغفرت کا امیدوار ہوں اس حدیث سے معلوم ہو رہا ہے کہ لوگوں کے غلبہ اور سطوت کی وجہ سے نیکی کا حکم اور برائی سے منع نہ کرنا جائز ہے اور اس میں

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

بخشش کی امید بھی رکھی جا سکتی ہے ۔

۴۹۲۵ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِہٖ اِنَّ الْمَعْرُوْفَ وَالْمُنْکَرَ خَلِیْقَتَانِ تُنْصَبَانِ لِلنَّاسِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فَاَمَّا الْمَعْرُوْفُ فَیُبَشِّرُ اَصْحَابَہٗ وَیُوْعِدُھُمُ الْخَیْرَ وَاَمَّا الْمُنْکَرُ فَیَقُوْلُ اِلَیْکُمْ اِلَیْکُمْ وَمَا یَسْتَطِیْعُوْنَ لَہٗ اِلَّا لُزُوْمًا۔
(رواہ احمد والبیہقی فی شعب الایمان)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جان ہے، بے شک نیکی اور بدی دونوں قیامت کے دن لوگوں کے لیے کھڑی کی جائیں گی تو جو نیکی ہے وہ اپنے کرنیوالوں کو خوشخبری سنائے گی اور انہیں بھلائی کا وعدہ دے گی اور جو برائی ہے تو وہ کہے گی دور ہو جاؤ، اور تمھارے پاس طاقت نہ ہو گی سوائے اس سے چمٹے رہنے کے ۔

۱ـ اپنے عمل والوں کو بشارت دے گی
۲ـ اس سے حقارت ممکن نہ ہو گی ۔

۳۲۹۔ کِتَابُ الرِّقَاقِ

دل کو نرم کر دینے والی باتوں کا بیان

رِقَاق، راء کے نیچے زیر رقیق کی جمع ہے جیسے صغیر وکبیر کی جمع صغار وکبار ہے اس سے مراد نرمی ہے اور یہ غلیظ کی ضد ہے، رقائق، رقیقہ کی جمع بھی اسی معنی میں ہے جیسا کہ حقائق اور دقائق ۔ رقت کا معنی رحمت بھی ہے یہاں ایسے کلمات مراد ہیں جن سے دل میں نرمی پیدا ہو، دل دنیا کو چھوڑ کر آخرت کی طرف راغب ہو ۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۹۲۶ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فِیْھِمَا کَثِیْرٌ مِّنَ النَّاسِ الصِّحَّۃُ وَالْفَرَاغُ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا دو ایسی نعمتیں ہیں جن میں اکثر لوگ گھاٹے میں ہیں ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رواہ البخاری) صحت ۵ اور فراغت ۶ (بخاری)

۴ لوگ ان کی قدر نہ کرتے ہوئے انھیں ضائع کر دیتے ہیں اور اس معاملہ میں نفس کے فریب میں مبتلا ہو جاتے ہیں جیسے کہ بیع اور شراء کے معاملہ میں انسان دھوکہ میں آ کر اپنا سامان مفت دے دیتا ہے اور نقصان اٹھاتا ہے۔

۵ بدن کا امراض سے محفوظ ہونا

۶ انسان کا مشاغل اور پریشانیوں سے فارغ ہونا یعنی لوگ ان کو غنیمت نہیں جانتے جب بیمار ہو جاتے ہیں یا کسی پریشانی میں مبتلا ہوتے ہیں تو پھر ان کی قدر یاد آتی ہے جیسا کہ محاورہ ہے۔ نعمت جب چھن جائے تو اس کی قدر معلوم ہوتی ہے۔

۴۹۳۷ وَعَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ مَا الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مِثْلُ مَا يَجْعَلُ اَحَدُكُمْ اِصْبَعَهٗ فِي الْيَمِّ فَلْيَنْظُرْ بِمَ يَرْجِعُ۔ (رواہ مسلم)

حضرت مستورد ۱ بن شداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا، خدا کی قسم! دنیا آخرت کے مقابلہ میں اس طرح ہے جیسے تم میں سے کوئی آدمی اپنی انگلی سمندر میں ڈبوئے پھر دیکھے کہ انگلی کتنا پانی لے کر لوٹتی ہے ۲۔ (مسلم)

۱ یہ صحابی مصر میں مقیم رہے، حضور کے وصال کے وقت چھوٹے تھے مگر آپ سے سماع ثابت ہے۔

۲ یعنی سوائے تری یا ایک قطرہ پانی کے کچھ نہیں آتا دنیا اسی طرح آخرت کے مقابلہ میں ہے یہ لوگوں کے سمجھانے کے لیے ہے ورنہ محدود، غیر محدود کے مقابلہ میں ایک قطرہ بھی نہیں۔ قطرہ کی دریا کے سامنے اور ذرا سی حقیقت ہے، دنیا کی آخرت کے مقابلہ میں یہ حیثیت بھی نہیں۔

۴۹۳۸ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِجَدْيٍ اَسَكَّ مَيِّتٍ فَقَالَ اَيُّكُمْ يُحِبُّ اَنَّ هٰذَا لَهٗ بِدِرْهَمٍ فَقَالُوْا مَا نُحِبُّ اَنَّهٗ لَنَا بِشَيْءٍ قَالَ فَوَاللّٰهِ لَلدُّنْيَا اَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذَا عَلَيْكُمْ۔ (رواہ مسلم)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھیڑ ۱ کے مردہ بچے کے پاس سے گزرے، فرمایا ۲ تم میں سے کوئی پسند کرتا ہے کہ وہ اسے ایک درہم کے عوض خرید لے۔ عرض کیا ہم نہیں چاہتے کہ بغیر عوض بھی اسے لیں فرمایا! اللہ کی قسم! دنیا اللہ کے ہاں اس سے بھی زیادہ ذلیل ہے جیسے یہ تمھارے نزدیک۔ (مسلم)

۱ اَسَکّ، جس بچے کے کان نہ ہوں یا کاٹ دیے گئے ہوں یہاں مراد بوسیدگی کی وجہ سے اس کے کان جدا ہونا ہے، کیونکہ خلقت کے اعتبار سے کانوں کا ہونا یا نہ ہونا اس معاملہ میں کوئی حقیقت نہیں رکھتا۔ البتہ اس میں صورت کا قبیح ہونا ہوتا ہے۔

۲ اظہار حقارت کی خاطر

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سلہ اسے کوئی بغیر قیمت کے بھی خریدنے کے لیے تیار نہیں، چہ جائیکہ اس کی قیمت دی جائے۔

۴۹۲۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلدُّنْیَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْکَافِرِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا مومن کے لیے قید خانہ[1] ہے اور کافر کی جنت[2]۔ (المسلم)

سلہ کیونکہ اس میں وہ محنت و مشقت میں پڑتا ہے یا یہ مراد ہے کہ آخرت کے مقابل دنیا اس پر تنگ ہے اور وہ فضائے ملکوتی میں اڑان چاہتا ہے۔

سلہ کیونکہ اس کی لذتوں اور شہوات میں اس طرح مشغول رہتا ہے کہ اس سے باہر جانا پسند نہیں کرتا۔ بعض شارحین کی رائے یہ ہے کہ مومن کے لیے اس ثواب کے مقابل دنیا قید ہے جو اسے آخرت کے اعمال پر آمادہ کرتے ہیں اور کافر کے لیے جنت اس عذاب کے مقابل ہے جو اسے آخرت میں ہوگا۔ یعنی مومن اگرچہ یہاں ناز و نعمت پاتا ہے مگر یہ آخرت کے مقابلہ میں کچھ بھی نہیں۔ کافر اس دنیا میں تکلیف دیکھتا ہے مگر اس کی آخرت کی تکلیف کے مقابل کوئی حقیقت نہیں۔

۴۹۳۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَظْلِمُ مُؤْمِنًا حَسَنَةً یُعْطٰی بِهَا فِی الدُّنْیَا وَیُجْزٰی بِهَا فِی الْاٰخِرَةِ وَاَمَّا الْکَافِرُ فَیُطْعَمُ بِحَسَنَاتِ مَا عَمِلَ بِهَا لِلّٰهِ فِی الدُّنْیَا حَتّٰی اِذَا اَفْضٰی اِلَی الْاٰخِرَةِ لَمْ تَکُنْ بَعْدُ کَا یُجْزٰی بِهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کسی مومن کی نیکی کو کم نہیں کرتا۔ اس کا عوض دنیا میں دیا جاتا ہے اور اس کے عوض آخرت میں جزا بھی دی جائے گی۔ رہا کافر تو اسے اس کی نیکیوں کا عوض دنیا میں کھلا دیا جاتا ہے حتیٰ کہ جب آخرت میں جائے گا تو اس کے پاس کوئی نیکی نہ ہوگی جس کی جزا اسے حاصل ہو[1]۔ (المسلم)

سلہ جب مومن کوئی نیکی کرتا ہے تو اس کی جزا اسے آخرت میں ملنے کے ساتھ ساتھ دنیا میں بھی وسعتِ رزق زندگی میں آرام، دل کا سکون، آفات سے سلامتی وغیرہ کی صورت میں ملتا ہے اور کافر جب کوئی نیکی کرتا ہے تو اس کی تمام جزا اسے دنیا میں دے دی جاتی ہے۔ آخرت میں اس کے لیے کوئی جزا اور ثواب نہ ہوگا۔ یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی کا نیک عمل ضائع نہیں ہوتا، اس کی جزا ضرور ملتی ہے خواہ دنیا میں یا آخرت میں۔ چونکہ دنیا میں ہمیشگی نہیں اس لیے ثواب کا تعلق آخرت سے رکھا۔ بعض روایات میں ہے کہ کافر کے نیک عمل پر آخرت میں بھی جزا بصورت تخفیف عذاب حاصل ہوگی۔ اب نفی جزا سے مراد آخرت میں جنت اور نعمتوں کا ملنا ہوگا۔ یعنی کافر ان سے بہرہ ور نہیں ہوگا۔

۴۹۳۱ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حُجِبَتِ النَّارُ بِالشَّھَوَاتِ وَحُجِبَتِ الْجَنَّۃُ بِالْمَکَارِہِ ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ) اِلَّا عِنْدَ مُسْلِمٍ حُفَّتْ بَدَلَ حُجِبَتْ ۔

کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، آگ خواہشات سے ڈھانپ دی گئی ہے اور جنت تکالیف سے گھیر دی گئی ہے (بخاری: مسلم) مسلم[۲] میں حُجِبَت کی جگہ حُفَّتْ ہے ۔

[۱] یعنی جب انسان اللہ اور اس کے رسول کے احکام پر عمل کرے، شہوات ولذات سے صبر کرے تو یہ چیز اسے جنت میں لے جائے گی کیونکہ جو چیز پردہ کے اندر تھی جب پردہ تک انسان جا پہنچا تو جس وقت پردہ اٹھائیگا وہ اسے حاصل ہوجائے گی گویا انسان پہلے پردہ تک پہنچتا ہے پھر جنت میں، اسی طرح شہوات کا پردہ دوزخ پر ہے۔ جب انسان ان کا ارتکاب کرے گا تو وہ اسے دوزخ میں لے جائیں گی ۔ شہوات سے مراد حرام امور ہیں ورنہ جو مباح خواہشات ہیں وہ دوزخ میں داخلے اور جنت میں عدم دخول کا سبب نہیں، البتہ یہ مقام قرب وولایت سے دور کردیتی ہیں ۔ اس حدیث سے "اَلْعِلْمُ حِجَابُ اللّٰہِ" کا معنی بھی واضح ہوگیا کہ علم خدا اور بندے کے درمیان پردہ ہے جب انسان علم کے پردے تک جا پہنچتا ہے تو وہ اپنے مولیٰ کو پالیتا ہے ۔

[۲] مسلم میں یہ روایت "حُفَّتِ النَّارُ بِالشَّھَوَاتِ وَحُفَّتِ الْجَنَّۃُ بِالْمَکَارِہِ" کے الفاظ ہیں معنی دونوں کا ایک ہی ہے

۴۹۳۲ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَعِسَ عَبْدُ الدِّیْنَارِ وَعَبْدُ الدِّرْھَمِ وَعَبْدُ الْخَمِیْصَۃِ اِنْ اُعْطِیَ رَضِیَ وَاِنْ لَّمْ یُعْطَ سَخِطَ تَعِسَ وَانْتَکَسَ وَاِذَا شِیْکَ فَلَا انْتَقَشَ طُوْبٰی لِعَبْدٍ اٰخِذٍ بِعِنَانِ فَرَسِہٖ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَشْعَثَ رَاْسُہٗ مُغْبَرَّۃٍ قَدَمَاہُ اِنْ کَانَ فِی الْحِرَاسَۃِ کَانَ فِی الْحِرَاسَۃِ وَاِنْ کَانَ فِی السَّاقَۃِ کَانَ فِی السَّاقَۃِ اِنِ اسْتَاْذَنَ لَمْ یُؤْذَنْ لَہٗ وَاِنْ شَفَعَ لَمْ یُشَفَّعْ ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

انہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، ہلاک ہوجائے دینا کا غلام روپے پیسے کا غلام اعلیٰ کپڑوں[۱] کا غلام، اگر اسے دیا جائے تو خوش رہے اور نہ دیا جائے تو ناراض ہوجائے[۲] وہ ہلاک ہوجائے[۳] برباد ہوجائے اور جب کانٹا لگے تو نہ نکلے[۴] مژدہ ہو اس آدمی کے لیے جو اللہ کی راہ میں گھوڑے کی لگام پکڑے ہو اس کے بال پراگندہ ہوں ۔ اس کے قدم گرد آلود۔ اگر پہرے کی ذمہ داری ہو تو پہرے[۵] میں رہے اگر لشکر کے پیچھے ہو تو پیچھے[۶] رہے اگر اجازت[۷] مانگے تو اجازت نہ ملے[۸] اگر وہ کسی کی سفارش[۹] کرے تو نہ سنی جائے ۔ (البخاری)

[۱] خَمِیْصَۃ' خا پر زبر، بروزن سفینہ دھاری دار سیاہ کپڑا، صراح میں ہے کہ خمیصہ اس گدڑی کو کہا جاتا ہے جس کے چاروں اطراف میں دھاری ہو یعنی وہ شخص مال کے ساتھ محبت رکھتا ہو لیکن اس کے حقوق کی ادائیگی میں بخل سے کام لیتا ہو، اسے لباس فاخرہ پسند ہو اور زیب وزینت بطور تکبر کرتا ہو اور لفظ "عبد" کے ساتھ تعبیر میں حکمت

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

یہ ہے کہ متاعِ دنیا کی محبت میں گرفتار ہونا مذموم ہے اگر کسی کے پاس متاعِ دنیا ہو مگر وہ اس میں گرفتار نہ ہو تو یہ قابلِ مذمت نہیں۔

ٌ۲ اس کی غلامی کی علامت بیان کی کہ اگر مل جائے تو خوش ورنہ ناخوش۔

ٌ۳ ہر وقت دنیا کی حرص اور مال جمع کرنے والا ہو، اگر مال مل جائے تو راضی ورنہ ناراض (کذا قال الطیبی) اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس سے اللہ تعالیٰ کا عطا کرنا اور نہ کرنا، اور اس پر اس شخص کا خوش یا ناخوش ہونا مراد ہو۔

ٌ۴ دوبارہ اس کی ہلاکت کی دعا کی

ٌ۵ نقش، پاؤں سے کانٹا نکالنا، یعنی جب یہ کسی مصیبت میں مبتلا ہو تو کوئی اس کی تھوڑی مدد بھی نہ کرے کیونکہ پاؤں سے کانٹا نکالنا اعانت کا ادنیٰ درجہ ہے جب ادنیٰ درجہ کی نفی ہو گی تو مافوق کی بطریق اولیٰ ہو جائے گی۔

واضح رہے کہ ہم نے شارحین کی اتباع میں اس کلام کو دعا پر محمول کیا ہے، اگر اسے اس گروہ کی شناعت (قباحت و خباثت) اور ان کی دنیا و آخرت میں ذلت و رسوائی کی خبر پر محمول کیا جائے تو بھی جائز ہے جب دنیاداروں کے بارے میں بیان فرمایا تو اس کے مقابل ان کا ذکر بھی کیا جو طالبانِ دین اور تارکینِ دنیا ہوتے ہیں، اللہ کی راہ میں جہاد اس کا محبوب مشغلہ ہوتا ہے اور ان کے ہاں دنیا کی زیب و زینت کی ان کی نگاہ میں کوئی قدر و قیمت نہیں ہوتی، لیکن وہ اہلِ دنیا کی نظروں میں حقیر ہوتے ہیں۔

ٌ۶ اگر اسے مقدمۃ لشکر میں بھیجا جائے تو اس میں جائے۔

ٌ۷ ساقہ، لشکر کے آخری حصہ کو کہا جاتا ہے یعنی وہ تکبر نہیں کرتا بلکہ مسلمانوں کے تابع ہوتا ہے جو ذمہ داری اس کے سپرد کی جائے اسے بخوشی قبول کر لیتا ہے۔

ٌ۸ یعنی اگر وہ کسی مجلس میں شرکت کی اجازت چاہے تو اجازت نہ دی جائے۔

ٌ۹ اگر وہ کسی کی سفارش کرے کہ اس کی غلطی معاف کر دی جائے تو وہ سنی نہ جائے، یعنی اسے لوگ بے قدر و قیمت جانتے ہوں۔

۴۹۳۳ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ مِمَّا اَخَافُ عَلَیْکُمْ مِّنْ بَعْدِیْ مَا یُفْتَحُ عَلَیْکُمْ مِّنْ زَھْرَۃِ الدُّنْیَا وَزِیْنَتِھَا فَقَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَوَ یَاْتِی الْخَیْرُ بِالشَّرِّ فَسَکَتَ حَتّٰی ظَنَنَّا اَنَّہٗ یُنْزَلُ عَلَیْہِ قَالَ فَمَسَحَ عَنْہُ الرُّحَضَاءَ وَقَالَ اَیْنَ السَّائِلُ وَکَاَنَّہٗ حَمِدَہٗ فَقَالَ اِنَّہٗ لَا یَاْتِی الْخَیْرُ بِالشَّرِّ وَاِنَّ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اپنے بعد ۱ میں تم پر جن چیزوں کا خوف کرتا ہوں وہ دنیا کی تازگی ہے اور اس کی زینت ہے جو تم پر کھول دی جائے گی، ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا خیر بھی شر لاتی ہے ۲ تو آپ خاموش رہے حتیٰ کہ ہم نے گمان کیا کہ آپ پر وحی نازل ہو رہی ہے پھر حضور نے پسینہ صاف ۳ فرمایا اور فرمایا سائل کہاں ہے؟ گویا حضور نے اس کی تحسین فرمائی

مِمَّا يُنْبِتُ الرَّبِيعُ مَا يَقْتُلُ حَبَطًا أَوْ يُلِمُّ إِلَّا آكِلَةَ الْخَضِرِ أَكَلَتْ حَتّٰى إِذَا امْتَدَّتْ خَاصِرَتَاهَا اسْتَقْبَلَتْ عَيْنَ الشَّمْسِ فَثَلَطَتْ وَبَالَتْ ثُمَّ عَادَتْ فَأَكَلَتْ وَإِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ فَمَنْ أَخَذَهُ بِحَقِّهِ وَوَضَعَهُ فِي حَقِّهِ فَنِعْمَ الْمَعُونَةُ هُوَ وَمَنْ أَخَذَهُ بِغَيْرِ حَقِّهِ كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ وَيَكُونُ شَهِيدًا عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ.

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

پھر فرمایا۔ خیر شر کو نہیں لاتی جیسے بہار اگاتی ہے اس میں سے بعض وہ ہے جو پیٹ پھلا کر ہلاک کر دیتی ہے یا بیمار کر دیتی ہے سوائے اس جانور کے جو سبزی کھائے حتیٰ کہ اس کی کوکھیں تن جائیں تو دھوپ میں آ جائے اور لوٹے پوٹے پیشاب کرے پھر لوٹ جائے اور کھائے یقیناً یہ مال ہرا بھرا میٹھا ہے تو جو اسے اس کے حق میں لے اور اس کے حق میں خرچ کرے وہ اچھا مددگار ہے اور جو ناحق لے وہ اس کی طرح ہوگا جو کھائے اور سیر نہ ہو یہ مال قیامت کے دن اس کے خلاف گواہ ہوگا۔ (بخاری و مسلم)

۱ے اپنے وصال کے بعد

۲ے غنیمت اور دیگر اموال کا حصول خیر ہے تو یہ شر کا سبب کیسے بن جائے گا ؟

۳ے نزولِ وحی کے وقت آپ کو پسینہ آ جاتا تھا ۔ "رُحَضَا" را پر پیش حا پر زبر اس پسینے کو کہا جاتا ہے جو بخار کے بعد آئے ۔

۴ے یعنی رزق اگرچہ کثیر ہو جائے یہ خیر ہے مگر شر نہیں البتہ بخل، اسراف اور حدِ اعتدال سے تجاوز کی وجہ سے اسے شر عارض ہو جاتا ہے مثلاً بہار خیر ہے کہ اس کی وجہ سے گھاس وغیرہ اگتا ہے مگر جب چوپائے کھانے میں افراط سے کام لیں تو ہلاکت آتی ہے اس کی بعد میں تفصیل بیان کی جائے گی ۔

۵ے حَبَطًا، حا اور با پر زبر، چوپائے کا زیادہ چرنے سے ہلاک ہونا، صراح میں ہے کہ حَبَطًا زیادہ کھانے کی وجہ سے پیٹ کا باہر آنا، بعض روایات میں "خبطًا" ہے اس کا معنی اضطراب ہے چوپائے کا کھانے میں ہاتھ پاؤں مارنا پہلی روایت اصح اور اقرب ہے ۔

۶ے مرتا نہیں مگر ہلاکت کے قریب ہو جاتا ہے۔ المام پیچھے آنا اور نزدیک ہونا ہے جیسے کہا جاتا ہے الما م للشیب (بڑھاپے کے قریب) ہوا الما م بلوغ (بلوغ کے قریب)

۷ے خَضِر، خا پر زبر اور ضاد کے نیچے زیر ۔ سبز و تازہ گھاس ۔

۸ے آفتاب کے سامنے کھڑی ہو جاتی ہیں یہ چوپایوں کی عادت ہے کہ جب بدہضمی ہو اور ان کا پیٹ پھول جائے تو دھوپ میں کھڑے ہوتے ہیں جب گرم ہو جائے تو پیٹ نرم ہو جاتا ہے اور جو کچھ اس میں ہوتا ہے وہ خارج ہو جاتا ہے ۔

۹ے اس کا پیٹ درست ہو جاتا ہے ثَلَطَ ۔ اونٹ گائے اور ہاتھی کے بول و براز کو کہا جاتا ہے ۔

۱۰ے یعنی وہ چارپایہ اتنا کھاتا ہے کہ بدہضمی ہو جاتی ہے پھر اسے باہر نکالتا ہے پھر کھانا شروع کر دیتا ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

یہ اس شخص کی مثال ہے جو بعض اوقات حد سے تجاوز کرتا ہے اور غلبۂ شہوت کی وجہ سے ہلاکت کے قریب چلا جاتا ہے لیکن جلدی رجوع کر لیتا ہے ہمیشہ معصیت میں مبتلا نہیں رہتا ۔ پھر ہدایت کی روشنی میں اگر توبہ کے ساتھ اپنے نفس کا تزکیہ وتطہیر کرتا ہے ۔ پہلی صورت " مایقتل حبطا " سے اس شخص کے حال کی طرف اشارہ ہے جو معصیت وشہوت میں اس طرح اصرار کرتا ہے کہ اسی میں ہلاک ہو جاتا ہے لیکن رجوع اور توبہ کی توفیق نہیں پاتا ۔ ان دو اقسام پر قیاس کرتے ہوئے ایک اور قسم بھی معلوم ہو جاتی ہے کہ ایک وہ شخص ہے جو نفس کی معصیت وشہوت میں گرفتار نہیں ہوتا اور دنیا کا تارک ہے پہلا شخص ظالم ، دوسرا معتدل اور تیسرا سبقت لے جانے والا ۔ ایک نے بالکل دنیا کو حاصل نہیں کیا دوسرے نے ہاتھ آلودہ کیے مگر دھو لیے ، تیسرا اس طرح ملوث ہوا کہ دین کا ہو کر رہ گیا نعوذ باللہ من ذٰلک ۔ اس کے بعد لوگوں کے احوال حصولِ مال میں محنت ومشقت اور اس کے خرچ کرنے کی طرف اشارہ کیا ۔

سلہ دنیا کا مال تر وتازہ ، رنگین آنکھوں میں خوشنما نظر آتا ہے اس طرح یہ لذت اور خوش طعم کہ دل اس کی طرف مائل ہوتا ہے ۔ بعض روایات میں خضر اور حلو دونوں تاء کے بغیر بھی ہیں جس میں لفظ مال کا اعتبار کیا گیا ہے اور تاء کی صورت میں لفظ دنیا کا اعتبار کیا گیا ہے ۔

سہ جس نے مال میں سے اپنا حق لیا اور اس کے حق کو ادا بھی کیا ۔ مال نے اس کی مدد کی ۔

سہ وہ قیامت کے روز اس کے خلاف گواہی دے گا ۔

۴۹۳۴ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَوَ اللّٰهِ لَا الْفَقْرَ اَخْشٰی عَلَیْکُمْ وَلٰکِنْ اَخْشٰی عَلَیْکُمْ اَنْ تُبْسَطَ عَلَیْکُمُ الدُّنْیَا کَمَا بُسِطَتْ عَلٰی مَنْ کَانَ قَبْلَکُمْ فَتَنَافَسُوْهَا کَمَا تَنَافَسُوْهَا وَتُهْلِکَکُمْ کَمَا اَهْلَکَتْهُمْ ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت عمرو بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی قسم ! مجھے تم پر فقر کا خوف نہیں ۔ میں اس سے خوف کرتا ہوں کہ تم پر دنیا کھول دی جائے گی جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر کھول دی گئی اور تم اس میں محبت ورغبت کرنے لگو جیسے ان لوگوں نے کی اور دنیا تمھیں اس طرح ہلاک کر دے جس طرح انھیں کیا ۔ (بخاری ومسلم)

سلہ یہ صحابی انصاری اور بدری ہیں مدینہ طیبہ میں مقیم رہے ۔

سلہ صحابہ سے مخاطب ہو کر

سلہ یہ خوف کی وجہ ہے کہ تم اس کی محبت میں گرفتار ہو جاؤ گے ، حرص ولالچ لوگوں کا وطیرہ بن جائے ۔ دنیا کا مال حاصل کرنا اور اس کا جمع کرنا آخرت کے لحاظ سے موجبِ ہلاکت ہے یا اس سے مراد یہ ہے ، مالِ دنیا کی وجہ سے تم اپنے میں قتال کرو گے ۔

۴۹۳۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰھُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ اٰلِ مُحَمَّدٍ قُوْتًا وَّ فِیْ رِوَایَۃٍ کَفَافًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ دعا فرمایا کرتے تھے اے اللہ محمد کے گھر والوں کو روزی بقدر ضرورت عطا فرما دوسری روایت میں بقدر کفایت کے الفاظ ہیں (بخاری و مسلم)

۱ قُوتٌ، قاف پر پیش واؤ ساکن
۲ قُوتًا کی جگہ کفافاً کے الفاظ ہیں
۳ قوت سے مراد اتنا رزق ہے کہ اس سے بدن محفوظ ہو جائے اور نیام ہو سکے یعنی بعض شارحین کی رائے یہ ہے کہ انسان اس سے زندہ رہے، کفاف کاف پر زبر ہے یعنی اتنا عطا فرما جو سوال اور مانگنے سے بے نیاز کر دے (کذا فی القاموس) اور صراح میں ہے کفاف پر فتحہ اندازہ اور گزارہ کے معنی میں ہے۔ بعض نے کفاف کی تفسیر لفظ قوت کے ساتھ ہی کی ہے اس لحاظ سے دوسری روایت پہلی کی تفسیر ہے۔ واضح رہے کہ کفاف اشخاص، احوال، اوقات کے حوالے سے مختلف ہو سکتا ہے۔ ایک آدمی بہت کم کھاتا ہے دو تین یا اس سے زیادہ دن بھوکا بھی رہ سکتا ہے، دوسرا دن میں دو بار کھاتا ہے۔ ایک عیال دار ہے خواہ تھوڑا یا زیادہ دوسرے کا عیال نہیں۔ قحط، تنگی، خوف اور حالتِ مرض میں تھوڑی چیز کافی اور حالت سیر و آسانی میں زیادہ کی ضرورت ہوتی ہے لہٰذا کفاف کی مقدار کا تعین نہ ہو گا بہتر یہی ہے کہ اس سے طاعت پر قوت و طاقت اور معاملات دنیوی میں حرکت فوت نہ ہو۔ اس فرمانِ نبوی میں اُمت کے لیے یہ تعلیم ہے کہ وہ طلبِ دنیا میں زیادہ ہی اُلجھ کر نہ رہ جائیں۔ مقدار کفاف اور قوت لایموت پر اکتفا کریں اور حدِ اعتدال سے ہرگز متجاوز نہ ہوں۔ اسی لیے علماء نے بیان کیا ہے کفاف فقر و غنی سے افضل ہے اور اگر کثرتِ مال و عناد سرکشی اور نافرمانی و اسراف کا سبب نہ بنے بلکہ وہ باعثِ خیر و برکت ہو تو یہ دوسری فضیلت ہے یہاں آل سے مراد آپ کا تمام خاندان اور آپ کے اتباع کرنے والے ہیں جو کہ آل کا اصل معنی ہے اگر یہاں صرف آپ کے اہل مراد ہوں تو پھر دوسروں کا حکم بطور قیاس ثابت ہو گا۔

۴۹۳۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ اَسْلَمَ وَرُزِقَ کَفَافًا وَّ قَنَّعَہُ اللّٰہُ بِمَآ اٰتَاہُ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وہ شخص فلاح پا گیا جو مسلمان ہوا اور اسے بقدر کفایت رزق دیا گیا اور اسے دیے ہوئے رزق پر اللہ تعالیٰ نے قناعت عطا فرما دی۔ (مسلم)

۱ یا اس نے اللہ تعالیٰ کی قضا و تقدیر کو تسلیم کر لیا۔

۴۹۳۷ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الْعَبْدُ مَالِیْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بندہ کہتا ہے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

مَالِيْ وَاِنَّ مَالَهٗ مِنْ مَّالِهٖ ثَلٰثٌ مَّا اَكَلَ فَاَفْنٰى اَوْ لَبِسَ فَاَبْلٰى اَوْ اَعْطٰى فَاَقْتَنٰى وَمَا سِوٰى ذٰلِكَ فَهُوَ ذَاهِبٌ وَّتَارِكُهٗ لِلنَّاسِ ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

میرا[1] مال میرا مال حالانکہ اس کے صرف تین مال ہیں جو کھا کر ختم کر دیا یا پہن کر پرانا کر دیا ، دے کر جمع کر لیا[2] ۔ ان کے علاوہ وہ تو جانے والا ہے اور اسے لوگوں کے لیے چھوڑنے والا ہے ۔ (مسلم)

[1] بندہ ملکیتِ مال پر فخر و تکبر کرتے ہوئے کہتا ہے ۔

[2] یعنی وہ مال جو اس نے فقراء و بیوگان پر خرچ کر دیا وہ اس نے اپنے لیے آخرت میں ثواب کی صورت میں جمع و ذخیرہ کر لیا ۔

۴۹۳۸/۱۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتْبَعُ الْمَيِّتَ ثَلٰثَةٌ فَيَرْجِعُ اِثْنَانِ وَيَبْقٰى مَعَهٗ وَاحِدٌ يَتْبَعُهٗ اَهْلُهٗ وَمَالُهٗ وَعَمَلُهٗ فَيَرْجِعُ اَهْلُهٗ وَمَالُهٗ وَيَبْقٰى عَمَلُهٗ ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میت کے ساتھ تین چیزیں جاتی ہیں دو چیزیں واپس لوٹ آتی ہیں البتہ ایک اس کے ساتھ رہ جاتی ہے اس کا خاندان ، مال اور اعمال جاتے ہیں ، خاندان اور مال لوٹ آتے ہیں اور اعمال ساتھ رہتے ہیں ۔ (بخاری ، مسلم)

۴۹۳۹/۱۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّكُمْ مَالُ وَارِثِهٖ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنْ مَّالِهٖ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا مِنَّا اَحَدٌ اِلَّا مَالُهٗ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنْ مَّالِ وَارِثِهٖ قَالَ فَاِنَّ مَالَهٗ مَا قَدَّمَ وَمَالَ وَارِثِهٖ مَا اَخَّرَ ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے ، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے[1] کس کو وارث کا مال اپنے مال سے پیارا ہے ۔ عرض کیا یا رسول اللہ ! کسی کو بھی نہیں ۔ ہر ایک کو اپنا مال ہی پیارا ہوتا ہے ۔ فرمایا اس کا مال وہی ہے جو اس نے آگے بھیجا[2] وہ مال جسے چھوڑ گیا[3] وہ تو وارث کا مال ہے ۔ (بخاری)

[1] تم میں سے کوئی ہے جو یہ چاہتا ہو کہ وارث کا مال ہو میرا نہ ہو ۔

[2] جو معاشرے کے فقراء و بیوگان پر خرچ کر دیا ۔

[3] اگر کوئی چاہتا ہے کہ اسے مال حاصل رہے تو وہ صدقہ کی صورت میں آگے بھیج دے ، پیچھے نہ چھوڑے اور اگر خرچ نہیں کرے گا گویا اس نے وارث کا مال پسند کیا ، گویا اس نے بخل کرتے ہوئے مال کا حق ادا نہ کیا ۔ اگر صدقہ و وصیت برائے فقراء کے بعد کچھ مال ورثاء کے لیے چھوڑتا ہے تو یہ افضل ہے جب کہ حدیث میں آیا ہے کہ ورثا کو تونگر چھوڑ کر جانا اس سے بہتر ہے کہ گداگر بنیں ۔

۴۹۴۰/۱۵ وَعَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَتَيْتُ

حضرت مطرف[1] اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ یَقْرَأُ "اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ" قَالَ یَقُوْلُ ابْنُ اٰدَمَ مَالِیْ مَالِیْ قَالَ وَھَلْ لَکَ یَا ابْنَ اٰدَمَ اِلَّا مَا اَکَلْتَ فَاَفْنَیْتَ اَوْ لَبِسْتَ فَاَبْلَیْتَ اَوْ تَصَدَّقْتَ فَاَمْضَیْتَ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

کہ میں سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا تو آپ "اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ" کی تلاوت فرما رہے تھے۔ فرمایا آدمی کہتا ہے میرا مال میرا مال فرمایا اے انسان یہ تیرا مال نہیں مگر وہ جو تو کھا کر ختم کر دے یا پہن کر پرانا کر دے یا صدقہ کر کے آگے بھیج دے۔

(مسلم)

۱؎ مُطَرِّف، میم پر پیش، طا پر زبر، را کے نیچے زیر اور شد، تابعی ہیں، اُمت کے سرکردہ ائمہ میں سے ہیں، ابن سعد نے انہیں اہل بصرہ میں سے دوسرے طبقے میں شمار کیا ہے اور ثقہ، اہل فضل، تقویٰ اور ادب قرار دیا۔

۲؎ ان کے والد گرامی کا نام حضرت عبد اللہ بن شخیر ہے، شین کے نیچے زیر، خاء پر شد ہے انھوں نے حضرت علی، ابوذر، عثمان بن ابی العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کی اور ان سے حضرت قتادہ، حسن اور ثابت نے روایت لی ہے۔

۳؎ کثرتِ مال نے تمھیں آخرت سے بے فکر کر دیا ہے۔

۴۹۴۱/۱۶ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیْسَ الْغِنٰی عَنْ کَثْرَۃِ الْعَرَضِ وَلٰکِنَّ الْغِنٰی غِنَی النَّفْسِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا امیری کثرتِ مال واسباب۱؎ کا نام نہیں بلکہ امیری دل کے غنا۲؎ کا نام ہے۔

(بخاری و مسلم)

۱؎ عرض، را متحرک کی صورت میں نقد مال مراد ہے اور سکون کی صورت میں صرف نقد کو کہا جاتا ہے۔ یہاں متحرک ہے تاکہ نقدی اور دیگر اسباب کو شامل ہو۔

۲؎ حقیقی تونگر ہونا دل کا قانع ہونا اور بے نیازی ہے، مانگنے سے اجتناب اور حرص و لالچ سے دور ہونا ہے جو پہلی صورت اختیار کرے گا وہ ہمیشہ محتاجوں کی طرح مال ہی جمع کرتا رہے گا اور جو کفایت شعاری کو اپنا پیشہ بنائے وہ غنی ہوگا اگرچہ اس کے پاس مال نہ ہو جیسا کہ محاورہ ہے "تونگری بدل ست نہ بمال۔ بزرگی بعقل نہ بسال" تونگری دل کی ہوتی ہے مال سے نہیں، بزرگی عقل سے ہے نہ کہ عمر سے، بعض شارحین کی رائے یہ ہے کہ غناء نفس سے مراد علمی و عملی کمالات کا حصول ہے کیونکہ نفس ناطقہ ان کے بغیر تونگر نہیں ہوتا یعنی تونگری اور دولت کا حصول کمال کے ساتھ ہے مال کے ساتھ نہیں۔ شعر ؎

تونگری نہ بمال ست نزد اہل کمال کہ مال تا لب گور ست بعد ازاں اعمال

اہل کمال کے نزدیک تونگری مال سے نہیں ہوتی کیونکہ مال صرف قبر کے کنارے تک جاتا ہے مگر اعمال و کمال ساتھ جاتے ہیں۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

۴۹۳۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ یَّاْخُذُ عَنِّیْ هٰؤُلَاءِ الْکَلِمَاتِ فَیَعْمَلُ بِهِنَّ اَوْ یُعَلِّمُ مَنْ یَّعْمَلُ بِهِنَّ قُلْتُ اَنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَخَذَ بِیَدِیْ فَعَدَّ خَمْسًا فَقَالَ اِتَّقِ الْمَحَارِمَ تَکُنْ اَعْبَدَ النَّاسِ وَارْضَ بِمَا قَسَمَ اللّٰهُ لَكَ تَکُنْ اَغْنَی النَّاسِ وَاَحْسِنْ اِلٰی جَارِكَ تَکُنْ مُؤْمِنًا وَاَحِبَّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ تَکُنْ مُسْلِمًا وَلَا تُکْثِرِ الضِّحْكَ فَاِنَّ کَثْرَةَ الضِّحْكِ تُمِیْتُ الْقَلْبَ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

دوسری فصل

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کون ہے جو مجھ سے یہ چند باتیں لے کر ان پر عمل کرے گا یا ایسے سکھائے جو ان باتوں پر عمل کرے گا، میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں (عمل کروں گا اور دوسروں کو سکھاؤں گا) تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑا، پھر پانچ چیزیں شمار کیں، فرمایا: حرام چیزوں سے بچو، تم لوگوں میں سب سے بڑے عبادت گزار ہو جاؤ گے: اللہ تعالیٰ نے تمہاری قسمت میں جو لکھ دیا ہے، اس پر راضی رہو، تمام لوگوں سے زیادہ غنی ہو جاؤ گے، اپنے پڑوسی کے ساتھ حسن سلوک کرو، مومن ہو جاؤ گے، اور لوگوں کے لیے (بھی) چیز پسند کرو جو اپنے لیے پسند کرتے ہو، مسلمان ہو جاؤ گے۔ زیادہ نہ ہنسا کرو کیونکہ زیادہ ہنسنا دل کو مردہ کر دیتا ہے

(احمد، ترمذی)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۹۴۳ [۱۸] وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ ابْنَ اٰدَمَ تَفَرَّغْ لِعِبَادَتِيْ اَمْلَأْ صَدْرَكَ غِنًى وَاَسُدَّ فَقْرَكَ وَاِنْ لَا تَفْعَلْ مَلَأْتُ يَدَكَ شُغْلًا وَلَمْ اَسُدَّ فَقْرَكَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ)

انہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے[۱]، اے انسان! تو میری عبادت کے لیے فارغ ہو جا[۲] میں تیرا سینہ غنا سے مالا مال کر دوں گا[۳]، تیری غربت دور کر دوں گا[۴] اور اگر تو یہ نہ کرے گا[۵] تو تیرا ہاتھ مصروفیات سے بھر دوں گا[۶] مگر تیرے فقر کو ختم نہیں کروں گا۔ (مسند احمد، ابن ماجہ)

۱ اس وحی میں جو اس نے اپنے پیارے رسول کی طرف کی۔
۲ دنیوی مشاغل سے
۳ مخلوق سے بے نیاز کر دوں گا
۴ مخلوق سے تیری نیاز مندی ختم کر دوں گا
۵ تو ان دنیوی مشاغل اور مصروفیات میں ہی پھنسا رہے گا
۶ دنیوی مشاغل میں مصروفیات کے باوجود فقر و احتیاج ختم نہیں ہوگا بلکہ پریشانی میں اضافہ ہی ہوگا لہٰذا ان سے فارغ ہو کر عبادت کی طرف متوجہ ہونا آسائش و آرام بھی ہے اور غنا بھی۔

۴۹۴۴ [۱۹] وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ ذُكِرَ رَجُلٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعِبَادَةٍ وَّاجْتِهَادٍ وَّذُكِرَ اٰخَرُ بِرِعَةٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَعْدِلْ بِالرِّعَةِ يَعْنِي الْوَرَعَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس میں ایک شخص کی عبادت اور محنت[۱] کا ذکر کیا گیا اور دوسرے کے تقویٰ کا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عبادت تقویٰ کے برابر[۲] نہیں ہو سکتی (ترمذی)

۱ عبادت میں بہت زیادہ مشقت اٹھانا
۲ لا تعدل، تا پر زبر اور دال کے نیچے زیر، بعض روایات میں "لا یُعدَل" یا پر پیش، دال پر زبر ہے

۴۹۴۵ [۲۰] وَعَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ الْاَوْدِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ وَّهُوَ يَعِظُهُ اِغْتَنِمْ خَمْسًا قَبْلَ خَمْسٍ شَبَابَكَ قَبْلَ هَرَمِكَ وَصِحَّتَكَ قَبْلَ سُقْمِكَ وَغِنَاكَ قَبْلَ فَقْرِكَ وَفَرَاغَكَ قَبْلَ شُغْلِكَ وَحَيٰوتَكَ قَبْلَ مَوْتِكَ۔

حضرت عمرو بن میمون اودی[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص کو نصیحت کرتے ہوئے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، پانچ اشیاء کو پانچ اشیاء سے پہلے غنیمت[۲] جانو، بڑھاپے[۳] سے پہلے جوانی کو، بیماری سے پہلے تندرستی کو، فقر سے پہلے غنا کو، مصروفیت سے پہلے فرصت[۴] کو، موت سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ مُرْسَلًا) پہلے زندگی کو۶؎ (ترمذی)

۱؎ الاودی، ہمزہ پر زبر، دال ساکن، اود بن صعب کی طرف نسبت ہے، زمانہ جاہلیت پایا، اسلام لائے مگر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت کا شرف نہ پایا، امام ابن عبد اللہ نے انھیں صحابہ میں شمار کیا ہے لیکن ان کا شمار اہلِ کوفہ کے کبار تابعین میں ہوتا ہے، کثرت کے ساتھ حج اور عبادات بجالانے والے تھے۔ یہ بھی منقول ہے کہ انھوں نے زمانہ جاہلیت میں بندروں کو رجم کیا۔

۲؎ غنیمت اس مال کو کہا جاتا ہے جو جنگ کی صورت میں کافروں سے حاصل ہوتا ہے، کسی مقصود کو بغیر مشقت کا حاصل ہونا بھی اس کا معنی ہے۔

۳؎ "ہَرَمٌ"، ہاء اور راء پر زبر، سخت بڑھاپا اور اگر راء کے نیچے زیر ہو تو اس کا معنی بوڑھا ہے۔

۴؎ تندرستی ایمان کے بعد عظیم نعمت ہے، سَقَم سین اور قاف پر زبر، اس پر پیش اور سکون بھی ہو سکتا ہے

۵؎ ذمہ داریوں کے عاید ہونے سے قبل۔

۶؎ یعنی بڑھاپا، بیماری، فقر، مصروفیت آگے رہیں گے لہٰذا ان سے پہلے وقت کو غنیمت جاننا چاہیے۔

۴۹۴۶ / ۲۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا يَنْتَظِرُ اَحَدُكُمْ اِلَّا غِنًى مُّطْغِيًا۱؎ اَوْ فَقْرًا مُّنْسِيًا۲؎ اَوْ مَرَضًا مُّفْسِدًا۳؎ اَوْ هَرَمًا مُّفْنِدًا۴؎ اَوْ مَوْتًا مُّجْهِزًا۵؎ اَوِ الدَّجَّالَ فَالدَّجَّالُ شَرُّ غَائِبٍ يُّنْتَظَرُ۶؎ اَوِ السَّاعَةَ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ۷؎ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی نہیں انتظار کرتا مگر سرکشی کرنے والی غنا کا یا بھلا دینے والی فقیری کا یا بگاڑ دینے والی بیماری کا یا بے عقل کر دینے والے بڑھاپے کا یا اچانک موت کا یا دجال کا، دجال مصیبت ہے جس کا انتظار ہے یا قیامت کا جو بہت خوفناک اور کڑوی ہے (ترمذی، نسائی)

۱؎ جو اوامر و نواہی کی حدود سے متجاوز کر دیتی ہے

۲؎ بھوک، افلاس اور طلب رزق طاعت خداوندی سے غافل کر دیتا ہے۔

۳؎ بیماری جسم کو لاغر کر دیتی ہے یا سستی پیدا کر کے دین کو کمزور کر دیتی ہے۔

۴؎ اِفْنَاد، جھوٹ بولنا کے معنی میں بھی آتا ہے۔ خرافات کو جھوٹ لازم ہے صراح میں ہے کہ "فَنَدٌ" فاء اور نون پر پیش، جھوٹ بڑھاپے کی وجہ سے کمزور رائے والا ہونا، اِفناد جھوٹ بولنا اور خرافات بکنا ہے

۵؎ جو توبہ کا موقع نہیں دیتی۔ صراح میں اِجہاز کا معنی خستہ کو کاٹنا ہے، تیز دوڑنے والے گھوڑے کو "جہاز اسپ" کہتے ہیں۔

۶؎ جو راہِ ہدایت سے لوگوں کو دور لے جائے اور فتنہ میں مبتلا کر دے گا۔

۷؎ حدیث کا حاصل یہ ہے کہ جس نے فرصت اور فراغت کو غنیمت نہ جانا گویا اس نے آفات و مکروہات کا انتظار کیا

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

حالتِ فقر میں صبر نہ کیا۔ غناء کا مطلب گا رہنا جو اسے باغی اور سرکش کردے گا، حالتِ غنا میں شکر نہ کیا اور نعمتِ خداوندی کی قدر نہ کی اللہ تعالیٰ کی عبادت کا حق ادا نہ کیا اب حالتِ فقر میں تمام عبادات و خیرات سے محروم ہو جائے گی۔

۴۹۴۷/۲۲ وَعَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اِنَّ الدُّنْیَا مَلْعُوْنَۃٌ وَّمَلْعُوْنٌ مَّا فِیْھَا اِلَّا ذِکْرُ اللّٰہِ وَمَا وَالَاہُ وَعَالِمٌ اَوْ مُتَعَلِّمٌ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

انہی سے روایت ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سن لو! دنیا ملعون[۱] ہے اور دنیا میں جو کچھ ہے وہ ملعون ہے سوائے اللہ تعالیٰ کے ذکر کے اور اس چیز[۲] کے جو رب کے قریب کردے اور سوائے عالم[۳] اور طالب علم کے۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

[۱] دنیا بارگاہِ ایزدی سے راندہ ہے

[۲] طاعات و عبادات یا ہر وہ چیز جو اس کے مشابہ ہو مثلاً انبیاء، صلحاء کا ذکر اور اعمالِ صالحہ یا وہ چیز جو ذکر کے لوازمات و تقاضوں میں سے ہے یعنی اوامر و نواہی الٰہیہ کی اتباع پہلی صورت میں "والاہ" ولی معنی محبت سے دوسری صورت میں ولی معنی قرب تیسری صورت میں موالات معنی تابع ہونا سے مشتق ہے لیکن یہ اس وقت مفہوم ہوگا جب ذکر سے مراد باری تعالیٰ کا مبارک اسم مراد ہو جیسا کہ متعارف ہے لیکن اگر اس سے ہر عمل خیر مراد ہو جو تقرب و عبادت کی نیت سے کیا جائے تو طاعات وغیرہ تمام ذکر میں ہی شامل ہو جائیں گی اور اب "والاہ" سے مراد وہ اسباب و ذرائع ہوں گے جو ذکر کے لیے معین و مددگار بنے مثلاً معاشی معاملہ سے فراغت اور دیگر ضروریات کا پورا ہونا۔

[۳] یہ تعمیم کے بعد تخصیص ہے، عالم اور متعلم پر زبر اور پیش دونوں طرح پڑھا گیا ہے البتہ قاعدہ کے موافق زبر واضح ہے اس کی وجہ ہم نے شرح میں بیان کردی ہے، نصب کی صورت میں بھی اور تکرار کے ساتھ بھی روایت ہے۔

۴۹۴۸/۲۳ وَعَنْ سَھْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوْ کَانَتِ الدُّنْیَا تَعْدِلُ عِنْدَ اللّٰہِ جَنَاحَ بَعُوْضَۃٍ مَّا سَقٰی کَافِرًا مِّنْھَا شَرْبَۃً۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ کے ہاں دنیا کی قدر و قیمت مچھر کے پر کے برابر ہوتی تو کافر کو دنیا میں ایک گھونٹ نصیب[۱] نہ ہوتا (مسند احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

[۱] مصابیح کے بعض نسخوں میں "شربۃ ماء" کے الفاظ ہیں یعنی پانی کا ایک گھونٹ

۴۹۴۹/۲۴ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَتَّخِذُوا الضَّیْعَۃَ فَتَرْغَبُوْا فِی الدُّنْیَا (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: صنعت[۱] و تجارت میں مشغول نہ ہو جاؤ[۲]، ورنہ تم دنیا دار[۳]

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ) ہو جاؤ گے۔ (ترمذی، بیہقی، شعب الایمان)

سلہ ضَیْعَۃً، ضاد پر زبر، باء ساکن، صناعت و تجارت، بعض شارحین نے اس کا معنی باغات اور زمین کیا ہے۔

سلہ بہت زیادہ مشغولیت، حرص و لالچ میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

سلہ یہ معاملہ اس شخص کے بارے میں ہے جو اس طرح ان اسباب دنیا کا ہی ہو جائے کہ اسے یہ سب مشغول جانبے لہذا اپنے خالق کے حقوق کی ادائیگی سے غافل ہو جائے اگر ایسا نہ ہو تو پھر یہ حکم نہیں، اس معنی پر یہ آیت کریمہ دال ہے "رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَن ذِكْرِ اللَّهِ (مرد وہ نہیں جنہیں تجارت اور خرید و فروخت اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غافل نہیں کرتی) یعنی وہ اس طرح تجارت میں مشغول نہیں ہو جاتے کہ اسے ذکر الٰہی سے غافل کر دے بلکہ وہ ان معاملات کو نبھانے کے باوجود اپنے مولیٰ کے ذاکر رہتے ہیں (دست بکار دل بیار دل) اور اس معنی کے زیادہ مناسب یہ الفاظ ہیں وَإِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ سے

گرت مال و جاہ است و زرع و تجارت چو دل باخدا ایست فارغ نشینی

(اگر تیرے پاس مال و دولت تجارت کھیتی کے باوجود تیرا دل مولا کی یاد میں مگن ہے تو تو فارغ ہی ہے)

۴۹۵۰ / ۲۵ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحَبَّ دُنْیَاہُ اَضَرَّ بِاٰخِرَتِہٖ وَمَنْ اَحَبَّ اٰخِرَتَہٗ اَضَرَّ بِدُنْیَاہُ فَاٰثِرُوْا مَا یَبْقٰی عَلٰی مَا یَفْنٰی۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو دنیا کو محبوب بنا لیتا ہے اس کی آخرت میں نقصان[سلہ] ہو گیا اور جو آخرت کو محبوب بنا لیتا ہے اس کی دنیا گئی[سلہ] لہٰذا تم باقی رہنے والی کو فانی پر[سلہ] ترجیح دو۔ (مسند احمد، بیہقی، شعب الایمان)

سلہ جب کسی کو دنیا کے ساتھ پیار ہو گیا، وہ زیادہ کثر دنیا کے حصول میں ہی مشغول رہے اسے آخرت کے معاملات کے لیے فراغت ہی نہیں ملے گی۔ اسی طرح اس کا عکس ہے۔

سلہ چونکہ دونوں کی دوستی جمع نہیں ہو سکتی۔

سلہ یعنی آخرت کو دنیا پر ہر صورت ترجیح حاصل ہے۔

۴۹۵۱ / ۲۶ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لُعِنَ عَبْدُ الدِّیْنَارِ وَلُعِنَ عَبْدُ الدِّرْھَمِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا کا غلام لعنتی، روپوں پیسوں کا غلام لعنتی ہے[سلہ] (ترمذی)

سلہ یعنی جو شخص اُن کی محبت میں اس طرح مستغرق ہو گیا کہ خدا کی بندگی چھوٹ گئی، لہٰذا وہ شخص نیکی اور

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

رحمتِ خدا سے محروم ہو جائے گا۔

۴۹۵۲/۲۷ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا ذِئْبَانِ جَائِعَانِ أُرْسِلَا فِي غَنَمٍ بِأَفْسَدَ لَهَا مِنْ حِرْصِ الْمَرْءِ عَلَى الْمَالِ وَالشَّرَفِ لِدِينِهِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والدِ گرامی سے بیان کرتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا دو بھوکے بھیڑیے بکریوں میں چھوڑ دیے جائیں وہ اتنی بربادی نہیں کرتے جتنی حریص انسان اپنے دین میں مال و عزت کی خاطر بربادی کرتا ہے۔

(ترمذی، دارمی)

۴۹۵۳/۲۸ وَعَنْ خَبَّابٍ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا أَنْفَقَ مُؤْمِنٌ مِنْ نَفَقَةٍ إِلَّا أُجِرَ فِيهَا إِلَّا نَفَقَتَهُ فِي هَذَا التُّرَابِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت خباب[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان کو اس کے ہر خرچ پر ثواب ملتا ہے مگر وہ خرچ جو اس مٹی[2] میں کرتا ہے۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

[1] خباب، خا پر پیش پہلی با مشدد، صحابی ہیں قبیلہ بنی زہرہ کے حلیف تھے۔ دارِ ارقم کے مرکز بننے سے پہلے اسلام لائے۔ مسلمان ہونے پر انھیں کافروں نے سخت اذیتیں دیں، مگر یہ اللہ کا شیر استقامت کا پہاڑ نکلے، بدر اور دیگر غزوات میں شریک ہوئے، کوفہ میں وفات پائی۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نماز جنازہ پڑھائی۔

[2] اس سے مراد گھر ہے، یہ حکم اس وقت ہے جب مکان ضرورت سے زائد ہو یا اس کی زیب و زینت حاجت سے بڑھ کر ہو ورنہ مکان ضروریاتِ زندگی میں سے ہے۔ اسی طرح مساجد اور مسافر خانوں کی تعمیر پر بھی ثواب ہے کیونکہ ان کا بھی بہتر بنانا مستحب ہے۔

۴۹۵۴/۲۹ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّفَقَةُ كُلُّهَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ إِلَّا الْبِنَاءَ فَلَا خَيْرَ فِيهِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هَذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمام خرچے اللہ کی راہ[1] میں ہیں مگر ان اخراجات کے جو عمارات کی تعمیر میں ہوں، ان میں کوئی بھلائی نہیں۔

(امام ترمذی نے روایت کرکے کہا یہ حدیث غریب ہے)

[1] اگر تقرب کی نیت سے خرچ کیا۔

۴۹۵۵/۳۰ وَعَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمًا وَنَحْنُ مَعَهُ فَرَأَى قُبَّةً مُشْرِفَةً فَقَالَ مَا هَذِهِ قَالَ أَصْحَابُهُ هَذِهِ لِفُلَانٍ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ فَسَكَتَ وَحَمَلَهَا

اور انھی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک دن باہر نکلے ہم ساتھ تھے آپ نے ایک قبہ[1] (بلند مکان) دیکھا فرمایا یہ کس[2] کا ہے؟ صحابہ نے عرض کیا یہ فلاں انصاری کا مکان ہے آپ خاموش ہو گئے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

فِیْ نَفْسِہٖ حَتّٰی لَمَّا جَآءَ صَاحِبُہَا فَسَلَّمَ عَلَیْہِ فِی النَّاسِ فَاَعْرَضَ عَنْہُ صَنَعَ ذٰلِكَ مِرَارًا حَتّٰی عَرَفَ الرَّجُلُ الْغَضَبَ فِیْہِ وَالْاِعْرَاضَ عَنْہُ فَشَکٰی ذٰلِكَ اِلٰی اَصْحَابِہٖ وَقَالَ وَاللّٰہِ اِنِّیْ لَاُنْکِرُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالُوْا خَرَجَ فَرَاٰی قُبَّتَكَ فَرَجَعَ الرَّجُلُ اِلٰی قُبَّتِہٖ فَہَدَمَہَا حَتّٰی سَوَّاہَا بِالْاَرْضِ وَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ذَاتَ یَوْمٍ فَلَمْ یَرَہَا قَالَ مَا فَعَلَتِ الْقُبَّۃُ قَالُوْا شَکٰی اِلَیْنَا صَاحِبُہَا اِعْرَاضَكَ فَاَخْبَرْنَاہُ فَہَدَمَہَا فَقَالَ اَمَا اِنَّ کُلَّ بِنَاءٍ وَبَالٌ عَلٰی صَاحِبِہٖ اِلَّا مَالَا یَعْنِیْ اِلَّا مَالَا بُدَّ مِنْہُ ۔

(رَوَاہُ اَبُوْ دَاؤُدَ)

مگر مبارک دل میں یہ بات[۲] رکھ لی ۔ حتیٰ کہ اس کا مالک آپ کے پاس آیا ۔ اس نے بھرے مجمع میں سلام عرض کیا آپ نے اس سے منہ پھیر لیا ۔ اس نے کئی دفعہ عرض کیا[۳] حتیٰ کہ اس نے آپ کی ناراضگی محسوس کی تو صحابہ سے کہنے لگا کیا ہوا ؟ آج میں اپنے آقا کو ناراض پا رہا ہوں ۔ صحابہ نے کہا آپ تشریف لے گئے تھے تیرا بلند مکان دیکھا وہ صحابی چلا گیا اور اس نے اپنا مکان گرا دیا حتیٰ کہ زمین کے برابر ہو گیا ۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دوبارہ ایک دن باہر تشریف لائے تو آپ نے وہ بلند مکان نہ دیکھا تو پوچھا کہ اس مکان کے ساتھ کیا ہوا ؟ صحابہ نے عرض کیا آقا اس کے مالک نے آپ کی ناراضگی کے بارے میں ہم سے پوچھا تھا ہم نے اسے مطلع کر دیا لہٰذا اس نے اسے گرا دیا ۔ اس پر آپ نے فرمایا ہر عمارت اس کے مالک کے لیے وبال ہے ماسوائے اس کے جس کی ضرورت ہو ۔

(ابوداؤد)

سلہ قُبّۃ قاف پر پیش : گول گھر ، صراح میں اس کا معنی کسی کے اردگرد عمارت بنانا ہے ۔ خیمے پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے ۔

سلہ بطور تعجب فرمایا ۔

سلہ اس وقت کچھ نہ فرمایا بلکہ کراہت و غضب دل میں رکھا ۔

سلہ یعنی اس نے سلام عرض کیا لیکن آپ نے اعراض فرمایا ۔

سلہ آج میں آپ کو ناراض پا رہا ہوں اس کا سبب کیا ہے ۔

۴۹۵۶ وَعَنْ اَبِیْ ہَاشِمِ بْنِ عُتْبَۃَ قَالَ عَہِدَ اِلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا یَکْفِیْكَ مِنْ جَمِیْعِ الْمَالِ خَادِمٌ وَّمَرْکَبٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ۔

(رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ

حضرت ابوہاشم[۱] بن عتبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ مجھ سے رسولِ خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عہد لیا[۲] فرمایا تیرے لیے مال میں سے خادم اور اللہ کی راہ میں[۳] سواری کافی ہے ۔

(مسند احمد ، ترمذی ، نسائی ، ابن ماجہ ، مصابیح کے بعض

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَابْنُ مَاجَۃَ وَفِیْ بَعْضِ نُسَخِ الْمَصَابِیْحِ اَبِیْ هَاشِمِ بْنِ عُتْبَۃَ بِالدَّالِ بَدَلَ التَّاءِ وَهُوَ تَصْحِیْفٌ۔

نسخوں میں ابوہاشم بن عتبہ ہے یعنی تاء کی جگہ دال ہے لیکن یہ غلط ہے)

سلہ ابوہاشم بن عتبہ قریشی ہیں عین پر پیش تاء ساکن، ان کے نام کے بارے میں اختلاف ہے، بعض کے نزدیک شیبہ اور بعض کے نزدیک ہشیم ہے۔ حضرت معاویہ بن ابی سفیان کے ماموں اور ہندِ بنتِ عتبہ کے بھائی ہیں۔ فتح مکہ کے دن اسلام لائے۔ حضرت عثمان کے دورِ خلافت میں وفات پائی نہایت فاضل اور صالح تھے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ اور دیگر صحابہ سے روایت کرتے ہیں۔

سلہ مجھے آپ نے وصیت فرمائی

سلہ ان دو چیزوں سے زیادہ حاصل نہ کر یا ان دو چیزوں کے علاوہ ہر شے خرچ کر دے۔

سلہ بعض راویوں سے ایسا ہو گیا ہے۔

۴۹۵۷/۳۲ وَعَنْ عُثْمَانَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیْسَ لِابْنِ اٰدَمَ حَقٌّ فِیْ سِوٰی هٰذِهِ الْخِصَالِ بَیْتٌ یَسْکُنُهٗ وَثَوْبٌ یُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتَهٗ وَجِلْفُ الْخُبْزِ وَالْمَاءُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ان چیزوں کے سوا انسان کا کسی میں حق نہیں۔ گھر جس میں رہتا ہے وہ کپڑا جس سے ستر ڈھانپتا ہے، روٹی کا ٹکڑا اور پانی ہے۔ (ترمذی)

سلہ قیامت کے روز ان کا حساب نہیں ہوگا کیونکہ ان کی ضرورت ہوتی ہے۔

سلہ ضرورت کے مطابق

سلہ "جلف" جیم کے نیچے زیر، لام ساکن جیم کی فتحہ کے ساتھ بھی پڑھا گیا ہے اس کی جمع جلفہ روٹی کا وہ خشک ٹکڑا جس سے بھوک دور ہو جائے۔

سلہ اتنا پانی جس سے پیاس بجھائی جاسکے۔

۴۹۵۸/۳۳ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ دُلَّنِیْ عَلٰی عَمَلٍ اِذَا اَنَا عَمِلْتُهٗ اَحَبَّنِیَ اللّٰہُ وَاَحَبَّنِیَ النَّاسُ قَالَ ازْهَدْ فِی الدُّنْیَا یُحِبَّکَ اللّٰہُ وَازْهَدْ فِیْمَا عِنْدَ النَّاسِ یُحِبُّکَ النَّاسُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں آیا اور عرض کیا یا رسول اللہ مجھے ایسا عمل بتائیں جو میں کروں تو اللہ تعالیٰ مجھ سے محبت کرے اور تمام لوگ بھی۔ فرمایا دنیا سے بے رغبت ہو جا اللہ تجھ سے محبت کرے گا اور جو کچھ لوگوں کے پاس ہے اس سے بے رغبت ہو جا لوگ تجھ سے محبت کریں گے

(ترمذی، ابن ماجہ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ یہ مدینہ منورہ میں وفات پانے والے آخری صحابی ہیں

سلہ "زہد" صراح میں اس کا معنی ناچاہنا اور خلاف رغبت ہے

۴۹۵۹ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَامَ عَلٰی حَصِیْرٍ فَقَامَ وَقَدْ اَثَّرَ فِیْ جَسَدِہٖ فَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ لَوْ اَمَرْتَنَا اَنْ نَبْسُطَ لَکَ وَنَعْمَلَ فَقَالَ مَالِیْ وَلِلدُّنْیَا وَمَا اَنَا وَالدُّنْیَا اِلَّا کَرَاکِبٍ اِسْتَظَلَّ تَحْتَ شَجَرَۃٍ ثُمَّ رَاحَ وَتَرَکَھَا۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چٹائی پر سوئے جب اٹھے تو اس کے نشان جسم اطہر پر پڑے تھے میں نے عرض کیا یارسول اللہ! اگر آپ اجازت دیں تو ہم آپ کے لیے بستر[1] بچھا دیا کریں اور بہتر انتظام کردیں فرمایا مجھے دنیا سے کیا تعلق؟ میری اور دنیا کی مثال اس طرح ہے جس طرح کوئی سوار[2] کسی درخت کے سایہ کے نیچے کچھ دیر سستائے اور پھر چھوڑ کر اسے چلا جائے۔ (مسند احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

سلہ آپ کے لیے ہم اعلیٰ بستر بچھائیں تاکہ اس پر بہتر طور پر آرام فرما سکیں۔

سلہ سوار کا ذکر تخصیص تھوڑا ٹھہرنے اور جلدی روانہ ہونے کی وجہ سے ہے ممکن ہے وہ گھوڑے کی پشت پر ہی رکے اس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ سوار کی منزل دور ہے لہٰذا وہ اس سفر کے قطع کا خیال رکھے گا اور کسی ایسی چیز کی طرف متوجہ نہ ہوگا جو اس کے منزل تک پہنچنے میں مانع ہو۔

۴۹۶۰ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَغْبَطُ اَوْلِیَائِیْ عِنْدِیْ لَمُؤْمِنٌ خَفِیْفُ الْحَاذِ ذُوْ حَظٍّ مِّنَ الصَّلٰوۃِ اَحْسَنَ عِبَادَۃَ رَبِّہٖ وَاَطَاعَہٗ فِی السِّرِّ وَکَانَ غَامِضًا فِی النَّاسِ لَا یُشَارُ اِلَیْہِ بِالْاَصَابِعِ وَکَانَ رِزْقُہٗ کَفَافًا فَصَبَرَ عَلٰی ذٰلِکَ ثُمَّ نَقَدَ بِیَدِہٖ فَقَالَ عُجِّلَتْ مَنِیَّتُہٗ قَلَّتْ بَوَاکِیْہِ قَلَّ تُرَاثُہٗ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میرے ساتھیوں میں سے سب سے قابل رشک میرے نزدیک وہ مومن ہے جو کم سامان[1] والا، نماز کے بڑے حصے[2] والا، اپنے رب کا خوب عبادت گذار، اللہ کی خفیہ[3] اطاعت کرے، لوگوں میں مخفی رہے اس طرح کہ اس کی طرف اشارہ[4] نہ کیا جائے اس کا رزق بقدر ضرورت ہو اور اس پر صبر نصیب ہو، پھر آپ نے ہاتھ سے چٹکی[5] بجائی اور فرمایا اس کی موت[6] جلد ہوجائے، اس پر رونے والیاں کم ہوں۔ اس کی میراث[7] تھوڑی ہو۔ (مسند احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

سلہ حاذ، سواری کی پشت، خفیف الحاذ سے مراد قلیل المال اور قلیل العیال ہے (کذا فی القاموس)۔ صراح میں ہے قلیل الحاذ کا معنی خفیف الظہر ہے

سلہ جب اس کے دنیاوی مشاغل کم ہوئے تو وہ کثیر الصلوٰۃ ہوگا، درویش لوگ دنیا سے اس لیے اپنے آپ کو منقطع

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

کر لیتے ہیں تاکہ اپنے مولیٰ کے حضور حاضری دے سکیں۔

سے جب وہ دنیوی معاملات کے لیے باہر ہی نہیں جائے گا تو لوگوں سے اختلاط نہیں ہوگا لہٰذا وہ خلوت میں اپنے مولیٰ کے حضور رہے گا۔

۴۔ یعنی مشہور و معروف نہ ہو۔

۵ اس طرح انگلیوں پر مارنا جیسے دراہم کو یکے بعد دیگرے شمار کیا جاتا ہے۔ پرندہ کا دانے اٹھانا بھی اس کا معنی ہے، یہاں انگلیوں کا ایک دوسرے پر بطور تعجب مارنا مراد ہے۔

۶ اس پر فتن دنیا سے اللہ کے حضور جلدی چلا جائے یا مراد یہ ہے کہ چونکہ اس کا تعلق دنیا سے کم ہوتا ہے اس لیے اس کا جان دینا غلبۂ شوق آخرت کی وجہ سے آسان ہوگا۔ بعض شارحین نے یہ مراد لیا کہ موت کے وقت پر اس کی تجہیز و تکفین نہایت ہی آسان ہوگی جیسے کہ اس کی ظاہری حیات میں اس کی معیشت کا معاملہ آسان تھا۔

۷ کیونکہ اس کا رزق بقدر کفایت تھا۔

۴۹۶۱ / ۳۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَرَضَ عَلَيَّ رَبِّيْ لِيَجْعَلَ لِيْ بَطْحَاءَ مَكَّةَ ذَهَبًا فَقُلْتُ لَا يَا رَبِّ وَلٰكِنْ اَشْبَعُ يَوْمًا وَاَجُوْعُ يَوْمًا فَاِذَا جُعْتُ تَضَرَّعْتُ اِلَيْكَ وَذَكَرْتُكَ وَاِذَا شَبِعْتُ حَمِدْتُكَ وَشَكَرْتُكَ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

اور انہی سے روایت ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، میرے رب نے مجھے پیش کش کی کہ میں آپ کے لیے مکہ کی تمام زمین سونا کر دوں؟ میں نے عرض کیا اے میرے رب نہیں میں نہیں چاہتا ہوں لیکن ایک دن سیر ہوا کروں اور ایک دن بھوکا رہوں، جب بھوکا ہوں تو تیری طرف تضرع کروں تجھے یاد کروں، جب سیر ہوں تو تیری حمد بجالاؤں اور تیرا شکر ادا کروں۔

(مسند احمد، ترمذی)

لہ البطحاء اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں سے پانی گزرے اور وہاں چھوٹے چھوٹے سنگریزے ہوں۔ یہاں اس وادی کو سونے سے پُر کرنا مراد ہے یا اس کے سنگریزوں کو سونے میں تبدیل کرنا، دوسری توجیہ زیادہ واضح ہے کیونکہ دوسری روایت میں ہے کہ آپ چاہیں تو ہم مکہ کے تمام پہاڑ سونے کے بنا دیتے ہیں۔

سے مکہ کا سونا بننا میں نہیں چاہتا

سے یعنی میں فقر اختیاری پسند کرتا ہوں ایک دن سیر اور ایک دن بھوکا رہنا چاہتا ہوں تاکہ مقام صبر و شکر دونوں کو حاصل کروں۔ اس حدیث میں فقر و قناعت اختیار کرنے کی تعلیم ہے اور اس پر دلیل یہ ہے کہ فقر غنا سے افضل ہوتا ہے۔

۴۹۶۲ / ۳۷ وَعَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مِحْصَنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ

حضرت عبداللہ بن محصن رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

مَنْ اَصْبَحَ مِنْكُمْ اٰمِنًا فِیْ سِرْبِهٖ مُعَافًی فِیْ جَسَدِهٖ عِنْدَهٗ قُوْتُ یَوْمِهٖ فَكَاَنَّمَا حِیْزَتْ لَهُ الدُّنْیَا بِحَذَافِیْرِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

جو شخص اس حال میں صبح کرے کہ اس کے دل میں سکون ہو، جسم میں تندرستی، اور اس کا دن کا کھانا اس کے پاس ہو تو گویا پوری کی پوری دنیا اس کے پاس جمع ہوگئی (ترمذی نے روایت کرکے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے)

لہ محصن۔ میم کے نیچے زیر، حا ساکن، صاد پر زبر، اہل مدینہ میں سے صحابی ہیں۔

سلہ سِرْبٌ۔ سین پر زبر یا زیر، را ساکن دونوں طرح مروی ہے۔ روایت کسرہ قوی ہے۔ اگر فتحہ کے ساتھ ہو تو اس کا معنی راستہ، چہرہ اور سینہ ہے اور کسرہ کی صورت میں راستہ، حال، دل اور نفس کے معنی میں آتا ہے یہ تمام معانی یہاں مناسب ہیں۔ سَرَبٌ سین اور را دونوں اگر مفتوح ہوں تو اس سے مراد وہ گھر ہوتا ہے جو کسی وحشی نے زیر زمین بنایا ہو اگر روایت میں یہ لفظ ہو تو بھی یہ معنی مناسب مقام ہے کہ وہ زمانے کی آفات و بلیات سے اپنے گھر میں لومڑی اور چوہے کی طرح محفوظ و مامون ہے۔

سلہ حذافیر، حذفور کی جمع، جانب، اطراف جس طرح عصفور کی جمع عصافیر، جمہور کی جمع جماہیر آتی ہے۔

۴۹۶۳ وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِیْكَرِبَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَا مَلَأَ اٰدَمِیٌّ وِعَاءً شَرًّا مِّنْ بَطْنٍ بِحَسْبِ ابْنِ اٰدَمَ اُكُلَاتٌ یُقِمْنَ صُلْبَهٗ فَاِنْ كَانَ لَا مَحَالَةَ فَثُلُثٌ طَعَامٌ وَثُلُثٌ شَرَابٌ وَثُلُثٌ لِنَفْسِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ)
۳۸

حضرت مقدام بن معدی کرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ کسی نے بقابلہ پیٹ کے بدترین برتن نہیں بھرا، انسان کیلئے چند لقمے کافی ہوتے ہیں جو اس کی کمر کو سیدھا رکھیں اگر زیادہ کی ضرورت ہو تو تہائی کھانا یا تہائی سالن کے لیے رکھے۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

لہ یعنی پیٹ بدترین برتن ہے کیونکہ اسے پُر رکھنے سے کئی شر اور برائیاں جنم لیتی ہیں۔

۴۹۶۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا یَتَجَشَّأُ فَقَالَ اَقْصِرْ مِنْ جُشَائِكَ فَاِنَّ اَطْوَلَ النَّاسِ جُوْعًا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اَطْوَلُهُمْ شِبَعًا فِی الدُّنْیَا۔ (رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَرَوَى التِّرْمِذِیُّ نَحْوَهٗ)
۳۹

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کو ڈکار لیتے ہوئے سنا تو فرمایا ڈکار کم لو، کیونکہ روز قیامت سب سے بھوکا وہ ہوگا جو دنیا میں بہت زیادہ سیر ہونے والا ہوگا۔ (شرح السنہ، ترمذی نے بھی اس کی مثل روایت کیا)

لہ جُشَاء۔ جیم پر تینوں حرکات آسکتی ہیں۔ ڈکار

سلہ اَقْصِرْ، ہمزہ پر زبر پڑھی جائے۔

سلہ مقصود زیادہ کھانے سے نہی ہے کیونکہ یہی ڈکار کا سبب بنتا ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۱؎ جو دنیا میں سیر ہو گا وہ آخرت میں بھوکا ہو گا۔

۴۹۶۵ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ عِيَاضٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ لِكُلِّ أُمَّةٍ فِتْنَةً وَفِتْنَةُ أُمَّتِي الْمَالُ

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت کعب بن عیاض[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہر امت کے لیے ایک[۲] فتنہ ہے میری امت کا فتنہ مال[۳] ہے۔ (ترمذی)

۱؎ عیاض، عین کے نیچے زیر یا مخفف، شامی صحابہ میں سے ہیں۔ ان سے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روایت لی ہے۔

۲؎ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آزمائش و امتحان ہے۔

۳؎ اللہ تعالیٰ انھیں خوب غنی کرے گا تاکہ وہ آزمائے کہ یہ اسلام کے اصولوں پر استقامت اختیار کرتے ہیں یا نہیں۔

۴۹۶۶ وَعَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُجَاءُ بِابْنِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كَأَنَّهُ بَذَجٌ فَيُوقَفُ بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ فَيَقُولُ لَهُ أَعْطَيْتُكَ وَخَوَّلْتُكَ وَأَنْعَمْتُ عَلَيْكَ فَمَا صَنَعْتَ فَيَقُولُ يَا رَبِّ جَمَعْتُهُ وَثَمَّرْتُهُ وَتَرَكْتُهُ أَكْثَرَ مَا كَانَ فَارْجِعْنِي آتِكَ بِهِ كُلِّهِ فَيَقُولُ لَهُ أَرِنِي مَا قَدَّمْتَ فَيَقُولُ رَبِّ جَمَعْتُهُ وَثَمَّرْتُهُ وَتَرَكْتُهُ أَكْثَرَ مَا كَانَ فَارْجِعْنِي آتِكَ بِهِ كُلِّهِ فَإِذَا عَبْدٌ لَمْ يُقَدِّمْ خَيْرًا فَيُمْضٰى بِهِ إِلَى النَّارِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَضَعَّفَهُ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ روز قیامت انسان بھیڑ کے بچے[۱] کی طرح لاکر بارگاہ الٰہی میں کھڑا کیا جائے گا، رب تعالیٰ اس سے فرمائے گا میں نے تجھے نعمتیں[۲] دیں، خدام[۳] دیئے، بہت سے انعامات[۴] کیے، تو نے کیا[۵] کیا؟ وہ عرض کرے گا یارب میں نے جمع کیں، انھیں بڑھایا[۶]، جتنا تھا اسے زیادہ کرکے چھوڑا مجھے لوٹا دے میں تیری بارگاہ میں سارا پیش کردوں۔ رب تعالیٰ فرمائے گا مجھے یہ بتا تو نے آگے کیا بھیجا[۷]؟ عرض کرے گا میں نے جمع[۸] کیا، بڑھایا اور زیادہ کرکے چھوڑ آیا تو مجھے لوٹا دے تاکہ میں وہ تمام لے آؤں اور وہ ایسا بندہ ہو گا جس نے کوئی بھلائی آگے نہ بھیجی[۹] ہو گی، تو اسے آگ کی طرف لے جایا جائے گا۔ (ترمذی نے اسے روایت کرکے ضعیف[۱۰] کہا)

۱؎ کمزوری، ضعف میں بَذَجٌ بھیڑ کی اولاد، مُعَوَّذ بکری کے بچے، اس کی جمع بذجان ہے۔

۲؎ مال و اشیاء

۳؎ تخویل، صراح میں اس کا معنی کسی کو چیز دینا ہے جب کوئی شے کسی کو دے تو کہا جاتا ہے خَوَّلَهُ الشَّيْءَ۔

۴؎ یہ مبالغہ تمام عمل کو شامل ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵ تو نے اسے کیسے استعمال کیا؟ کیا تو شکر گزار بندہ بنا؟
۶ تجارت وغیرہ کے ذریعے تثمیر، مال کا بڑھانا اور زیادہ کرنا ہوتا ہے
۷ وہ دنیوی مال تجھے اب کیا فائدہ دے گا؟ کچھ آگے بھیجا ہے تو وہ مجھے دکھا۔
۸ آگے کے لیے کچھ بھیجا نہ ہوگا لہٰذا شرمندہ ہوگا اور جواب بھی سوال کے مطابق نہیں کیونکہ اس موقع پر گناہگار اور مبہوت شخص کی یہی کیفیت ہوتی ہے اور جب معقول عذر نہ ہو تو معاملہ ایسا ہی ہوتا ہے
۹ ضمیر۔ مال کثیر
۱۰ کیونکہ اس کی سند میں ضعف ہے۔

۴۹۶۷ (۴۲) وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوَّلَ مَا یُسْاَلُ الْعَبْدُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مِنَ النَّعِیْمِ اَنْ یُّقَالَ لَهٗ اَلَمْ نُصِحَّ جِسْمَكَ وَنُرْوِكَ مِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا روز قیامت بندے سے جن نعمتوں کے بارے میں پوچھا جائے گا ان میں سے پہلا یہ ہوگا کہ ہم نے تجھے صحت وتندرستی[1] نہ دی تھی؟ اور کیا ہم نے تجھے ٹھنڈے پانی سے سیر نہ کیا تھا؟

(ترمذی)

۱ تندرستی اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے، ایک بزرگ کے بارے میں منقول ہے کہ انہوں نے اپنے مرید سے فرمایا اے بیٹے ٹھنڈا پانی پیا کر کیونکہ یہ شکر گزاری کا ذریعہ ہے اور مجھے اپنے والد گرامی کے بارے میں یاد آتا ہے کہ جب وہ ٹھنڈا پانی پیتے تو بے خود ہو جاتے اور کافی دیر کے بعد ان کی طبیعت بحال ہوتی تو کہتے سبحان اللہ! یہ کیا ہے؟ یہ عظیم جوہر ہے اور ایسی عالم ذوق وتوجید سے مست ہو کر ایسی باتیں کہتے کہ کیا بتاؤں؟

۴۹۶۸ (۴۳) وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَزُوْلُ قَدَمَا ابْنِ اٰدَمَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ حَتّٰی یُسْاَلَ عَنْ خَمْسٍ عَنْ عُمُرِهٖ فِیْمَا اَفْنَاهُ وَعَنْ شَبَابِهٖ فِیْمَا اَبْلَاهُ وَعَنْ مَالِهٖ مِنْ اَیْنَ اكْتَسَبَهٗ وَفِیْمَا اَنْفَقَهٗ وَمَاذَا عَمِلَ فِیْمَا عَلِمَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روز قیامت انسان کے قدم نہ ٹلیں[1] گے حتیٰ کہ اس سے پانچ اشیاء کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔ عمر کے بارے میں کہ کیسے[2] خرچ کی؟ جوانی کے بارے میں کہ کیسے گزاری؟ مال کے بارے میں کہ کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا؟ اور جاننے کے بعد کیا عمل کیا؟

(ترمذی نے اسے روایت کر کے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے)

۱ وہ بارگاہ خداوندی میں کھڑا رہے گا۔
۲ کن کاموں میں بسر کی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳ جوانی لباس کی مانند ہے گزرنے کے ساتھ پرانی ہو جاتی ہے۔
۴ اپنے علم کے مطابق عمل نہ کیا۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۴۹۶۹ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَہٗ اِنَّکَ لَسْتَ بِخَیْرٍ مِّنْ اَحْمَرَ وَلَا اَسْوَدَ اِلَّا اَنْ تَفْضُلَہٗ بِتَقْوٰی۔
۱۲۴

(رَوَاہُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کسی عجمی[۱] یا عربی[۲] سے بہتر نہیں ہو مگر یہ کہ تم تقویٰ سے بڑھ جاؤ[۳]

(مسند احمد)

۱ عجمی کو احمر کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اس رنگ میں سرخی وسفیدی غالب ہوتی ہے۔
۲ عربی کو اسود کہنے کی وجہ یہ ہے کہ ان کے رنگ میں سبزی اور سیاہی کا غلبہ ہوتا ہے
۳ فضیلت حقیقی تقویٰ اور عمل صالح سے حاصل ہوتی ہے۔ تقویٰ اور عمل صالح کے بغیر محض نسب فضیلت کا سبب نہیں بن سکتا، اللہ تعالیٰ کا ارشادِ گرامی ہے " اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ " (اللہ تعالیٰ کے ہاں تم میں سے وہ زیادہ مکرم ہے جو تم سب سے زیادہ متقی ہو)

۴۹۷۰ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا زَھِدَ عَبْدٌ فِی الدُّنْیَا اِلَّا اَنْبَتَ اللّٰہُ الْحِکْمَۃَ فِیْ قَلْبِہٖ وَاَنْطَقَ بِھَا لِسَانَہٗ وَبَصَّرَہٗ عَیْبَ الدُّنْیَا وَدَاءَھَا وَدَوَاءَھَا وَاَخْرَجَہٗ مِنْھَا سَالِمًا اِلٰی دَارِ السَّلَامِ۔
۱۲۵

(رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

اور انہی سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جب بندہ دنیا سے بے رغبتی کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے دل میں حکمت[۱] کا چشمہ جاری کردیتا ہے۔ اس سے اس کی زبان میں گویائی عطا کرتا ہے، اسے دنیا کے عیوب[۲] اس کی بیماریاں اور اس کے علاج سے آگاہ کردیتا ہے اور اسے دنیا سے سلامتی کے ساتھ[۳] جنت کی طرف لے جاتا ہے

(بیہقی، شعب الایمان)

۱ اس سے مراد حقائقِ اشیاء کا علم ہے
۲ دنیا کی حقیقت اس کے عیوب پر اسے عین الیقین حاصل ہو جاتا ہے اور اسے ان تمام اسباب سے آگاہ کردیا جاتا ہے جن کی بناء پر وہ اس دنیا سے اپنے آپ کو بچا سکتا ہے، اگرچہ پہلے بھی وہ دنیا کے عیوب سے آگاہ تھا تب ہی تو اس نے زہد اختیار کیا مگر اب تو اسے ایسا باطنی نور وصفا نصیب ہو جاتا ہے کہ اس کی حقیقت کھل کر سامنے آجاتی ہے اگر اول اس میں کوئی تذبذب تھا تو اب اس سے بھی وہ پاک اور مبرا ہو جاتا ہے (گویا اسے دنیا سانپ بچھو اور ظلمت دکھائی دیتی ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ دارالسلام: جنت، اس طرف بھی اشارہ ہے کہ اصل اور کامل سلامتی آخرت ہی ہے، کسی نے درویش سے پوچھا کیا حال ہے؟ فرمایا خیر و سلامت ہے اگر اللہ تعالیٰ نے جنت میں داخل فرما دیا۔

۴۹۷۱/۲۶ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ اَخْلَصَ اللّٰهُ قَلْبَهٗ لِلْاِيْمَانِ وَجَعَلَ قَلْبَهٗ سَلِيْمًا وَّلِسَانَهٗ صَادِقًا وَّنَفْسَهٗ مُطْمَئِنَّةً وَّخَلِيْقَتَهٗ مُسْتَقِيْمَةً وَّجَعَلَ اُذُنَهٗ مُسْتَمِعَةً وَّعَيْنَهٗ نَاظِرَةً فَاَمَّا الْاُذُنُ فَقِمْعٌ وَّاَمَّا الْعَيْنُ فَمُقِرَّةٌ لِّمَا يُوْعِي الْقَلْبُ وَقَدْ اَفْلَحَ مَنْ جَعَلَ قَلْبَهٗ وَاعِيًا. رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

اور انہی سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کامیاب ہو گیا وہ شخص جس نے دل کو اللہ تعالیٰ پر ایمان کے لیے خالص[۱] کر دیا اور اپنے دل کو سلامت رکھا[۲]، اپنی زبان کو سچا، دل کو مطمئن[۳]، اپنی طبیعت کو سیدھا[۴]، کانوں کو سننے والا، آنکھ کو دیکھنے والا[۵] بنایا کان تو دل کا راستہ ہے[۶]، آنکھ اس چیز کو قائم کرنے والی ہے جسے دل محفوظ رکھتا ہے[۷]، کامیاب ہوا وہ شخص جس نے اپنے دل کو حفاظت کرنے والا بنایا۔
(مسند احمد، بیہقی، شعب الایمان)

سلہ جس کا ایمان نفاق سے پاک ہے
سلہ تمام آفات و ذمائم سے
سلہ فرمانِ حق کا مطیع
سلہ طبیعت کو کجروی، باطل کی طرف مائل ہونے اور افراط و تفریط سے بچایا
سلہ پروردگار کی کائنات کے حسنِ انتظام کو دیکھتا ہے۔
سلہ قِمع، قاف پر زبر یا زیر میم ساکن یا قاف پر زبر اور میم کے نیچے زیر، وہ شے جو کسی برتن میں اس لیے رکھی جائے کہ اس کے ذریعے روغن یا شراب وغیرہ کو بہایا جائے۔ چونکہ کان کے ذریعے حق بات دل میں اُترتی ہے اسی لیے اسے قمع کہا۔
سلہ دو معانی ہو سکتے ہیں کہ دل محفوظ کرتا ہے یا وہ چیز دل کو محفوظ کر لیتی ہے اس لیے لفظ "القلب" پر دونوں حرکات رفع و نصب جائز ہوگا۔ خلاصہ یہ کہ جس طرح کان کے ذریعے بات دل میں اُترتی ہے اسی طرح آنکھ کے ذریعے بھی بات دل میں محفوظ ہوتی ہے اس کے بعد دونوں کا حاصل بیان کر دیا۔

۴۹۷۲/۲۷ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا رَاَيْتَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُعْطِي الْعَبْدَ مِنَ الدُّنْيَا عَلٰى مَعَاصِيْهِ مَا يُحِبُّ فَاِنَّمَا هُوَ اسْتِدْرَاجٌ ثُمَّ تَلَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا نَسُوْا مَا

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم دیکھو کہ اللہ تعالیٰ کسی کو اس کے گناہوں کے باوجود اس کی پسند کے مطابق[۱] دے رہا ہے تو یہ استدراج[۲] ہے اس کے بعد آپ نے یہ آیت[۳] پڑھی "پس جب وہ نصیحت بھول گئے تو ہم نے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ذُكِّرُوا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰى اِذَا فَرِحُوْا بِمَا اُوْتُوْا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ان پر ہر شے کے دروازے کھول دیئے حتیٰ کہ جب وہ خوش ہوئے اس پر جو ان کو دیا گیا تو ہم نے اچانک پکڑ لیا تو وہ متحیر ہی رہ گئے[۴] (مسند احمد)

[۱] باوجود گناہوں کے دُنیا دیے رہا ہے ۔

[۲] استدراج ، اللہ تعالیٰ کی تدبیر ، لغت میں استدراج ، قریب کرنا ، کسی کو لے جانا ، اللہ تعالیٰ کے حق میں استدراج یہ ہے کہ بندہ جب بھی نافرمانی کرے تو وہ بندے کو تازہ بتازہ نعمت دے دے اور اسے مہلت دے تاکہ بندہ یہ گمان کرے کہ میرے بارے میں یہ اللہ تعالیٰ کا لطف ہے اور وہ توبہ و استغفار نہ کرے اور مغرور ہو جائے گویا درجہ بدرجہ اسے عذاب کی طرف دھکیلا جاتا ہے ۔

[۳] جس میں معنیٰ استدراج پایا جاتا ہے

[۴] " ابلاس "، متحیر ، ناامید ہونا ، ابلیس اسی سے بنا ہے ۔

۴۹۷۳ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ الصُّفَّةِ[۱] تُوُفِّيَ وَتَرَكَ دِيْنَارًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيَّةٌ قَالَ ثُمَّ تُوُفِّيَ اٰخَرُ فَتَرَكَ دِيْنَارَيْنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيَّتَانِ ۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ اصحاب صفہ[۱] میں سے ایک شخص فوت ہوا اور وہ ایک دینار چھوڑ گیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ، یہ داغ ہے پھر دوسرے فوت ہوئے تو وہ دو دینار چھوڑ گئے فرمایا یہ دو داغ ہیں ۔

(مسند احمد ، بیہقی ، شعب الایمان)

[۱] اہل صُفّہ سے مراد غرباء و فقراء صحابہ کی وہ جماعت مراد ہے جو صُفّہ مسجد میں رہتے ، صُفّہ مسجد نبوی کا ایک حصہ ہے جس کی چھت کا سایہ تھا اصلاً یہی مسجد تھا ، جبکہ قبلہ بیت المقدس تھا جب قبلہ کی جہت بدل گئی تو اس کو اسی حال میں رہنے دیا گیا اور صحابہ کا یہ گروہ وہاں ہی مقیم تھا ، ان کی تعداد ستر یا اسی تھی ، کبھی زیادہ ہو جاتے کبھی کم ، ان کا نہ گھر تھا نہ مال و دولت ، نہ اولاد ، یہ مقام زہد و توکل پر بیٹھے ریاضت ، مجاہدہ ، ذکر ، تلاوت قرآن اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات گرامی یاد کرنے میں مشغول اور انوار و تجلیات کے حصول میں محو رہتے ۔ ان کو اللہ تعالیٰ کا مہمان کہا جاتا تھا ۔ اغنیاء صحابہ ان کی خدمت کرتے ہوئے انھیں کھانا بھجواتے ، گھر بطور مہمان لے جاتے ، ان میں سے چند کے کھانے کا انتظام خود آقائے دو جہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ، اکثر اوقات کثرتِ طعام کا معجزہ ان کی وجہ سے معرض وجود میں آتا جیسا کہ ایک پیالہ دودھ کا سب کے لیے کافی ہو جاتا ، اس بارے میں متعدد احادیث وارد ہیں ۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو انھیں میں تشریف فرما ہونے کا حکم تھا لہذا آپ انھی میں ہمیشہ شرف فرماتے اور خود کو انھیں میں سے شمار فرماتے اور انھیں آگاہ کر دیا کہ تمھاری آخرت میرے ساتھ ہو گی اور تم جنت میں میرے ساتھ ہو گے ۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ انھیں اصحابِ صُفّہ میں سے ہیں ۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

شعر: ہلا خوش باش کاں محبوب جاں را بدرولشیاں و مسکیناں سرے ہست

"اے دل خوش ہوجا کہ محبوب درویشوں اور مسکینوں کا ہم نشین ہے"

طائفۂ صوفیہ کا انتساب ان کی طرف اسی وجہ سے ہے، اگرچہ لفظ صوفیاء کا صفہ سے مشتق ہونا تکلف ہے اگرچہ معنی اس کے موافق ہے۔

سلہ حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی انھیں میں سے ہیں۔

سلہ جو انھیں کسی جگہ سے ملا تھا

سلہ یہ پیشانی، پشت اور پہلو پر داغ کا ذریعہ ہے یہ اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف " تُكْوٰی بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ " (ان کی پیشانیوں، پہلوؤں اور پشتوں کو داغا جائے گا)

ھ اگرچہ کوئی شخص کسی ضرورت کے پیش نظر ایک دینار یا دو دینار رکھتا ہے شریعت میں کوئی گناہ نہیں بلکہ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد خزانہ رکھنے میں کوئی حرج نہیں لیکن وہ مال ممنوع ہے جس کا حق ادا نہ کیا گیا ہو لیکن یہاں معاملہ ان لوگوں کا ہے جو تارک دنیا ہو کر زہد کا راستہ اختیار کرتے ہیں۔ دنیا سے آنکھیں بند کر کے اپنے مولیٰ کے قرب کے حصول میں مشغول ہیں لہٰذا ان کا معاملہ جدا ہے گویا ایسے زاہد کے لیے ایک دینار بھی جمع کرنا مناسب نہیں کیونکہ یہ اس کے دعوے کے خلاف ہے یہی وجہ ہے کہ راوی حدیث نے یہ نہیں کہا کہ ایک صحابی کا وصال ہوا، بلکہ کہہ رہے ہیں کہ اصحاب صفہ میں سے ایک شخص کا وصال ہوا، یہ کلام ہی بتا رہا ہے کہ ان کا تعلق ان اہل زہد سے تھا جن کے لیے ہر قسم کا مال جمع کرنا منع تھا، اگرچہ دوسروں کے لیے جائز ہے۔

۴۹۷۷ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ اَنَّهٗ دَخَلَ عَلٰى خَالِهٖ اَبِيْ هَاشِمِ بْنِ عُتْبَةَ يَعُوْدُهٗ فَبَكٰى اَبُوْ هَاشِمٍ فَقَالَ مَا يُبْكِيْكَ يَا خَالِ اَوَجَعٌ يُشْئِزُكَ اَمْ حِرْصٌ عَلَى الدُّنْيَا قَالَ كَلَّا وَلٰكِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ اِلَيْنَا عَهْدًا لَمْ اٰخُذْ بِهٖ قَالَ وَمَا ذَالِكَ قَالَ سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ اِنَّمَا يَكْفِيْكَ مِنْ جَمْعِ الْمَالِ خَادِمٌ وَمَرْكَبٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاِنِّيْ اَرَانِيْ قَدْ جَمَعْتُ ۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ وہ اپنے ماموں ابوہاشم سلہ بن عتبہ کی بیمار پرسی کے لیے گئے تو ابوہاشم رونے لگے سلہ پوچھا ماموں کون سی پریشانی رلا رہی ہے جو کوئی تکلیف سلہ ہے یا دنیا کی حرص کہنے لگے ایسا ہرگز نہیں لیکن ہم سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عہد لیا تھا میں نے وہ اختیار نہ کیا، پوچھا وہ عہد کیا تھا؟ فرمایا میں نے حضور کو فرماتے ہوئے سنا تمھیں مال جمع کرنے میں ایک خادم، ایک سواری وہ بھی اللہ کی راہ میں کافی ہے اور میں دیکھ رہا ہوں کہ میں نے جمع کیا ہے۔ (مسند احمد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ)

سلہ ان کے احوال فصل ثانی میں گذر چکے ہیں

سلہ پریشانیوں کا اظہار کرنے لگے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

ﷺ شَأْزًا، شین پر فتحہ، ہمزہ ساکن آخر میں زا، اس جگہ کو کہا جاتا ہے جہاں زیادہ پتھر ہوں یعنی سخت جگہ، اکثر قلق و اضطراب کے معنی میں آتا ہے۔ "یُشْئِزُ" یا پر پیش، سین ساکن، ہمزہ کے نیچے کسرہ یعنی قلق و اضطراب پیدا کرنا۔
ﷺ جو چاہتے ہو آپ کے پاس موجود ہے پھر کیوں پریشانی ہے؟
ﷺ جو آپ نے وجہ بیان کی ہے وہ ہرگز پریشانی کا سبب نہیں
ﷺ صحابہ کو آپ نے نصیحت فرمائی تھی۔
ﷺ صحابی کی گفتگو کتنی خوبصورت ہے جب نصیحت کی بات کی تو جمع کے الفاظ لائے کہ حضور نے ہم سب کو نصیحت کی تھی مگر جب کوتاہی کا تذکرہ آیا تو صرف اپنا ذکر کیا کہ میں اس پر عمل پیرا نہ ہو سکا۔
ﷺ میں نے ہر قسم کا مال جمع کر لیا ہے۔

۴۹۷۵ وَعَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ قَالَتْ قُلْتُ لِاَبِی الدَّرْدَاءِ مَالَكَ لَا تَطْلُبُ كَمَا يَطْلُبُ فُلَانٌ فَقَالَ اِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اَمَامَكُمْ عَقَبَةً كَئُوْدًا لَا يَجُوْزُهَا الْمُثْقِلُوْنَ فَاُحِبُّ اَنْ اَتَخَفَّفَ لِتِلْكَ الْعَقَبَةِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِیُّ)
۵۰

حضرت ام درداء[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کیا وجہ ہے کہ تم اس طرح سوال[2] نہیں کرتے جس طرح فلاں کرتا ہے؟ فرمایا: میں[3] نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ تمہارے لیے سخت[4] چوٹیاں ہیں جنہیں بھاری والے لوگ طے نہ کر سکیں گے میں چاہتا ہوں کہ ان چوٹیوں کے لیے ہلکا رہوں[5]۔ (بیہقی)

ﷺ یہ حضرت ابو درداء کی اہلیہ ہیں، فاضلہ صحابیات میں سے ہیں (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)
ﷺ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا اپنے دیگر دوستوں سے۔
ﷺ میرے سوال نہ کرنے کی وجہ ہے کہ
ﷺ سخت دشوار چوٹیاں ہیں۔ عَقَبَہ، عین اور قاف پر زبر، پہاڑ کی بلند چوٹی یہاں آخرت کے معاملات موت حشر، قبر، قیامت کی ہولناکیاں مراد ہیں۔
ﷺ چاہتا ہوں کہ میں تیزی سے گزر جاؤں۔

۴۹۷۶ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ مِنْ اَحَدٍ يَّمْشِیْ عَلَى الْمَآءِ اِلَّا ابْتَلَّتْ قَدَمَاهُ قَالُوْا لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ كَذٰلِكَ صَاحِبُ الدُّنْيَا لَا يَسْلَمُ مِنَ الذُّنُوْبِ۔ (رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)
۵۱

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی ایسا شخص ہو سکتا ہے جو پانی پر چلے مگر اس کے قدم تر نہ ہوں[1] عرض کیا یا رسول اللہ نہیں۔ فرمایا: دنیا دار گناہوں سے نہیں بچ سکتا (بیہقی شعب الایمان)

ﷺ ضرور تر ہوں گے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سے جو دنیا میں ملوث ہو گیا وہ گناہوں میں پڑ گیا۔

۴۹۷۷ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ مُرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أُوحِيَ إِلَيَّ أَنْ أَجْمَعَ الْمَالَ وَأَكُونَ مِنَ التَّاجِرِينَ وَلٰكِنْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنْ سَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِنَ السَّاجِدِينَ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَأْتِيَكَ الْيَقِينُ. رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَأَبُو نُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ عَنْ أَبِي مُسْلِمٍ.

حضرت جبیر[1] بن نفیر سے مرسلاً مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ پر یہ وحی نہیں آئی کہ میں مال جمع کروں اور تاجر بن جاؤں[2]۔ ہاں! یہ وحی آئی ہے کہ میں اپنے رب کی تسبیح[3] کرتا رہوں اور ساجدین اور اپنے رب کی عبادت کروں، یہاں تک کہ آخری وقت آجائے۔ (شرح السنہ، ابونعیم نے اسے حلیہ میں ابومسلم سے روایت کیا ہے)

سلہ دونوں بصورت تصغیر ہیں۔ جبیر جیم اور باء نفیر نون اور فاء، تابعی ہیں انھوں نے حضور کی ظاہری حیات کو پایا مگر خلافت حضرت ابوبکر میں مسلمان ہوئے پچھتر یا اسی ہجری میں ان کا وصال ہوا۔

سلہ جو مال جمع کرتے اور بڑھاتے ہیں

سلہ ہمہ وقت عبادت میں مشغول رہوں یہاں تک کہ عمر کا آخری لمحہ آجائے تو اس صورت حال میں مجھے تجارت بیع و شراء کی کہاں فرصت۔ البتہ حسب ضرورت جو کافی ہو جائے، اس کے لیے کوشش کرتا رہوں اور وہ بھی جب حسن نیت سے ہو تاکہ اللہ کی عبادت و ذکر و فکر کروں گا تو عبادت ہے۔

۴۹۷۸ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ طَلَبَ الدُّنْيَا حَلَالًا اِسْتِعْفَافًا عَنِ الْمَسْئَلَةِ وَسَعْيًا عَلٰى أَهْلِهِ وَتَعَطُّفًا عَلٰى جَارِهِ لَقِيَ اللهَ تَعَالٰى يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَوَجْهُهُ مِثْلُ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ وَمَنْ طَلَبَ الدُّنْيَا حَلَالًا مُكَاثِرًا مُفَاخِرًا مُرَائِيًا لَقِيَ اللهَ تَعَالٰى وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ وَأَبُو نُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے حلال دنیا[1] (روزی) تلاش کی تاکہ گداگری[2] سے بچے۔ اپنے گھر والوں کی خدمت اور پڑوسی کے ساتھ تعاون کرے وہ اللہ تعالیٰ سے قیامت کے دن اس حال میں ملاقات کرے گا کہ اس کا چہرہ چودھویں کے چاند کی طرح ہوگا اور جس نے حلال دنیا اس لیے طلب کی کہ مال بڑھائے، فخر و تکبر اور دکھلاوے[3] کے لیے تو وہ اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ وہ اس پر سخت ناراض[4] ہوگا۔ (اسے بیہقی نے شعب الایمان اور ابونعیم نے حلیہ میں روایت کیا)۔

سلہ اموال و اسباب دنیا

سلہ حرام اور گداگری سے بچنے کے لیے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ے۲ اگر صدقہ کرتا ہے تو ریا کاری کرتا ہے۔ اس بناء پر ہم نے کہا ہے کہ ریا عبادت اور عملِ خیر میں ہوتی اس کے علاوہ میں نہیں۔ پس نفسِ مال میں فخر ہوگا ریا نہیں۔

ے۴ اے عزیز! جب حلال مال کا حصول فخر و تکبر کی بناء پر ہو تو یہ حال ہے تو مال حرام کے حصول پر کیا حال ہوگا۔

۴۹۷۹/۵۴ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ هٰذَا الْخَيْرَ خَزَائِنُ لِتِلْكَ الْخَزَائِنِ مَفَاتِيْحُ فَطُوْبٰى لِعَبْدٍ جَعَلَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى مِفْتَاحًا لِلْخَيْرِ مِغْلَاقًا لِلشَّرِّ وَوَيْلٌ لِعَبْدٍ جَعَلَهُ اللّٰهُ مِفْتَاحًا لِلشَّرِّ مِغْلَاقًا لِلْخَيْرِ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یہ خیر کے خزانے ہیں اور خزانوں کی چابیاں ہیں۔ بشارت اس شخص کے لیے جسے اللہ تعالیٰ نے خیر کی چابی اور شر کا قفل بنایا اور بربادی ہے اس شخص کے لیے جسے اللہ تعالیٰ نے شر کی چابی اور خیر کا تالا بنایا۔ (ابن ماجہ)

ے۱ مراد وہ لوگ ہیں جو مال صدقہ کرتے ہیں۔

ے۲ جسے نیکی اور مال صدقہ کرنے کی توفیق دیتا ہے۔

ے۳ شر و بخل سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

۴۹۸۰/۵۵ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا لَمْ يُبَارَكْ لِلْعَبْدِ فِيْ مَالِهٖ جَعَلَهُ فِي الْمَاءِ وَالطِّيْنِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب بندے کے مال میں برکت نہ دی جائے تو وہ اسے پانی اور مٹی میں خرچ کر دیتا ہے۔ (بیہقی)

ے۱ پانی اور مٹی سے مراد عمارت ہیں جیسا کہ گزر چکا ہے۔

۴۹۸۱/۵۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اتَّقُوا الْحَرَامَ فِي الْبُنْيَانِ فَاِنَّهٗ اَسَاسُ الْخَرَابِ۔ (رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا عمارت پر حرام مال خرچ نہ کرو یہ خرابی کی بنیاد ہے۔ (بیہقی شعب الایمان)

ے۱ خرابیِ دین مراد ہے یا خرابیِ عمارت، یہاں سے یہ معلوم ہوگیا کہ مالِ حلال اگر عمارت پر خرچ کیا جائے تو کوئی حرج نہیں۔ بعض شارحین نے یہ معنی بیان کیا ہے کہ اس حرام سے بچو جو عمارت بناتے وقت لازم آتا ہے اس صورت میں نہ عمارت خود حرام ہوگی اور لفظ "فی" کا بیان استعمال اسی طرح ہے جیسے یہ کہا جاتا ہے کہ اس تار میں دو رطل لوہا ہے حالانکہ وہ حلقہ خود لوہا ہے نہ کہ لوہا کا ظرف، خراب سے مراد یا تو دین کی خرابی ہے، عمارت کے خراب ہونے کا بھی احتمال ہے کہ اس سے خراب ہو جاتا ہے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے وہ موت کے لیے جنتے ہیں اور خرابی کے لیے ان کی تعمیر کی گئی (کذا فی بعض الشروح۔ لِدُوْا لِلْمَوْتِ وَابْنُوْا لِلْخَرَابِ۔) حدیث کا معنی یہ بھی کیا جا سکتا ہے کہ عمارت اس لیے نہ بنائی جائے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کہ وہاں فسق و فجور کا ارتکاب کیا جائے گا کیونکہ جس عمارت میں فسق و فجور ہو وہ برباد ہو جاتی ہے ۔

۴۹۸۲/۵۷ وَعَنْ عَائِشَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الدُّنْيَا دَارُ مَنْ لَا دَارَ لَهُ وَمَالُ مَنْ لَا مَالَ لَهُ وَلَهَا يَجْمَعُ مَنْ لَا عَقْلَ لَهُ. (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا اس کا گھر ہے جس[1] کا کوئی گھر نہیں اور مال اس کا ہے[2] جس کا کوئی مال نہیں اسے وہ ہی جمع کرتا ہے جو عقل نہیں رکھتا۔[3] (مسند احمد، بیہقی، شعب الایمان)

[1] کیونکہ دنیا فانی ہے اس میں ہمیشہ اقامت اور خوشی ممکن ہی نہیں ۔ پس جس نے دنیا کو اپنا گھر بنالیا گویا اس کا گھر ہی نہیں ۔

[2] مال کا مقصد یہ ہے کہ اسے اللہ تعالیٰ کی رضا اور اچھے کاموں میں خرچ کیا جائے ۔ حب شہوات اور دنیاوی لذتوں میں خرچ کردیا تو یہ مال برباد ہے اور مال ہونے کے حکم سے باہر ہے گویا وہ مال ہی نہیں ۔ بعض حواشی میں ہے کہ فنا اور حقارت کی وجہ سے دنیا کے گھر اور مال کو گھر اور مال کہا ہی نہیں جاسکتا ۔ اس کا معنیٰ حاصل بھی پہلے معنی کی طرح ہی ہے یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ دنیا اسی کا گھر ہے جس کا آخرت میں گھر نہیں اور مال اس کا ہے جس کا آخرت میں غنا و مال نہیں یعنی جو اس دنیا کو اپنا گھر بنالیتا ہے اور اس پر مطمئن ہوجاتا ہے اور ہمیشہ باقی رہنے کے خیال سے دنیا کا مال جمع کرتا ہے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَاءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا (بلاشبہ وہ لوگ جو ہماری ملاقات کے امیدوار نہیں اور دنیاوی زندگی کے ساتھ راضی ہو چکے اور اس میں مطمئن ہیں) دوسرے مقام پر فرمایا اَيَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗ اَخْلَدَهٗ (کیا وہ گمان کرتا ہے کہ اس کا مال ہمیشہ رہے گا) تو اس کا آخرت میں نہ ٹھکانا ہے اور نہ ہی غنا و مال ۔

[3] جو دنیا کے لیے مال جمع کرتا ہے وہ شعور نہیں رکھتا "لہا" میں لام زائد ہے ۔

۴۹۸۳/۵۸ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ خُطْبَتِهِ اَلْخَمْرُ جِمَاعُ الْاِثْمِ وَالنِّسَاءُ حَبَائِلُ الشَّيْطٰنِ وَحُبُّ الدُّنْيَا رَأْسُ كُلِّ خَطِيْئَةٍ قَالَ وَسَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ اَخِّرُوا النِّسَاءَ حَيْثُ اَخَّرَهُنَّ اللّٰهُ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ عَنِ الْحَسَنِ مُرْسَلًا حُبُّ الدُّنْيَا رَأْسُ كُلِّ خَطِيْئَةٍ)

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دوران خطبہ یہ فرماتے ہوئے سنا[1] شراب بہنا گناہوں کو جمع کرتا ہے ۔ عورتیں شیطان کا جال[2] ہیں اور دنیا کی محبت تمام گناہوں کی سردار ہے[3] اور میں نے یہ فرماتے ہوئے بھی سنا کہ عورتوں کو مؤخر کرو جیسے اللہ تعالیٰ نے انھیں مؤخر کیا ہے ۔

(رزین)، بیہقی نے شعب الایمان میں اسے حضرت حسن سے مرسلاً روایت کیا کہ دنیا کی محبت تمام گناہوں سے بڑھ کر ہے)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ف۱ اس میں تمام گناہ جمع ہوجاتے ہیں اور اس کی وجہ سے معرضِ وجود میں آجاتے ہیں اسی وجہ سے اسے "اُمّ الخبائث" کہا جاتا ہے ۔ صراح میں ہے جماع الشیئ جیم کے کسرہ کے ساتھ ہے اس کا معنی کسی شے کے جمع کرنے کے ہیں ۔ کہا جاتا ہے اَلْخَمْرُ جِمَاعُ الْاِثْم (شراب گناہوں کو جمع کرنے والی ہے)

ف۲ شیطان کے شکار کرنے کے آلات و اسباب ہیں، حبائل ؛ حبالہ کی جمع ہے ۔ جیسے کتاب ۔ وہ جال مراد ہے جس سے شکار کیا جاتا ہے ۔

ف۳ کیونکہ تمام گناہ محبتِ دنیا کی وجہ سے ہی ہوتے ہیں اگر آخرت کا خوف ہو تو گناہوں کا ارتکاب نہیں ہوتا

ف۴ اس حیثیت سے کہ اللہ تعالیٰ نے انھیں ذکر، شہادت ، جماعت اور فضیلت و مرتبہ میں مؤخر کیا ہے ۔

۴۹۸۴/۵۹ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَخْوَفَ مَا اَتَخَوَّفُ عَلٰى اُمَّتِى الْهَوٰى وَطُوْلُ الْاَمَلِ فَاَمَّا الْهَوٰى فَيَصُدُّ عَنِ الْحَقِّ وَاَمَّا طُوْلُ الْاَمَلِ فَيُنْسِى الْاٰخِرَةَ وَهٰذِهِ الدُّنْيَا مُرْتَحِلَةٌ ذَاهِبَةٌ وَّهٰذِهِ الْاٰخِرَةُ مُرْتَحِلَةٌ قَادِمَةٌ وَّلِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُمَا بَنُوْنَ فَاِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ لَّا تَكُوْنُوْا مِنْ بَنِى الدُّنْيَا فَافْعَلُوْا فَاِنَّكُمُ الْيَوْمَ فِىْ دَارِ الْعَمَلِ وَلَا حِسَابَ وَاَنْتُمْ غَدًا فِىْ دَارِ الْاٰخِرَةِ وَلَا عَمَلَ ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِىُّ فِىْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں اپنی امت کے بارے میں سب سے زیادہ خوف نفس کی خواہش اور لمبی امید ف۱ سے رکھتا ہوں ۔ خواہش نفس حق سے روک دیتی ہے اور لمبی عمر کی امید آخرت کو بھلا دیتی ہے ، یہ دنیا رخصت ہونے والی اور جانے والی ہے اور آخرت کوچ کرنے اور آنے والی ف۲ ہے ان میں ہر ایک کے لیے بیٹے ف۳ ہیں اگر تم کوشش کرو تو دنیا کے بیٹے ف۴ نہ ہو کیونکہ تم آج عمل کی جگہ میں ہو جہاں حساب نہیں اور کل تم آخرت میں ہو گے جہاں عمل نہ ہو گا ف۵

(بیہقی ، شعب الایمان)

ف۱ وہ آخرت کو بھولا ہوا ہے

ف۲ دنیا ہر دم جاری ہے اور آخرت ہر دم آرہی ہے یہاں سے دنیا کے جلدی فنا ہونے کا مفہوم واضح ہو رہا ہے کیونکہ آخرت اگر اپنی جگہ رہے صرف دنیا ہی فنا ہو تب بھی دنیا گزر جائے گی چہ جائیکہ جب آخرت بھی بڑھ رہی ہو تو اب دنیا کے جلدی اختتام کا مفہوم زیادہ واضح ہے ۔

ف۳ تابع اور محکوم مراد ہیں

ف۴ اس کے تابع ، طالب اور محکوم نہ ہو ۔

ف۵ اور حساب ہو گا ۔

۴۹۸۵/۶۰ وَعَنْ عَلِىٍّ قَالَ ارْتَحَلَتِ الدُّنْيَا مُدْبِرَةً وَّارْتَحَلَتِ الْاٰخِرَةُ مُقْبِلَةً وَّلِكُلِّ

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ دنیا کوچ کرتے ہوئے پیٹھ پھیر ف۱ رہی ہے اور آخرت کوچ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَاحِدٍ مِّنْهُمَا بَنُوْنَ فَكُوْنُوْا مِنْ اَبْنَاءِ الْاٰخِرَةِ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنْ اَبْنَاءِ الدُّنْيَا فَاِنَّ الْيَوْمَ عَمَلٌ وَّلَا حِسَابَ وَغَدًا حِسَابٌ وَّلَا عَمَلَ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِي تَرْجَمَةِ بَابٍ)

کرتے ہوئے سامنے آرہی ہے[۲] ان میں سے ہر ایک کی اولاد ہے تم آخرت کے بیٹے بنو، دنیا کے نہ بنو، کیونکہ آج عمل ہے اور حساب نہیں اور کل حساب ہوگا عمل نہ ہوگا (اسے بخاری[۳] نے ایک باب کا عنوان بنایا ہے)

[۱] دنیا ہماری طرف پشت کرنے والی ہے "مُدْبِرَۃً" بمعنی "ذَاھِبَۃً" ہے جیسا کہ سابقہ حدیث میں آیا ہے
[۲] اس کا معنی ہماری طرف ہے
[۳] امام بخاری نے اسے موقوفاً بیان کیا، حدیث جابر کے مضمون سے واضح ہو رہا ہے کہ یہ مرفوع ہے کیونکہ دونوں کا مضمون ایک ہی ہے۔

۴۹۸۶ وَعَنْ عَمْرٍو اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ يَوْمًا فَقَالَ فِي خُطْبَتِهٖ اَلَا اِنَّ الدُّنْيَا عَرَضٌ حَاضِرٌ[۱] يَاْكُلُ مِنْهُ الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ[۲] اَلَا وَاِنَّ الْاٰخِرَةَ اَجَلٌ صَادِقٌ[۳] وَّيَقْضِيْ فِيْهَا مَلِكٌ قَادِرٌ اَلَا وَاِنَّ الْخَيْرَ كُلَّهٗ بِحَذَافِيْرِهٖ فِي الْجَنَّةِ اَلَا وَاِنَّ الشَّرَّ كُلَّهٗ بِحَذَافِيْرِهٖ فِي النَّارِ اَلَا فَاعْمَلُوْا وَاَنْتُمْ مِّنَ اللّٰهِ عَلٰى حَذَرٍ وَّاعْلَمُوْا اَنَّكُمْ مَعْرُوْضُوْنَ عَلٰى اَعْمَالِكُمْ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ (رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ)

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک دن خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے فرمایا آگاہ رہو دنیا بے ثبات[۱] سامان ہے جس سے نیک و بد سب کھاتے[۲] ہیں، سنو آخرت سچی میعاد[۳] ہے جس میں قدرت والا مالک فیصلہ فرمائے گا آگاہ رہو کہ ساری خوبیاں اپنے کناروں[۴] سمیت جنت میں ہیں۔ آگاہ رہو کہ تمام مصیبت اپنے کناروں سمیت آگ میں ہے' اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہوئے[۵] عمل کیا کرو اور جان لو کہ تم اپنے اعمال پر پیش کیے جاؤ گے[۶] پس جس نے ذرہ برابر نیکی کی وہ اسے دیکھ لے گا اور جس نے ذرہ بھر برائی کی وہ اسے دیکھ لے گا۔ (امام شافعی)

[۱] طیبی کہتے ہیں کہ حاضر اس چیز کو کہا جاتا ہے جس میں ثبات نہ ہو اور صراح میں اس کا ترجمہ مال دنیا کیا گیا ہے۔
[۲] مومن و کافر، فاسق و فرمانبردار تمام کے تمام دنیاوی رزق سے حصہ پاتے ہیں۔
[۳] آخرت متحقق اور ثابت ہے۔
[۴] انواع و اقسام
[۵] یا اس بات سے ڈرو کہ عمل قبول بھی ہوتا ہے یا نہیں
[۶] یہاں قلب ہے یعنی تمہارے اعمال تم پر پیش کیے جائیں گے، یا یہ معنی ہے کہ تمہیں تمہارے اعمال کے مطابق

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

بارگاہ خداوندی میں پیش کیا جائے گا۔

۴۹۸۷/۶۲ وعن شداد قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ایھا الناس ان الدنیا عرض حاضر یاکل منھا البر والفاجر وان الاخرۃ وعد صادق یحکم فیھا ملک عادل قادر یحق فیھا الحق ویبطل الباطل کونوا من ابناء الاخرۃ ولا تکونوا من ابناء الدنیا فان کل ام یتبعھا ولدھا (رواہما ابو نعیم فی الحلیۃ)

حضرت شداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا، اے لوگو! یہ دنیا غیر ثابت شے ہے اس سے نیک و بد دونوں کھاتے ہیں اور آخرت سچ اور حق ہے اس میں مالک عادل اور قدرت والا فیصلہ کرے گا حق کو ثابت اور باطل کو ختم کرے گا آخرت کے بیٹے بنو دنیا کے بیٹے نہ بنو کیونکہ ہر فرزند اپنی والدہ کی اتباع کرتا ہے۔[1]

(ابو نعیم، حلیہ)

[1] پس جو شخص آخرت کے تابع ہوگا وہ اس کو سامنے رکھتے ہوئے عمل کرے گا اور جو دنیا کا بندہ ہوگا وہ اسی میں پھنسا رہے گا۔

۴۹۸۸/۶۳ وعن ابی الدرداء قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما طلعت الشمس الا وبجنبتیھا ملکان ینادیان یسمعان الخلائق غیر الثقلین یا ایھا الناس ھلموا الی ربکم ما قل وکفی خیر مما کثر والھی۔ رواھما ابو نعیم فی الحلیۃ)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورج دو فرشتوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے وہ آواز دیتے کہ جن وانس کے علاوہ[1] ہر مخلوق کو سناتے ہیں۔ لوگو! اپنے رب کی طرف آؤ، جو تھوڑا[2] اور کافی ہے وہ اس سے اچھا ہے جو زیادہ ہو اور غافل کر دینے والا ہو۔

(ابو نعیم، حلیہ)

[1] ابتلاء کی وجہ سے یہ نہیں سنتے۔

[2] یعنی وہ رزق جو کم مگر کافی ہو وہ اس رزق سے بہتر ہے جو زیادہ ہو مگر عبادت خدا سے غافل کر دے یہاں یہ سوال ہو سکتا ہے کہ مقصد لوگوں کو متوجہ کرنا ہے تو جب انھوں نے اس ندا کو سنا ہی نہیں تو یہ مقصد کیسے حاصل ہوا؟ اس کے جواب میں یہی کافی ہے کہ ہمیں جب نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آگاہ کر دیا ہے تو ہم نے سن لیا ہے۔

۴۹۸۹/۶۴ وعن ابی ھریرۃ یبلغ بہ قال اذا مات المیت قالت الملائکۃ ما قدم وقال بنو آدم ما خلف۔

(رواہ البیہقی فی شعب الایمان)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جب آدمی فوت ہوتا ہے تو فرشتے کہتے ہیں تو نے آگے کیا[1] بھیجا ہے؟ انسان کہتے ہیں پیچھے کیا چھوڑا ہے۔[2]

(بیہقی شعب الایمان)

[1] نیک اعمال میں سے۔

[2] فرشتوں کی نظر نیک اعمال پر اور آدمیوں کی نظر مال پر ہوتی ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۴۹۹۰ وَعَنْ مَالِكٍ اَنَّ لُقْمَانَ قَالَ لِابْنِهٖ [۶۵] يَا بُنَيَّ اِنَّ النَّاسَ قَدْ تَطَاوَلَ عَلَيْهِمْ مَا يُوْعَدُوْنَ وَهُمْ اِلَى الْاٰخِرَةِ سِرَاعًا يَذْهَبُوْنَ وَاِنَّكَ قَدِ اسْتَدْبَرْتَ الدُّنْيَا مُنْذُ كُنْتَ وَاسْتَقْبَلْتَ الْاٰخِرَةَ وَاِنَّ دَارًا تَسِيْرُ اِلَيْهَا اَقْرَبُ اِلَيْكَ مِنْ دَارٍ تَخْرُجُ مِنْهَا۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

حضرت مالک سے روایت ہے کہ لقمان نے اپنے بیٹے[۱] سے کہا اے بیٹے لوگوں پر جزا اور سزا کا معاملہ[۲] دراز ہوگیا ہے اور وہ آخرت کی طرف بڑی تیزی سے بڑھ رہے ہیں اور تم جب سے پیدا ہوئے ہو دنیا کو پیچھے چھوڑ رہے ہو اور آخرت کی طرف جا رہے ہو[۳] اور وہ گھر جس کی طرف تم جا رہے ہو اس سے زیادہ قریب ہے جس سے تم نکل رہے[۴] ہو۔ (رزین)

۱ اپنے بیٹے کو بطور نصیحت کہا۔
۲ قیامت اور جزا و سزا مراد ہے کیونکہ انہی کا وعدہ ہے۔
۳ جب آخرت کی طرف توجہ ہے تو دنیا چھوٹ گئی۔
۴ واقعۃً یہاں سے آدمی نکل جاتا ہے وہ ہر مقام، ہر گھڑی، اور ہر قدم پر مزید دور ہو جاتا ہے اور جس کی طرف انسان روانہ ہوتا ہے وہ قریب ہوتا جاتا ہے اور ایک دن آتا ہے کہ وہ سفر ختم ہو جاتا ہے۔

۴۹۹۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قِيْلَ [۶۶] لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ النَّاسِ اَفْضَلُ قَالَ كُلُّ مَخْمُوْمِ الْقَلْبِ صَدُوْقِ اللِّسَانِ قَالُوْا صَدُوْقُ اللِّسَانِ نَعْرِفُهٗ فَمَا مَخْمُوْمُ الْقَلْبِ قَالَ هُوَ النَّقِيُّ التَّقِيُّ لَا اِثْمَ عَلَيْهِ وَلَا بَغْيَ وَلَا غِلَّ وَلَا حَسَدَ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ سب سے افضل کون ہے؟ فرمایا ہر سالم دل والا اور سچی زبان والا عرض کیا گیا ہم سچی زبان والے کو جانتے ہیں[۱] مگر سالم دل والے سے کیا مراد ہے؟ فرمایا ایسا ستھرا جس پر نہ گناہ ہو نہ بغاوت[۲] نہ کینہ نہ حسد[۳]۔ (ابن ماجہ، بیہقی شعب الایمان)

۱ جو کبھی جھوٹ نہ کہے اور اس کی زبان پر سوائے سچ کے کچھ نہ ہو
۲ نہ ظالم ہو
۳ لفظ "مخموم"، "خم" سے بنا ہے جس کا معنی زمین اور کنوئیں سے گرد و غبار کا صاف کرنا ہے کہا جاتا ہے،
خم البیت واخمہ اس نے گھر میں جھاڑو دیا — خمامہ خا کے پیش کے ساتھ وہ مٹی جو جھاڑو دینے سے اکٹھی ہو۔
ممکن ہے صحابہ اس لفظ کے معنی سے آگاہ نہ ہوں کیونکہ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ آپ گفتگو میں ایسا لفظ استعمال فرماتے جو صحابہ اہل زبان اور فصاحت و بلاغت میں کمال کے باوجود اس اور اس کے معنی سے آگاہ نہ ہو پاتے جیسا کہ حمی الوطیس (جنگ سخت ہوگئی) یا لغت کے لحاظ سے اس کے معنی سے آگاہ ہوتے مگر اس کے معنی کا تعین نہ کر پاتے تو اس پر

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کی تفصیل فرمادیتے یہ احتمال واضح تر ہے۔

۴۹۹۲ وَعَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَرْبَعٌ اِذَا کُنَّ فِیْکَ عَلَیْکَ مَا فَاتَکَ الدُّنْیَا حِفْظُ اَمَانَۃٍ وَصِدْقُ حَدِیْثٍ وَحُسْنُ خَلِیْقَۃٍ وَعِفَّۃٌ فِیْ طُعْمَۃٍ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہی مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تیرے اندر چار چیزیں ہیں تو دنیا[1] تجھ سے فوت ہو جائے تب بھی کوئی حرج نہیں[2]۔ حفاظت امانت[3]، سچی بات، اچھی عادت[4]، کھانے میں عفت[5]۔ (مسند احمد، بیہقی شعب الایمان)

[1] جب اخروی نعمتوں کی بنیاد حاصل ہو اور نفس ان کی وجہ سے نورانی اور باکمال ہو کر اس کے ذریعے آخرت کے ثواب اور نعمتوں کو حاصل کرے تو ایسی صورت میں اگر دنیوی نعمتیں، شہوات اور لذات نہیں ملتیں تو کیا غم؟ بلکہ ان کے ہونے میں کمال لطافت اور نور جمال میں خلل اور نقص کا امکان ہو سکتا ہے۔ شاید یہ بات آپ نے اہل معرفت کے قلوب کی تسلی اور تشفی کے لیے فرمائی ہو کیونکہ بعض اوقات بتقاضائے بشریت ان کی توجہ دنیا کی طرف ہو جاتی ہے۔

[2] ان چار چیزوں کی تفصیل

[3] اپنے پروردگار، اس کے بندوں کے اور اپنے نفس کے حقوق کی ادائیگی

[4] نیک طبیعت اور پاکیزہ فطرت مراد ہے جیسا کہ گذشتہ الفاظ خَلِیْقَۃٌ مُسْتَقِیْمَۃٌ کے تحت گزرا ہے۔

[5] لقمۂ حرام سے اجتناب، قدرِ ضرورت پر اکتفا اور کھانے میں کثرت نہ کرنا۔

۴۹۹۳ وَعَنْ مَالِکٍ قَالَ بَلَغَنِیْ اَنَّہٗ قِیْلَ لِلُقْمَانَ الْحَکِیْمِ مَا بَلَغَ بِکَ مَا نَرٰی یَعْنِی الْفَضْلَ قَالَ صِدْقُ الْحَدِیْثِ وَاَدَاءُ الْاَمَانَۃِ وَتَرْکُ مَا لَا یَعْنِیْنِیْ۔ (رَوَاہُ فِی الْمُوَطَّا)

امام مالک سے روایت ہے کہ مجھے یہ خبر ملی ہے کہ حضرت لقمان حکیم سے پوچھا گیا کہ آپ کو اس بزرگی کے مقام پر کس چیز نے پہنچایا؟ فرمایا: بات کی سچائی، ادائیگی امانت، بیکار کام کا چھوڑنا[1]۔ (الموطا، امام مالک)

[1] ہر وہ کام جو میری ضرورت نہ تھا اُسے ترک کر دیا، اسی وجہ سے کہا گیا ہے کہ حکمت سچ بات کہنا اور نیک کردار کا نام ہے۔

فائدہ: حضرت لقمان، حضرت ایوب علیہ السلام کے خواہر زادہ یا خالہ کے بیٹے ہیں علماء کا اختلاف ہے کہ وہ نبی تھے یا نہیں، صحیح یہی ہے کہ وہ ولی اور حکیم تھے یہ بیان ہوا ہے کہ انھوں نے ایک ہزار نبی کی خدمت کی اور ان سے استفادہ کیا۔ حضرت ابن عباس سے منقول ہے کہ حضرت لقمان نہ نبی تھے اور نہ بادشاہ، ایک سیاہ فام غلام تھے جو بکریاں چراتے اللہ تعالیٰ نے انھیں منتخب فرما لیا، انھیں حکمت، دانائی اور بلند عقل بخشی اور اپنی مبارک کتاب قرآن مجید میں ان کا ذکر کیا۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۴۹۹۴
۶۹
وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجِیْءُ الْاَعْمَالُ فَتَجِیْءُ الصَّلٰوةُ فَتَقُوْلُ يَا رَبِّ اَنَا الصَّلٰوةُ فَيَقُوْلُ اِنَّكِ عَلٰی خَيْرٍ فَتَجِیْءُ الصَّدَقَةُ فَتَقُوْلُ يَا رَبِّ اَنَا الصَّدَقَةُ فَيَقُوْلُ اِنَّكِ عَلٰی خَيْرٍ ثُمَّ تَجِیْءُ الصِّيَامُ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ اَنَا الصِّيَامُ فَيَقُوْلُ اِنَّكَ عَلٰی خَيْرٍ ثُمَّ تَجِیْءُ الْاَعْمَالُ عَلٰی ذٰلِكَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰی اِنَّكَ عَلٰی خَيْرٍ ثُمَّ تَجِیْءُ الْاِسْلَامُ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ اَنْتَ السَّلَامُ وَاَنَا الْاِسْلَامُ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰی اِنَّكَ عَلٰی خَيْرٍ بِكَ الْيَوْمَ اٰخُذُ وَبِكَ اُعْطِیْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْ كِتَابِهٖ وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِی الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تمام اعمال[1] آئیں گے، نماز آئے گی عرض کرے گی کہ اے میرے رب![2] میں نماز ہوں اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو خیر پر[3] ہے، صدقہ آئے گا عرض کرے گا یا رب میں صدقہ ہوں رب فرمائے گا تو بھی خیر پر[4] ہے پھر روزے آکر عرض کریں گے یا رب[5] ہم روزے ہیں رب کریم فرمائے گا تم خیر پر ہو پھر باقی اعمال بھی اسی طرح آئیں گے رب تعالیٰ فرمائے[6] گا تم خیر پر ہو پھر اسلام[7] آئے گا عرض کرے گا یا رب تو سلام[8] ہے اور میں اسلام ہوں رب تعالیٰ فرمائے گا تو بھلائی پر[9] ہے آج تیری وجہ سے میں گرفت کرونگا اور تیری وجہ سے عطا کروں گا[10]۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اور جو کوئی اسلام کے سوا کوئی دین تلاش کریگا اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا اور وہ آخرت میں نقصان والوں میں سے ہے

۱ـ تمام بندوں کے اعمال بارگاہ خداوندی میں آجائیں گے تاکہ وہ ان کے خلاف حجت یا ان کے حق میں شفاعت کریں، اعمال کی آمد اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک حسین وجمیل صورت ہو گی جیسا کہ بعض احادیث وآثار سے مفہوم ہوتا ہے یا اللہ تعالیٰ اس بات پر قادر ہے کہ اعراض آئیں اور وہ گفتگو کریں یا اس سے اعمال کے وجود کا استحضار اور بندے کا ان کے ساتھ متصف ہونا مراد ہے۔

۲ـ تیری بارگاہ ولطف میں اس بندے کی اس قبولیت کی بناء پر شفاعت کرتی ہوں جو مجھے تیری بارگاہ میں حاصل ہے تو نے مجھے عزت اور قرب عطا فرما کر اپنے دین کا ستون قرار دیتے ہوئے فرمایا ہے "اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ" (بلاشبہ نماز بےحیائی اور بُرے کاموں سے منع کرتی ہے) جب میں دُنیا میں فسق وفجور سے روکنے والی تھی تو آج بھی میں امیدوار ہوں کہ میں تیرے غضب وعتاب سے اسے محفوظ کروں گی۔

۳ـ اے نماز تو خیر، فلاح اور کامیابی کی ضمانت ہے بہ احسن انداز اور نہایت ہی کرم کے ساتھ اس کی شفاعت کی قبولیت میں توقف ہے یعنی تجھے یقیناً اپنے مقام پر فضیلت اور بزرگی حاصل ہے رہا معاملہ شفاعت اور انعام کا تو وہ الگ ہے اور وہ تیرا اور تیری طرح کے دیگر تمام اعمال کی اصل، بنیاد اور جامع صفات ہے یعنی اسلام آئے گا۔ یہاں قابلِ قدر نکتہ یہ ہے کہ مقام شفاعت پر کھڑا ہونے والی وہی ذات ہو سکتی ہے جو جامعیت میں بارگاہِ الٰہی میں جامع کمالات ہو جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس کہ جو اللہ تعالیٰ کے تمام اسماء وصفات کی مظہر ہے آپ کے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

علاوہ کوئی پیغمبر باب شفاعت نہیں کھولے گا اس طرح اعمال میں بھی اسلام ہوگا جو خیر وکمال کی تمام صفات کو جامع ہوگا اور اس کی تفصیل حدیث کے آخر میں آچکی ہے ۔

سٹ۵ یعنی زکوٰۃ

سٹ۵ اے اللہ! میں اس بندے کی شفاعت کرتا ہوں تو نے مجھے اپنے لطف سے نوازتے ہوئے فرمایا ہے ۔ اَلصَّدَقَۃُ تُطْفِیُٔ غَضَبَ الرَّبِّ (صدقہ اللہ کے غضب کو ٹھنڈا کر دیتا ہے)

سٹ۵۶ جیسا کہ نماز کو فرمایا تھا

سٹ۵۷ اے اللہ! تو نے میرے ساتھ ایسی جزا مخصوص فرمائی ہے جس کا علم تیرے سوا کسی کو نہیں، تیرا وعدہ ہے جس نے روزہ پایا اور اس کا احترام کیا میں اسے بخش دوں گا اور جنت میں داخل کروں گا ۔

سٹ۵ اسی طریقہ پر جو ذکر ہوا

سٹ۵۹ اللہ تعالیٰ ہر عمل کی شفاعت کو مؤخر رکھے گا اور اس کی درخواست کو احسن کرم کے ساتھ موقوف فرمائے گا ۔

سٹ۶۰ جو تمام اعمال خیر کا جامع اور اوامر واحکام کا سرچشمہ ہے

سٹ۶۱ اے پروردگار، تیرا مبارک نام سلام ہے یعنی تو تمام نقائص، عیوب اور آفات سے سالم ومنزہ ہے اور اپنے بندوں کو تمام مصائب وتکالیف سے محفوظ فرمانے والا ہے، میں اسلام ہوں تیرے حکم کے تابع، خاشع اور انکساری کرنے والا ہوں تو نے فرمایا ہے اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ (اللہ تعالیٰ کے ہاں پسندیدہ دین اسلام ہے) اسلام جامع ہونے کے ساتھ ساتھ شفاعت کی درخواست احسن انداز اور ادب سے کرے گا کہ پہلے اپنے رب کی ثناء وتعظیم کا اظہار کرے گا پھر شفاعت ۔ جیسا کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پہلے اپنے رب کی مخصوص ثناء کریں گے اور اس کے بعد شفاعت کا دروازہ کھولیں گے، یہاں اللہ تعالیٰ کا نام سلام لیا گیا کیونکہ بندے کی شفاعت بھی مطیع ہونے کی بناء پر قبول ہوگی اور یہ بھی احتمال ہے کہ یہاں اسلام سے مراد رضا وتسلیم اور ترک اختیار کا وہ مقام ہو جو اہل قرب اور منتخب لوگوں کو حاصل ہوتا ہے جیسا کہ خلعت کے درجہ پر فائز ذات کے بارے میں فرمایا اِذْ قَالَ لَہٗ رَبُّہٗ اَسْلِمْ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ (جب بھی انھیں کہا جھک جاؤ عرض کیا میں جھک گیا اس رب کے لیے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے)

سٹ۶۲ اسی طرح جیسے دیگر اعمال کو فرمایا تاکہ دیگر سفارشیوں پر ترجیح وتعظیم لازم نہ آئے اور وہ بارگاہ رحمت وقبول سے ناامید وپریشان نہ ہوں کیونکہ جزء ہو یا کل تمام کے تمام اللہ تعالیٰ کے احسان ولطف کے دریا میں غرق ہیں ۔ اس کے بعد دیگر پر اسلام کو ترجیح دیتے ہوئے اس کی قبول بشارت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا ہے

سٹ۶۳ اب تو جو چاہتا ہے مانگ لے ۔

۴۹۹۵ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَ لَنَا سِتْرٌ فِیْہِ تِمْثَالُ طَیْرٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے ہمارے ہاں ایک پردہ تھا جس پر

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَائِشَةُ حَوِّلِيهِ فَإِنِّي إِذَا رَأَيْتُهُ ذَكَرْتُ الدُّنْيَا۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

پر بندوں کی تصاویر تھیں ۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے عائشہ! انھیں ہٹا دو[۱] میں اسے جب دیکھتا ہوں مجھے دنیا یاد[۲] آجاتی ہے ۔

[۱] یہ پردہ تبدیل کر دو اور یہاں سے دور کر دو۔

[۲] دنیا کا سامان یاد آجاتا ہے جو سرے اللہ تعالیٰ کے ہاں نہایت ہی مذموم ہے اے عزیز! غور کر جب دنیا کا دیکھنا اللہ تعالیٰ کے مقرب بندوں کے دل کے مکدر اور تشویش کا ذریعہ ہے تو خود دنیا کا کیا حال ہوگا ؟

۴۹۹۶ وَعَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عِظْنِي وَأَوْجِزْ فَقَالَ إِذَا قُمْتَ فِي صَلَاتِكَ فَصَلِّ صَلَاةَ مُوَدِّعٍ وَلَا تَكَلَّمْ بِكَلَامٍ تَعْتَذِرُ مِنْهُ غَدًا وَاجْمَعِ الْإِيَاسَ مِمَّا فِي أَيْدِي النَّاسِ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں عرض کیا یا رسول اللہ مجھے نہایت ہی مختصر نصیحت[۱] فرمائیے ۔ آپ نے فرمایا جب تم نماز پڑھو تو رخصت ہونے[۲] کی طرح پڑھو ۔ ایسی گفتگو نہ کرو جس سے کل معذرت[۳] کرنی پڑے اور جو کچھ لوگوں کے پاس ہے اس سے خوب[۴] مایوس ہو جاؤ ۔

[۱] یعنی جو نہایت ہی جامع ہو۔

[۲] اس شخص کی طرح پڑھو جو اللہ کے سوا تمام مخلوق اور نفس کو چھوڑنے والا ہے ، اور اس طرح اخلاص توکل اور توجہ تام میں اپنے مولیٰ کی طرف یکسو ہو کر دنیا سے رخصت ہونے والا ہے اور یہ تیری آخری نماز ہے اور تیری عمر کا آخری وقت ہے اسی لیے بزرگوں کی وصیتوں میں موجود ہے کہ طالب کو چاہیے وہ ہر نماز کو اپنی عمر کی آخری نماز تصور کرے جب ایسا کرے گا تو یقیناً نماز میں ذوق ، حضور قلب اور تعدیل ارکان ہوگا ۔

[۳] کل قیامت میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں معافی مانگنی پڑے یا مطلق گفتگو مراد ہے خواہ اپنے دوستوں کے ساتھ ہو یا دیگر مسلمانوں کے ساتھ یعنی ایسی گفتگو ہی نہ کرو جس پر پشیمان ہو کر معذرت کرنی پڑے ۔

[۴] ان سے ناامیدی پر عزم مستحکم کرے اور کبھی لالچ نہ کرے ۔

۴۹۹۷ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ لَمَّا بَعَثَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوصِيهِ مُعَاذٌ رَاكِبٌ وَرَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي تَحْتَ رَاحِلَتِهِ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ يَا مُعَاذُ إِنَّكَ عَسَى أَنْ لَا تَلْقَانِي بَعْدَ عَامِي هٰذَا وَلَعَلَّكَ أَنْ تَمُرَّ بِمَسْجِدِي هٰذَا وَ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں یمن[۱] روانہ فرمایا تو آپ انھیں الوداع کہنے کے لیے نکلے آپ نے انھیں وصیت فرمائی اس حال میں کہ معاذ سوار اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیدل چل رہے[۲] تھے جب فارغ ہوئے تو فرمایا اے معاذ اس سال کے بعد شاید تو مجھے نہ مل سکے

تَبْرِیْ فَبَکٰی مُعَاذٌ جَشَعًا لِفِرَاقِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثُمَّ الْتَفَتَ فَاَقْبَلَ بِوَجْھِہٖ نَحْوَ الْمَدِیْنَۃِ فَقَالَ اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِیَ الْمُتَّقُوْنَ مَنْ کَانُوْا وَحَیْثُ کَانُوْا۔
(رَوَی الْاَحَادِیْثَ الْاَرْبَعَۃَ اَحْمَدُ)

اور شاید تو آئے تو میری یہ مسجد ہو گی اور میری قبر، حضرت معاذ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اس جدائی و فراق کے صدمے ۳؎ میں رو پڑے پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واپس ہوئے، چہرہ اقدس مدینہ طیبہ کی طرف تھا تو فرمایا میرے سب سے قریب وہ شخص ہیں جو صاحب تقویٰ ہیں جو بھی ہوں ۴؎ اور جہاں بھی ہوں
(یہ چار روایات ۵؎ مسند احمد میں ہیں)

۱؎ قاضی بنا کر

۲؎ معاذ کی سواری کے ساتھ، اس سے واضح ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے معاذ کی عظمت و شان کا اہتمام فرمایا، اس میں اس پر بھی تنبیہ ہے کہ اگر سربراہ اپنے کسی صاحب منصب کا احترام کرے تو یہ اس کے احکام کے نفاذ کے لیے بڑی بہتر ہوتا ہے لوگ اس کا احترام بجا لائیں گے۔

۳؎ جَشَعًا۔ جیم اور شین دونوں پر فتحہ، طیبی میں اس کا معنی محبوب کے فراق میں آنسو بہانا ہے اور صراح میں ہے کہ اس کا معنی حرص کا غالب آنا اور سخت آرزومند ہونا ہے۔

۴؎ وہ لوگ جو بھی ہوں جس جگہ کے بھی ہوں، یہ حضرت معاذ کے لیے وصیت اور تسلی ہے کہ تقویٰ کی راہ پر قائم رہو میرے فراق پر غم نہ کرو اگر تو صاحب تقویٰ رہا تو خواہ صورۃً جدا و دور ہے مگر حقیقتاً تو میرے قریب ہے۔ علامہ طیبی فرماتے ہیں کہ حضور علیہ السلام نے معاذ کو اپنے وصال کی خبر دی اور آگاہ کر دیا کہ جب تو واپس آئے گا تو اس شخص کی اقتدا کرے گا جو متقین میں سے میرے سب سے زیادہ قریب ہے۔ شارحین حدیث نے بیان کیا ہے کہ اس سے مراد سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ذات گرامی ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد خلیفہ بنے۔ حدیث میں حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ایک خاتون نے سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اپنا معاملہ عرض کیا آپ نے فرمایا کسی وقت دوبارہ آنا تو اس خاتون نے عرض کیا یا رسول اللہ اگر میں آؤں اور آپ کو نہ پاؤں تو کیا کروں گویا وہ کہہ رہی تھی اگر آپ کا وصال ہو جائے تو پھر؟ آپ نے فرمایا اگر تو آئے اور مجھے نہ پائے تو ابوبکر سے مل لینا، اس میں آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خلیفہ ہونے کی طرف اشارہ فرمایا ہے انتہیٰ اور چہرۂ اقدس کو مدینہ طیبہ کی طرف پھیرنا اس معنی کی تائید کرتا ہے، ورنہ حضرت معاذ کی تسلی کے لیے چہرۂ اقدس کو اس طرف پھیرنے کا کیا معنی؟

۵؎ حدیث ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے لے کر اس حدیث تک۔

۴۹۹۸/۲ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ تَلَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَمَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ اَنْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

يَهْدِيَهُ يَشْرَحْ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ النُّوْرَ إِذَا دَخَلَ الصَّدْرَ إِنْفَسَحَ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ لِتِلْكَ مِنْ عَلَمٍ يُعْرَفُ بِهٖ قَالَ نَعَمْ اَلتَّجَافِيْ مِنْ دَارِ الْغُرُوْرِ وَالْإِنَابَةُ إِلٰى دَارِ الْخُلُوْدِ وَالْإِسْتِعْدَادُ لِلْمَوْتِ قَبْلَ نُزُوْلِهٖ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

اللہ تعالیٰ جس شخص کی ہدایت[1] کا ارادہ کرتا ہے اس کا سینہ اسلام کے لیے کھول دیتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب نور سینے میں داخل ہوجاتا ہے تو سینہ کھل جاتا ہے عرض کیا گیا یارسول اللہ کیا ایسی کوئی نشانی ہے جس سے اس نور کی معرفت ہوجائے؟ فرمایا ہاں! دنیا سے دور رہنا، آخرت کی طرف متوجہ ہونا، موت سے پہلے اس کی تیاری۔

[1] یعنی اللہ تعالیٰ جس کے بارے میں چاہتا ہے کہ اسے راہ دکھائے، اپنا طریق واضح کرے اور اسے اپنی توفیق سے نوازے اس کا سینہ مسلمان ہونے کے لیے کھول دیتا ہے اس سے تردد اور تشکیک کو دور فرمادیتا ہے اس سے مراد یہ ہے کہ اس کے نفس کو حق کے قبول کرنے اور دل میں ایمان داخل ہونے اور ایمان کو کدورت سے پاک اور ایمان کے تمام منافی اور موانع کو دور کرکے انشراح صدر عطا کردیتا ہے کیونکہ دل ہی تمام انوار واسرار کا مرکز و سرچشمہ ہے۔

[2] کیونکہ فریب و مکر اور دھوکہ کی جگہ ہے، شیطان اس کی بنا پر انسان کو دھوکہ دیتا ہے۔

[3] جو ہمیشہ کا ٹھکانہ ہے۔

[4] ایسے اعمال کرے جو موت کے بعد کام آئے۔

۴۹۹۹ ؍ ۴۲ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ وَأَبِيْ خَلَّادٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا رَأَيْتُمُ الْعَبْدَ يُعْطٰى زُهْدًا فِي الدُّنْيَا وَقِلَّةَ مَنْطِقٍ فَاقْتَرِبُوْا مِنْهُ فَإِنَّهٗ يُلَقَّى الْحِكْمَةَ۔

(رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابوخلاد[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم کسی شخص کو دیکھو کہ اسے دنیا سے بے رغبتی اور کم بولنے کی نعمت عطا کی گئی ہے تو ان کی صحبت اختیار کرو کیونکہ اسے صاحب حکمت[2] بنا یا گیا ہے۔

(ان دونوں احادیث کو بیہقی نے شعب الایمان میں ذکر کیا ہے)

[1] خلاد۔ خاء پر زبر، لام مشدد اصابہ میں ہے کہ صحابی ہیں ان کا نام عبدالرحمٰن ہے۔ استیعاب میں ہے کہ یہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ میں سے ہیں۔ امام بخاری نے ان کا تذکرہ صرف اصحاب کنیت میں کیا ہے۔

[2] یلقی، قاف مشدد، حکمت، اچھا کردار اور راست بازی کا نام ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳۳۰- بَابُ فَضْلِ الْفُقَرَآءِ وَمَا كَانَ مِنْ عَيْشِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

فضیلتِ فقراء اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زندگی کیسے گذاری؟

واضح رہے کہ اہلِ علم کا اس میں اختلاف ہے کہ فقیر صابر بہتر ہے یا غنی شاکر۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ غنی شاکر افضل ہے کیونکہ اس کے ہاتھ سے خیرات و صدقات اور امورِ خیر زیادہ صادر ہوتے ہیں اور حدیث میں بھی اغنیاء کی شان بیان ہوئی ہے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا "ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ" (یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے) جیسا کہ باب الذکر بعد الصلوٰۃ میں تفصیلاً گزر چکا ہے۔ اکثر اہلِ علم کہتے ہیں کہ فقیر صابر افضل ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حالتِ مبارکہ یہی تھی اس باب کی تمام احادیث ان کی دلیل ہیں۔ حق یہ ہے کہ فقر اور غناء کی ماہیت مطلقہ میں اختلاف ہے کسی خاص معین شخص کے حوالے سے بعض اوقات غنا بہتر ہوتا ہے اور بعض اوقات جس طرح ایک حدیث میں ہے جب اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندے پر لطف کرتا ہے تو جس میں اس کی بہتری ہو وہ مال عطا کر دیتا ہے، کبھی فقر کبھی غناء، کبھی صحت، کبھی مرض اسی طرح تمام متضاد صفات کا معاملہ ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

پیرانِ پیر غوث الثقلین شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ آپ سے پوچھا گیا، فقیر صابر افضل ہے یا غنی شاکر، فرمایا ان دونوں سے فقیر شاکر افضل ہے۔ اس میں فقر کے افضل ہونے پر اشارہ ہے یعنی فقر ایک نعمت ہے اس پر شکر کا اظہار ہونا چاہیے، یہ مصیبت نہیں کہ اس پر صبر کیا جائے۔

شیخ عالم عارف مقتدیٰ عبد الوہاب المتقی اپنے شیخ سے نقل کرتے ہیں کہ جب تک ہم سے اس بات کا اقرار نہیں لیا کہ فقر افضل ہے اس وقت تک ہمارا ہاتھ نہیں پکڑا اور فرمایا کہو فقر، غنا سے افضل ہے، ہم نے کہا فقر غنا سے افضل ہے، اس کے بعد ہاتھ پکڑا اور مزید فرمایا واضح رہے کہ بعض لوگ فقیر اور مسکین میں فرق کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ فقیر وہ ہوتا ہے جو مالکِ نصاب نہ ہو اور مسکین وہ ہوتا ہے جو کوئی شے نہ رکھتا ہو۔ بعض نے اس کا عکس کہا ہے۔ یہاں فقراء کا لفظ فقراء و مساکین دونوں کو شامل ہے اگرچہ جو احادیث اس باب میں مذکور ہیں ان میں کہیں لفظ فقراء اور کہیں مساکین آیا ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۵۰۰۰ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُبَّ اَشْعَثَ مَدْفُوْعٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بہت سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بِالْاَبْوَابِ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

پراگندہ بالوں والے، دروازوں سے[۱] بھگاتے ہوئے اگر اللہ پر قسم کھالیں تو اللہ اسے[۲] یقیناً پورا کرتا ہے۔
(المسلم)

[۱] حقارت کی وجہ سے، جب اندر آئے پر اتنی نفرت وحقارت ہوگی تو مجالس میں شرکت بطریق اولیٰ ممنوع ہوگی
[۲] اگر اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز مانگے اور اس پر قسم دے کہ وہ ضرور دے گا تو اس کی دعا کبھی رد نہیں ہوتی بلکہ اسے پورا کر دیا جاتا ہے بعض کے نزدیک اس کا معنیٰ یہ ہے کہ اگر وہ کسی کام کے ہونے یا نہ ہونے پر قسم کھائے تو اللہ تعالیٰ اسے نبھاتا ہے اور اسی طرح ہی کر دیتا ہے یہ معنی زیادہ واضح ہے اور حدیث حضرت انس بن نضر کی اس حدیث کے زیادہ موافق ہے کہ اللہ تعالیٰ کی قسم پر اس کا دانت نہیں توڑا جائے گا جیسا کہ باب الدیۃ میں گزر چکا ہے۔

۵۰۰۱ وَعَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ رَاٰى سَعْدٌ اَنَّ لَهٗ فَضْلًا عَلٰى مَنْ دُوْنَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ تُنْصَرُوْنَ وَتُرْزَقُوْنَ اِلَّا بِضُعَفَائِكُمْ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت مصعب بن سعد[۱] سے مروی ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ سمجھا[۲] کہ انھیں اپنے ماتحت پر بزرگی حاصل ہے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا[۳] تم اپنے کمزوروں کی برکت سے ہی مدد کیے جاتے ہو اور روزی دیے جاتے ہو۔ (بخاری)

[۱] یہ سعد بن ابی وقاص کے صاحبزادے، تابعی ثقہ اور لین الحدیث ہیں۔ ابن حبان نے انھیں کتاب الثقات میں ذکر کیا ہے یہ اپنے والد گرامی حضرت علی، حضرت طلحہ، حضرت ابن عمر اور دیگر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے روایت کرتے ہیں۔ ایک سو تین ہجری میں ان کا انتقال ہوا۔
[۲] انھیں یہ گمان ہوا کہ کمزور اور فقراء مسلمانوں سے ہم افضل ہیں، یہ بڑے ہی صاحب شجاعت اور صاحب کرم وسخاوت تھے تو دل میں تصور آیا کہ ان کمزور لوگوں کی نسبت ہم نے اسلام کی زیادہ خدمت کی ہے، کیونکہ ان میں شجاعت وسخاوت کا وہ درجہ نہیں۔
[۳] ان کی خود بینی کو دور کرنے کے لیے
[۴] دشمنوں پر تمھاری ان کے صدقے میں مدد ہوتی ہے اور انھیں کی برکت سے تمھیں روزی دی جاتی ہے۔

۵۰۰۲ وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُمْتُ عَلٰى بَابِ الْجَنَّةِ فَكَانَ عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا الْمَسَاكِيْنُ وَاَصْحَابُ الْجَدِّ مَحْبُوْسُوْنَ غَيْرَ اَنَّ اَصْحَابَ النَّارِ قَدْ اُمِرَ بِهِمْ اِلَى النَّارِ وَقُمْتُ عَلٰى بَابِ النَّارِ فَاِذَا عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا النِّسَاءُ۔

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں جنت کے دروازے پر کھڑا تھا تو وہاں اکثر داخل ہونے والے مسکین لوگ تھے اور مالدار لوگوں[۱] کو روکا گیا تھا[۲]۔ ماسوائے ان آگ والوں کے جن کو آگ کی طرف جانے کا حکم تھا اور میں دوزخ کے دروازے پر کھڑا تھا

Scanned By Marfat.com　Downloaded From Paksociety.com

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

وہاں اکثر داخل ہونے والی عورتیں تھیں۔
(بخاری ، مسلم)

سلہ اصحاب الجد سے مراد وہ لوگ ہیں جو صاحبِ دولت و عظمت اور صاحب منصب ہوں ان کو میدان محشر میں حساب و کتاب کے لیے روکا گیا ہوگا۔

سٹہ یعنی مومنین کے دو گروہ ہوں گے ایک وہ جن کو جنت میں جانے سے نہیں روکا گیا اور دوسرے وہ جن کو جنت میں داخلے سے روکا گیا ہوگا لیکن آخر تمام جنت میں جائیں گے اور کافر ایک ہی حکم سے دوزخ میں جائیں گے۔

۵۰۰۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِطَّلَعْتُ فِی الْجَنَّۃِ فَرَاَیْتُ اَکْثَرَ اَھْلِھَا الْفُقَرَآءَ وَاطَّلَعْتُ فِی النَّارِ فَرَاَیْتُ اَکْثَرَ اَھْلِھَا النِّسَآءَ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے منقول ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے جنت میں جھانکا تو میں نے وہاں اکثر فقراء کو دیکھا اور میں نے دوزخ میں جھانکا تو وہاں اکثر عورتوں کو دیکھا
(بخاری و مسلم)

۵۰۰۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ فُقَرَآءَ الْمُھَاجِرِیْنَ یَسْبِقُوْنَ الْاَغْنِیَآءَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اِلَی الْجَنَّۃِ بِاَرْبَعِیْنَ خَرِیْفًا۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا روز قیامت فقراء مہاجرین جنت میں غنی لوگوں سے چالیس سال پہلے جائیں گے۔ (مسلم)

سلہ خریف، معروف زمانے کا نام اور ربیع کے مقابل مستعمل ہے یہاں اس سے پورا سال مراد ہے کیونکہ یہ سال میں ایک ہی دفعہ آتا ہے اور عرب سال کی ابتداء خریف سے ہی کرتے ہیں۔

سٹہ اس حدیث سے ظاہراً یہی واضح ہے کہ یہ حکم فقراء مہاجرین کے ساتھ ہی مخصوص ہے اور یہ بھی واضح ہے کہ اغنیاء سے مراد بھی مہاجرین اغنیاء ہی ہوں گے۔ اس تخصیص کا فائدہ حدیث ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو فصل ثانی کی پہلی ہے میں معلوم ہوگا۔

۵۰۰۵ وَعَنْ سَھْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِرَجُلٍ عِنْدَہٗ جَالِسٍ مَا رَاْیُکَ فِیْ ھٰذَا فَقَالَ رَجُلٌ مِّنْ اَشْرَافِ النَّاسِ ھٰذَا وَاللّٰہِ حَرِیٌّ اِنْ خَطَبَ اَنْ یُّنْکَحَ وَاِنْ شَفَعَ اَنْ یُّشَفَّعَ قَالَ فَسَکَتَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے گزرا آپ نے اپنے پاس بیٹھے ہوئے شخص سے اس کے بارے میں پوچھا تیری اس کے بارے میں کیا رائے ہے؟ عرض کیا یہ اعلیٰ لوگوں میں سے ہے اللہ تعالیٰ کی قسم یہ اس لائق ہے کہ اگر پیغام نکاح دے تو

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

ثُمَّ مَرَّ رَجُلٌ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا رَأْيُكَ فِيْ هٰذَا فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا رَجُلٌ مِّنْ فُقَرَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ هٰذَا حَرِيٌّ اِنْ خَطَبَ اَنْ لَّا يُنْكَحَ وَاِنْ شَفَعَ اَنْ لَّا يُشَفَّعَ وَاِنْ قَالَ اَنْ لَّا يُسْمَعَ لِقَوْلِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا خَيْرٌ مِّنْ مِّلْءِ الْاَرْضِ مِثْلَ هٰذَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

قبول کیا جائے ، اگر سفارش[۲] کرے تو اس کی سفارش قبول کی جائے ۔ راوی[۳] کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خاموشی فرمائی پھر دوسرا آدمی گزرا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں پوچھا اس کے بارے میں تیری کیا رائے ہے؟ عرض کیا یا رسول اللہ یہ شخص فقراء مسلمانوں میں سے ہے ، یہ اس لائق ہے کہ اگر پیغامِ نکاح دے تو نہ قبول کیا جائے اور اگر یہ سفارش کرے تو اس کی سفارش نہ قبول کی جائے اور اگر گفتگو کرے تو نہ سنی جائے[۴] تب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یہ آدمی[۵] اس (پہلے[۶]) جیسے زمین بھر کے آدمیوں سے بہتر ہے ۔

(بخاری ، مسلم)

[۱] یہ مال دار لوگوں میں سے ہے ۔
[۲] کسی کے گناہ کی معافی مانگی تو معافی دی جائے ۔
[۳] حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ
[۴] حقارت کی وجہ سے ، اس شخص نے اس کی حقارت میں خوب مبالغہ سے کام لیا جبکہ پہلے شخص کی تعظیم میں اتنا مبالغہ نہیں کیا ۔ دراصل بات یہ ہے کہ بنی نوعِ انسان کی طبیعت ایسی ہی ہے ۔ دوسروں کے نقائص و عیوب میں زبان بہت تیز ہوتی ہے جو کہ کسی انسانی عظمت و کمال کے لیے نہیں ہوتی ۔
[۵] جس کی تو نے تحقیر کی ہے ۔
[۶] اس سے جس کی تو نے مدح کی ہے اگر تمام زمین ایسے اشخاص کی طرح کے اشخاص سے پُر ہو جائے جس کی تو نے سفارش کی ہے تو یہ دوسرا شخص اس سے مرتبہ اور فضیلت میں کہیں بہتر ہے ۔ وَكَمْ مِّنْ مِّثْلِ اَرْجُلٍ تَفَاوُتًا ۔

۵۰۰۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا شَبِعَ اٰلُ مُحَمَّدٍ مِّنْ خُبْزِ الشَّعِيْرِ يَوْمَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ حَتّٰى قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ حضور کے گھر والوں نے کبھی بھی دو دن مسلسل پیٹ بھر کر جَو کی روٹی نہیں کھائی ۔ یہاں تک کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا[۱]

(بخاری و مسلم)

[۱] آپ کا بھوکا رہنا اختیاری تھا ، دنیا اور اس کی لذات کو ترک کر دیا تھا ، اتنی روزی پر قناعت جو زندہ رکھے ،

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

پیر فقراء و مساکین اور دیگر لوگوں کو اپنی ذات پر ترجیح دے کر ان کی حاجتوں کو پورا کیا جاتا ہے ۔

۵۰۰۷/۸ وَعَنْ سَعِيْدِ نِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّهُ مَرَّ بِقَوْمٍ بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ شَاةٌ مَصْلِيَّةٌ فَدَعَوْهُ فَأَبَى أَنْ يَأْكُلَ وَقَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الدُّنْيَا وَلَمْ يَشْبَعْ مِنْ خُبْزِ الشَّعِيْرِ ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت سعید مقبری سے[1] حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں وہ ایک قوم پر گزرے جن کے سامنے بھنی ہوئی بکری تھی ، انھوں نے آپ کو کھانے کی دعوت دی تو آپ نے انکار کر دیا[2] اور فرمایا اللہ کے رسول دنیا سے تشریف لے گئے حالانکہ کبھی جَو کی روٹی سے بھی سیر نہ ہوئے ۔[3] (بخاری)

[1] المَقبُری ، با پر پیش یا زبر کبھی زیر آتی ہے ، قبرستان کی طرف نسبت ہے ، کیونکہ وہ اور ان کے والد قبرستان کے قریب رہتے تھے ان کی کنیت ابوسعید ہے والد کا نام کیسان ہے یہ دونوں تابعی ہیں محدثین کا اختلاف ہے بعض انھیں صدوق بعض لاباس ، بعض انھیں ثقہ کہتے ہیں ۔ واقدی نے بیان کیا ہے کہ بڑھاپے میں ان کی عقل میں اختلاط ہو گیا لہٰذا جو اختلاط سے پہلے کی مرویات ہوں گی وہ حجت ہوں گی انھوں نے اپنے والد گرامی ، حضرت ابوہریرہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کی ہے اور ان سے امام لیث ، امام مالک اور امام احمد نے روایت لی ہے ۔

[2] عُذر بیان کرتے ہوئے ۔

[3] جب آقا کا یہ حال ہے تو ہم بھنی ہوئی بکری کیسے پسند کریں ۔

۵۰۰۸/۹ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّهُ مَشٰى إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخُبْزِ شَعِيْرٍ وَإِهَالَةٍ سَنِخَةٍ وَلَقَدْ رَهَنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِرْعًا لَهُ بِالْمَدِيْنَةِ عِنْدَ يَهُوْدِيٍّ وَأَخَذَ مِنْهُ شَعِيْرًا لِأَهْلِهِ وَلَقَدْ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ مَا أَمْسٰى عِنْدَ آلِ مُحَمَّدٍ صَاعُ بُرٍّ وَلَا صَاعُ حَبٍّ وَإِنَّ عِنْدَهُ لَتِسْعَ نِسْوَةٍ ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں جَو کی روٹی اور پگھلی ہوئی پرانی چربی[1] لے کر آئے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں اپنی زرہ ایک یہودی کے پاس گروی رکھی ہوئی تھی اور اس سے اپنے اہل کے لیے جَو لیے اور میں نے آپ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ، محمد کی آل نے اس حال میں شام کی کہ ان کے پاس ایک صاع گندم اور نہ ایک صاع دانہ ہے ۔ حالانکہ آپ کے ہاں اس وقت نو بیویاں تھیں[2] (بخاری)

[1] اہالۃ صراح میں ہے کہ ہمزہ کے نیچے زیر ہے ۔ سَنِخَۃٌ ، سین پر زبر ، نون کے نیچے زیر ، خا ، بدبودار اور فاسد ہونے والی ۔

[2] یہ بھی حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے ۔

[3] راوی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس کو یہ کہتے ہوئے سنا یا حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔

۵ کسی قسم کا کوئی غلہ وغیرہ یعنی رات کو کل کے لیے نہ ہوتا۔

۶ یہاں ایک اشکال ہے کہ روایات صحیحہ سے ثابت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی ازواج مطہرات کو ایک سال کا غلہ ایک ہی دفعہ عطا فرما دیتے تھے اور یہ بات اس کے خلاف ہے۔ جواب یہ ہے کہ یہ اوائل دور کی بات ہے جب فقر مسلمانوں پر غالب تھا۔ جب وسعت ہوئی تو پھر ایک سال کا غلہ ملتا تھا۔ بعض شارحین لکھتے ہیں کہ کلام میں لفظ آل زائد آجاتا ہے مثلاً کہتے ہیں کہ آلِ فلاں اور اس سے مراد خود اس شخص کی ذات ہوتی ہے (اب مطلب یہ ہوگا) کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی ذات کے لیے ذخیرہ نہ فرماتے تھے اور اگر ازواج مطہرات کے لیے ذخیرہ فرماتے تھے تو اس کے منافی نہیں ہے۔

۵۰۰۹ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا هُوَ مُضْطَجِعٌ عَلٰی رِمَالِ حَصِيْرٍ لَيْسَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهٗ فِرَاشٌ قَدْ اَثَّرَ الرِّمَالُ بِجَنْبِهٖ مُتَّكِئًا عَلٰی وِسَادَةٍ مِّنْ اَدَمٍ حَشْوُهَا لِيْفٌ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُدْعُ اللّٰهَ فَلْيُوَسِّعْ عَلٰی اُمَّتِكَ فَاِنَّ فَارِسَ وَالرُّوْمَ قَدْ وُسِّعَ عَلَيْهِمْ وَهُمْ لَا يَعْبُدُوْنَ اللّٰهَ فَقَالَ اَوَفِيْ هٰذَا اَنْتَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ اُولٰٓئِكَ قَوْمٌ عُجِّلَتْ لَهُمْ طَيِّبَاتُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِيْ رِوَايَةٍ اَمَا تَرْضٰی اَنْ تَكُوْنَ لَهُمُ الدُّنْيَا وَلَنَا الْاٰخِرَةُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ کھجور کے پتوں سے بنی ہوئی چٹائی پر[۱] لیٹے ہوئے تھے[۲]۔ آپ کے جسم اطہر اور چٹائی کے درمیان کوئی بستر نہ تھا۔ چٹائی کی بُنائی نے آپ کے پہلو پر اثر کیا تھا، چمڑے کے تکیہ پر ٹیک لگائی ہوئی تھی جس میں کھجور کی چھال[۳] بھری ہوئی تھی۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ سے دعا کیجیے وہ آپ کی امت پر وسعت فرمائے کیونکہ فارس اور روم پر بڑی وسعت ہے حالانکہ وہ اللہ کی عبادت نہیں کرتے۔ فرمایا اے ابن خطاب تم اس خیال میں ہو اس قوم کو دنیاوی زندگی میں ان کی نعمتیں دے دی گئی ہیں۔ ایک روایت میں یوں ہے کیا تم اس سے راضی نہیں کہ دنیا ان کے لیے ہو اور آخرت ہمارے لیے۔

(بخاری، مسلم)

۱ پہلو کے بل بورے پر لیٹے ہوئے تھے۔

۲ یہ بوریا چٹائی پر تھا یا زمین پر، بعض احادیث سے یہ معلوم ہوتا کہ وہ چٹائی کھجور کے پتوں سے بنی ہوئی تھی۔ رُمال، را پر پیش یا زیر یہ بمعنی مرمول بنی ہوئی اور قاموس میں ہے کہ را پر پیش ہے۔

۳ لیف۔ لام کے نیچے کسرہ اور یا ساکن، اغنیاء لوگ روئی یا اس کی مثل سے بھرتے ہیں۔ مگر فقراء خرما کے پوست کو کوٹ کر نرم کر لیتے ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب دیکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فقر اختیار کیا ہوا ہے اور خود کو اس حال میں رکھا ہوا ہے تو محسوس کیا کہ فقراء امت ایسے فقر کی طاقت نہیں رکھتے لہٰذا ان پر دشواری ہوگی، اس لیے دعا کی درخواست کی تاکہ وسعت پیدا ہو۔ علامہ طیبی کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مقصد حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے وسعت تھی مگر آپ کی عظمت وجلالِ شان کی وجہ سے ادنیٰ اور گھٹیا دنیا کا ذکر نہ کیا جیسا کہ دوسری روایت میں ہے کہ حضرت عمر نے ایک دن دیکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تاریک گھر میں ایک گرم چٹائی پر لیٹے ہوئے ہیں گھر کے گوشے میں چمڑے کا ایک ٹکڑا تھا اور ایک دو پرانے برتن پڑے تھے۔ حضرت عمر رو پڑے۔ فرمایا اے ابن خطاب کیوں روتے ہو؟ عرض کیا یا رسول اللہ میں نے دیکھا کہ اللہ کا حبیب اس حال میں اور قیصر و کسریٰ ناز و نعمت میں ہیں، الیٰ آخر الحدیث۔ لیکن پہلا معنی ان کے بعد والے قول کے مناسب ہے۔

سلہ یہ کسریٰ اور قیصر کی قوموں کے نام ہیں۔

سلہ یہ بھی ایک خوب ادا ہے سرکارِ دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عمر کا نام نہیں لیا، بلکہ ابن خطاب فرمایا کیونکہ ان کے والد عہد جاہلیت سے تعلق رکھتے تھے اور آخرت کی نعمتوں سے غافل تھے جیسا کہ دیگر اہل جاہلیت تھے، ممکن ہے یا ابن الخطاب کا تعلق بعد والے جملے سے ہو۔

سلہ مگر آخرت میں وہ خالی ہاتھ، پریشان حال اور گرفتار عذاب ہوں گے۔

۵۰۱۰/۱۱ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَقَدْ رَاَيْتُ سَبْعِيْنَ مِنْ اَصْحَابِ الصُّفَّةِ مَا مِنْهُمْ رَجُلٌ عَلَيْهِ رِدَآءٌ اِمَّا اِزَارٌ وَاِمَّا كِسَآءٌ قَدْ رَبَطُوْا فِیْ اَعْنَاقِهِمْ فَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ نِصْفَ السَّاقَيْنِ وَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ الْكَعْبَيْنِ فَيَجْمَعُهٗ بِيَدِهٖ كَرَاهِيَةَ اَنْ تُرٰى عَوْرَتُهٗ. (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے ستر اصحاب صفہ کو اس حال میں دیکھا کہ ان پر چادر نہ تھی سلہ صرف تہبند تھا یا کمبل جسے وہ اپنی گردن میں باندھ لیتے بعض نصف پنڈلی تک اور بعض ٹخنوں تک پہنچے، وہ اسے اپنے ہاتھوں سے سنبھالتے رہتے سلہ کہیں ستر ننگا نہ ہو جائے (بخاری شریف)

سلہ کہ اسے وہ دوسرے کپڑے پر نہیں پہنتے یا کاندھے پر ڈالتے بلکہ وہ ایک کپڑے سے زائد کے مالک نہ تھے

سلہ سجدہ کے وقت یا بیٹھتے وقت

۵۰۱۱/۱۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَظَرَ اَحَدُكُمْ اِلٰى مَنْ فُضِّلَ عَلَيْهِ فِی الْمَالِ وَالْخَلْقِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى مَنْ هُوَ اَسْفَلُ مِنْهُ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِیْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ قَالَ اُنْظُرُوْا اِلٰى مَنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَلَا تَنْظُرُوْا اِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقَكُمْ فَهُوَ اَجْدَرُ اَنْ لَّا تَزْدَرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ

انہی سے مروی ہے کہ رسالتمآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی اسے دیکھے جسے اس پر مال و صورت ظاہری میں بڑائی دی سلہ ہے تو وہ اسے بھی دیکھ لے جو اس سے نیچے ہے۔ (بخاری و مسلم) روایت مسلم میں ہے فرمایا تم اپنے سے نیچے کو دیکھو اور بڑے والے کو نہ دیکھو یہ عمل اس کا سبب ہے کہ کہیں تم اللہ کی نعمت کی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَيْكُمْ۔ ناقدری نہ کرو۔[۳]

[۱] اور اس کے دیکھنے سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شکریہ کی ادائیگی میں سستی ہو اور اس کے مال پر رشک پیدا ہو

[۲] تاکہ اپنے مولیٰ کے حضور خوب شکریہ کے جذبات اجاگر ہوں اور عطا کرنے والے سے خوش ہو جائے۔

[۳] ضابطہ یہ ہے کہ دنیا کے لحاظ سے نیچے والے کو دیکھو اور دین کے لحاظ سے اوپر والے کو دیکھو، جیسا کہ دوسری فصل میں آرہا ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

۵۰۱۲ / ۱۲ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ الْفُقَرَاءُ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْاَغْنِيَاءِ بِخَمْسِ مِائَةِ عَامٍ نِصْفِ يَوْمٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا فقیر لوگ جنت میں امیروں سے پانچ سو سال[۱] یعنی آدھ دن پہلے جائیں گے[۲] (ترمذی)۔

[۱] یعنی وہ دن اللہ تعالیٰ کے ہاں ہزار سال کا ہوگا۔

[۲] اس حدیث میں فقراء و اغنیاء کا مطلقاً تذکرہ ہے اس طرح مہاجرین کی قید نہیں جو فصل اوّل میں حدیث عبداللہ بن عمر میں گذری ہے۔ اس سے وہ اشکال بھی رفع ہو گیا جو بظاہر ان دو احادیث میں ہے کہ پہلی حدیث سے معلوم ہوتا تھا کہ فقراء کی اغنیاء پر تقدیم چالیس سال ہے اور اس حدیث سے واضح ہے کہ پانچ سو سال ہے، جب مہاجرین اغنیاء (فضلاء اور اکابر صحابہ بلکہ ان میں سے بعض فقراء دمہاجرین اغنیاء سے افضل ہیں، لیکن یہ خاصیت فقراء کے ساتھ مخصوص ہے اور مُدّتِ تقدم ان پر کم تر ہے بخلاف غیر مہاجرین کے، بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ چالیس سال کی تقدیم ان فقراء کے لیے ہے جو دنیا کی طرف کچھ نہ کچھ رغبت و خیال رکھتے تھے اور جو زاہد اور بالکل تارک الدنیا ہیں ان کا تقدم پانچ سو سال ہے۔ واللہ اعلم۔

۵۰۱۳ / ۱۳ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ مِسْكِيْنًا وَّاَمِتْنِيْ مِسْكِيْنًا وَّاحْشُرْنِيْ فِيْ زُمْرَةِ الْمَسَاكِيْنِ فَقَالَتْ عَائِشَةُ لِمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنَّهُمْ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِيَائِهِمْ بِاَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا يَا عَائِشَةُ لَا تَرُدِّي الْمَسَاكِيْنَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ يَا عَائِشَةُ اَحِبِّي الْمَسَاكِيْنَ وَقَرِّبِيْهِمْ فَاِنَّ اللّٰهَ يُقَرِّبُكِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ دعا کرتے، اے اللہ! مجھے مسکینی کی حالت میں زندہ رکھ، مسکینی میں موت دے اور مسکینوں کے گروہ میں اٹھانا، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا یارسول اللہ! یہ کس لیے[۱]؟ فرمایا مسکین لوگ جنت میں اغنیاء سے چالیس سال پہلے جائیں گے[۲] اے عائشہ! مسکین کو خالی نہ موڑ[۳] اگرچہ کھجور کی قاش ہی ہو دے دو! اے عائشہ! مساکین سے محبت کرو اور ان کو قریب[۴] کرو

رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَالْبَیْهَقِیُّ فِی شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَۃَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ اِلٰی قَوْلِهٖ فِیْ زُمْرَۃِ الْمَسَاکِیْنِ۔

تاکہ اللہ تعالیٰ قیامت میں تمہیں قریب رکھے۔ (ترمذی، بیہقی شعب الایمان اور ابن ماجہ نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے زمرۃ المساکین تک روایت کیا)

سلہ اس دعا میں حکمت کیا ہے؟

سلہ جواباً ارشاد فرمایا

سلہ یہاں یہ وہم نہیں ہو سکتا کہ فقراء جنت میں ہر غنی سے پہلے جائیں گے خواہ وہ انبیاء اللہ تعالیٰ کے پیغمبر ہوں کیونکہ غالباً آپ کا مقصد یہاں صرف فقر کا درجہ اور فضیلت بیان کرنا ہے اور اپنے لیے تمام انبیاء سے پہلے داخلہ کی دعا کرنا ہے۔ آپ کو بصورت غنا متاخر ہونے کا خیال اسکتا ہے تو دیگر انبیاء کے حوالے سے ہوگا نہ کہ غیر انبیاء کے حوالے سے فافہم اس کے بعد حضرت عائشہ کو فقراء کے ساتھ رعایت اور محبت کی تعلیم دی۔

سلہ اس کے ساتھ احسان اور تسامح سے کام لو۔

سلہ یعنی اگرچہ وہ چیز تھوڑی ہی کیوں نہ ہو

سلہ جب تو مساکین کو اچھا سمجھے گی اور ان کو اپنے قریب کرے گی تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ تجھے اپنے قریب فرمائے گا۔

سلہ سوال وجواب عائشہ اور حدیث کا بقیہ حصہ روایت ابن ماجہ میں نہیں۔

۵۰۱۴/۱۵ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِبْغُوْنِیْ فِیْ ضُعَفَائِکُمْ فَاِنَّمَا تُرْزَقُوْنَ اَوْ تُنْصَرُوْنَ بِضُعَفَائِکُمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے کمزوروں میں تلاش کرو[1] تمہیں روزی اور مدد ان کمزوروں کی وجہ سے دی جاتی ہے[2]۔ (ابوداؤد)

سلہ مجھے ڈھونڈنا ہو تو کمزوروں میں تلاش کرو جیسا کہ حدیث قدسی میں ہے کہ میں ٹوٹے ہوئے دلوں کے پاس ہوتا ہوں یا معنی یہ ہے کہ میری رضا ان کی رضا کے ذریعے تلاش کرو، دونوں معانی کا مآل ایک ہی ہے۔

سلہ لہٰذا ان کے مقام سے آگاہ رہو اور ان کے وجود پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرو۔ باقی "او" کا لفظ شک راوی کی بناء پر ہے کہ حدیث کا لفظ تُرْزَقُوْنَ ہے یا تُنْصَرُوْنَ سکین بہتر ہے کہ یہ واؤ کے معنی میں ہو جیسا کہ فصل اول حدیث مصعب بن سعد میں گذر چکا ہے۔

۵۰۱۵/۱۶ وَعَنْ اُمَیَّۃَ بْنِ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَسِیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ کَانَ یَسْتَفْتِحُ بِصَعَالِیْکِ الْمُهَاجِرِیْنَ۔

حضرت امیہ بن خالد بن عبداللہ بن اسید[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ معمول تھا کہ آپ فقراء مہاجرین کے توسل سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رواہ فی شرح السنۃ) فتح طلب کرتے تھے۔ (شرح السنہ)

سلہ اُسید۔ ہمزہ پر زبر اور سین کے نیچے زیر، ثقہ تابعی ہیں۔ یہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں اور ان سے امام زہری اور ایک جماعتِ محدثین نے روایت کیا ہے۔ ابن سعد نے انھیں اہلِ مکہ کے تیسرے طبقہ میں شمار کیا ہے شیخ عجلی لکھتے ہیں کہ تابعی مدنی اور ثقہ ہیں یہ اسی بیاسی ہجری میں فوت ہوئے۔

سلہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں یوں دعا کرتے۔ اَللّٰھُمَّ انْصُرْنَا بِفُقَرَاءِ الْمُھَاجِرِیْنَ (اے اللہ فقراء و مہاجرین کے وسیلہ سے ہمیں فتح عطا فرما) صعالیک، صُعلوک صاد پر پیش عین ساکن کی جمع ہے اس کا معنی درویش ہے تصعلک درویش ہوگیا صعلکہ اس کو درویش بنا دیا۔ اس روایت میں فقراء اور درویشوں کی فضیلت اور برکت کا بیان ہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی اس فضیلت ہی کے پیش نظر برکت کی دعا کی اور انھیں اس فضیلت سے نوازا۔ ؎

شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدا را (بادشاہوں پر کیا تعجب اگر وہ گداگر کو نوازدیں)

۵۰۱۶/۱۷ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَغْبِطَنَّ فَاجِرًا بِنِعْمَۃٍ فَاِنَّکَ لَا تَدْرِیْ مَا ھُوَ لَاقٍ بَعْدَ مَوْتِہٖ اِنَّ لَہٗ عِنْدَ اللّٰہِ قَاتِلًا لَا یَمُوْتُ یَعْنِی النَّارَ۔

(رواہ فی شرح السنۃ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم کسی بھی فاسق پر کسی نعمتؔ کی وجہ سے رشک نہ کرو تمھیں کیا علم کہ وہ مرنے کے بعد کس چیز سے ملاقات کرنے والا ہے اس کے لیے اللہ تعالیٰ کے ہاں نہ ختم ہونے والی جان لیوا چیز ہے یعنی آگ۔ (شرح السنہ)

سلہ دنیاوی نعمت

سلہ عذاب جو نہ ختم ہونے والا ہے

سلہ یہ تفسیر حضرت ابوہریرہ نے کی ہے۔

۵۰۱۷/۱۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الدُّنْیَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَسَنَتُہٗ وَاِذَا فَارَقَ الدُّنْیَا فَارَقَ السِّجْنَ وَالسَّنَۃَ۔

(رواہ فی شرح السنۃ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا مومن کے لیے جیل خانہ اور قحط سالی ہے۔ جب مومن دنیا سے جدا ہوتا ہے تو وہ گویا جیل اور قحط سے نکل جاتا ہے (شرح السنہ)

سلہ اگرچہ اسے یہاں ناز و نعمت میسر ہوتے ہیں مگر آخرت کے انعامات کی نسبت یہ جیل کا درجہ رکھتی ہے یا اس سے مراد یہ ہے کہ مومن اپنے آپ کو ہمیشہ ریاضت و مجاہدہ، طاعت اور عبادت کی طرف مائل رکھتا ہے دنیوی نعمتوں اور لذات سے لطف اندوز نہیں ہوتا بلکہ وہ شوق رکھتا ہے کہ محنت و مشقت کے اس گھر سے رہائی پائے اور باہر چلا جائے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۲؎ اسی وجہ سے اس روایت "دُنیا کافر کے لیے جنت ہے" کا معنی بھی سمجھ میں آجاتا ہے۔

۵۰۱۸/۱۹ وَعَنْ قَتَادَةَ بْنِ النُّعْمَانِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا حَمَاهُ الدُّنْيَا كَمَا يَظَلُّ اَحَدُكُمْ يَحْمِيْ سَقِيْمَهُ الْمَاءَ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت قتادہ بن نعمان[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اسے دنیا سے محفوظ[۲] کر لیتا ہے جیسے تم میں سے کوئی اپنے بیمار[۳] کو پانی سے بچاتا ہے

(مسند احمد، ترمذی)

۱؎ یہ بدری صحابی ہیں

۲؎ کہیں وہ اس دنیا میں مشغول ہو کر اپنے مولیٰ کو بھول نہ جائے یا اس کا معنی یہ ہے کہ وہ اس سے ہلاک نہ ہو جائے یہ دوسرا معنی آئندہ عبارت کے زیادہ مناسب ہے۔

۳؎ مراد وہ بیمار ہے جسے پانی نقصان دیتا ہو مثلاً مستسقی۔

۵۰۱۹/۲۰ وَعَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ لَبِيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اثْنَتَانِ يَكْرَهُهُمَا ابْنُ اٰدَمَ يَكْرَهُ الْمَوْتَ وَالْمَوْتُ خَيْرٌ لِّلْمُؤْمِنِ مِنَ الْفِتْنَةِ وَيَكْرَهُ قِلَّةَ الْمَالِ وَقِلَّةُ الْمَالِ اَقَلُّ لِلْحِسَابِ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت محمود بن لبید[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا دو چیزوں کو انسان ناپسند کرتا ہے وہ موت[۲] کو ناپسند کرتا ہے حالانکہ موت مومن کے لیے فتنے[۳] سے بہتر ہے وہ مال کی قلت کو ناپسند کرتا ہے حالانکہ مال کی کمی[۴] حساب کم کردے گی۔

(مسند احمد)

۱؎ محمود بن لبید لام پر زبر با کے نیچے زیر، مدنی، انصاری اور اشہلی ہیں ان کی ولادت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ظاہری حیات میں ہوئی تھی۔ امام بخاری کی رائے یہ ہے کہ یہ صحابی ہیں، امام مسلم نے انھیں تابعین کے دوسرے طبقہ میں شامل کیا، ابن عبدالبر کہتے ہیں کہ امام بخاری کا قول درست ہے اور ان کی صحابیت ثابت ہے۔

۲؎ ان دو میں سے ایک موت ہے جسے وہ ناپسند کرتا ہے اگرچہ وہ فتنہ میں مبتلا ہو۔

۳؎ اس فتنہ سے بہتر ہے جو کفر و معصیت اور جابر لوگوں کی طرف سے غیر مشروع کاموں پر مجبور کرنے کی صورت میں ہوتا ہے اور اسی کی مثل دیگر دینی ناپسندیدہ امور زندگی اسی لیے بہتر ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طاعت و عبادت میں کمی جائے اور اس پر استقامت ہو ورنہ ایمان کے بغیر زندگی کس کام کی؟

اکراہ کی صورت میں اگرچہ دل مطمئن اور برقرار رہتا ہے مگر زبان پر کلمۂ کفر جاری ہونا مناسب نہیں لہٰذا یہ بھی فتنہ ہے ہاں اگر دنیا کا ابتلاء اور فتنہ اور نفس کے لیے سختی اور محنت و مشقت ہو تو یہ گناہوں کا کفارہ اور درجات کی بلندی ہوتی ہے اور اس تکلیف کی وجہ سے موت کی آرزو درست نہیں۔

۴؎ یہ دوسری شے کا ذکر ہے، قلتِ مال کو انسان طبعاً ناپسند کرتا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لے مال کی قلت مسلمان کے لیے بہتر ہے کیونکہ اس وجہ سے آخرت کا حساب آسان ہوگا اور اس کے حصول کے لیے محنت و مشقت کم اٹھانی پڑے گی ما اے میرے عزیز! یہ تمام ایمان کی شاخیں ہیں جو شخص بھی صاحب ایمان ہے وہ اس پر یقین کامل رکھے کہ شارع علیہ السلام نے جو فرمایا ہے وہ حق ہے اگر عقل سلیم اور دنیا میں صحیح تجربہ کا مالک ہو تو ہر آدمی از خود محسوس کرتا ہے کہ کثرت مال کے لیے جو مصیبت پریشانی اور مشقت جھیلنا ہوتی ہے اور اس کی حفاظت کے لیے جو جتن کرنے پڑتے ہیں وہ فقر کی مشقت سے کم نہیں اور اس مال سے دوری، بے تعلقی اور اس کے ترک کے لیے بلند ہمتی اور اتنے تھوڑے پر کفایت جس کی طرف محتاجی ہے نفس کا تزکیہ اور تصفیہ ہے۔

۵۰۲۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنِّي أُحِبُّكَ فَقَالَ انْظُرْ مَا تَقُولُ فَقَالَ وَاللّٰهِ إِنِّي لَأُحِبُّكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قَالَ إِنْ كُنْتَ صَادِقًا فَاَعِدَّ لِلْفَقْرِ تِجْفَافًا لَلْفَقْرُ أَسْرَعُ إِلٰى مَنْ يُحِبُّنِي مِنَ السَّيْلِ إِلٰى مُنْتَهَاهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ)

حضرت عبداللہ بن مغفل[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں آپ سے محبت کرتا ہوں فرمایا سوچ لو کیا کہہ رہے ہو[2]۔ عرض کیا، اللہ کی قسم[3] میں آپ سے محبت کرتا ہوں۔ تین بار[4] کہا فرمایا اگر تو سچا[5] ہے تو فقر کے لیے حفاظتی آلات کی تیاری کرو۔ یقیناً مجھ سے محبت کرنے والے کی طرف فقر اس سیلاب سے بھی تیز دوڑتا ہے جو اپنی انتہا[6] کی طرف دوڑ رہا ہو۔

(ترمذی نے اسے روایت کرکے کہا یہ حدیث غریب ہے)

لے عبداللہ بن مغفل، میم پر ضمہ، غین پر زبر، فاء مشدد، اصحاب بیعت رضوان میں سے ہیں۔ مدینہ طیبہ میں رہائش پذیر رہے اس کے بعد بصرہ چلے گئے ان سے امام حسن بصری اور ابن العالیہ نے حدیث پڑھی۔

ٹہ یہ دشوار ترین معاملہ ہے۔

سے خوب شوق کا اظہار کیا۔

کہ واضح رہے کہ آپ کے تین دفعہ فرمانے پر کہ غور کرو کیا کہہ رہے ہو یہی تین دفعہ جملہ دہرایا گیا ہے۔

ھہ اگر تو دعویٰ محبت میں سچا ہے۔

لہ تجفاف، تا کے نیچے زیر، جیم ساکن، اس ہتھیار کو کہا جاتا ہے جو جنگ کے موقع پر گھوڑے کو اس لیے پہنایا جاتا ہے تاکہ زخمی نہ ہو جیسا کہ سوار کے لیے زرہ (کذا فی الحواشی)

قاموس میں ہے "تجفاف" کسرہ کے ساتھ آلہ جنگ ہے جسے گھوڑے اور سوار کو حفاظت کی خاطر پہنایا جائے یہاں اس سے مراد آفت فقر پر صبر کرنا اور اس کی سختی و ابتلاء سے جزع اور فزع اور ناراض نہ ہونا ہے۔

ٹہ یعنی جو مجھے دوست رکھتا ہے اسے فقر کی تکالیف پہنچیں گی۔ جو اصلاً دولت و سعادت ہیں اگرچہ ان کا

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

برداشت کرنا مشکل ہے۔

ف یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ فقر و سلوک اختیار کیے بغیر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ دعوائے محبت سوائے دروغ کے کچھ نہیں کیونکہ محبت کو اتباع لازم ہے اور بے اتباع محبوب سے محبت کوئی معنی نہیں رکھتی۔ شعر
اِنَّ الْمُحِبَّ لِمَنْ یُحِبُّ مُطِیْعٌ (محب محبوب کا مطیع ہوتا ہے) لیکن یہ اتباع صدق اور کمال محبت کی علامت ہوتی ہے، محبت کی حقیقت یہ ہے کہ باطن کا محبوب کی ذات و صفات کی طرف کھنچنا، اس کی خوبصورتی اور شمائل پہ دل کا اس طرح فریفتہ ہونا کہ محبوب سب سے خوب صورت نظر آئے، اسے سب سے بہتر جانے اور اسے سب سے بہتر تصور کرے اگرچہ مرتبہ، عمل و اتباع میں ناقص اور کمتر ہو جیسا کہ عمل کے بغیر ایمان۔ اگر محبت کے ساتھ ساتھ اتباع بھی ہو تو ایمان اعلیٰ و اکمل ہے۔ اے اللہ! ہمیں ایمان کامل نصیب فرما۔ اس پر دلیل یہ ہے کہ ایک صحابی سے شراب پینے کی غلطی ہوئی، سزا کے موقعہ پر کسی نے اس پر لعنت کی تو حضور علیہ السلام نے فرمایا۔
لَا تَلْعَنُوْهُ فَاِنَّهٗ یُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ (اس پر لعنت نہ کرو یہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے) ہمارے دعوے کی دلیل ہے۔

۵۰۲۱/۲۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ اُخِفْتُ فِي اللّٰهِ وَمَا يُخَافُ اَحَدٌ وَلَقَدْ اُوْذِيْتُ فِي اللّٰهِ وَمَا يُؤْذٰى اَحَدٌ وَلَقَدْ اَتَتْ عَلَيَّ ثَلٰثُوْنَ مِنْ بَيْنِ لَيْلَةٍ وَيَوْمٍ وَمَالِيْ وَلِبِلَالٍ طَعَامٌ يَاْكُلُهٗ ذُوْكَبِدٍ اِلَّا شَيْءٌ يُوَارِيْهِ اِبْطُ بِلَالٍ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ وَمَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ حِيْنَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَارِبًا مِّنْ مَّكَّةَ وَمَعَهٗ بِلَالٌ اِنَّمَا كَانَ مَعَ بِلَالٍ مِنَ الطَّعَامِ مَا يَحْمِلُ تَحْتَ اِبْطِهٖ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی راہ میں[۱] مجھے جتنا ڈرایا گیا[۲]، اتنا کسی کو نہیں ڈرایا گیا[۳] اور مجھے اللہ کی راہ میں جتنا ستایا گیا[۴] کسی کو ستایا نہیں گیا مجھ پر تیس دن اور رات[۵] ایسے گذرے کہ میرے اور بلال کے کھانے کے لیے کوئی چیز نہ تھی جسے صاحب[۶] جگر کھا سکے سوائے اس چیز کے جسے بلال کی بغل[۷] چھپائے ہوئے تھی ترمذی نے روایت کرکے فرمایا کہ اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ جب[۸] نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ معظمہ سے روانہ ہوئے اور آپ کے ساتھ بلال[۹] تھے اور بلال کے پاس اتنا کھانا تھا جسے وہ اپنی بغل میں دبائے ہوئے تھے۔

ف۱ دین خدا کے غلبہ اور مخلوق خدا کو دین کی طرف دعوت پر۔
ف۲ اُخِفْتُ، ہمزہ پر پیش، خاء کے نیچے زیر "اخافت" بمعنی ڈرانا سے متکلم کا صیغہ ہے۔
ف۳ دعوت دین کے آغاز میں، میں تنہا تھا کوئی دوسرا میرے ساتھ نہ تھا۔
ف۴ وہی مطلب ہے جو "ما یخاف احد" کے تحت بیان ہوا (کذا قال الطیبی) اور یہ معنی بھی صحیح ہے۔

Scanned By Marfat.com　Downloaded From Paksociety.com

لیکن ظاہر یہ ہے کہ مجھے دین کے راستے میں جتنا ڈرایا گیا اس طرح کسی کو بھی نہیں ڈرایا گیا اور جس طرح مجھے ایذا دی گئی اس طرح کسی کو بھی ایذا نہیں دی گئی کیونکہ ایذاء ہر شخص کے مرتبہ ومقام کے مطابق ہوتی ہے چونکہ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مرتبہ ومقام تمام سے بلند وبالا ہے آپ کا صدق وحقانیت دوسروں سے زیادہ واضح ہے اور آپ کا ایمان کے بارے میں زیادہ حریص ہونا تمام سے بیشتر ہے لہذا اس پر ایذارسانی بھی ہر ایک سے یقیناً زائد ہوگی اس کے بعد آئندہ ارشاد میں فقر کے بارے میں تعلیم ارشاد فرمائی کیونکہ وہ بھی مشکل ترین ہوتا ہے۔

ف یعنی تیس راتیں مسلسل

ف صاحب جگر سے مراد حیوان ہے یعنی ایسی شے بھی نہ تھی جسے کوئی حیوان کھائے چہ جائیکہ آدمی۔

ف مگر وہ حقیر وقلیل چیز جو بلال کی بغل میں تھی ہر ایک کو معلوم ہے کہ بغل میں کیا آسکتا ہے پھر جب اتنا ہو کہ بغل سے ظاہر نہ ہو اور وہاں سے نظر نہ آئے۔

ف یہ اس وقت کا واقعہ ہے

ف یہ جو کہا گیا ہے کہ آپ کے ساتھ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے اس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ اس وقت کا بیان نہیں جو مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ کی طرف ہجرت ہوئی غالباً یہ اس موقع کی بات ہے جب ابو طالب کا وصال ہوا، ان کے تین یا پانچ دن بعد حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال ہوا اس سال کو عام الحزن (غم کا سال) کہا جاتا ہے اس موقعہ پر کفار کی طرف سے آپ کو پہلے سے دوگنی اذیت پہنچائی گئی حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے وصال کے تین ماہ بعد اعلانِ نبوت کے دسویں سال پیادہ مکہ سے طائف تشریف لے گئے۔ آپ کے صحابی حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کے ساتھ تھے، اہلِ طائف نے آپ کے ساتھ تعاون کرنے کی بجائے آپ کی دعوت کو رد کر دیا لڑکوں اور لونڈوں نے آپ پر حملہ کر دیا۔ آپ کو اتنی ایذا پہنچائی کہ آپ کی تمام ذات حتیٰ کہ ایڑیوں تک زخمی کر دی گئی نعلین مقدس خون سے آلودہ ہو گئے اور تمام جسم لہولہان ہو گیا آپ زمین پر بیٹھ گئے تو آپ کے دونوں بازوؤں کو پکڑ کر اٹھاتے جب آپ چلنے تو پھر پتھر مارتے۔ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بار بار آپ کی ذات کے لیے ڈھال بنتے اس لیے وہ بھی شدید زخمی ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ نے بادل کو بھیجا تاکہ آپ پر سایہ کرے پھر جبرئیل امین حاضر ہوئے اور عرض کیا آپ کے رب نے اس قوم کی باتوں کو سنا اور آپ کی دعوت کو رد کرتے ہوئے دیکھا اس نے پہاڑوں پر حکومت کرنے والے فرشتوں کو حکم دیا کہ اگر آپ اجازت دیں تو اس قوم کو ہلاک کر دوں، ان کے اردگرد دونوں پہاڑوں کو (جن میں مکہ آباد ہے) آپس میں ملادوں تاکہ درمیان میں درہم برہم اور پس جائیں۔ آپ نے فرمایا میں امید رکھتا ہوں کہ ان کی پشتوں میں سے کچھ لوگ پیدا ہو جائیں گے جو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے پرستار ہوں گے۔ اس حدیث کے آخر میں وہی واقعہ ہے جو کتب سیر میں مذکور ہے شرح سفر السعادات میں بھی ہم نے اسے ذکر کیا ہے لیکن کتب میں اس واقعہ کی تفصیلات میں حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اسم گرامی میری نظر سے نہیں گزرا البتہ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اسم گرامی ملتا ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۵۰۲۲ / ۲۳ وَعَنْ اَبِیْ طَلْحَةَ قَالَ شَكَوْنَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْجُوْعَ فَرَفَعْنَا عَنْ بُطُوْنِنَا عَنْ حَجَرٍ حَجَرٍ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَطْنِهٖ عَنْ حَجَرَیْنِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ) وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ

حضرت ابوطلحہ[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بھوک کے بارے میں شکایت کرتے ہوئے اپنے پیٹ پر ایک ایک[2] پتھر دکھایا۔ تب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے شکم مبارک پر باندھے ہوئے دو پتھر دکھلائے[3]۔ (ترمذی نے روایت کیا اور کہا یہ حدیث غریب ہے)

[1] یہ مشاہیر انصاری صحابہ میں سے ہیں اور حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ کے شوہر ہیں۔
[2] ہر ایک نے اپنے سینے پر باندھا ہوا پتھر دکھایا
[3] سینہ پر بھوک کی حالت میں پتھر باندھنے میں حکمت یہ تھی کہ پشت کو تقویت دے اور وہ اپنی جگہ کھڑی رہے کہیں کمر ٹیڑھی نہ ہو جائے۔

۵۰۲۳ / ۲۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّهُمْ اَصَابَهُمْ جُوْعٌ فَاَعْطَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَمْرَةً تَمْرَةً۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انھیں[1] بھوک نے گھیر لیا تو انھیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک ایک کھجور دی[2]۔ (ترمذی)

[1] فقراء صحابہ کو بھوک لگی۔
[2] یعنی رزق کی تنگی کا یہ عالم کہ ایک شخص صرف ایک کھجور پہ گزارا کرتا۔

۵۰۲۴ / ۲۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَصْلَتَانِ مَنْ كَانَتَا فِیْهِ كَتَبَهُ اللّٰهُ شَاكِرًا صَابِرًا مَنْ نَظَرَ فِیْ دِیْنِهٖ اِلٰی مَنْ هُوَ فَوْقَهٗ فَاقْتَدٰی بِهٖ وَنَظَرَ فِیْ دُنْیَاهُ اِلٰی مَنْ هُوَ دُوْنَهٗ فَحَمِدَ اللّٰهَ عَلٰی مَا فَضَّلَهُ اللّٰهُ عَلَیْهِ كَتَبَهُ اللّٰهُ شَاكِرًا صَابِرًا وَمَنْ نَظَرَ فِیْ دِیْنِهٖ اِلٰی مَنْ هُوَ دُوْنَهٗ وَنَظَرَ فِیْ دُنْیَاهُ اِلٰی مَنْ هُوَ فَوْقَهٗ فَاَسِفَ عَلٰی مَا فَاتَهٗ مِنْهُ لَمْ یَكْتُبْهُ اللّٰهُ شَاكِرًا وَّلَا صَابِرًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَذُكِرَ حَدِیْثُ اَبِیْ سَعِیْدٍ اَبْشِرُوْا یَا مَعْشَرَ صَعَالِیْكِ الْمُهَاجِرِیْنَ)

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس میں دو عادتیں ہوں اسے اللہ تعالیٰ صابر شاکر لوگوں میں لکھتا ہے جو دین میں اپنے سے بلند[1] کو دیکھے اور اس کی پیروی کرے[2] اور دنیا کے لحاظ سے اپنے سے نیچے والے کو دیکھے تو اللہ کا شکر کرے اس بات پر کہ اللہ تعالیٰ نے اسے اس سے بلند کیا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے شاکر و صابر لکھے گا جو دین کے لحاظ سے اپنے سے کم کو دیکھے[3]، اور دنیا کے لحاظ سے اپنے سے بلند کو دیکھے اور جو فوت شدہ دنیا پر غم لگائے تو اللہ تعالیٰ اسے نہ شاکر لکھتے ہیں نہ صابر[4]۔ (ترمذی، حضرت ابوسعید خدری کی حدیث کہ اے فقراء صابرین

فِیْ بَابٍ بَعْدَ فَضَائِلِ الْقُرْاٰنِ)۔

تم خوش ہو جاؤ (اس باب میں بیان ہو چکی ہے، جو فضائل قرآن[۷] کے بعد ہے)

[۱] جو دین کی پیروی میں اس سے کامل اور قوی ہے۔
[۲] عبادات و مجاہدات اور کتاب و سنت پر عمل میں اس کی پیروی کرے۔
[۳] جو دنیاوی لحاظ سے کمتر اور زیادہ محتاج ہو۔
[۴] یعنی عبادات و مجاہدات پر ہمت و صبر نہ کرے۔
[۵] کیونکہ وہ دنیا کے ملنے پر غم کھا رہا ہے۔
[۶] کیونکہ اس نے طاعت و فرمانبرداری میں صبر کا مظاہرہ نہ کیا۔
[۷] وہ باب مراد ہے جو فضائل قرآن کے بعد بغیر کسی عنوان کے تھا۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۵۰۲۵ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِیِّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو وَسَاَلَهٗ رَجُلٌ قَالَ اَلَسْنَا مِنْ فُقَرَآءِ الْمُهَاجِرِیْنَ فَقَالَ لَهٗ عَبْدُ اللّٰهِ اَلَكَ امْرَاَةٌ تَاْوِیْ اِلَیْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ اَلَكَ مَسْكَنٌ تَسْكُنُهٗ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاَنْتَ مِنَ الْاَغْنِیَآءِ قَالَ فَاِنَّ لِیْ خَادِمًا قَالَ فَاَنْتَ مِنَ الْمُلُوْكِ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَجَآءَ ثَلٰثَةُ نَفَرٍ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَّاَنَا عِنْدَهٗ فَقَالُوْا یَا اَبَا مُحَمَّدٍ وَاللّٰهِ مَا نَقْدِرُ عَلٰى شَیْءٍ لَا نَفَقَةٍ وَّلَا دَآبَّةٍ وَّلَا مَتَاعٍ فَقَالَ لَهُمْ مَا شِئْتُمْ اِنْ شِئْتُمْ رَجَعْتُمْ اِلَیْنَا فَاَعْطَیْنَاكُمْ مَا یَسَّرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَاِنْ شِئْتُمْ ذَكَرْنَا اَمْرَكُمْ لِلسُّلْطَانِ وَاِنْ شِئْتُمْ صَبَرْتُمْ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ فُقَرَآءَ الْمُهَاجِرِیْنَ یَسْبِقُوْنَ الْاَغْنِیَآءَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اِلَى الْجَنَّةِ

تیسری فصل

حضرت ابوعبدالرحمٰن حبلی[۱] بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا ان سے ایک شخص نے پوچھا کہ کیا ہم فقراء مہاجرین میں سے نہیں ہیں[۲] تو عبداللہ نے کہا کیا تیری بیوی ہے جس کی طرف تو رجوع کرے عرض کیا ہاں۔ فرمایا کیا تیرے پاس گھر ہے جس میں تیری رہائش ہو عرض کیا ہاں! فرمایا تو تو امراء میں سے ہے عرض کیا میرا[۳] تو خادم بھی ہے فرمایا تو تو بادشاہوں میں سے ہے عبدالرحمٰن[۴] کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس تین اشخاص آئے حالانکہ میں ان کے پاس تھا انھوں نے عرض کیا اے ابو محمد[۵] اللہ کی قسم ہم کسی شے پر قادر نہیں نہ خرچے پر نہ گھوڑے پر نہ کسی سامان پر[۶] تو آپ نے ان سے فرمایا اگر تم چاہو تو ہمارے پاس دوبارہ[۷] آنا ہم تم کو وہ دیں گے جو اللہ نے تمہارے لیے میسر فرمایا اور اگر چاہو تو ہم تمہاری حالت کا تذکرہ بادشاہ[۸] کے ہاں کر دیں اگر تم چاہو تو صبر کرو کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کے دن

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بِاَرْبَعِیْنَ خَرِیْفًا قَالُوْا فَاِنَّا نَصْبِرُ لَا نَسْأَلُ شَیْئًا (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

فقراء جنت میں امراء سے چالیس سال پہلے جائیں گے تو انھوں نے عرض کیا کہ ہم صبر کریں گے کچھ نہ مانگیں گے (مسلم)

۱؎ الحُبُلی، حا اور با پر پیش، ان کا نام عبداللہ بن زید مصری ہے، ثقہ تابعی ہیں، انھوں نے حضرت ابوایوب انصاری، حضرت ابو قدہ، حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے حدیث پڑھی ہے افریقہ میں سو ہجری میں ان کا وصال ہوا۔

۲؎ جس کی تفسیر بعد میں آرہی ہے۔

۳؎ جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا؛ انکی مدح کی اور رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انکے پہلے دخول جنت کی بشارت دی ہے۔

۴؎ جب اس نے سنا کہ حضرت عبداللہ نے عورت اور گھر کی موجودگی کی وجہ سے انھیں فقراء میں نہیں بلکہ امراء میں شامل کیا ہے تو کہا میرے پاس تو خادم بھی ہے۔

۵؎ مشکوٰۃ کے نسخوں میں اس طرح ہے لیکن درست ابو عبدالرحمن ہے کیونکہ وہ ہی راوی حدیث ہیں صحیح مسلم میں اس طرح ہی ہے غالب "ابو" کا لفظ قلم کاتب سے رہ گیا اور تمام نسخے اسی پر چلتے رہے

۶؎ یہ حضرت عبداللہ بن عمرو کی کنیت ہے

۷؎ اس سے مقصود فقر و احتیاجی کا اظہار اور سوال کرنا تھا

۸؎ یعنی اس وقت ہمارے پاس دینے کے لیے کوئی چیز نہیں

۹؎ اس وقت حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حاکم تھے۔

۵۰۲۶/۲۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ بَیْنَمَا اَنَا قَاعِدٌ فِی الْمَسْجِدِ وَحَلْقَةٌ مِّنْ فُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِیْنَ قُعُوْدٌ اِذْ دَخَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَعَدَ اِلَیْهِمْ فَقُمْتُ اِلَیْهِمْ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِیُبَشَّرْ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِیْنَ بِمَا یَسُرُّ وُجُوْهَهُمْ فَاِنَّهُمْ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْاَغْنِیَاءِ بِاَرْبَعِیْنَ عَامًا قَالَ فَلَقَدْ رَاَیْتُ اَلْوَانَهُمْ اَسْفَرَتْ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو حَتّٰی تَمَنَّیْتُ اَنْ اَکُوْنَ مَعَهُمْ اَوْ مِنْهُمْ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں مسجد میں بیٹھا ہوا تھا اور وہاں فقراء مہاجرین کا ایک گروہ بھی بیٹھا ہوا تھا۔ اچانک نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اور ان کی طرف بیٹھ گئے میں بھی انہیں کی طرف اٹھا تو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا فقراء مہاجرین کو ایسی خوشی مبارک ہو جو ان کے چہروں کو کھلا دے کہ وہ جنت میں امراء سے چالیس سال پہلے جائیں گے بیان کرتے ہیں کہ میں نے انھیں دیکھا کہ ان کا رنگ چمک سے کھل اٹھا تھا عبداللہ بن عمرو کہتے ہیں حتیٰ کہ مجھے آرزو ہوئی کہ ان کے ساتھ یا ان میں سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رواہ الدارمی) ہو جاؤں ۔ (دارمی)

سلہ ان کے درمیان

سلہ مراد ذوات ہیں ، ظاہر پر محمول کیا جاسکتا ہے کہ مراد چہرے ہی ہوں ، چہروں کا ذکر اس لیے کیا کہ خوشی کا اثر اعضی پر ظاہر ہوتا ہے ، خوشی کی خبر کو بشارت کہنے کی وجہ بھی یہی ہے کہ اس کا اثر ظاہری جسم پر ہوتا ہے ۔

سلہ اس بشارت کو سن کر

سلہ راوی کو الفاظ میں شک ہے یہ بھی ممکن ہے کہ یہاں اَو تقسیم کے لیے ہو یعنی اگرچہ میں فقیر نہیں ہوں مگر ان کی صحبت میسر آجائے تو اس کے انوار و اسرار سے فیض یاب ہو سکوں یا میں فقیر ہو جاؤں اور ان میں میرا شمار ہو جائے ۔

۵۰۲۷/۲۸ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ اَمَرَنِیْ خَلِیْلِیْ بِسَبْعٍ اَمَرَنِیْ بِحُبِّ الْمَسَاکِیْنِ وَالدُّنُوِّ مِنْهُمْ وَاَمَرَنِیْ اَنْ اَنْظُرَ اِلٰی مَنْ هُوَ دُوْنِیْ وَلَا اَنْظُرَ اِلٰی مَنْ هُوَ فَوْقِیْ وَاَمَرَنِیْ اَنْ اَصِلَ الرَّحِمَ وَاِنْ اَدْبَرَتْ وَاَمَرَنِیْ اَنْ لَّا اَسْئَلَ اَحَدًا شَیْئًا وَّاَمَرَنِیْ اَنْ اَقُوْلَ بِالْحَقِّ وَاِنْ کَانَ مُرًّا وَّاَمَرَنِیْ اَنْ لَّا اَخَافَ فِی اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ وَّاَمَرَنِیْ اَنْ اُکْثِرَ مِنْ قَوْلِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَاِنَّهُنَّ مِنْ کَنْزٍ تَحْتَ الْعَرْشِ ۔

(رواہ احمد)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میرے خلیل سلہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے سات چیزوں کا حکم دیا ، مجھے مسکینوں سے محبت اور ان کے قرب کا حکم دیا ، مجھے حکم دیا کہ اپنے سے نیچے والے کو دیکھوں ، سلہ اپنے سے بلند کو نہ دیکھوں ، مجھے حکم دیا کہ میں رشتوں کو جوڑوں اگرچہ وہ رشتہ دار کاٹا ہو اور مجھے حکم دیا کہ کسی سے کچھ نہ مانگوں مجھے حکم دیا کہ حق بات کہوں اگرچہ کڑوی ہو اور مجھے حکم دیا کہ اللہ کے بارے سلہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈروں ، مجھے حکم دیا کہ یہ زیادہ پڑھا کروں "نہیں ہے طاقت سلہ اور نہ قوت مگر اللہ سے" کیونکہ یہ عرش کے نیچے کا خزانہ شہ ہے (مسند احمد)

سلہ جانِ من یعنی نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

سلہ دنیا کے لحاظ سے

سلہ نیکی کا حکم اور برائی سے منع کرنا

سلہ یہ اعلان ہے اس بات کا کہ معصیت و نافرمانی سے دوری اور طاعت و عبادت پر قدرت اذن و توفیقِ الٰہی کے بغیر نہیں ہو سکتی اور اپنی تدبیر و اختیار سے جدائی اور قدرتِ حق میں فنائیت کا درجہ ہے ۔ حضرات مشائخ شاذلیہ قدس اللہ اسرارہم طالب کو یہ کلمات کثرت کے ساتھ پڑھنے کا حکم دیتے ہیں اور کہا گیا کہ ان سے بڑھ کر نیک عمل پر کوئی چیز مدد و معاون نہیں ۔

شہ فیوض و برکات کا نزول اسی خزانہ سے ہوتا ہے ۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۵۰۲۸/۲۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ مِنَ الدُّنْيَا ثَلٰثَةٌ اَلطَّعَامُ وَالنِّسَاءُ وَالطِّيْبُ فَاَصَابَ اِثْنَيْنِ وَلَمْ يُصِبْ وَاحِدًا اَصَابَ النِّسَاءَ وَالطِّيْبَ وَلَمْ يُصِبِ الطَّعَامَ ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دنیا کی تین چیزیں پسند ہیں کھانا، بیویاں اور خوشبو، آپ نے دو چیزیں پالیں اور ایک نہ پائی۔ بیویاں اور خوشبو[1] پائی مگر کھانا نہ پایا[2] (مسند احمد)

[1] اس سے حصہ حاصل کیا

[2] فقر اختیاری کی وجہ سے کھانے سے زیادہ لطف اندوز نہ ہوئے اس میں حکمت و مصلحت تھی کیونکر جو بھی اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے منتخب فرمایا اس میں حکمتیں ہی حکمتیں ہیں ۔

۵۰۲۹/۳۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُبِّبَ اِلَيَّ الطِّيْبُ وَالنِّسَاءُ وَجُعِلَتْ قُرَّةُ عَيْنِي فِي الصَّلٰوةِ ۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَزَادَ ابْنُ الْجَوْزِيِّ بَعْدَ قَوْلِهٖ حُبِّبَ اِلَيَّ مِنَ الدُّنْيَا ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے محبوب کی گئیں خوشبو، بیویاں اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے[1] ۔

(مسند احمد، ابن جوزی نے حُبِّبَ اِلَیَّ کے بعد مِنَ الدُّنْیا کے الفاظ[2] کا بھی اضافہ کیا ہے)

[1] یعنی جو سرور، لذت، حلاوت اور ذوق حضور نماز کے وقت حاصل ہوتا ہے وہ کسی وقت حاصل نہیں ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت بلال کو آپ فرمایا کرتے "اَرِحْنَا یَا بِلَالُ" اے بلال تو اذان کہہ تاکہ نماز کی صورت میں اپنے مولیٰ سے مناجات کا شرف پاکر اپنی جسمانی و روحانی تھکاوٹ کو دور کر کے سرور حاصل کریں ۔

لفظ قرۃ، یا تو قَرٌّ قاف پر فتحہ سے مشتق ہے جس کا معنی قرار و ثبات ہے یعنی زیارت محبوب سے قرار و صبر ملتا ہے یا اس کو دیکھنے سے اس طرح کا سکون و آرام میسر آتا ہے کہ دوسرے کی طرف نظر اٹھانے کو جی نہیں چاہتا یا یہ لفظ قُرٌّ قاف پر ضمہ سے مشتق ہے جس کا معنی سردی اور ٹھنڈک کے آتے ہیں واقعۃً دیدارِ محبوب سے آنکھوں کو ٹھنڈک اور لذت ملتی ہے اور دشمنوں کو دیکھنے سے جلن ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ اولاد کو "قرۃ العین" (آنکھوں کی ٹھنڈک) کہا جاتا ہے ۔

[2] واضح رہے کہ اس روایت کے جو الفاظ اس کتاب میں مروی ہیں ان پر آئمہ حدیث کا اتفاق ہے اسے طبرانی نے اپنی تینوں معاجم میں، خطیب بغدادی نے تاریخ بغداد میں، ابن عدی نے کامل میں اور حاکم نے بھی مستدرک میں ذکر کیا اور کہا کہ یہ امام مسلم کی شرائط کے مطابق صحیح ہے لیکن اس میں لفظ جعلت نہیں، روایت نسائی میں ایک اور طریقہ سے بھی لفظاً "من الدنیا" آیا ہے اور لوگوں کی زبان پر جو مشہور ہے اس میں لفظ "ثلث" (تین چیزیں) بھی ہے یہ لفظ کتب حدیث سے باوجود تلاش و جستجو کے مجھے نہ ملا۔ البتہ دو مقامات پر ہے۔ احیاء العلوم اور تفسیر کشاف سورۃ آل عمران (کذا قال السخاوی)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

شیخ ابن حجر عسقلانی نے تخریج رافعی میں کہا کہ ثلث کا لفظ میں نے کسی بھی سند کے لحاظ سے حدیث میں نہیں پایا۔ شیخ ولی الدین عراقی اپنی امالی میں کہتے ہیں کہ یہ لفظ حدیث کی کسی کتاب میں نہیں ہے انتہیٰ۔ پس واضح ہوگیا کہ کتاب کی بیان کردہ حدیث پر کوئی اشکال نہیں لہٰذا اگر اس حدیث میں "من الدنیا" اور "ثلث" کے الفاظ نہیں تو کوئی اشکال نہیں اور اگر الفاظ ہوں تو اشکال ہوگا کہ نماز کا تعلق دُنیا سے نہیں لہٰذا جواب یہ دیتے ہیں کہ دنیا سے مراد اس جہان کی زندگی ہے یعنی اس عالمِ حیات میں مجھے تین چیزیں پسند ہیں دو امورِ طبیعہ دنیویہ اور تیسرا امورِ دین میں سے ہے۔ بعض شارحین فرماتے ہیں جب آپ نے دُنیا کی دو چیزوں کا ذکر فرمایا تو ان دنیوی امور کے ذکر سے ملال آیا لہٰذا آپ نے فی الفور امرِ دینی کی طرف عدول کرتے ہوئے اس طرف اشارہ فرمایا کہ میں خوشبو اور بیویوں کو اس لیے پسند نہیں کرتا کہ وہ ذکر و مناجاتِ حق سے مانع اور غافل کر دینے والی ہیں جبکہ پسند کرنے کی وجہ یہ ہے کہ وہ طاعت و عبادات الٰہی میں ممد و معاون ہیں اور یہ بھی بیان کیا جاسکتا ہے کہ دنیا کی تیسری چیز جس کا یہاں ذکر نہیں آیا وہ گھوڑا ہے جیسا کہ نسائی میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بیویوں کے بعد سب سے زیادہ پسند گھوڑا تھا یا طعام جیسا کہ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی روایت سے واضح ہے واللہ اعلم۔ واضح رہے کہ قرۃ العین فی الصلوٰۃ کا معنی شارحین حدیث نے جو بیان کیا اس کا ذکر ہو چکا ہے اور اس علاقے کے لوگوں کی زبان سے بھی یہی معنی سنا گیا لیکن بعض مشائخ کے رسائل میں یہ بھی تحریر ہے کہ اس سے مراد حضرت فاطمہ زہرا رسلام اللہ علیہا کا نماز میں ہونا ہے لیکن اس صورت میں یہ احتمال ہے جب لفظ جعلت کا ذکر نہ ہو لیکن شارحین حدیث میں سے کسی نے بھی یہ معنی بیان نہیں کیا اور نہ ہی اس احتمال کو یہاں ابھرنے دیا۔

۵۰۳۰/۳۱ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَعَثَ بِهٖ اِلَی الْيَمَنِ قَالَ اِيَّاكَ وَالتَّنَعُّمَ فَاِنَّ عِبَادَ اللّٰهِ لَيْسُوْا بِالْمُتَنَعِّمِيْنَ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب انہیں یمن[1] بھیجا تو فرمایا عیش پسندی[2] سے بچنا اللہ کے بندے[3] عیش و عشرت میں مشغول نہیں ہوتے۔

(مسند احمد)

[1] قاضی بنا کر

[2] راحت و تن آسانی

[3] اللہ کی یاد میں مشغول رہتے ہیں

۵۰۳۱/۳۲ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَّضِيَ مِنَ اللّٰهِ بِالْيَسِيْرِ مِنَ الرِّزْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالْقَلِيْلِ مِنَ الْعَمَلِ۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ کے تھوڑے رزق پر راضی ہوگیا اللہ تعالیٰ اس کے تھوڑے عمل پر راضی ہوگا۔

۵۰۳۲/۳۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَاعَ أَوِ احْتَاجَ فَكَتَمَهُ النَّاسَ كَانَ حَقًّا عَلَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يَرْزُقَهُ رِزْقَ سَنَةٍ مِنْ حَلَالٍ.

(رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ)

کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو بھوکا یا حاجت مند ہو مگر اسے لوگوں پر ظاہر[1] نہ ہونے دے، اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے کہ وہ اسے ایک سال کی حلال روزی عطا فرمائے۔

(ان دونوں احادیث کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا)

[1] یہ نہیں کہتا کہ میں بھوکا ہوں تاکہ اسے کھانا ملے اور نہ یہ کہتا ہو کہ میں محتاج ہوں تاکہ کوئی چیز ملے۔

۵۰۳۳/۳۴ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللهَ يُحِبُّ عَبْدَهُ الْمُؤْمِنَ الْفَقِيرَ الْمُتَعَفِّفَ أَبَا الْعِيَالِ. (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ بال بچوں والے غریب سوال[1] سے بچنے والے مسلمان سے بہت محبت کرتا ہے۔ (ابن ماجہ)

[1] اپنے آپ کو حرام اور لوگوں سے سوال کرنے سے بچاتا ہے۔

۵۰۳۴/۳۵ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ قَالَ اسْتَسْقَى يَوْمًا عُمَرُ فَجِيءَ بِمَاءٍ قَدْ شِيبَ بِعَسَلٍ فَقَالَ إِنَّهُ لَطَيِّبٌ لَكِنِّي أَسْمَعُ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ نَعَى عَلَى قَوْمٍ شَهَوَاتِهِمْ فَقَالَ أَذْهَبْتُمْ طَيِّبَاتِكُمْ فِي حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا فَأَخَافُ أَنْ تَكُونَ حَسَنَاتُنَا عُجِّلَتْ لَنَا فَلَمْ يَشْرَبْهُ.

(رَوَاهُ رَزِينٌ)

حضرت زید بن اسلم[1] بیان کرتے ہیں کہ ایک دن حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پانی طلب کیا تو آپ کو ایسا پانی پیش کیا گیا جس میں شہد ملا ہوا تھا فرمایا یہ بہت عمدہ[2] ہے لیکن میں اللہ تعالیٰ کو سن رہا ہوں[3] کہ اس نے لوگوں پر ان کی خواہشات سے عیب[4] لگایا اور فرمایا تم اپنی پسندیدہ اشیاء دنیا میں حاصل کر چکے ان سے نفع لے چکے[5] میں ڈرتا ہوں کہیں ہماری نیکیاں[6] ہمیں جلدی ہی نہ دے دی گئی ہوں۔ پس آپ نے پانی نوش نہ فرمایا (رزین)

[1] حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آزاد کردہ غلام تھے اور اکابر تابعین میں سے ہیں۔

[2] یہ پاک اور حلال ہے۔

[3] اللہ تعالیٰ کا فرمان سن رکھا ہے

[4] اس وجہ سے ان پر سرزنش ہوئی۔

[5] تم اس دنیوی زندگی میں جو کہ ادنیٰ اور حقیر ہے اپنا تمام حصہ لے چکے۔

[6] اگر میں یہ پانی پی کر لذت وحلاوت حاصل کر لیتا ہوں تو مجھے ڈر لگتا کہ کہیں کافروں کی طرح ہماری نیکیوں کا بدلہ یہاں ہی نہ دے دیا جائے اور آخرت میں کوئی ہمارا حصہ نہ رہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۵۰۳۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَا شَبِعْنَا مِنْ تَمْرٍ حَتّٰی فَتَحْنَا خَيْبَرَ ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم کبھی بھی کھجوروں سے سیر نہ ہوئے حتی کہ ہم نے خیبر فتح کرلیا۔ (بخاری)

سلہ اصحاب رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی احتیاجی اور فقر کا یہ عالم تھا۔
سلہ کیونکہ وہاں کھجور کثرت سے پائی جاتی تھی۔

۳۳۱ - بَابُ الْاَمَلِ وَالْحِرْصِ

لمبی اُمید اور حرص کا بیان

امل، میم پر زبر، صراح میں ہے بمعنی امید رکھنا۔ قاموس میں امید کے معنی بتائے ہیں لیکن واضح ہے کہ اسے لمبی حیات کے ساتھ مقید کرنا پڑے گا کیونکہ یہاں وہ امید مراد نہیں جو ناامیدی کے مقابل ہے۔ مشارق الانوار میں ہے کہ امل میم پر زبر آدمی کا اپنے دل میں سوچنا کہ فلاں فلاں دنیا کی چیزیں مل جائیں اور ان کا حریص ہونا یہ معنی استعمال کے لحاظ سے نہایت ہی بہتر ہے یہی وجہ ہے کہ طول امل کو مذموم اور کثرت حرص کو شر قرار دیا گیا ہے (کذا قال الطیبی) شر کا معنی آرزو ہے۔ صراح میں ہے کہ اس کا معنی کسی چیز کے ساتھ ناک تک بھر جانا کے ہیں۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ — پہلی فصل

۵۰۳۶ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ خَطَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطًّا مُّرَبَّعًا وَّخَطَّ خَطًّا فِي الْوَسَطِ خَارِجًا مِّنْهُ وَخَطَّ خُطَطًا صِغَارًا اِلٰى هٰذَا الَّذِيْ فِي الْوَسَطِ مِنْ جَانِبِهِ الَّذِيْ فِي الْوَسَطِ فَقَالَ هٰذَا الْاِنْسَانُ وَهٰذَا اَجَلُهٗ مُحِيْطٌ بِهٖ وَهٰذَا الَّذِيْ هُوَ خَارِجٌ اَمَلُهٗ وَهٰذِهِ الْخُطَطُ الصِّغَارُ الْاَعْرَاضُ فَاِنْ اَخْطَاَهٗ هٰذَا نَهَشَهٗ هٰذَا وَاِنْ اَخْطَاَهٗ هٰذَا نَهَشَهٗ هٰذَا ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک چوکور خط کھینچا اور اس سے نکلا ہوا بیچ میں سے ایک اور خط کھینچا پھر جو بیچ میں تھا اس کی طرف چند چھوٹے خطوط کھینچے پھر فرمایا یہ انسان ہے اور یہ اس کی موت اسے گھیرے ہوئے ہے اور یہ جو باہر نکلا ہوا ہے یہ اس کی امید ہے اور یہ چھوٹے خطا آفتیں ہیں تو اگر انسان اس آفت سے بچا تو دوسری نے ڈس لیا اگر اس سے بچا تو اس نے کاٹ لیا (بخاری)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

لے حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ
۲ے ایسی مربع شکل بنائی ہے جسے چار خط احاطہ کر رہے تھے۔
۳ے یعنی اس خط کی ایک جانب درمیان میں اور ایک جانب باہر تھی۔
۴ے وہ خط جو مربع شکل کا درمیان میں تھا
۵ے جو شکل کو محیط ہے
۶ے جو باہر جارہا ہے یہ امید ہے جو کہ لمبی ہے
۷ے اعراض، ہمزہ پر زبر، اس کا معنی آفات کے ہیں مثلاً امراض اور ایسے حوادث جو ہلاک کرنے والے ہوں وہ آدمی کو ہر طرف سے گھیرے ہوئے اور متصل ہیں۔
۸ے حاصل یہ ہے کہ آدمی بڑی طویل امیدیں باندھتا ہے حالانکہ موت اس کی امید سے زیادہ قریب ہے تو وہ ایسی امیدوں اور آرزوؤں میں جان دیتا ہے جو پا نہیں سکا ہے

در بر فتم عذر ما بہ پذیر
اے بسیار آرزو کہ خاک شدہ

(تیرے دروازے پر عذر لے کر آیا ہوں اسے قبول کر لے بہت سی آرزوئیں خاک ہو گئی ہیں)

۵۰۲۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ خَطَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُطُوْطًا فَقَالَ هٰذَا الْاَمَلُ وَهٰذَا اَجَلُهٗ فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ اِذْ جَاءَهُ الْخَطُّ الْاَقْرَبُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چند خطوط کھینچے پھر فرمایا یہ امید ہے اور یہ اس کی مدت ہے اس حالت میں کہ انسان یوں ہی ہوتا ہے کہ نزدیک[۱] والا خط اسے آلیتا ہے[۲] (بخاری)

لے انسان موت والے خط کو دور محسوس کرتا ہے حالانکہ وہ اسے اچانک آلیتا ہے اور امید کے حصول کے بغیر رخصت ہو جاتا ہے۔
۲ے اس حدیث میں اجمالاً تین خطوط کا ذکر آیا مگر تفصیل میں دو کا ذکر ہوا اور دوسرے خطوط جن کا ذکر حدیث اول میں آیا وہ محذوف ہیں اور اظہر یہ ہے کہ اس کا محمل اس حدیث ابو سعید کا مضمون ہے جو دوسری فصل میں آرہی ہے۔

۵۰۲۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهْرَمُ ابْنُ اٰدَمَ وَيَشِبُّ مِنْهُ اثْنَانِ الْحِرْصُ عَلَى الْمَالِ وَالْحِرْصُ عَلَى الْعُمُرِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اور انہی سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان بوڑھا ہو جاتا ہے مگر دو چیزیں جوان ہو جاتی ہیں۔ مال کی حرص[۱] اور عمر کی حرص[۲]۔ (بخاری ومسلم)

لے کثرت مال کی حرص
۲ے عمر کے دراز ہونے کی حرص

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۲؎ یہ دونوں صفات بڑھاپے کے باوجود ختم نہیں ہوتیں کیونکہ آدمی کی جبلت میں شہوات و خواہشات کی محبت ہے اور خواہشات مال اور عمر کے بغیر حاصل نہیں ہوتیں اور بدن کے کمزور ہونے کے ساتھ ساتھ خواہشات کے جوان ہونے کی وجہ یہ ہے کہ قوت عقلیہ جس کی وجہ سے قوت شہوانیہ میں کمزوری آجاتی ہے وہ خود کمزور ہو جاتی ہے اور ان کو دبا نہیں سکتی ۔ سہ

بیخ ہائے خوئے بد محکم شدہ — قوتِ برکندن آں گم شدہ

(برائی کی عادت کی جڑیں محکم ہوگئیں ان کے اکھیڑنے کی قوت ختم ہوگئی)

۵۰۳۹ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَزَالُ قَلْبُ الْكَبِيْرِ شَابًّا فِيْ اثْنَتَيْنِ فِيْ حُبِّ الدُّنْيَا وَطُوْلِ الْأَمَلِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بوڑھے کا دل دو چیزوں میں جوان رہتا ہے دنیا کی محبت اور طول امید میں ۔ (بخاری و مسلم)

۵۰۴۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْذَرَ اللّٰهُ إِلَى امْرِئٍ أَخَّرَ أَجَلَهُ حَتّٰى بَلَغَهُ سِتِّيْنَ سَنَةً ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اور انھی سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس بندے کا عذر نہیں سنتا ۱؎ جس کی موت مؤخر کر دی گئی حتیٰ کہ اسے ساٹھ سال تک پہنچا دیا ۲؎ (بخاری شریف)

۱؎ کیونکہ وہ عذر کی حد سے گزر چکا ہے ۔

۲؎ اتنی عمر دی تاکہ یہ توبہ کرے مگر اس نے توبہ نہ کی اب اس کے بعد عذر کی جگہ کہاں رہی ، جوان کہہ سکتا ہے کہ میں بڑھاپے میں توبہ کروں گا مگر بوڑھا کیا کہہ سکتا ہے ؟ بعض شارحین نے کہا کہ اس فرمان کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس پر لازم فرمایا ہے کہ اس عمر میں توبہ و استغفار کرے اور اس میں ہرگز کوتاہی نہ کرے ۔

۵۰۴۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَالٍ لَابْتَغٰى ثَالِثًا وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اگر انسان کے پاس مال کے دو جنگل ہوں تو وہ تیسرے کی تلاش کرے گا ۱؎ انسان کے پیٹ کو مٹی ۲؎ کے سوا کوئی شے نہیں بھر سکتی اور اللہ اس کی توبہ قبول کر لیتا ہے جو توبہ کرے ۳؎ (بخاری و مسلم)

۱؎ اس کا شکم سیر نہ ہوگا

۲؎ اس سے مراد قبر ہے یعنی جب تک وہ قبر میں نہیں چلا جاتا حرص بڑھتی رہے گی اور یہ اغلب پر حکم ہے ۔

۳؎ ہر اس شخص پر اللہ تعالیٰ رحمت فرمائے جو اس رذیل عمل سے بچنے کی دعا کرے اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے یا اس کا معنی یہ ہے کہ اس مرض مذموم سے جو توبہ کرے گا اس کی توبہ قبول ہوگی کیونکہ یہ ظاہری و باطنی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

معصیت پر توبہ مقبول ہے۔

۵۰۴۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِبَعْضِ جَسَدِیْ فَقَالَ کُنْ فِی الدُّنْیَا کَاَنَّکَ غَرِیْبٌ اَوْ عَابِرُ سَبِیْلٍ وَعُدَّ نَفْسَکَ مِنْ اَھْلِ الْقُبُوْرِ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میرے[۱] جسم پر ہاتھ رکھا اور فرمایا اے ابن عمر! دنیا میں اس طرح رہو جیسے کوئی اجنبی[۲] یا مسافر[۳] اور اپنے آپ کو اہل قبور[۴] میں سے شمار کرو[۵]۔ (بخاری)

[۱] ہاتھ یا کندھا جیسا کہ گفتگو اور نصیحت کے وقت اکثر ہوتا ہے کیونکہ مخصوص حصہ جسم فراموش ہوگیا اس لیے مجمل بیان کر دیا بعض روایات میں ہے کہ آپ نے میرے دونوں کاندھے پکڑے اور فرمایا

[۲] جیسے شہر میں کوئی اجنبی ہوتا ہے۔

[۳] اس میں زیادہ مبالغہ ہے کیونکہ اجنبی کبھی چند دن شہر میں قیام بھی کرتا ہے لیکن چونکہ وہ سفر میں ہوتا ہے اس لیے اس کا دل کسی چیز میں نہیں لگتا۔

[۴] جو قبریں آسودہ حال ہیں اور سب کچھ چھوڑ کر جا چکے ہیں ان کے ساتھ شباہت اختیار کرو اور مردے کے حکم میں ہو جا۔

[۵] اس بات کی شرح تفصیل طلب ہے یہ جاننا ضروری ہے کہ موت کی حقیقت کیا ہے؟ روح کے تصرف کا بدن سے ختم ہو جانا اور بدن سے روح کے خارج ہو جانے کا نام موت ہے مگر بدن کے فنا ہونے سے روح فنا نہیں ہو جاتی، البتہ اس کا حال بدل جاتا ہے چنانچہ اس سے اس کے کان، آنکھیں، زبان، ہاتھ، پاؤں اور تمام اعضاء و حواس سلب ہو جاتے ہیں، اس سے اہل، اولاد، رشتہ دار اور دوست جدا ہو جاتے ہیں۔ اس کے گھوڑے، لشکر، غلام، لونڈی چوپائے، سواریاں، زمین، محلات اور تمام دنیوی اسباب آلات اس سے دور کر دیے جاتے ہیں۔ پس مُردوں میں سے ہونے کا معنی یہ ہے کہ علائق دنیوی اور بدنی سے حتی الامکان قطع تعلق کرایا جائے تاکہ روح، جوارح سے محرمات اور مکروہات کے ارتکاب سے منقطع ہو جائے اور یہ یقین کرے کہ جو کچھ دُنیا میں اس کے دستِ تصرف میں ہے وہ خود اس کا نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ اس کی علامت یہ ہے کہ اس کے گم ہونے سے غمگین نہ ہو اور اس کے پا لینے سے خوش نہ ہو اسی طرح اپنے اہل و عیال، اقارب اور دوستوں سے جُدا ہو جائے کہ ان کی خاطر کسی حرام کا ارتکاب نہ کرے پس جو بندہ ان صفات کے ساتھ متصف ہو جائے گا وہ مُردوں کے مشابہ ہونے کی وجہ سے ان کے حکم میں داخل ہو گا۔ اس کے بعد ان دیگر آداب و شرائط کا تذکرہ ہے جو مُردوں اور صاحبِ قبر لوگوں میں پائے جاتے ہیں۔ ان میں سے ایک توبہ ہے جس کا مطلب اللہ تعالیٰ کے سوا ہر شے سے بالاتر ہونا ہے۔ موت کا معاملہ بھی یہی ہے دوسرا زُہد ہے جس کا معنی دنیا اور اس کی محبت، شہوات و لذات سے باہر نکلنا ہے جیسا کہ موت میں ہوتا ہے تیسری شے توکل ہے یہ بھی موت کی طرح اسباب کی قید سے خارج ہونا ہے۔ چوتھی شے قناعت ہے وہ موت کی طرح خواہشاتِ نفسانیہ سے نکلتا ہے۔ پانچویں توجہ الی اللہ ہے موت کی طرف اللہ کے ماسوا سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

منہ پھیر لینا ہے پس مطلوب، محبوب اور مقصود سوائے اللہ کے کوئی نہیں رکھنا ۔ چھٹی جز صبر ہے مجاہدات کے ذریعہ نفس کی خواہشات سے باہر آنا ہے جیسا کہ موت میں ہے ۔ ساتویں جز رضا ہے نفس کی خوشنودی سے نکل کر اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اس کے احکام کو تسلیم کرنا، اپنے تمام امور کو کامل طور پر اس کے سپرد کرنا اور ہر حال میں اعتراض و سوال نہ کرنا ہے اور موت میں بھی یہی حال ہوتا ہے ۔ آٹھویں چیز ذکر ہے جس کا مطلب یہی ہوتا ہے کہ اپنے مولیٰ کے سوا کسی کی یاد نہ رہے اور موت کا معاملہ بھی یہی ہے ۔ نویں مراقبہ ہے کیونکہ یہ اپنی طاقت و قوت سے باہر آنا ہے جیسا کہ موت میں ہے جب یہ صفات اور حالات حاصل ہو جائیں تو مردوں کے ساتھ مشابہت ہو گی اور ایسے اصحاب قبور میں سے شمار کیا جا سکتا ہے اور آپ کے ارشاد گرامی وَعُدَّ نَفْسَکَ مِنْ اَھْلِ الْقُبُوْرِ کا یہی معنی ہے اور مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا (موت سے پہلے مر جاؤ) کا بھی یہی معنی ہے اور یہی موت اختیاری ہے ۔ شیخ عبدالوہاب المتقی نے رسالہ فضل التوبہ میں اسی طرح ذکر کیا ہے ۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۵۰۴۳ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ مَرَّ بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا وَاُمِّيْ نُطَيِّنُ شَيْئًا فَقَالَ مَا هٰذَا يَا عَبْدَ اللّٰهِ قُلْتُ شَيْءٌ نُصْلِحُهٗ قَالَ الْاَمْرُ اَسْرَعُ مِنْ ذٰلِكَ. رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس سے گزرے میں اور میری والدہ کسی چیز[۱] کو مٹی سے لیپ رہے تھے فرمایا اے عبداللہ! یہ کیا ہے؟ عرض کیا ہم ایک شے[۲] کو درست کر رہے تھے فرمایا وہ کام[۳] اس سے بھی جلد آرہا ہے ۔ (مسند احمد اور ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

۱؎ دیوار یا دروازے کو درست کر رہے تھے

۲؎ دیوار درست کر رہے ہیں

۳؎ جس دنیا کی وجہ سے تم اس کام میں مشغول ہو اور گھر کی اصلاح کر رہے ہو اس نے بڑی تیزی اور جلدی سے چلے جانا ہے ۔

۵۰۴۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُهْرِيْقُ الْمَآءَ فَيَتَمَسَّحُ بِالتُّرَابِ فَاَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الْمَآءَ مِنْكَ قَرِيْبٌ يَقُوْلُ مَا يُدْرِيْنِيْ لَعَلِّيْ لَا اَبْلُغُهٗ. (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَابْنُ الْجَوْزِيِّ فِيْ كِتَابِ الْوَفَاءِ)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بول[۱] مبارک کے بعد تیمم[۲] فرما لیتے تھے ۔ میں عرض کرتا یا رسول اللہ! پانی قریب ہے آپ فرماتے کیا خبر ممکن ہے وہاں تک پہنچ سکوں (شرح السنۃ، الوفا ابن الجوزی)

۱؎ پانی بہانے سے مراد بول ہے

۲؎ وضو کرنے سے پہلے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سلے اتنی دُور نہیں کہ تیمم کیا جائے

سلے شاید عمر وفا نہ کرے کہ وضو کر سکوں تو تیمم کے ذریعے طہارت حاصل کر لیتا ہوں، آپ کا معمول مبارک تھا جیسے وضو ختم ہوتا تو بنا وضو کرنے سے پہلے فی الفور تیمم فرما لیتے تاکہ طہارت حاصل رہے ۔ یاد رہے یہ وہ تیمم نہیں جو پانی نہ ہونے کی بنا پر کیا جاتا ہے اور اس سے نماز ادا کی جاتی ہے ۔

۵۰۴۵/۱۰ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هٰذَا ابْنُ اٰدَمَ وَهٰذَا اَجَلُهٗ وَوَضَعَ يَدَهٗ عِنْدَ قَفَاهُ ثُمَّ بَسَطَ فَقَالَ وَثَمَّ اَمَلُهٗ ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یہ انسان اور یہ اس کی موت[1] ہے اور اپنا دست[2] اقدس اپنی گدی پر رکھا پھر ہاتھ[3] دراز کیا فرمایا اور وہاں اس کی امید[4] ہے ۔

(ترمذی)

سلے قریب ترین

سلے مخصوص انداز میں سمجھانے کے لیے ایسا کیا کہ موت انسان کے پیچھے اور نہایت ہی قریب ہے ۔ صراح میں قفا کا معنی سر کے پچھلے حصے کے ہیں ۔

سلے گردن سے دور کیا تاکہ اُمید و ہوا کی طوالت واضح ہو

سلے موت قریب لیکن خواہش اور اُمید دُور

۵۰۴۶/۱۱ وَعَنْ اَبِي سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَرَزَ عُوْدًا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاٰخَرَ اِلٰى جَنْبِهٖ وَاٰخَرَ اَبْعَدَ فَقَالَ اَتَدْرُوْنَ مَا هٰذَا قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ هٰذَا الْاِنْسَانُ وَهٰذَا الْاَجَلُ اُرَاهُ قَالَ وَهٰذَا الْاَمَلُ فَيَتَعَاطَى الْاَمَلَ فَلَحِقَهُ الْاَجَلُ دُوْنَ الْاَمَلِ ۔

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک لکڑی سامنے گاڑی دوسری اس کے[1] برابر اور تیسری اس سے بہت دور پھر فرمایا تم جانتے ہو یہ کیا[2] ہے؟ عرض کیا اللہ اور اس کا رسول خوب بہتر جانتے ہیں فرمایا یہ انسان[3] ہے اور یہ موت ہے میرے[4] خیال میں یہ فرمایا کہ یہ اُمید[5] ہے انسان امیدوں میں مشغول رہتا کہ اسے امید سے پہلے موت[6] آلیتی ہے ۔

(شرح السنۃ)

سلے پہلی لکڑی کے پہلو میں

سلے یہ مثال کس کی ہے ؟

سلے پہلی لکڑی انسان اور جو دوسری متصل ہے وہ موت ہے ۔

سلے حضرت ابو سعید خدری کہتے ہیں

شہ یہ تیسری لکڑی

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

لے موت آجاتی ہے حالانکہ امید برائی نہیں ہوتی۔

۵۰۴۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عُمُرُ اُمَّتِیْ مِنْ سِتِّیْنَ سَنَةً اِلٰی سَبْعِیْنَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)
١٢

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا میری امت کی عمر ساٹھ ستر[1] سال کے درمیان ہو گی۔
(ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

لے اکثر طور پر یہ عمر ہے بعض اوقات اس سے بڑھ بھی جاتی ہے جیسا کہ اگلی حدیث میں آرہا ہے۔

۵۰۴۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَعْمَارُ اُمَّتِیْ مَا بَیْنَ السِّتِّیْنَ اِلٰی سَبْعِیْنَ وَاَقَلُّهُمْ مَنْ یَّجُوْزُ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ) وَذُكِرَ حَدِیْثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّیْرِ فِیْ بَابِ عِیَادَةِ الْمَرِیْضِ۔
١٣

انہی سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت کی عمر ساٹھ ستر سال کے درمیان ہے کچھ لوگ آگے بڑھیں گے۔
(ترمذی، ابن ماجہ اور حضرت عبداللہ بن شخیر[1] کی حدیث باب عیادۃ المریض میں بیان کر دی گئی ہے)

لے اَلشِّخِّیْر، شین کے نیچے زیر خاء پر شد اور یا ساکن

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۵۰۴۹ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَوَّلُ صَلَاحِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ الْیَقِیْنُ وَالزُّهْدُ وَاَوَّلُ فَسَادِهَا الْبُخْلُ وَالْاَمَلُ۔
١٤
(رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا اس امت کی پہلی درستگی یقین[1] اور زہد ہے اور اس کا پہلا فساد بخل[2] اور امید کا لمبا ہونا ہے۔
(بیہقی شعب[3] الایمان)

لے اس بات کا یقین کہ رازق اللہ ہے اور اس نے رزق پہنچانے کی ضمانت دی ہوئی ہے اور اس کے ساتھ دنیا سے بے رغبتی ہو جب اللہ تعالٰی کی رزاقیت پر یقین ہو گا تو بخل نہیں کرے گا کیونکہ بخل کی وجہ یہی ہے کہ شاید اللہ کی طرف سے رزق ملے یا نہ ملے اگر میں نے مال خرچ کر دیا تو پھر کہاں سے کھاؤں گا اور جب انسان زہد کرتا ہے تو دنیا میں طویل آرزوئیں قائم نہیں کرتا اسی وجہ سے آگے فرمایا کہ پہلا فساد بخل اور طول اَمل ہے۔

٢ے مال خرچ کرنے میں بخل اور طویل آرزو رکھنا کیونکہ اس کا علاج اللہ کی رزاقیت پر یقین اور دنیا سے بے رغبتی تھا جو مفقود ہو گیا۔

٣ے شیخ اجل عارف باللہ عبدالوہاب المتقی رحمۃ اللہ علیہ اپنے رسالے "الحبل المتین فی تحصیل الیقین" میں فرماتے ہیں کہ اعتقاد جب حد جزم کو پہنچے اور دلیل و برہان سے اس طرح مزین ہو کہ اثبات حق کرے اسے حکماء و متکلمین کی اصطلاح میں

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

یقین کہتے ہیں اور صوفیہ کے نزدیک جب تک تصدیق دل پر اس طرح قبضہ و غلبہ حاصل نہ کرے کہ دہی متصرف و حاکم ہو جو چیز موافق و مناسب ہو اس کی خواہش کرے اور منافی و مخالف ہو اس میں رکاوٹ و مانع ہو اس وقت تک اسے یقین نہیں کہا جاتا مثلاً موت کے آنے کا یقین ہر ایک کو حاصل ہے لیکن وہ شخص جس کے دل پر موت کی یاد کا یہ اثر و غلبہ ہو کہ طاعات کی بجا آوری اور معاصی کے ترک پر دل کو تیار کر کے موت کے لیے تیاری کرے تو وہ صاحب یقین ہوگا اگرچہ وہ ہر چیز جس کی خبر رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دی ہے اس پر یقین رکھنا ضروری ہے مگر چار اصول ایسے ہیں جن پر سالک کے لیے یقین کے سوا کوئی چارہ نہیں ۔ اول توحید۔ اس بات پر یقین کہ جو کچھ واقع ہو رہا ہے وہ تمام اللہ تعالیٰ کی قدرت کی وجہ سے ہے دوم توکل و بھروسہ کہ اللہ تعالیٰ نے رزق کی ضمانت دی ہے ۔ سوم اس بات پر یقین کہ اچھے و برے اعمال پر ثواب و عتاب ہوگا ۔ چہارم اس پر یقین رکھنا کہ بندے کے ہر حال پر ہر وقت مطلع ہے توحید پر یقین کا فائدہ یہ ہے کہ مخلوق کی طرف توجہ نہیں جاتی ۔ حصولِ رزق کے یقین کا فائدہ یہ ہے کہ مال کی طلب میں عمدہ طریقہ اختیار کرے گا اور اس کے حاصل نہ ہونے پر افسوس نہیں ہوگا ۔ اعمال کی جزا و سزا پر یقین کا فائدہ یہ ہے طاعت کا شوق اور معصیت سے چھٹکارا مل جاتا ہے اللہ تعالیٰ کا تمام احوالِ بندہ سے آگاہ ہونے پر یقین کا فائدہ یہ ہے کہ بندہ اپنے ظاہر و باطن کی خوب اصلاح کرے گا (کلام شیخ کا خلاصہ ختم ہوا) ۔

حدیث میں اللہ تعالیٰ کے رازق ہونے پر کامل توکل اور یقین مراد ہے جیسے کہ ہم نے بیان کیا کیونکہ اس کے مقابل کا تذکرہ ہے اللہ تعالیٰ کی رزاقیت اور رزق کے ملنے پر یقین رکھنا اور اس کی ضمانت پر بھروسہ رکھنا راہِ حق کے سالک کے لیے ایسی منزل ہے جس کے بغیر چارہ نہیں کیونکہ فراغت برائے عبادت اسی پر موقوف ہے ۔ امام قطب وقت شیخ ابو الحسن شاذلی رحمہ اللہ نے فرمایا اکثر طور پر دو چیزیں خالق اور مخلوق کے درمیان حجاب بنتی ہیں ، غمِ رزق ، خوفِ خلق اور ان میں سے غمِ رزق شدید تر ہے ۔

۵۰۵۰ وَعَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ قَالَ لَيْسَ الزُّهْدُ فِي الدُّنْيَا بِلُبْسِ الْغَلِيظِ وَالْخَشِنِ وَاَكْلِ الْجَشِبِ اِنَّمَا الزُّهْدُ فِي الدُّنْيَا قِصَرُ الْاَمَلِ ۔
(رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ دنیا سے زہد موٹا اور کھردرا کپڑا پہننا اور سالن کے بغیر طعام کا کھاناؔ[1] بلکہ زہد امیدوں کا مختصر ہونا ہے ۔
(شرح السنۃ) ۔

[1] بے مزہ کھانا، "جَشِبٌ" جیم پر زبر، شین کے نیچے زیر، بے مزہ اور خشک کھانا بعض نے کہا سالن کے بغیر کھانا ۔

۵۰۵۱ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ الْحُسَيْنِ قَالَ سَمِعْتُ مَالِكًا وَسُئِلَ اَيُّ شَيْءٍ الزُّهْدُ فِي الدُّنْيَا قَالَ طِيبُ الْكَسْبِ وَقِصَرُ الْاَمَلِ ۔
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت زید بن حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا حالانکہ ان سے سوال ہوا تھا کہ دنیا سے زہد کیا ہے؟ فرمایا حلال کمائی اور چھوٹی امید ہے (بیہقی شعب الایمان)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

لے امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دوستوں میں سے ہیں ۔

۳۳۲- بَابُ اِسْتِحْبَابِ الْمَالِ وَالْعُمُرِ وَالطَّاعَةِ

اطاعت کیلیے مال اور عمر کا بہتر ہونا

استحباب کا معنی اچھا و بہتر جاننا ہے ۔ صراح میں مال خواستہ کا معنی مال جمع کرنا ہے اور لفظ مال مَیْلٌ سے مشتق ہے ۔ آدمی طبعًا اس کی طرف مائل ہوتا ہے ۔ عُمر ، عین پر فتحہ اور ضمہ دونوں جائز ہیں ۔ زندگی اور زندہ رہنا عین اور میم دونوں پر پیش بھی پڑھا گیا ہے ۔ محل قسم میں فتحہ پڑھنا افصح ہے ۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ — پہلی فصل

۵۰۵۲ عَنْ سَعْدٍ[۱] قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعَبْدَ التَّقِيَّ الْغَنِيَّ الْخَفِيَّ ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَذُكِرَ حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ لَا حَسَدَ اِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ فِيْ بَابِ فَضَائِلِ الْقُرْاٰنِ ۔

حضرت سعد[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا[۲] اللہ تعالیٰ پرہیزگار، مستغنی[۳] اور مخفی بندے[۴] کو پسند فرماتا ہے (مسلم) وہ حدیث ابن عمر جس میں ہے کہ رشک[۵] دو افراد پر کیا جا سکتا ہے ۔ فضائل قرآن کے باب میں بیان کر دی گئی ہے)

لے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ

لے جس میں یہ تین صفات ہوں ۔

لے مال سے غنی ، یا دل کا غنی ، حدیث کا اس باب میں لانا اس بات پر قرینہ ہے کہ یہاں غنا سے غنا بالمال مراد ہے

لکھ جو عبادت الٰہی کے لیے مخلوق سے الگ گوشہ نشین ہو کیونکہ جب وہ مخلوق سے احتیاجی اور نیاز نہیں رکھتا تو وہ

تنہا ہو کر اپنے مولیٰ کے حضور حاضر ہوگا خفی کی جگہ حفی حا کے ساتھ روایت ہے جس کا معنی مہربان اور نیکی کرنے والے کے ہیں اور یہ معنی غنی کے زیادہ مناسب ہے ۔ مصابیح کے بعض نسخوں میں النقی کے بعد النقی ہے ۔ جس کا معنی پاک اور نظیف ہے ۔

ھے جس کے ابتدائی الفاظ یہ ہیں ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۵۰۵۳ عَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَیُّ النَّاسِ خَیْرٌ قَالَ مَنْ طَالَ عُمُرُہٗ وَحَسُنَ عَمَلُہٗ قَالَ فَاَیُّ النَّاسِ شَرٌّ قَالَ مَنْ طَالَ عُمُرُہٗ وَسَاءَ عَمَلُہٗ۔
(رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت ابوبکرہ[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ایک آدمی نے رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا کون سا آدمی اچھا ہے؟ فرمایا وہ شخص جس کی عمر لمبی اور اعمال اچھے ہوں۔ عرض کیا بُرا کون سا ہے؟ فرمایا جس کی عمر دراز اور عمل برے ہوں[۲]
(مسند احمد، ترمذی، دارمی)

[۱] یہ مشہور صحابی ہیں ان کا تعلق طائف سے ہے، ان کے احوال کا تذکرہ متعدد جگہ ہوا ہے۔
[۲] یہ اکثر کا اعتبار کرتے ہوئے ہے جہاں عمل اور برائی برابر ہو وہاں ایک وجہ خیر ہے اور ایک وجہ شر کی ہے اور ایسی صورت نہایت ہی کم ہوتی ہے۔

۵۰۵۴ وَعَنْ عُبَیْدِ بْنِ خَالِدٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اٰخٰی بَیْنَ رَجُلَیْنِ فَقُتِلَ اَحَدُھُمَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ثُمَّ مَاتَ الْاٰخَرُ بَعْدَہٗ بِجُمُعَۃٍ اَوْ نَحْوِھَا فَصَلَّوْا عَلَیْہِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا قُلْتُمْ قَالُوْا دَعَوْنَا اللّٰہَ اَنْ یَّغْفِرَ لَہٗ وَیَرْحَمَہٗ وَیُلْحِقَہٗ بِصَاحِبِہٖ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَیْنَ صَلٰوتُہٗ وَعَمَلُہٗ بَعْدَ عَمَلِہٖ اَوْ قَالَ صِیَامُہٗ بَعْدَ صِیَامِہٖ۔ لَمَا بَیْنَھُمَا اَبْعَدُ مِمَّا بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت عبید بن خالد[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو اشخاص کے درمیان بھائی چارہ قائم[۲] فرمایا: ان میں سے ایک اللہ کی راہ میں شہید ہو گیا پھر تقریباً ایک ہفتہ بعد دوسرا آدمی فوت ہو گیا لوگوں نے اس پر نماز ادا کی۔ اس پر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پوچھا تم نے کیا دعا کی ہے عرض کیا ہم نے اللہ سے عرض کیا کہ اسے بخش دے اس پر رحم کر اور اسے اس کے ساتھی کے ساتھ ملا دے فرمایا پھر اس شہید کے بعد اس کی نمازوں اور اس کے اعمال[۳] یا فرمایا شہید کے روزوں کے بعد اسکے روزے کہاں گئے؟ فرمایا: ان کے درمیان کا فاصلہ آسمان و زمین کے فاصلے[۴] سے زیادہ ہے[۵]
(ابوداؤد، نسائی)

[۱] ان کی کنیت ابو عبداللہ اسلمی ہے مہاجر صحابی ہیں کوفہ میں رہائش پذیر رہے۔
[۲] جیسا کہ منقول ہے کہ آپ نے ایک دفعہ مہاجرین کے درمیان مواخات فرمائی اور دوسری دفعہ مہاجرین اور انصار کے درمیان۔
[۳] راوی کو شک ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

[7] جنت میں اور قرب الٰہی میں ان کے درمیان آسمان وزمین کے فاصلہ سے بھی زیادہ ہے۔

[8] یہاں ایک اشکال پیدا ہوتا ہے کہ ایک ہفتہ بعد فوت ہونے والا کیسے بلند ہو گیا حالانکہ شہادت کا مقام نہایت ہی بلند ہے خصوصاً حضور علیہ السلام کی ظاہری حیات میں جب دعوت دینا وہاں ابتدائی مرحلہ تھا اور معاون بھی نہایت ہی تھوڑے تھے جواب اس کا یہ ہے کہ دوسرا شخص بھی مجاہد تھا اور راہِ خدا میں نیتِ شہادت سے سرشار تھا پس اس کی نیت کی وجہ سے اسے یہ مقام نصیب ہو گیا۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خصوصاً جانتے تھے کہ اس شخص کے اعمال اس شہید سے اس لیے زیادہ ہیں کہ اس میں اخلاص، معرفت وعقل زیادہ ہے یا اس کی شہادت کے بعد اس نے کوئی ایسا عمل کیا جو اس سے بہتر تھا یہ ضابطہ نہیں کہ ہر شہید غیر شہید پر ہمیشہ فوقیت رکھتا ہے بلکہ بعض اوقات غیر شہید، شہید سے افضل ہوتا ہے اس پر دلیل یہ ہے کہ سیدنا ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ دیگر شہداء صحابہ سے افضل ہیں۔ (کذا قالوا)۔

۵۰۵۵ وَعَنْ اَبِیْ كَبْشَةَ الْاَنْمَارِیِّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ ثَلٰثٌ اُقْسِمُ عَلَيْهِنَّ وَاُحَدِّثُكُمْ حَدِيْثًا فَاحْفَظُوْهُ فَاَمَّا الَّذِیْ اُقْسِمُ عَلَيْهِنَّ فَاِنَّهٗ مَا نَقَصَ مَالُ عَبْدٍ مِّنْ صَدَقَةٍ وَلَا ظُلِمَ عَبْدٌ مَّظْلِمَةً صَبَرَ عَلَيْهَا اِلَّا زَادَهُ اللّٰهُ بِهَا عِزًّا وَّلَا فَتَحَ عَبْدٌ بَابَ مَسْئَلَةٍ اِلَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ وَّاَمَّا الَّذِیْ اُحَدِّثُكُمْ فَاحْفَظُوْهُ فَقَالَ اِنَّمَا الدُّنْيَا لِاَرْبَعَةِ نَفَرٍ عَبْدٌ رَزَقَهُ اللّٰهُ مَالًا وَّعِلْمًا فَهُوَ يَتَّقِیْ فِيْهِ رَبَّهٗ وَيَصِلُ رَحِمَهٗ وَيَعْمَلُ لِلّٰهِ فِيْهِ بِحَقِّهٖ فَهٰذَا بِاَفْضَلِ الْمَنَازِلِ وَعَبْدٌ رَزَقَهُ اللّٰهُ عِلْمًا وَّلَمْ يَرْزُقْهُ مَالًا فَهُوَ صَادِقُ النِّيَّةِ يَقُوْلُ لَوْ اَنَّ لِیْ مَالًا لَعَمِلْتُ بِعَمَلِ فُلَانٍ فَاَجْرُهُمَا سَوَآءٌ وَعَبْدٌ رَزَقَهُ اللّٰهُ مَالًا وَّلَمْ يَرْزُقْهُ عِلْمًا فَهُوَ يَتَخَبَّطُ فِیْ مَالِهٖ بِغَيْرِ عِلْمٍ لَا يَتَّقِیْ فِيْهِ رَبَّهٗ وَلَا يَصِلُ فِيْهِ رَحِمَهٗ وَلَا يَعْمَلُ فِيْهِ بِحَقٍّ فَهٰذَا بِاَخْبَثِ الْمَنَازِلِ وَعَبْدٌ لَّمْ

حضرت ابوکبشہ[1] انماری[2] رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا تین باتوں پر میں قسم کھاتا ہوں[3] اور ایک بات کی تمھیں خبر دیتا ہوں اسے یاد رکھو وہ تین باتیں قسم والی یہ ہیں کسی بندے کا مال صدقہ[4] سے نہیں گھٹتا، ہر وہ ظلم[5] جس پر صبر کیا جائے اللہ تعالیٰ اس سے عزت[6] میں اضافہ کرتا ہے جب بھی کوئی بندہ مانگنے کی عادت بناتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر فقر کا دروازہ کھول دیتا ہے وہ بات جس کی خبر دیتا ہوں اور اسے یاد رکھنا یہ ہے کہ دنیا چار[7] اشخاص کے لیے ہے ایک وہ بندہ جسے اللہ تعالیٰ مال اور علم[8] دونوں دے تو وہ اللہ تعالیٰ سے[9] ڈرتا ہے رشتہ داروں سے حسنِ سلوک کرتا ہے اور اس میں ان کے حق کے مطابق عمل[10] کرتا ہے یہ اعلیٰ درجات میں ہے ایک وہ بندہ جسے اللہ نے علم[11] دیا مال نہ دیا لیکن اس کی نیت اچھی ہے وہ کہتا ہے اگر[12] میرے پاس مال ہوتا تو میں فلاں[13] کے لیے کام کرتا ان دونوں کا ثواب برابر[14] ہے تیسرا وہ بندہ جسے اللہ نے مال دیا اور علم[15] نہ دیا تو وہ اپنے مال میں بغیر علم[16] کے غلط ملط ہی کرتا ہے اس میں اپنے رب سے نہیں ڈرتا رشتہ داروں سے حسنِ سلوک نہیں کرتا اور نہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

يَرْزُقْهُ اللّٰهُ مَالًا وَّلَا عِلْمًا فَهُوَ يَقُوْلُ لَوْ أَنَّ لِيْ مَالًا لَعَمِلْتُ فِيْهِ بِعَمَلِ فُلَانٍ فَهُوَ بِنِيَّتِهٖ وَوِزْرُهُمَا سَوَآءٌ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ)

اس میں حق کے مطابق عمل کرتا تو یہ خبیث ترین درجہ ہے چوتھا وہ بندہ ہے جسے اللہ نے نہ مال دیا نہ علم اور وہ کہتا ہے کہ اگر میرے پاس مال ہوتا تو فلاں کی طرح کام کرتا تو اسے نیت پر ملے گا اور ان دونوں کا گناہ برابر ہے (ترمذی نے روایت کیا اور کہا یہ حدیث صحیح ہے)

۱؎ کاف پر زیر، با ساکن
۲؎ ہمزہ پر زبر، نون ساکن، ان کا نام عمرو بن سعد ہے بعض کے نزدیک سعد بن عمرو اور بعض کے نزدیک عامر بن سعد ہے یہ شام میں رہے اور وہاں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ آئے تھے۔
۳؎ کیونکہ وہ حق ہیں۔
۴؎ اگرچہ بظاہر صدقہ سے نقصان ہوتا ہے مگر وہ دنیا میں موجب خیر و بھلائی اور برکت اور آخرت میں ثواب کے حصول کا ذریعہ ہونے کی وجہ سے زیادتی اور اضافہ کا ذریعہ ہے نہ کہ نقصان کا۔
۵؎ جو اس سے ظلماً مال چھینا
۶؎ مظلمہ۔ میم پر زبر، لام کے نیچے کسرہ، فتحہ بھی آیا ہے مصدر ہے اس کا معنی ظلم کرنا اور اس مال کو بھی کہا جاتا ہے جو ظلماً حاصل کیا جائے۔
۷؎ احوال دنیا ان چار مراتب میں منحصر ہے۔
۸؎ کہ اس مال کو کیسے کمائے اور کتنا خرچ کرتا ہے اور مصارف خیر سے آگاہ ہوتا ہے۔
۹؎ اس مال کے حصول اور خرچ کرنے میں وہ اللہ تعالیٰ کے حرام کردہ اور ناپسند عمل کو پسند نہیں کرتا۔
۱۰؎ یعنی وہ حقوق اس مال سے متعلق ہیں مثلاً زکوٰۃ، کفارات، مہمان نوازی اور صدقہ کرنا یا اللہ تعالیٰ کے ان حقوق میں خرچ کرنا ہے جن کا اسی نے حکم دیا ہے۔
۱۱؎ جن کی بناء پر وہ حسن اتفاق اور مصارفِ خیر اور نیکی کی راہوں پر خرچ کرنے سے آگاہ ہو۔
۱۲؎ وہ اپنے علم کے تقاضے کے مطابق نیت صالح رکھنے والا ہے اور بھی وجودِ مال کی آرزو رکھتا ہے۔
۱۳؎ میں بھی وہ عمل کروں جو فلاں صاحب تقویٰ نے کیا. یعنی صلہ رحمی کرتا اور مال کے حقوق ادا کروں گا۔
۱۴؎ اس لیے کہ اگرچہ پہلے شخص نے عملاً انفاق کیا ہے مگر دوسرے کی ... صالح تھی جس کی وجہ سے وہ اجر کا مستحق ٹھہرا۔
۱۵؎ جس کے ذریعے میں تقویٰ اور مال کے حقوق و مصارف سے آگاہ ہوتا۔
۱۶؎ یہ بغیر علم کے خرچ کرتا ہے نہ خیر کا علم نہ شر کا، لہٰذا غیر حق میں خرچ کرتا۔ جیسا کہ آگے اس کی نشان دہی کردی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

؏ ۱۰ میں فلاں کی طرح اسراف وانزاف کرتا۔

؏ ۱۱ یہاں نیت سے "عزم مصمم" ہے کیونکہ معصیت کے عزم پر گرفت ہے۔ عزم کا معنی یہ ہے کہ کام کے لیے کوشش کرنا ہے اس آدمی کی طرف سے کوئی رکاوٹ نہیں اس کے باوجود وہ کام کر نہیں سکا اگر قدرت پالیتا تو بغیر کسی توقف کے وہ کام کر گزرتا۔ مثلاً ایک شخص نے زنا کا عزم کیا تو اس پر گرفت ہوگی اگرچہ عزم زنا، زنا نہیں مگر گناہ تو ہے۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ اولاً دل میں شیطان کی طرف وساوس بلا اختیار آتے ہیں ان کو "ہاجس" کہا جاتا ہے اس پر مواخذہ نہیں، جب دل میں اس طرح بیٹھ جائیں کہ وہ دل میں تحریک پیدا کرلیں تو ان کو "خاطر" کہا جاتا ہے۔ اس امت مرحومہ محمدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خواطر پر معافی ہے اور اس پر بھی مواخذہ نہیں اور یہ اس امت کا خاصہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے عطا فرمایا ہے اس کے بعد "ہم" کا درجہ ہے جو فعل کا مقصد ہوتا ہے۔ نیکیوں میں محض قصد و نیت پر بھی کامل نیکی کا ثواب ملتا ہے لیکن سیاست میں ایسا نہیں۔ اس کے بعد عزم کا درجہ ہے جس کا ذکر آیا ہے اس پر مواخذہ ہوگا جیسا کہ پہلے بیان ہوا۔

۵۰۵۶ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی اِذَا اَرَادَ بِعَبْدٍ خَیْرًا اِسْتَعْمَلَہٗ فَقِیْلَ وَکَیْفَ یَسْتَعْمِلُہٗ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ یُوَفِّقُہٗ بِعَمَلٍ صَالِحٍ قَبْلَ الْمَوْتِ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کی بھلائی چاہتا ہے تو اس سے کام لیتا ہے! عرض کیا گیا یا رسول اللہ! وہ کیسے کام لیتا ہے؟ فرمایا اسے موت سے پہلے نیک اعمال کی توفیق دیتا ہے؏ ۱

(ترمذی)

؏ ۱ اس حدیث سے زندگی کی فضیلت واضح ہو رہی ہے کیونکہ اعمال نیک اسی میں کیے جا سکتے ہیں۔

۵۰۵۷ وَعَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْکَیِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَہٗ وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْعَاجِزُ مَنْ اَتْبَعَ نَفْسَہٗ ھَوَاھَا وَتَمَنّٰی عَلَی اللّٰہِ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت شداد بن اوس؏ ۱ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عقل مند وہ ہے جو اپنے نفس کو فرمانبردار کرالے اور بعد الموت کے لیے تیاری کرے۔ عاجز وہ ہے جو اپنے آپ کو خواہشات؏ ۲ کے تابع کردے اور اللہ؏ ۳ سے آرزو رکھے؏ ۴

(ترمذی، ابن ماجہ)

؏ ۱ یہ حضرت حسان بن ثابت کے بھائی کے بیٹے ہیں انہیں اور ان کے والد دونوں کو حضور کی صحبت میسر آئی، بیت المقدس میں رہے ان کا شامی صحابہ میں شمار ہوتا ہے۔

؏ ۲ نفس جن محرمات اور شہوات کی خواہش کرے اس کی اتباع کرے، دست شہوت میں عاجز ہو اور نفس کا قیدی۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۳ باوجود نافرمانی اور اللہ کی تعلیمات کی خلاف ورزی کرنے کے توبہ و استغفار نہیں کرتا صرف خواہش و آرزو رکھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ بخش دے گا۔

۴ شیخ ابن عباد سنا ذلی رحمۃ اللہ علیہ شرح حکم میں فرماتے ہیں کہ اہل معرفت نے کہا ہے کہ وہ جھوٹی امید جو آدمی کو مغرور کر دے، عمل سے غافل کر دے اور گناہوں پر دلیر بنا دے حقیقۃً امید ہے ہی نہیں بلکہ شیطان کی طرف سے فریب دھوکہ ہے حضرت معروف کرخی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا عمل کے بغیر جنت کی طلب بھی گناہ ہے۔ بغیر کسی تعلق و سبب کے شفاعت کی امید رکھنا فریب کے سوا کچھ نہیں۔ فرمانبرداری نہ کرتے ہوئے رحمت کی امید رکھنا جہالت و بے وقوفی ہے امام حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اگر کوئی قوم صرف اس آرزو پر دنیا سے رخصت ہو جائے کہ اللہ بخشنے والا ہے حالانکہ انھوں نے نیکی نہیں کی تو ان کے بارے میں یہ گمان کرنا کہ اللہ تعالیٰ معاف فرما دے گا جھوٹ ہوگا اگر وہ اپنی اعلیٰ آرزو کے قائل ہوتے تو نیک عمل کرتے اور فرمایا اے اللہ کے بندو! ایسی باطل آرزوؤں سے دور رہو جو احمقوں کا طریقہ ہے اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ بندے کی ان باطل آرزوؤں پر نہ دنیا میں کچھ دیتا ہے اور نہ آخرت میں، حضرت عمر بن منصور نے ایک دوست کو لکھا تو اپنی عمر کی درازگی چاہتا ہے برے کاموں کے ساتھ تو اللہ تعالیٰ سے آرزو رکھتا ہے ہوش کر کہ تو ٹھنڈا لوہا کوٹ رہا ہے (یعنی بے فائدہ کام کر رہا ہے اللہ تعالیٰ ہمیں اس سے محفوظ رکھے)

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۵۰۵۸ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ کُنَّا فِیْ مَجْلِسٍ فَطَلَعَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَلٰی رَأْسِہٖ اَثَرُ مَآءٍ فَقُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ نَرَاکَ طَیِّبَ النَّفْسِ قَالَ اَجَلْ قَالَ ثُمَّ خَاضَ الْقَوْمُ فِیْ ذِکْرِ الْغِنٰی فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا بَأْسَ بِالْغِنٰی لِمَنِ اتَّقَی اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ وَالصِّحَّۃُ لِمَنِ اتَّقٰی خَیْرٌ مِّنَ الْغِنٰی وَطِیْبُ النَّفْسِ مِنَ النَّعِیْمِ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

ایک صحابی رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیان کرتے ہیں کہ ہم ایک مجلس میں بیٹھے تھے، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تشریف آوری ہوئی۔ آپ کے سر اقدس پر پانی کا اثر تھا[1]۔ عرض کیا یا رسول اللہ! ہم آپ کو نہایت ہی مسرور دیکھ رہے ہیں فرمایا ہاں! پھر لوگوں نے غنا کی باتیں شروع کر دیں[2]۔ فرمایا مالداری میں اس کے لیے کوئی حرج نہیں جو اللہ سے ڈرے[3]۔ متقی کے لیے مالداری سے تندرستی بہتر ہے اور دل کی خوشی نعمتوں میں سے ہے[4]۔ (مسند احمد)

۱ تازہ غسل فرمایا ہوا تھا اور آپ کا حسن و جمال اپنے کمال پر تھا۔

۲ یہ اچھی ہوتی ہے یا بری

۳ کیونکہ مالدار شاکر کا درجہ بلند ہے

۴ اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر واجب ہے اور بندے سے اس نعمت کے بارے میں بھی سوال ہوگا، قرآن مجید میں ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ثُمَّ لَتُسْأَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيمِ ۝ (پھر ضرور اس دن ہر نعمت کے بارے میں تم سے سوال کیا جائے گا۔

۵۰۵۹ / ۸ وَعَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ قَالَ كَانَ الْمَالُ فِيمَا مَضَى يُكْرَهُ فَأَمَّا الْيَوْمَ فَهُوَ تُرْسُ الْمُؤْمِنِ وَقَالَ لَوْلَا هٰذِهِ الدَّنَانِيرُ لَتَمَنْدَلَ بِنَا هٰؤُلَاءِ الْمُلُوكُ وَقَالَ مَنْ كَانَ فِي يَدِهٖ مِنْ هٰذِهٖ شَيْءٌ فَلْيُصْلِحْهُ فَإِنَّهٗ زَمَانٌ إِنِ احْتَاجَ كَانَ أَوَّلَ مَنْ يَبْذُلُ دِينَهٗ وَقَالَ الْحَلَالُ لَا يَحْتَمِلُ السَّرَفَ۔

(رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا، گذشتہ دور میں مال ناپسند[۱] تھا لیکن آج مال مومن کی ڈھال ہے فرمایا اگر آج ہمارے پاس یہ دینار نہ ہوتے تو یہ حکمران ہم کو رومال بنا[۲] لیتے۔ فرمایا جس کے پاس دولت ہو وہ اسے محفوظ کرے، بڑھائے کیونکہ یہ وہ زمانہ ہے اگر کوئی محتاج ہو جائے تو جو پہلی چیز وہ خرچ کرتا ہے وہ دین ہے فرمایا حلال مال میں[۳]۔ فضول خرچی کی گنجائش نہیں۔

(شرح السنہ)

[۱] کیونکہ اس دور کے لوگوں کا امتیازی وصف دنیا سے بے نیازی اور قناعت تھی وہ اتنی روزی پر قناعت کر لیتے تھے انھیں زیادہ دوڑ دھوپ اور شاہانِ وقت اور امراء کے دربار میں جائے بغیر اتنی روزی مل جاتی تھی جس سے وہ جسم و جان کا رشتہ برقرار رکھ سکتے تھے۔ اسی لیے سلاطین اور امراء کی طرف سے انھیں مصیبت اور ذلت سے دوچار ہونا نہیں پڑتا تھا۔

[۲] جبکہ زہد و قناعت کا معاملہ دگرگوں ہو چکا ہے تو مال ایک ایسا ذریعہ ہے جس کی وجہ سے آدمی ان بادشاہوں اور امراء کے درباروں کے چکر لگانے سے محفوظ رہے گا جس کی وجہ سے ذلت و رسوائی حاصل ہوتی ہے۔

[۳] ہمیں ذلیل کرتے " رَمنديل": میم پر زبر اور ذبر وہ ٹکڑا (چھوٹا تولیہ) جس کے ساتھ ہاتھ صاف کرتے ہیں اس سے مراد نہایت ہی ذلت و خواری ہے۔

[۴] مالِ حلال میں اسراف نہیں کرنا چاہیے بلکہ محفوظ رکھا جائے اور بوقت ضرورت اسے خرچ کیا جائے تاکہ دین قائم رہے یا مراد یہ ہے کہ مال حلال کم ہی ہوتا ہے اس لیے اس میں اسراف کیا ہی نہیں جا سکتا۔

۵۰۶۰ / ۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَادِي مُنَادٍ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ أَيْنَ أَبْنَاءُ السِّتِّينَ وَهُوَ الْعُمُرُ الَّذِي قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَا يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَاءَكُمُ النَّذِيرُ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسالتمآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: روز قیامت آواز دینے والا آواز دے[۱] گا ساٹھ سالہ لوگ کہاں ہیں[۲]؟ یہ عمر وہ ہے جس کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا[۳] ہے کیا ہم نے تم کو اس قدر عمر نہ دی جس میں نصیحت پکڑنے والا نصیحت پکڑے اور تمھارے پاس ڈرانے والے آئے[۴]

(بیہقی، شعب الایمان)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

[1] وہ فرشتہ جسے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہوگا۔
[2] وہ لوگ جن کی عمر دنیا میں ساٹھ سال تھی اس کو سال عمر کے ساتھ نسبت دیتے ہیں جیسا کہ کہتے ہیں کہ "مَاتَ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانِيْنَ اَوْ تِسْعِيْنَ" فلاں شخص اسی یا نوے سال کی عمر میں فوت ہوا۔
[3] اس آیت میں
[4] اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جب تک پیغمبر اور شریعت نہیں آئے گی بعض عقل کی بناء پر مواخذہ نہیں ہوتا۔

۵۰۶۱/۱۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ اِنَّ نَفَرًا مِّنْ بَنِيْ عُذْرَةَ ثَلٰثَةً اَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَسْلَمُوْا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّكْفِيْنِيْهِمْ قَالَ طَلْحَةُ اَنَا فَكَانُوْا عِنْدَهٗ فَبَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْثًا فَخَرَجَ فِيْهِ اَحَدُهُمْ فَاسْتُشْهِدَ ثُمَّ بَعَثَ بَعْثًا فَخَرَجَ فِيْهِ الْاٰخَرُ فَاسْتُشْهِدَ ثُمَّ مَاتَ الثَّالِثُ عَلٰى فِرَاشِهٖ قَالَ قَالَ طَلْحَةُ فَرَاَيْتُ هٰؤُلَاءِ الثَّلٰثَةَ فِي الْجَنَّةِ وَرَاَيْتُ الْمَيِّتَ عَلٰى فِرَاشِهٖ اَمَامَهُمْ وَالَّذِي اسْتُشْهِدَ اٰخِرًا يَلِيْهِ وَاَوَّلَهُمْ يَلِيْهِ فَدَخَلَنِيْ مِنْ ذٰلِكَ فَذَكَرْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ فَقَالَ وَمَا اَنْكَرْتَ مِنْ ذٰلِكَ لَيْسَ اَحَدٌ اَفْضَلَ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ مُّؤْمِنٍ يُّعَمَّرُ فِي الْاِسْلَامِ لِتَسْبِيْحِهٖ وَتَكْبِيْرِهٖ وَتَهْلِيْلِهٖ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت عبداللہ بن شداد سے مروی ہے کہ بنی عذرہ کے تین اشخاص رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور مسلمان ہوگئے، آپ نے فرمایا! انھیں ہماری طرف سے کون سنبھالے گا[1]، حضرت طلحہ نے عرض کیا میں حاضر ہوں تو وہ ان کے پاس رہے پھر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک لشکر بھیجا تو ان میں سے ایک شخص اس لشکر میں گیا اور وہ شہید ہوگیا پھر اور لشکر بھیجا تو ان میں دوسرا گیا وہ بھی شہید ہوگیا اور تیسرا اپنے بستر پر فوت ہوگیا راوی کہتے ہیں کہ حضرت طلحہ نے فرمایا میں نے ان تینوں کو جنت میں[2] دیکھا اور بستر پر مرنے والے کو ان سب کے آگے دیکھا جو پہلے شہید ہوا تھا اسے اس کے قریب اور پہلے کو اس دوسرے کے قریب[3] دیکھا میرے دل میں کچھ خیال آیا تو میں نے[4] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا تو فرمایا تم نے اس میں سے کس چیز پر تعجب کیا[5]، اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس مومن سے کوئی افضل نہیں جسے اسلام میں زیادہ عمر دی جائے اس کی تسبیح، تکبیر اور اس کے کلمہ کی وجہ سے[6]۔

[1] ان کی غم خواری کون کرے گا؟ تاکہ مجھے یہاں رہنا نہ پڑے۔
[2] خواب میں
[3] پہلے شہید ہونے والا سب سے پیچھے تھا
[4] اس ترتیب پر تعجب ہوا یا تو پہلے شہید کو سب سے مقدم رکھا جاتا یا دونوں شہداء درجہ میں برابر ہوتے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اور تیسرے کو پیچھے ہونا چاہیے تھا۔
۵ خواب عرض کیا
۶ جو ترتیب آپ نے دیکھی ہے اس پر انکار نہیں
۷ ان کی عبادت کی وجہ سے، جب دوسرے شہید کی عمر پہلے سے زیادہ تھی تو اس کی عبادت زیادہ ہونے کی وجہ سے اجر بھی زیادہ تھا۔ اسی طرح تیسرے کا اجر ان دونوں سے زیادہ تھا۔ باقی اس کی تفصیلی توجیہ فصل ثانی میں حدیث عبید بن خالد میں گزر چکی ہے۔

۵۰۶۲ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ عَمِیْرَةَ وَکَانَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ عَبْدًا لَوْ خَرَّ عَلٰی وَجْهِهٖ مِنْ یَوْمِ وُلِدَ اِلٰی اَنْ یَّمُوْتَ هَرِمًا فِیْ طَاعَةِ اللّٰهِ لَحَقَّرَهٗ فِیْ ذٰلِكَ الْیَوْمِ وَلَوَدَّ اَنَّهٗ رُدَّ اِلَی الدُّنْیَا کَیْمَا یَزْدَادَ مِنَ الْاَجْرِ وَالثَّوَابِ۔

(رَوَاهُمَا اَحْمَدُ)

حضرت محمد بن ابی عمیرہ[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے جو صحابی رسول[۲] ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کوئی بندہ اپنی ولادت کے دن سے چہرے کے بل گر جاوے[۳]۔ حتیٰ کہ اللہ کی اطاعت میں بوڑھا ہو کر مر جاوے تو اس دن[۴] اس عبادت کو حقیر سمجھے گا اور تمنا کرے گا کہ دنیا میں لوٹایا جاوے تاکہ اجر و ثواب اور زیادہ حاصل کرے[۵]

(یہ مذکورہ دونوں احادیث امام احمد نے روایت کی ہیں)

۱ محمد بن عمیرہ۔ عین پر زبر، میم کے نیچے زیر
۲ یہ اس لیے کہتے ہیں کہ ان کی صحابیت مشہور نہیں
۳ یعنی بالفرض اگر ایسا ہو وقت ولادت سے وقت پیری تک سجدہ و نماز میں رہے یا اس سے مراد بلوغ کے بعد مرتبہ تکلیف ہے۔
۴ قیامت کے دن
۵ پس جتنی عمر زیادہ، خیر بھی زیادہ ہوگی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳۳۳۔ بَابُ التَّوَكُّلِ وَالصَّبْرِ

توکّل اور صبر کا بیان

وکل اور وکول کا لغت میں معنی کام کا کسی کے سپرد کرنا اور باز رکھنا ہے وکالۃ زیر اور زبر کے ساتھ اسم ہے توکل، اپنی کمزوری کا اظہار اور غیر پر اعتماد کا نام ہے۔ تکلان اسم تا پر پیش ہے شرعی توکل یہ ہے کہ بندے کا تدبیر نفس اور اپنی طاقت و قوت سے بالاتر ہو کر اپنے تمام معاملات کو اپنے رب کے سپرد کرنا اس کا اکثر استعمال رزق میں ہوتا ہے معنی توکل کی حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات پر یہ اعتماد اور کامل بھروسہ کیا جائے کہ وہ تمام بندوں کے رزق کی ضامن ہے، اسباب اور کسب کا ترک اس کے لیے شرط نہیں بلکہ ان پر نظر نہیں ہونی چاہیے کیونکہ توکل دل کا کام ہے جب حق تعالیٰ کی ضمانت پر یقین ہو گیا توکل حاصل ہو گیا۔ جوارح کا معطل ہونا شرط نہیں کام اور کسب اس کے منافی نہیں درویش لوگ جو اسباب کو ترک کر دیتے ہیں تو اس لیے ہوتا ہے تاکہ مقام توکل و ریاضت کامل ہو جائے اور نفس کی نظر ان سے بھی اٹھ جائے اور اس بات کا یقین ہو جائے کہ حصولِ رزق میں اسباب کا وجود شرط نہیں۔ بعض نے توکل کی تفسیر یوں کی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رزاقیت پر کامل وثوق کی بناء پر کسب اسباب سے بالاتر ہونا توکل ہے یہ توکل کا ابتدائی حال ہے یا مراد یہ ہے کہ دل کا ان اسباب سے تعلق ہی نہ رہے۔ منتہی۔ سالک کے لیے اسباب کے ساتھ ساتھ تعلق، توکل سے مانع نہیں ہوتا اور اس کا یقین اسباب اور ترک اسباب کی صورت میں ایک ہی حال پر رہتا ہے مثلاً اگر کھجور کا پودا لگائے اور خلافِ عادت اسی وقت پھل دے دے تو اس صورت میں اور اگر وہ پودا کئی سالوں کے بعد معمول کے مطابق پھل دے تو اس کا یقین اللہ تعالیٰ کی صنعت پر یکساں ہوتا ہے۔ بلکہ اس کے لیے بصورت اسباب اور اسباب پر اشیاء کا مترتب ہونا باری تعالیٰ کی کمال قدرت کا مشاہدہ ہے اور بغیر سبب کے کسی شے کا ہونا فقط ایک فعل ہے اور بس۔ اس جگہ اس قدر اشکال یقینی اور احکام محکم ہیں کہ وہاں نہیں اور ترک اسباب کی صورت میں اللہ تعالیٰ کی تخلیق کا معطل ہونا لازم آتا ہے لغت میں صبر منع کرنا، قید کرنا اور نفس کو ہر شے سے روکنا جیسے فارسی میں شکیبائی (بے صبری) کے ساتھ تعبیر کیا جاتا ہے۔ شریعت میں صبر یہ ہے کہ حکم شریعت اور نفسانی خواہشات کے درمیان کش مکش کے وقت حکم شریعت غالب ہو۔ شیخ نجم الدین کبریٰ قدس سرہ نے فرمایا، صبر مجاہدہ کے ساتھ نفس کی خواہشات سے باہر آنا اور نفس کو اس کی محبوب و مانوس اشیاء سے منع کرنا ہے۔ عوارف میں زیادہ افضل صبر ہے کہ صدق توجہ، دوام توجہ کے ذریعہ دل کی خواہشات سے منقطع ہو کر اللہ کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے اور فرمایا صبر فرض بھی ہے اور نفل بھی ادائے فرائض اور ترک محرمات کے لیے صبر فرض ہے، ان صورتوں میں صبر نفل ہے مثلاً فقر اور اس کی تکالیف، صدمۂ اولیٰ،

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

کتمانِ مصائب، ترکِ شکایت، اخفاءِ احوال و کرامات پر صبر نفل ہے، صبر، فرض اور نفل کی متعدد صورتیں ہیں، بسا اوقات انسان صبر کی تمام اقسام پر عمل پیرا نہیں ہو سکتا اس کے لیے صبر کرنا، باقاعدگی کے ساتھ مراقبہ کرنا (الی اللہ تعالیٰ) کی حفاظت کرنا اور خیالات کو دور کرنا مشکل ہو جاتا ہے (انتہیٰ)۔

اگرچہ صبر کی بہت سی اقسام ہیں مگر اس کا استعمال بلیات، مصائب اور مکروہات کے ساتھ مخصوص ہے جیسا کہ شکر کا رزق کے ساتھ اختصاص ہے اس فقیر کے رسائل میں سے ایک رسالہ صبر اور اس کی صورتوں پر ہے اس کا نام "توصیۃ الاصحاب بالصبر فی جمیع الابواب" ہے اس میں صبر کا معنی اور اس کے مقامات پر تفصیلی گفتگو کی گئی ہے۔

الفصل الاوّل

پہلی فصل

۵۰۶۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعُوْنَ أَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ هُمُ الَّذِيْنَ لَا يَسْتَرْقُوْنَ وَلَا يَتَطَيَّرُوْنَ وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میری اُمت میں سے ستر ہزار افراد جنت میں بغیر حساب کے داخل ہوں یہ وہ لوگ ہوں گے جو جھاڑ پھونک نہیں کرتے بدشگونی نہیں لیتے[۱] اور اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہوں گے (بخاری و مسلم)

۱؎ حقیقتِ حال اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے اس حدیث کے ظاہر سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ جنتر منتر سے مراد جاہلیت کے تعویذات ہیں جو کتاب و سنت سے مستفاد نہ تھے اور شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان پر سکوت اختیار نہیں فرمایا کیونکہ ان کی وجہ سے شرک میں پڑنے کا اندیشہ ہے اس پر قرینہ آپ کے الفاظ "ولا یتطیرون" ہیں کیونکہ یہ چیز مسلمہ ہے کہ فال بد عاداتِ جاہلیت میں سے ہے اور یہ ممنوع ہے۔ عاداتِ جاہلیت سے اجتناب اہلِ اسلام پر لازم ہے، باوجود اس بات کے کہ اس میں فضیلت ہے اور اس پر ایک عظیم و اعلیٰ جزا مترتب ہے کہ وہ جنت میں بغیر حساب جائیں گے۔ مگر اکثر مسلمان اسباب میں گرفتار و مبتلا ہیں۔ دورِ جاہلیت کے جنتر منتر کو چھوڑنا بھی توکل کے درجات سے ہے اس سے بھی بلند مرتبہ توکل یہ ہے کہ متعلقہ علاج معالجہ، جھاڑ پھونک اور تدبیر کو چھوڑ دیا جائے مقام توکل پر پختگی حاصل کرنے کے لیے یہ طریقہ اختیار کیا جاتا ہے۔ توکل کا یہی معنی معروف ہے لہٰذا توکل کی تفسیر ان الفاظ میں کی گئی اللہ تعالیٰ کی رزاقیت پر کامل بھروسہ کرتے ہوئے کسب اور اسباب کو ترک کر دینا جیسا کہ گزر چکا ہے اور یہ خاص اور متوسط لوگوں کا مرتبہ ہے مذکورہ حدیث میں بیان کردہ جزا اور فضیلت انھیں اضافے سمیت حاصل ہو گی۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ" (یہ ان لوگوں کے لیے ہے جنھوں نے اچھے اعمال کیے اور اس پر اضافہ ہے) تیسرا مرتبہ ایسے مقرب اور متقی لوگوں کا ہے جن کی نظر اسباب سے کلیۃً اٹھ چکی ہوتی ہے ان کے لیے اسباب کا وجود و عدم برابر ہے اور ان لوگوں کو بندوں والے اسباب کی مباشرت اور آزادی کا اختیار ہوتا ہے اس حیثیت سے وہ عزیمت کی راہ اپناتے ہیں یہ مرتبہ اخص الخواص مثلاً انبیاء و اولیاء کا ہے جو اپنے آپ سے فانی اور اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی کے لیے زندہ ہوتے ہیں۔ یہ مرتبہ توکل کی انتہا اور حقیقت ہے اور اس کی جزا تمام سے بلند ہے، تحقیقی مقام یہ ہے کہ اسباب کی تین اقسام ہیں۔ یقینی، ظنی، وہمی۔ یقینی کی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مثال لقمہ اٹھانا، منہ میں ڈالنا، چبانا اور نیچے اتارنا ہے یہ قسم اسباب توکل کے منافی نہیں بلکہ اس کا ترک جہالت اور بے وقوفی ہے اور موجب گناہ ہے۔ ظنی اسباب وہ ہوتے ہیں کہ جن میں عادۃ خلق کے حوالے سے سنت وتقدیر الٰہی جاری ہو مثلاً کسب کرنا، تدبیر کرنا، معالجہ کے لیے ادویات کا استعمال جن سے نفع کا ظن ہو اسی طرح نفس کو ہر اس شے سے روکنا جو غالباً ہلاکت کا موجب بنے مثلاً ایسی جگہ سونا جہاں سیلاب یا شیر کی آمد ہو، یہ قسم یقین اہل توکل ویقین کے گناہ سے ساقط ہو جاتی ہے کیونکہ انھیں حق تعالیٰ کی قدرت وتقدیر پر اس قدر کامل یقین ہوتا ہے کہ اس کی اجازت کے بغیر کوئی ذرہ حرکت نہیں کر سکتا اور کوئی شے اس کی خلق اور تقدیر کے بغیر واقع نہیں ہو سکتی رہا معاملہ اسباب وہمی کا تو ان کا ترک واجب اور ان کا وجود توکل کے منافی ہے۔ مثلاً نفس کو ایسی جگہ جانے سے روکنا جہاں شیر کے آنے کا امکان نہ ہو اور محض وہم کی وجہ سے احتراز کرنا، جاہلیت کی بدفالی اور افسانے اس قسم سے تعلق رکھتے ہیں۔ صاحب شریعت نے اس بات کی نفی کی ہے باقی تدبیر اور معالجہ کو ترک کرنا قسم ثانی سے تعلق رکھتا ہے۔

۵۰۶۴ وَعَنْهُ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ عُرِضَتْ عَلَيَّ الْأُمَمُ فَجَعَلَ يَمُرُّ النَّبِيُّ وَمَعَهُ الرَّجُلُ وَالنَّبِيُّ وَمَعَهُ الرَّجُلَانِ وَالنَّبِيُّ وَمَعَهُ الرَّهْطُ وَالنَّبِيُّ وَلَيْسَ مَعَهُ أَحَدٌ فَرَأَيْتُ سَوَادًا كَثِيْرًا سَدَّ الْأُفُقَ فَرَجَوْتُ أَنْ يَكُوْنَ أُمَّتِيْ فَقِيْلَ هٰذَا مُوْسٰى فِيْ قَوْمِهِ ثُمَّ قِيْلَ لِيَ انْظُرْ فَرَأَيْتُ سَوَادًا كَثِيْرًا سَدَّ الْأُفُقَ فَقِيْلَ لِيَ انْظُرْ هٰكَذَا وَهٰكَذَا فَرَأَيْتُ سَوَادًا كَثِيْرًا سَدَّ الْأُفُقَ فَقِيْلَ هٰؤُلَاءِ أُمَّتُكَ وَمَعَ هٰؤُلَاءِ سَبْعُوْنَ أَلْفًا قُدَّامَهُمْ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ هُمُ الَّذِيْنَ لَا يَتَطَيَّرُوْنَ وَلَا يَسْتَرْقُوْنَ وَلَا يَكْتَوُوْنَ وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ فَقَامَ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ فَقَالَ ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ قَالَ اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ ثُمَّ قَامَ رَجُلٌ آخَرُ فَقَالَ ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ فَقَالَ سَبَقَكَ بِهَا

اور انہی سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک دن باہر تشریف لائے تو فرمایا مجھ پر امتیں پیش کی گئیں۔ تو نبی گزرنے لگے کسی نبی کے ساتھ ایک آدمی کسی نبی کے ساتھ دو آدمی، کسی نبی کے ساتھ جماعت اور کسی نبی کے ساتھ کوئی آدمی بھی نہ تھا پھر میں نے بڑی جماعت دیکھی جس نے آسمان کا کنارا گھیر رکھا تھا میں نے امید کی کہ یہ میری امت ہے تو مجھ سے فرمایا گیا یہ موسیٰ علیہ السلام اپنی امت کے ساتھ ہیں۔ پھر مجھ سے فرمایا گیا دیکھیے میں نے بہت بڑی خلقت دیکھی جس نے آسمان کا کنارا گھیرا ہوا تھا پھر کہا گیا ادھر ادھر دیکھیے میں نے بہت بڑی خلقت دیکھی جس نے کنارے گھیرے ہوئے تھے کہا گیا یہ آپ کی امت ہے ان کے ساتھ ان کے آگے ستر ہزار وہ افراد ہیں جو بلا حساب جنت میں جائیں گے یہ وہ لوگ ہیں جو نہ فال بد لیتے ہیں نہ منتر جنتر کرتے اور نہ داغ لگاتے ہیں اور اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔ حضرت عکاشہ بن محصن کھڑے ہو گئے عرض کیا یا رسول اللہ دعا کیجیے اللہ تعالیٰ مجھے ان میں سے کر دے۔ فرمایا الٰہی انھیں ان میں سے کر دے پھر دوسرا آدمی کھڑا ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ سے دعا کیجیے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

عُکَّاشَةُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

مجھے اللہ ان میں سے کردے فرمایا اس دعا میں تم پر[۹]
عکاشہ سبقت لے گئے ہیں۔ (بخاری و مسلم)

[۱] بصورت کشف و عیان یا خواب میں یا بہ قیامت کے بارے میں اطلاع ہے۔ ماضی کے ساتھ تعبیر کرنے کی وجہ ان کا یقینی تحقق ہے۔

[۲] کسی نے ان کی اتباع نہیں کی ہوگی اس لیے ان کے ساتھ کوئی ان کا امتی نہ ہوگا۔

[۳] ان کے علاوہ یا انہی میں سے جیسا کہ روایت بخاری اس پر دال ہے۔

[۴] داغ لگانا بھی اسباب وہمیہ میں سے ہے، احادیث میں اس پر ممانعت آئی ہے۔ ضرورت کے موقع پر اگر حاذق طبیب کہے تو اس میں رخصت بھی ہے لیکن مختار مکروہ و حرام ہے اس پر سیر حاصل بحث شرح سفر السعادت میں ہے وہاں مطالعہ کیا جائے۔

[۵] اسباب وہمیہ کی طرف ہاتھ نہیں بڑھاتے۔

[۶] عکاشہ بن محصن، میم مکسور، حا ساکن صاد پر فتحہ، عکاشہ عین پر پیش، کاف مشدد یا مخفف لیکن مشدد اکثر ہے، مشاہیر صحابہ میں سے ہیں، غزوۂ بدر اور اس کے بعد کے غزوات میں شریک ہوئے۔ بدر کے دن ان کی تلوار ٹوٹ گئی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے لکڑی یا کھجور کی شاخ (راوی کو شک ہے) عنایت فرمائی تو وہ ان کے ہاتھ میں تلوار بن گئی۔ بیعت رضوان کے موقعہ پر سب سے پہلے بیعت کرنے والے ہیں، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انھیں جنت کی بشارت دی اور فضلاء صحابہ میں سے ہیں۔ سیدنا صدیق اکبر کے دور خلافت میں ارتداد کے دنوں میں ان کا وصال ہوا، ان کی عمر پینتالیس سال تھی، ان سے حضرت ابوہریرہ، حضرت ابن عباس اور خالہ زاد حضرت ام قیس بنت محصن رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے روایت کیا ہے۔

[۷] توکل کرنے اور بلا حساب جنت جانے والوں میں سے کر دے۔

[۸] گویا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اس مجلس میں ایک ہی کے لیے دعا کا حکم تھا جب آپ نے عکاشہ کے لیے دعا فرمادی تو اب گنجائش نہ رہی یا یہ دوسرا شخص اس مرتبہ کا مستحق نہ تھا اس کے باوجود آپ نے اس کے نااہل ہونے کی تصریح نہ کی بلکہ مشترک کلمات کے ساتھ جواب عنایت فرمادیا اور اس کا سبب عکاشہ کا دعا میں پہل کر لینا فرمایا۔ شارحین حدیث نے بیان کیا ہے کہ یہ دوسرا شخص منافق تھا اس لیے آپ نے دعا نہ فرمائی بلکہ حسن خلق کا مظاہرہ فرماتے ہوئے مجمل کلام کے ساتھ جواب دے دیا بعض کی رائے یہ ہے کہ عکاشہ کے لیے دعا کی تخصیص وحی خفی کی بنیاد پر تھی یہ قول زیادہ درست ہے کیونکہ دوسری روایت میں ہے کہ دوسرے شخص حضرت سعد بن عبادہ تھے جو خصوصی مشاہیر صحابہ میں سے ہیں۔

[۹] اس حدیث میں اس بات پر بھی راہنمائی ہے کہ صالحین سے دعا کروانے میں جلدی اور سبقت کرنی چاہیے۔

۵۰۶۵ وَعَنْ صُهَيْبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَجَبًا[۱] لِاَمْرِ الْمُؤْمِنِ اِنَّ اَمْرَهٗ كُلَّهٗ لَهٗ خَيْرٌ وَلَيْسَ ذٰلِكَ لِاَحَدٍ اِلَّا

حضرت صہیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مرد مسلمان پر تعجب ہے کہ اس کے تمام کام خیر ہیں یہ بات کسی کو حاصل نہیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لِلْمُؤْمِنِ اِنْ اَصَابَتْهُ سَرَّآءُ شَكَرَ فَكَانَ خَيْرًا لَّهٗ وَاِنْ اَصَابَتْهُ ضَرَّآءُ صَبَرَ فَكَانَ خَيْرًا لَّهٗ . (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

سوائے مومن کے اگر اسے راحت پہنچے تو شکر کرے تو اس کے لیے راحت خیر ہے اگر اسے تکلیف پہنچے تو صبر کرے تو صبر کرنا اس کے لیے بہتر ہے۔ (مسلم)

لہ حضرت صہیب رومی فقراء صحابہ میں سے قدیم الاسلام ہیں ان کے مناقب بہت زیادہ ہیں۔

لہ صبر و شکر دونوں کا مقام بلند ہے اور ان پر اجر و ثواب مرتب ہوتا ہے۔ آدمی ان دو حالتوں سے خالی نہیں ہوتا بس اس کا ہر حال بہتر ہے۔

۵۰۶۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُؤْمِنُ الْقَوِيُّ خَيْرٌ وَّاَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِ الضَّعِيْفِ وَفِيْ كُلٍّ خَيْرٌ اِحْرِصْ عَلٰى مَا يَنْفَعُكَ وَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَلَا تَعْجِزْ وَاِنْ اَصَابَكَ شَيْءٌ فَلَا تَقُلْ لَوْ اَنِّيْ فَعَلْتُ كَانَ كَذَا وَكَذَا قُلْ قَدَّرَ اللّٰهُ وَمَا شَاءَ فَعَلَ فَاِنَّ لَوْ تَفْتَحُ عَمَلَ الشَّيْطٰنِ . (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قوی لہ مومن اللہ تعالیٰ کے ہاں کمزور مومن سے زیادہ پسندیدہ ہے۔ خیر سب میں ہے لہ اس پر حرص کرو جو تمہیں نفع دے اللہ سے مدد مانگو عاجز نہ ہو جاؤ۔ لہ اگر تمہیں تکلیف پہنچے تو یہ نہ کہو اگر میں وہ کام کرلیتا تو ایسا ہو جاتا لیکن یہ کہو اللہ تعالیٰ نے یہ ہی مقدر کیا تھا جو اس نے چاہا کیا، کیونکہ اگر مگر شیطان کا کام کھولتا ہے۔ (مسلم)

لہ ایمان، اعتقاد بھلا اور اس پر توکل اور بھروسہ، امور خیر میں عزیمت، اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے میں قوی ہو یا لوگوں کی سنگت میں صبر و ہمت: نصیحت کی صورت میں ایذاء پر اور خیر کی تعلیم میں برداشت رکھتا ہو۔

لہ خواہ مومن قوی ہو یا کمزور، کوئی مسلمان صفت خیر سے خالی نہیں ہوتا اور ایمان صفات خیر میں سے اکمل ہے۔

لہ اللہ سے مدد و اعانت طلب کرتے ہیں۔

لہ کیونکہ طاقت و قوت کی نسبت اپنی طرف کرنا شیطان کا کام ہے اور بندے کے دل میں ایسا وسوسہ پیدا کرتا ہے اور بعض احادیث میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے منقول ہے جیسا کہ حج میں فرمایا "لَوْ اَنِّي اسْتَقْبَلْتُ مِنْ اَمْرِيْ مَا اسْتَدْبَرْتُ بِهٖ" اس معنی میں ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

۵۰۶۷ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَوْ اَنَّكُمْ تَتَوَكَّلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ حَقَّ تَوَكُّلِهٖ لَرَزَقَكُمْ كَمَا يَرْزُقُ الطَّيْرَ تَغْدُوْ خِمَاصًا وَّتَرُوْحُ

امیر المومنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اگر تم اللہ تعالیٰ پر اس طرح توکل کرو جو اس کا حق لہ ہے تو تم کو وہ ایسے رزق دے جیسے پرندوں کو

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

بِطَانًا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

دیتا ہے، صبح بھوکے جاتے ہیں شام کو سیر ہو کر لوٹتے ہیں

(ترمذی، ابن ماجہ)

لہ حق توکل یہ ہے کہ اس بات پر یقین کامل ہو کہ رزق کا ضامن اللہ تعالیٰ ہی ہے اور اس میں کسی قسم کا کوئی شک نہ ہو۔ علامہ طیبی کہتے ہیں حق توکل یہ ہے کہ بے حرص و افراط کے اندازِ احسن میں سعی و کوشش کے باوجود اللہ ہی کو فاعل جانا فرمایا کہ امام غزالی سے منقول ہے کہ جو شخص توکل اس بات کو سمجھتا ہے کہ کسب ترک کر کے زمین پر کپڑے کی طرح گر پڑتا ہے وہ جاہل ہے امام قشیری نے فرمایا توکل کا محل دل اور حرکت ظاہر میں ہے لہٰذا جب دل میں اس بات کا یقین ہے کہ ہر شے اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے تو ظاہری حرکت اس کے منافی نہیں ہوتی۔ یہی وجہ ہے کہ اس کی مثال پرندے کے ساتھ دی کہ وہ طلب رزق کے لیے اپنی قوت و طاقت پر اعتماد کیے بغیر نکلتا ہے۔

سلہ خِمَاصًا، خاء کے نیچے کسرہ، پرندے کا بھوک کی حالت میں نکلنا

سلہ بِطَانًا، باء کے نیچے زیر، پیٹ بھر کر آنا۔

۵۰۶۸ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّهَا النَّاسُ لَيْسَ مِنْ شَيْءٍ يُّقَرِّبُكُمْ اِلَى الْجَنَّةِ وَيُبَاعِدُكُمْ مِّنَ النَّارِ اِلَّا قَدْ اَمَرْتُكُمْ بِهٖ وَلَيْسَ شَيْءٌ يُّقَرِّبُكُمْ مِّنَ النَّارِ وَيُبَاعِدُكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ اِلَّا قَدْ نَهَيْتُكُمْ عَنْهُ وَاِنَّ الرُّوْحَ الْاَمِيْنَ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَاِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ نَفَثَ فِيْ رُوْعِيْ اَنَّ نَفْسًا لَّنْ تَمُوْتَ حَتّٰى تَسْتَكْمِلَ رِزْقَهَا اَلَا فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَجْمِلُوْا فِي الطَّلَبِ وَلَا يَحْمِلَنَّكُمُ اسْتِبْطَاءُ الرِّزْقِ اَنْ تَطْلُبُوْهُ بِمَعَاصِي اللّٰهِ فَاِنَّهٗ لَا يُدْرَكُ مَا عِنْدَ اللّٰهِ اِلَّا بِطَاعَتِهٖ۔

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ اِلَّا اَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرْ وَاِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے لوگو! ہر وہ چیز جو تمہیں جنت کے قریب اور دوزخ سے دور کر دے اس کا حکم دے دیا اور ہر وہ چیز جو آگ کے قریب اور جنت سے دور لے جائے اس سے منع کر دیا ہے روح الامین دوسری سلہ روایت کے مطابق روح القدس نے میرے دل میں یہ بات سلہ ڈالی کہ کوئی نفس دنیا کا رزق پورا کیے بغیر نہیں مرے گا، سنو اللہ سلہ سے ڈرو، لائق رزق میں میانہ روی سلہ اختیار کرو اور رزق میں تاخیر کی صورت تمہیں اس بات پر نہ ابھارے کہ تم اللہ کی نافرمانی سے رزق تلاش کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ کی چیزیں سلہ اس کی فرماں برداری سے ہی حاصل کی جا سکتی ہیں۔

(شرح السنہ، بیہقی شعب الایمان مگر بیہقی نے یہ الفاظ وان روح سلہ القدس الخ ذکر نہیں کیے)

سلہ روح الامین کی جگہ روح القدس ہے، دونوں سے مراد حضرت جبرئیل امین ہیں۔ روح جانِ آدمی، وحی، جبرائیل اور حضرت عیسیٰ کے معنی میں آتا ہے۔ یہاں جبرئیل علیہ السلام مراد ہیں۔ علم و وحی میں امانت داری کی وجہ سے انھیں امین کہا جاتا ہے اور قُدس (قاف پر پیش، دال ساکن یا مضموم) کی طرف نسبت ان کا اس عالم ناسوت کی میل سے پاک

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ہونے کی وجہ سے ہے ۔
ؔ۲ اس سے مراد وحی خفی ہے ۔
ؔ۳ جو اس کے لیے مقرر ہے ۔
ؔ۴ جب روزی کا معاملہ اس طرح ہے ۔
ؔ۵ تاکہ کہیں زیادہ روزی کی تلاش کی وجہ سے شریعت کی نافرمانی نہ ہو جائے ۔
ؔ۶ جب رزق میں تاخیر ہو جائے تو پریشان نہ ہو، حرام اور مکروہ راستہ سے رزق حاصل نہ کرو کیونکہ جو رزق مقرر ہے وہی ملے گا خواہ کب ملے ، نافرمانی سے زیادہ نہیں ہو جاتا بلکہ وہی ملے گا جو مقدر تھا تو اضطراب کا حاصل سوائے معصیت کے کچھ نہیں جو بھی ملے گا وہ حرام ہو گا تو معصیت کے ذریعے رزق تلاش ہی نہ کرو ۔
ؔ۷ یعنی رزق حلال ، طاعت و فرمانبرداری پر دوام اختیار کرو کیونکہ جو ملنا ہے وہ ملے گا نافرمانی کے ذریعے مال حاصل نہ کرو ورنہ وہ حرام ہو جائے گا اگر وہی مال بصورت طاعت حاصل کیا جاتا تو حلال اور قابل مدح ہوتا ، حواشی میں یہ بھی ہے کہ بما عند اللہ سے مراد جنت ہے ۔
ؔ۸ یا مراد یہ ہے کہ بیہقی نے ان روح الامین کی جگہ روح القدس کے الفاظ شرح السنہ کی طرح ذکر نہیں کیے ۔

۵۰۶۹ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الزَّهَادَةُ فِی الدُّنْیَا لَیْسَتْ بِتَحْرِیْمِ الْحَلَالِ وَلَا اِضَاعَةِ الْمَالِ وَلٰکِنَّ الزَّهَادَةَ فِی الدُّنْیَا اَنْ لَّا تَکُوْنَ بِمَا فِیْ یَدَیْكَ اَوْثَقَ بِمَا فِیْ یَدَیِ اللّٰهِ وَاَنْ تَکُوْنَ فِیْ ثَوَابِ الْمُصِیْبَةِ اِذَا اَنْتَ اُصِبْتَ بِهَا اَرْغَبَ فِیْهَا لَوْ اَنَّهَا اُبْقِیَتْ لَكَ . رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَعَمْرُو بْنُ وَاقِدٍ الرَّاوِیُّ مُنْکَرُ الْحَدِیْثِ

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا : زہد نہ تو حلال کو حرام کر لینے میں ہے ؔ۱ اور نہ مال برباد کرنے میں ؔ۲ ۔ لیکن دنیا میں زہد یہ ہے کہ اپنی مقبوضہ شے پر اس سے زیادہ بھروسہ نہ کر جو اللہ کے قبضہ میں ہے ؔ۳ اور جب تو کسی مصیبت میں گرفتار ہو تو اس کے ثواب میں تجھے اتنی رغبت ہو کہ تو کہے کاش یہ مصیبت میرے لیے باقی رکھی جاتی ؔ۴
(ابن ماجہ، ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے اور اس کا راوی عمرو بن واقد منکر الحدیث ہے)

ؔ۱ ترک لذات و شہوات اس طرح کہ حلال کو حرام جاننا یہ شرعاً منع ہے ۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے لَا تُحَرِّمُوْا طَیِّبٰتِ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَکُمْ (ان طیبات کو حرام مت بناؤ جنہیں اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے پیدا کیا ہے)
ؔ۲ مال ترک کرنا اور اس کا ضرح کرنا یہ بھی ممنوع ہے ۔
ؔ۳ توکل یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رزاقیت پر کامل بھروسہ کیا جائے ۔
ؔ۴ واضح رہے کہ زہد دنیا میں بے رغبتی اور متاع دنیا اور مال و جاہ کی خواہشات سے باہر آنا ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اشارہ فرمایا ہے کہ صرف اس سے مقام زہد کامل نہیں ہو جاتا بلکہ مقام صبر و توکل اور آخرت کی طرف رغبت اس طرح

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حاصل ہونا ضروری ہے کہ دنیوی مصائب اور بلائیں امید ثواب کی وجہ سے محبوب ہو جائیں بلکہ ان مصائب کا موجود ہونا نہ ہونے سے بڑھ کر محبوب ہو جس شخص کو یہ چیز حاصل ہو جائے وہ زاہد ہے ورنہ حلال کو حرام اور مال ضائع کرنیکا کیا معنی ؟

۵۰۸۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنْتُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ يَا غُلَامُ احْفَظِ اللّٰهَ يَحْفَظْكَ احْفَظِ اللّٰهَ تَجِدْهُ تُجَاهَكَ وَإِذَا سَأَلْتَ فَاسْئَلِ اللّٰهَ وَإِذَا اسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَاعْلَمْ أَنَّ الْأُمَّةَ لَوِ اجْتَمَعَتْ عَلَى أَنْ يَنْفَعُوْكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَنْفَعُوْكَ إِلَّا بِشَيْءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللّٰهُ لَكَ وَلَوِ اجْتَمَعُوْا عَلَى أَنْ يَضُرُّوْكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَضُرُّوْكَ إِلَّا بِشَيْءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلَيْكَ رُفِعَتِ الْأَقْلَامُ وَجَفَّتِ الصُّحُفُ -

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں ایک دن رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے[1] تھا تو فرمایا اے نوجوان ! حقوق الٰہی کی حفاظت کر[2] اللہ تعالیٰ تمہاری حفاظت کرے گا تو اپنے سامنے پائے گا[6] - اور جب مانگو تو اللہ سے مانگو جب مدد چاہو تو اللہ سے چاہو[3] اور یقین رکھو کہ تمام لوگ اکٹھے ہو کر تجھے نفع پہنچانا چاہیں تو نہیں پہنچا سکتے مگر اس چیز کا جو اللہ نے تمہارے لیے لکھ دی[4] اور اگر لوگ اکٹھے ہو کر تجھے نقصان پہنچانے کی کوشش کریں تو ہرگز نقصان نہیں پہنچا سکتے مگر اس چیز سے جو اللہ نے لکھی ہے قلم اٹھ چکے - دفتر خشک ہو چکے[5] -

(مسند احمد ، ترمذی)

[1] سواری پر سوار تھا -

[2] اس کی رضا کا طالب بن جا -

[3] مدد و نصرت میں -

[4] جو نفع اللہ نے تیرے مقدر میں لکھ دیا ہے -

[5] تقدیر کے تمام اور لکھے جانے سے فارغ ہونے کی طرف اشارہ ہے -

[6] بعض روایات میں تَجِدْهُ تُجَاهَكَ کے بعد یہ بھی الفاظ ہیں تو آسانی و فراغت میں اس کا شکر ادا کر وہ سختی میں تیری حاجت پوری کرے گا اگر طاقت ہے تو یقین میں رضا کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے لیے عمل کر یہ کار عظیم ہے ، اگر تو نعمت پر کما حقہ شکریہ ادا نہیں کر سکتا تو ہر مصیبت و پریشانی پر فضل و ثواب کی امید کرتے ہوئے صبر کر یعنی ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر کرنا ہی اصل ہے کیونکہ عام میں اور ظاہری و خفی میں اگر ایسا نہیں تو پھر صبر کے بغیر چارہ نہیں اور یہ فضیلت رکھتا ہے ، جان لے صبر کرنے والے کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد ہے اور محنت و سختی کے ساتھ کشادگی ہے یعنی ہر دربندی کے بعد کشادگی اور ہر سختی کے بعد راحت و خوشی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا (بلاشبہ ہر سختی کے بعد آسانی ہے) اور ایک تنگی دو آسانیوں پر غالب نہیں آسکتی یعنی اگر آدمی ایک تنگی جھیل لے تو دو آسانیاں ہیں ایک دنیا میں اور ایک آخرت میں حاصل ہو گی - جیسا کہ مسلمان دنیا میں فقر و سختی جھیلتے ہیں تو انھیں دنیا میں فتح و نصرت اور آخرت میں جنت اور اللہ تعالیٰ کا دیدار عطا کیا جاتا ہے اور یہ تمام الفاظ مصابیح کی دوسری حدیث میں آئے ہیں جو مشکوٰۃ میں نہیں آئے -

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۵۰۷۱/۹ وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ سَعَادَۃِ ابْنِ اٰدَمَ رِضَاہُ بِمَا قَضَی اللّٰہُ لَہٗ وَمِنْ شَقَاوَۃِ ابْنِ اٰدَمَ تَرْکُہُ اسْتِخَارَۃَ اللّٰہِ وَمِنْ شَقَاوَۃِ ابْنِ اٰدَمَ سَخَطُہٗ بِمَا قَضَی اللّٰہُ لَہٗ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا انسان کی خوش بختی یہ ہے کہ وہ اللہ کے فیصلے[1] پر راضی ہو جائے اور انسان کی بدبختی اللہ تعالیٰ سے اس کا خیر مانگنا چھوڑ دینا ہے[2]۔ اس کی بدبختی سے یہ ہے کہ اپنے بارے میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے کو ناپسند[3] کرتا ہے۔ (مسند احمد، ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

[1] ہر اس چیز پر راضی ہو جو اس کی تقدیر میں ہے۔
[2] وہم ہوتا تھا کہ شاید ناپسندیدہ اعمال پر بھی خوش ہو تو اس کا ازالہ کر دیا کہ اللہ تعالیٰ سے ہر وقت خیر بھلائی طلب کی جائے، تاکہ معصیت سے محفوظ رہا جا سکے۔ دراصل اللہ تعالیٰ کی قضا اور فعل پر راضی ہونا لازم ہے اگرچہ معصیت میں گرفتار ہو اور یہ سمجھے کہ میرا عمل ہے جس کا فیصلہ ہو چکا تھا اس کی مزید تحقیق علم کلام میں ہے۔
[3] مصائب اور بلایا وغیرہ میں صبر و ہمت نہ کرنا۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۵۰۷۲/۱۰ عَنْ جَابِرٍ اَنَّہٗ غَزَا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قِبَلَ نَجْدٍ فَلَمَّا قَفَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَفَلَ مَعَہٗ فَاَدْرَکَتْھُمُ الْقَائِلَۃُ فِیْ وَادٍ کَثِیْرِ الْعِضَاہِ فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَتَفَرَّقَ النَّاسُ یَسْتَظِلُّوْنَ بِالشَّجَرِ فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَحْتَ سَمُرَۃٍ فَعَلَّقَ بِھَا سَیْفَہٗ وَنِمْنَا نَوْمَۃً فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَدْعُوْنَا وَاِذَا عِنْدَہٗ اَعْرَابِیٌّ فَقَالَ اِنَّ ھٰذَا اخْتَرَطَ عَلَیَّ سَیْفِیْ وَاَنَا نَائِمٌ فَاسْتَیْقَظْتُ وَھُوَ فِیْ یَدِہٖ صَلْتًا قَالَ مَنْ یَّمْنَعُکَ مِنِّیْ فَقُلْتُ اللّٰہُ ثَلٰثًا وَلَمْ یُعَاقِبْہُ وَجَلَسَ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نجد کی طرف جہاد کیا جب حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واپس لوٹے تو میں بھی آپ کے ساتھ واپس ہوا ایک بہت خاردار درختوں والے جنگل میں دوپہر آئی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اترے اور لوگ درختوں کے سایہ کے لیے الگ الگ ہو گئے کہ آپ ایک بلند درخت[5] کے نیچے آرام فرما ہوئے اور اس سے اپنی تلوار لٹکا دی، ہم ابھی سوئے ہی تھے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ہمیں پکارا اچانک آپ کے پاس ایک دیہاتی تھا فرمایا اس شخص نے مجھ پر تلوار سونت لی۔ میں سو رہا تھا میں جاگا تو تلوار اس کے ہاتھ میں تھی بولا مجھ سے آپ کو کون بچائے گا؟ تو میں نے تین بار کہا اللہ، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس سے بدلہ نہ لیا وہ بیٹھ گیا (بخاری و مسلم) شیخ ابوبکر اسماعیلی کی

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ) وَفِیْ رِوَایَۃِ اَبِیْ بَکْرٍ الْاِسْمَاعِیْلِیِّ فِیْ صَحِیْحِہٖ فَقَالَ مَنْ یَّمْنَعُکَ مِنِّیْ قَالَ اللّٰہُ فَسَقَطَ السَّیْفُ مِنْ یَّدِہٖ فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ السَّیْفَ فَقَالَ مَنْ یَّمْنَعُکَ مِنِّیْ فَقَالَ کُنْ خَیْرَ اٰخِذٍ فَقَالَ تَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ قَالَ لَا وَلٰکِنِّیْ اُعَاھِدُکَ عَلٰی اَنْ لَّا اُقَاتِلَکَ وَلَا اَکُوْنَ مَعَ قَوْمٍ یُّقَاتِلُوْنَکَ فَخَلّٰی سَبِیْلَہٗ فَاَتٰی اَصْحَابَہٗ فَقَالَ جِئْتُکُمْ مِّنْ عِنْدِ خَیْرِ النَّاسِ ھٰکَذَا فِیْ کِتَابِ الْحُمَیْدِیِّ وَفِی الرِّیَاضِ۔

صحیح میں یہ بھی ہے کہ وہ بولا آپ کو مجھ سے کون بچائے گا میں نے کہا اللہ ۔ تو اس کے ہاتھ سے تلوار گر گئی اور تلوار رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لے کر فرمایا تجھے مجھ سے کون بچائے گا ؟ وہ بولا آپ بہتر پکڑ کرنے والے ہیں فرمایا تو کیا گواہی دیتا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں ؟ وہ بولا نہیں لیکن میں آپ سے معاہدہ کرتا ہوں کہ آپ سے نہ جنگ کروں گا نہ آپ سے جنگ کرنے والی قوم کا ساتھ دوں گا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کو چھوڑ دیا وہ اپنے ساتھیوں کے پاس گیا بولا میں لوگوں میں سے سب سے بہتر کے پاس سے آرہا ہوں ۔
(حمیدی اور ریاض میں یوں ہی ہے)

لہ نجد ، نون پر زبر ، جیم ساکن اس علاقہ کا نام ہے جسے تہامہ کہا جاتا ہے ۔ تہامہ سے لے کر عراق کی سرزمین تک جو بلند علاقہ ہے اسے نجد کہا جاتا ہے ۔ نجد کا دراصل معنی بلند جگہ کے ہیں ۔

لہ قفول ، سفر سے واپس وطن لوٹنا ، قافلہ کو قافلہ کہنے کی وجہ بھی یہی ہے یہ نیک فالی کے طور پر کہا جاتا ہے یعنی سلامتی کے ساتھ جاؤ اور سلامتی کے ساتھ واپس آؤ ۔

لہ عضاہ ، عین کے نیچے زیر ، عضنہ کی جمع خاردار درخت ، مجمع البحار میں ہے کہ عضاہ سے مراد ببیلوں کے درخت ہیں ۔

لہ ہر کوئی کسی نہ کسی درخت کے نیچے قیلولہ کرنے لگا ۔

لہ صراح میں ہے سمرہ ، سین پر زبر ، میم پر پیش ، بلند درخت

لہ صلب ، صاد پر زبر یا پیش ، تلوار کا سونتنا

لہ آپ مضبوط گرفت کرنے والے اور لطف و کرم سے رہا کرنے والے ہیں

لہ تو مسلمان ہو جا

لہ ریاض الصالحین جو امام محی الدین نووی کی تصنیف ہے ۔

۵۰۷۳ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنِّیْ لَاَعْلَمُ اٰیَۃً لَّوْ اَخَذَ النَّاسُ بِھَا لَکَفَتْھُمْ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ۔

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں ایک ایسی آیت جانتا ہوں اگر لوگ اس پر عمل کرلیں تو وہ انہیں کافی ہو کہ جو اللہ سے ڈرے گا تو اللہ اسکے لیے چھٹکارے کی

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ)

صورت پیدا فرما دے گا اور اس جگہ سے روزی دے گا جس کا اسے گمان نہیں ہے۔ (مسند احمد، ابن ماجہ، دارمی)

۱؎ اگر لوگ اس آیت قرآنی پر عمل کریں تو انھیں باقی اعمال سے کافی ہو جائے۔
۲؎ اس آیت کی ابتداء ان الفاظ سے ہوتی ہے وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا
۳؎ بغیر کسی تنگی اور تردد کے روزی دے گا۔

۵۰۷۴ ۱۲ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اَقْرَأَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ اَنَا الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوُدَ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ آیت سکھائی "میں ہوں روزی رساں بڑی قوت والا۱؎" (ابوداؤد، ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن غریب ہے)

۱؎ مشہور قرارت اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ہے حدیث میں شاذ قرارت۔

۵۰۷۵ ۱۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ اَخَوَانِ عَلٰى عَهْدِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ اَحَدُهُمَا يَاْتِی النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْاٰخَرُ يَحْتَرِفُ فَشَكَى الْمُحْتَرِفُ اَخَاهُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَعَلَّكَ تُرْزَقُ بِهٖ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ظاہری حیات میں دو بھائی تھے جن میں ایک آپ کی خدمت۱؎ کرتا اور دوسرا کوئی پیشہ کرتا تھا۔ پیشہ کرنے والے نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں اپنے بھائی کی شکایت۲؎ کی۔ فرمایا شاید۳؎ تجھے اس کی برکت سے روزی مل رہی ہے۴؎۔ (ترمذی نے کہا یہ حدیث صحیح غریب ہے)

۱؎ جبکہ وہ غیر شادی شدہ تھا۔
۲؎ اس نے سارا بوجھ مجھ پر ڈال دیا ہے اس کو میری مدد کرنی چاہیے۔
۳؎ آپ نے بوجھ اٹھانے پر صبر و ہمت کی تلقین فرمائی کہ شاید جو تو بوجھ اٹھاتا ہے اور رزق حاصل کرتا ہے شاید وہ اسی کی برکت سے ہو۔
۴؎ یہ حدیث اس معاملہ پر واضح دلیل ہے کہ فقراء کا بوجھ اٹھانا خصوصاً ذوی الارحام کا۔ یہ رزق میں برکت کا ذریعہ بنتا ہے۔

۵۰۷۶ ۱۴ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ قَلْبَ ابْنِ اٰدَمَ بِكُلِّ وَادٍ شُعْبَةٌ فَمَنْ اَتْبَعَ قَلْبَهُ الشُّعَبَ كُلَّهَا لَمْ يُبَالِ اللّٰهُ بِاَیِّ وَادٍ اَهْلَكَهٗ وَمَنْ

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: انسانی دل کی ہر وادی میں ایک شاخ۱؎ ہے تو دل کو ان تمام شاخوں کی طرف لگا دے۲؎ اللہ کو نہیں پرواہ کہ کسی جنگل میں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

توکل علی اللہ کفاہ الشعب ۔ (رواہ ابن ماجۃ)

ہلاک کر دے[1] گا اور جو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرے گا وہ اسے گھاٹیوں سے بچالے گا[4] (ابن ماجہ)

۱؎ اس سے مراد حصولِ رزق کے لیے خواہشاتِ دل اور ان کا مستغرق ہونا ہے ۔
۲؎ جو ان تمام خواہشات کی پیروی کرے گا ۔
۳؎ اور اس کائنات سے اس کی روانگی آخرت کی طرف کیا خبر کس حال میں ہو ؟
۴؎ اس کی تمام حوائج کو پورا فرمائے گا

۵۰۷۷ وعن ابی ہریرۃ ان النبی صلی
۱۵
اللہ علیہ وسلم قال قال ربکم عزوجل لو ان عبیدی اطاعونی لاسقیتہم المطر باللیل واطلعت علیہم الشمس بالنہار ولم اسمعہم صوت الرعد ۔ (رواہ احمد)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میرے بندے میری اطاعت کریں تو میں راتوں رات ان پر بارش برساؤں اور دن میں دھوپ نکالوں[1] انھیں گرج کی آواز بھی نہ سناؤں[2] ۔ (مسند احمد)

۱؎ تاکہ یہ پانی حاصل کریں رات کی تخصیص اس لیے ہے کہ اکثر بارش رات کو نافع ہوتی ہے ۔
۲؎ یعنی امن و سلامتی عطا کروں اور انھیں کوئی خوف نہ ہو ۔

۵۰۷۸ وعنہ قال دخل رجل علی
۱۶
اھلہ فلما رای ما بہم من الحاجۃ خرج الی البریۃ فلما رات امرأتہ قامت الی الرحی فوضعتہا والی التنور فسجرتہ ثم قالت اللہم ارزقنا فنظرت فاذا الجفنۃ قد امتلأت قال وذھبت الی التنور فوجدتہ ممتلئا قال فرجع الزوج قال اصبتم بعدی شیئا قالت امرأتہ نعم من ربنا وقام الی الرحی فذکر ذلک للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال اما انہ لو لم یرفعہا لم تزل تدور الی یوم القیامۃ ۔ (رواہ احمد)

اور انھی سے مروی ہے کہ ایک آدمی اپنے گھر والوں کے پاس گیا، ان کی محتاجی دیکھی تو جنگل کی طرف نکل گیا[1] جب اس کی بیوی نے یہ دیکھا[2] تو وہ چکی کی طرف اٹھی اسے رکھا[3] اور تنور کی طرف گئی[4] اسے جھانک دیا پھر دعا کی الٰہی ہمیں روزی دے تو پیالہ بھر گیا[5] ۔ راوی کہتے ہیں کہ وہ عورت تنور کی طرف گئی تو اسے بھرا ہوا پایا[6] فرماتے ہیں کہ پھر خاوند لوٹا[7] اور کہا[8] کیا تم نے میرے پیچھے کچھ پایا ۔ بیوی نے کہا ہاں[9] اپنے رب کی طرف سے وہ شخص چکی کی طرف اٹھا یہ واقعہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں عرض کیا گیا تو فرمایا یقیناً اگر وہ شخص اسے نہ اٹھاتا تو چکی قیامت تک گھومتی رہتی[10]

(مسند احمد)

۱؎ تاکہ ان کے لیے کچھ روزی حاصل کرے ۔
۲؎ خاوند جنگل کی طرف چلا گیا ہے ۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۵۲ اپنے سامنے چکی کو رکھا یا ایک چکی کے ایک پتھر کو دوسرے پتھر پر رکھا اس امید پر کہ خاوند باہر سے کچھ لائے تو پیس کر پکاؤں گی ۔
۵۳ گرم کردں تاکہ روٹی پک سکے سجر کا معنی تنور روشن کرنا ہے ۔
۵۴ وہ پیالہ جو اس نے چکی کے نیچے رکھا تھا بھر گیا ۔
۵۵ غیب سے تنور میں روٹیاں لگ گئیں اور وہ ان سے بھر گیا
۵۶ اور یہ حال دیکھا
۵۷ جسے تم نے پیس کر پکایا ہے
۵۸ ہاں ہم نے پایا، مخلوق کی طرف سے نہیں بلکہ اپنے رب کی طرف سے پایا ہے ۔
۵۹ جو اس خاتون نے رکھی تھی ۔
۶۰ یہ سب صبر و توکل کی برکت ہے اس سے یہ معلوم ہو رہا ہے کہ یہ واقعہ سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے انوار و باکرامت ظاہری حیات میں کسی صحابی کے سامنے پیش آیا تھا نہ کہ یہ سابقہ کسی شخص کا واقعہ ہے ۔

۵۰۷۹/۱۷ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الرِّزْقَ لَيَطْلُبُ الْعَبْدَ كَمَا يَطْلُبُهُ اَجَلُهُ ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ نُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا روزی بندے کو ایسے تلاش کرتی ہے جیسے موت اسے تلاش کرتی ہے۔ (ابونعیم، حلیہ)

۶۱ یعنی دونوں کا ملنا یقینی ہے جس طرح حصولِ مدت کے لیے جد و جہد ضروری نہیں اس کے بغیر حاصل ہوتی ہے اسی طرح مقدر رزق کے لیے جد و جہد کی جائے یا نہ بہر طور مل کر رہتا ہے یعنی حصولِ رزق کے لیے اللہ تعالیٰ کی ذات پر یقین اور توکل ہی اعلیٰ ذریعہ ہے اس میں اضطراب نہ رکھا جائے البتہ توکل رکھتے ہوئے شریعت کے مطابق احسن انداز میں تلاشِ رزق بھی درست ہے، بیت ۔

توکل کن مجنباں پا و دست رزق تو بر تو ز تو عاشق ترست

(اللہ پر بھروسہ رکھو، ہاتھ اور پاؤں نہ مار، تیرا رزق تجھ پر تجھ سے زیادہ عاشق ہے)

۵۰۸۰/۱۸ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْكِيْ نَبِيًّا مِّنَ الْاَنْبِيَاءِ ضَرَبَهٗ قَوْمُهٗ فَاَدْمَوْهُ وَهُوَ يَمْسَحُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهٖ وَيَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِقَوْمِيْ فَاِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں گویا میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھ رہا ہوں کہ آپ نبیوں میں سے کسی نبی کی حکایت فرماتے ہیں جنھیں ان کی قوم نے مارا اور خون خون کر دیا وہ اپنے چہرے سے خون صاف کرتے ہوئے فرما رہے تھے الٰہی میری قوم کو معاف کر دے کہ یہ جانتے نہیں (بخاری و مسلم)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سلہ اِدماء - ہمزہ پر کسرہ خون آلود کرنا

سلہ اس میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ اے اللہ! اس قوم کو میرے حال سے آگاہ فرمادے تاکہ یہ ایمان لے آئیں۔ شیخ ابن حجر عسقلانی بیان کرتے ہیں مجھے علم نہیں کہ یہ کون سے پیغمبر تھے؟ ممکن ہے حضرت نوح علیہ السلام ہوں انتہی۔ روایات میں آیا ہے کہ قوم حضرت نوح علیہ السلام کو اتنا مارتی تھی کہ آپ کا جسم لہولہان ہوجاتا اور وہ بڑی مدت تک زمین پر پڑے رہتے جب ہوش آیا تو اُٹھ کر قوم کو اپنے رب کا پیغام دینا شروع کردیا۔ بعض شارحین حدیث کی رائے یہ ہے کہ یہاں کوئی اور پیغمبر مراد نہیں بلکہ خود سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس مراد ہے مگر آپ نے ابہام و اجمال میں بات فرمائی ہے اور یہ بات بڑی واضح ہے اور یہ جملہ آپ سے غزوۂ احد کے موقعہ پر منقول ہے۔

۳۳۴ - بَابُ الرِّيَآءِ وَالسُّمْعَةِ

دکھاوے اور خود نمائی کا بیان

ریاء، رؤیت سے مشتق ہے۔ صراح میں ہے ریا کسرہ اور مد کے ساتھ اپنے آپ کو مخلوق کے سامنے ظاہر کرنا، عین العلم میں ہے ریا عبادت کے ذریعے لوگوں سے مقام و مرتبہ طلب کرنا ہے لہٰذا ریا عملِ ظاہری کے ساتھ مخصوص ہے اور جو کام از قبیل عبادت نہیں وہاں ریاکاری نہ ہوگی مثلاً کثرت مال و متاع، حفظ اشعار اور حسن رمی اگر ہوا وہاں تکبر ہوگا ریا نہیں۔ اس میں طلب جاہ بھی مقصود ہوتا ہے چنانچہ مشائخ مریدین کو ترغیب اور ان کے قلوب کو مائل کرنے کے لیے جو کچھ کرتے ہیں یہ بھی درحقیقت ریا میں شامل نہیں اگرچہ صورت میں وہی ہے اس معنی کی وجہ سے کہا جاتا ہے صدیقین کی ریا مریدین کے اخلاص سے بہتر ہے۔ واضح رہے کہ ریا یہ ہے کہ ایک آدمی کے اندر ایک کمال فی الواقع پایا جاتا ہے اور وہ اسے لوگوں کے سامنے اس لیے نمایاں کرتا ہے تاکہ لوگوں کے علم میں آئے اگر وہ کام اس میں ہے ہی نہیں اب اگر ظاہر کرے گا تو یہ کذب و نفاق ہے نہ کہ ریا، اس طرح کہا جاتا ہے کہ غیبت یہ ہے کہ وہ عیب بیان کیا جائے جو واقعۃً کسی شخص میں پایا جاتا تھا اگر وہ پایا نہیں جاتا تو یہ افترا و بہتان ہوگا۔

ریا کی چند اقسام ہیں ان میں بدترین قسم یہ ہے کہ اس عمل میں اللہ تعالیٰ کی رضا و عبادت قطعاً مقصود نہ ہو بلکہ محض مخلوق کے دکھاوے اور ان سے طلب منزلت کے لیے ہو اور یہ چیز نہایت ہی اللہ تعالیٰ کے عذاب و غضب کا سبب ہے لہٰذا اس کا یہ عمل باطل ہوگا حتیٰ کہ بعض نے کہا ہے اس سے فرض کا سقوط بھی نہ ہوگا بلکہ اس پر قضا لازم ہوگی۔ دوسری قسم یہ ہے کہ اس میں دونوں باتیں ہوں گی مگر جانبِ ریاکاری غالب اس کا حکم بھی وہی ہے جو پہلی قسم کا ہے ایک صورت یہ ہے کہ دونوں ارادے برابر ہوں تو اس صورت میں ظاہر تو یہی ہے سود و زیاں برابر ہوگا، مگر احادیث و آثار بتاتے ہیں کہ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

ایسا عمل قبول نہیں ہوگا کاری وہ صورت جس میں نیتِ ثواب اور رضائے الٰہی کا حصول غالب ہو اس میں عمل کا نقصان ہوگا بطلان نہیں ہوگا یا نیت کے مطابق ثواب وعتاب ہوگا ۔ نیز یہ بھی فرق کیا گیا ہے کہ ریاکاری کب عمل میں آئی ؟ ابتداءِ عمل میں درمیان میں یا بعد از عمل لاحق ہوگی ۔ پہلی سب سے بدتر دوسری اس سے کم اور تیسری اس سے کم تر ہے اور اس سے عمل باطل نہ ہوگا ۔ یہ بھی فرق کیا گیا ہے کہ ریا کا عزم مصمم تھا یا وسوسہ ہی تھا ۔ ریا سے خلاصی پانا غایت درجہ دشوار اور اخلاص کا ہونا نہایت ہی مشکل ہے ۔ بیان کیا گیا ہے کہ اگر اپنی تعریف کسی سے سن کر خوش ہوتا ہے تو یہ ریا کی علامت ہے ، اگر خلوت میں کام کیا لیکن دل میں ریا رکھتا تھا تو یہ بھی ریاکاری ہے ۔ اللہ تعالیٰ اس سے پناہ عطا فرمائے ۔ یہاں ایک صورت یہ بھی ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کے فضل ولطف اور رحمت سے خوش ہو کہ اس نے گناہوں پر پردہ ڈال رکھا ہے عبادات اور دیگر معمولات کو اس ارادے سے کیا جائے کہ دین کا غلبہ ہو اور لوگ نیکی میں اقتداء کریں تو محمودِ عمل ہے ، ریاکاری نہیں جیسا کہ اس پر احادیث میں یہ نکتہ نہایت غامض ہے اور تفصیل طلب ہے ، کتبِ فقہ میں ان پر گفتگو نہیں کی گئی لہٰذا اس کی تحقیق اہلِ علم سے خصوصاً امام غزالی کی کتاب احیاء العلوم سے تلاش کرنی چاہیے ۔ یہ جو کچھ مذکور ہے اسی سے حاصل کیا گیا ہے ۔

سُمْعَۃ سین پر پیش ، میم ساکن ، اس کا ذکر اکثر لفظ ریا کے ساتھ آتا ہے کہا جاتا ہے فلاں نے یہ کام برائے ریا وسمعہ کیا ہے یعنی لوگ اسے دیکھیں اور سنیں ۔ سمعہ ان چیزوں میں ہوگا جن کا تعلق سمعہ سے اور ریا کا تعلق حاسّہ بصر سے ہے ۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۵۰۸۱ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی صُوَرِکُمْ وَاَمْوَالِکُمْ وَلٰکِنْ یَّنْظُرُ اِلٰی قُلُوْبِکُمْ وَاَعْمَالِکُمْ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہاری صورتوں اور اموال کو نہیں دیکھتا[1] بلکہ وہ تمہارے قلوب اور اعمال[2] کو دیکھتا ہے ۔ (مسلم)

[1] نظرِ رحمت وعنایت تمہارے ان ظواہر کو نہیں دیکھتا جو پسندیدہ سیرت سے مزین نہیں اور ان اموال کو بھی نہیں دیکھتا جو خیر مقبول سے خالی ہیں ۔

[2] ان دلوں کو دیکھتا ہے جو محلِ تجلی ہیں اور تمہارا وہ کردار جو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے ہے ۔ بعض کتب احادیث میں الفاظ روایت یہ ہیں اِنَّ اللّٰہَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی صُوَرِکُمْ وَاَعْمَالِکُمْ وَلٰکِنْ یَّنْظُرُ اِلٰی قُلُوْبِکُمْ وَنِیَّاتِکُمْ (اللہ تعالیٰ تمہاری ظاہری صورتوں اور اعمال کو نہیں دیکھتا مگر وہ تمہارے دل اور نیتوں کو دیکھتا ہے ۔)

۵۰۸۲ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی اَنَا اَغْنَی

انہی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے میں تمام شریکوں کے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

الشُّرَکَآءِ عَنِ الشِّرْکِ مَنْ عَمِلَ عَمَلًا اَشْرَکَ فِیْہِ مَعِیَ غَیْرِیْ تَرَکْتُہٗ وَشِرْکَہٗ وَفِیْ رِوَایَۃٍ فَاَنَا مِنْہُ بَرِیْءٌ ہُوَ لِلَّذِیْ عَمِلَہٗ ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

شرک سے بے نیاز ہوں جو کوئی ایسا عمل کرے جس میں میرے ساتھ غیر کو شریک کرے تو میں اسے اس کے شرک کے ساتھ چھوڑ دوں گا اور ایک روایت میں یوں ہے کہ میں اس سے بری ہوں وہ اس کے لیے ہے جس کے لیے عمل کرے (مسلم)

لہ یعنی اس کائنات میں جتنے شرکاء ہیں وہ شرکت کے محتاج ہیں اور اس پر راضی ہیں کہ اس چیز میں سب کا دخل اور شرکت ہے بخلاف میری ذات کے کیونکہ میں علی الاطلاق خلاق ہوں ۔ شرکتِ عبادات سے میں بے نیاز ہوں یہاں تک کہ وہ میرے لیے ہی خالصتاً نہ کی جائیں ۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو شریک کا نام اس لیے دیا کہ بندگان نے انہیں شریک ٹھہرایا ہے پس اس سے اللہ تعالیٰ نے اپنی بے نیازی اور ناپسندیدگی کا اظہار کر دیا ۔

لہ کسی عبادت میں دوسرے کو شریک کر لیتا ہے ۔

لہ اس حدیث کا ظاہر واضح کر رہا ہے کہ ریاکاری کا انفعال ثواب کو فوت کر دینا ہے لیکن شارحین نے فرمایا ہے کہ یہ بات دو صورتوں میں ہے کہ یا تو مقصد محض ریاکاری ہو ثواب مقصود نہ ہو یا ریا کا مقصد غالب ہو یہاں یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ عبادت میں ریاکاری کے دخل پر زجر و توبیخ پر مبالغہ ہے ۔

۵۰۸۳ وَعَنْ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰہُ بِہٖ وَمَنْ یُّرَآئِیْ یُرَآئِی اللّٰہُ بِہٖ ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو سنانا چاہتا ہے اللہ اسے سنا دے گا اور جو دکھانا چاہتا ہے اللہ اسے دکھا دے گا (بخاری و مسلم)

لہ اپنے نفس کی لوگوں میں شہرت چاہتا ہے یا لوگوں کو اپنے فضائل سناتا ہے ۔ تسمیع دونوں معانی میں مستعمل ہے ؛ تسمیع بمعنی مشہور ہونا، گم نامی کا دور کرنا اور تشہیر کرنا اور بمعنی دوسرے کو سنانا بھی ہے (کذا فی القاموس)

لہ اللہ تعالیٰ روزِ قیامت اس کے عیوب کی تشہیر فرمائے گا اور اسے رسوا فرمائے گا اور قیامت کی قید کا ذکر تیسری فصل میں حدیث جندب میں موجود ہے ۔

لہ اسے کہا جائے گا کہ تو اسی سے جزا طلب کر جس کی خاطر تو نے عمل کیا ، بعض شارحین نے کہا اس سے مراد یہ ہے کہ اس کے وہ اعمالِ بد ظاہر کر دیتا ہے تاکہ ذلیل و رسوا ہو یا اس بات کو واضح کر دیا جاتا ہے کہ اس کی نیت بد ہے اس نے یہ عمل اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے نہیں کیا ، بعض کی رائے یہ ہے کہ وہ بندہ جو اپنے اعمال اس لیے کرتا ہے کہ لوگ دیکھیں اور سنیں، اللہ تعالیٰ اسے ثواب دکھائے گا دے گا نہیں ۔ تاکہ اسے اپنے کیے پر حسرت ہو یا اس سے مراد یہ ہے کہ بندے نے چونکہ اعمال لوگوں کی خاطر کیے تھے اس لیے اللہ تعالیٰ نے لوگوں میں مقبولیت کے ذریعے اس کا بدلہ عطا کر دیا اور آخرت کے ثواب سے محروم کر دیا ۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۵۰۸۴ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قِیْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَرَأَیْتَ الرَّجُلَ یَعْمَلُ الْعَمَلَ مِنَ الْخَیْرِ وَیَحْمَدُهُ النَّاسُ عَلَیْهِ وَفِیْ رِوَایَةٍ وَیُحِبُّهُ النَّاسُ عَلَیْهِ قَالَ تِلْكَ عَاجِلُ بُشْرَی الْمُؤْمِنِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا آپ اس شخص کے بارے میں کیا فرماتے ہیں جس نے اچھا عمل کیا اور لوگ اس پر تعریف کرتے ہیں۔ دوسری روایت میں ہے اس عمل پر لوگ اس سے محبت کرتے ہیں۔ فرمایا یہ مومن کی فوری بشارت ہے۔ (مسلم)

۱؎ اس کا حکم کیا ہے؟

۲؎ ان الفاظ کا اضافہ ہے۔

۳؎ آخرت میں حصول ثواب سے قبل پرستائش و محبت دنیا میں حاصل ہو رہی ہے گویا یہ بندے کے لیے ثواب آخرت کی بشارت ہے کیونکہ اس بندے کی نیت میں ریاکاری نہ تھی بلکہ اس کا مقصد ثواب آخرت کا حصول ہی تھا مگر اللہ تعالیٰ نے اپنے خصوصی فضل و کرم سے اسے دنیا میں بھی ثواب عطا فرما دیا۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۵۰۸۵ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ فُضَالَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا جَمَعَ اللّٰهُ النَّاسَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْهِ نَادٰی مُنَادٍ مَنْ كَانَ اَشْرَكَ فِیْ عَمَلٍ عَمِلَهٗ لِلّٰهِ اَحَدًا فَلْیَطْلُبْ ثَوَابَهٗ مِنْ عِنْدِ غَیْرِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ اَغْنَی الشُّرَكَاءِ عَنِ الشِّرْكِ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوسعید بن ابی فضالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ قیامت میں لوگوں کو جمع فرمائے گا اس دن جس میں کوئی شک نہیں تو پکارنے والا پکارے گا جس نے ایسے کام میں جو اللہ کے لیے کرے کسی کو شریک ٹھہرایا تو اس کا ثواب بھی غیر خدا سے مانگے کیونکہ اللہ شریکوں کے شرک سے بے نیاز ہے۔ (مسند احمد)

۱؎ یہ انصاری حارثی صحابی ہیں، مسند احمد، جامع الاصول اور استیعاب میں اسی طرح ہے۔ مصابیح اور مشکوٰۃ کے بعض نسخوں میں ابی سعد کی بجائے ابی سعید ہے۔

۲؎ آواز دینے والا فرشتہ آواز دے گا۔

۵۰۸۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ سَمَّعَ النَّاسَ بِعَمَلِهٖ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهٖ اَسَامِعَ خَلْقِهٖ وَحَقَّرَهٗ وَصَغَّرَهٗ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو اپنے عمل لوگوں کو سنائے تو اللہ اپنی مخلوق کے کانوں کو سنا دے گا اور اسے حقیر و ذلیل اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

جھوٹا کر دے گا۔

(بیہقی، شعب الایمان)

۱؎ اپنے اعمال میں شہرت چاہے

۲؎ دنیا و آخرت میں، سامع، اسمع میم پر پیش سمع کی جمع ہے جیسے کالب اور کلب۔

۵۰۸۷ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَتْ نِيَّتُهُ طَلَبَ الْآخِرَةِ جَعَلَ اللهُ غِنَاهُ فِي قَلْبِهِ وَجَمَعَ لَهُ شَمْلَهُ وَأَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ رَاغِمَةٌ وَمَنْ كَانَتْ نِيَّتُهُ طَلَبَ الدُّنْيَا جَعَلَ اللهُ الْفَقْرَ بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَشَتَّتَ عَلَيْهِ أَمْرَهُ وَلَا يَأْتِيهِ مِنْهَا إِلَّا مَا كُتِبَ لَهُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ أَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ عَنْ أَبَانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس کی نیت طلب آخرت۱؎ ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے دل میں استغنا۲؎ پیدا فرما دیتا ہے اور اس کے لیے پریشانیاں۳؎ جمع فرما دیتا ہے اور دنیا اس کے ہاں ذلیل ہو کر آتی ہے۴؎ جس کی نیت دنیا کی طلب ہو اللہ تعالیٰ اس کی آنکھوں کے درمیان مفلسی مقرر فرما دیتا ہے اس کے معاملات اس پر مختلف ہو جاتے ہیں اور اسے نہیں ملتا مگر جو اس کے لیے لکھ دیا گیا ہے۵؎ (ترمذی۔ اسے سند احمد، دارمی نے ابان۶؎ کے واسطہ حضرت زید بن ثابت سے روایت کیا)

۱؎ ثواب آخرت

۲؎ اسے مخلوق سے بے نیاز کر دیتا ہے وہ اب ریاکاری کا وسیلہ اختیار نہیں کرتا کہ اس کے ذریعے مال اور منصب چاہے۔

۳؎ اسباب معیشت کے ذریعے اس کو دلجمعی عطا کر دیتا ہے۔ شَمَل ش پر زبر، میم ساکن پریشانی اور جمعیت خاطر دونوں معانی میں آیا ہے یہاں معنی پریشانی ہے۔

۴؎ بغیر کسی طلب کوشش و محنت اور اسباب و حوائج میں خواری کے اسے معاش برائے زندگی حاصل ہو جاتی ہے

۵؎ طلب آخرت کی صورت میں جمعیت خاطر ہے اور آسانی سے رزق حاصل ہوتا ہے مگر طلب دنیا کی صورت میں پریشانی اور اضطراب ہے مگر ملتا وہ ہے جو مقدر ہوتا ہے۔

۶؎ اَبَان، ہمزہ پر زبر یہ تابعی امیر المومنین حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صاحبزادے ہیں، اپنے والد گرامی اور دیگر صحابہ سے روایت کرتے ہیں، ان کا ہشام بن عبد الملک کے دور میں وصال ہوا۔ جنگ جمل میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ساتھ تھے، احول اور اصم تھے۔ عبد الملک کے دور میں مدینہ طیبہ کے والی بنے اور فالج کی بیماری انھیں عارض ہوئی۔

۵۰۸۸ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اللّٰہِ بَیْنَا اَنَا فِیْ بَیْتِیْ فِیْ مُصَلَّایَ اِذْ دَخَلَ عَلَیَّ رَجُلٌ فَاَعْجَبَنِی الْحَالُ الَّتِیْ رَاٰنِیْ عَلَیْھَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَحِمَکَ اللّٰہُ یَا اَبَا ھُرَیْرَۃَ لَکَ اَجْرَانِ اَجْرُ السِّرِّ وَاَجْرُ الْعَلَانِیَۃِ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

کریں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں عرض کیا یارسول اللہ! میں اپنے گھر کی مسجد میں تھا کہ میرے پاس ایک شخص آیا مجھے اپنا وہ حال پسند آیا جس پر اس نے مجھے دیکھا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا اے ابوہریرہ تم پر اللہ رحمت کرے تم کو دو ثواب ہیں علانیہ کا اور خفیہ کا ۔

(ترمذی نے روایت کر کے فرمایا یہ حدیث غریب ہے)

لہ میں نماز میں تھا

لہ میرا یہ خوش ہونا کیسا ہے؟ ریا ہے یا نہیں ؟

لہ ظاہر یہی ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ اس لیے خوش ہو گئے کہ یہ آدمی اتباع کرتے ہوئے اس حال کے ساتھ متصف ہوگا یا اس وجہ سے خوش ہوئے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے اس فرمان مَنْ سَنَّ سُنَّۃً حَسَنَۃً فَلَہٗ اَجْرُھَا وَاَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِھَا (جس نے کار خیر شروع کیا اس کے لیے اجر ہے اور اجر کرنے والے کا اجر بھی اسے ہوگا) کے مطابق عامل کے عمل پر مجھے ثواب حاصل ہوگا آپ کی خوشی کا سبب اس بات پر شکرانہ بھی ہو سکتا ہے کہ اسے عبادت کی توفیق نصیب ہوئی اور ارکانِ اسلام میں سے ایک قوی رکن نماز کی ادائیگی پر مسلمان کی شہادت حاصل ہوگی یہ معنی الفاظ حدیث "سرا وعلانیہ" کے زیادہ مناسب ہے ۔

۵۰۸۹ / ۹ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَخْرُجُ فِیْ اٰخِرِ الزَّمَانِ رِجَالٌ یَخْتِلُوْنَ الدُّنْیَا بِالدِّیْنِ یَلْبَسُوْنَ لِلنَّاسِ جُلُوْدَ الضَّاْنِ مِنَ اللِّیْنِ اَلْسِنَتُھُمْ اَحْلٰی مِنَ السُّکَّرِ وَقُلُوْبُھُمْ قُلُوْبُ الذِّئَابِ یَقُوْلُ اللّٰہُ اَبِیْ یَغْتَرُّوْنَ اَمْ عَلَیَّ یَجْتَرِءُوْنَ فَبِیْ حَلَفْتُ لَاَبْعَثَنَّ عَلٰی اُولٰٓئِکَ مِنْھُمْ فِتْنَۃً تَدَعُ الْحَلِیْمَ فِیْھِمْ حَیْرَانَ ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

اور انھی سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی نے فرمایا آخری زمانے میں کچھ لوگ ظاہر ہوں گے جو دین کے بہانے دنیا کمائیں گے ۔ لوگوں کے سامنے بھیڑوں کی کھال پہنیں گے ۔ ان کی زبانیں شکر سے زیادہ میٹھی اور ان کے دل بھیڑیوں کی طرح ہوں گے اور اللہ تعالٰی فرماتا ہے کیا مجھ سے دھوکہ کھاتے ہو یا مجھ پر جرات کرتے ہو ، مجھے اپنی قسم میں ایسے لوگوں پر ایسا فتنہ بھیجوں گا جو بردبار کو حیران کر چھوڑے گا ۔ (ترمذی)

لہ اعمال آخرت کے بدلے طلب کریں گے اور لوگ ان کے فریب میں آجائیں گے ، فتل فریب کھانا ازباب ضرب یضرب ہے ۔

لہ لوگوں کے سامنے نرمی ، چاپلوسی اور تواضع کے لیے ۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۳ ان کی باتیں نرم و شیریں اور دوستی کی ہیں
۴ لوگوں کے ساتھ دشمنی کے وقت
۵ کیا وہ میرے مہلت دینے کی وجہ سے مغرور ہو گئے ہیں
۶ یا وہ مجھ پر جرات و دلیر ہو گئے ہیں۔
۷ ان کی ذات سے یا ان لوگوں کی طرف سے جن کو یہ فریب دیتے ہیں۔
۸ عاقل آدمی متحیر ہوگا اور عبرت حاصل کرے گا۔

۵۰۹۰ / ۱۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى قَالَ لَقَدْ خَلَقْتُ خَلْقًا أَلْسِنَتُهُمْ أَحْلَى مِنَ السُّكَّرِ وَقُلُوبُهُمْ أَمَرُّ مِنَ الصَّبِرِ فَبِي حَلَفْتُ لَأُتِيحَنَّهُمْ فِتْنَةً تَدَعُ الْحَلِيمَ فِيهِمْ حَيْرَانَ فَبِي يَغْتَرُّونَ أَمْ عَلَيَّ يَجْتَرِئُونَ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هَذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے میں نے ایسی مخلوق بھی پیدا کی ہے جن کی زبانیں شکر سے زیادہ میٹھی اور ان کے دل ایلوے[۱] سے زیادہ کڑوے ہیں۔ مجھے اپنی ہی قسم میں ان میں ایسا فتنہ[۲] چھوڑوں گا جو عاقل کو بھی حیران کر دے گا۔ وہ میری وجہ سے دھوکہ کھاتے ہیں یا جرات کرتے ہیں۔
(ترمذی نے روایت کر کے غریب قرار دیا)

۱ "الصبر" صاد پر زبر یا کسرہ، کڑوے درخت کا شیرہ
۲ "تاحہ" حا کے ساتھ ایسا اندازہ کرنا کہ جو معاملہ پیش آنا ہو نہ آسکے۔

۵۰۹۱ / ۱۱ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ شِرَّةً وَلِكُلِّ شِرَّةٍ فَتْرَةً فَإِنْ صَاحِبُهَا سَدَّدَ وَقَارَبَ فَارْجُوهُ وَإِنْ أُشِيرَ إِلَيْهِ بِالْأَصَابِعِ فَلَا تَعُدُّوهُ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہر شے کی ایک خوشی اور ہر خوشی کی ایک کمزوری[۲] ہے اگر خوشی والا درست رہے اور قریب رہے[۳] تو اس کی کامیابی کی امید کرو اور اگر اس کی طرف انگلیوں سے اشارے کیے جاویں[۴] تو اسے کسی گنتی میں نہ لاؤ (ترمذی)

۱ شرۃ، شین کے نیچے کسرہ اور مشدد آخر میں تا ہے کسی چیز میں حرص اور خوشی شِرّۃ الشباب نوجوانی کا مزہ، شَرَۃ شین اور را پر فتحہ آخر میں تا اس کا معنی شدت حرص (قاموس وصراح) یہاں افراط انہماک مراد ہے۔
۲ فترت، فا پر زبر تا ساکن، سستی مراد تفریط و تقصیر ہے یعنی تمام اعمال ظاہری اور اخلاق باطنی میں افراط و تفریط ہو سکتا ہے اور یہ دونوں ہی مذموم اور موجب نقصان ہیں کیونکہ توسط و اعتدال محبوب و محمود ہیں جو اپنے مقام پر محقق ہے۔ آگے اپنے ارشاد کے ساتھ توسط کی طرف اشارہ فرمایا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳؎ اگر صاحبِ خوش نصیب صواب راہ پر چلا اور طریقِ اعتدال سے دور نہ نکلا اور افراط و تفریط سے بچ گیا۔
۴؎ یعنی لوگوں سے ممتاز ہو گیا ہے۔
۵؎ اسے اہلِ فوز و فلاح میں شمار نہ کرو، آپ کے الفاظ مبارکہ فَارْجُوْہُ وَلَا تَعُدُّوْہُ اشارہ کرتے ہیں کہ ان کی عاقبت میں ابہام ہے۔ یعنی ظاہر امید ہے کہ جو بھی شخص راہِ صواب پر افراط و تفریط سے بچ کر چلا اس کی عاقبت بہتر ہو گی اور اگر فسق و فساد میں وہ شخص ممتاز ہو گیا اور اس کی طرف اشارے ہونے لگے تو وہ ظاہرا اہلِ فلاح میں شمار نہ ہو گا لیکن عاقبت دونوں کی صحیح ہے کہ خاتمہ کس پر ہوتا ہے بیت

حکم مستوری و مستی ہمہ بر خاتمت ست — کس ندانست کہ آخر بچہ حالت گزرد

(ہر ایک کے خاتمہ پر پردہ ہے کوئی نہیں جانتا کہ وہ کس حالت میں رخصت ہو گا)

لیکن یہ امید ہے کہ جس کو اللہ تعالیٰ نے طاعت کی توفیق دی ہے اس کا انجام بھی اچھا ہی ہو گا اور رحمتِ الٰہی کا طریقہ جاریہ بھی ہے کہ وہ بدکار کو نیکی کی طرف لا کر توبہ کی توفیق دیتی ہے تاکہ نجات ہو جائے مگر نیکوکار کو بہت ہی کم برائی کی طرف جانے دیتی ہے ہم اللہ تعالیٰ سے عافیت مانگتے ہیں۔

۵۰۹۲ وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بِحَسْبِ امْرِئٍ مِّنَ الشَّرِّ اَنْ يُّشَارَ اِلَيْهِ بِالْاَصَابِعِ فِيْ دِيْنٍ اَوْ دُنْيَا اِلَّا مَنْ عَصَمَهُ اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا انسان کے شر کے لیے یہی کافی ہے کہ اس کی طرف دین یا دنیا میں انگلیوں سے[۱] اشارہ کیا جائے سوائے اس کے جسے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے[۲]۔ (بیہقی: شعب الایمان)

۱؎ دنیا میں اشارے کا محل بننا واضح ہے کیونکہ وہ محل آفت اور امن و سلامتی کی راہ سے دور جانا ہے۔ رہا معاملہ دین کا تو اس میں بھی ایک نوع ریاکاری بصورت محبت ریاست محبت، تقدیم و امامت، لوگوں کا اعتقاد اور تعظیم، نفسانی خواہشات نفس کے مکر اور شیطان کے وسواس میں جن سے کوئی بچ کر سلامتی پاتا ہے اور وہ مقرب اور نہایت ہی سچے لوگ ہوتے ہیں۔ چنانچہ کہا گیا ہے کہ صدیقین کے تصور سے جو آخری شئے خارج ہوتی ہے وہ حبِ جاہ ہے۔ پس خاموشی و گمنامی ہر حال میں بہتر اور سلامتی و حفاظت کے زیادہ قریب ہوتی ہے۔

۲؎ اس سے معلوم ہو رہا ہے کہ مذکورہ حکم اس شخص کے حق میں ہے جس کے دل میں محبت حکومت و منصب ہو اور یہ تصور ہو کہ لوگوں کے دلوں میں مجھے قبولیت حاصل ہو، رہا وہ شخص جو اس بیماری سے محفوظ اور مخلص ہے وہ اس حکم سے مستثنیٰ ہو گا اللہ رب العزت نے اپنے کلام میں اپنے مخلص بندوں کے بارے میں خود فرمایا ہے وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا (اے اللہ ہمیں متقین کا امام بنا) یہ منقول ہے کہ امام حسن بصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے پوچھا گیا کہ آپ لوگوں کے اشارے کا محل ہیں حالانکہ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کی برائی بیان کی ہے تو آپ نے فرمایا آپ کی مراد دین میں بدعتی اور دنیا میں فاسق ہے یعنی وہ شخص جو دنیا میں غلطی کے ساتھ مشہور ہوا مگر فسق و فجور کے قریب نہ گیا بلکہ طریقِ سنت اور اتباعِ نبوی کی راہ پر چلا وہ اس کلیہ کے تحت داخل نہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۵۰۹۳ عَنْ اَبِیْ تَمِیْمَۃَ[1] قَالَ شَہِدْتُ صَفْوَانَ[2] وَاَصْحَابَہٗ وَجُنْدُبٌ یُوْصِیْہِمْ فَقَالُوْا[3] ہَلْ سَمِعْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ شَیْئًا قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰہُ بِہٖ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَمَنْ شَاقَّ شَقَّ اللّٰہُ عَلَیْہِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ قَالُوْا اَوْصِنَا فَقَالَ اِنَّ اَوَّلَ مَا یُنْتِنُ مِنَ الْاِنْسَانِ بَطْنُہٗ فَمَنِ اسْتَطَاعَ اَنْ لَّا یَاْکُلَ اِلَّا طَیِّبًا فَلْیَفْعَلْ وَمَنِ اسْتَطَاعَ اَنْ لَّا یَحُوْلَ بَیْنَہٗ وَبَیْنَ الْجَنَّۃِ مِلْءُ کَفٍّ مِّنْ دَمٍ اَھْرَاقَہٗ فَلْیَفْعَلْ۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

تیسری فصل

حضرت ابو تمیمہ[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں حضرت صفوان اور ان کے ساتھیوں کے پاس گیا جبکہ حضرت جندب[2] انہیں وصیت کر رہے تھے۔ لوگوں نے[3] کہا کہ کیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کچھ سنا ہے فرمایا میں نے آپ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو اپنی شہرت چاہے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کو رسوا کر دے گا جو مشقت[4] میں ڈالے گا اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن مشقت میں[5] ڈالے گا۔ عرض کیا ہمیں وصیت کیجیے فرمایا انسان کی پہلی چیز جو بگڑتی ہے وہ پیٹ[6] ہے جو طاقت رکھے کہ طیب کے سوا کچھ نہ کھائے وہ ضرور ایسا کرے[7] اور جو طاقت رکھے کہ اس کے اور جنت کے درمیان مٹھی بھر خون آڑے نہ آئے جسے وہ بہائے تو وہ ضرور ایسا کرے[8] (بخاری)

۱؎ ابو تمیمہ بن مجالد بصری تابعی ہیں

۲؎ یہ ابو ذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نام ہے، صفوان متعدد ہیں، صفوان بن امیہ، صفوان بن عسال، صفوان بن معطل یہ تمام صحابہ ہیں یہاں معلوم نہیں کون مراد ہے؟

۳؎ صفوان اور اصحاب صفوان نے

۴؎ جو لوگوں کو مشقت میں ڈالے یعنی ان سے اس چیز کا مطالبہ کرے جو ان کی طاقت میں نہ ہو۔ علامہ طیبی نے اسے عموم پر رکھا اور فرمایا اس میں اپنا نفس بھی مراد ہو سکتا ہے یعنی اپنے نفس کو اس کی طاقت سے اس طرح بڑھ کر تکلیف میں ڈالنا جو حد سے زیادہ اور موجب خلل و ضرر ہو ممنوع ہے۔ بعض شارحین نے فرمایا کہ اس سے مراد مخلوق کے ساتھ اختلاف و نزاع اور لڑائی برپا کرنا ہے بہر تقدیر اس کی جزا بیان کردہ ہے۔

۵؎ بعض روایات میں شَاقَّ اللّٰہُ عَلَیْہِ (اللہ تعالیٰ اس پر سختی کرے گا) کے الفاظ بھی ہیں۔

۶؎ جو انسان کو جنت سے محروم اور آتش دوزخ میں داخل کر دیتی ہے وہ پیٹ ہے جو انسان کو حرام کھانے کی طرف لے جاتی ہے۔

۷؎ یہ عمل دوزخ سے نجات دلاتا ہے

۸؎ ایسا نہ کرے کیونکہ ناحق خون بہانا جنت میں داخلے کے منافی ہے اگرچہ وہ ایک چلو ہی کیوں نہ ہو چہ جائیکہ اس سے زیادہ ہو اور یہ کام عقل سے بعید ہے کہ انسان یہ حقیر و خسیس عمل کرے جو دخول جنت جیسی عظیم نعمت سے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

مانع بن جائے۔

۵۰۹۴ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّہٗ خَرَجَ يَوْمًا اِلٰى مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْہِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ قَاعِدًا عِنْدَ قَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْہِ وَسَلَّمَ يَبْكِيْ فَقَالَ مَا يُبْكِيْكَ قَالَ يُبْكِيْنِيْ شَيْءٌ سَمِعْتُہٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْہِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ يَسِيْرَ الرِّيَاءِ شِرْكٌ[1] وَمَنْ عَادٰى لِلّٰہِ وَلِيًّا فَقَدْ بَارَزَ اللّٰہَ بِالْمُحَارَبَۃِ[2] اِنَّ اللّٰہَ يُحِبُّ الْاَبْرَارَ الْاَتْقِيَاءَ الْاَخْفِيَاءَ[3] الَّذِيْنَ اِذَا غَابُوْا لَمْ يُتَفَقَّدُوْا[4] وَاِنْ حَضَرُوْا لَمْ يُدْعَوْا[5] وَلَمْ يُقَرَّبُوْا[6] قُلُوْبُہُمْ مَصَابِيْحُ الْہُدٰى[7] يَخْرُجُوْنَ مِنْ كُلِّ غَبْرَاءَ مُظْلِمَۃٍ[8]۔ رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَالْبَيْہَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ وہ ایک دن نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مسجد کی طرف گئے تو قبر نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بیٹھا ہوا پایا جو رو رہے تھے حضرت عمر نے پوچھا کیوں رو رہے ہو؟ بولے مجھے وہ چیز رُلا رہی ہے جو میں نے رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنی تھی۔ میں نے آپ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ تھوڑی سی ریا بھی شرک ہے[1] اور جو اللہ کے دوست سے دشمنی کرے وہ اللہ کے مقابل جنگ کے لیے آیا[2]۔ اللہ تعالیٰ ان مخفی[3] نیکوں پرہیزگاروں کو پسند کرتا ہے جو غائب ہو جائیں تو ڈھونڈے نہ جائیں[4] اور اگر موجود ہوں تو نہ بلائے جائیں[5] اور نہ قریب کیے جائیں[6] ان کے دل چراغ ہدایت ہوں[7] اور ہر تاریک گرد سے نکلے ہوں[8]۔

(ابن ماجہ، بیہقی شعب الایمان)

[1] چہ جائیکہ زیادہ ہو۔

[2] اور اللہ تعالیٰ کے مقابل آیا وہ یقیناً ذلیل ہوا۔ مبارزت، صف سے جنگ کے لیے نکلنا ہوتا ہے۔

[3] مخفی حال والے۔

[4] ان کے احوال کے بارے میں نہ پوچھا جائے۔

[5] برائے مہمانی اور مجلس۔

[6] یعنی عزت کے ساتھ نہ بٹھائے جائیں۔

[7] جن کی روشنی سے راہ راست حاصل کیا جا سکتا ہو۔

[8] ان کے مساکن اور رہائش گاہوں کی تیرگی و تاریکی کی طرف اشارہ ہے کہ وہ کوئی ایسی چیز نہیں رکھتے ہوں گے جن سے ان کو روشن اور مزین کر سکیں۔ اس حدیث میں اس بات پر تنبیہ ہے کہ اگر عالم صالح اور متقی کی ظاہری حالت لباس و رہائش وغیرہ بہتر نہ ہو تو اس وجہ سے ان کی تعظیم میں کمی نہ کی جائے کون جانتا ہے کہ ان کے باطن میں کیا ہے؟

بیت:۔ خاکساران جہاں را بحقارت منگر
تو چہ دانی کہ دریں گرد سوارے باشد

(ان گرد آلود لوگوں کو حقیر مت جانو، کیا علم کہ اس گرد میں کوئی عالم بالا کا سوار ہو)

اور اس حدیث میں اس طرف بھی توجہ دلائی گئی ہے کہ محض فقر و ذلت کے بغیر تقویٰ اور نور باطن کی کوئی حقیقت نہیں ۔

۵۰۹۵ (۱۵) وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا صَلّٰى فِى الْعَلَانِيَةِ فَاَحْسَنَ وَصَلّٰى فِى السِّرِّ فَاَحْسَنَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى هٰذَا عَبْدِیْ حَقًّا ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی بندہ علانیہ نماز ادا کرتا ہے تو بھی اچھا اور اگر سراً ادا کرتا ہے تو بھی اچھا ہے ۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یہ میرا سچا بندہ ہے[۱] (ابن ماجہ)

۱ کہ اس نے عبادت میں ریاکاری نہیں کی ۔

۵۰۹۶ (۱۶) وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَكُوْنُ فِیْ اٰخِرِ الزَّمَانِ اَقْوَامٌ اِخْوَانُ الْعَلَانِيَةِ اَعْدَاءُ السَّرِيْرَةِ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ يَكُوْنُ ذٰلِكَ بِرَغْبَةِ بَعْضِهِمْ اِلٰى بَعْضٍ وَرَهْبَةِ بَعْضِهِمْ مِنْ بَعْضٍ ۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا : آخری زمانے میں ایسی قومیں ہوں گی جو ظاہریت کی دوست اور پوشیدگی کی دشمن ہوں گی ۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ ! یہ کیونکر ہوگا[۱] ۔ فرمایا یہ ان کے بعض کے بعض سے رغبت اور بعض کے بعض سے ڈرنے کی وجہ[۲] سے ہوگا ۔

۱ اس کا سبب کیا ہوگا ؟

۲ یعنی مقاصد دنیاوی اغراض ہوں گے اگر حاصل ہو گئے تو دوستی کا اظہار کر دیا اور اگر حاصل نہ ہوئے تو بیگانہ ہو گئے اور عدم حصول کی صورت میں دشمنی اختیار کر لی ۔

۵۰۹۷ (۱۷) وَعَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ صَلّٰى يُرَائِیْ فَقَدْ اَشْرَكَ وَمَنْ صَامَ يُرَائِیْ فَقَدْ اَشْرَكَ وَمَنْ تَصَدَّقَ يُرَائِیْ فَقَدْ اَشْرَكَ وَمَنْ تَصَدَّقَ يُرَائِیْ فَقَدْ اَشْرَكَ ۔ (رَوَاهُمَا اَحْمَدُ)

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا جو دکھلاوے کے لیے نماز پڑھے اس نے شرک کیا[۱] اور جس نے دکھلاوے کے لیے روزہ رکھا اس نے شرک کیا جو دکھلاوے کے لیے صدقہ دے اس نے شرک کیا[۲] (مذکورہ دونوں روایات مسند احمد میں ہیں)

۱ اس نے غیر خدا کو خدا کا شریک ٹھہرایا ۔

۲ یعنی ہر وہ عمل جس میں ریا ہوگا وہ شرک ہے اور اس کی انتہا بھی شرک جلی ہی ہے ۔ شرک جلی بت پرستی کرنا ہے اور ریاکاری کرنے والا بھی غیر خدا کے لیے عمل کر کے بت پرستی کا ہی ارتکاب کر رہا ہے لیکن مخفی انداز میں ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جیسا کہ کہا گیا ہے کُلُّ مَا صَدَّكَ عَنِ اللّٰهِ فَهُوَ صَنَمُكَ (ہر وہ شے جو تجھے اللہ تعالیٰ سے روکے وہ تیرا بُت ہے)

۵۰۹۸ / ۱۸ وَعَنْهُ اَنَّهٗ بَكٰى فَقِيْلَ لَهٗ مَا يُبْكِيْكَ قَالَ شَيْءٌ سَمِعْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فَذَكَرْتُهٗ فَاَبْكَانِيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَتَخَوَّفُ عَلٰى اُمَّتِي الشِّرْكَ وَالشَّهْوَةَ الْخَفِيَّةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتُشْرِكُ اُمَّتُكَ مِنْ بَعْدِكَ قَالَ نَعَمْ اَمَا اِنَّهُمْ لَا يَعْبُدُوْنَ شَمْسًا وَلَا قَمَرًا وَلَا حَجَرًا وَلَا وَثَنًا وَلٰكِنْ يُرَاءُوْنَ بِاَعْمَالِهِمْ وَالشَّهْوَةُ الْخَفِيَّةُ اَنْ يُّصْبِحَ اَحَدُهُمْ صَائِمًا فَتَعْرِضُ لَهٗ شَهْوَةٌ مِّنْ شَهَوَاتِهٖ فَيَتْرُكُ صَوْمَهٗ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

اور انھی سے روایت ہے کہ آپ رو دیئے پوچھا گیا آپ کو کس شے نے رُلایا؟ فرمایا اس بات نے جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنی وہ مجھے یاد آگئی اس نے مجھے رلا دیا۔ میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں اپنی امت پر شرک اور خفیہ شہوت کا خوف کرتا ہوں۔ میں نے[۱] عرض کیا یا رسول اللہ کیا آپ کے بعد آپ کی اُمت شرک کرے گی۔ فرمایا ہاں لیکن یاد رہے وہ لوگ[۲] نہ سورج کی پوجا کریں گے نہ چاند کی نہ پتھر کی اور نہ بُت کی لیکن ریا کاری[۳] کریں گے خفیہ شہوت یہ ہے کہ ان میں سے ایک روزہ رکھے گا پھر اس کے سامنے اس کی خواہشات میں سے کوئی خواہش[۴] آجائے تو وہ اپنا روزہ چھوڑ دے گا[۵]۔ (مسند احمد، بیہقی شعب الایمان)

۱؎ حضرت شداد بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے

۲؎ وہ شرک نہیں کریں گے جو متعارف ہے جسے شرک جلی کہا جاتا ہے۔

۳؎ کیونکہ اس امت میں عمل صالح کی عزت وقیمت نہایت اہم ہے اور اس کے اعمال بھی زیادہ ہیں تو ریا کاری کرنے والا اگر زندگی کو ریا کاری کی نذر کرتے ہوئے مال وجاہ کی خاطر لوگوں کی نذر کر دیتا ہے تو وہ شرک خفی میں گرفتار ہے جو درحقیقت شرک اور بُت پرستی ہی ہے۔

۴؎ مثلاً کھانا پینا یا جماع

۵؎ غلبہ شہوت کی وجہ سے اس خواہش کو خفی کہنے کی وجہ یہ ہے کہ وہ گویا باطن میں وقت نیت روزہ یہ خواہش رکھتا تھا کہ اگر شہوت عارضی آگئی تو میں روزہ توڑ دوں گا۔ علامہ طیبی اس کی وجہ یہ بیان کرتے ہیں کہ اس میں ہلاکت مخفی ہے یا اس سبب سے کہ اس کی شرک کے ساتھ مناسبت ہے کیونکہ یہاں مراد شرک خفی ہے۔

۵۰۹۹ / ۱۹ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَتَذَاكَرُ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ فَقَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِمَا هُوَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے جبکہ مسیح دجال[۱] کا تذکرہ کر رہے تھے۔ فرمایا کیا

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

أَخْوَفُ عَلَيْكُمْ عِنْدِيْ مِنَ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ فَقُلْنَا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الشِّرْكُ الْخَفِيُّ أَنْ يَّقُوْمَ الرَّجُلُ فَيُصَلِّيْ فَيَزِيْدُ صَلٰوتَهٗ لِمَا يَرٰى مِنْ نَظَرِ رَجُلٍ۔
(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ہیں تم کو اس چیز کی خبر نہ دوں جو میرے نزدیک تمہارے لیے مسیح دجال سے زیادہ خطرناک ہے ہم نے عرض کیا ہاں یا رسول اللہ! فرمایا وہ خفیہ شرک ہے یعنی یہ کہ کوئی شخص نماز پڑھنے کھڑا ہو تو اپنی نماز اسلئے بڑھا کر لمبی کرے کہ کسی شخص کو دیکھے کہ وہ آگے دیکھ رہا ہے ۔ (ابن ماجہ)

سلہ اس کے فتنہ اور ابتلاء کا

سلہ تعداد اور خشوع وخضوع میں

سلہ ریا کرتے ہوئے سوچے کہ میں اتنی اعلیٰ نماز ادا کر رہا ہوں ۔ دجال سے زیادہ فتنہ وابتلاء کی وجہ یہ ہے کہ اس کا ابتلاء زیادہ ہے اور اس سے اجتناب نہایت دشوار ہے اور نفس اس کو قبیح بھی نہیں جانتا ۔ اور دجال کا فتنہ وقتی ہوگا یہ بھی وجہ ہے کہ اس کا خروج نزدیک نہیں بلکہ آخر زمانے میں ہے لیکن اس صورت میں خطاب فقط اہل مجلس کے ساتھ مخصوص ہوگا اور اس کا جھوٹا ہونا وغیرہ علامت بھی ہوگی اور نفس بھی اس سے نفرت کرے گا یا یہ ریاکاری کی قباحت ومبالغہ پر تشدد ہے ۔ بیت

کلید در دوزخ ست آں نماز — کہ در چشم مردم گذاری دراز

(وہ نماز دوزخ کے دروازے کی چابی ہے جو لوگوں کو دکھانے کے لیے ادا کی جائے)

۵۲۱۰ وَعَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ لَبِيْدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ أَخْوَفَ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمُ الشِّرْكُ الْأَصْغَرُ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا الشِّرْكُ الْأَصْغَرُ قَالَ الرِّيَاءُ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت محمود بن لبید[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جن چیزوں سے میں تم پر خوف کھاتا ہوں ان سب سے خوفناک چیز شرک اصغر ہے عرض کیا یا رسول اللہ شرک اصغر کیا ہے ؟ فرمایا ریاکاری[2] (مسند احمد)

وَزَادَ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ يَقُوْلُ اللّٰهُ لَهُمْ يَوْمَ يُجَازِي الْعِبَادَ بِأَعْمَالِهِمْ اِذْهَبُوْا إِلَى الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُرَاءُوْنَ فِي الدُّنْيَا فَانْظُرُوْا هَلْ تَجِدُوْنَ عِنْدَهُمْ جَزَاءً أَوْ خَيْرًا۔

بیہقی نے شعب الایمان میں یہ اضافہ بھی ذکر کیا کہ اللہ تعالیٰ ان سے فرمائے گا اس دن جو ان بندوں کو ان کے اعمال کا بدلہ دے گا کہ ان کے پاس جاؤ جن میں تم دنیا میں اعمال دکھاتے رہے کہ کیا ان کے پاس تم جزا یا بھلائی پاتے ہو[3] ۔

سلہ ان کے صحابی ہونے میں اختلاف ہے ان کی ولادت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ظاہری حیات میں ہوئی صحابہ سے انھوں نے روایت کی ۔ امام بخاری نے انھیں صحابی قرار دیا ہے اور زیادہ صحیح قول بھی یہی ہے ۔

سلہ یہ بت پرستی اور کسی کو معبود جاننے جو شرک جلی اور قوی ہے سے چھوٹی وضعیف ۔

سلہ راوی کو شک ہے کہ جزا کا لفظ فرمایا یا خیر کا ۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۵۱۰۱/۲۱ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ رَجُلًا عَمِلَ عَمَلًا فِیْ صَخْرَۃٍ لَا بَابَ لَھَا وَلَا کُوَّۃَ خَرَجَ عَمَلُہٗ اِلَی النَّاسِ کَائِنًا مَا کَانَ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص اگر ایسے پتھر [۱] کی چٹان میں بیٹھ کر عمل کرے جس کا کوئی دروازہ نہیں اور نہ روشن [۲] دان تو بھی اس کا عمل لوگوں تک آجائے گا۔ جو عمل بھی ہو [۳]۔

[۱] صخرۃ، بڑے پتھر کو کہا جاتا ہے یہاں یا تو غار مراد ہے یا مبالغۃً فرمایا کہ اگر بالفرض ایسے پتھر کے اندر کوئی عمل کرے جس کا دروازہ نہ ہو تب بھی وہ سامنے آجاتا ہے۔

[۲] سوراخ یہاں سے کوئی مطلع ہوسکے "کوۃ" کاف پر زبر یا پیش، واؤ مشدد آخر میں تا اس روشن دان کو کہتے ہیں جو دیوار میں ہو۔ بعض شارحین نے فرمایا کہ اگر نافذ ہو تو پیش کے ساتھ اور اگر غیر نافذ ہو تو فتحہ کے ساتھ، یہ بھی ہے کہ اگر تا کے ساتھ ہو تو تنگ سوراخ اور اگر بغیر تا ہو تو بڑا سوراخ، چونکہ اس روایت میں تا اور پیش ہے لہٰذا مراد چھوٹا سوراخ ہوگا چونکہ اس روایت میں تا اور پیش ہے لہٰذا مراد چھوٹا سوراخ ہوگا اور مقام کے مناسب بھی یہی ہے جیسا کہ واضح ہے۔ الحاصل جو عمل خلوت میں پوشیدہ ہو اور اس پر کوئی مطلع نہ ہو۔

[۳] یعنی اظہار کی ضرورت ہی نہیں تاکہ ریا ہو اور ثواب سے محرومی ہو اگر اللہ کے لیے عمل ہو اور اس میں حکمت کا تقاضا ہوا، اور بندے کی بہتری ہوئی تو اللہ تعالیٰ اسے ضرور آشکارا فرمادیتے ہیں۔

یا مفہوم یہ ہے کہ اخلاص والے کو عمل مخفی رکھنے میں خوب احتیاط کرنی چاہیے کیونکہ عمل ظاہر ہو کر رہتا ہے کیونکہ بندے کے اختیار میں نہیں۔

۵۱۰۲/۲۲ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ کَانَتْ لَہٗ سَرِیْرَۃٌ صَالِحَۃٌ اَوْ سَیِّئَۃٌ اَظْھَرَ اللّٰہُ مِنْھَا رِدَاءً یُعْرَفُ بِہٖ۔

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کی جو سیرت [۱] ہوگی اچھی یا بری۔ اللہ تعالیٰ اس کی علامت [۲] ظاہر فرمائے گا جس سے وہ پہچانا جائے گا۔

[۱] مخفی خواہ نیک ہو یا بد

[۲] رداء کا معنی علامت ہے جس سے معرفت ہوتی ہے کیونکہ اپنی رداء سے آدمی پہچانا جاتا ہے۔

۵۱۰۳/۲۳ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا اَخَافُ عَلٰی ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ کُلَّ مُنَافِقٍ یَتَکَلَّمُ بِالْحِکْمَۃِ وَیَعْمَلُ بِالْجَوْرِ۔ (رواہ البیہقی الاحادیث)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں اس امت پر ہر اس منافق سے ڈرتا ہوں جو باتیں حکمت کی کرے گا اور عمل ظلم کے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

الثَّلٰثَۃَ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ) ان تینوں احادیث کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا۔

لے یعنی لوگوں کو دکھانے کے لیے اچھی نصیحتیں کرے گا مگر خود ان پر عمل نہیں کرے گا اور یہ صفت منافقین کی ہے اور میں ڈرتا ہوں کہ اس اُمت میں ایسا شخص پیدا ہو یعنی ایسی صفات و اعمال سے بچنا چاہیے۔

۵۱۰۲/۲۴ وَعَنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ حَبِيْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنِّیْ لَسْتُ كُلَّ كَلَامِ الْحَكِيْمِ اَتَقَبَّلُ وَلٰكِنِّیْ اَتَقَبَّلُ هَمَّهٗ وَهَوَاهُ فَاِنْ كَانَ هَمُّهٗ وَهَوَاهُ فِیْ طَاعَتِیْ جَعَلْتُ صَمْتَهٗ حَمْدًا لِّیْ وَوَقَارًا وَّاِنْ لَّمْ يَتَكَلَّمْ (رَوَاهُ الدَّارِمِیُّ)

حضرت مہاجر بن حبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ میں حکمت والے کا ہر کلام قبول نہیں کرتا لیکن میں اس کا ارادہ اور خواہش قبول کرتا ہوں تو اگر اس کا ارادہ اور خواہش میری فرمانبرداری میں ہو تو اس کی خاموشی کو بھی اپنی حمد اور وقار بنا دیتا ہوں اگرچہ وہ کچھ نہ بولے۔ (دارمی)

لے یعنی وہ جو کچھ کہے وہ عمل میں واقع ہو۔

لے اس کی محبت و قصد کو

لے اپنی ذاتِ اقدس کی ستائش و ثناء

لے اگر اس کی نیت اللہ تعالیٰ کی طاعت و محبت ہے تو اس کی خاموشی ہی محمود و قابل ستائش ہے گویا اس کی خاموشی اللہ کی حمد ہے اور اگر نیت محبت و طاعت کی نہیں تو کلام ضائع ہوگا۔ اگرچہ علم و حکمت پر مشتمل ہو کیونکہ اس میں ریا و نمود و نمائش ہوگی۔

۳۳۵۔ بَابُ الْبُكَآءِ وَالْخَوْفِ

رونے اور خوف کا بیان

بکا، ایک حالت ہے جو انسان کو لاحق ہوتی ہے بالمد سے اس کا معنیٰ آواز کے ساتھ رونا اگر بالقصر ہو تو آنکھوں کا آنسو بہانا تباکی، رونے میں تکلف کرنا، کسی ایسی چیز کو یاد کرنا یا حاضر کرنا جس سے رونا آئے "ابکاء" کسی کو رلانا، خوف ڈرنا، اخافت و تخویف ڈرانا، خوف ایک حالت ہے جو عارض ہوتی ہے یہاں عذاب آخرت اور اللہ تعالیٰ کے غضب سے ڈرنا اور رونا مراد ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۵۱۰۵ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ اَبُوالْقَاسِمِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَوْتَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَبَکَیْتُمْ کَثِیْرًا وَّلَضَحِکْتُمْ قَلِیْلًا۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوالقاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے اگر تم وہ جانتے جو میں جانتا ہوں[1] تو تم روتے زیادہ اور ہنستے[2] کم۔ (البخاری)

[1] قیامت کے احوال ومصائب، مبداء ومعاد کی حقیقت، اللہ تعالیٰ کا قہر وجلال جو خوف وخشیت اور ہیبت کا سبب ہے اور تمہاری وجہ سے جو مجھ پر غم ومشقت لاحق ہوتی ہے۔

[2] تم جانب خوف کو جانب رجاء امید پر ترجیح دیتے ہوئے اس میں تنبیہ ہے اس بات پر کہ ہر وقت اللہ تعالیٰ کا جلال وقہر اور گرفت سامنے رہنی چاہیے تاکہ خوف وخشیت لاحق رہے اور کثرت سے ہنسنے سے بچا جائے کیونکہ وہ تو جاہل اور غافل لوگوں کا عمل ہے یعنی اگر ہنسا بھی جائے تو امید مغفرت ومعافی اور رحمت کی بنیاد پر۔

۵۱۰۶ وَعَنْ اُمِّ الْعَلَاءِ الْاَنْصَارِیَّۃِ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاللّٰہِ لَا اَدْرِیْ وَاللّٰہِ لَا اَدْرِیْ وَاَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ مَا یُفْعَلُ بِیْ وَلَا بِکُمْ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ام العلا انصاریہ[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ کی قسم میں نہیں جانتا میں نہیں جانتا[2] اور حالانکہ میں اللہ کا رسول ہوں کہ میرے ساتھ اور تمہارے ساتھ کیا کیا جائیگا[3]۔ (بخاری)

[1] بیعت کرنے والی صحابیات میں شامل ہیں اور ان سے اہل مدینہ نے حدیث لی ہے۔

[2] دو دفعہ فرمایا

[3] اس فرمان نبوی کا ظاہر بتا رہا ہے کہ انجام مبہم ہے کوئی نہیں جانتا کیا ہوگا کیا نہیں ہوگا؟ لیکن یہ بات حضرات انبیاء ورسل خصوصًا سید المرسلین صلوات اللہ وسلامہ علیہ وعلیہم کے حوالے سے منفی ہے کیونکہ دلائل قطعیہ یقینیہ سے ثابت ہے کہ ان ذوات کو اپنی حسن عاقبت کا یقین ہوتا ہے۔ یہ فرمان آپ نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وصال کے وقت فرمایا تھا۔ یہ کبار مہاجرین میں سے ہیں۔ ہجرت مدینہ کے بعد سب سے پہلے فوت ہونے والے مہاجر آپ ہی ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے موت کے بعد ان کی پیشانی کو چوما اور ان کے چہرے پر آپ کے آنسو گرے جنت البقیع میں خود دفن کروایا اور بہت سی عنایات سے نوازا وہاں ایک خاتون حاضر تھی اس نے کہا اے ابن مظعون تجھے جنت مبارک ہو کہ تیرا انجام خیر پر ہوا ہے پس حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس پر اس خاتون کو روکا اور یہ ارشاد فرمایا درحقیقت اس کا مطلب بارگاہ نبوت میں بے ادبی، غیب پر حکم کرنے اور اس کے بارے میں وثوق سے جزم وطریقہ پر

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

منع کرنا ہے۔
خلاصہ یہ ہے کہ یہ کنایہ ہے ازراہِ ادب علم غیب کی تصریح نہ کرنے سے۔ کلام کا حقیقی معنی مراد نہیں ہے۔ یا مراد احوالِ عاقبت کا تفصیلاً معلوم نہ ہونا ہے کیونکہ خواہ دنیا ہو یا آخرت تمام غیبی احوال کی تفصیل سے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی واقف نہیں، اگرچہ اجمالاً معلوم ہے کہ حضرات انبیاء علیہم السلام کی عاقبت بخیر ہی ہے۔ بعض نے کہا کہ یہاں مراد امورِ دنیاویہ ہیں عدم درایت ہے نہ کہ اخرویہ میں یا مراد یہ ہے کہ ہم نہیں جانتے کہ تم پر عذاب نازل ہوگا جس طرح سابقہ امم پر ہوا یا نہ۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ یہ تردّد نسخ ہونے کے وقت میں ہے لیکن یہ تمام معانی سیاقِ حدیث کے موافق نہیں حق یہ ہے کہ اس ارشاد کا ورود اللہ تعالیٰ کے اس ارشادِ گرامی کے پہلے ہے لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ (اللہ لے آپ کے اگلے پچھلے تمام معاملات پر بخشش کا اعلان فرمادیا ہے) اس سے پہلے عاقبت کے بارے میں ابہام تھا لیکن اس آیت کے نزول کے بعد کامل یقین ہوگیا کہ عاقبت بالخیر ہی ہوگی۔ کذا قیل۔ واللہ اعلم۔

۵۱۰۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُرِضَتْ عَلَيَّ النَّارُ فَرَأَيْتُ فِيْهَا امْرَأَةً مِّنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ تُعَذَّبُ فِيْ هِرَّةٍ لَّهَا رَبَطَتْهَا فَلَمْ تُطْعِمْهَا وَلَمْ تَدَعْهَا تَأْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْأَرْضِ حَتّٰى مَاتَتْ جُوْعًا وَرَأَيْتُ عَمْرَو بْنَ عَامِرِ الْخُزَاعِيَّ يَجُرُّ قُصْبَهٗ فِي النَّارِ وَكَانَ أَوَّلَ مَنْ سَيَّبَ السَّوَائِبَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میرے سامنے آگ لائی گئی تو میں نے بنی اسرائیل کی ایک عورت کو دیکھا جو اپنی ایک بلی کی وجہ سے عذاب میں ہے جسے اس نے باندھ دیا تھا نہ اسے کھلایا، چھوڑا کہ وہ زمین کے کیڑے مکوڑے کھا لیتی حتیٰ کہ بھوک سے مرگئی اور میں نے عمرو بن عامر خزاعی کو دیکھا کہ وہ آگ میں انتڑیاں گھسیٹ رہا تھا یہ وہ پہلا شخص تھا جس نے سائبہ جانور اپنی ذبح کیے (المسلم)

سلہ دوزخ کی آگ شبِ معراج یا کسی اور موقعہ پر خواب یا بیداری میں۔
ٹلہ خشاش، خا کے نیچے زیر ہو تو اس سے مراد پرندے اور اڑنے والے کیڑے اور حرکات ثلثہ کی صورت میں زمین کے کیڑے اور چڑیاں وغیرہ (کذا فی القاموس) امام نووی فرماتے ہیں اسے فتحہ کے ساتھ پڑھنا کسرہ اور ضمہ سے مشہور ہے اور شین کا معجم ہونا مہمل ہونے سے درست ہے کیونکہ اس کا معنی کیڑے اور کمزور پرندے ہیں۔
سلہ قصب، قاف پر پیش، صاد ساکن، انتڑیاں
سلہ سوائب، سائبہ کی جمع وہ اونٹنی جسے جاہلیت میں آزاد کر دیا جاتا تھا کسی نذر کی بنا پر یا کسی اور وجہ سے، دورِ جاہلیت میں یہ طریقہ تھا جب ایک اونٹنی سے دس بچے ہو جاتے یا دور دراز سفر سے واپس آتے یا بیماری سے صحت ہوتی تو وہ اونٹنی چھوڑ دیتے اس پر نہ سوار ہوتے وہ جہاں چاہتی چرتی رہتی، اسے کھانے پینے سے کہیں روکا نہ جاتا۔ اس طرح

Scanned By Marfat.com　Downloaded From Paksociety.com

وہ اپنے بتوں کی عبادت اور ان کی قربت کا سبب تصور کرتے ۔ سب سے پہلے جس شخص نے کام شروع کیا وہ یہی عمرو بن عامر خزاعی ہے ۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ سب سے پہلا شخص جس نے بتوں کی پرستش کی رسم ڈالی اور اسے موجب قرب قرار دیا وہ یہی شخص تھا، بعض روایات میں اس کا نام عمرو بن لحی بھی آیا ہے ان دونوں سے یہی مراد ہے ۔ عامر اس کے باپ کا نام اور لحی دادا کا یا بالعکس معاملہ ہے تو کہیں باپ کی طرف اور کہیں دادا کی طرف نسبت کر دی گئی ۔

۵ امام کرمانی فرماتے ہیں کہ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض لوگ آج بھی دوزخ کے عذاب میں گرفتار ہیں انتہیٰ اور ممکن ہے بطور کشف یہ آخرت کے احوال کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر متمثل کر کے پیش کر دیا گیا ہو ۔

۵۱۰۸ وَعَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا يَوْمًا فَزِعًا يَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَيْلٌ لِّلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَاجُوْجَ وَمَاجُوْجَ مِثْلُ هٰذِهٖ وَحَلَّقَ بِاِصْبَعَيْهِ الْاِبْهَامِ وَالَّتِيْ تَلِيْهَا قَالَتْ زَيْنَبُ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَنَهْلِكُ وَفِيْنَا الصَّالِحُوْنَ قَالَ نَعَمْ اِذَا كَثُرَ الْخَبَثُ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک دن ان کے ہاں حالت گھبراہٹ میں تشریف لائے اور یہ فرما رہے تھے لا الٰہ الا اللہ عرب کی بربادی ہے[۱] اس شر سے جو قریب آ گیا[۲] اپنے انگوٹھے اور اس سے متصل انگلی کا حلقہ بنا کر فرمایا آج یاجوج ماجوج کی دیوار سے اس کے برابر سوراخ ہوا ہے ۔ زینب کہتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم ہلاک کر دیے جائیں گے حالانکہ ہم میں اچھے لوگ بھی ہوں[۳] گے فرمایا ہاں جب خباثت[۴] بڑھ جائے ۔

(بخاری و مسلم)

---

[۱] شارحین نے کہا کہ اس سے عرب میں قتال کا واقع ہونا مراد ہے ۔ سب سے پہلا فتنہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت ہے اس کے بعد یہ فتنہ اب تک جاری ہے ۔ بعض کی رائے ہے کہ اس سے مراد فتوحات اموال اور ان میں تنازعات اور مسابقت کا پیدا ہونا ہے (کذا قال شیخ ابن حجر)

[۲] یعنی آج تک اس میں رخنہ واقع نہیں ہوا تھا آج اس حلقہ کی تعداد میں کشادگی آئی ہے ۔ اس میں رخنہ کا ہونا علامت قرب قیامت ہے ۔ عرب میں فتنوں کا برپا ہونا بھی آثار قیامت میں سے ہے بعض شارحین نے فرمایا اس سے مراد چنگیزی ترکوں کا حملہ آور ہونا ہے جس سے ایک جہان کو ہلاک کیا اور ان کے ہاتھوں بغداد جیسے شہروں میں بربادی ہوئی ۔

[۳] یا ان کی برکت اس بلا کے آنے سے مانع نہ ہو گی ۔

[۴] اگرچہ صالح لوگ ہوں گے مگر فسق و فجور کا غلبہ ہو گا ، خبث خا پہ پیش یا ساکن ۔ بعض نسخوں میں دونوں پر فتحہ کو بھی صحیح قرار دیا ہے ۔

۵۱۰۹ وَعَنْ اَبِيْ عَامِرٍ اَوْ اَبِيْ مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ

حضرت ابو عامر یا ابو مالک[۱] اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيَكُوْنَنَّ مِنْ اُمَّتِيْ اَقْوَامٌ يَّسْتَحِلُّوْنَ الْخَزَّ وَالْحَرِيْرَ وَالْخَمْرَ وَالْمَعَازِفَ وَلَيَنْزِلَنَّ اَقْوَامٌ عَلٰى جَنْبِ عَلَمٍ يَرُوْحُ عَلَيْهِمْ بِسَارِحَةٍ لَهُمْ يَاْتِيْهِمْ رَجُلٌ لِحَاجَةٍ فَيَقُوْلُوْنَ ارْجِعْ اِلَيْنَا غَدًا فَيُبَيِّتُهُمُ اللّٰهُ وَيَضَعُ الْعَلَمَ وَيَمْسَخُ اٰخَرِيْنَ قِرَدَةً وَّخَنَازِيْرَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِيْ بَعْضِ نُسَخِ الْمَصَابِيْحِ الْحِرَ بِالْحَآءِ وَالرَّآءِ الْمُهْمَلَتَيْنِ وَهُوَ تَصْحِيْفٌ وَّاِنَّمَا هُوَ بِالْخَآءِ وَالزَّآءِ الْمُعْجَمَتَيْنِ نَصَّ عَلَيْهِ الْحُمَيْدِيُّ وَابْنُ الْاَثِيْرِ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَفِيْ كِتَابِ الْحُمَيْدِيِّ عَنِ الْبُخَارِيِّ وَكَذَا فِيْ شَرْحِهٖ لِلْخَطَّابِيِّ تَرُوْحُ عَلَيْهِمْ سَارِحَةٌ لَّهُمْ يَاْتِيْهِمْ لِحَاجَةٍ -

مروی ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت میں ایسے لوگ ہوں گے جو باریک ریشمی[1] کپڑوں[2] شراب اور آلات موسیقی کو حلال سمجھ لیں گے اور کچھ لوگ ایک پہاڑی[3] کے برابر اتریں گے جب ان پر ان کے جانور آئیں گے ان[4] کے پاس ایک شخص کسی کام کے لیے آئے گا وہ کہیں گے ہمارے پاس کل لوٹ کر آنا[5] پھر اللہ انھیں رات میں ہلاک کر دے گا اور پہاڑ گرا دے[6] گا اور دوسروں کو بندر سوروں میں مسخ کر دے گا قیامت کے دن[7] تک (بخاری) اور مصابیح کے بعض نسخوں میں[8] حر (حا[9] اور را سے) یہ غلط[10] ہے وہ خاء اور زاء[11] سے ہی ہے۔ اس بات کی تصریح اسی حدیث[12] میں حمیدی اور ابن اثیر نے کی ہے۔ کتاب حمیدی میں بخاری سے ہے۔ یوں ہی خطابی نے شرح بخاری میں یہ الفاظ ذکر کیے۔ تروح علیہم[13]

[1] امام بخاری کو اس بارے میں تردد ہے کہ یہ حدیث حضرت ابوعامر اشعری سے مروی ہے جو حضرت ابوموسیٰ اشعری کے چچا ہیں۔ یہ کبار صحابہ میں سے ہیں، غزوہ حنین میں شہید ہوئے یا ابومالک اشعری سے مروی ہے جنھیں اشجعی بھی کہتے ہیں، یہ بھی مشہور صحابی ہیں اور راوی کا کسی صحابی کے بارے میں تردد ہو جانا موجب طعن نہیں کیونکہ تمام صحابہ عادل اور ثقہ ہیں جس سے بھی مروی ہو روایت صحیح ہوگی۔

[2] اس طرح استعمال کریں گے گویا وہ حلال کا استعمال کر رہے ہیں۔

[3] خز، خاء اور زا مشدد، قاموس میں ہے یہ مشہور کپڑا ہے۔ مجمع البحار میں کہا کہ زمانِ قدیم میں خز ریشم اور ابریشم دونوں سے بنتی تھی اور یہ مباح تھی۔ صحابہ و تابعین اسے پہنتے تھے اس کی ممانعت کی وجہ عجمی لباس اور اہل تنعم و تعیش سے مشابہت تھی۔ آج کے دور میں جو خز مشہور ہے وہ خود حرام ہے کیونکہ وہ تمام کی تمام ریشمی ہے اور یہ حدیث اسی پر محمول ہے حالانکہ کپڑے کی یہ قسم سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ظاہری حیات میں نہ تھی لہٰذا یہ بطور معجزہ آپ کی غیبی اخبار میں سے ہے۔ اس معنی کے لحاظ سے خز پر حریر کا عطف تعمیم از تخصیص ہے۔ معازف زا کے ساتھ ہے۔ اس کا معنی آلاتِ موسیقی مثلاً بانسری، ڈھول وغیرہ یہ عزف کی جمع ہے یا معزف کی میم کے نیچے زیر، عین ساکن، عزف اور عزیف دونوں کا معنی آوازِ جن اور گھنٹی کی وہ آواز جو رات کو سنائی دیتی ہے تیز ہوا کے معنی میں بھی ہے (کذا فی القاموس) جب آپ نے یہ خبر دی کہ لوگ حرام کو حلال بنا لیں گے وہاں اس سے آگاہ فرمایا ایسے لوگ آئیں گے جو سائل کے سوال پر باوجود صاحب ثروت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

و نعمت ہونے کے کچھ نہیں دیں گے بلکہ توقف و تاخیر سے کام لیں گے ۔ اس وجہ سے وہ مستحق ہلاکت و مسخ ہونگے ۔

سے یعنی ان کا ٹھکانا ایسے مشہور مقام پر ہوگا کہ محتاج لوگ انکے بارے میں سن دیکھ کر حاجات میں سوال کرنے آئیں گے

سے جو چراگاہ میں چرنے کے سبب گئے تھے وہ پر شکم اور سیر ہو کر واپس لوٹیں گے ۔

سے یعنی کوئی سائل آئے گا کہ مجھے بھی ان کے دودھ سے حصہ دو ۔

سے سوال رد کرتے ہوئے کہیں گے کل آنا

شہ تاکہ ان میں بعض ہلاک ہوجائیں اور ان کا نشان باقی نہ رہے ۔

۹ یہ عذاب اسی صورت میں تا قیامت ہر اس قوم پر ہوگا جو ایسا عمل کرے گی ۔

نلہ حرحا کے نیچے کسرہ ، را مخفف عورت کی شرمگاہ ، مراد زنا ہے ۔

لله تصحیف یعنی صورت لفظ میں بعض راویوں سے خطا واقع ہوئی ہے ۔

ملہ جس کا معنی مشہور کپڑا ہے ۔

سلہ آخر میں مصنف حمیدی اور ابن اثیر کے حوالے سے اس پر تائید لا رہے ہیں کہ خز ہی ہے نہ کہ حر ۔ جیسا کہ بعض لوگوں نے کہا تھا کہ خز تصحیف و خطا ہے اور حمیدی و ابن اثیر نے اس روایت میں تصریح کی ہے جس حدیث میں لفظ حر آیا ہے اسے ابو درداء وغیرہ نے روایت کیا ہے اور یہ حدیث جو بخاری کے حوالے سے ہے اس میں لفظ خز ہی ہے ۔ اس صورت میں دونوں روایات درست ہیں ۔

سلہ تروح میں تا اور سارحہ میں تا پر پیش کیونکہ یہ تروح کا فاعل ہے اور یہ بات قرینہ ہے کہ لسارحہ میں با زائدہ ہے جیسا کہ ہم نے ابتداء حدیث کے معنی میں اشارہ کیا ہے ۔ ان دونوں کتب میں لفظ رجل نہیں اور اس سے پہلے لفظ حاجۃ رجل سے مقدم بھی نہیں بلکہ فقط یاتیہم لحاجۃ کے الفاظ ہیں ۔

۵۱۱۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَنْزَلَ اللّٰہُ بِقَوْمٍ عَذَابًا اَصَابَ الْعَذَابُ مَنْ کَانَ فِیْہِمْ ثُمَّ بُعِثُوْا عَلٰی اَعْمَالِہِمْ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عبد اللہ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ، جب اللہ تعالیٰ کسی قوم پر عذاب نازل کرتا ہے ان سب پر عذاب بھیج دیتا ہے جو ان میں ہوں ، پھر اپنے اعمال کے مطابق اٹھائے جائیں گے ۔ (بخاری و مسلم)

سلہ خواہ وہ صالح ہوں یا طالح ، بعض گناہوں میں عادت الٰہی اسی پر جاری ہوتی ہے ، بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ صالح کو محفوظ رکھا جاتا ہے ۔

سلہ اگرچہ دنیا میں عذاب میں سب شامل تھے لیکن آخرت میں ہر ایک اپنے عمل کے مطابق جزا پائے گا اور ممتاز ہوگا کہ نیک ہے یا بد ۔

۵۱۱۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُبْعَثُ کُلُّ عَبْدٍ عَلٰی مَا مَاتَ عَلَیْہِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہر بندے کو اسی پر[1] اٹھایا جائے گا جس پر وہ فوت ہوا۔ (مسلم)

[1] اسی حال وصفت پر اٹھایا جائے گا جس پر وہ مرا یعنی ایمان یا کفر، طاعت ومعصیت اور ذکر وغفلت کی حالت میں یعنی اعتبار خاتمہ کا ہے کہ آخری حالت کیا تھی؟ اس وجہ سے کہا گیا ہے۔ بیت

حکم مستوری و مستی ہمہ بر خاتمہ است کس ندانست کہ آخر بچہ حالت گزرد

دستور و مستی تمام کا حکم خاتمہ پر ہے اور کوئی نہیں جانتا کہ آخری حالت کون سی ہوگی)۔

بعض عارفین فرماتے ہیں کہ جب محبوب کی یاد وحضور حاصل ہو جائے اور جوہر ذکر دل میں قرار پا جاتے تو اگر وقت موت کی تکلیف وتنگی کی وجہ سے دل میں اختلال وفتور آجائے تو کوئی حرج ونقصان نہیں۔ کیونکہ مفارقت روح کے بعد وہ حالت لوٹ آئے گی۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۵۱۱۲ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا رَأَیْتُ مِثْلَ النَّارِ نَامَ هَارِبُهَا وَلَا مِثْلَ الْجَنَّةِ نَامَ طَالِبُهَا۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے دوزخ کی[1] مثل نہیں دیکھی جس سے بھاگنے والا[2] سو رہا ہے اور نہ جنت کی مثل جس کا[3] طلب گار سو رہا ہے۔ (ترمذی)

[1] شدت وہول میں

[2] یعنی اگر کوئی شخص اپنے قوی دشمن سے بچنا چاہتا ہے تو وہ نہ سوتا ہے اور کبھی بھی غفلت کو قریب نہیں آنے دیتا، مختلف کوششوں سے بھاگنے کی کوشش کرتا ہے مگر آتش دوزخ جو اپنے ہول وشدت میں اور گرفت میں قوی تر ہے اس سے لوگ بھاگنے میں غافل ہیں اور کوشش نہیں کرتے۔ اگر بھاگتے ہیں تو سو جاتے ہیں اور غفلت کرتے ہیں۔ نہ آتش دوزخ سے بچنا توبہ ترک معاصی اور طاعت الٰہی کے التزام سے ہوتا۔

[3] سرور وخوشی اور لذت

[4] یعنی اگر محبوب کا طلب گار ہے تو وہ غافل نہیں ہوتا اور نہ ہی سستی کرتا ہے بلکہ اس کی خوب جستجو کرتا ہے تاکہ وہ حاصل ہو جائے۔ مگر بہشت جو تمام خوبیوں کا مجموعہ ہے انسان اس کی طلب میں کوشاں نہیں ہوتا تاقی اس کا پانا اس چیز سے ہے جس سے دوزخ سے بھاگتا ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۵۱۱۳ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ اَرٰی مَالَا تَرَوْنَ وَ اَسْمَعُ مَالَا تَسْمَعُوْنَ اَطَّتِ السَّمَآءُ وَحُقَّ لَهَا اَنْ تَاَطَّ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ مَا فِیْهَا مَوْضِعُ اَرْبَعِ اَصَابِعَ اِلَّا وَمَلَكٌ وَاضِعٌ جَبْهَتَهٗ سَاجِدًا لِلّٰهِ وَاللّٰهِ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِیْلًا وَّلَبَكَیْتُمْ كَثِیْرًا وَمَا تَلَذَّذْتُمْ بِالنِّسَآءِ عَلَی الْفُرُشَاتِ وَلَخَرَجْتُمْ اِلَی الصُّعُدَاتِ تَجْاَرُوْنَ اِلَی اللّٰهِ قَالَ اَبُوْ ذَرٍّ یَا لَیْتَنِیْ كُنْتُ شَجَرَةً تُعْضَدُ ۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں وہ دیکھتا ہوں[۱] جو تم نہیں دیکھتے اور وہ سنتا ہوں جو تم نہیں[۲] سنتے آسمان چرچرا[۳] رہا ہے اور اس کا حق ہے کہ چرچرائے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے اس آسمان میں کوئی ایسی چار انگلیوں کے برابر جگہ نہیں جہاں کوئی نہ کوئی فرشتہ سجدہ ریز[۴] نہ ہو ۔ اللہ کی قسم : تم اگر وہ چیزیں جانتے جو میں جانتا ہوں تو تم ہنستے تھوڑا اور روتے زیادہ بیویوں سے بستروں پر لذت حاصل نہ کرتے اور اللہ کی پناہ لیتے ہوئے[۵] جنگلوں کی طرف نکل جاتے ۔ حضرت ابوذر کہتے[۶] کاش ! میں درخت ہوتا جو کاٹ دیا جاتا[۷] ۔ (مسند احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

۱ آثار قیامت، آیات الٰہیہ اور اس کے صفات قہریہ ۔

۲ احوالِ قیامت اور اس کی ہولناکی کے اسرار و اخبار اور شدت عذاب دوزخ

۳ اطیط، پالان اور زین کی آواز، اونٹ کا بوجھ کی وجہ سے رونا، یعنی جس طرح سواری بوجھ کی وجہ سے روتی ہے اسی طرح آسمان ملائکہ کی کثرت اور اژدہام اور ان کے ثقل کی وجہ روتا ہے ۔ شارحین فرماتے ہیں کہ مقصود اس کے آواز کا بیان نہیں بلکہ ملائکہ کی کثرت ہے یہ بھی ممکن ہے اس کا رونا خوف اور خشیتِ الٰہی کی وجہ سے ہو جب وہ آسمان جو جماد اور محل ملائکہ ہے، باری تعالیٰ کے خوف سے روتا ہے تو انسان جو گناہوں سے آلودہ ہے وہ رونے کا زیادہ سزاوار ہے یہ مفہوم مقصود کے زیادہ مناسب ہے جیسا کہ مخفی نہیں ۔

۴ خدا کے حضور، مشاہدۂ کبریا اور جلالِ حق کے سامنے خائف و خاشع ہیں ۔

۵ اللہ تعالیٰ کے حضور گریہ و زاری کرتے ہوئے جیسا کہ غم سے پریشان و نڈھال لوگ اپنے گھر سے جنگل کی طرف نکل جاتے ہیں کہ دل کو سکون حاصل ہو "صعدات" صعید کی جمع ہے یعنی روئے زمین ۔ جیسے طرقات طرف، طریق کی جمع ہیں ۔

۶ بطریق افسوس و حسرت

۷ تاکہ گناہوں سے آلودہ ہو کر اٹھایا نہ جاتا جیسا کہ درخت کو کاٹ دیا جاتا ہے اور وہ ختم ہو جاتا ہے

۸ اسی طرح کی پُر درد آرزو بیش کبار صحابہ سے مروی ہیں ایک صحابی کے بارے میں ہے کہ فرمایا کاش میں بکری ہوتا جسے ذبح کر لیا جاتا اور کھا لیا جاتا ایک اور صحابی سے مروی ہے کہ کاش میں جانور ہوتا جہاں چاہتا

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

بیٹھنا ، جہاں جا بیٹھا جاتا اور کوئی ذمہ داری نہ ہوتی ، یاد رہے یہ وہ لوگ ہیں جن کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جنت کی بشارت دی اور ان کی عاقبت محمود و اعلیٰ ہونے کی اطلاع دی ۔ دیگر لوگوں کا حال کیا ہوگا ؟ اگرچہ مخبر صادق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وعدہ حق ہے مگر اللہ تعالیٰ کا فرمان " لَا اُبَالِیْ " (مجھے کسی کی پرواہ نہیں) کمر توڑ دیتا ہے ۔

۵۱۱۴/۱۰ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ خَافَ اَدْلَجَ وَمَنْ اَدْلَجَ بَلَغَ الْمَنْزِلَ اَلَاۤ اِنَّ سِلْعَةَ اللّٰهِ غَالِیَةٌ اَلَاۤ اِنَّ سِلْعَةَ اللّٰهِ الْجَنَّةُ ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو ڈرتا ہے وہ اندھیرے[1] میں اٹھتا ہے جو اندھیرے[2] میں اٹھتا ہے وہ منزل پالیتا ہے سنو اللہ کا سودا مہنگا[3] ہے سنو اللہ کا سودا جنت ہے ۔ (ترمذی)

[1] یعنی اول شب ہی چل پڑتا ہے کیونکہ غارت گری رات کے آخری حصہ میں ہوتی ہے ۔

[2] اِدْلَاجٌ ، دال ساکن ، اول شب چلنا ، دال مشدد ہونے کی صورت میں آخری رات چلنا ، حدیث میں معنی اول مراد ہے ۔

[3] اور یہ گراں قدر نعمتیں جان و مال خرچ کرنے سے حاصل ہوں گی ۔

۵۱۱۵/۱۱ وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ جَلَّ ذِکْرُهٗ اَخْرِجُوْا مِنَ النَّارِ مَنْ ذَکَرَنِیْ یَوْمًا اَوْ خَافَنِیْ فِیْ مَقَامٍ ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَالْبَیْهَقِیُّ فِیْ کِتَابِ الْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ جل ذکرہ فرمائے گا کہ آگ سے[1] اسے نکال لو جس نے مجھے ایک دن یاد کیا ہو[2] یا کسی جگہ مجھ[3] سے خوف کیا ہو[4] (ترمذی ، بیہقی ، کتاب البعث والنشور)

[1] روز قیامت ان فرشتوں کو جو دوزخ پر مقرر ہوں گے ۔

[2] میرا حکم بجا آوری اور فرمانبرداری کی صورت میں ۔

[3] ارتکاب معصیت سے بچا ہو ۔

[4] ارشاد نبوی میں اس بات کی بشارت ہے کہ جس نے بھی ایک مرتبہ اخلاص سے اپنے مولیٰ تعالیٰ کو یاد کیا یا کسی وقت اس کے خوف سے ڈرا آخر وہ دوزخ کے عذاب سے نجات پالے گا ۔ اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو اسے ابتداءً ہی جنت عطا کر دے کیونکہ اس کی صفت ہے یَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَ یُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ (جس کو چاہے وہ معاف فرما دے جسے چاہے عذاب دے) یَفْعَلُ اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَ یَحْکُمُ مَا یُرِیْدُ (جو چاہتا ہے کرتا ہے جو چاہے فیصلہ کرے) لَا یُسْئَلُ عَمَّا یَفْعَلُ وَهُمْ یُسْئَلُوْنَ اس سے کسی فعل پر سوال نہیں اور ان سے سوال کیا جا سکتا ہے ۔

۵۱۱۶/۱۲ وَعَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ سَاَلْتُ رَسُوْلَ

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَا اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَهُمُ الَّذِيْنَ يَشْرَبُوْنَ الْخَمْرَ وَيَسْرِقُوْنَ قَالَ لَا يَا ابْنَةَ الصِّدِّيْقِ وَلٰكِنَّهُمُ الَّذِيْنَ يَصُوْمُوْنَ وَيُصَلُّوْنَ وَيَتَصَدَّقُوْنَ وَهُمْ يَخَافُوْنَ اَنْ لَّا يُقْبَلَ مِنْهُمْ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس آیت مبارکہ کے بارے میں سوال کیا کہ[۱] وہ لوگ جو کچھ کرتے ہیں ان کے دل ڈرتے ہیں۔ کیا وہ لوگ ہیں جو شراب پیتے اور چوری کرتے ہیں[۲] فرمایا نہیں[۳] اے صدیق کی بیٹی! یہ وہ لوگ ہیں جو روزے رکھتے نمازیں پڑھتے اور صدقات دیتے ہوئے ڈرتے ہیں کہ کہیں ان کا عمل رد نہ ہو جائے[۴] یہ لوگ بھلائیوں میں جلدی کرتے ہیں[۵] (ترمذی، ابن ماجہ)

۱ جس میں اللہ تعالیٰ نے اپنے مخصوص بندوں کی صفت بیان کی ہے کہ وہ فقراء پر صدقہ کرتے ہوئے بھی ڈرتے ہیں کہ ہمارا رب اس کو قبول نہ فرمائے۔

۲ کیونکہ عذاب سے ڈرنا گناہ گاروں کا کام ہے۔

۳ شراب پینے والے اور چوری کرنے والے مراد نہیں۔

۴ اس پر دلیل یہ ہے کہ آیت کا آخری حصہ ہے اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وہ خیرات میں جلدی کرتے ہیں۔

۵ واضح رہے کہ اس آیت کی دو قراءتیں ہیں۔ قراءت سبعہ یعنی قراء سبعہ سے مشہور يُؤْتُوْنَ بالضم یا تو فعل مضارع از ایتاء ہے اور اتوا بمد ہمزہ اسی سے فعل ماضی ہے اور ایتاء کا معنی عطا ہے جیسا کہ ترجمہ میں آچکا ہے دوسری قراءت "یاتون ما اتوا" شاذ ہے، یہاں پہ اتیان بمعنی کام کرنا سے مشتق ہے۔ معنی یہ ہوگا کہ وہ لوگ جو کام کرتے ہیں اور ان کے دل ڈرتے ہیں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سوال اس قراءت سے زیادہ مناسب ہے۔ مصابیح کے بعض نسخوں میں بھی قراءت اول ہی ہے لیکن ظاہر یہ ہے کہ دوسری قراءت مناسب ہے۔

۵۱۱۷/۱۳ وَعَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ذَهَبَ ثُلُثَا اللَّيْلِ قَامَ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوا اللّٰهَ اذْكُرُوا اللّٰهَ جَاءَتِ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ جَاءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيْهِ جَاءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيْهِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا معمول تھا جب رات دو تہائی گزر جاتی تو بیدار ہوتے[۱] اور فرماتے، اے لوگو! اللہ[۲] کا ذکر کرو، اللہ کا ذکر کرو، اللہ کو یاد کرو، دینے والی چیز آپہنچی جس سے متصل[۳] پیچھے آنے والی آپہنچی[۴] موت آپہنچی، ان تکالیف کے ساتھ جو موت میں ہیں[۵] (ترمذی)

۱ نماز تہجد کے لیے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سلہ تین مرتبہ
سلہ نفخہ اُولیٰ مراد ہے جس سے قیامت قائم ہو گی تمام مخلوق مرجائے گی، رجف لغۃً حرکت کرنا، حرکت دینا اور سخت اضطراب کو کہتے ہیں، رجفہ بمعنی زلزلہ بھی ہے۔
سلہ نفخہ ثانیہ جس کی بناء پر تمام لوگ اپنی اپنی قبور سے اٹھیں گے۔ الغرض اس سے قیامت کا یاد دلانا مقصود ہے تاکہ عمل خیر اور یادِ حق کا سبب و باعث بنے۔
ھ اس میں اس بات کی طرف بھی اشارہ ہے کہ سونا حکم موت رکھتا ہے جو نفخہ اولیٰ کا اثر ہے اور بیدار ہونا دوبارہ زندہ ہونا ہے جو نفخہ ثانیہ کی طرح ہے اور یہ دونوں قیامت کی نشانیاں اور اسے یاد دلانے والی ہیں۔
سلہ یعنی موت کے دفن اور اس کے بعد پیش آنے والے احوال۔

۵۱۱۸/۱۴ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ خَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِمُصَلَّاہُ فَرَاَی النَّاسَ کَاَنَّھُمْ یَکْتَشِرُوْنَ قَالَ اَمَا اِنَّکُمْ لَوْ اَکْثَرْتُمْ ذِکْرَ ھَاذِمِ اللَّذَّاتِ لَشَغَلَکُمْ عَمَّا اَرٰی اَلْمَوْتَ فَاَکْثِرُوْا ذِکْرَ ھَاذِمِ اللَّذَّاتِ اَلْمَوْتَ فَاِنَّہٗ لَمْ یَاْتِ عَلَی الْقَبْرِ یَوْمٌ اِلَّا تَکَلَّمَ فَیَقُوْلُ اَنَا بَیْتُ الْغُرْبَۃِ وَاَنَا بَیْتُ الْوَحْدَۃِ وَاَنَا بَیْتُ التُّرَابِ وَاَنَا بَیْتُ الدُّوْدِ وَاِذَا دُفِنَ الْعَبْدُ الْمُؤْمِنُ قَالَ لَہُ الْقَبْرُ مَرْحَبًا وَّاَھْلًا اَمَا اِنْ کُنْتَ لَاَحَبَّ مَنْ یَّمْشِیْ عَلٰی ظَھْرِیْ اِلَیَّ فَاِذْ وُلِّیْتُکَ الْیَوْمَ وَصِرْتَ اِلَیَّ فَسَتَرٰی صَنِیْعِیْ بِکَ قَالَ فَیَتَّسِعُ لَہٗ مَدَّ بَصَرِہٖ وَیُفْتَحُ لَہٗ بَابٌ اِلَی الْجَنَّۃِ وَاِذَا دُفِنَ الْعَبْدُ الْفَاجِرُ اَوِ الْکَافِرُ قَالَ لَہُ الْقَبْرُ لَا مَرْحَبًا وَّلَا اَھْلًا اَمَا اِنْ کُنْتَ لَاَبْغَضَ مَنْ یَّمْشِیْ عَلٰی ظَھْرِیْ اِلَیَّ فَاِذْ وُلِّیْتُکَ الْیَوْمَ وَصِرْتَ اِلَیَّ فَسَتَرٰی صَنِیْعِیْ بِکَ قَالَ فَیَلْتَئِمُ عَلَیْہِ حَتّٰی تَخْتَلِفَ اَضْلَاعُہٗ قَالَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِاَصَابِعِہٖ فَاَدْخَلَ بَعْضَھَا فِیْ جَوْفِ

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز کے لیے تشریف لائے لوگوں کو ہنستے ہوئےسلہ دیکھا، فرمایا! اگر تم لذتیں ختم کر دینےسلہ والی موت کا ذکر زیادہ کرو تو وہ تمہیں اس سےسلہ روک دے گی جو میں دیکھ رہا ہوں تو لذتیں ختم کرنے والی موت کا ذکر زیادہ کرو۔ کیونکہ قبر ہر دن یہ کلام کرتی ہے کہ میں غربت کا گھر ہوں، میں تنہائی کا گھر ہوں، میں کیڑوں کا گھر ہوں اور جب بندۂ مومن دفن کیا جاتا ہے تو اس سے قبر کہتی ہے خوش آمدیدسلہ تو اپنے گھر آیا ہے جو لوگ میرے اوپر چلتے ہیں ان سب میں تو بہت پیارا تھا اب جبکہ میں تیری والی بنی ہوںسلہ اور تو میرے پاس آیا تو تو دیکھ لے گا میرا برتاؤسلہ۔ فرمایا پھر قبر تا حدِ نظر فراخ ہو جاتی ہے اور دروازہ جنت کھول دیا جاتا ہے اور جب بدکار یا کافر بندہ دفن کیا جاتا ہے تو اسے قبر کہتیسلہ ہے نہ خوش آمدید اور نہ تو اپنے گھر آیا ہے، تو مجھے ان سب سے زیادہ ناپسند تھا جو میری پشت پر چلتے تھے تو آج جبکہ میں تیری والی بنائی گئی اور تو میری طرف لوٹا ہے تو میرا معاملہ اپنے ساتھ دیکھ لینا۔ فرماتے ہیں پھر قبر سکڑ جاتی ہے حتیٰ کہ مردہ کی پسلیاں ٹوٹ کرسلہ

بَعْضٍ قَالَ وَيُقَيَّضُ لَهُ سَبْعُوْنَ تِنِّيْنًا لَوْ أَنَّ وَاحِدًا مِّنْهَا نَفَخَ فِي الْأَرْضِ مَا أَنْبَتَتْ شَيْئًا مَا بَقِيَتِ الدُّنْيَا فَيَنْهَسْنَهُ وَيَخْدِشْنَهُ حَتّٰى يُفْضٰى بِهٖ إِلَى الْحِسَابِ قَالَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا الْقَبْرُ رَوْضَةٌ مِّنْ رِّيَاضِ الْجَنَّةِ أَوْ حُفْرَةٌ مِّنْ حُفَرِ النَّارِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ادھر ہو جاتی ہیں۔ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی انگلیاں مبارک کو ایک دوسرے میں داخل فرما کر اشارہ کیا۔ فرماتے ہیں اور اس پر ستر ننانوے ایسے سانپ مسلط کر دیئے جاتے ہیں اگر ان میں ایک سانپ بھی زمین پر پھونک مار دے تو رہتی دنیا تک زمین کچھ نہ اگائے وہ اسے کاٹتے اور نوچتے ہیں حتیٰ کہ اسے حساب (یوم آخرت) تک پہنچایا جاوے گا۔ راوی بیان کرتے ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قبر یا تو جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے یا دوزخ کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہے۔

(ترمذی)

سلہ کشر، شین کے ساتھ دانتوں کی سفیدی ہنستے وقت

سلہ ہادم، ذال از ہذم بمعنی قطع، روایت بھی اسی طرح ہے، بعض نسخوں میں دال بھی تحریر ہے، یہ ہدم سے بمعنی عمارت کو گرانا آتا ہے۔ امام سیوطی کہتے ہیں کہ بیہقی نے تصریح کی ہے کہ روایت ذال کے ساتھ ہے۔

سلہ اس سلنے سے۔

سلہ جس طرح پیارے مہمان کو کیا جاتا ہے

سلہ وُلّیتک، صیغہ مجہول، تولیت سے یا معلوم از ولایت ہے یعنی جب میں تجھ پر والی بنی ہوں۔

سلہ اعلیٰ برتاؤ

سلہ جیسے ناواقف اور بن بلائے مہمان کو کیا جاتا ہے۔

سلہ ادھر کی ہڈیاں دوسری میں گھس جائیں گی۔

سلہ حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سلہ نہس، سین کے ساتھ، سامنے والے دانتوں کے ساتھ چبانا

سلہ تا قیامت

۵۱۱۹/۱۵ وَعَنْ أَبِيْ جُحَيْفَةَ قَالَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ شِبْتَ قَالَ شَيَّبَتْنِيْ سُوْرَةُ هُوْدٍ وَأَخَوَاتُهَا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ بوڑھے ہو گئے فرمایا: مجھے سورہ ہود نے بوڑھا کر دیا ہے اور اس جیسی دوسری سورتوں نے (ترمذی)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سلہ یہ صحابی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ظاہری حیات میں چھوٹے تھے لیکن سماع روایت کے حامل ہیں ان کے حالات کسی دوسرے مقام پر لکھے گئے ہیں۔

سلہ بعض نسخوں میں سورۃ ہود و اخواتہا (سورۃ ہود اور اس کی ہم مثل سورتوں نے بوڑھا کر دیا ہے) کے کلمات ہیں۔ ان سورتوں کا ذکر دوسری احادیث میں آیا ہے۔ شارحین نے فرمایا سورۃ ہود سے مراد اس کی آیت فاستقم کما امرت ومن تاب معک ہے کیونکہ اعتقادات و اعمال ظاہری و باطنی میں افراط و تفریط کے بغیر صراطِ مستقیم پر استقامت انتہائی دشوار ہے اور درحقیقت آپ کو بڑھاپے کا عارض ہونا ومن تاب معک کی وجہ سے ہے ورنہ آپ کی ذاتِ اقدس کمال استقامت و اعتدال کی کامل مظہر ہے یہاں دشواری کا کیا معنی؟ یہی وجہ ہے کہ نسبت سورۃ شوریٰ کی طرف نہیں کی حالانکہ وہاں بھی انھی کلمات فاستقم کما امرت کے ساتھ خطاب ہے۔ لیکن وہاں ومن تاب معک کے کلمات نہیں پس واضح ہو گیا کہ راہِ استقامت پر قائم رہنا اُمت کے لیے دشوار ہے، آپ کی ذاتِ اقدس کے لیے نہیں۔ لہٰذا ان دیگر سورتوں کو بھی اس معنی پر محمول کیا جانا چاہیے۔

۵۱۲۰
۱۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ شِبْتَ قَالَ شَيَّبَتْنِيْ هُوْدٌ وَالْوَاقِعَةُ وَالْمُرْسَلَاتُ وَعَمَّ يَتَسَاءَلُوْنَ وَاِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَذُكِرَ حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ لَا يَلِجُ النَّارَ فِيْ كِتَابِ الْجِهَادِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ بوڑھے ہو گئے۔ فرمایا مجھے سورۃ ہود، الواقعہ، المرسلات، عم یتساءلون اور اذا الشمس کورت نے بوڑھا کر دیا ہے۔ (ترمذی)

سلہ کیونکہ ان سورتوں میں احوال آخرت، عذاب نار اور سخت وعیدوں کا ذکر ہے۔

سلہ سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وہ روایت جس کی ابتداء "لا یلج النار" سے ہے کتاب الجہاد میں مذکور ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۵۱۲۱
۱۷ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اِنَّكُمْ لَتَعْمَلُوْنَ اَعْمَالًا هِيَ اَدَقُّ فِيْ اَعْيُنِكُمْ مِنَ الشَّعْرِ كُنَّا نَعُدُّهَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمُوْبِقَاتِ يَعْنِي الْمُهْلِكَاتِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ تم لوگ ایسے عمل کرتے ہو جو تمھاری نظروں میں بال سے زیادہ باریک ہیں ہم انھیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ظاہری حیات میں ہلاک کرنے والے تصور کرتے تھے۔ (بخاری)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

ڵہ بڑے غور و فکر سے تم سمجھتے ہو کہ یہ نیک عمل ہے حالانکہ ایسا نہیں ہوتا یا مراد یہ ہے کہ اس عمل کو تم حقیر گمان کرکے بجالاتے ہو۔

ڵہ یعنی ان اعمال کی جنس سے شمار کرتے تھے جو کرنے والے کی ہلاکت کا سبب اور کبائر کے حکم میں ہیں۔

٥١٢٢ ١٨ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا عَائِشَةُ اِيَّاكِ وَ مُحَقَّرَاتِ الذُّنُوْبِ فَاِنَّ لَهَا مِنَ اللّٰهِ طَالِبًا۔ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا اے عائشہ! تم حقیر اور معمولی گناہوں سے بچو ان کے متعلق بھی اللہ تعالٰی کی طرف سے سوال ہے۔ (ابن ماجہ، دارمی، بیہقی، شعب الایمان)

ڵہ جنھیں صغیرہ گمان کیا جاتا ہے

ڵہ اس طرح کی عبارت زبان عرب سے بہت زیادہ مستعمل ہے مثلاً کہا جاتا ہے رَاَیْتُ مِنْ زَیْدٍ اَسَدًا میں نے زید سے شیر کو دیکھا، یعنی زید کو میں نے دیکھا گویا شیر کو دیکھا ہے اس معنی کا بھی احتمال ہے کہ ملائکہ اللہ تعالٰی کی طرف سے طالب و سائل ہوں۔

٥١٢٣ ١٩ وَعَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ لِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ هَلْ تَدْرِيْ مَا قَالَ اَبِيْ لِاَبِيْكَ قَالَ قُلْتُ لَا قَالَ فَاِنَّ اَبِيْ قَالَ لِاَبِيْكَ يَا اَبَا مُوْسٰى هَلْ يَسُرُّكَ اَنَّ اِسْلَامَنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِجْرَتَنَا مَعَهٗ وَجِهَادَنَا مَعَهٗ وَعَمَلَنَا كُلَّهٗ مَعَهٗ بَرَدَ لَنَا وَاَنَّ كُلَّ عَمَلٍ عَمِلْنَا بَعْدَهٗ نَجَوْنَا مِنْهُ كَفَافًا رَاْسًا بِرَاْسٍ فَقَالَ اَبُوْكَ لِاَبِيْ لَا وَاللّٰهِ قَدْ جَاهَدْنَا بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَلَّيْنَا وَصُمْنَا وَعَمِلْنَا خَيْرًا كَثِيْرًا وَاَسْلَمَ عَلٰى اَيْدِيْنَا بَشَرٌ كَثِيْرٌ وَاِنَّا لَنَرْجُوْ ذٰلِكَ فَقَالَ اَبِيْ لٰكِنِّيْ اَنَا وَالَّذِيْ نَفْسُ عُمَرَ بِيَدِهٖ لَوَدِدْتُ اَنَّ ذٰلِكَ بَرَدَ لَنَا وَاَنَّ كُلَّ شَيْءٍ عَمِلْنَاهُ

حضرت ابو بردہ بن ابی موسٰی رضی اللہ تعالٰی عنہما بیان کرتے ہیں کہ مجھے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما نے فرمایا کیا تم جانتے ہو میرے والد نے تمہارے والد سے کیا کہا تھا؟ عرض کیا مجھے معلوم نہیں، فرمایا میرے والد نے تمہارے والد سے کہا کہ اے ابو موسٰی کیا تم کو یہ پسند ہے کہ ہمارا رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے ساتھ اسلام لانا، ہجرت کرنا، آپ کی معیت میں جہاد کرنا اور ہمارے وہ تمام اعمال جو ہم نے آپ کی معیت میں کیے وہ سب ہمارے لیے برقرار رہتے اور وہ تمام اعمال جو ہم نے نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے بعد کیے ہم ان سے برابر سرابر چھوٹ جاتے اور نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے بعد جو کام کیے ان سے ہم برابر سرابر چھوٹ جائیں تو تمہارے والد نے میرے والد سے کہا نہیں اللہ کی قسم! ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے بعد جہاد کیے، نمازیں پڑھیں، روزے رکھے اور بہت سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَعْدَهٗ نَجَوْنَا مِنْهُ كَفَافًا رَأْسًا بِرَأْسٍ فَقُلْتُ اِنَّ اَبَاكَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ مِّنْ اَبِيْ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اچھے عمل کیے، ہمارے ہاتھوں پر بہت لوگ ایمان لائے ہم اس کے اجر کی امید رکھتے ہیں۔ میرے والد نے کہا لیکن مجھے تو اس ذات اقدس کی قسم جس کے قبضہ میں عمر کی جان ہے میں تو تمنا کرتا ہوں کہ وہ سب کچھ ہمارے لیے ثابت ہوا اور یہ کہ ہم نے اس کے بعد جو کام کیے ہیں ان سے نجات پاجائیں برابر سرابر تو میں نے کہا اللہ تعالیٰ کی قسم! یقیناً تمھارے[۳] والد میرے والد سے بہتر تھے (بخاری)

[۱] اشعری، یہ کبار تابعین میں سے ہیں۔

[۲] یعنی نہ نفع نہ نقصان، نہ وہ موجب ثواب ہوں نہ وہ سبب عذاب۔ یعنی اگر وہ موجب ثواب نہ ہوتے تو ذریعہ عذاب ہی نہ ہوں گے۔ کسی نے بہت خوب کہا ہے۔ بیت

طاعت ناقص ما موجب غفراں نشود — راضیم گر مدد علت عصیاں نشود

(ہماری ناقص طاعت ہماری بخشش کا موجب نہ ہو گی ہم اس پر راضی ہیں کہ وہ نافرمانی کا سبب نہ ہو)

یعنی وہ اعمال جو ہم نے سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ظاہری حیات میں آپ کے زیر سایہ کیے ان کی قبولیت کی امید رکھتا ہوں کہ وہ باقی رہیں گے رہا معاملہ ان اعمال کا جو بعد میں کیے اگر پورا پورا حساب ہی ہو جائے تو غنیمت ہے

[۳] یعنی تمھارے والد باوجود اعمال وفضائل کے مقام خوف وخشیت پر فائز ہونے کی وجہ سے میرے والد سے اونچا مقام رکھتے ہیں یا مراد تعجب کا اظہار ہے کہ تمھارے والد میرے والد سے اعلیٰ وافضل ہونے کے باوجود ڈرتے تھے پس معلوم ہوگیا کہ معاملہ نہایت ہی نازک ہے۔

۵۱۲۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَنِيْ رَبِّيْ بِتِسْعٍ خَشْيَةِ اللّٰهِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ وَكَلِمَةِ الْعَدْلِ فِي الْغَضَبِ وَالرِّضَا وَالْقَصْدِ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنَا وَاَنْ اَصِلَ مَنْ قَطَعَنِيْ وَاُعْطِيَ مَنْ حَرَمَنِيْ وَاَعْفُوَ عَمَّنْ ظَلَمَنِيْ وَاَنْ يَّكُوْنَ صَمْتِيْ فِكْرًا وَّنُطْقِيْ ذِكْرًا وَّنَظَرِيْ عِبْرَةً وَّاٰمُرَ بِالْعُرْفِ وَقِيْلَ بِالْمَعْرُوْفِ۔

(رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے میرے رب نے نو باتوں کا حکم دیا ہے۔ اللہ کا خوف خفیہ اور ظاہر۔ انصاف غصہ اور رضا میں[۱]، اعتدال حالت امارت وغربت میں[۲]، میں جوڑوں جو توڑے[۳] اسے دوں جو مجھے محروم کرے، اس کو معافی دوں جو مجھ پر ظلم کرے اور یہ کہ میری خاموشی فکر ہو[۴] میرا بولنا ذکر میرا دیکھنا عبرت، حکم دوں اچھائی کا عرف کے بجائے بالمعروف بھی مروی ہے۔ (رزین)

Scanned By Marfat.com — Downloaded From Paksociety.com

سلہ آدمی جب کسی سے راضی ہوتا ہے تو اس کی مدح و تعریف کرتا ہے جب ناراض ہو جاتے تو اس کے خلاف چلتا ہے چاہیے یہ کہ دونوں حالتوں میں یکساں رویہ ہو۔

سلہ اس میں دو احتمال ہیں ایک یہ کہ اتنا رزق ملے جو کافی ہو نہ امارت نہ غربت، دوسرے یہ کہ دونوں احوال میں اعتدال پر رہا جائے یعنی حالتِ فقر میں جزع و فزع اور حالت غنا میں تکبر، سرکشی و بغاوت نہ ہو۔

سلہ جیسا کہ بعض قریبی رشتہ دار قطع رحم کرتے ہیں تو اس مقام پر ان کے ساتھ حسنِ سلوک کیا جائے۔

سلہ جب میں خاموشی اختیار کروں تو معرفت کا حصول ہو۔

سلہ مخلوق کو دیکھوں تو غفلت و جہل سے نہ دیکھوں بلکہ نگاہِ عبرت سے دیکھوں۔

سلہ بعض روایات میں عرف کی جگہ لفظ معروف ہے یہ خصلت زائد نہیں بلکہ جمیع خیرات و طاعات خواہ ان کا تعلق حقوق اللہ سے ہو یا حقوق خلق سے تمام کو جامع ہے گویا یہ تفصیل کے بعد اجمال ہے۔

۵۱۲۵/۲۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ عَبْدٍ مُؤْمِنٍ يَخْرُجُ مِنْ عَيْنَيْهِ دُمُوْعٌ وَّ اِنْ كَانَ مِثْلَ رَاْسِ الذُّبَابِ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ثُمَّ يُصِيْبُ شَيْئًا مِنْ حُرِّ وَجْهِهٖ اِلَّا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس بندے کی آنکھوں سے مکھی[1] کے برابر اللہ کے خوف سے آنسو نکل آئیں پھر وہ آنسو اس کے چہرے کے ظاہری حصہ کو چھوئیں[2] تو اللہ تعالیٰ اس کو آگ[3] پر حرام فرما دے گا۔ (ابن ماجہ)

سلہ اگرچہ وہ مکھی کے سر کے برابر ہو یہ اس کا چھوٹا اور قلیل ہونا بیان ہوا ہے۔

سلہ یعنی آنکھ سے نکل کر چہرے پر گریں "حُر" حا پر پیش چہرے کا ظاہری حصہ اور اس کا مقابل اُحرالدار سے مراد وسط دار ہوتا ہے۔

سلہ دوزخ کی آگ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۳۳۶ - بَابُ تَغَیُّرِ النَّاسِ

لوگوں میں تبدیلی کا بیان

ایک حالت سے دوسری حالت میں ہونا تغیر کہلاتا ہے۔ یہاں اس سے مراد وہ حال ہے جو حضور علیہ السلام کی ظاہری حیات میں لوگوں کو بصورت دین پر استقامت، التزام احکام، اتباع حق، دنیا میں زہد، دنیا میں زیب و زینت بھی اس کے مال و اسباب، خرم، دبدبہ پر مغرور نہ ہونا، پسندیدہ اعمال، صفات حمیدہ، اخلاق عالیہ پر ثبات قلب کا سوز ہونا، صفائے باطن اور آخر زمانے میں مذکورہ صفات کے مخالف صفات کے متصل ہونا مراد ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۵۱۲۶ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا النَّاسُ کَالْاِبِلِ الْمِائَةِ لَا تَکَادُ تَجِدُ فِیْهَا رَاحِلَةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگ ان سو اونٹوں[1] کی طرح ہیں جن میں تم ایک بھی سواری کے قابل نہ پاؤ گے۔ (بخاری و مسلم)

[1] بعض روایات میں کَالْاِبِلِ مِائَةٍ کے الفاظ ہیں

[2] راحلۃ، اس اونٹ کو کہا جاتا ہے جو سفر کی طاقت اور بوجھ اٹھا سکتا ہو۔ اس میں تا مبالغہ کے لیے ہے اس حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ لوگ تو کثرت سے ہوں گے۔ مگر ان میں سے پسندیدہ کردار جو قابل صحبت ہوں اور اعمال خیر پر معاون ہوں، نہایت ہی کم ہوں گے۔ بعض شارحین نے فرمایا کہ اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو ان تین زمانوں کے بعد ہوں جن میں اس کے اعتبار لوگ تھے لیکن حق یہ ہے کہ اس قید کی حاجت نہیں کیونکہ ان زمانوں کے اعتبار سے کامل مسلمان ان کی نسبت ہوں گے بالجملہ ایسے لوگ جو تمام صفات جمیلہ سے موصوف ہوں ہر زمانہ میں کم ہوتے ہیں لیکن آخری دور میں بہت ہی کم۔ باقی ان زمانوں کی فضیلت اور خیر ہونا دوسرے زمانوں سے باعتبار کثرت و قلت کے ہے۔

۵۱۲۷ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَتَتَّبِعُنَّ سُنَنَ مَنْ قَبْلَکُمْ شِبْرًا بِشِبْرٍ وَذِرَاعًا بِذِرَاعٍ حَتّٰی لَوْ دَخَلُوْا جُحْرَ ضَبٍّ تَبِعْتُمُوْهُمْ

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم اپنے اگلوں کی راہ[1] پر چلو گے[2] بالشت[3] بالشت کے مطابق اور گز گز کے مطابق حتیٰ کہ وہ اگر کسی گوہ[4] کے سوراخ میں

قِيلَ يَا رَسُولَ اللهِ الْيَهُودَ وَالنَّصَارٰى قَالَ فَمَنْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

گھسے ہوں گے تو تم بھی ان کے پیچھے چلو گے پوچھا گیا یا رسول اللہ! کیا اس سے مراد یہود و نصاریٰ ہیں فرمایا اور کون؟ (بخاری و مسلم)

۱ سُنن، سین پر پیش اور زبر

۲ ان کے طریقے اور عادات اپناؤ گے۔ مراد وہ بدعات اور خواہشات کی پیروی ہے جو انھوں نے اپنے اپنے پیغمبروں کی شریعت و تعلیمات کے خلاف بنائے تھے اور شریعت میں تبدیلی کر لی تھی۔

۳ شبر، زیر کے ساتھ، انگوٹھے سے لے کر چھوٹی انگلی تک یعنی بالشت ذراع، بالکسر انگلیوں کے سرے سے لے کر نصف بازو تک، صراح میں ہے۔

۴ ضبّ، سوسمار یہ مشہور جانور ہے

۵ صحابہ نے پوچھا

۶ اگر وہ مراد نہیں تو کون مراد ہوں گے یعنی یہود و نصاریٰ کا مراد ہونا واضح و ظاہر ہے۔

۵۱۲۸ وَعَنْ مِرْدَاسٍ الْاَسْلَمِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْهَبُ الصَّالِحُونَ الْاَوَّلُ فَالْاَوَّلُ وَتَبْقٰى حُفَالَةٌ كَحُفَالَةِ الشَّعِيْرِ اَوِ التَّمْرِ لَا يُبَالِيْهِمُ اللهُ بَالَةً۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت مرداس اسلمی[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا نیک لوگ لگاتار[۲] چلے جائیں گے، پہلے بھوسا رہ جائے گا جیسے جَو[۳] یا چھواروں کی بھوسی، اللہ تعالیٰ ان کی کوئی پرواہ نہیں فرمائے گا (بخاری)

۱ مرداس اسلمی، میم کے نیچے زیر، را ساکن، ان صحابہ میں سے ہیں جنھوں نے درخت کے نیچے آپ کی بیعت (رضوان) کی تھی، کوفیین میں شمار ہوتے ہیں، ان سے صرف یہی حدیث مروی ہے جسے بخاری نے روایت کیا۔

۲ یکے بعد دیگرے، ہر ایک کو پہلا فرمایا اس لیے جو پہلے جائے گا اس کے بعد جانے والا دوسروں کی نسبت سے پہلا ہوگا۔

۳ حُفالہ، حا مضموم، فاوہ ردی اور بے کار چیز جو کسی کام نہ آئے، حثالہ بھی اس معنی میں آتا ہے اسے روالہ بھی کہتے ہیں، صراح میں ہے حفالہ بالضم ہر چیز کا بھوسہ، حُثالہ بالضم جو کا پوست، کھجور کا کوٹا ہوا بھوسہ

۴ اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کی کوئی قدر و منزلت نہ ہوگی۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

۵۱۲۹ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا مَشَتْ اُمَّتِیْ الْمُطَیْطِیَا وَخَدَمَتْھُمْ اَبْنَاءُ الْمُلُوْکِ اَبْنَاءُ فَارِسَ وَالرُّوْمِ سَلَّطَ اللّٰہُ شِرَارَھَا عَلٰی خِیَارِھَا (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب میری امت اکڑ اکڑ کر چلے اور فارس و روم کے شہزادے ان کی خدمت کریں تو اشداں کے اچھوں پر بدوں کو مسلط کر دیگا (ترمذی نے روایت کی اور کہا یہ حدیث غریب ہے)

سلہ لطریق تکبر ۔ مطیطیا ۔ میم پر پیش طا پر فتحہ بالمد و بالقصر خوش ہونا اور اکڑ کر چلنا ۔ مط تکبر کی وجہ سے رخسار اور ابرو چڑھانا ۔ قاموس و صحاح ، مصابیح کے نسخوں اور مشکوۃ کے مصحح نسخہ حواشی اور اس کے شروع میں مطیطیا ہے ۔ یعنی دو طاء کے درمیان یا ہے ۔ دوسری طاء کے بعد یاء نہیں ۔ مجمع البحار اور بعض حواشی کتاب میں بھی تحریر ہے کہ بعض کے نزدیک دوسری ناء کے بعد یاء کا حذف بھی مروی ہے ، یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ دوسری طاء کے بعد یاء کا آنا بھی ثابت بلکہ راجح ہے ۔

سلہ ملک اور شہر فتح ہوں گے ۔ فارس اور روم کے ملوک اور ان کی اولاد چاکری کرے گی ۔

سلہ واقعۃً جب بلاد روم و فارس فتح ہوئے اور وہاں کے ملوک خادم بنے تو آپ نے جس طرح فرمایا اسی طرح ہی ہوا ۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قاتلوں کو اسی طرح بنوامیہ کو بنوہاشم پر مسلط کیا ۔

۵۱۳۰ وَعَنْ حُذَیْفَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی تَقْتُلُوْا اِمَامَکُمْ وَتَجْتَلِدُوْا بِاَسْیَافِکُمْ وَیَرِثُ دُنْیَاکُمْ شِرَارُکُمْ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک تم اپنے امام کو قتل نہ کرو گے اور ایک دوسرے پر اپنی تلواریں چلاؤ گے اور بدترین لوگ تمہاری دنیا کے وارث ہوں گے (ترمذی)

سلہ ایک دوسرے پر تم تلوار چلاؤ گے ، اجتلاد ، مجالدہ و تجالد ، ایک دوسرے پر تلوار چلانا ۔

سلہ ملک و سلطنت ظالموں کے پاس آجائے گی ، مسند اقتدار فاسقوں کے ہاتھ میں ہوگی ۔

۵۱۳۱ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی یَکُوْنَ اَسْعَدَ النَّاسِ بِالدُّنْیَا لُکَعُ بْنُ لُکَعٍ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالْبَیْہَقِیُّ فِیْ دَلَائِلِ النُّبُوَّۃِ)

انہی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت قائم نہیں ہوگی حتی کہ دنیا کا کامیاب ترین شخص خبیث کے بیٹے خبیث ہوں گے ۔ اس حدیث کو ترمذی نے روایت کیا ہے اور بیہقی نے دلائل النبوۃ میں ۔

سلہ کثرت مال اور آسائش زندگی اور نفاذ حکم میں ۔

سلہ یعنی ایسے کمینے اور بے خوف ہوں گے کہ ان کی اصل نہ ہوگی ۔ لکع ، لام پر پیش ، کاف پر زبر ، کمینہ ، احمق ، غلام جو کوئی حرف صحیح طریقہ سے نہ بول سکتا ہو اور چھوٹے بچے کے معنی میں بھی آیا ہے ۔

۵۱۳۲ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ کَعْبِ الْقُرَظِیِّ قَالَ

حضرت محمد بن کعب القرظی سے ہے کہ مجھ ایک ایسے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

حدثنی من سمع علی بن ابی طالب قال انا لجلوس مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی المسجد فاطلع علینا مصعب ابن عمیر ما علیہ الا بردۃ لہ مرقوعۃ بفرو فلما راٰہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بکی للذی کان فیہ من النعمۃ والذی ہو فیہ الیوم ثم قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیف بکم اذا غدا احدکم فی حلۃ وراح فی حلۃ ووضعت بین یدیہ صحفۃ ورفعت اخری وسترتم بیوتکم کما تستر الکعبۃ فقالوا یا رسول اللہ نحن یومئذ خیر منا الیوم نتفرغ للعبادۃ ونکفی المؤنۃ قال لا انتم الیوم خیر منکم یومئذ۔

(رواہ الترمذی)

شخص نے خبر دی جس نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا کہ ہم رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے اچانک ہمارے سامنے مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نمودار ہوئے جن پر صرف ایک چادر تھی وہ بھی چمڑے سے پیوند لگی ہوئی۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں دیکھا تو آپ رو پڑے اس نعمت کا تصور کرتے ہوئے جس میں وہ پہلے تھے اور اس حالت پر جس میں آج ہیں۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اس وقت تم کیسے ہوگے جب تم میں سے کوئی ایک جوڑے میں صبح ملے گا اور دوسرے جوڑے میں شام۔ اس کے سامنے ایک پیالہ رکھا جائے گا اور دوسرا اٹھایا جائے گا اور تم اپنے گھروں کو ایسے کپڑے پہناؤ گے جیسے کعبہ کو پہنایا جاتا ہے۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم اس دن آج کے دن سے اچھے ہوں گے کہ عبادت سے فارغ ہوں گے اور کام کاج سے اچھا لیے جائیں گے فرمایا نہیں تم اس کے مقابلہ میں آج اچھے ہو۔

(ترمذی)

۱ قرظی: قاف پر ضمہ، را پر فتحہ، ثقہ تابعی مدنی، نہایت ہی صالح اور عالم قرآن تھے۔ ان کے والد بندگانِ قرلظہ میں سے تھے۔

۲ بُرد: با پر ضمہ دھاری دار چادر (کذا فی القاموس)

۳ جو اس سے بیشتر مکہ میں ان کی حالت مال و نعمت کے اعتبار سے نہایت ہی اعلیٰ تھی۔

۴ فقر و فاقہ کی حالت، امام سیوطی، جمع الجوامع میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دن مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور کی خدمت میں اس حال میں آئے کہ بھیڑ کا چمڑہ کمر پر باندھا ہوا تھا حضور علیہ السلام نے فرمایا اس شخص کو دیکھو جس کے دل کو اللہ تعالیٰ نے روشن و منور فرمایا ہے اور فرمایا میں نے دیکھا ہے اس کے والدین اسے خوب اچھا کھلاتے اور پہناتے ہیں لیکن آج اس کے جسم پر میں فقط ایک ایسا کپڑا دیکھ رہا ہوں جو ایک درہم سے بھی کم قیمت ہے مگر اسے اللہ اور اس کے رسول کی محبت نصیب ہو گئی اور یہ حال ہو گیا ہے جو تم دیکھ رہے ہو حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قریشی کبار افضل صحابہ میں سے ہیں۔ دورِ جاہلیت میں امیر ترین تھے۔ جب

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

مسلمان ہوئے تو تمام مال چھوڑ دیا اور زہد کو پسند کر لیا ، غزوۂ اُحد میں شہید ہوئے ، اس وقت ان کی عمر چالیس یا اس سے زائد برس تھی ۔

۳۔ صبح یعنی کوئی اور لباس اور شام کوئی اور
۴۔ کھانے کا پیالہ
۵۔ مال و نعمت ، الباس ، طعام اور مکان میں اسراف موجود ہے
۶۔ کسب معیشت اور اہل و عیال کے بوجھ سے
۷۔ کیونکہ آج تم حق تعالیٰ کے ساتھ مشغول ہو جس کی وجہ سے تمہیں اس کی قربت حاصل ہے اور اس دن تم غیر حق کے ساتھ مشغول ہو جاؤ گے جس کی وجہ سے حق تعالیٰ سے دوری و غفلت ہو گی ۔ یہ حدیث فقر کے غنا پر افضل ہونے پر دلیل ہے ۔

۵۱۳۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ الصَّابِرُ فِيْهِمْ عَلٰى دِيْنِهٖ كَالْقَابِضِ عَلَى الْجَمْرِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ اِسْنَادًا)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ ان میں اپنے دین پر صبر[۱] کرنے والے چنگاری پکڑنے[۲] والے کی طرح ہوں گے ۔
(ترمذی نے کہا یہ حدیث سنداً غریب ہے)

۱۔ دین پر استقامت اور ثابت قدمی سے گامزن رہنا
۲۔ جس طرح ہاتھ میں چنگاری رکھنے والا صبر نہیں کر سکتا ، اسی طرح دین پر ثابت قدمی و استقامت نہایت ہی دشوار اور مشکل ترین معاملہ ہو گا ۔ کیونکہ فسق و فجور کا ظہور کثرت سے ہو گا لیکن دین کے ساتھی و معاون نہایت ہی قلیل ہوں گے ۔

۵۱۳۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ اُمَرَاؤُكُمْ خِيَارَكُمْ وَاَغْنِيَاؤُكُمْ سُمَحَاءَكُمْ وَاُمُوْرُكُمْ شُوْرٰى بَيْنَكُمْ فَظَهْرُ الْاَرْضِ خَيْرٌ لَّكُمْ مِّنْ بَطْنِهَا وَاِذَا كَانَ اُمَرَاؤُكُمْ شِرَارَكُمْ وَاَغْنِيَاؤُكُمْ بُخَلَاءَكُمْ وَاُمُوْرُكُمْ اِلٰى نِسَائِكُمْ فَبَطْنُ الْاَرْضِ خَيْرٌ لَّكُمْ مِّنْ ظَهْرِهَا ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب تمہارے حاکم بہتر ہوں گے ، تمہارے مالدار سخی اور تمہارے کام آپس میں مشورہ[۱] سے ہوں گے تو تمہارے لیے زمین کی پشت اس کے باطن سے بہتر[۲] ہو گی اور جب تمہارے حاکم تم میں سے بدتر ، تمہارے مالدار کنجوس اور تمہارے کام عورتوں[۳] کے سپرد ہوں گے تو زمین کا پیٹ تمہارے لیے اس کے ظاہر سے بہتر[۴] ہو گا ۔
(ترمذی نے روایت کر کے اسے غریب کہا)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ مسلمانوں کی ایک رائے ہوگی اور وہ ایک دوسرے کے ساتھ متفق ہوں گے۔ کوئی ایک حکم چلانے والا نہ ہوگا اور نہ ہی ایک دوسرے کی مخالفت کرنے والے ہوں گے۔
سلہ یعنی تمہاری زندگی موت سے بہتر ہوگی۔
سلہ ظاہر عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے درمیان اختلاف ہوگا کیونکہ یہ شوریٰ کے مقابل آیا ہے تو گویا اختلاف ونزاع اکثر طور پر عورتوں کی بات ماننے اور ان کی اتباع میں ہے۔
سلہ اس وقت مرنا زندہ رہنے سے بہتر ہوگا۔

۵۱۳۵/۹ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْشِكُ الْأُمَمُ اَنْ تَدَاعٰى عَلَيْكُمْ كَمَا تَدَاعَى الْاَكَلَةُ اِلٰى قَصْعَتِهَا فَقَالَ قَائِلٌ وَّمِنْ قِلَّةٍ نَحْنُ يَوْمَئِذٍ قَالَ بَلْ اَنْتُمْ يَوْمَئِذٍ كَثِيْرٌ وَّلٰكِنَّكُمْ غُثَاءٌ كَغُثَاءِ السَّيْلِ وَلَيَنْزِعَنَّ اللّٰهُ مِنْ صُدُوْرِ عَدُوِّكُمُ الْمَهَابَةَ مِنْكُمْ وَلَيَقْذِفَنَّ فِيْ قُلُوْبِكُمُ الْوَهْنَ قَالَ قَائِلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا الْوَهْنُ قَالَ حُبُّ الدُّنْيَا وَكَرَاهِيَةُ الْمَوْتِ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قریب ہے کہ لوگ تم پر ایک دوسرے کو اس طرح دعوت دیں گے جیسے کھانے والا اپنے پیالہ کی طرف دیتا ہے۔ ایک نے عرض کیا اس دن ہماری کمی کی وجہ سے ایسا ہوگا۔ فرمایا بلکہ اس دن زیادہ ہوں گے لیکن تم سیلاب کے سیل کی طرح ایک سیل بن جاؤ گے اور اللہ تمہارے دشمنوں کے دلوں میں تمہاری ہیبت نکال دے گا اور تمہارے دل میں سستی اور کمزوری ڈال دے گا کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ وہن کیا ہے؟ فرمایا دنیا کی محبت اور موت کا ڈر۔ (ابوداؤد، بیہقی، دلائل النبوۃ)

سلہ کافر اور گمراہ لوگوں کے گروہ ایک دوسرے کو تمہاری شوکت کو توڑنے کی دعوت دیں گے۔
سلہ جیسے وہ بغیر کسی رکاوٹ کے اس پیالہ کی طرف کھانے کے لیے روز آتے ہیں۔ اسی طرح کافر لوگ تمہاری ہلاکت اور تمہیں ختم کرنے کے لیے بلا خوف وخطر حملہ آور ہوں گے۔ اس میں واضح طور پر اشارہ ہے کہ تم ان کے سامنے طعام وکھانے کی طرح ہو گے اور تمہیں بڑی آسانی کے ساتھ ہلاک کر دیں گے۔
سلہ صحابہ میں سے۔
سلہ تم سیلاب کے پانی پر خس وخاشاک کی طرح بہہ جاؤ گے۔ غُثاء، عین پر پیش۔ ثا مشدد پرانے درختوں کے پتے جو پانی کے اوپر بہتے ہیں یعنی تمہاری قوت وشجاعت ختم ہو جائے گی۔
شہ یعنی حب دنیا کے ساتھ رغبت ومحبت ہوگی اور موت سے ڈر اور خوف تو اس وقت تم دشمنی کا مقابلہ نہ کر پاؤ گے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۵۱۳۶ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا ظَهَرَ الْغُلُوْلُ[1] فِيْ قَوْمٍ إِلَّا أَلْقَى اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ وَلَا فَشَا الزِّنَا فِيْ قَوْمٍ إِلَّا كَثُرَ فِيْهِمُ الْمَوْتُ وَلَا نَقَصَ قَوْمٌ الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ[2] إِلَّا قُطِعَ عَنْهُمُ الرِّزْقُ وَلَا حَكَمَ قَوْمٌ بِغَيْرِ حَقٍّ إِلَّا فَشَا فِيْهِمُ الدَّمُ وَلَا خَتَرَ[3] قَوْمٌ بِالْعَهْدِ إِلَّا سُلِّطَ عَلَيْهِمُ الْعَدُوُّ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ جب بھی کسی قوم میں خیانت[1] آتی ہے تو اللہ تعالیٰ ان کے دلوں میں رعب ڈال دیتا ہے اور جس قوم میں زنا پھیل جائے وہاں موت میں کثرت ہو جاتی ہے۔ جو قوم ناپ تول میں کمی[2] کرے اس کی روزی کم کر دی جاتی ہے۔ جس میں ناحق فیصلے ہوں وہاں خوں ریزی اور جو عہد کو توڑ دے ان پر دشمن مسلط ہو جاتا ہے۔

[1] غنیمت میں
[2] ناپ تول میں خیانت
[3] ختر، غدا اور دھوکہ۔ صراح میں ہے ختر دو فریقوں کا ایک دوسرے کو فریب دینا۔ قاموس میں ہے ختر کا معنی غدر اور فریب ہے۔

۳۳۷۔ باب در لواحق متممات باب سابق
سابقہ باب کے لواحقات اور تتمہ کا بیان

باب الانذار والتحذیر

باب: ڈرانے اور محتاط کرنے کے بیان میں

الفصل الاوّل

پہلی فصل

۵۱۳۷ عَنْ عِيَاضِ ابْنِ حِمَارٍ الْمُجَاشِعِيِّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ فِيْ خُطْبَتِهِ أَلَا إِنَّ رَبِّيْ أَمَرَنِيْ أَنْ أُعَلِّمَكُمْ مَا جَهِلْتُمْ مِمَّا عَلَّمَنِيْ يَوْمِيْ هٰذَا كُلُّ مَالٍ نَحَلْتُهُ عَبْدًا حَلَالٌ وَإِنِّيْ خَلَقْتُ

حضرت عیاض بن حمار[1] المجاشعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن اپنے خطبہ میں فرمایا آگاہ رہو کہ میرے رب نے مجھے حکم دیا کہ میں تمہیں وہ سب سکھا دوں اس دن جو مجھے میرے رب نے سکھایا۔ جو مال میں کسی بندہ کو

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

عِبَادِي حُنَفَاءَ كُلَّهُمْ وَإِنَّهُمْ أَتَتْهُمُ الشَّيَاطِينُ فَاجْتَالَتْهُمْ عَنْ دِينِهِمْ وَحَرَّمَتْ عَلَيْهِمْ مَا أَحْلَلْتُ لَهُمْ وَأَمَرَتْهُمْ أَنْ يُشْرِكُوا بِي مَا لَمْ أُنْزِلْ بِهِ سُلْطَانًا وَإِنَّ اللّٰهَ نَظَرَ إِلَى أَهْلِ الْأَرْضِ فَمَقَتَهُمْ عَرَبَهُمْ وَعَجَمَهُمْ إِلَّا بَقَايَا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَقَالَ إِنَّمَا بَعَثْتُكَ لِأَبْتَلِيَكَ وَأَبْتَلِيَ بِكَ وَأَنْزَلْتُ عَلَيْكَ كِتَابًا لَا يَغْسِلُهُ الْمَاءُ تَقْرَؤُهُ نَائِمًا وَيَقْظَانَ وَإِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِي أَنْ أُحَرِّقَ قُرَيْشًا فَقُلْتُ إِذًا يَثْلَغُوا رَأْسِي فَيَدَعُوهُ خُبْزَةً قَالَ اسْتَخْرِجْهُمْ كَمَا أَخْرَجُوكَ وَاغْزُهُمْ نُغْزِكَ وَأَنْفِقْ فَسَنُنْفِقَ عَلَيْكَ وَابْعَثْ جَيْشًا نَبْعَثْ خَمْسَةً مِثْلَهُ وَقَاتِلْ بِمَنْ أَطَاعَكَ مَنْ عَصَاكَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

دوں وہ حلال ہے[3] اور میں[4] نے اپنے بندوں کو پیدا کیا کہ وہ سارے برائیوں سے دور تھے۔ ان کے پاس شیاطین[5] آئے تو انہوں نے دین سے پھیر دیا اور ان پر وہ چیزیں حرام[6] کر دیں جو میں نے ان کے لیے حلال کی تھیں اور انہیں مشورہ دیا کہ میرا شریک انہیں ٹھہرائیں جس پر میں نے کوئی دلیل نہ اتاری[7] اور اللہ نے زمین والوں کی طرف نظر فرمائی تو وہ عربیوں عجمیوں پر ناراض ہوا سوائے بچھے اہلِ کتاب[8] کے۔ فرمایا میں نے تم کو بھیجا ہے تاکہ امتحان[9] لوں اور تمہارے ذریعے سے امتحان لوں[10] اور میں نے تم پر ایسی کتاب اتاری جسے پانی نہ دھو سکے[11] تم سوتے جاگتے پڑھو گے[12] اور اللہ نے مجھے حکم دیا کہ قریش کو جلاؤں[13] تو میں نے عرض کیا یارب تب تو میرا سر کچل دیں[14] گے جیسے روٹی کی طرح۔ فرمایا تم انہیں نکالو[15] جیسے انہوں نے تمہیں نکالا، تم جہاد کرو[16] ہم تمہیں سامان دیں گے تم خرچ[17] کرو ہم تم پر خرچ کریں گے تم لشکر بھیجو[18] ہم پانچ گنا لشکر بھیجیں گے اپنے فرمانبرداروں کے ساتھ اپنے نافرمانوں سے جنگ کرو۔ (مسلم)

[1] عیاض بن حمار مجاشعی بر وزن قمار مشہور حیوان ہے۔ عیاض عین پر کسرہ آخر میں ضاد، تمیمی مجاشعی میم پر پیش۔ مجاشع بن دارم کی طرف نسبت ہے، صحابی ہیں اور انہیں بصری صحابہ میں شمار کیا جاتا ہے، یہ حضور علیہ السلام کے پرانے دوست ہیں۔ ایک روز انہوں نے حالتِ کفر میں آپ کو ہدیہ بھیجا جو آپ نے قبول نہ فرمایا۔ جب مسلمان ہو گئے تو آپ نے قبول فرما لیا، ان سے مسلم نے یہی ایک حدیث روایت کی ہے۔

[2] میں تمہیں وہ سکھا دوں جسے تم ابھی تک نہیں جانتے۔

[3] بوجہ شرعی وہ حلال ہے۔ اسے کوئی آدمی اپنے طور پر حرام نہیں کر سکتا جیسا کہ دورِ جاہلیت میں لوگ اونٹ کو اپنے اوپر حرام کر لیتے جس طرح اس کی تفصیل سوائب کے معنی میں باب البکاء والخوف کی ابتداء میں گزر چکی ہے۔

[4] اور دوسری بار نہ یہ ہے کہ میں نے اپنے بندوں کو باطل سے حق اور کفر سے اسلام کی طرف مائل کیا ہے۔ یعنی ان میں قبولِ حق و طاعت کی استطاعت رکھی ہے یہ انسان کی فطرت کی طرف اشارہ ہے۔ جس طرح فرمایا ہر بچہ فطرتِ اسلامی پر پیدا کیا جاتا ہے۔ بالفعل مسلمان نہیں یا اس سے مراد اسلام کا وہ دور ہے جو عہدِ میثاق میں قالوا بلیٰ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کی صورت میں تھا کہ تمام نے وہاں اللہ تعالیٰ کے رب ہونے کا اقرار کیا اگرچہ اس کے بعد شرک کے ہوتے ہوتے اختلاف کرنے لگے۔ حنفاء، حنیف بروزن کریم کی جمع ہے صحیح الفطرت جو اسلام پر قائم ہو، عربوں کے ہاں حنیف سے مراد وہ لوگ ہیں جو دین ابراہیمی پر تھے۔ حنف کا اصلی معنی میلان کرنا ہے (القاموس)

۵ جو ابلیس کا لشکر ہیں، یہ بھی احتمال ہے کہ اس میں انسان شیاطین بھی شامل ہوں۔ جیسا کہ حدیث میں کہ بچے کے والدین اسے یہودی بنا دیں یا نصرانی۔

۶ گمراہ کر دیا تاکہ وہ اللہ کی حلال کردہ اشیاء کو اپنے اوپر حرام کر دیں۔

۷ مراد بت ہیں جن کی عبادت کرتے حالانکہ ان کی پرستش پر کوئی دلیل نہیں۔ سلطان مصدر ہے بمعنی غلبہ، سلطنت، حجت، برہان۔ جیسے دل پر قہر و غلبہ کو سلطان کا نام دیتے ہیں اسی طرح بادشاہ کو سلطان کہا جاتا ہے۔

۸ جو دینِ موسیٰ، عیسیٰ علیہما السلام پر قائم تھے اور دین و کتاب میں کوئی تحریف و تبدیلی انھوں نے نہ کی تھی۔

۹ تاکہ میں دیکھوں تم نے دین و شریعت کے احکام مخلوق تک پہنچائے یا نہیں۔

۱۰ کیا مخلوق نے تمہاری بات کو تسلیم کیا ہے یا نہیں؟ باقی امتحان و آزمائش کی حقیقت اللہ تعالیٰ کی طرف نسبت محال ہے کیونکہ اس سے جہل لازم آتا ہے جس سے اللہ تعالیٰ کی ذاتِ اقدس بلند و برتر ہے، یہاں مراد ظہور ہوگا۔

۱۱ وہ زوال و نسخ سے محفوظ ہے یعنی وہ دلوں میں محفوظ اور اس کے احکام تا قیامت باقی رہیں گے۔

۱۲ آپ کے دل میں ہر حال میں محفوظ ہوگی یا اس سے مراد کمال لفظ و ضبط اور اس کی قراءت میں سہولت و آسانی ہے۔

۱۳ تاکہ اس کا نشان باقی نہ رہے۔

۱۴ ثلغ، ثا پر زبر سر کچلنا از فتح یفتح ثلغ کا معنی شدخ بھی کیا ہے اور شدخ کا معنی خشک و سخت چیز کو نرم اور پست کرنا ہوتا ہے، جیسے پھل درخت سے گرتا ہے اور پاؤں کے نیچے ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا ہے یعنی میں ان کیسے لڑوں اور ان پر کیسے غالب آؤں، میرا لشکر چھوٹا اور ان کا بڑا ہے۔

۱۵ جیسے انھوں نے تمہیں وطن سے نکال کر پریشان کیا۔

۱۶ پہلا لفظ غزا یغزو اور دوسرا اغزی یغزی سے ہے یعنی میں تجھے قوت دوں گا اور ان پر غلبہ عطا کروں گا۔

۱۷ اپنے لشکر پر ہم تجھے یہ تمام خرچہ مہیا کریں گے۔

۱۸ جیسا کہ بدر میں پانچ ہزار فرشتوں نے حضور علیہ السلام کی مدد کی۔

۵۱۳۸ - وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ صَعِدَ النَّبِيُّ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ جب یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی اپنے قریبی خاندان کو

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّفَا فَجَعَلَ يُنَادِيْ
يَا بَنِيْ فِهْرٍ يَا بَنِيْ عَدِيٍّ لِبُطُوْنِ قُرَيْشٍ حَتّٰى
اجْتَمَعُوْا فَقَالَ اَرَاَيْتَكُمْ لَوْ اَخْبَرْتُكُمْ اَنَّ
خَيْلًا بِالْوَادِيْ تُرِيْدُ اَنْ تُغِيْرَ عَلَيْكُمْ اَكُنْتُمْ
مُصَدِّقِيَّ قَالُوْا نَعَمْ مَا جَرَّبْنَا عَلَيْكَ اِلَّا
صِدْقًا قَالَ فَاِنِّيْ نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ
عَذَابٍ شَدِيْدٍ فَقَالَ اَبُوْ لَهَبٍ تَبًّا لَّكَ
سَائِرَ الْيَوْمِ اَلِهٰذَا جَمَعْتَنَا فَنَزَلَتْ تَبَّتْ
يَدَا اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ.

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

وَفِيْ رِوَايَةٍ نَادٰى يَا بَنِيْ عَبْدِ مُنَافٍ
اِنَّمَا مَثَلِيْ وَمَثَلُكُمْ كَمَثَلِ رَجُلٍ رَاَى
الْعَدُوَّ فَانْطَلَقَ يَرْبَأُ اَهْلَهٗ فَخَشِيَ اَنْ
يَّسْبِقُوْهُ فَجَعَلَ يَهْتِفُ يَا صَبَاحَاهْ.

ڈرا۔ تو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صفا[1] پر کھڑے ہو کر آواز دی اے بنی فہر! اے بنی عدی! قریش[2] کے خاندانوں[3] کو، حتیٰ کہ وہ تمام جمع ہو گئے فرمایا: بتاؤ اگر میں تمہیں خبر دوں کہ سواروں کا لشکر اس جنگل[4] میں ہے اور وہ تم پر حملہ کرنا چاہتا ہے کیا تم مجھے سچا سمجھو گے[5]؟ بولے ہاں ہم نے آپ کو ہمیشہ سچا ہی پایا ہے۔ فرمایا میں تم کو سخت عذاب[6] کے آنے پر ڈراتا ہوں اس پر ابولہب[7] بولا تیرے لیے ہلاکت ہو کیا تو نے ہم کو اسی لیے جمع کیا تھا، تب یہ آیت اتری، ابولہب کے دونوں ہاتھ ہلاک[8] ہوں اور وہ خود ہلاک ہو۔

بخاری و مسلم اور ایک روایت میں ہے حضور نے آواز دی اے عبد مناف[9] کی اولاد تمہاری مثال اس شخص کی سی ہے جس[10] نے دشمن کو دیکھا تو اپنے گھر والوں کی حفاظت کرتا ہوا چلا۔ پھر ڈرا کہ دشمن اس سے پہلے ہی پہنچ جائے[11] تو وہ چیخنے لگا یا صباحاہ[12]۔

[1] یہ خانہ کعبہ کے قریب ہے۔

[2] بطن سے شکم اور وہ گروہ جو قبیلہ قریش سے کمتر ہیں مراد ہیں، ان کا والد نضر بن کنانہ ہے۔ ان الفاظ کی تحقیق دوسرے مقام پر کر دی گئی ہے۔ فہر، فا کے نیچے کسرہ اور ہا ساکن

[3] بطونِ قریش

[4] اس وادی میں جس میں وادیٔ مکہ ہے۔

[5] کیا تم میری تصدیق کرو گے۔

[6] اگر تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو سخت عذاب میں مبتلا کیے جاؤ گے۔

[7] یہ حضور علیہ السلام کے چچا ہیں تب اور تباب اس گھاٹے کو کہا جاتا ہے جس میں ہلاکت ہو اور سائر کا بیان بقیہ ہے اور یہ جمع کے معنی میں بھی آتا ہے۔

[8] کیونکہ اس نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی گستاخی کا عملاً ارتکاب کیا، ہلاکت تو اس کی ذات کیلیے ہے چونکہ اس نے ہاتھوں کو بھی استعمال کیا کیونکہ جب آپ نے ڈرایا تو اس نے پتھر اٹھا کر آپ کی طرف پھینکا بعض علماء کی رائے ہے کہ یہاں دونوں ہاتھوں سے مراد اس کی دنیا و آخرت ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ف عبد مناف ، ہاشم و عبد شمس کا والد ہے

نلہ اچانک دشمن کے لشکر کو دیکھ کر اپنی قوم کو بچانے کے لیے پہاڑ پر چڑھتا ہے تاکہ اس کی آواز سنائی دے صراح میں ہے کہ ربا کا معنی نظر رکھنا، حفاظت کرنا اور بلند جگہ پر چڑھنا ہے۔

سلہ اس کے اطلاع کرنے سے پہلے دشمن آجائے گا یا یہ مرد اس دشمن کو خبر و اطلاع کرنے سے پہلے جائیگا دونوں معانی کا مآل ایک ہی ہے۔

سلہ یہ کلمہ قوم کو خطرے سے متنبہ کرنے کے لیے بولا جاتا ہے، اصل یہ ہے کہ اکثر طور پر غارت گری بوقت صبح ہوتی ہے اس لیے یا صباحاہ سے شور کیا جاتا تاکہ اطلاع ہو جائے۔

۵۱۲۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ دَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُرَيْشًا فَاجْتَمَعُوْا فَعَمَّ وَخَصَّ فَقَالَ يَا بَنِيْ كَعْبِ بْنِ لُؤَيٍّ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِيْ مُرَّةَ بْنِ كَعْبٍ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِيْ عَبْدِ شَمْسٍ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِيْ عَبْدِ مَنَافٍ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِيْ هَاشِمٍ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا فَاطِمَةُ اَنْقِذِيْ نَفْسَكِ مِنَ النَّارِ فَاِنِّيْ لَا اَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا غَيْرَ اَنَّ لَكُمْ رَحِمًا سَاَبُلُّهَا بِبَلَالِهَا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَفِي الْمُتَّفَقِ عَلَيْهِ قَالَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ اِشْتَرُوْا اَنْفُسَكُمْ لَا اُغْنِيْ عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا وَيَا بَنِيْ عَبْدِ مَنَافٍ لَا اُغْنِيْ عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا يَا عَبَّاسُ ابْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَا اُغْنِيْ عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا وَيَا صَفِيَّةُ عَمَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اُغْنِيْ عَنْكِ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا وَيَا فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَلِيْنِيْ مَا شِئْتِ مِنْ مَالِيْ لَا اُغْنِيْ عَنْكِ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا۔

سلہ یہ روایت ان الفاظ سے بھی مروی ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی کہ آپ اپنے قریبی خاندان والوں کو ڈرائیں تو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قریش کو بلایا جب وہ جمع ہو گئے تو آپ نے عام و خاص کو یہ خطاب فرمایا اے بنی کعب بن لوی! اپنے آپ کو آگ سے بچالو۔ اے مرہ بن کعب کی اولاد اپنی جانوں کو آگ سے بچالو۔ اے عبد شمس کی اولاد اپنی جانوں کو آگ سے بچالو اے عبد مناف کی اولاد اپنی جانوں کو آگ سے بچالو اے ہاشم کی اولاد اپنی جانوں کو آگ سے بچالو، اے عبد المطلب کی اولاد اپنی جانوں کو آگ سے بچالو۔ اے فاطمہ اپنی جان کو آگ سے بچالو۔ میں اللہ کے مقابل تمھارے لیے کسی چیز کا مالک نہیں ہوں۔ سوا اس کے کہ تم سے رشتہ داری ہے جس کی تری کو میں تر رکھوں گا۔ (مسلم) بخاری و مسلم کی روایت میں ہے اے گروہ قریش اپنی جانیں بچالو میں اللہ کے مقابل تم سے کچھ دفع نہیں کر سکتا۔ اے صفیہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی پھوپھی میں تم سے اللہ کے مقابل کچھ بھی دور نہیں کر سکتا اے فاطمہ محمد کی بیٹی تم جو چاہو مجھ سے مال مانگ لو میں تم سے اللہ کے مقابل کچھ دور نہیں کر سکتا۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۲ آپ نے جدِ بعید اور جدِ قریب دونوں کے ناموں پر بلایا تاکہ عام وخاص سبھی آجائیں۔

۳ ایمان لاؤ، نیک اعمال کرو تاکہ آتشِ دوزخ سے نجات پاؤ۔ لُوی لام پر پیش، ہمزہ پر فتحہ یا شدد، یہ عبدمناف سے بہت اوپر ان کا جدِ اعلیٰ ہے۔

۴ عبد مناف، عبد شمس سے اوپر ہے اور اس کا والد ہے

۵ اس میں آپ کے تمام چچے اور ان کی اولاد شامل ہے۔

۶ یہ آپ کی جگر گوشہ ہیں، تمام خواتینِ عالم کی سربراہ ہیں، ان پر دوزخ کی آگ حرام ہے مگر ان کو بھی اس موقع پر خطاب میں شامل فرمایا اور فرمایا کہ اللہ کے عطا کردہ اذن وتصرف کے بغیر میں بھی کچھ نہیں کرسکتا۔

۷ حق قوم وقرابت کی تری ہے اور اسے میں آب صلہ واحسان کے ساتھ جانتا ہوں۔ باقی اس لفظ کی تحقیق باب البر والصلہ میں گذر چکی ہے، یہ تخویف وانذار میں انتہا اور مبالغہ ہے ورنہ ان مذکورہ لوگوں میں سے بعض کے فضائل اور بہشت میں داخلہ کے بیان احادیث میں آچکا ہے۔ احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ اُمت کے گناہ گاروں کے لیے حضور علیہ السلام کی شفاعت ہوگی تو آپ کے عزیز واقارب کے لیے بطریقِ اولیٰ ہوگی مگر اس کے باوجود بے پروائی ہوسکتی ہے، ان کے حال ومقام کے مطابق وعظ ونصیحت فرمائی یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ ان مذکورہ افراد کے فضائل اور آپ کے مقامِ شفاعت کا ذکر اس کے بعد والی احادیث میں آیا ہے، بالجملہ اللہ تعالیٰ کا حکم تھا جو آپ نے من وعن پہنچا دیا۔

۸ ایمان وطاعت کے ساتھ

۹ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پھوپھی ہیں۔ حضرت زبیر بن العوام کی والدہ ہیں جو کہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں، انھیں بھی ڈرایا جیسا کہ حضرت عباس نے چچا کو ڈرایا۔

۱۰ یہ گفتگو آپ نے مکہ میں کی، اس وقت آپ کے پاس مال نہ تھا، یہ تھوڑے مال کی بات بھی نہیں اور زیادہ مال کہاں سے آگیا البتہ آپ تجارت کیا کرتے تھے اس کے بارے میں شارحین نے فرمایا کہ یہاں مراد بالفعل مال کا ہونا نہیں بلکہ مراد یہ ہے کہ اگر مال میری مِلک میں ہو تو وہ آپ مجھ سے طلب کرسکتی ہیں۔ مگر نجاتِ آخرت میرے مِلک میں نہیں۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۵۱۴۰ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُمَّتِیْ ھٰذِہٖ اُمَّۃٌ مَّرْحُوْمَۃٌ لَیْسَ عَلَیْھَا عَذَابٌ فِی الْاٰخِرَۃِ عَذَابُھَا فِی الدُّنْیَا اَلْفِتَنُ وَالزَّلَازِلُ وَالْقَتْلُ۔ (رواہ ابوداؤد)

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میری یہ اُمت صاحبِ رحمت[۱] ہے اس پر آخرت میں عذاب[۲] نہیں اس کا عذاب دنیا میں فتنے زلزلے[۳] اور قتل ہیں۔ (ابوداؤد)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ یعنی اس میں حق تعالیٰ اور نبی کی محبت اور اطاعت و فرمانبرداری ہے اور ان تمام صفات کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے مخصوص فرمایا ہے یہ پہلی کسی امت کو نصیب نہیں۔ ان کے ساتھ کرم و عفو، فضل و مغفرت اور حسن معاملہ کے ساتھ سلوک کی بھی بشارت دی گئی ہے اور یہ آخرت میں مستحق رحمت ہوگی۔

سلہ یہ تمام چیزیں اس بات پر شاہد ہیں کہ اس پر آخرت میں عذاب نہ ہوگا۔

سلہ جو مصائب و حوادثات سے لاحق ہوں گے وہ اس کے گناہوں کا کفارہ اور درجات کی بلندی کا سبب ہوگا اور جو قتال وغیرہ ہوگا اگر وہ کافروں کے ہاتھ سے ہوگا تو انھیں شہادت کا درجہ اور اجر ملے گا۔ اگر مسلمانوں کے درمیان ہوگا تو کسی اشتباہ یا تاویل کی بنا پر ہوگا تو دونوں کو سلامتی حاصل ہوگی اور اگر ایک جانب صریح ظلم تو دوسری طرف مظلوم جنتی ماجور ہوگا۔ بعض شارحین فرماتے ہیں کہ عذاب قبر صرف اس امت کا خاصہ ہے تاکہ یہ عذاب اس امت کو گناہوں سے پاک و مطہر کر دے تاکہ آخرت میں عذاب سے نجات پا جائے اور اس آیت کریمہ کے بارے میں کہتے ہیں اِنَّ اللّٰہَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا (بلاشبہ اللہ تعالیٰ تمام گناہ معاف فرما دیتا ہے) کہ اس امت کا خاصہ ہے۔ باقی وہ احادیث جو بتلاتی ہیں کہ کبیرہ کے مرتکب پر عذاب ہوگا تو ان میں منافات نہیں۔ کیونکہ قرآن نے واضح کر دیا ہے کہ غیر مشرک کی بخشش و مغفرت عموماً و خصوصاً مشیت باری تعالیٰ سے متعلق ہے۔ ضروری نہیں کہ عذاب کا وقوع ہو۔ اگر واقع ہے تو یہ لازم نہیں کہ ہر فرد کے لیے وقوع لازم ہو۔ شاید بعض کو عذاب ہو اور بعض نجات پا جائیں۔ یَفْعَلُ اللّٰہُ مَا یَشَآءُ وَیَحْکُمُ مَا یُرِیْدُ (اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے اور جو چاہتا ہے فیصلہ فرماتا ہے) بالجملہ اس امت پر اللہ تعالیٰ کے جو فضل و کرم ہیں ان کا تقاضا یہی ہے کہ اس کی مغفرت و بخشش ہو جائے البتہ یہ تمام اللہ تعالیٰ کی مشیت سے متعلق ہے۔ اس پر کوئی شے لازم نہیں لیکن مخبر صادق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وعدہ توجہ ضرور رکھتا ہے۔

۵۱۲۱ وَعَنْ اَبِیْ عُبَیْدَۃَ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ بَدَأَ نُبُوَّۃً وَرَحْمَۃً ثُمَّ یَکُوْنُ خِلَافَۃً وَرَحْمَۃً ثُمَّ مُلْکًا عَضُوْضًا ثُمَّ کَائِنٌ جَبَرِیَّۃً وَعُتُوًّا وَفَسَادًا فِی الْاَرْضِ یَسْتَحِلُّوْنَ الْحَرِیْرَ وَالْفُرُوْجَ وَالْخُمُوْرَ یُرْزَقُوْنَ عَلٰی ذٰلِکَ وَیُنْصَرُوْنَ حَتّٰی یَلْقَوُا اللّٰہَ۔ (رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت ابوعبیدہ[1] اور حضرت معاذ بن جبل[2] رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کام[3] نبوت و رحمت سے شروع ہوا پھر خلافت و رحمت ہو جائے گا پھر کٹ کھیتی[4] سلطنت[5] پھر ظلم، سرکشی اور زمین میں فساد ہو جائے گا۔ لوگ ریشم زنا اور شراب کو حلال سمجھیں گے اس کے باوجود روزی دیے جائیں گے فتح دیے جائیں[6] گے حتیٰ کہ اللہ سے ملاقات کریں۔ (بیہقی، شعب الایمان)

سلہ حضرت ابوعبیدہ بن الجراح، عشرہ مبشرہ صحابہ میں سے ہیں۔

سلہ یہ کبار صحابہ میں سے ہیں۔

سلہ دین و ملت کا کام، بعض نسخوں میں "بدء" کا لفظ الف کے ساتھ "بدا" ہے اس کا معنی ظہور ہوگا یعنی دین کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ظہور کا دور نزول وحی و رحمت و نورانیت کا دور ہے ۔

سلہ یہاں تک کہ خلفاء راشدین کا دور ختم ہو جائے اور خلافت حضور علیہ السلام کی نیابت میں دین و دنیا کے امور کو انجام دینا ہے ۔

ھ اس سے مراد مخلوق پر ظلم کا ظہور ہے "عضوض" ، کاٹنا عضوض عین پر زبر مبالغہ ہے ۔ بعض روایات میں ملوک عضوض کے الفاظ ہیں یعنی خبیث و شریر یعنی ظالم بادشاہ ہوں گے ۔

ته مشکوٰۃ کے بعض نسخوں میں جبر جیم پر زیر اور باء کے ساتھ کو صحیح قرار دیا گیا ہے ۔ مجمع البحار میں شرح شفاء کے حوالے سے ہے کہ یہ لفظ سکون با معنی تجبر ہے ۔ قاموس میں ہے کہ جیم کے نیچے کسرہ بھی ہے یہاں یہ زیادہ مناسب ہے ۔

ھ باوجود ان کاموں کے انہیں روزی ملے گی اور مخالفین و کفار پر فتح دی جائے گی تاکہ دشمن ان کو ہلاک کر کے نام و نشان نہ مٹا دے اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس امت پر رحمت و مغفرت کا وعدہ کر رکھا ہے اور ہو سکتا ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی یہ حکمت ہو کہ اگرچہ یہ فی ذاتہ فاسق ہوں گے مگر ان کی وجہ سے بعض احکام دین کی تائید ہو گی

ثه قیامت کے روز اللہ تعالیٰ کے حضور پیش ہوں گے ۔

۵۱۴۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اَوَّلَ مَا يُكْفَأُ قَالَ زَيْدُ بْنُ يَحْيَى الْهَمَادِيُّ يَعْنِي الْاِسْلَامَ كَمَا يُكْفَأُ الْاِنَاءُ يَعْنِي الْخَمْرَ قِيْلَ فَكَيْفَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَقَدْ بَيَّنَ اللّٰهُ فِيْهَا مَا بَيَّنَ قَالَ يُسَمُّوْنَهَا بِغَيْرِ اِسْمِهَا فَيَسْتَحِلُّوْنَهَا ۔
(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ میں نے رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا سب سے پہلے جس کو الٹا کیا جائیگا زید بن یحییٰ ہماری نے کہا اسلام کو جیسے شراب کے برتن میں الٹایا جاتا ہے عرض کیا گیا یا رسول اللہ یہ کیسے ہو گا جبکہ اللہ تعالیٰ نے واضح فرما دیا ہے فرمایا: اس کا کوئی نام رکھ کر حلال ٹھرالیں گے ۔ (دارمی)

سلہ "اَلْکَفَاءُ" سرنگوں کرنا تاکہ پانی وغیرہ بہہ جائے ۔ یُکْفَأُ اس شخص کو کہا جاتا ہے جو چہرے کے بل اوندھے منہ گر پڑے ۔

سلہ اس حدیث کے راوی ہیں ان کی کنیت ابو عبد اللہ ، دمشقی خزاعی ہیں ، ان سے امام احمد اور دارمی نے روایت کی سب ثقہ ہیں ، دو سو سات میں ان کا وصال ہے ۔

سلہ یہاں فی کا حکم راوی سے ساقط ہو گیا ہے ۔

سلہ یہ لفظ بھی مروی ہے جو مراد واضح کرنے کے لیے لایا گیا ہے یعنی جسے سب سے پہلے اٹھایا جائے گا اسلام میں وہ شراب ہے اس حدیث کی شرح میں شارحین نے یہی تقریر کی ہے یہاں ایک اور توجیہ بھی ہے تو اس سے زیادہ واضح ہے حاصل اس کا یہ ہے کہ جب لوگوں میں تبدیلی آئے گی تو آخر زمانے میں سب سے پہلے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

احکام اسلام میں سے جو حکم تبدیل ہوگا وہ شراب کا حکم ہوگا کہ لوگ اسے پئیں گے اور تاویلات کے ذریعے حلال بنائیں گے۔
شہ شراب کے حکم کو کیسے تبدیل کردیں گے؟
سلہ اسے حرام قرار دیا گیا ہے اور اس کی حرمت پر واضح احکام ہیں
سکہ اس میں حیلہ و تاویل سے کام لیں گے۔
شہ شراب کے علاوہ اس کا نام رکھ لیں گے مثلاً نبیذ، حالانکہ وہ شراب ہوگا اسی بہانے سے اسے شہد وغیرہ سے بنائیں گے اور پئیں گے اور کہیں گے کہ شراب انگور سے بنتا ہے، یہ انگور سے نہیں لہذا شراب نہیں یہ نہیں جانتے ہوں گے کہ ہر نشہ آور حرام ہے، خواہ وہ شراب ہو یا اس کے حکم میں کوئی دوسری شے ہو۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۵۱۴۳ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَكُوْنُ النُّبُوَّةُ فِيْكُمْ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ تَكُوْنَ ثُمَّ يَرْفَعُهَا اللّٰهُ تَعَالٰى ثُمَّ تَكُوْنُ خِلَافَةٌ عَلٰى مِنْهَاجِ النُّبُوَّةِ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ تَكُوْنَ ثُمَّ يَرْفَعُهَا اللّٰهُ تَعَالٰى ثُمَّ تَكُوْنُ مُلْكًا عَاضًّا فَيَكُوْنُ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَكُوْنَ ثُمَّ يَرْفَعُهَا اللّٰهُ تَعَالٰى ثُمَّ تَكُوْنُ مُلْكًا جَبْرِيَّةً فَيَكُوْنُ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَكُوْنَ ثُمَّ يَرْفَعُهَا اللّٰهُ تَعَالٰى ثُمَّ تَكُوْنُ خِلَافَةً عَلٰى مِنْهَاجِ نُبُوَّةٍ ثُمَّ سَكَتَ قَالَ حَبِيْبٌ فَلَمَّا قَامَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ كَتَبْتُ اِلَيْهِ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اُذَكِّرُهُ اِيَّاهُ وَقُلْتُ اَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنَ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ بَعْدَ الْمُلْكِ الْعَاضِّ وَالْجَبْرِيَّةِ فَسُرَّ بِهٖ وَاَعْجَبَهٗ يَعْنِيْ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ۔ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ

تیسری فصل

حضرت نعمان[1] بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت حذیفہ[2] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا نبوت تم میں رہے گی جب تک اللہ تعالیٰ نے اسے چاہا، پھر اللہ تعالیٰ اسے اٹھالے گا پھر طریق نبوت پر خلافت ہوگی اور رہے گی جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا، پھر اللہ تعالیٰ اسے بھی اٹھالے گا، پھر ظلم کی بادشاہی ہوگی اور رہے گی اور جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا پھر نبوت کے طریقے پر خلافت ہوگی پھر آپ خاموش ہو گئے حبیب دارمی کا بیان ہے کہ جب حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ مجلس سے کھڑے ہوئے تو میں نے یاد کروانے کے لیے یہ حدیث انہیں لکھ بھیجی اور کہا کہ امید ہے کہ آپ ظالم بادشاہوں اور جابروں کے بعد امیر المومنین ہیں۔ حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس پر نہایت ہی خوش ہوئے۔ (بیہقی، دلائل النبوۃ)

سلہ صحابی ہیں ہجرت کے بعد انصار کے ہاں سب سے پہلا بچہ جو پیدا ہوا وہ آپ ہی تھے۔
سکہ یہ جلیل القدر صحابی ہیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رازداں ہیں صاحب سر الرسول ان کا لقب ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ وہ اللہ تعالیٰ کے دین کے تابع ہوگی ۔ منہاج کا معنی ظاہر اور کشادہ ہونا ۔
سلہ شارحین کہتے ہیں اس سے مراد امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور ہے ۔
ھ حبیب بن سالم اس حدیث کے راویوں میں سے ہیں ۔ یہ حضرت نعمان بن بشیر کے آزاد کردہ غلام اور کاتب تھے ۔ ان سے حضرت قتادہ اور دیگر لوگوں نے روایت کیا ہے ۔
سلہ حضرت عمر بن عبد العزیز مجلس سے کھڑے ہوئے تو میں نے لکھا کہ اس حدیث سے آپ کی ذات مراد ہے

كِتَابُ الْفِتَنِ

فتنے کا بیان

فتن، فتنہ کی جمع ہے جیسے محن، محنت کی، آزمائش، شے کو پسند کرنا اور شے پر فریفتہ ہونا۔ اس کا معنی گمراہ ہونا اور گمراہ کرنا، گناہ، کفر، ذلت، عذاب، سونا و چاندی کا پگھلانا، جنون، مال و اولاد کی محبت اور لوگوں کا رائے میں اختلاف کرنا بھی ہے ۔ واضح ہو کہ مصنف نے یہاں سے لے کر آخر تک کتاب الفتن قائم کیا اور اس کے بعد ابواب ذکر کیے ہیں ۔ اس کی وجہ واضح نہیں خصوصاً باب فضائل و مناقب کو کتاب الفتن میں شامل کرنے کی کوئی وجہ سمجھ نہیں آتی ۔ اگر یہ کہا جائے کہ جو کچھ بیان ہوا ہے اس پر اعتقاد کے ہم مکلف و پابند ہیں تو اس اعتبار سے وہ تمام اس کتاب کے تحت آسکتے ہیں ۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۵۱۴۴ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَامَ فِينَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَامًا مَا تَرَكَ شَيْئًا يَكُوْنُ فِي مَقَامِهٖ ذٰلِكَ اِلٰى قِيَامِ السَّاعَةِ اِلَّا حَدَّثَ بِهٖ حَفِظَهٗ مَنْ حَفِظَهٗ وَنَسِيَهٗ مَنْ نَسِيَهٗ قَدْ عَلِمَهٗ اَصْحَابِيْ هٰؤُلَاءِ وَاِنَّهٗ لَيَكُوْنُ مِنْهُ الشَّيْءُ قَدْ نَسِيْتُهٗ فَاَرَاهُ فَاَذْكُرُهٗ كَمَا يَذْكُرُ الرَّجُلُ وَجْهَ الرَّجُلِ اِذَا غَابَ عَنْهُ ثُمَّ اِذَا رَاٰهُ عَرَفَهٗ ۔

پہلی فصل

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک دن ہم میں قیام فرمایا ۔ آپ نے اسی جگہ قیامت تک ہونے والی ہر شے کے بارے میں خبر دی جس نے یاد رکھا اس نے یاد رکھا جو بھول گیا وہ بھول گیا ۔ یہ بات میرے یہ دوست جانتے ہیں ان واقعات میں سے کوئی بیشتر چیز ہوتی ہے جسے میں بھول چکا ہوتا ہوں پھر اسے دیکھتا ہوں تو اسے یاد کر لیتا ہوں جیسے کوئی شخص کسی کا چہرہ پہچان

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

لیتا ہے جب وہ اس سے غائب ہو رہا ہو پھر جب اسے دیکھتے تو پہچان لیتے۔

(بخاری و مسلم)

۱؎ آپ نے خطبہ و وعظ ارشاد فرمایا
۲؎ جو کچھ تا قیامت وقوع پذیر ہونا تھا تمام بیان فرمادیا۔
۳؎ بعض نے یاد رکھا اور بعض نے بھلا دیا۔
۴؎ جس کے بارے میں آپ نے خبر دی تھی۔
۵؎ بطریق اجمال و ابہام

۵۱۴۵ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ تُعْرَضُ الْفِتَنُ عَلَى الْقُلُوْبِ كَالْحَصِيْرِ عُوْدًا عُوْدًا فَاَيُّ قَلْبٍ اُشْرِبَهَا نُكِتَتْ فِيْهِ نُكْتَةٌ سَوْدَاءُ وَاَيُّ قَلْبٍ اَنْكَرَهَا نُكِتَتْ فِيْهِ نُكْتَةٌ بَيْضَاءُ حَتّٰى تَصِيْرَ عَلٰى قَلْبَيْنِ اَبْيَضَ مِثْلِ الصَّفَا فَلَا تَضُرُّهُ فِتْنَةٌ مَّا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَالْاٰخَرُ اَسْوَدُ مُرْبَادًّا كَالْكُوْزِ مُجَخِّيًا لَا يَعْرِفُ مَعْرُوْفًا وَّلَا يُنْكِرُ مُنْكَرًا اِلَّا مَا اُشْرِبَ مِنْ هَوَاهُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور انھی سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا دلوں پر فتنے پیش آئیں گے جیسے چٹائی کا رنگ ۱؎ جو دل فتنے پلا لیا گیا ۲؎ اس میں سیاہ دھبہ ۳؎ پیدا کردیں گے اور جو دل انھیں برا سمجھے ان میں سفیدی ۴؎ پیدا ہو جائے گی حتی کہ لوگ دو قسم کے دلوں پر ۵؎ ہو جائیں گے۔ ایک سفید جیسے ۶؎ سنگِ مرمر اسے کوئی فتنہ نقصان نہ دے گا جب تک کہ آسمان و زمین قائم ہیں اور دوسرا کالا راکھ ۷؎ نما رنگ جیسے ۸؎ اوندھا کوزہ ۹؎ وہ بھلائی کو نہ پہچانے نہ برائی کو برا جانے سوا اس خواہش ۱۰؎ کے جو اس کے دل میں پیدا کردی گئی۔ (مسلم)

۱؎ عودا، اس لفظ کی تین طرح روایت ہے اول عین پر ضمہ اور دال، یہ مشہور تر ہے۔ روایت ہے، اب معنی یہ ہوگا دل پر فتنہ اس طرح آئے گا جس طرح بوریا بنتے ہوئے لکڑی یکے بعد دیگرے اس میں داخل ہوتی ہے یہاں لکڑی سے مراد کھجور کی وہ سبز شاخیں ہیں جن سے بوریا بُنا جاتا ہے یا فتنہ بر دل کو کھجور کی ان شاخوں کے ساتھ تشبیہ دینا مقصود ہے جن سے چارپائی بُنی جاتی ہے جیسے وہ ایک دوسرے میں داخل ہوتی ہیں اسی طرح دل پر پے در پے فتنہ برپا ہوگا، بعض کی رائے یہ ہے کہ اس سے مراد فتنہ کا دل پر اثر کرنا ہے جس طرح چٹائی سونے والے کے جسم سے چمٹ جاتی ہے، اور دوسرا لفظ عین پر زبر اور ذال کے ساتھ۔ اب معنی یہ ہوگا کہ فتنہ کے شر سے پناہ مانگنا جیسا کہ اس کلام کے بعد جس میں کفر و معصیت کا ذکر ہو۔ جیسے نعوذ باللہ یا معاذ اللہ تیسری صورت یہ ہے کہ عین پر زبر اور دال اور مراد دل پر تکرار فتنہ ہے اور یہی روایت پر رفع و نصب دونوں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اور دوسری اور تیسری روایت کے مطابق فقط نصب ہی آسکتا ہے اس کی شرح میں دیگر وجوہ بھی مروی ہیں یہاں فتنوں سے اعتقادات فاسدہ مراد ہیں یا اس سے عام، خواہ وہ شہوات نفسانیہ بھی ہو۔

سلے جس دل میں فتنہ راسخ ہو جائے اور اس میں زنگ پیدا ہو جائے جس طرح کپڑے پر رنگ چڑھ جاتا ہے تو اسے کہا جاتا ہے کہ اسے رنگ پلا دیا گیا۔ اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد گرامی اس باب سے ہے وَاُشْرِبُوْا فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ (دلوں کو بچھڑے کی محبت پلا دی گئی تھی)۔

سلے لکڑی گاڑنے سے جو اثر ہوتا ہے، اسے نکتہ کہا جاتا ہے اور اسی کا معنی نقطہ بھی ہے۔ اور اس چیز میں نقطہ جو اس کے رنگ مخالف میں ہو کے معنی میں بھی مستعمل ہے۔

سکہ جو دل فتنہ سے متاثر نہ ہو اور اسے قبول نہ کرے۔

سے یصیر، یاء اور تاء دونوں کے ساتھ ہے اگر یاء ہو تو اس کی ضمیر کا مرجع انسان ہوگا جو سیاق کلام سے مفہوم ہے اور دوسری صورت میں قلوب کی طرف راجع ہے۔ باقی رفع و نصب دونوں آسکتے ہیں۔

سلے باقی تشبیہ فقط سفیدی میں نہیں بلکہ صلابت، قوت اور سختی میں بھی ہے۔

شے مُربادا، میم پہ پیش، راء ساکن، دال مشدد، سیاہ و خاکستر رنگ

شے جس میں فتنہ برپا ہوگا۔

سے ربدہ، پیش کے ساتھ۔ اربداد خاکستر رنگ ہونا۔ ایک روایت میں مرباء، باء کے بعد ہمزہ مکسورہ ہے۔

نلے جس طرح کوزے میں جو پانی تھا وہ باہر آگیا یہی حال اس دل کا ہے جو نور ایمان اور معرفت سے خالی ہے مُجَخِّیْ میم پر پیش، جیم پر زبر، خاء مشدد، مکسورہ بمعنی مائل اور جھکنا ہے۔

سللہ جس میں دل گرفتار ہے یعنی خواہش نفس، یہی دل کی موت ہے اللہ تعالیٰ اس سے پناہ دے۔

۵۱۴۶ وَعَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثَيْنِ رَأَيْتُ اَحَدَهُمَا وَاَنَا اَنْتَظِرُ الْاٰخَرَ حَدَّثَنَا اَنَّ الْاَمَانَةَ نَزَلَتْ فِيْ جَذْرِ قُلُوْبِ الرِّجَالِ ثُمَّ عَلِمُوْا مِنَ الْقُرْاٰنِ ثُمَّ عَلِمُوْا مِنَ السُّنَّةِ وَحَدَّثَنَا عَنْ رَفْعِهَا قَالَ يَنَامُ الرَّجُلُ النَّوْمَةَ فَتُقْبَضُ الْاَمَانَةُ مِنْ قَلْبِهٖ فَيَظَلُّ اَثَرُهَا مِثْلَ اَثَرِ الْوَكْتِ ثُمَّ يَنَامُ النَّوْمَةَ فَتُقْبَضُ فَيَبْقٰى اَثَرُهَا مِثْلَ اَثَرِ الْمَجْلِ كَجَمْرٍ دَحْرَجْتَهٗ عَلٰى رِجْلِكَ فَنَفِطَ فَتَرَاهُ مُنْتَبِرًا وَّلَيْسَ فِيْهِ شَيْءٌ وَيُصْبِحُ

انہی سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں دو خبریں دیں جن میں سے میں ایک تو دیکھ لی اور دوسری کا منتظر ہوں۔ ہم کو خبر دی کہ امانت لوگوں کے دلوں کے اصل میں اتری ہے۔ پھر لوگوں نے قرآن سیکھا پھر حدیث سیکھی۔ اور حضور نے ہم کو اس کے اٹھ جانے کی خبر دی، فرمایا آدمی ایک نیند سوئے گا تو اس کے دل سے امانت قبض کر لی جائے گی تو اس کا اثر چھالے کی طرح رہ جائے گا پھر ایک نیند سوئے گا تو امانت قبض کر لی جاوے گی حتیٰ کہ اس کا اثر آبلے کی طرح ہو جائے گا جیسے تم اپنے پاؤں پر چنگاری لگاؤ تو

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

النَّاسُ يَتَبَايَعُوْنَ وَلَا يَكَادُ اَحَدٌ يُؤَدِّي الْاَمَانَةَ فَيُقَالُ اِنَّ فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ رَجُلًا اَمِيْنًا وَيُقَالُ لِلرَّجُلِ مَا اَعْقَلَهٗ وَمَا اَظْرَفَهٗ وَمَا اَجْلَدَهٗ وَمَا فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ مِّنْ اِيْمَانٍ ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انجار ہو جائے تم اسے پھولا ہوا دیکھو جس میں کچھ بھی نہ ہو لوگ خرید و فروخت کریں گے اور کوئی بھی امانت ادا نہ کرے گا حتیٰ کہ کہا جائے گا کہ فلاں قبیلہ میں ایک امانت دار شخص ہے اور کسی شخص کے متعلق کہا جائے گا کہ وہ کیسا عقلمند ہے کیسا خوش طبع ہے کیسا بہادر ہے حالانکہ اس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر ایمان نہ ہو گا (بخاری و مسلم)

لہ جس طرح آپ نے خبر دی اسی طرح اس کا وقوع ہوا ۔

لہ اس کے مصداق کا بھی یقیناً وقوع ہو گا ۔

لہ جذر، جیم پر زبر یا کسرہ ، ذال ساکن ، ہر چیز کی اصل ، امانت سے مراد یا تو وہی معنی مشہور ہے کہ لوگوں کے حق میں خیانت نہ کرنا یا اس سے تمام تکالیف شرعیہ مراد ہیں جن کا ذکر اس آیت مبارکہ میں ہے ۔ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لیکن ان تمام کی اصل ایمان ہے جیسا کہ آخر حدیث میں بھی ہے وَمَا فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ مِّنْ اِيْمَانٍ آپ کے ارشاد گرامی وَلَا يَكَادُ اَحَدٌ يُؤَدِّي الْاَمَانَةَ میں امانت بھی اسی پر مبنی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایمان اور امانت کو قلوب مومنین میں پیدا کیا ہے ۔

لہ یعنی اللہ تعالیٰ نے ارسال کتب اور انبیاء سے پہلے ہی دلوں میں امانت و ایمان کو پیدا فرما دیا تھا اب جو شخص اس سابقہ عنایت و ہدایت سے مستفید ہو گا وہی ان کتب و انبیاء سے مستفیض ہو گا ، اس میں ایمان و امانت کے رتبہ و شان پر دلالت ہے کہ دلوں میں اثبات و انزال کے باوجود کتاب و سنت نے ان پر تاکید فرمائی ہے یہ وہ پہلی حدیث تھی کہ جسے حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور علیہ السلام کی ظاہری حیات میں دیکھا اور مشاہدہ کیا اور دوسری حدیث جس میں ہے کہ امانت ختم ہو جائے گی اس کا وقوع آپ کی ظاہری حیات کے بعد ہی ہو گا ۔ جیسا کہ اس کا بیان ابھی آرہا ہے ۔

لہ نقصان امانت کے بارے میں فرمایا

لہ آیات قرآنی اور اتباع سنت سے غافل ہو گا یہ اس جملہ کے مقابل ہے فرمایا عَلِمُوْا مِنَ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ ۔

لہ یعنی کچھ انوار و ثمرات میں کمی واقع ہو جائے گی ۔

لہ شی کا اثر اس بقیہ اور علامت کو کہا جاتا ہے

لہ وکت ، واؤ پر زبر ، کاف ساکن ، آخر میں تا وکتہ کی جمع ہے ، چیز کا وہ اثر جو اس کے رنگ کے خلاف نقطہ کی طرح ہو جیسا کہ سیاہ نقطہ سفید میں ، بعض نے کہا کہ سیاہی میں سفید نقطہ ظاہر ہوتا ہے یعنی نقطہ ۔ کے اجزا اور

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

ارتکاب معصیت کی وجہ سے نورِ امانت کم ہو جائے گا۔ حسب حالِ دل پر غور کرے گا تو سوائے اس کے اثر و نقطہ کے کچھ نہیں ہو گا۔

سلہ پھر دوبارہ غافل ہو جائے گا

سلہ جو جز باقی رہ گیا تھا

سلہ مجل، میم پر زبر، جیم ساکن۔ کام کی وجہ سے ہاتھ کے چمڑے کا سخت ہونا، صراح میں ہے مجل کا معنی کام کی وجہ سے ہاتھ کا شوخ ہو جانا، اس کے بعد خود اس اثر کا بیان کیا۔

سلہ منتبرا۔ میم پر پیش، نون ساکن، تا پر زبر اور باء کے نیچے زیر۔ بہ منتبر بمعنی ارتفاع و بلندی سے اسمعاعل کا صیغہ ہے اسی سے لفظ منبر مشتق ہے۔

سلہ اس میں ایسی کوئی شے نہیں ہو گی جو کار آمد ہو اسی طرح وہ شخص جس کے دل سے امانت کا اثر ختم ہو گیا وہ ظاہر ہر کار آمد نظر آئے گا مگر بباطن وہ کار آمد شے نہیں رہا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وکت اور مجل سے امانت کے بقیہ کا دل میں رہنا مراد ہے لیکن اس پر یہ اعتراض وارد ہوتا ہے کہ آبلہ کا اثر چھالے سے زیادہ ہوتا ہے اور سیاق کے مناسب بھی ہے کہ دوبارہ لوٹنے میں اثر پہلے کم ہو اس کا جواب یہ ہے کہ آبلہ کا اثر چھالے کے مقابلہ میں حقیر و قلیل ہے اسی لیے اسے بعد میں لائے لیکن یہ جواب ضعف سے خالی نہیں ہے۔ بعض شارحین نے وکت و مجل دونوں سے زوال امانت مراد لیا ہے یعنی پہلی دفعہ چھالے کی مانند اور دوسری دفعہ آبلہ کی مانند زائل ہو گا لہذا آبلہ کا مرتبہ چھالے سے زیادہ ہو گا کیونکہ اس دفعہ وہ بھی ختم ہو گا کہ پہلی صورت میں باقی تھا۔

سلہ شریعت کے احکام کی پابندی نہیں کرے گا بلکہ لوگوں کے حق میں خیانت کرے گا۔

سلہ امانت دار لوگوں کی قلت و کمی اور نادر الوجود ہونے سے

سلہ باوجود کثرت افراد کے۔

سلہ ان صفات سے متصف کیا جائے گا جو عرفِ عام سے فضائل و کمالات ہوتے ہیں۔

سلہ کاروبار دنیا و معیشت میں کتنا دانا ہے؟

سلہ خوش گوئی اور خوش زبانی میں کتنا اچھا ہے؟

سلہ اس سے واضح ہو جاتا ہے کہ اصل کام ایمان اور تربیت نفس ہے، باقی سب ضیاع ہے اگر اہل دنیا اسے خوب جانتے ہوئے تعریف و مدح کریں وہی تعریف معتبر ہے جس کی بنا پر تقویٰ ہو۔ اللہ تعالیٰ ہمیں نصیب کریں۔ آمین۔

۵۱۳۷ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ النَّاسُ يَسْأَلُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْرِ وَكُنْتُ اَسْأَلُهٗ عَنِ الشَّرِّ مَخَافَةَ اَنْ يُّدْرِكَنِيْ

اور انہی سے مروی ہے کہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے خیر کے بارے میں سوال کرتے اور میں شر کے بارے میں پوچھتا تھا۔ اس کے پیش نظر کہ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّا كُنَّا فِيْ جَاهِلِيَّةٍ
وَشَرٍّ فَجَاءَنَا اللّٰهُ بِهٰذَا الْخَيْرِ فَهَلْ بَعْدَ
هٰذَا الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ وَهَلْ
بَعْدَ ذٰلِكَ الشَّرِّ مِنْ خَيْرٍ قَالَ نَعَمْ وَفِيْهِ
دَخَنٌ قُلْتُ وَمَا دَخَنُهٗ قَالَ قَوْمٌ يَسْتَنُّوْنَ
بِغَيْرِ سُنَّتِيْ وَيَهْدُوْنَ بِغَيْرِ هَدْيِيْ تَعْرِفُ
مِنْهُمْ وَتُنْكِرُ قُلْتُ فَهَلْ بَعْدَ ذٰلِكَ الْخَيْرِ
مِنْ شَرٍّ قَالَ نَعَمْ دُعَاةٌ عَلٰى أَبْوَابِ جَهَنَّمَ
مَنْ أَجَابَهُمْ إِلَيْهَا قَذَفُوْهُ فِيْهَا قُلْتُ
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صِفْهُمْ لَنَا قَالَ هُمْ مِنْ
جِلْدَتِنَا وَيَتَكَلَّمُوْنَ بِأَلْسِنَتِنَا قُلْتُ
فَمَا تَأْمُرُنِيْ إِنْ أَدْرَكَنِيْ ذٰلِكَ قَالَ
تَلْزَمُ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِيْنَ وَإِمَامَهُمْ قُلْتُ
فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ جَمَاعَةٌ وَلَا إِمَامٌ
قَالَ فَاعْتَزِلْ تِلْكَ الْفِرَقَ كُلَّهَا وَلَوْ أَنْ
تَعَضَّ بِأَصْلِ شَجَرَةٍ حَتّٰى يُدْرِكَكَ الْمَوْتُ
وَأَنْتَ عَلٰى ذٰلِكَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِيْ رِوَايَةٍ
لِمُسْلِمٍ قَالَ يَكُوْنُ بَعْدِيْ أَئِمَّةٌ لَا يَهْتَدُوْنَ
بِهُدَايَ وَلَا يَسْتَنُّوْنَ بِسُنَّتِيْ وَسَيَقُوْمُ فِيْهِمْ
رِجَالٌ قُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ الشَّيَاطِيْنِ فِيْ جُثْمَانِ
إِنْسٍ قَالَ حُذَيْفَةُ قُلْتُ كَيْفَ أَصْنَعُ يَا
رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنْ أَدْرَكْتُ ذٰلِكَ قَالَ تَسْمَعُ
وَتُطِيْعُ الْأَمِيْرَ وَإِنْ ضُرِبَ ظَهْرُكَ وَأُخِذَ
مَالُكَ فَاسْمَعْ وَأَطِعْ۔

کہیں وہ مجھے نہ پہنچ جائے۔ بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم پہلے جاہلیت و شر میں تھے پھر اللہ تعالیٰ ہمارے پاس یہ خیر لایا، تو کیا اس خیر کے بعد کوئی شر ہوگا۔ فرمایا ہاں! عرض کیا گیا کیا اس شر کے بعد خیر ہوگی؟ فرمایا ہاں مگر اس خیر میں کدورت ہوگی۔ عرض کیا کدورت سے کیا مراد ہے؟ فرمایا، وہ قوم جو میرے طریقے کے خلاف طریقہ اختیار کرے گی اور میری عادت کے خلاف عادت قبول کرے گی ان کی بعض باتیں اچھی پاؤ گے اور بعض بری۔ عرض کیا گیا اس خیر کے بعد شر ہوگی فرمایا ہاں دوزخ کے دروازہ پر بلانے والے جو دوزخ کی طرف ان کی بات مانے گا اسے دوزخ میں ڈال دیں گے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ان کی علامات بھی بتائیے۔ فرمایا وہ ہمارے گروہ سے ہوں گے ہماری زبان میں کلام کریں گے۔ عرض کیا کہ اگر میں یہ پاؤں تو میرے لیے کیا حکم ہے۔ فرمایا مسلمانوں کی جماعت اور ان کے امام کو پکڑے رہنا۔ عرض کیا اگر مسلمانوں کی جماعت اور امام نہ ہو؟ فرمایا ان تمام فرقوں سے الگ رہنا اگرچہ اس طرح ہو کہ تم کسی درخت کی جڑ دانتوں سے پکڑ لو حتیٰ کہ تم کو اسی حالت میں موت آجائے۔

(بخاری ومسلم) اور مسلم کی روایت میں یہ بھی آیا ہے فرمایا میرے بعد ایسے پیشوا ہوں گے جو نہ تو میری سنت اختیار کریں گے اور نہ ہی میرے طریقے کو اپنائیں گے ان میں سے کچھ لوگ اٹھیں گے جن کے دل شیطانوں کے دل ہوں گے، انسانی جسموں میں، حضرت حذیفہ نے عرض کیا یا رسول اللہ اگر میں یہ وقت پاؤں تو کیا کروں؟ فرمایا اپنے امیر کی سنو اور اطاعت کرو اگرچہ تیری پیٹھ ماری جائے اور تیرا مال لے لیا جائے پس سن اور اطاعت کر۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

١؎ عقل مند آدمی کے نزدیک نفع کے حصول سے نقصان سے محفوظ رہنا ہی اہم ہے۔ شر سے مراد وہ فتنے اور حوادث ہیں جو لوگوں کے درمیان ان کے نزاع وجدال کی وجہ سے ظاہر و واقع ہوئے۔ یہ اگرچہ موافق حق نہ تھے باقی منہیات شریعت میں معین ہیں اور ان کا سوال ان سے ہی مخصوص نہیں جیسا کہ سیاق حدیث اس پر دال ہے

٢؎ آپ کے مبارک وجود مسعود کے ذریعے اسلام عطا فرمایا اور اس پر عمل کی توفیق دی۔

٣؎ کیا اس خیر کے بعد شر، ظلم اور دین میں اختلال کا اندیشہ ہے۔

٤؎ دین اس نہج پر قائم ہو جائے جس طرح کہ تھا۔

٥؎ دَخَنٌ : دال اور خاء دونوں پر زبر، یہ دُخان کے معنی میں ہے یعنی وہ چیز جو شر کے ساتھ متصل ہو یعنی لوگوں کے دلوں میں جو صدق اور خلوص تھا وہ نہیں رہے گا۔ وہ اعتقادات صحیحہ، اعمال صالحہ اور وہ بادشاہوں کا عدل و انصاف جو قرنِ اول میں تھا نہ رہے گا، برائی اور بدعات پیدا ہو جائیں گی۔ اہل بدعت و اہل سنت مخلوط ہو جائیں گے

٦؎ یعنی معروف و منکر، جائز و ناجائز، دونوں ان میں جمع ہوں گے اور خیر و شر کا امتزاج و اختلاط ہو گا اور یہی آپ کے ارشاد تَعْرِفُ فِیْہِ دَخَنٌ اَوْ یَسْتَنُّوْنَ بِغَیْرِ سُنَّتِیْ سے بھی یہی مراد ہے۔ بعض نے فرمایا شر کے بعد خیر سے مراد حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور ہے اور "اَلَّذِیْنَ تَعْرِفُ مِنْھُمْ وَتُنْکِرُ" سے مراد ان کے بعد آنے والے امراء ہیں ان کے درمیان جو کوئی تھے انہوں نے بدعت کو رواج دیا مثلاً خوارج یعنی شارحین کی رائے ہے کہ یہ بھی احتمال ہے کہ شر سے حضرت امیر المومنین عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت ہو اور اس کے بعد خیر امیر المومنین علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور ہو، کدورت و شر سے مراد وہ جماعت ہے جو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر منبر پر بیٹھ کر لعنت کیا کرتے تھے۔

٧؎ وہ کون لوگ ہوں گے؟ ان کے اوصاف کیا ہوں گے؟ تاکہ میں انھیں پہچان سکوں۔

٨؎ ہماری جنس یا ہمارے اقرباء یا ہمارے دین وملت سے ہوں گے۔ جلد شے کے ظاہر کو کہتے ہیں اس کا اصلاً معنی تن کا پردہ ہے جسے پوست کہا جاتا ہے۔

٩؎ جو کتاب وسنت پر قائم ہوں گے

١٠؎ تو میں کیا کروں؟

١١؎ مراد تحمل شدائد و مصائب فقر یعنی خواہ تجھے گھاس و لکڑی کھانی پڑ جائے تو اس گھاس و جنگل پر قناعت کرنا

١٢؎ وہ صورۃً تو آدمی ہوں گے مگر سیرت باطن میں شیطان، جثمان جیم پر پیش، ثا ساکن

١٣؎ جو بھی تم پر مقرر ہو

١٤؎ اگرچہ تیری ذات اور مال پر ظلم ہو، تجھے پیٹا جائے اور تیرا مال چھین لیا جائے۔ ضُرب اور اخذ مجہول اور معروف دونوں طرح پڑھیں یعنی ہر حال میں صبر و قناعت سے کام لینا۔ دین وملت میں فتنہ نہ ڈالنا اور نہ بغاوت کرنا اگر اکراہ سے کام لیں تو پھر عزیمت کی راہ پر چلنا۔ آخری الفاظ عدم بغاوت و عدم فتنہ میں تاکید پیدا کرنے کیلئے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

لائے گئے ہیں۔

۵۱۴۸ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَادِرُوْا بِالْاَعْمَالِ فِتَنًا کَقِطَعِ اللَّیْلِ الْمُظْلِمِ یُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا وَیُمْسِیْ کَافِرًا وَیُمْسِیْ مُؤْمِنًا وَیُصْبِحُ کَافِرًا یَبِیْعُ دِیْنَهٗ بِعَرَضٍ مِّنَ الدُّنْیَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! ان فتنوں سے پہلے اعمال کر لو جو اندھیری رات کے حصص کی طرح ہوں گے انسان صبح کرے گا حالتِ ایمان میں اور شام حالتِ کفر میں کرے گا اسی طرح شام کو مومن اور صبح کو کافر ہوگا دنیاوی سامان کے عوض دین فروخت کر دے گا۔ (مسلم)

سلہ ان فتنوں کے نزول سے پہلے پہلے نیک اعمال کر لو کیونکہ ان کے وقت میں محنت و ابتلا میں انسان اس طرح جکڑ جائے گا کہ نیک عمل کرنا دشوار ہو جائے گا بلکہ اس وقت لوگوں کا حال یہ ہوگا جو بیان ہونے والا ہے۔

سلہ اہلِ زمانہ اور اربابِ حکومت کے فتنوں اور بلاؤں کی وجہ سے اسی طرح اختلاط اور حاجات میں گرفتاری ہوگی کہ وہ مجبور ہو کر ان کے پاس آئے گا تاکہ اپنی حاجت پوری کرائے مگر وہاں ان کے تابع ہو کر ایسے امور میں ان کی موافقت کرے گا جن کا تعلق دینِ اسلام سے نہیں اور یہ معنی بیان کرنا بھی درست ہے کہ صبح کے وقت اپنے مسلمان بھائی کے مال و جان کی حرمت کرنے کی وجہ مسلمان ہوگا اور شام کو اسے حلال جان کر کافر ہو چکا ہوگا اور اس تحلیل کی بنا پر جنگیں لڑائیاں اور فتنے پیدا ہوں گے لیکن پہلا معنی آپ کے ارشاد کے اگلے حصے کے زیادہ مناسب ہے۔

سلہ اپنے ایمان کو متاعِ قلیل (دنیا) کے عوض بیچ ڈالے گا۔

۵۱۴۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَتَکُوْنُ فِتَنٌ اَلْقَاعِدُ فِیْهَا خَیْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ وَالْقَائِمُ فِیْهَا خَیْرٌ مِّنَ الْمَاشِیْ وَالْمَاشِیْ فِیْهَا خَیْرٌ مِّنَ السَّاعِیْ مَنْ تَشَرَّفَ لَهَا تَسْتَشْرِفْهُ فَمَنْ وَجَدَ مَلْجَاً اَوْ مَعَاذًا فَلْیَعُذْ بِهٖ۔ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَفِیْ رِوَایَةٍ لِّمُسْلِمٍ قَالَ تَکُوْنُ فِتْنَةٌ اَلنَّائِمُ فِیْهَا خَیْرٌ مِّنَ الْیَقْظَانِ وَالْیَقْظَانُ فِیْهَا خَیْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ وَالْقَائِمُ فِیْهَا خَیْرٌ مِّنَ السَّاعِیْ فَمَنْ وَجَدَ مَلْجَاً اَوْ مَعَاذًا فَلْیَسْتَعِذْ بِهٖ۔

اور انہی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا! عنقریب ایسے فتنے برپا ہوں گے ان میں بیٹھ رہنے والا کھڑا ہونے والے سے بہتر ہوگا اور ان میں کھڑا ہونے والا چلنے والے سے بہتر ہوگا اور ان میں چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا جو ان کی طرف جھانکے گا وہ اسے اچک لیں گے تو جو کوئی پناہ گاہ یا ٹھکانہ نہ پائے تو اس کی پناہ لے لے (بخاری و مسلم) اور مسلم میں ہے ان فتنوں میں سونے والا جاگنے والے سے بہتر اور جاگنے والا کھڑا ہونے والے سے بہتر ہوگا اور کھڑا ہونے والا دوڑنے والے سے بہتر جس کو کوئی ٹھکانا یا پناہ گاہ نہ ملے تو اس کی پناہ لے لے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱؎ کیونکہ اس فتنہ تک پہنچنے میں ایک درجہ کھڑا ہونے والے سے کم استعداد رکھتا ہے

۲؎ یعنی ان کا قرب ان میں وقوع کا سبب ہوگا اور ان کے شر سے خلاصی کی یہی صورت ہے کہ ان سے دور رہا جائے۔

۳؎ ملجاء و معاذ لغت میں ان دونوں کا معنی ایک ہے۔ راوی شک کی بناء پر یا برائے تاکید لائے۔

۴؎ بحالت نیند میں باخبر نہیں اور نہ اس کی خبر سن سکتا ہے لہذا بیدار سے بہتر ہوگا۔

۵؎ یہاں سعی سے مراد ایسا چلنا ہے جس میں سعی ہو۔ صراح میں ہے سعی: دوڑنا، جلدی کرنا، کسب وکام کرنا، یہاں آخری معنی مراد ہے۔

۵۱۵۰ وَعَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّھَا سَتَکُوْنُ فِتَنٌ اَلَا ثُمَّ تَکُوْنُ فِتَنٌ اَلَا ثُمَّ تَکُوْنُ فِتْنَۃٌ اَلْقَاعِدُ فِیْھَا خَیْرٌ مِّنَ الْمَاشِیْ فِیْھَا وَالْمَاشِیْ فِیْھَا خَیْرٌ مِّنَ السَّاعِیْ اِلَیْھَا اَلَا فَاِذَا وَقَعَتْ فَمَنْ کَانَ لَہٗ اِبِلٌ فَلْیَلْحَقْ بِاِبِلِہٖ وَمَنْ کَانَ لَہٗ غَنَمٌ فَلْیَلْحَقْ بِغَنَمِہٖ وَمَنْ کَانَتْ لَہٗ اَرْضٌ فَلْیَلْحَقْ بِاَرْضِہٖ فَقَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَرَاَیْتَ مَنْ لَّمْ یَکُنْ لَّہٗ اِبِلٌ وَّلَا غَنَمٌ وَّلَا اَرْضٌ قَالَ یَعْمِدُ اِلٰی سَیْفِہٖ فَیَدُقُّ عَلٰی حَدِّہٖ بِحَجَرٍ ثُمَّ لِیَنْجُ اِنِ اسْتَطَاعَ النَّجَاءَ اَللّٰھُمَّ ھَلْ بَلَّغْتُ ثَلٰثًا فَقَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَرَاَیْتَ اِنْ اُکْرِھْتُ حَتّٰی یُنْطَلَقَ بِیْ اِلٰی اَحَدِ الصَّفَّیْنِ فَضَرَبَنِیْ رَجُلٌ بِسَیْفِہٖ اَوْ یَجِیْءُ سَھْمٌ فَیَقْتُلُنِیْ قَالَ یَبُوْءُ بِاِثْمِہٖ وَاِثْمِکَ وَیَکُوْنُ مِنْ اَصْحَابِ النَّارِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عنقریب فتنے ہوں گے آگاہ رہو پھر فتنے ہوں گے آگاہ رہو پھر فتنے ہوں گے بیٹھنے والا ان میں چلنے والے سے بہتر ہوگا اور چلنے والا ان کی طرف دوڑنے والے سے بہتر ہوگا آگاہ رہو کہ جب وہ فتنے واقع ہو جائیں تو جس کے پاس اونٹ ہے وہ اپنے اونٹوں میں چلا جائے جس کے پاس بکریاں ہوں وہ اپنی بکریوں میں چلا جائے اور جس کے پاس اپنی زمین ہو وہ اپنی زمین میں چلا جائے سو ایک شخص نے عرض کیا یارسول اللہ جس کے پاس اونٹ بکریاں اور زمین نہ ہو؟ فرمایا وہ اپنی تلوار کی طرف رخ کرے۔ اس کی دھار پتھر سے کوٹ دے پھر الگ ہو جائے اگر الگ ہونے کی طاقت ہو۔ اے اللہ میں نے پیغام پہنچا دیا ہے تین بار فرمایا۔ پھر ایک آدمی نے عرض کیا یارسول اللہ اگر مجھے کوئی مجبور کر دے حتیٰ کہ مجھے دو صفوں کے درمیان تک لے جائے پھر مجھے کوئی شخص اپنی تلوار سے مار دے یا تیر آئے جو مجھے قتل کر دے۔ فرمایا وہ اپنا اور تمہارا گناہ لے کر لوٹتا اور وہ دوزخی ہوگا۔

(مسلم)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱؎ زمین سے مراد وہ جگہ ہے جو فتنہ سے دور ہو یعنی فتنہ سے دور جا کر اپنے کام میں مشغول رہا جائے۔

۲؎ اس کی دھار توڑ ڈالے تاکہ کارزار میں خود اپنی ذات کو وہ کاٹ نہ سکے۔

۳؎ اس جیسی احادیث سے ان لوگوں نے استدلال کیا ہے جو اس بات کے قائل ہیں کہ فتنہ کی حالت میں قتال ہرگز جائز نہیں اور یہ بھی کہتے ہیں کہ جب دو مسلمان گروہوں کے درمیان لڑائی واقع ہو جائے تو احتراز کرنا واجب ہے۔ ان سے ایک طرف جانا، گوشہ تنہائی میں چلا جانا اور کسی ایک کی بھی حمایت مناسب نہیں یہ حضرت ابوبکرہ جو مشہور صحابی ہیں کا اور بعض دیگر صحابہ کا موقف ہے۔ حضرت ابن عمر فرماتے ہیں کہ ابتداءً قتال نہ کیا جائے اور اگر کوئی حملہ کرتا ہے تو دفاع واجب ہے جمہور صحابہ اور تابعین کہتے ہیں کہ صاحب حق کا ساتھ دینا اور باغی کے خلاف کرنا واجب ہے اگر اس پر عمل نہ ہو تو فتنہ کھڑا ہو جائے اور اہل بغاوت کو خوب موقع ملے گا۔ اس مذہب پر اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد مبارک شاہد ہے وَاِنْ طَائِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اقْتَتَلُوْا الآیۃ کہ جب دو مسلمان گروہوں کے درمیان لڑائی ہو جائے تو ان میں صلح کرا دو اگر کوئی ان میں سے صلح پر آمادہ نہ ہو اور زیادتی کرے تو اس باغی کے خلاف لڑنا ضروری ہے تاکہ جانب حق رجوع کرے: جب آپ نے فتنہ کے بارے میں بیان فرمایا تو پھر اگلی وجہ بیان فرمائی۔

۴؎ میں نے تیرا حکم تیرے بندوں تک پہنچا دیا ہے۔

۵؎ اس بات کے دو معنی ہیں ایک یہ کہ اس نے تجھے جو قتل کیا اور بالفرض اگر دفاع کرتے ہوئے تو نے اسے قتل کر دیا تو اس کا گناہ تجھ پر نہیں بلکہ اس کی دگنی سزا بھی بطور زجر اسے ہی ہوگی دوسرا یہ کہ وہ بغض وعداوت سابقہ جو مسلمانوں کے ساتھ رکھتا تھا اور اب تیرے قتل کا سبب بنی۔

۵۱۵۱ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُوْشِکُ اَنْ یَّکُوْنَ خَیْرَ مَالِ الْمُسْلِمِ غَنَمٌ یَتْبَعُ بِھَا شَعَفَ الْجِبَالِ وَمَوَاقِعَ الْقَطْرِ یَفِرُّ بِدِیْنِہٖ مِنَ الْفِتَنِ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قریب ہے مسلمان کا بہترین مال وہ بکریاں ہوں جنہیں وہ پہاڑ کی چوٹیوں یا پانی کی جگہ ۱؎ لے جائے اور اپنا دین فتنوں سے بچا کر بھاگ جائے ۲؎ (بخاری)

۱؎ بارش برسنے کی جگہ یعنی اپنی بکریوں کو وادیوں اور پہاڑیوں پر چرائے اور ان کے ذریعے اپنی روزی حاصل کرے۔

۲؎ لوگوں کے ساتھ اختلاط ہی نہ ہو تاکہ کہیں فتنہ میں واقع نہ ہو جائے۔

۵۱۵۲ وَعَنْ اُسَامَۃَ بْنِ زَیْدٍ قَالَ اَشْرَفَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی اُطُمٍ مِّنْ اٰطَامِ الْمَدِیْنَۃِ فَقَالَ ھَلْ تَرَوْنَ مَا اَرٰی قَالُوْا لَا قَالَ فَاِنِّیْ لَاَرَی الْفِتَنَ تَقَعُ خِلَالَ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ کے قلعوں ۱؎ سے کسی ایک پر تشریف لے گئے پھر فرمایا: کیا تم وہ دیکھ رہے ہو جو میں دیکھ رہا ہوں؟ عرض کیا نہیں

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

بُيُوْتِكُمْ كَوَقْعِ الْمَطَرِ.
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

فرمایا: میں فتنے دیکھ رہا ہوں جو تمہارے گھروں کے درمیان بارش گرنے کی طرح گر رہے ہیں۔
(بخاری و مسلم)

لہ اُطُم: الف اور طاء دونوں پر پیش، بلند محل اور ہر وہ قلعہ جو پتھر سے بنایا گیا ہو۔ حوالیٔ مدینہ میں کچھ قلعے تھے جن میں یہودی وغیرہ رہتے تھے۔

۵۱۵۳
۱۰
وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلَكَةُ اُمَّتِیْ عَلٰى يَدَیْ غِلْمَةٍ مِّنْ قُرَيْشٍ.
(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کی ہلاکت لہ قریش کے کچھ لڑکوں کے ہاتھوں ملہ میں ہوگی۔ (بخاری)

لہ هلكة: ہاء، لام اور کاف تینوں پر زبر، غلمۃ: غین مکسور، لام ساکن، غلام کی جمع بمعنی نوجوان۔ قاموس اور صراح میں ہے غلام: بچہ، غلمۃ اور اغتلام کا حقیقی معنی شہوت کا غلبہ و ہیجان ہے۔ علامہ طیبی نے اس کی تفسیر ایسے نوخیز بچوں سے کی ہے جو کوئی ڈر نہ رکھیں اور صاحب علم وعقل کے ساتھ کوئی ادب وتمیز کا خیال نہ کریں۔

ملہ حواشی میں ہے ان سے مراد وہ فتن اور ظالم جھگڑے ہیں جنھوں نے حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت حسن حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین اور ایسے دیگر اہم افراد کو شہید کیا۔ مجمع البحار میں ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان افراد کے نام اور ذوات کو جانتے تھے مگر فتنہ وفساد کے خوف کے پیش نظر نام نہیں لیتے تھے۔ ان میں سے بنوامیہ کے چھوکرے یزید بن معاویہ اور عبید اللہ بن زیاد بھی ہیں اور یہ بات تحقیق سے ثابت ہے کہ انھوں نے اہل بیت نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شہید وقید کیا۔ اسی طرح کبار صحابہ متاخرین والانصار صحابہ کو شہید کیا اور عبدالملک بن مروان کے دور کے گورنر حجاج اور سلیمان بن عبدالملک اور اس کی اولاد نے جو خون بہائے وہ کسی بھی ذی شعور سے مخفی نہیں۔

۵۱۵۴
۱۱
وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَقَارَبُ الزَّمَانُ وَيُقْبَضُ الْعِلْمُ وَتَظْهَرُ الْفِتَنُ وَيُلْقَى الشُّحُّ وَيَكْثُرُ الْهَرْجُ قَالُوْا وَمَا الْهَرْجُ قَالَ الْقَتْلُ.
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اور انھی سے مروی ہے کہ رسالتمآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: زمانہ چھوٹا ہو جائے گا لہ علم اٹھا لیا جائے گا اور فتنے ظاہر ہو جائیں گے۔ بخل ڈال دیا جائیگا ملہ ہرج کثیر ہوگا۔ عرض کیا ہرج کیا ہے؟ فرمایا: قتل ملہ
(بخاری، مسلم)

لہ مراد قیامت کا قریب ہونا یا شر و فتنہ میں اہل زمانہ کا ایک دوسرے سے قریب ہونا یا شر میں زمانوں کا ایک دوسرے کے قریب ہونا، بعض نے فرمایا کہ آخری زمانے میں عمروں کا چھوٹا ہونا مراد ہے یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہاں دنوں اور راتوں کا چھوٹا ہونا مراد ہے جیسا کہ دوسری حدیث میں ہے آخری زمانے میں سال مہینے ہو جائیں گے اور مہینے ہفتہ اور ہفتہ ایک دن کی طرح ہوگا اور دولتیں اور حکومتیں مخلوق کے لیے پریشانی کا سبب ہوں گی۔ یہی عبارت کتاب الرؤیا میں ہے کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تقارب زمان میں خواب سچے ہوں گے کچھ اور وجوہ بھی وہاں مذکور ہیں ۔ الجملہ! اس لفظ میں متعدد معانی کا احتمال ہے بعض اس کے اور بعض دوسرے مقام کے مناسب ہیں ۔

سلہ یعنی لوگوں کے دلوں میں بخل قوی اور عام ہو جائے گا اور بخیل لوگوں کی اتباع ہو گی ۔ کیونکہ اصل بخل تو لوگوں کی فطرت میں موجود ہوتا ہے ۔

سلہ ہرج ، ہا پر زبر ، راساکن ۔ اس کا معنی فتنہ اور لوگوں کا ایک دوسرے کے بارے میں واقع ہونا ہے

سلہ ہرج کی تفصیل قتل کے ساتھ اس وجہ سے ہے کہ یہ قتل کا سبب اور اس تک پہنچانے والا ہوتا ہے ۔

۵۱۵۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا تَذْهَبُ الدُّنْيَا حَتّٰى يَاْتِيَ عَلَى النَّاسِ يَوْمٌ لَا يَدْرِي الْقَاتِلُ فِيْمَ قَتَلَ وَلَا الْمَقْتُوْلُ فِيْمَ قُتِلَ فَقِيْلَ كَيْفَ يَكُوْنُ ذٰلِكَ قَالَ الْهَرْجُ الْقَاتِلُ وَالْمَقْتُوْلُ فِي النَّارِ ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور انہی سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے مجھے اس کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے دنیا ختم نہ ہو گی حتیٰ کہ لوگوں پر وہ دن آ جائے ، جب قاتل نہ جانے گا کہ کس جرم میں قتل کیا گیا اور نہ مقتول جانے گا کہ وہ کس جرم میں قتل کیا گیا سلہ عرض کیا گیا یہ کیسے ہو گا ہ فرمایا فتنہ عامہ سلہ کی وجہ سے قاتل و مقتول دونوں سلہ دوزخ میں جائیں گے ۔ (مسلم)

سلہ اس طرح قتال واقع ہو گا کہ امتیاز نہ رہے گا کہ صاحب حق کون اور صاحب باطل کون ہے ۔

سلہ فتنہ و اختلاط بلا امتیاز واقع ہونے کی وجہ سے

سلہ قاتل کا دوزخ میں جانا تو واضح ہے کہ اس نے خون ظلماً بہایا لیکن مقتول کی وجہ یہ ہے کہ وہ بھی دوسرے کو قتل کرنے کا عزم کر چکا تھا اور آدمی اپنے عزم صمیم کی وجہ سے عذاب کا مستحق ہوتا ہے لیکن یہ تب ہو گا جب جہالت اور عدم تمیز ہو اور اگر اجتہاد و تحری میں خطا ہے تو ثواب اگرچہ ناصواب بھی ہو معاملہ اس طرح نہیں ہو گا ۔

۵۱۵۶ وَعَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعِبَادَةُ فِي الْهَرْجِ كَهِجْرَةٍ إِلَيَّ ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت معقل سلہ بن یسار سلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قتل عام کے زمانے میں عبادت کرنا میری طرف سلہ ہجرت کرنے کی طرح ہے ۔ (مسلم)

سلہ معقل ، میم پر زبر ، عین ساکن اور قاف کے نیچے زیر

سلہ یسار ، یا پر زبر ، یہ صحابی ہیں بیعت رضوان میں شامل تھے ۔ بصرہ میں مقیم ہوئے ۔ بصرہ میں ایک نہر ہے معقل ، اس کی طرف ان کی نسبت ہے ۔

سلہ جس طرح کوئی شخص دار الکفر سے ہجرت کر کے دار السلام میں آ کر حضور علیہ السلام کی صحبت پا لیتا ہے اسی طرح وہ شخص جو ظلمت فتنہ و فساد سے بھاگ کر اپنے مولیٰ تعالیٰ کی عبادت و یاد میں مصروف ہو جائے وہ بھی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

دائرۂ نورانیت میں داخل ہو جاتا ہے گویا اس نے ہجرت کرلی ۔

۵۱۵۷/۱۴ وَعَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ قَالَ أَتَيْنَا أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ فَشَكَوْنَا إِلَيْهِ مَا نَلْقَى مِنَ الْحَجَّاجِ فَقَالَ: اصْبِرُوا فَإِنَّهُ لَا يَأْتِي عَلَيْكُمْ زَمَانٌ إِلَّا الَّذِي بَعْدَهُ أَشَدُّ مِنْهُ حَتَّى تَلْقَوْا رَبَّكُمْ سَمِعْتُهُ مِنْ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت زبیرؓ بن عدی بیان کرتے ہیں کہ ہم حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اوران سے شکایت کی جو حجاج سے ہم پر ظلم کیا تھا فرمایا صبرؓ کرو کیونکہ تم پر جو زمانہ آیا ہےؓ بعد والا اس سے بھی بُرا ہوگا یہاں تک کہ تم اپنے رب سے ملو اور میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا ہے (بخاری)

ؐ زبیر بن عدی ۔ یہ تابعی حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شاگرد ہیں ۔ ان سے حضرت ثوری (جو کہ فقیہ اور ثقہ ہیں) نے روایت لی ہے ۔

ؑ اس کے ظلم پر تحمل اور صبر کرو ۔

ؒ تم کیا جانو، ہو سکتا ہے کہ بعد میں حجاج سے بھی بڑھ کر ظالم لوگ آئیں گے اور وہ وقت اس سے بھی بدتر ہو ۔

ؓ روز آخرت

ؔ یہاں اشکال ہے کہ حجاج کے بعد حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور ہے اور وہ بدتر نہیں بلکہ وہ نہایت ہی سنہری دور ہے اسی طرح گذشتہ اوقات سے بھی بہتر تھا اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ حضور نے جو یہ خبر دی اس سے مراد اکثر و اغلب ہے اور اس میں ظلم وجبر کے وقت جزع وفزع کی بجائے تحمل و بردباری اور صبر و تسلی کا درس ہے ۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

۵۱۵۸/۱۵ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ وَاللهِ مَا أَدْرِي أَنَسِيَ أَصْحَابِي أَمْ تَنَاسَوْا وَاللهِ مَا تَرَكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قَائِدِ فِتْنَةٍ إِلَى أَنْ تَنْقَضِيَ الدُّنْيَا يَبْلُغُ مَنْ مَعَهُ ثَلٰثَ مِائَةٍ فَصَاعِدًا إِلَّا قَدْ سَمَّاهُ لَنَا بِاسْمِهِ وَاسْمِ أَبِيهِ وَاسْمِ قَبِيلَتِهِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: خدا کی قسم! مجھے معلوم نہیں کہ میرے ساتھی بھول گئے یا بھولے بنؓ بیٹھے ہو خدا کی قسم! رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دنیا کے ختم ہونے تک کسی قائدؑ کے فتنے کو نہیں چھوڑا جس کے ساتھیوں کی تعداد تین سو تک پہنچے یا اس سے زیادہ مگر ہمیں اس کا نام بتا دیا اور اس کے باپ کا نام اور اس کے قبیلے کا نامؒ (ابوداؤد)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ بھول تو نہیں مگر تکلفاً اپنے آپ کو بھولے ہوئے ظاہر کر رہے ہیں ۔

سلہ جو بھی فتنہ پیدا کرنے والا ہو خواہ وہ عالم جس نے ایسی بدعت ایجاد کی جس نے قوم کو گمراہ کیا اور لوگوں کو اس کی دعوت دی یا ایسا امیر جو لوگوں میں محاربہ و مقاتلہ برپا کرے ۔

سلہ یہ اس قائد کی صفت ہے

سلہ تین سو کہنے کی حکمت شاید یہ ہو کہ اس قدر لوگوں کا اجتماع ضرور فساد بپا کرنے کا سبب بنتے ہیں اور اگر اس سے تعداد کم ہو تو اس کا اعتبار نہیں ۔

٥١٥٩ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا أَخَافُ عَلٰى أُمَّتِي الْأَئِمَّةَ الْمُضِلِّيْنَ وَإِذَا وُضِعَ السَّيْفُ فِيْ أُمَّتِيْ لَمْ يُرْفَعْ عَنْهُمْ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت ثوبان سلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے اپنی امت کے متعلق گمراہ کرنے والے لیڈروں کا ڈر ہے ۔ جب میری امت میں تلوار چل پڑی تو قیامت تک اٹھا کر رکھی نہیں جائے گی (ابوداؤد، ترمذی)

سلہ یہ حضور کے آزاد کردہ غلام اور خادم خاص ہیں ۔ آپ کی بارگاہ مبارکہ میں وقت بے وقت حاضر ہونے والے ہیں ۔

سلہ کیونکہ ان کی گمراہی دوسرے عام لوگوں سے بدتر اور نقصان دہ ہے ۔

سلہ اس میں امیر المومنین حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس واقعہ کی طرف اشارہ ہے جو اسلام میں پہلا ہے اور اب تک وہ فتنہ باقی ہے اور آپ کی اطلاع کے مطابق تاقیامت جاری رہے گا ۔

٥١٦٠ وَعَنْ سَفِيْنَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْخِلَافَةُ ثَلَاثُوْنَ سَنَةً ثُمَّ تَكُوْنُ مُلْكًا ثُمَّ يَقُوْلُ سَفِيْنَةُ أَمْسِكْ خِلَافَةَ أَبِيْ بَكْرٍ سَنَتَيْنِ وَخِلَافَةَ عُمَرَ عَشْرَةً وَعُثْمَانَ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ وَعَلِيٍّ سِتَّةً ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ)

حضرت سفینہ سلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ خلافت تیس سلہ سال تک ہے پھر سلطنت سلہ ہو جائے گی ۔ پھر سفینہ نے فرمایا کہ حساب لگاؤ سلہ ابوبکر صدیق کی خلافت دو سال، حضرت عمر کی دس سال حضرت عثمان کی بارہ سال، حضرت علی کی چھ سال سلہ ۔ (مسند احمد، ترمذی، ابوداؤد)

سلہ یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام ہیں نہایت ہی صاحب برکات و کرامات شخصیت ہیں ان کے احوال متعدد جگہ لکھے جا چکے ہیں ۔

سلہ یہاں مراد خلافت کاملہ ہے جو کاملاً موافق سنت ہوگی ۔

سلہ لوگ اس وقت ان بادشاہوں کی تکلیف سے بے خوف نہ ہوں گے عدالت اور دین کے معاملات جس طرح کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ہونے جا رہیں وہ نہ رہے گی، اگرچہ اس لفظ خلافت کا بیان ہر بعد والے پر ہو سکتا ہے مگر یہاں آپ نے جس مخصوص حقیقت کی طرف اشارہ کیا ہے وہ تیس سال ہی ہے جو خلفائے اربعہ کا دور ہے اور اگر بعد کے لوگوں کو امیر المومنین کہہ دیا جائے تو چل جائے گا کیونکہ احکام ظاہری میں یہی امیر و حاکم ہوتے ہیں۔

ے یہ حساب تقریبی ہے اس میں کسروں کو حذف کر دیا گیا ہے ورنہ حضرت ابوبکر کی خلافت جیسا کہ جامع الاصول میں ہے دو سال چار ماہ، خلافت حضرت عمر دس سال چھ ماہ، خلافت حضرت عثمان بارہ سال سے کچھ دن کم اور خلافت سیدنا علی چار سال نو ماہ ہے۔ اس حساب سے خلفائے اربعہ کا دور ۲۹ سال سات ماہ اور نو دن ہے۔ تیس سال سے باقی پانچ ماہ رہ جاتے ہیں جو کہ امام المسلمین حضرت حسن بن علی کا دور ہے اور یہ بھی خلفاء میں شامل ہیں۔ بعض کتب سے خلافت ابوبکر دو سال تین ماہ نو دن، خلافت عمر دس سال چھ ماہ پانچ دن، خلافت عثمان بارہ دن کم بارہ سال اور خلافت علی چار سال اور نو ماہ ہے۔ اس حساب سے امام حسن کا دور چھ ماہ اور تین راتیں بنتا ہے۔

۵۱۶۱/۱۸ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيَكُوْنُ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ كَمَا كَانَ قَبْلَهٗ شَرٌّ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ فَمَا الْعِصْمَةُ قَالَ السَّيْفُ قُلْتُ وَهَلْ بَعْدَ السَّيْفِ بَقِيَّةٌ قَالَ نَعَمْ تَكُوْنُ اِمَارَةٌ عَلٰى اَقْذَاءٍ وَهُدْنَةٌ عَلٰى دَخَنٍ قُلْتُ ثُمَّ مَاذَا قَالَ ثُمَّ يَنْشَاءُ دُعَاةُ الضَّلَالِ فَاِنْ كَانَ لِلّٰهِ فِى الْاَرْضِ خَلِيْفَةٌ جَلَدَ ظَهْرَكَ وَاَخَذَ مَالَكَ فَاَطِعْهُ وَاِلَّا فَمُتْ وَاَنْتَ عَاضٌّ عَلٰى جِذْلِ شَجَرَةٍ قُلْتُ ثُمَّ مَاذَا قَالَ ثُمَّ يَخْرُجُ الدَّجَّالُ بَعْدَ ذٰلِكَ مَعَهٗ نَهَرٌ وَّنَارٌ فَمَنْ وَّقَعَ فِىْ نَارِهٖ وَجَبَ اَجْرُهٗ وَحُطَّ وِزْرُهٗ وَمَنْ وَّقَعَ فِىْ نَهْرِهٖ وَجَبَ اَجْرُهٗ وَحُطَّ اَجْرُهٗ قَالَ قُلْتُ ثُمَّ مَاذَا قَالَ ثُمَّ يُنْتَجُ الْمُهْرُ فَلَا يُرْكَبُ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ وَفِىْ رِوَايَةٍ قَالَ هُدْنَةٌ عَلٰى دَخَنٍ وَّجَمَاعَةٌ عَلٰى اَقْذَاءٍ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلْهُدْنَةُ عَلَى الدَّخَنِ مَا هِىَ قَالَ لَا تَرْجِعُ قُلُوْبُ اَقْوَامٍ عَلَى الَّذِىْ كَانَتْ عَلَيْهِ قُلْتُ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ قَالَ فِتْنَةٌ

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا اس خیر کے بعد شر ہوگی جیسے کہ اس سے پہلے تھی فرمایا ہاں! عرض کیا حفاظت کیا ہے؟ فرمایا تلوار۔ عرض کیا تلوار کے بعد کچھ بقایا ہے فرمایا ہاں! ہوگی حکومت ناپسندیدہ اور دھویں پر صلح، عرض کیا پھر کیا ہوگا؟ فرمایا پھر گمراہی کی طرف بلانے والے پیدا ہوں گے تو اگر زمین میں کوئی اللہ کا خلیفہ ہو وہ تمہاری پشت پر کوڑے مارے اور تمہارا مال لے، مگر تم اس کی فرمانبرداری کرنا ورنہ اس طرح مر جانا کہ کسی درخت کی جڑ دانتوں میں پکڑے ہو عرض کیا پھر کیا ہوگا؟ فرمایا اس کے بعد دجال نکلے گا جس کے ساتھ نہر اور آگ ہوگی جو اس کی آگ میں گرے گا[۱۲] تو اس کا ثواب ثابت[۱۳] اور اس کے گناہ معاف ہو جائیں گے اور جو اس کی نہر میں گرے گا اس کے گناہ ثابت اور اس کا ثواب ضبط ہو جائے گا۔ عرض کیا پھر کیا ہوگا؟ فرمایا پھر گھوڑی بچہ جنے گی تو اس پر سواری نہ کی جا سکے گی حتیٰ کہ قیامت قائم ہو جائے گی اور ایک روایت میں یوں ہے فرمایا صلح دھوئیں پر[۱۶] اور لوگوں کا اجتماع ناپسندیدگی پر۔ عرض کیا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَمْيَاءُ صَمَّاءُ عَلَيْهَا دُعَاةٌ عَلَىٰ أَبْوَابِ النَّارِ فَإِنْ مُتَّ يَا حُذَيْفَةُ وَأَنْتَ عَاضٌّ عَلَىٰ جِذْلٍ خَيْرٌ لَّكَ مِنْ أَنْ تَتَّبِعَ أَحَدًا مِّنْهُمْ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

یارسول اللہ! دھوئیں پر صلح سے کیا مراد ہے؟ فرمایا قوموں کے دل اس طرف نہ لوٹیں گے جس پر پہلے تھے عرض کیا گیا اس خیر کے بعد شر ہوگا۔ فرمایا اندھے بہرے فتنے ہوں گے جن پر کچھ لوگ دوزخ کے دروازوں کی طرف بلانے والے ہوں گے تو اے حذیفہ! اگر تم اس حالت میں وفات پاؤ کہ تم کسی درخت کی جڑ دانت سے پکڑے ہو تو تمہارے لیے اس سے اچھا ہے کہ تم ان میں سے کسی کی پیروی کرو۔ (ابوداؤد)

سلہ کیا دینِ اسلام کے بعد اسلام کفر ہوگا؟

سلہ اس سے نجات پانے کا ذریعہ کیا ہے؟

سلہ اس سے نجات کا ذریعہ کافروں کے خلاف جہاد ہے۔

سلہ کیا اس جنگ کے بعد مسلمانوں میں صلاحیت ہو گی کہ وہ امارت و امانت کو جمع کر دیں اور لوگ اس پر متفق ہو جائیں۔

ھ اقذاء جمع قذی آنکھ و پانی میں جو کوڑا میل اور غبار واقع ہوتی ہے یعنی لوگ امراء کی امارت کو بخوشی و رضا دل سے قبول نہیں کریں گے جیسا کہ وہ آنکھ جس میں کوئی چیز پڑ جائے تو وہ بظاہر صحیح مگر بباطن بیمار ہوتی ہے۔

سلہ یہ بطور تاکید ہے۔ ھدنۃ ہا پر پیش، دال ساکن۔ صلح درحقیقت اس کا معنی سکون و آرام ہے۔ دخن دال اور خاء دونوں پر زبر بمعنی دھواں یعنی صلح میں نفاق اور دھواں ہوگا جیسا کہ پہلے گذرا بہتر یہ ہے کہ تکون امارۃ علی اقذاءٍ کا معنی یہ ہو کہ امارت میں محرمات کا ارتکاب ہوگا اور بدعات کا ظہور ہوگا تاکہ ھدنۃ علی دخنٍ کا نیا فائدہ ہو۔

سلہ امراء کی ایک جماعت ہو گی جو لوگوں کو گمراہ کرے گی۔

سلہ خواہ تیرے نفس و مال پر ظلم کرے۔

۹ جب تک وہ خدا اور رسول کے خلاف نہ کرے۔

سلہ پھر لوگوں سے گوشہ نشین ہو جا، جنگلوں اور بیابانوں میں جبر و سختی کی زندگی بسر کر، خواہ تجھے درختوں کی لکڑی اور پتے کھانے پڑیں۔ جذل، جیم کے نیچے زیر، دال ساکن، جیم پر زبر بھی آئی ہے جیسا کہ فصل اول میں گزر چکا ہے بعض شارحین نے وَاَنْتَ عَاضٌّ کا تعلق تَاطُوْ کے ساتھ بنایا ہے یعنی اگر تو امیر کی اطاعت نہ کرے تو تو حالتِ سختی و سرگردانی میں مرے۔ بعض نسخوں میں فَمُتْ کی جگہ فَمُتَّ از قیام فعل ماضی ہے یعنی اگر تو اس طرح نہیں تو اٹھ چل کسی درخت کی جڑ میں پناہ لے لے۔

سلہ ظاہر یہی ہے کہ حقیقی معنی پر محمول ہے مگر یہ بھی احتمال ہے کہ لطف، قہر، ثواب کا وعدہ اور عذاب کی

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

وعید مراد ہو ۔

۱۲؎ جو اس کے احکام کی مخالفت کرتے ہوئے ایمان نہ لایا اور اس کے قہر و غضب کا محل بنا ۔

۱۳؎ کیونکہ وہ دین و رضائے خدا پر ثابت قدم رہا ۔

۱۴؎ جو اس کے احکام کو تسلیم کرتے ہوئے دنیا کے طمع اور حیات کی محبت میں پڑ گیا اور اس کے لطف و عنایت کا محل تو اس کا اجر و ثواب ضبط ہو جائے گا ۔

۱۵؎ ینتج بمجہول نتج سے مشتق ہے انتاج سے نہیں نتج کا معنی تولد ، جننا ، خدمت ، جننے کی تدبیر کرنا ہے جیسے دایا انسان کے لیے کرتی ہے اور اس کی تخصیص دیگر کسی مقام پر آئی ہے ۔ انتاج کا معنی وقتِ ولادت تک پہنچنا ہے مہر میم پر پیش ، ہا ساکن ہرا دنٹ ۔ مہرۃ تا کے ساتھ مادہ مرکب ، یا پر پیش ، کاف کے نیچے زیر سواری کے قابل ہونا اس سے مراد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا زمانہ ہے کیونکہ اس وقت عدم وجود کفار اور عدم قتال کی وجہ سے گھوڑوں پر سواری نہ ہوگی یا یہ مراد ہے کہ خروج دجال کے بعد قیامت اتنی قریب ہوگی کہ اس کا وقت گھوڑا جننے یا سواری کے قابل ہونے کی مقدار ہوگا ۔ یہ معنی ان احادیث کے بھی موافق ہے جو اس سلسلہ میں وارد ہیں ۔

۱۶؎ لوگوں کے درمیان ظاہر اور نہ دل میں کدورت و دھوکہ ہو گا ۔

۱۷؎ ان کے دل اس طرح صاف ہوں گے جس طرح سابقہ زمانہ اسلام میں تھے یا وہ حالت مراد ہے جو کدورت سے پہلے تھی ۔

۱۸؎ لوگ اس فتنہ میں اس طرح محبوس ہو جائیں گے کہ حق دیکھنا یا سننا ممنوع ہو گا یہاں بہرے کی نسبت فتنہ کی طرف مجازاً ہے ۔ ورنہ درحقیقت اس زمانہ فتنہ میں لوگوں کی یہ صفت ہوگی ۔

۵۱۶۲ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ كُنْتُ رَدِيفًا خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا عَلٰى حِمَارٍ فَلَمَّا جَاوَزْنَا بُيُوْتَ الْمَدِيْنَةِ قَالَ كَيْفَ بِكَ يَا اَبَا ذَرٍّ اِذَا كَانَ بِالْمَدِيْنَةِ جُوْعٌ تَقُوْمُ عَنْ فِرَاشِكَ وَلَا تَبْلُغُ مَسْجِدَكَ حَتّٰى يُجْهِدَكَ الْجُوْعُ قَالَ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ تَعَفَّفْ يَا اَبَا ذَرٍّ قَالَ كَيْفَ بِكَ يَا اَبَا ذَرٍّ اِذَا كَانَ بِالْمَدِيْنَةِ مَوْتٌ يَبْلُغُ الْبَيْتُ الْعَبْدَ حَتّٰى اَنَّهٗ يُبَاعُ الْقَبْرُ بِالْعَبْدِ قَالَ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ تَصَبَّرْ يَا اَبَا ذَرٍّ قَالَ كَيْفَ بِكَ يَا اَبَا ذَرٍّ اِذَا كَانَ بِالْمَدِيْنَةِ

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں ایک دن گوش دراز پر حضور کے پیچھے سوار تھا جب ہم مدینہ کی بستی سے نکل گئے تو آپ نے فرمایا اے ابوذر ! اس دن تمہارا کیا حال ہوگا جب مدینہ میں عام بھوک ہوگی تم اپنے بستر سے اٹھو گے تو اپنی مسجد تک نہ پہنچ سکو گے تمہیں بھوک شدت ۱؎ میں ڈال رہی ہوگی ۔ میں نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں ۔ فرمایا اے ابوذر ! پاکیزگی اختیار کرنا ۔ فرمایا اے ابوذر ! تمہارا کیا حال ہوگا جب مدینہ میں عام موت پھیل جائے گی کہ گھر غلام کی قیمت ۵؎ کو پہنچ جائے گا حتی کہ ایک قبر ایک غلام کے عوض بکے گی ۔ میں نے عرض کیا اللہ اور اس کے رسول ہی

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

قَتْلٌ تَغْمُرُ الدَّمُ اَحْجَارَ الزَّيْتِ قَالَ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ تَأْتِيْ مَنْ اَنْتَ مِنْهُ قَالَ قُلْتُ وَاَلْبَسُ السِّلَاحَ قَالَ شَارَكْتَ الْقَوْمَ اِذًا قُلْتُ فَكَيْفَ اَصْنَعُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنْ خَشِيْتَ اَنْ يَّبْهَرَكَ شُعَاعُ السَّيْفِ فَاَلْقِ نَاحِيَةَ ثَوْبِكَ عَلٰى وَجْهِكَ لِيَبُوْءَ بِاِثْمِكَ وَاِثْمِهٖ ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

بہتر جانتے ہیں فرمایا اے ابوذر! صبر کرنا[7] ۔ فرمایا اے ابوذر! اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب مدینہ میں قتل عام ہوگا حتیٰ کہ خون[8] زیت کے پتھروں کو ڈبو دے گا عرض کیا اللہ اور اس کا رسول ہی خوب جانتے ہیں ۔ فرمایا ان میں چلے جانا جن میں سے تم ہو[9] ۔ عرض کیا میں ہتھیار باندھ لوں ۔ فرمایا تب تو تم قوم میں شریک ہو گئے[10] عرض کیا یا رسول اللہ میں کیا کروں؟ فرمایا اگر تمہیں خطرہ ہو کہ تلوار کی شعاعیں[11] چندھیا دیں گی تو اپنے کپڑے کا کنارہ اپنے چہرے پر[12] ڈال لینا تاکہ وہ تمہارا اور اپنا گناہ لے کر لوٹے[13] (ابوداؤد)

۱ بھوک کی کمزوری کی وجہ سے باوجود کوشش کے مسجد تک نہیں جا سکیں گے ۔

۲ یہی نہیں جانتا کہ کیا کرنا ہے آپ حکم دیں میں کیا کروں

۳ نفس کو حرام سے محفوظ رکھو، لوگوں سے سوال نہ کرو اور بھوک پر صبر اختیار کرو ۔

۴ مرگ اتنی کثرت سے ہوگی کہ

۵ اس عبارت میں چند معانی کا احتمال ہے ایک یہ کہ یہاں بیت سے مراد قبر ہے کہ لوگ اتنی کثرت کے ساتھ فوت ہوں گے کہ جگہ قلت کی وجہ سے تنگ ہوگی کہ ایک قبر کی جگہ ایک غلام کی قیمت میں ملے گی دوسرا قبر کھودنے والا نہ ملے گا حتیٰ کہ قبر کھودنے والے کی اجرت غلام کی قیمت ہوگی ۔ تیسرا یہ کہ بیت کا گھر ہی ہے یعنی اموات اتنی کثرت سے ہوں گی کہ گھر خالی ہو جائیں گے اور ان کی قیمت غلام سے بھی سستی ہوگی اور اکثر معروف یہی ہے کہ گھر کی قیمت غلام سے زائد ہوتی ہے ۔ چوتھا یہ کہ اموات اتنی کثرت سے ہوں گی کہ گھر میں صرف ایک آدمی رہ جائے گا جو تمام اہل خانہ کی غم خواری اٹھائے گا اور ان تمام کی تکالیف اسی کو پہنچیں گی ۔

۶ غلام کی قیمت میں بکے گی جو مذکورہ معانی میں سے پہلا معنی کے مناسب ہے اور دوسرے معنی کے مناسب اسی وقت ہوگی جب قبر سے مراد کھودنے والے کی اجرت مراد ہو ۔ تیسرا معنی کوئی مناسبت نہیں رکھتا ۔ چوتھے معنی کے مطابق کہا جا سکتا ہے کہ جب تمام مر جائیں گے اور وہ سوائے غلام کے کوئی مال چھوڑ نہ جائیں گے تو قبر کی جگہ یا اس کی کھودنے کی اجرت میں غلام ہی دیا جائے گا ۔ پس ظاہر ہوگا کہ پہلے معنی پر محمول کرنا اولیٰ و انسب ہے بلکہ اس پر محمول کرنا متعین ہے ۔

۷ اپنے آپ کو صبر پر مجبور کر، بعض نسخوں میں تصبر مضارع کی صورت میں ہے ۔

۸ احجار الزیت جگہ کا نام ہے مدینہ منورہ کے مغربی طرف ہے اس کے پتھر اس طرح سیاہ ہیں گویا انھیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

روغن زیتون سے نقل کیا گیا ہے، یہ آپ نے واقعہ حرہ سے آگاہ کیا تھا جو نہایت ہی قبیح، بد نما ہے جس کے سننے اور کہنے کے زبان و کان متحمل نہیں۔ یہ یزید پلید کے دور میں ہوا کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد ایک کثیر لشکر اس نے مدینہ طیبہ بھیجا۔ اس شہر طیبہ اور مسجد نبوی شریف صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حرمت کو مباح کر دیا، صحابہ تابعین کی کثیر جماعت کو انھوں نے اس طرح شہید کر دیا کہ اسے بیان نہیں کیا جا سکتا۔ مدینہ طیبہ کی تاریخ میں یہ تمام درج ہے وہاں اس کا مطالعہ کیا جائے۔ مدینہ طیبہ میں ایسا عمل کرنے کے بعد وہی لشکر مکہ مکرمہ بھیجا اور اسی سال وہ بدبخت جہنم رسید ہو گیا۔

۹ یعنی تو اپنے گھر گوشہ نشین ہو جانا یا اپنے امام کی طرف رجوع کرنا، یہ معنی یہاں کے زیادہ مناسب ہے کیونکہ آگے انھوں نے فرمایا ہیں ہتھیار باندھ لوں اور اس فتنہ پرور قوم کے خلاف قتال کروں۔

۱۰ تو اس فتنہ میں شریک ہو جائے گا

۱۱ جب کوئی تجھ پر تلوار کھینچ لے

۱۲ اپنے چہرے کو ڈھانپ کر تغافل کا اظہار کر اور تسلیم کر لے تا کہ وہ تجھے قتل کر دے۔

۱۳ اس کا معنی فصل اول میں حدیث ابی بکرہ کے تحت گزر چکا ہے یہ قتل و خون ریزی سے منع کرنے میں مبالغہ و تاکید ہے۔ ورنہ شریعت نے یہ واضح کر دیا ہے کہ جب ناحق دشمن قتل کرے تو اس سے دفاع ضروری ہے۔

۱۴ واقعہ حرہ تریسٹھ ہجری میں ہوا اور حضرت ابوذر کا وصال باسٹھ میں ہوا۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت کے آخر میں ہوا اور ابوذر نے واقعہ حرہ فرمایا، گویا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بغیر تعیین وقت کے واقعہ حرہ کی خبر دی اور وصیت کی کہ اس وقت صبر و تحمل سے کام لینا۔ رہا مدینہ طیبہ میں بھوک، موت کا واقع ہونا تو ممکن ہے ابوذر نے اسے پایا ہو جیسا کہ عام الرماد میں ہوا۔

۵۱۶۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَيْفَ بِكَ إِذَا أُبْقِيتَ فِي حُثَالَةٍ مِّنَ النَّاسِ مَرِجَتْ عُهُودُهُمْ وَأَمَانَاتُهُمْ وَاخْتَلَفُوا فَكَانُوا هٰكَذَا وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ قَالَ فَبِمَ تَأْمُرُنِي قَالَ عَلَيْكَ بِمَا تَعْرِفُ وَدَعْ مَا تُنْكِرُ وَعَلَيْكَ بِخَاصَّةِ نَفْسِكَ وَإِيَّاكَ وَعَوَامَّهُمْ وَفِي رِوَايَةٍ اِلْزَمْ بَيْتَكَ وَامْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ وَخُذْ مَا تَعْرِفُ وَدَعْ مَا تُنْكِرُ وَعَلَيْكَ

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تمھارا کیا حال ہوگا جب تم لوگوں کی بھوسی میں رہ جاؤ گے ان کے عہد و پیمان اور امانتیں گڑبڑ ہوں گی اور آپس میں اختلاف کریں گے تو ایسے ہو جائیں گے اور اپنی مبارک انگلیوں کو ایک دوسرے میں ڈالا۔ عرض کیا مجھے کیا حکم ہے، فرمایا: جسے بھلا جانو اسے لازم مضبوط پکڑ لو اور جسے برا جانو تو اسے چھوڑ دو اور تم خاص اپنی ذات کی فکر رکھو، عوام سے بچو اور ایک روایت میں ہے کہ اپنا گھر

بِأَمْرِ خَاصَّتِهٖ نَفْسِكَ وَدَعْ أَمْرَ الْعَامَّةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهٗ)

لازم پکڑو اپنی زبان تا کو[۷] رکھو جو اچھا جانو وہ اختیار کر لو اور جو برا جانو اسے چھوڑ دو[۸] اور اپنا خاص معاملہ اختیار کرو اور تمام لوگوں کا معاملہ چھوڑ دو[۹]۔ (ترمذی نے روایت کر کے صحیح کہا)

سلہ حُثالہ ، صراح میں ہے۔ حاء پر پیش جو کا چھلکا اور بھوسہ۔ قاموس میں ہے جس میں خیر نہ ہو اور ہر ردی چیز جو ردی ہو۔

سلہ۲ ان میں وفاء عہد و استقامت نہ رہے گی مَرِجَت ، را اور جیم فعل ماضی معلوم از باب فرح یفرح اور بعض نسخوں میں مجہول بھی آیا ہے وہ بھی درست ہے لفظ مرج متعدی بھی مستعمل ہے جیسا کہ مرج البحرین ، قاموس میں ہے مرج العہد کا معنی "اس نے عہد پورا نہ کیا" ہے۔

سلہ۳ یہ تمثیل ہے ان کے ایک دوسرے پر واقع ہونے کی۔ یہی تمثیل بعض مقامات پر اجتماع و محبت کے لیے آتی ہے جیسا کہ باب قسمۃ خمس غنائم کے بیان میں بنو ہاشم اور بنو مطلب کے درمیان اتفاق و اتصال کے لیے یہی الفاظ آئے ہیں تشبیک کا معنی ملانا ، ایک چیز کو دوسرے میں لانا اور یہ بات اختلاف و اتحاد دونوں میں حاصل ہوتی ہے۔

سلہ۴ یہ کام دین میں جائز اور مشروع ہے اور انہیں چھوڑ دے جو دین میں سے نہ ہو۔

سلہ۵ اپنے معاملات کو بہتر کر دوسرے کے خیال میں نہ پڑ۔ یہاں سے معلوم ہوتا ہے جب اسرار ، اتباع نفس و خواہش کا غلبہ ہو جائے تو اس وقت اپنی حفاظت کی خاطر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا ترک اور اغیار کے ساتھ عدم تعاون جائز ہے جیسا کہ سابقہ باب میں گذرا۔

سلہ۶ بے ضرورت باہر نہ جا

سلہ۷ جو کچھ زبان پر ہے اس کے لیے زبان نہ کھول ، املک ہمزہ بر زبر املاک سے امر کا صیغہ ہے علامہ طیبی نے یہی معنی بیان کیا ہے جو ہم نے کیا۔ مجمع البحار میں ہے کہ یہ ثلاثی سے امر کا صیغہ بمعنی مالک ہے۔ ہر اس چیز سے زبان کو محفوظ رکھنا جس میں خیر نہ ہو۔ خیر کو خیر کے ساتھ بولا جائے اس جملہ کی تفاسیر میں ایک یہ کہ اس میں گناہ نہ ہو یہ مباح کو بھی شامل ہے ، دوسرے یہ کہ جس میں ثواب ہو اب مباح شامل نہ ہوگا۔

سلہ۸ اس کا مضمون وہی ہے جو سابقہ روایات میں آیا فقط بعض مفردات میں اختلاف ہے۔

سلہ۹ واضح رہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن عمرو کو لوگوں کے ساتھ میل جول کی اجازت دی اور اپنی ذات کی تربیت و اصلاح کا خصوصی حکم دیا اور احوال مردم سے عدم تعرض کا حکم دیا اور حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لوگوں سے مکمل طور پر الگ ہو کر بیابان ، جنگل اور خلوت کا حکم دیا یہ ہر ایک کے حال اور آسانی کے پیش نظر کیا ، جیسا کہ وہ مربی و مرشد کرتے ہیں جو اسم الحکیم کے مظہر ہوتے ہیں۔ حقیقت حال یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ جوانی میں نہایت ہی عابد اور زاہد تھے ہمیشہ روزہ رکھتے ہر رات شب بیداری کرتے ، بیوی کی طرف رغبت نہ کرتے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لہٰذا ان کے والد گرامی حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے حضور علیہ السلام کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شدت ریاضت ومجاہدہ سے منع فرمایا۔ تین روز سے، رات کا تہائی یا چھٹا حصہ بیداری اور والد کے حکم کو پیش نظر رکھنے کی تاکید فرمائی۔ پس اس حکم کے تحت اپنے والد جو حضرت معاویہ کے وزیر تھے، اختلاط رکھا چونکہ حکم یہ تھا کہ اپنے کام میں رہنا ہے لوگ بہت کہتے کہ آپ ہم میں نہیں آتے تو وہ کہتے میں خیر میں تمہارے ساتھ مگر شر میں نہیں باطن میں اہل بیت نبوی کے ساتھ نہایت ہی عقیدت ومحبت رکھتے تھے۔ ایک دن انہوں نے امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا مگر گزر گئے محبت میں نہ بیٹھے لوگوں نے قریب نہ جانے کی وجہ پوچھی تو کہا کہ میں اس بات پر شرمندہ ہوں کہ میں ان سے ہوتے ہوئے ان سے نہیں ہوں۔

۵۱۶۴ - وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ[1] فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيْهَا مُؤْمِنًا وَّيُمْسِيْ كَافِرًا وَّيُمْسِيْ مُؤْمِنًا وَّيُصْبِحُ كَافِرًا اَلْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ وَالْمَاشِيْ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِيْ فَكَسِّرُوْا فِيْهَا قِسِيَّكُمْ وَقَطِّعُوْا فِيْهَا اَوْتَارَكُمْ وَاضْرِبُوْا سُيُوْفَكُمْ بِالْحِجَارَةِ فَاِنْ دُخِلَ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْكُمْ فَلْيَكُنْ كَخَيْرِ ابْنَيْ اٰدَمَ رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ ذُكِرَ اِلٰى قَوْلِهٖ خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِيْ ثُمَّ قَالُوْا فَمَا تَاْمُرُنَا قَالَ كُوْنُوْا اَحْلَاسَ بُيُوْتِكُمْ وَفِيْ رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْفِتْنَةِ كَسِّرُوْا فِيْهَا قِسِيَّكُمْ وَقَطِّعُوْا فِيْهَا اَوْتَارَكُمْ وَالْزَمُوْا فِيْهَا اَجْوَافَ بُيُوْتِكُمْ وَكُوْنُوْا كَابْنِ اٰدَمَ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ۔

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت سے پہلے ایک رات کے ٹکڑوں کی طرح فتنے ہیں۔ ان میں صبح کے وقت آدمی مومن اور شام کو کافر ہو جائے گا شام کے وقت مومن اور صبح کے وقت آدمی کافر ہو جائیگا اس میں بیٹھا ہوا کھڑا ہونے والے سے بہتر ہوگا اور چلنے والا اس میں دوڑنے والے سے بہتر ہوگا اس میں اپنی کمانوں کو توڑ دینا، چلوں کو کاٹ دینا اور اپنی تلواروں کو پتھر پر مارنا، اگر تم میں کسی کے پاس اندر آ داخل ہو تو حضرت آدم علیہ السلام کے اچھے بیٹے کی طرح ہو جانا۔

(ابو داؤد، اسی کی ایک روایت میں ہے خیر من الساعی تک ہے)

پھر لوگ عرض گزار ہوئے کہ آپ ہمیں کیا حکم فرماتے ہیں۔ فرمایا کہ اپنے گھروں کی چٹائیاں بن جانا۔ ترمذی کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: فتنے کے دوران اپنی کمانوں کو توڑ ڈالنا، اپنی تانتوں کو کاٹ دینا اور اپنے گھروں کے اندرونی حصے کو لازم پکڑنا اور حضرت آدم کے بیٹے کی طرح ہو جانا اور ترمذی نے اسے صحیح حدیث کہا۔

[1] ان عبارات کی شرح فصل اول میں حدیث ابوہریرہ کے تحت آچکی ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ے کوئی شخص تمہارے پاس آجائے۔
ے ہابیل کی طرح، جب قابیل نے انھیں قتل کرنے کیلیے دست درازی کی تو ہابیل نے کہا میں دست درازی نہیں کروں گا تو اپنا اور میرا دونوں کا گناہ لے رہا ہے۔
ے یہاں تک ہی وہاں الفاظ ہیں فکسروا فیھا سے لے کر آخر تک کے الفاظ وہاں نہیں ہیں۔
ے ان فتنوں میں
ے حلس، حا کے نیچے زیر، گدڑی حَلَس حا، اور لام دونوں پر زبر کہا جاتا ہے۔ احلاس جماعت احلاس البیوت وہ کپڑا جو اعلیٰ بستروں کے نیچے بچھایا جاتا ہے۔
ے ہابیل کی طرح جنھیں قابیل نے قتل کر دیا۔

۵۱۶۵ وَعَنْ اُمِّ مَالِكٍ الْبَهْزِيَّةِ قَالَتْ ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِتْنَةً فَقَرَّبَهَا قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ خَيْرُ النَّاسِ فِيْهَا قَالَ رَجُلٌ فِيْ مَاشِيَتِهٖ يُؤَدِّيْ حَقَّهَا وَيَعْبُدُ رَبَّهٗ وَرَجُلٌ اٰخِذٌ بِرَاْسِ فَرَسِهٖ يُخِيْفُ الْعَدُوَّ وَيُخَوِّفُوْنَهٗ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ام مالک البہزیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فتنہ کا ذکر فرمایا اسے بہت قریب کیا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ اس میں بہترین آدمی کون ہوگا؟ فرمایا وہ شخص جو اپنے جانوروں میں رہے، ان کا حق ادا کرے اور اپنے رب کی عبادت کرے اور وہ شخص جو اپنے گھوڑے کا سر پکڑے ہو وہ دشمن کو ڈرائے اور دشمن اسے ڈرائیں۔
(ترمذی)

ے البہزیہ۔ ہا ساکن یہ بہز بن امراء القیس کی طرف منسوب اور حجازی ہیں۔ یہ صحابیہ ہیں۔ ان سے حضرت طاؤس اور مکحول جیسے اکابر تابعین نے حدیث پڑھی۔
ے یہ خبر دی کہ وہ عنقریب واقع ہوگا۔ علامہ طیبی نے کہا کہ آپ نے فتنے کے بارے میں بہت تفصیل کے ساتھ بیان کیا اور جس چیز کے بھی اوصاف خوب بیان ہوں تو وہ قریب ہی ہو جاتی ہے، خواہ ذہن میں یا خارج میں جب بہت زیادہ ذہن میں آئے اور اس کا وجود خارج میں متیقن ہو تو بھی متخیل ہو جاتی ہے۔
ے ان کی زکوٰۃ و صدقات ادا کرے
ے یعنی باگ پکڑنے والا
ے وہ کافروں کو ڈراتے یعنی مسلمانوں کے آپس میں قتال سے بھاگ کر سرحد پہ کافروں سے برسرِ پیکار ہو اور دشمنانِ دین کے ساتھ جنگ کر رہا ہو۔

۵۱۶۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَتَكُوْنُ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

فِتْنَةٌ تَسْتَنْظِفُ الْعَرَبَ قَتْلَاهَا فِي النَّارِ اللِّسَانُ فِيهَا أَشَدُّ مِنْ وَقْعِ السَّيْفِ ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

عنقریب ایسا فتنہ ہوگا جو سارے عرب کو گھیر لے گا۱ اس میں مقتول آگ میں ہوں گے۲ اس میں زبان تلوار کے حملے۳ سے سخت تر ہوگی۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

۱؎ اس کا شر تمام کو پہنچے گا، استنظاف، کسی چیز کے تمام کو پکڑنا۔

۲؎ اس فتنہ میں مقتول آتش دوزخ میں جائیں گے۔

۳؎ غیبت و گالی میں زبان تلوار سے سخت اور دراز ہوگی۔ صراح میں ہے وقع قاف ساکن چاقو اور تلوار کو تیز کرنا، اور یہ عمل اس وقت تو زیادہ ہی شدید ہوگا جب یہ صحابہ کے درمیان ہو، غیبت و دشنام مسلمانوں کے لیے سخت حرام ہے جیسا کہ آیا ہے "غیبت، زنا سے بھی بدتر ہے" یا یہ مراد ہے کہ اس فتنہ میں غیبت و دشنامی کے ساتھ زبان کو دراز کرنا فتنہ تلوار (قتل) سے بدتر ہوگا۔ کیونکہ یہ عمل لوگوں کے درمیان محاربہ و قتال پیدا کر دیتا ہے۔ علامہ سیوطی فرماتے ہیں کہ ظالم حکمرانوں کے ہاں کوئی اطلاع دینا یا ان پر زبان کھولنا اس سے جلائے وطن، قتل اور ایسے مفاسد عظیمہ پیدا ہو جاتے ہیں جو مباشرت فتنہ سے بھی بدتر ہوتے ہیں اور جب دونوں اطراف میں مسلمان ہوں تو ان کے لیے دوزخ ٹھکانا قرار دینا بطور زجر و توبیخ ہے۔

٥١٦٧ / ٢٢ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَتَكُونُ فِتْنَةٌ صَمَّاءُ بَكْمَاءُ عَمْيَاءُ مَنْ أَشْرَفَ لَهَا اسْتَشْرَفَتْ لَهُ وَإِشْرَافُ اللِّسَانِ فِيهَا كَوَقْعِ السَّيْفِ ۔
(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا عنقریب گونگے، اندھے۱ فتنے ہوں گے جو ان پر جھانکے گا۲ وہ اچک لیں گے۔ ان میں زبان کا چلانا تلوار کی طرح ہوگا۳۔ (ابوداود)

۱؎ حق سننے، دیکھنے اور کہنے کی کوئی صورت نہ ہوگی۔

۲؎ ان کے نزدیک جائے گا۔

۳؎ اس فتنہ میں زبان درازی تلوار کی طرح ہوگی۔ زبان کے لیے لفظ اشراف کا استعمال بطور مشاکلہ ہوا ہے۔

٥١٦٨ / ٢٥ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا قُعُودًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْفِتَنَ فَأَكْثَرَ فِي ذِكْرِهَا حَتَّى ذَكَرَ فِتْنَةَ الْأَحْلَاسِ فَقَالَ قَائِلٌ وَمَا فِتْنَةُ الْأَحْلَاسِ قَالَ هِيَ هَرَبٌ وَحَرْبٌ ثُمَّ فِتْنَةُ السَّرَّاءِ دَخَنُهَا مِنْ تَحْتِ قَدَمَيْ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي يَزْعُمُ أَنَّهُ مِنِّي وَلَيْسَ مِنِّي إِنَّمَا أَوْلِيَائِي الْمُتَّقُونَ ثُمَّ يَصْطَلِحُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے تھے، آپ نے فتنوں کا ذکر فرمایا تو بہت زیادہ تذکرہ کیا حتیٰ کہ ٹاٹ۱ جیسے فتنہ کا ذکر کیا، کسی نے عرض کیا فتنہ احلاس کیا۲ ہے؟ فرمایا وہ بھاگنا و پریشانی۳ اور لڑائی ہے پھر سرا کے فتنہ کا ذکر کیا جن کا فساد میرے اہل بیت۴ میں سے ایک شخص کے قدموں کے نیچے ہوگا وہ سمجھے گا کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

النَّاسُ عَلٰى رَجُلٍ كَوَرِكٍ عَلٰى ضِلَعٍ ثُمَّ فِتْنَةُ الدُّهَيْمَاءِ لَا تَدَعُ اَحَدًا مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اِلَّا لَطَمَتْهُ لَطْمَةً فَاِذَا قِيْلَ انْقَضَتْ تَمَادَتْ يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيْهَا مُؤْمِنًا وَيُمْسِيْ كَافِرًا حَتّٰى يَصِيْرَ النَّاسُ اِلٰى فُسْطَاطَيْنِ فُسْطَاطِ اِيْمَانٍ لَا نِفَاقَ فِيْهِ وَفُسْطَاطِ نِفَاقٍ لَا اِيْمَانَ فِيْهِ فَاِذَا كَانَ ذٰلِكَ فَانْتَظِرُوا الدَّجَّالَ مِنْ يَوْمِهٖ اَوْ مِنْ غَدِهٖ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

وہ مجھ سے ہے حالانکہ وہ مجھ سے نہیں، میرے دوست صرف متقی ہیں۔ پھر لوگ ایسے ایک آدمی پر صلح کریں گے جو پسلی پر گوشت کی طرح ہوگا پھر کالا فتنہ ہوگا جو اس امت میں کسی کو نہیں چھوڑے گا مگر اسے طمانچہ لگا دے گا پھر جب کہا جائے گا کہ فتنہ ختم ہوگیا، تو وہ اور بھیلے گا اس میں آدمی صبح مومن ہوکر رہے گا اور شام کو کافر ہوکر، حتیٰ کہ لوگ دو خیموں کی طرف لوٹ جائیں گے ایک خیمہ ایمان کا جس میں نفاق نہیں اور دوسرا خیمہ نفاق کا جس میں ایمان نہیں تو جب یہ ہو جائے تو اس دن یا اگلے دن دجال کا خروج ہوگا۔ (ابوداؤد)

۱؎ احلاس (ٹاٹ) کے ساتھ تشبیہ دینے کی وجہ اس فتنہ کے دوام اور درازی کی وجہ سے ہے کیونکہ حلس کے بارے میں گذر چکا ہے کہ وہ چٹائی جو نفیس بستروں کے نیچے بچھائی جاتی ہے اور وہ تہہ بہ تہہ زمین پر بچھی رہتی ہے اٹھائی نہیں جاتی یا فتنہ کی تشبیہ حلس کے ساتھ تاریکی اور پرانا ہونے کے لحاظ سے ہے یا اس وجہ سے کہ وہ ہر گھر میں بچھائی جاتی ہے تو لوگ اس فتنہ میں اپنے گھروں میں گوشہ نشینی کا التزام کریں گے۔

۲؎ اس کی کیفیت وحال کیا ہوگا؟

۳؎ وہ مال کا غارت کرنا ہے ہرب وحرب دونوں کی تصحیح ہا اور حاء پر زبر کے ساتھ ہے

۴؎ میرے اہل بیت سے ہے۔

۵؎ میرا متبع نہیں ہوگا اگرچہ بلحاظ نسبت ونسب کا تعلق رکھتا ہوگا۔

۶؎ فتنہ وفساد سے بچنے والے اور میرے قول وعمل کی اتباع کرنے والے ہوں گے، اسے فتنۃ السراء کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اس کا وجود کثرت نعمت، مسرت، اسراف اور اشارت کا سبب ہوگا حتیٰ کہ دین کے دشمن اس کے وقوع کی وجہ سے خوش حال ہوجائیں گے۔ فتنۃ السر لفظ رفع کے ساتھ بھی ہے جس طرح ہم نے واضح کر دیا لیکن نصب کے ساتھ بھی مروی ہے اب معنی یہ ہوگا کہ فتنہ سرا کا ذکر فرمایا اور اس کے بعد لفظ دخنہا کے ساتھ اس کی تشریح فرمائی

۷؎ ورک، واؤ پر زبر، را کے نیچے زیر، سرین اور اس کا اوپر والا حصہ، ضلع، ضاد کے نیچے زیر، لام پر زبر، پہلو کی ہڈیاں یعنی ایسے مرد پر اتفاق کریں گے جو استقامت نہ رکھتا ہوگا اس کے احوال میں نظم نہ ہوگا جس طرح کہ سرین پہلو کی ہڈیوں پر منقسم نہیں ہوتی اور اس سے ترکیب نہیں پاتی۔

۸؎ الدھیماء، دال پر پیش، ہا پر زبر دہم کی تصغیر بمعنی حادثہ یا بمعنی سیاہ وتاریک یہاں لفظ فتنہ مرفوع و منصوب دونوں طرح ہے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۵۹ یہ فتنہ ختم نہ ہوگا تھوڑا سا دب گا پھر زیادہ ہو جائے گا۔
۶۰ یا دو گروہوں کی طرف
۶۱ فسطاط، فا پر پیش، یا زیر، خیمہ، بڑی خرگاہ، بڑی جماعت
۶۲ یہاں سے معلوم ہو رہا ہے کہ یہ فتنہ آخری زمانے میں آئے گا لیکن اس سے پہلے فتنوں کا آپ نے یقین نہیں فرمایا بلکہ فرمایا میرے اہل بیت میں سے کوئی اس کا سبب ہوگا وہ کون ہے اس کا دور کون سا ہے؟ اس کا تعین نہیں فرمایا۔

۵۱۶۹/۲۶ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَیْلٌ لِّلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ اَفْلَحَ مَنْ كَفَّ یَدَهٗ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا؛ عرب کی خرابی ہے[۱] اس شر میں ہے جو نزدیک آگیا جس نے اس میں اپنا ہاتھ روکا وہ نجات پا گیا۔ (ابوداؤد)

۱ قتل و غارت سے

۵۱۷۰/۲۷ وَعَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ السَّعِیْدَ لَمَنْ جُنِّبَ الْفِتَنَ اِنَّ السَّعِیْدَ لَمَنْ جُنِّبَ الْفِتَنَ اِنَّ السَّعِیْدَ لَمَنْ جُنِّبَ الْفِتَنَ وَلَمَنِ ابْتُلِیَ فَصَبَرَ فَوَاهًا۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا؛ خوش قسمت ہے جو فتنوں سے ایک جانب رکھا گیا خوش قسمت ہے جو فتنوں سے بچا لیا گیا۔ خوش قسمت ہے جو فتنوں سے بچا لیا گیا، جو مبتلا ہو گیا اور صبر کیا تب بھی اچھا رہا[۲] (ابوداؤد)

۱ یہ جملہ تین دفعہ فرمایا کہ جو ایک جانب ہو گیا وہ اس فتنہ کے شر سے محفوظ ہو گیا۔
۲ اس معنی کی صورت میں لمن کی لام پر زبر ہوگی اور اب فواہاً اس سے منقطع ہوگا اس کا معنی افسوس اور تحسر ہے یعنی اس شخص پر افسوس جسے فتنہ سے ایک طرف نہ کیا گیا اور فتنہ میں مبتلا ہوا اور اس نے صبر کا مظاہرہ نہ کیا یا یہ بطور تعجب ہے کہ اس میں صبر کرنا کتنا ہی اعلیٰ ہے۔ بعض لوگوں نے لمن کو لام کی زیر کے ساتھ پڑھا اب اس کا تعلق واہاً کے ساتھ ہوگا جس کا معنی تعجب ہے۔

۵۱۷۱/۲۸ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وُضِعَ السَّیْفُ فِیْ اُمَّتِیْ لَمْ یُرْفَعْ عَنْهَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ وَلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی تَلْحَقَ قَبَائِلُ مِنْ اُمَّتِیْ بِالْمُشْرِكِیْنَ وَحَتّٰی تَعْبُدَ قَبَائِلُ مِنْ

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب میری امت میں ایک دفعہ تلوار چل گئی[۱] تو قیامت تک رکھی نہیں جائے گی یہاں تک کہ میری امت کا ایک قبیلہ مشرکین سے جا ملے گا اور یہاں تک کہ میری امت کا ایک قبیلہ بتوں کو

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اُمَّتِیْ الْاَوْثَانَ وَاِنَّهٗ سَيَكُوْنُ فِیْ اُمَّتِیْ ثَلٰثُوْنَ كَذَّابُوْنَ كُلُّهُمْ يَزْعُمُ اَنَّهٗ نَبِیُّ اللّٰهِ وَاَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ وَلَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ اُمَّتِیْ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِيْنَ لَا يَضُرُّهُمْ مَّنْ خَالَفَهُمْ حَتّٰى يَاْتِیَ اَمْرُ اللّٰهِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ)

پوجنے لگے اور میری امت میں تیس بہت ہی جھوٹے[1] ہوں گے اور ہر ایک دعوی کرے گا کہ وہ اللہ کا نبی ہے حالانکہ میں سب انبیاء سے[2] آخری نبی ہوں اور میرے بعد کوئی نبی نہیں اور میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ غلبہ[3] کے ساتھ حق پر رہے گا ان کے مخالف انھیں نقصان نہیں پہنچا سکیں گے حتی کہ امر اللہ[4] کا آجائے۔

(ابوداؤد، ترمذی)

۱؎ اور قتل و غارت شروع ہو گئی۔

۲؎ خاتم، تا پر زبر یا زیر قرآن مجید میں بھی اس لفظ کی دو قرائتیں ہیں اور دونوں کا معنی ایک ہی ہے۔ اگر خاتم کا معنی مُہر ہو جو خط کے آخر میں لگائی جاتی ہے تو اب مقصود بطریق تشبیہ حاصل ہو گا۔

۳؎ دشمنان دین پر، یہ بھی ممکن ہے علی الحق کا تعلق ظاہرین سے ہو۔

۴؎ قیامت یا غلبہ دین مراد ہے تا کہ زمین پر کفر کا اثر باقی نہ رہے۔

۵۱۷۲/۲۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَدُوْرُ رَحَى الْاِسْلَامِ لِخَمْسٍ وَّثَلٰثِيْنَ اَوْ سِتٍّ وَّثَلٰثِيْنَ اَوْ سَبْعٍ وَّثَلٰثِيْنَ فَاِنْ يَّهْلِكُوْا فَسَبِيْلُ مَنْ هَلَكَ وَاِنْ يَّقُمْ لَهُمْ دِيْنُهُمْ يَقُمْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ عَامًا قُلْتُ اَمِمَّا بَقِیَ اَوْ مِمَّا مَضٰى قَالَ مِمَّا مَضٰى۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اسلام کی چکی[1] پینتیس ۳۵ اور چھتیس ۳۶ اور سینتیس[2] سال چلتی رہے گی اور اگر ہلاک ہو گئے تو یہ ہلاک ہونے[3] والے کا راستہ ہے اور اگر یہ قائم رہے تو ان کا دین[4] ستر سال ان کے لیے قائم رہے گا میں نے عرض کیا کہ باقی سے یا گذرے ہوئے سالوں[5] سے، فرمایا کہ گذرے[6] ہوئے سے۔

(ابوداؤد)

۱؎ مراد استقرار اور منتظم ہے یا احکام سنت کا جاری ہونا اور فتنوں سے امن و سلامتی مراد ہے۔

۲؎ اسلام کے کامل انتظام کے یہی سال ہیں اس کی ابتداء ہجرت سے ہوئی کیونکہ وہ حکومت اسلام اور فتوحات کا دور بعد نبی اور تحقیق یہ ہے کہ سب سے پہلا فتنہ اسلام میں ۳۵ھ ہجری کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا قتل ہے۔ واقعہ جمل ۳۶ھ ہجری اور جنگ صفین ۳۷ھ ہجری میں ہوئی۔ یہ بھی احتمال ہے کہ یہ گفتگو آپ نے اس وقت فرمائی جب عمر مبارک چند سال باقی تھی کہ ان کا تیس سال پر اضافہ کیا جو کہ مدت خلافت ہے تو یوں ملانے سے یہ مدت پوری ہو جاتی ہے جس کی آپ نے خبر دی۔ اگر اسلام کے استقرار و انتظام میں عدم اجرار بدعات و اختلافات کا اعتبار کیا جائے تو یہ توجیہ اولیٰ ہے اور اگر اعتبار عدم وجود فتنہ و محاربہ کا لیا جائے تو پہلی وجہ اولیٰ ہے یہ بھی احتمال ہے کہ اس مدت کی ابتداء ظہور وحی سے ہو

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

تو زمانہ خلافت فاروقی پر یہ مدت پوری ہو جاتی ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ امن ، ایمان ، سنت ، جماعت اور محبت قلوب کا انتظام جو شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے دور میں تھا وہ بہت ہی اعلیٰ اور سلامت تھا اور خلافت عثمان کے ایک یا دو سال بعد ایسی چیزیں پیدا ہو گئیں جو دلوں میں وحشت اور اجراء فتنہ کا سبب بنیں ۔

سلے امر دین کے انتظام کے بعد اگر کوئی ہلاک ہوتا ہے اور اصلاح نہیں کرتا تو وہ انھیں لوگوں کی طرح ہو گا جس طرح قرون سابقہ اور امم سابقہ کا معاملہ ہے ۔

سلے اگر ان کے دینی تمام معاملات امراء و والیوں کی اطاعت اور اقامت شرائع و احکام حکومت اسلام کی شان و سطوت ہوئی تو یہ ستر سال تک قائم رہے گی ۔ ممکن ہے اس مدت میں یہ امور دینیہ بعد سالوں کے اتم اور زیادہ منظم ہوں کیونکہ آپ کی ذات اقدس سب سے بڑھ کر دانا ہے ۔

سلے وہ مدت ۳۵ ، ۳۶ یا ۳۷ سال کے بعد شروع ہو گی یا جو گذرے ہوئے اوقات میں وہ مراد ہیں یعنی زمانہ ظہور وحی یا ہجرت آیا وہ بھی اس میں شامل ہیں ۔

سلے اس کی ابتداء گذرے ہوئے سالوں سے ہے نہ کہ بعد کے سالوں سے

سلے میں نے اس حدیث کی شرح میں جو گفتگو کی ہے وہ وافی اور مختار اور موافق الفاظ حدیث ہے ۔ شارحین نے یہاں سب سے کلام کیا ہے ۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۵۱۷۳
۳۰

عَنْ اَبِیْ وَاقِدِ اللَّیْثِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَرَجَ اِلٰی غَزْوَةِ حُنَیْنٍ مَرَّ بِشَجَرَةٍ لِلْمُشْرِکِیْنَ کَانُوْا یُعَلِّقُوْنَ عَلَیْهَا اَسْلِحَتَهُمْ یُقَالُ لَهَا ذَاتُ اَنْوَاطٍ فَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اجْعَلْ لَنَا ذَاتَ اَنْوَاطٍ کَمَا لَهُمْ ذَاتُ اَنْوَاطٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سُبْحَانَ اللّٰهِ هٰذَا کَمَا قَالَ قَوْمُ مُوْسٰی اجْعَلْ لَنَا اِلٰهًا کَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ لَتَرْکَبُنَّ سُنَنَ مَنْ کَانَ قَبْلَکُمْ ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

تیسری فصل

حضرت ابو واقد لیثی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے حبیب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ حنین کی طرف تشریف لے گئے تو مشرکین کے ایک ایسے درخت کے پاس سے گذرے جس پر وہ اپنے ہتھیار لٹکاتے تھے اسے ذات انواط کہا جاتا ہے لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہمارے لیے بھی ایسا ہی ذات انواط بنا دیجیے جس طرح ان کے لیے ہے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا سبحان اللہ یہ تو ایسا ہی ہے جیسے موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے کہا تھا کہ ہمارے لیے کوئی معبود مقرر کر دو جیسے ان کے معبود ہیں ۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے تم لوگ اپنے سے پہلے والوں کی راہ پر چلو گے ۔ (ترمذی)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ یہ قدیم الاسلام صحابی ہیں، غزوۂ بدر میں شریک ہوئے اور انھی کے پاس بنولیث کا جھنڈا تھا بعض نے فرمایا:
پہلا قول صحیح تر ہے باقی غزوۂ حنین فتح مکہ کے بعد واقع ہوا۔
سلہ مثلاً تیر کمان، تلوار، نیزہ وغیرہ
سلہ انواط، نوط کی جمع بمعنی لٹکانا چونکہ اس کے ساتھ اسلحہ لٹکاتے تھے اس لیے اس کا نام یہ پڑ گیا
سلہ ان مسلمانوں نے کہا جو مؤلفۃ القلوب میں سے تھے یا ان کے علاوہ
سلہ بطور تعجب وانکار
سلہ بنی اسرائیل وغیرہ
سلہ بیان کے احوال کی حکایت ہے کہ ایسے عمل کرتے اور حد سے تجاوز کرنے کہ وہ ان کی گمراہی کا سبب بن جاتا جیسا کہ بنی اسرائیل کا معاملہ تھا، دوسری احادیث میں اس معنی پر تصریح ہے۔

۵۱۷۴ وَعَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ وَقَعَتِ الْفِتْنَةُ الْأُولَى يَعْنِي مَقْتَلَ عُثْمَانَ فَلَمْ يَبْقَ مِنْ أَصْحَابِ بَدْرٍ أَحَدٌ ثُمَّ وَقَعَتِ الْفِتْنَةُ الثَّانِيَةُ يَعْنِي الْحَرَّةَ فَلَمْ يَبْقَ مِنْ أَصْحَابِ الْحُدَيْبِيَةِ أَحَدٌ ثُمَّ وَقَعَتِ الْفِتْنَةُ الثَّالِثَةُ فَلَمْ تَرْتَفِعْ وَبِالنَّاسِ طَبَاخٌ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ پہلا فتنہ (یعنی قتل عثمان) برپا واقع ہوا تو بدر والے صحابہ میں سے کوئی نہ بچا پھر دوسرا فتنہ (واقعہ حرہ) ہوا تو حدیبیہ والوں میں سے کوئی نہ بچا، پھر تیسرا فتنہ واقع ہوا جو نہ اٹھا اس حال میں کہ لوگوں میں قوت باقی رہی ہو۔ (بخاری)

سلہ یہ اکابر اور مقدمین تابعین میں سے ہیں انھوں نے خلفاء راشدین کا دور پایا۔
سلہ اس سے پہلے مسلمانوں میں فتنہ پیدا نہ ہوا تھا۔
سلہ حضرت ابن مسیب نے فتنہ اولیٰ سے مراد حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت لی ہے۔
سلہ اس سے مراد یہ نہیں کہ شہادت عثمان کے وقت تمام اصحاب شہید ہوگئے بلکہ مطلب یہ ہے کہ اس واقعہ سے لے کر واقعہ حرہ تک تمام اصحاب بدر کا وصال ہوگیا سب سے آخری بدری صحابی جن کا واقعہ حرہ سے چند سال قبل وصال ہوا وہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔
سلہ یہ ترسٹھ ہجری کا واقعہ ہے۔
سلہ اسے بیعت رضوان کہا جاتا ہے باقی یہاں بھی وہی مراد ہے جو اوپر گذرا۔
سلہ طباخ بروزن سحاب طا پر ضمہ بھی آیا ہے اس کا معنی قوت اور فربہ ہونا ہے۔ القاموس مشارق الانوار میں ہے کہ طباخ سے مراد عقل ہے بعض کے نزدیک مراد حسن دین و مذہب ہے یہاں خیر وصلاح اور قوت کا بقیہ ہے یعنی اس فتنہ میں کوئی صحابی باقی نہ رہا۔ حواشی میں ہے یہاں فتنہ ثالثہ سے مراد ابن حمزہ خارجی کا خروج ہے جو مروان بن محمد بن مروان بن حکم کے دور میں ہوا بعض نے اس سے مراد فتنہ الازارقہ مراد لی ہے پہلا قول بہتر ہے کیونکہ یہ تیسرا فتنہ بھی

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

پہلے اور دوسرے کی طرح مدینہ کے ساتھ مخصوص ہے حالانکہ فتنہ انارقہ مدینہ کے ساتھ مخصوص نہیں۔ مجمع البحار میں امام کرمانی سے منقول ہے کہ فتنہ ثالثہ سے مراد حضرت عبداللہ بن زبیر اور حجاج کی لڑائی ہے اس میں خانہ کعبہ گرا اور سن چوہتر ہجری میں عبدالملک بن مروان کے دور میں ہوا لیکن اس صورت میں یہ کہنا کہ کوئی صحابی باقی نہ رہا درست نہ رہے گا کیونکہ اس دور میں تو متعدد صحابۂ کرام موجود تھے۔

۳۳۸ - بَابُ الْمَلَاحِمِ

لڑائیوں کا بیان

ملاحم، ملحمہ کی جمع بمعنی معرکہ اور قتال کی جگہ، لحم سے مشتق ہے۔ جنگ میں مقتول لوگوں کا گوشت بکھرتا ہے، یا یہ لحمہ ثوب بالضم سے مشتق ہے بمعنی کپڑے کے تار، تانا بانا، چونکہ لوگ حالت جنگ میں دشمن کے ساتھ گتھم گتھا ہوتے ہیں جیسے کپڑے کے تار لیکن پہلا معنی انسب واقرب ہے۔ ملحمہ کا معنی حرب اور واقعۂ عظیم بھی آیا ہے۔ صراح میں ہے کہ ملحمہ کا معنی بڑا فتنہ اور بڑی جنگ کے ہیں۔ اس باب میں ان جنگوں کا ذکر ہوگا جو مخصوص لوگوں کے درمیان مخصوص اوقات اور مخصوص مقامات پر ہوئیں یہی وجہ ہے کہ اسے باب الفتن سے الگ ذکر کیا کیونکہ وہاں اجمالی جنگوں کا بیان تھا۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۵۱۷۵ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی تَقْتَتِلَ فِئَتَانِ عَظِیْمَتَانِ تَكُوْنُ بَیْنَهُمَا مَقْتَلَةٌ عَظِیْمَةٌ دَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ وَحَتّٰی یُبْعَثَ دَجَّالُوْنَ كَذَّابُوْنَ قَرِیْبٌ مِّنْ ثَلٰثِیْنَ كُلُّهُمْ یَزْعُمُ اَنَّهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَحَتّٰی یُقْبَضَ الْعِلْمُ وَیَكْثُرَ الزَّلَازِلُ وَیَتَقَارَبَ الزَّمَانُ وَیَظْهَرَ الْفِتَنُ وَیَكْثُرَ الْهَرْجُ وَهُوَ الْقَتْلُ وَحَتّٰی یَكْثُرَ فِیْكُمُ الْمَالُ فَیَفِیْضَ حَتّٰی یُهِمَّ رَبَّ الْمَالِ مَنْ یَّقْبَلُ صَدَقَتَهٗ وَ

پہلی فصل

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اس وقت تک قیامت برپا نہ ہوگی حتیٰ کہ دو بڑی جماعتوں کے درمیان جنگ ہو۔ ان کے درمیان بڑی ہی خونریزی ہوگی۔ ان دونوں کا دعویٰ ایک ہوا اور یہاں تک کہ قریباً تیس دجال جھوٹے اٹھیں گے وہ سب دعویٰ کریں کہ وہ اللہ کے رسول ہیں اور یہاں تک کہ علم سمیٹ لیا جاوے گا اور زلزلے بہت ہو جائیں گے اور زمانہ سکڑ جائے گا فتنے ظاہر ہوں گے ہرج یعنی قتل زیادہ ہو جائے اور یہاں تک کہ تم میں مال زیادہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَحَتّٰی یَخْرِجَہٗ فَیَقُوْلُ الَّذِیْ یَعْرِضُہٗ عَلَیْہِ لَا اَرَبَ لِیْ بِہٖ وَحَتّٰی یَتَطَاوَلَ النَّاسُ فِی الْبُنْیَانِ وَحَتّٰی یَمُرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرِ الرَّجُلِ فَیَقُوْلُ یٰلَیْتَنِیْ مَکَانَہٗ وَحَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَّغْرِبِھَا فَاِذَا طَلَعَتْ وَرَاٰھَا النَّاسُ اٰمَنُوْا اَجْمَعُوْنَ فَذٰلِکَ حِیْنَ لَا یَنْفَعُ نَفْسًا اِیْمَانُھَا لَمْ تَکُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ کَسَبَتْ فِیْٓ اِیْمَانِھَا خَیْرًا وَلَتَقُوْمَنَّ السَّاعَۃُ وَقَدْ نَشَرَ الرَّجُلَانِ ثَوْبَھُمَا بَیْنَھُمَا فَلَا یَتَبَایَعَانِہٖ وَلَا یَطْوِیَانِہٖ وَلَتَقُوْمَنَّ السَّاعَۃُ وَقَدِ انْصَرَفَ الرَّجُلُ بِلَبَنِ لِقْحَتِہٖ فَلَا یَطْعَمُہٗ وَلَتَقُوْمَنَّ السَّاعَۃُ وَھُوَ یَلِیْطُ حَوْضَہٗ فَلَا یَسْقِیْ فِیْہِ وَلَتَقُوْمَنَّ السَّاعَۃُ وَقَدْ رَفَعَ اُکْلَتَہٗ اِلٰی فِیْہِ فَلَا یَطْعَمُھَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ہو جائے حتیٰ کہ مال والا فکر کرے گا کہ اس کا صدقہ کون قبول کرے گا اور یہاں تک کہ وہ مال پیش کرنے کیلئے جس کو دے وہ کہے کہ مجھے اس کی ضرورت نہیں اور یہاں تک لوگ عالی شان عمارتوں پر فخر کریں گے اور یہاں تک کہ ایک شخص کسی شخص کی قبر پر گذرے تو کہے ہائے! اس جگہ میں ہوتا اور یہاں تک کہ سورج مغرب سے نکلے جب ادھر سے نکلے گا اور لوگ دیکھیں گے تو سارے ہی ایمان لے آئیں گے مگر یہ وقت ہوگا جب کسی کو ان کا ایمان نفع نہ دے جو پہلے ایمان نہ لایا ہو یا جس نے اپنے ایمان میں بھلائی نہ کمائی اور قیامت قائم ہو جائے گی اس حالت میں کہ دو اشخاص نے اپنا کپڑا اپنے درمیان میں پھیلایا ہوا ہوگا تو نہ بیچ سکیں گے اور نہ لپیٹ سکیں گے اور قیامت ہو جائیگی حالانکہ ایک شخص اپنی اونٹنی کا دودھ لے کر چلے گا تو اسے پی نہ سکے گا اور قیامت قائم ہو جاوے گی حالانکہ کسی کا اپنا حوض ہوگا تو اس میں پانی نہ پلا سکے گا اور قیامت قائم ہوگی حالانکہ اس نے اپنا لقمہ اپنے منہ تک اٹھایا ہوگا تو کھا نہ سکے گا۔

[1] دونوں مسلمان ہوں گے اور ان کا دعویٰ دینِ اسلام ہوگا یا ہر ایک کا دعویٰ ہوگا کہ میں حق پر ہوں دوسرا غلط ہے شارحین نے فرمایا اس سے مراد حضرت علی و معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے متبعین ہیں جیسا کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہمارے بھائیوں نے ہمارے ساتھ سرکشی کی ہے، یہ بھی منقول ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جانب سے ایک شخص کو قیدی بنا کر لایا گیا تو متبعین علی میں سے ایک نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں سمجھتا تھا کہ شاید یہ مسلمان اور اچھا اسلام رکھتا ہے فرمایا تو کیا کہہ رہا ہے یہ اب بھی مسلمان ہی ہے۔ اس ارشادِ نبوی میں خوارج کے اس قول کا بطلان ہے کہ دونوں گروہ کافر ہو گئے تھے اور روافض کے اس قول کا بھی کہ حضرت علی کے مخالف کافر ہیں۔

[2] حق کو باطل کے ساتھ ملائیں گے ان اشیاء کا اظہار کریں گے جو ان میں نہ ہوں گی۔ دجل، خلط ملط ملاوٹ اور تلبیس کے معانی میں آتا ہے۔

[3] پچھلے باب میں تیس کے عدد کا تعین گذرا لیکن تقریباً تیس فرمایا ممکن ہے پہلے وحی بطور اجمال و ابہام ہو

اور دوبارہ ان کا تعین کیا گیا ہو۔

سے۴ علماء کے اٹھ جانے سے علم لوگوں کے درمیان سے اٹھ جائے گا۔

سے۵ زمانہ بہت جلد ... ے گا، سال مہینے کی طرح، مہینہ ہفتہ کی طرح، ہفتہ دن کی طرح اور دن ایک گھڑی کی طرح ہوگا یا اس سے امام مہدی علیہ السلام کا زمانہ ہے جو نہایت ہی خوشحال ہوگا اور خوش حال وقت کی یہ خاصیت ہوتی ہے کہ وقت جتنا بھی ہو کم محسوس ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ بھی اس عبادت کے معانی کتاب الرؤیا اور باب الفتن میں گذر چکے ہیں، ان میں سے پہلا معنی دوسری حدیث کے ظاہر سے ثابت ہے لہذا اس پر محمول کرنا ظاہر تر ہے۔

سے۶ مسلمانوں کے درمیان جنگیں برپا ہوں گی۔

سے۷ جو فتنہ و جنگ کا سبب ہوگا۔

سے۸ فیض کا معنی پانی بہانا ہے جیسا کہ وہ کسی وادی میں بہتا ہے۔

سے۹ اس عبارت کے چند مفاہیم ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ لفظ یُہِمُّ یا پر پیش، ہا پر کسرہ اور رَبَّ پر نصب ہو معنی یہ ہوگا کہ مال اتنا زیادہ ہوگا کہ صاحب مال کو پریشانی لاحق ہوگی کہ وہ کسی صاحب فقر کو تلاش کرے یعنی وہ ایسے فقیر کو بہت زیادہ تلاش کرے گا مگر محتاجوں کی قلت کی وجہ سے نہیں پائے گا دوسرا یہ کہ یاء پر زبر ہا پر ضمہ یَہُمُّ بمعنی قصد سے مشتق ہو اور لفظ مرفوع، صاحب مال صدقہ لینے والے کو قصداً بہت تلاش کرے گا تیسرا یہ کہ یُہِمَّ یاء پر زبر ہا پر پیش اور رَبَّ منصوب ہے یہ اس ہم سے مشتق ہے جس کا معنی غم میں ڈالنا ہے۔ صراح میں ہے کہ ہَمّ کا معنی جسم کو بیماری میں ڈالنا قاموس میں ہے اَلْہَمّ کا معنی الحزن جیسے کہا جاتا ہے ہَمَّہُ الامر ہَمّاً کسی کو غم میں ڈالنا یعنی صاحب مال کو فقیر کا نہ ملنا غم میں ڈالے گا۔

سے۱۰ اَرَب، الف اور راء دونوں پر زبر، حاجت مند ہونا۔

سے۱۱ صراح میں ہے بنیان، باء پر پیش، اردگرد دیوار بنانا و تطاول تکبر کرنا، گردن لمبی کرنا، کسی وقت مند ہونا

سے۱۲ آخری زمانے میں دین میں فتنہ ... یا ہونے کی وجہ سے قبر کی خواہش ہوگی تاکہ نجات حاصل ہو اور یہ مطلوب اچھا ہے جیسا کہ دوسری حدیث میں ہے مگر دنیا کی پریشانیوں کی وجہ سے موت کی تمنا جائز نہیں باوجود اس کے کہ وہ واقع ہو کر رہے گی۔

سے۱۳ اس کی تفصیل باب العلامات بین یدی الساعۃ میں آئے گی یہ وہ دن ہوگا جب توبہ کے دروازے بند ہو جائیں گے اس دن کے بعد توبہ قبول نہ ہوگی جیسا کہ آگے فرمایا۔

سے۱۴ کیونکہ معاملہ آخرت آشکارا ہو جائے گا

سے۱۵ اس دن ایمان لانا

سے۱۶ اگر پہلے نیکی نہ کی ہو تو

سے۱۷ پہنچنے کے لیے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱۸ اسی حال میں قیامت برپا ہو جائے گی۔

۱۹ اپنی اونٹنی کا دودھ دوہا ابھی پیا نہیں کہ قیامت برپا ہو جائے گی۔ لِقحَۃ لام کے نیچے زیر، دودھ دینے والی اونٹنی جس پر ولادت کے بعد تین ماہ گذر چکے ہوں اس کے بعد کی عمر میں لبون کہتے ہیں۔

۲۰ یعنی آدمی جس کام میں ہوں گے وہاں یکایک قیامت برپا ہو جائے گی باقی یہاں قیامت سے مراد نفخۂ اولیٰ ہے جس سے تمام لوگ مر جائیں گے لیکن اس سے پہلے علاماتِ قیامت دیکھ چکے ہوں گے۔

۵۱۷۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلُوْا قَوْمًا نِعَالُهُمُ الشَّعْرُ وَحَتّٰى تُقَاتِلُوا التُّرْكَ صِغَارَ الْاَعْيُنِ حُمْرَ الْوُجُوْهِ ذُلْفَ الْاُنُوْفِ كَاَنَّ وُجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اور انہی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک کہ تم ایسے لوگوں سے جنگ نہ کرو جن کے جوتے[۱] بالوں کے ہوں گے اور یہاں تک کہ ترکوں[۲] سے لڑو جو چھوٹی آنکھوں، سرخ چہروں اور چپٹی[۳] ناکوں والے ہوں گے ان کے چہرے کٹی ہوئی[۴] ڈھالوں جیسے ہوں گے[۵] (بخاری و مسلم)

۱ بعض نے کہا کہ اس سے مراد ان کے بالوں کی لمبائی ہے کہ وہ پاؤں تک پہنچ رہے ہوں گے لیکن یہ بھی بعید ہے خواہ سر کے بال ہوں یا پنڈلیوں کے۔

۲ یہ یافث بن نوح کی اولاد ہیں ان کے جدِ امجد کا نام ترک تھا۔

۳ ذُلف، ذال پر پیش لام ساکن جمع اذلف جیسے حُمر حا پر ضمہ و میم ساکن احمر کی جمع ہے۔

۴ اَلْمَجَانّ، میم پر زبر، نون مشدد، مِجن میم کے نیچے زیر جیم پر زبر کی جمع ہے۔ ان کے چہرے ڈھال کی طرح ہوں گے۔

۵ مُطرقہ میم پر پیش طا ساکن، را مخفف از اطراق یا طا پر زبر را مشدد از تطریق۔

۵۱۷۷ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلُوْا خُوْزًا وَّكِرْمَانَ مِنَ الْاَعَاجِمِ حُمْرَ الْوُجُوْهِ فُطْسَ الْاُنُوْفِ صِغَارَ الْاَعْيُنِ وُجُوْهُهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ نِعَالُهُمُ الشَّعْرُ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهُ عَنْ عَمْرِو بْنِ تَغْلِبَ عِرَاضَ الْوُجُوْهِ۔

اور انہی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت قائم نہ ہوگی یہاں تک کہ تم خوز[۱] اور کرمان والے عجمیوں سے جنگ نہ کر لو ان کے چہرے سرخ، ناکیں چپٹی، آنکھیں چھوٹی، چہرے کٹی ہوئی ڈھالوں جیسے اور ان کے جوتے بالوں کے ہوں گے (بخاری اور اسی کی ایک روایت میں عمرو بن تغلب[۲] سے چوڑے چہرے والے ہے)

۱ خوز، خا مضموم، آخر میں زاء، علاقہ خوزستان کے لوگوں کے گروہ کا نام ہے کرمان، کاف مکسور مشہور شہر کا نام

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جو فارس اور سجستان کے درمیان واقع ہے، محدثین نے اسے کاف کی زبر کے ساتھ بھی پڑھا ہے۔ قاموس میں ہے کرمان کاف پر زبر ہے اور کاف کے نیچے زبر بھی آیا ہے یا کسرہ پڑھنا غلطی ہے۔ شارح بخاری امام کرمانی نے فرمایا میرے شہر کا نام بکسر کاف ہے نہ کہ بفتحہ کاف۔ یہ بھی تسلیم ہے کہ فتحہ پڑھنا بھی تعریف ہے اور محدثین کی روایت بالفتحہ اسی پر مبنی ہے۔

سے تغلب، تا اور غین پر زبر، صحابی ہیں، انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کی ہے اور ان سے امام حسن بصری اور حکم بن الاعرج نے روایت لی ہے تو بخاری کی دوسری روایت میں جو عمرو بن تغلب سے مروی ہے حمر الوجوہ کی جگہ عراض الوجوہ (چوڑے چہرے والے) ہے۔

۵۱۷۸ ۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى یُقَاتِلَ الْمُسْلِمُوْنَ الْیَهُوْدَ فَیَقْتُلُهُمُ الْمُسْلِمُوْنَ حَتّٰى یَخْتَبِئَ الْیَهُوْدِیُّ مِنْ وَّرَاءِ الْحَجَرِ وَالشَّجَرِ فَیَقُوْلُ الْحَجَرُ وَالشَّجَرُ یَا مُسْلِمُ یَا عَبْدَ اللّٰهِ هٰذَا یَهُوْدِیٌّ خَلْفِیْ فَتَعَالَ فَاقْتُلْهُ اِلَّا الْغَرْقَدَ فَاِنَّهٗ مِنْ شَجَرِ الْیَهُوْدِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت قائم نہیں ہوگی حتیٰ کہ جنگ کریں گے مسلمان یہودیوں سے اور یہودی کو مسلمان قتل کریں گے، حتیٰ کہ یہودی پتھر اور درخت کے پیچھے چھپے گا تو پتھر اور درخت کہے گا کہ اے مسلم! اے اللہ کے بندے یہ یہودی میرے پیچھے ہے آ اسے قتل کر سوائے غرقد کے کہ وہ یہود کے درختوں میں سے ہے (مسلم)

سے غرقد، غین پر زبر، را ساکن، قاف پر زبر، یہ ایک خاردار درخت کا نام ہے، جو مدینہ کے قبرستان میں اکثر تھا اس لیے اس کا نام بقیع الغرقد پڑا کیونکہ وہاں یہ درخت کثرت کے ساتھ تھا۔
سے یہود کو ان کے ساتھ نسبت ہے اور اس کی حقیقت کو اللہ اور رسول کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

۵۱۷۹ ۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى یَخْرُجَ رَجُلٌ مِّنْ قَحْطَانَ یَسُوْقُ النَّاسَ بِعَصَاهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

انھی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت قائم نہ ہوگی یہاں تک کہ قحطان سے ایک آدمی نکلے گا جو لوگوں کو اپنی لاٹھی سے ہانکے گا (بخاری و مسلم)

سے قحطان، قاف پر زبر، حا ساکن، ابو الیمن کا نام ہے۔
سے اس سے مراد لوگوں کی اطاعت اور امراء کی سلطنت کو تسلیم کرنا ہے اور امراء کی سختی ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ یہاں حقیقۃً عصا سے ہانکنا ہو۔

۵۱۸۰ ۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَذْهَبُ الْاَیَّامُ وَاللَّیَالِیْ

اور انھی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا رات و دن ختم نہ ہوں گے حتیٰ کہ ایک

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حَتّٰی یَمْلِكَ رَجُلٌ یُّقَالُ لَهُ الْجَهْجَاهُ وَفِیْ رِوَایَةٍ حَتّٰی یَمْلِكَ رَجُلٌ مِّنَ الْمَوَالِیْ یُقَالُ لَهُ الْجَهْجَاءُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ایک شخص بادشاہ بنے گا جسے جہجاہ[1] کہا جائے گا اور ایک روایت میں ہے کہ موالی[2] میں سے ایک آدمی بادشاہ بن جائے گا جسے جہجاء[3] کہا جائے گا (مسلم)

[1] جہجاہ، دونوں جیموں پر فتحہ، پہلی ہا ساکن

[2] موالی سے عجمی ہونا مراد ہے کیونکہ وہ اکثر عربوں کے غلام تھے۔

[3] جہجاء، آخر ہا محذوف، اور یہ ہمزہ کے ساتھ مروی ہے۔

۵۱۸۱ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَتَفْتَحَنَّ عِصَابَةٌ مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ كَنْزَ اٰلِ كِسْرٰی الَّذِیْ فِی الْاَبْیَضِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر بن سمرہ[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا مسلمانوں کی ایک جماعت کسریٰ کا خزانہ کھولے گی جو کہ مقام ابیض[2] میں ہے۔

[1] یہ مشہور صحابی ہیں ان کے حالات متعدد جگہ پر آ لیے ہیں، کسریٰ، فارس کے سربراہ، کسریٰ خسرو سے بنا ہے کاف پر زبر یا زیر فارس کے بادشاہ کو کسریٰ کہتے ہیں جیسے روم کے سربراہ کو قیصر، چین کے سربراہ کو خاقان، مصری کو فرعون یمنی کو تبیل قاف پر زبر اور حبشہ کے سربراہ کو نجاشی کہا جاتا تھا۔

[2] یہ مدائن میں قلعہ کا نام ہے اسے عجمی سفید کوشک کہتے ہیں۔ اب اس کی جگہ مدائن کی مسجد ہے۔ یہ خزانہ امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں نکالا گیا اور یوں یہ آپ کی اس مبارک خبر کی تصدیق ہوئی۔ قاموس میں ہے کہ ابیض ایک محل کا نام ہے یہ عجائبات میں سے تھا اسے خلیفہ مکتفی باللہ نے برباد کیا اور پھر محل بنایا تو اس کے کنگرے اس کی بنیاد میں ڈالے۔ لوگوں نے اسی انقلاب پر تعجب کیا۔ اس شہر کا نام یمامہ ہے اور یمن میں ایک قلعہ ہے

۵۱۸۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هَلَكَ كِسْرٰی فَلَا یَكُوْنُ كِسْرٰی بَعْدَهٗ وَقَیْصَرُ لَیَهْلِكَنَّ ثُمَّ لَا یَكُوْنُ قَیْصَرُ بَعْدَهٗ وَلَتُقْسَمَنَّ كُنُوْزُهُمَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَسَمَّی الْحَرْبَ خُدْعَةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کسریٰ[1] ہلاک ہو گیا تو اس کے بعد کسریٰ نہ ہوگا۔ قیصر ہلاک ہوگا تو پھر اس کے بعد قیصر نہ ہوگا ان کے خزانے اللہ کی راہ میں خرچ کیے جائیں گے اور آپ نے جنگ کو دھوکہ[2] کا نام دیا۔ (بخاری و مسلم)

[1] یہ ان دنوں میں آپ کا زمان ہوا جب خسرو نے آپ کا خط مبارک پھاڑ دیا تھا

[2] اس کے ذریعے آپ نے جنگ کی اطلاع دی اور بتایا کہ دشمنوں کے ساتھ جنگ میں فریب وحیلہ اختیار کیا جاسکتا ہے کیونکہ فتح وکامیابی میں اس کا نہایت ہی دخل ہوتا ہے۔ مثلاً کسی نہ کسی طریقہ سے اپنے لشکر کو دشمن کی نگاہ میں زیادہ دکھانا یا دوران لڑائی اس جگہ کا انتخاب کرنا کہ دشمن محسوس کرے کہ یہ جنگ کا ارادہ نہیں رکھتے جب وہ غافل ہو جائیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تو اچانک ان پر حملہ کر دیا جائے۔ باقی یاد رہے کہ جھوٹ بولنا ، بدعہدی کرنا یا دھوکہ دینا جائز نہیں۔ خُدْعَۃٌ، خاء پر ضمہ یا فتحہ دال ساکن ، خاء پر ضمہ اور دال پر فتحہ بھی ہے۔ خاء پر فتحہ اور دال ساکن سب سے فصیح ہے۔ قاموس میں ہے کہ خاء پر تینوں حرکات آتی ہیں اور خاء اور دال دونوں پر فتحہ بروزن طلبہ بھی مروی ہے اور اس سے مراد اہلِ حرب ہیں اور خدع کا اصلاً معنی ظاہر کرنا اور دل میں اس کے برعکس رکھنا ہے۔

۵۱۸۳/۹ وَعَنْ نَافِعِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَغْزُوْنَ جَزِيْرَةَ الْعَرَبِ فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ ثُمَّ فَارِسَ فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ ثُمَّ تَغْزُوْنَ الرُّوْمَ فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ ثُمَّ تَغْزُوْنَ الدَّجَّالَ فَيَفْتَحُهُ اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت نافع[1] بن عتبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ جزیرۂ عرب[2] میں جہاد کرو گے تو اللہ فتح عطا فرمائے گا پھر فارس پر تو اللہ فتح دے گا پھر تم روم پر حملہ کرو گے تو اللہ فتح دے گا پھر تم دجال سے جہاد کرو گے تو اللہ فتح دے گا۔[3] (مسلم)

[1] نافع بن عتبہ بن ابی وقاص زہری ، یہ حضرت سعد بن ابی وقاص کے برادر زاد صحابی ہیں۔ فتح مکہ کے دن اسلام لائے اور ان لوگوں میں سے ہیں جن کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے معافی کا اعلان کیا تھا۔ اہلِ کوفہ میں سے شمار ہوتے ہیں۔

[2] میدان کے احاطہ کی وجہ سے اسے جزیرہ کہا جاتا ہے یا اس کے ہر طرف اور طول و عرض میں سے ہے جزیرۃ العرب کی شرح میں میں نے وہ تمام اختلافات کو نقل کر دیا ہے جو ہیں۔

[3] اس کے ہاتھ میں جو ملک و علاقہ ہوگا وہ تمھیں مل جائے گا اللہ تعالیٰ تمھاری مدد کرے گا۔

۵۱۸۴/۱۰ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ وَهُوَ فِيْ قُبَّةٍ مِّنْ اَدَمٍ فَقَالَ اُعْدُدْ سِتًّا بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ مَوْتِيْ ثُمَّ فَتْحُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ ثُمَّ مُوْتَانٌ يَّاْخُذُ فِيْكُمْ كَقُعَاصِ الْغَنَمِ ثُمَّ اسْتِفَاضَةُ الْمَالِ حَتّٰى يُعْطَى الرَّجُلُ مِائَةَ دِيْنَارٍ فَيَظَلُّ سَاخِطًا ثُمَّ فِتْنَةٌ لَا يَبْقٰى بَيْتٌ مِّنَ الْعَرَبِ اِلَّا دَخَلَتْهُ ثُمَّ هُدْنَةٌ تَكُوْنُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ بَنِي الْاَصْفَرِ فَيَغْدِرُوْنَ فَيَاْتُوْنَكُمْ تَحْتَ ثَمَانِيْنَ غَايَةً تَحْتَ كُلِّ غَايَةٍ اِثْنَا عَشَرَ اَلْفًا۔

حضرت عوف[1] بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں غزوۂ تبوک[2] کے موقع پر رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ چمڑے کے خیمہ میں تشریف فرما تھے۔ فرمایا قیامت سے پہلے چھ چیزیں شمار[3] کر لو۔ میرا وصال[4] پھر بیت المقدس[5] کی فتح پھر عام موت[6] جو تم میں بکریوں کی وبا کی طرح پھیلے[7] گی پھر مال کا بہہ جانا حتیٰ کہ ایک شخص کو سو دینار دیئے جائیں گے[8] پھر بھی وہ ناراض رہے[9]۔ پھر وہ فتنہ کہ عرب کا کوئی گھر نہ رہے اس میں داخل[10] ہو جائے گا، پھر وہ صلح جو تمھارے اور رومیوں[11] کے درمیان ہوگی پھر وہ عہد شکنی کریں گے تو تمھارے مقابل اسی جھنڈے باندھ[12] کر آئیں گے۔ ہر جھنڈے تلے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ) بارہ ہزار ہوں گے ۔ (بخاری)

سلہ یہ اشجعی صحابی ہیں یہ اولاً غزوہ خیبر میں شریک ہوئے ، فتح مکہ کے دن بنو اشجعہ کا جھنڈا ان کے ہاتھ میں تھا ملک شام میں سکونت پذیر رہے ، ۷۳ہجری میں ان کا وصال ہوا ، ان سے صحابہ اور تابعین نے روایت کیا ہے ۔

سلہ یہ ملک شام کی سرزمین پر جگہ کا نام ہے ۔

سلہ ان چھ چیزوں کو علاماتِ قیامت میں سے جان لو

سلہ کیونکہ جب تک میں تم میں موجود ہوں قیامت نہیں آسکتی ۔

شہ جب تک بیت المقدس فتح نہیں کرلو گے قیامت نہیں آئے گی ۔

سلہ موتان ، میم پر پیش ، واؤ ساکن یعنی وباء

سلہ قعاص ، قاف پر پیش ، عین اور آخر میں صاد ، وہ بیماری جو جانوروں میں پیدا ہو اور ان کی موت واقع ہو ۔ اس وباء سے مراد وہ ہے جو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں پیدا ہوئی جس کی وجہ سے تین دن میں ستر ہزار افراد فوت ہوگئے ۔ اس وقت مسلمان فوج کی چھاؤنی عمواس (عین پر زبر) جگہ کا نام ہے ، پر تھی جو بیت المقدس کے قریب ہے یہی وجہ ہے کہ اس وباء کو طاعون عمواس کہا جاتا ہے یہ پہلا طاعون تھا جو اسلام میں واقع ہوا ۔

شہ اس سونے کے سو دینار کو قلیل و حقیر سمجھے گا ۔

۹ہ شارحین نے فرمایا کہ اس سے مراد حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت ہے یا وہ جنس فتنہ مراد ہے جو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال کے بعد ظاہر ہوا ۔

سلہ بنو الاصفر ۔ فاء کے ساتھ یہ روم کا دوسرا نام ہے کیونکہ ان کا پہلا باپ روم بن عیصو بن اسحاق ہے جس کا رنگ زرد اور سفیدی مائل تھا ۔

بعض نے کہا کہ اس روم بن عیصو نے شاہ حبشہ کی بیٹی سے شادی کی تو پھر ان کے درمیان سیاہ و سفید اولاد ہوئی بعض کی یہ رائے ہے کہ ان کے بڑے باپ کا نام اصفر بن روم بن عیصو ہے

سلہ صراح میں ہے غایۃ غین کے ساتھ وہ جھنڈا جسے رایۃ کہا جاتا ہے ، فارسی زبان میں اسے درفش کہتے ہیں جو جنگ میں سرداروں کے ساتھ ہوتا ہے بعض روایات میں یہ لفظ غابہ با کے ساتھ ہے بمعنی جنگل ، اس لشکر کو جنگل کے ساتھ تشبیہ اس کی کثرت اور اس کے اسلحہ کی وجہ سے ہے ۔

سلہ مقصود ان کی کثرت کا بیان ہے ۔

۵۱۸۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی یَنْزِلَ الرُّوْمُ بِالْاَعْمَاقِ اَوْ بِدَابِقَ فَیَخْرُجُ اِلَیْهِمْ جَیْشٌ مِّنَ الْمَدِیْنَةِ مِنْ خِیَارِ اَهْلِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا : قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ رومی تمہارے مقابلے کے لیے اعماق یا بدابق کے مقام پر نہ اتریں گے ، ان کی طرف

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

الارض یومئذ فاذا تصافوا قالت الروم خلوا بیننا وبین الذین سبوا منا نقاتلهم فیقول المسلمون لا واللہ لا نخلی بینکم وبین اخواننا فیقاتلونهم فینهزم ثلث لا یتوب اللہ علیهم ابدا ویقتل ثلثهم افضل الشهداء عند اللہ ویفتتح الثلث لا یفتنون ابدا فیفتتحون قسطنطینیة فبینا هم یقسمون الغنائم قد علقوا سیوفهم بالزیتون اذ صاح فیهم الشیطان ان المسیح قد خلفکم فی اهلیکم فیخرجون وذلك باطل فاذا جاؤا الشام خرج فبینما هم یعدون للقتال یسوون الصفوف اذ اقیمت الصلوٰة فینزل عیسی ابن مریم فامهم فاذا راٰه عدو اللہ ذاب کما یذوب الملح فی الماء فلو ترکه لانذاب حتی یهلك ولکن یقتله اللہ بیده فیریهم دمه فی حربته.

(رواہ مسلم)

مدینہ طیبہ سے لشکر نکلے گا جو ان دنوں اہلِ زمین کے بہترین افراد ہوں گے جب وہ صف بستہ ہوں گے تو رومی کہیں گے کہ ہمارے ان رومیوں کو چھوڑ دو جنہیں جن کو آپ نے قید کیا ہے تا کہ ہم ان[3] سے لڑیں مسلمان کہیں گے کہ خدا کی قسم! ہم اپنے بھائیوں کو تمھارے سپرد کریں گے۔ پس ان سے لڑائی ہوگی تو ایک تہائی شکست کھا جائیں گے جن کی اللہ تعالیٰ کبھی توبہ قبول نہیں کرے گا ایک تہائی قید کر لیے جائیں گے جو اللہ تعالیٰ کے افضل شہداء ہوں گے اور ایک تہائی فتح پائیں گے جو کبھی فتنے میں نہیں ڈالے جائیں گے پس وہ قسطنطنیہ کو فتح کریں گے ابھی وہ مالِ غنیمت تقسیم کر رہے ہوں گے اور تلواریں انھوں نے زیتون کے درخت سے لٹکائی ہوں گی کہ ان میں شیطان چلائے گا کہ تمھارے بعد دجال تمھارے گھر والوں کے پاس آگیا تو وہ نکلیں گے مگر یہ خبر غلط ثابت ہوگی جب وہ شام میں ہوں گے تو وہ نکل آئے گا وہ جنگ کی تیاری کر کے صف بستہ ہوں گے جب نماز کی اقامت کہی جائے گی تو حضرت عیسٰیؑ نازل ہوں گے اور ان کی امامت کریں گے جب اللہ کا دشمن انھیں دیکھے گا تو ایسے پگھلے گا جیسے نمک پانی میں پگھلتا ہے اگر چھوڑ رکھیں تو سارا پگھل جائے یہاں تک کہ اپنا وجود کھو بیٹھے لیکن اللہ تعالیٰ ان کے دستِ مبارک سے اُسے قتل کرائے گا پس وہ اپنے نیزے میں لوگوں کو اس کا خون دکھائیں گے[12] (مسلم)

[1] اعماق ، ہمزہ پر زبر ، اطراف مدینہ میں سے ایک مقام کا نام ہے۔
[2] دابق یہ دوسری جگہ کا نام ہے۔ باء پر زبر ہے
[3] یعنی جن مسلمانوں نے ہمارے افراد کو قیدی بنایا ہے ہم ان سے بدلہ لینا چاہتے ہیں مثلاً مسلمانوں کو دھوکہ دینا اور ان میں تفریق کرتا تھا۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۴؎ مسلمانوں میں سے

۵؎ بلادِ روم کو وہ تہائی مسلمان فتح کرلیں گے جو باقی بچیں گے ۔

۶؎ اس لفظ کو چند طرح پڑھا گیا ہے مشہور یہ ہے کہ قاف پر پیش، سین ساکن، طاء پر پیش، نون ساکن، طاء کے نیچے زیر، یاء ساکن اور اس کے بعد تاء سے پہلے نون مفتوحہ ہے بعض نے یاء مشددہ یا مخففہ کا اضافہ بھی روایت کیا۔ اس صورت میں آخری نون مکسور ہوگا یہ بلادِ روم میں افریقہ کی حدود میں ایک عظیم قلعہ کا نام ہے جو رومیوں کا دارالخلافہ ہے اس کی فتح علاماتِ قیامت میں سے ہے ۔ علامہ طیبی کہتے ہیں کہ اس کی فتح حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابہ کے دور میں ہوگئی تھی ۔

۷؎ شام، ہمزہ اور بغیر ہمزہ دونوں طرح ہے اسے شام کہنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ کعبہ کی بائیں جانب اور یمن کی دائیں جانب ہے ۔

۸؎ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ہیبت وخوف کی وجہ سے

۹؎ اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام اسے قتل نہ بھی کریں تب بھی وہ ہلاک ہوجائے گا ۔

۱۰؎ یعنی اللہ تعالیٰ کا ارادہ وحکم اسی طرح ہے کہ وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہاتھوں قتل ہونا ہے ۔

۱۱؎ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس کے خون کا اظہار اپنے نیزے پر کرکے اس کے قتل کا اعلان فرمائیں گے ۔

۵۱۸۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اِنَّ السَّاعَةَ لَا تَقُوْمُ حَتّٰى لَا يُقْسَمَ[۱] مِيْرَاثٌ[۲] وَّلَا يُفْرَحَ بِغَنِيْمَةٍ ثُمَّ قَالَ عَدُوٌّ[۳] يَّجْمَعُوْنَ لِاَهْلِ الشَّامِ وَيَجْمَعُ لَهُمْ اَهْلُ الْاِسْلَامِ يَعْنِي الرُّوْمَ فَيَتَشَرَّطُ الْمُسْلِمُوْنَ شُرْطَةً لِّلْمَوْتِ[۴] لَا تَرْجِعُ اِلَّا غَالِبَةً فَيَقْتَتِلُوْنَ حَتّٰى يَحْجُزَ بَيْنَهُمُ اللَّيْلُ فَيَفِيْءُ هٰؤُلَاءِ وَهٰؤُلَاءِ كُلٌّ غَيْرُ غَالِبٍ وَتَفْنَى الشُّرْطَةُ ثُمَّ يَتَشَرَّطُ الْمُسْلِمُوْنَ لِلْمَوْتِ لَا تَرْجِعُ اِلَّا غَالِبَةً فَيَقْتَتِلُوْنَ حَتّٰى يَحْجُزَ بَيْنَهُمَا اللَّيْلُ فَيَفِيْءُ هٰؤُلَاءِ وَهٰؤُلَاءِ كُلٌّ غَيْرُ غَالِبٍ وَتَفْنَى الشُّرْطَةُ ثُمَّ يَتَشَرَّطُ الْمُسْلِمُوْنَ شُرْطَةً لِّلْمَوْتِ لَا تَرْجِعُ اِلَّا غَالِبَةً فَيَقْتَتِلُوْنَ حَتّٰى يُمْسُوْا فَيَفِيْءُ هٰؤُلَاءِ وَهٰؤُلَاءِ كُلٌّ غَيْرُ غَالِبٍ وَتَفْنَى

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ قیامت قائم نہ ہوگی حتی کہ میراث نہ بانٹی جائے اور غنیمت سے خوشی نہ منائی جائے۔ پھر فرمایا کہ قوی دشمن جمع ہوں گے شام والوں کے مقابل اور ان کے مقابلہ میں مسلمان جمع ہوں گے یعنی رومیوں کے مقابل تو مسلمان ایک دستہ منتخب کریں گے موت کے لیے نہ لوٹیں گے مگر غالب ہو کر پس سخت جنگ کریں گے حتی کہ ان کے درمیان رات آڑے ہوجائے گی، تو یہ بھی لوٹ جائیں گے اور وہ بھی کوئی غالب نہ ہوگا اور یہ دستہ فنا ہوجائے گا پھر مسلمان موت کی شرط لگائیں گے کہ بغیر غالب ہوئے نہ لوٹیں گے، تو عظیم جنگ کریں گے حتی کہ ان کے درمیان رات آڑے آجائے گی تو یہ اور وہ لوٹ جائیں گے کوئی غالب نہ ہوگا اور دستہ فنا ہوجائے گا مگر پھر مسلمان موت کی شرط لگائیں گے اور بغیر غالب ہوئے نہ لوٹیں گے ۔ تو

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

الشُّرْطَةُ فَإِذَا كَانَ يَوْمُ الرَّابِعِ نَهَدَ إِلَيْهِمْ بَقِيَّةُ أَهْلِ الْإِسْلَامِ فَيَجْعَلُ اللّٰهُ الدَّبْرَةَ عَلَيْهِمْ فَيَقْتَتِلُوْنَ مَقْتَلَةً لَمْ يُرَ مِثْلُهَا حَتّٰى إِنَّ الطَّائِرَ لَيَمُرُّ بِجَنَبَاتِهِمْ فَلَا يُخَلِّفُهُمْ حَتّٰى يَخِرَّ مَيْتًا فَيَتَعَادُّ بَنُو الْأَبِ كَانُوْا مِائَةً فَلَا يَجِدُوْنَهُ بَقِيَ مِنْهُمْ إِلَّا الرَّجُلُ الْوَاحِدُ فَبِأَيِّ غَنِيْمَةٍ يُفْرَحُ أَوْ أَيِّ مِيْرَاثٍ يُقْسَمُ فَبَيْنَا هُمْ كَذٰلِكَ إِذْ سَمِعُوْا بِبَأْسٍ هُوَ أَكْبَرُ مِنْ ذٰلِكَ فَجَاءَهُمُ الصَّرِيْخُ أَنَّ الدَّجَّالَ قَدْ خَلَفَهُمْ فِيْ ذَرَارِيِّهِمْ فَيَرْفُضُوْنَ مَا فِيْ أَيْدِيْهِمْ وَيُقْبِلُوْنَ فَيَبْعَثُوْنَ عَشَرَةَ فَوَارِسَ طَلِيْعَةً قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّيْ لَأَعْرِفُ أَسْمَاءَهُمْ وَأَسْمَاءَ آبَائِهِمْ وَأَلْوَانَ خُيُوْلِهِمْ هُمْ خَيْرُ فَوَارِسَ أَوْ مِنْ خَيْرِ فَوَارِسَ عَلٰى ظَهْرِ الْأَرْضِ يَوْمَئِذٍ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عظیم جنگ کریں گے حتیٰ کہ شام ہو جائے گی تو یہ اور وہ لوٹ جائیں گے کوئی غالب نہ ہوگا اور شرط فنا ہوگی۔ پھر چوتھا دن آئے گا تو کفار کی طرف بچے کھچے مسلمان اٹھ کھڑے ہوں گے تو اللہ ان مسلمانوں پر شکست ڈال دے گا تو مسلمان اس طرح قتل کریں گے کہ اس جیسا نہ دیکھا گیا ہوگا حتیٰ کہ پرندہ ان کے اردگرد گزرے گا تو انہیں پیچھے نہ چھوڑ سکے گا حتیٰ کہ گر کر مرجائے تو ایک دادا کی اولاد جو سو تھی گنی جائے گی تو ان میں ایک کے سوا کسی کو باقی نہ پائیں گے تو کون سی غنیمت سے خوشی منائی جائے اور کون سی میراث بانٹی جائے جب وہ اس حالت میں ہوں گے کہ اچانک اس سے بڑی جنگ سنیں گے کہ ان تک ایک چیخ آئے گی کہ دجال ان کے پیچھے ان کے بچوں میں پہنچ گیا تو وہ لوگ چھوڑ دیں گے جو کچھ ان کے ہاتھوں میں ہے اور ادھر متوجہ ہو جائیں گے تو وہ دس سوار جاسوس بھیجیں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں ان کے نام ان کے باپ دادا کے نام اور ان کے گھوڑوں کے رنگ پہچانتا ہوں وہ لوگ اس دن روئے زمین پر بہترین سوار ہوں گے (مسلم)

۱ آپ نے اسی دوران فرمایا

۲ کافر اہل شام سے مقاتلہ کے لیے لشکر جمع کریں گے۔

۳ صراح میں ہے جمع کرنے کا معنی اجتماع کرنا ہے۔

۴ یہ دشمن کی تفسیر ہے کہ یہاں دشمن سے مراد روم ہے

۵ انہیں جنگ کے لیے دشمن کے مقابل بھیجیں گے۔

۶ اگر لوٹیں گے تو غالب لوٹیں گے ورنہ جان دے دیں گے۔ شُرطہ شین پر پیش، واؤ پر فتحہ، یا ساکن وہ پہلا لشکر جو جنگ کرے گا، میں ابتداءً مرنے کے لیے تیار رہوں۔ یَتَشَرَّط اس سے باب تفعّل ہے اور اسی سے یشترط باب افتعال بھی مروی ہے۔

۷ حجز۔ حا جیم اور زاء بازرکھنا

شہ یعنی لشکر اسلام پر۔ دبر دال اور راء دونوں پر فتحہ، جنگ میں شکست اٹھانا

۹ زمین پر گندگی کی وجہ سے یا طول مسافت کی وجہ سے وہ اڑنے سے تھک جائے گا اور گر جائے گا۔

۱۰ اس قدر لوگ قتل ہوں گے کہ سو سے صرف ایک بچے گا

۱۱ وہ پہلی جنگ سے سخت ہوگی یاس ہمزہ کے ساتھ، عذاب اور جنگ میں سختی کے ساتھ

۱۲ مال و اسباب

۱۳ تاکہ دشمن کے حال سے مطلع کریں طلیعہ بروزن کریمہ وہ دشمن جسے جاسوسی کے لیے پہلے روانہ کیا جائے اس میں واحد و جمع برابر ہے۔

۵۱۸۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هَلْ سَمِعْتُمْ بِمَدِیْنَةٍ جَانِبٌ مِّنْهَا فِی الْبَرِّ وَجَانِبٌ مِّنْهَا فِی الْبَحْرِ قَالُوْا نَعَمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی یَغْزُوَهَا سَبْعُوْنَ اَلْفًا مِّنْ بَنِیْ اِسْحَاقَ فَاِذَا جَآءُوْهَا نَزَلُوْا فَلَمْ یُقَاتِلُوْا بِسِلَاحٍ وَلَمْ یَرْمُوْا بِسَهْمٍ قَالُوْا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ فَیَسْقُطُ اَحَدُ جَانِبَیْهَا قَالَ ثَوْرُ بْنُ یَزِیْدَ الرَّاوِیْ لَا اَعْلَمُهٗ اِلَّا قَالَ الَّذِیْ فِی الْبَحْرِ ثُمَّ یَقُوْلُوْنَ الثَّانِیَةَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ فَیَسْقُطُ جَانِبُهَا الْاٰخَرُ ثُمَّ یَقُوْلُوْنَ الثَّالِثَةَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ فَیُفَرَّجُ لَهُمْ فَیَدْخُلُوْنَهَا فَیَغْنَمُوْنَ فَبَیْنَمَا هُمْ یَقْتَسِمُوْنَ الْمَغَانِمَ اِذْ جَآءَهُمُ الصَّرِیْخُ فَقَالَ اِنَّ الدَّجَّالَ قَدْ خَرَجَ فَیَتْرُكُوْنَ كُلَّ شَیْءٍ وَّیَرْجِعُوْنَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم نے وہ شہر سنا ہے جس کا ایک کنارہ خشکی میں ہے اور اس کا دوسرا کنارہ دریا میں۔ عرض کیا یا رسول اللہ ہاں! فرمایا قیامت قائم نہ ہوگی حتیٰ کہ اس پر اولاد اسحاق کے ستر ہزار غازی غزوہ کریں گے تو جب وہاں پہنچیں گے تو اتریں گے تو نہ تو ہتھیاروں سے جنگ کریں گے نہ کوئی تیر پھینکیں گے کہیں گے لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر تو اس کی فصیل ایک جانب گر جائے گی، ثور بن یزید راوی کہتا ہے کہ میرے علم کے مطابق سمندر کی جانب والی کہا پھر دوسری مرتبہ لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر کہیں گے تو ان کے لیے راستہ نکل آئے گا پس اس میں داخل ہو کر غنیمت حاصل کریں گے اسی دوران کہ وہ مال غنیمت تقسیم کر رہے ہوں گے کہ چیخ کی آواز آئے گی کہا جائے گا کہ دجال نکل آیا ہے وہ سب کچھ چھوڑ کر اس کی طرف لوٹیں گے۔ (مسلم)

۱ اس شہر کے نواح میں

۲ اس حدیث کے راوی، ان کی کنیت ابو خالد ہے حمص سے تعلق رکھتے ہیں انھوں نے حضرت خالد بن معدان سے روایت کیا ہے اور ان سے یحییٰ بن سعید نے روایت کیا ہے، حافظ، ثقہ، صدوق اور صحیح الحدیث ہیں لیکن فرقہ قدریہ سے ہیں ۱۵۳ سو ہجری میں وصال ہوا۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

الفصل الثانی

دوسری فصل

۵۱۸۸ / ۱۴ عن معاذ بن جبل قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عمران بیت المقدس خراب یثرب وخراب یثرب خروج الملحمۃ وخروج الملحمۃ فتح قسطنطینیۃ وفتح قسطنطینیۃ خروج الدجال۔ (رواہ ابوداؤد)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا بیت المقدس کی آبادی یثرب کی خرابی میں ہے[1] اور یثرب کی خرابی جنگ عظیم ہے[2] اور جنگ عظیم میں قسطنطنیہ کی فتح ہے اور قسطنطنیہ کی فتح میں دجال کا خروج ہے[3] (ابوداؤد)

[1] کیونکہ بیت المقدس پر کفار نصاری کا غلبہ ہو جائے گا اور وہ یثرب کی خرابی کا سبب بنے گا۔ یثرب مدینہ طیبہ کا نام ہے۔ اس کا اطلاق ورود نبی سے پہلے کا ہے۔ یثرب یا لفظ ثرب سے مشتق ہے جس کا معنی ہلاک ہے یا اس کافر کا نام ہے جس نے یہ شہر آباد کیا۔ اس پر تفصیلی بحث ہم نے تاریخ مدینہ میں کی ہے۔

[2] اس کی تفصیل پہلے گذری کہ اس جنگ میں سو آدمی سے کوئی ایک بچے گا۔

[3] مراد یہ ہے کہ یہ واقعات اس ترتیب سے وقوع پذیر ہوں گے۔ پہلا ہر دوسرے کی علامت ہے خواہ ان میں کتنی تاخیر ہو۔

۵۱۸۹ / ۱۵ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الملحمۃ العظمی وفتح قسطنطینیۃ وخروج الدجال فی سبعۃ اشہر۔ رواہ الترمذی وابوداؤد

اور انہی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا جنگ عظیم، فتح قسطنطنیہ اور خروج دجال سات مہینوں میں ہیں[1] (ترمذی، ابوداؤد)

[1] یعنی ان تین واقعات کا ظہور سات ماہ میں ہوگا۔

۵۱۹۰ / ۱۶ وعن عبد اللہ بن بسر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال بین الملحمۃ وفتح المدینۃ ست سنین ویخرج الدجال فی السابعۃ۔ رواہ ابوداؤد وقال ھذا اصح

حضرت عبد اللہ بن بسر[1] رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا جنگ عظیم اور فتح مدینہ کے درمیان چھ سال ہیں اور ساتویں سال دجال نکلے گا[2] (ابوداؤد نے روایت کیا اور کہا یہ اصح ہے)

[1] بسر با پر پیش، سین ساکن۔ عبد اللہ بن بسر سلمہ مازنی، یہ ان کے والدین اور ان کے بھائی عطیہ، ان کی ہمشیرہ صماد تمام صحابی ہیں۔ ان کے حالات کسی دوسرے مقام پر ہم نے تحریر کر دیئے ہیں

[2] اس حدیث اور سابقہ حدیث میں اختلاف ہے لیکن یہ حدیث زیادہ صحیح ہے جیسا کہ امام ابوداؤد نے فرمایا۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۱؎ حدیث سابق کی سند میں کلام ہے اس کے راوی بعض مجروح و مطعون ہیں۔

۵۱۹۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ يُوشِكُ الْمُسْلِمُونَ أَنْ يُحَاصَرُوا إِلَى الْمَدِينَةِ حَتَّى يَكُونَ أَبْعَدَ مَسَالِحِهِمْ سَلَاحٌ وَسَلَاحٌ قَرِيبٌ مِنْ خَيْبَرَ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ قریب ہے کہ مسلمان مدینہ منورہ کی طرف محصور کر دیے جائیں حتیٰ کہ ان کی آخری سرحد مقام سلاح ہو جو خیبر کے قریب ہے۔ (ابوداؤد)

۱؎ مدینہ طیبہ اور اس کے نواحی میں۔

۲؎ سلاح سین پر زبر، حا کے نیچے کسرہ یا رفع تنوین یا بغیر تنوین کے اور اس کی وجہ شرح میں ذکر کر دی گئی ہے۔

۵۱۹۲ وَعَنْ ذِي مِخْبَرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ سَتُصَالِحُونَ الرُّومَ صُلْحًا آمِنًا تَغْزُونَ أَنْتُمْ وَهُمْ عَدُوًّا مِنْ وَرَائِكُمْ فَتُنْصَرُونَ وَتَغْنَمُونَ وَتَسْلَمُونَ ثُمَّ تَرْجِعُونَ حَتَّى تَنْزِلُوا بِمَرْجٍ ذِي تُلُولٍ فَيَرْفَعُ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ النَّصْرَانِيَّةِ الصَّلِيبَ فَيَقُولُ غَلَبَ الصَّلِيبُ فَيَغْضَبُ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ فَيَدُقُّهُ فَعِنْدَ ذٰلِكَ تَغْدِرُ الرُّومُ وَتَجْمَعُ لِلْمَلْحَمَةِ وَزَادَ بَعْضُهُمْ فَيَثُورُ الْمُسْلِمُونَ إِلَى أَسْلِحَتِهِمْ فَيَقْتَتِلُونَ فَيُكْرِمُ اللّٰهُ تِلْكَ الْعِصَابَةَ بِالشَّهَادَةِ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ذو مخبر۱؎ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ تم روم سے امن و امان والی صلح کر دگے تو تم اور وہ اپنے سامنے والے دشمن سے جنگ کر دگے تو تم کو فتح ہی جائے گی اور تم غنیمت حاصل کر دگے اور سلامت رہو گے پھر تم لوٹو گے حتیٰ کہ ٹیلوں والی چراگاہ میں اترو گے، تو عیسائیوں میں ایک شخص۳؎ صلیب اٹھا کر کہے گا کہ صلیب غالب آ گئی تو مسلمانوں میں سے ایک آدمی غضب ناک ہو کر اسے توڑ دے گا اس وقت روم عہد شکنی کریں گے اور جنگ کے لیے جمع ہو جائیں گے۔ بعض راویوں نے یہ اضافہ بھی کیا فرمایا پھر مسلمان اپنے ہتھیاروں کی طرف جوش سے بڑھیں گے پھر جنگ کریں گے تو اللہ اس جماعت کو شہادت سے عزت دے گا۔ (ابوداؤد)

۱؎ ذی مخبر میم مکسور، خا ساکن، با پر فتحہ۔ یہ حضور علیہ السلام کے خادم اور نجاشی کے برادر زادہ ہیں۔

۲؎ دونوں طرف سے عذر اور فتنہ نہ ہوگا۔

۳؎ یعنی رومیوں میں سے کیونکہ ان کا دین نصرانیت ہوگا۔

۵۱۹۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُتْرُكُوا الْحَبَشَةَ مَا تَرَكُوكُمْ فَإِنَّهُ لَا يَسْتَخْرِجُ كَنْزَ الْكَعْبَةِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، حبشیوں کو چھوڑے رہو جب تک وہ تمہیں چھوڑے رہیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

إِلَّا ذُو السُّوَيْقَتَيْنِ مِنَ الْحَبَشَةِ. (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

کیونکہ کعبہ کا خزانہ نہ نکالے گا مگر حبشہ کا ایک چھوٹی پنڈلیوں والا۔ (ابوداؤد)

سلہ سویقہ، ساق کی تصغیر ہے۔ حبشی لوگوں کی پنڈلیاں اکثر چھوٹی ہوتی ہیں اور کعبہ کے خزانہ سے مراد وہ مال ہے جو قدیم زمانے میں لوگ بصورت نذر وہاں لاتے۔ شارحین نے بیان کیا کہ زیر کعبہ خزانہ مدفون ہے ایک اور روایت میں ہے کہ کعبہ کو وہ چھوٹی پنڈلیوں والا حبشی قیامت کے قریب گرائے گا اور اس وقت اللہ اللہ کرنے والا کوئی نہ ہوگا بعض کی رائے یہ ہے کہ یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں ہوگا۔ امام قرطبی فرماتے ہیں یہ اس وقت ہوگا جب قرآن سینوں سے اٹھالیا جائے گا اور مصحف لوگوں کے درمیان سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وصال کے بعد ہی اٹھایا جائے گا اور یہ قول صحیح تر ہے۔

۵۱۹۴/۲۰ وَعَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ دَعُوا الْحَبَشَةَ مَا وَدَعُوْكُمْ وَاتْرُكُوا التُّرْكَ مَا تَرَكُوْكُمْ. (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

ایک صحابی سے مروی ہے کہ تم حبشیوں کو چھوڑے رہو جب تک وہ تمہیں چھوڑے رہیں اور ترکوں کو چھوڑے رہو جب تک وہ تمہیں چھوڑے رہیں سلہ (ابوداؤد، نسائی)

سلہ اگر سوال یہ ہو کہ قرآن میں قَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَافَّةً مشرکوں کو مکمل طور پر قتل کرو جس میں عام حکم ہے کہ ہر مشرک کے خلاف قتال کرو۔ اس کا جواب یہ ہے کہ حبش اور ترک اس حکم سے خارج اور مخصوص ہیں کیونکہ ان کا علاقہ بلادِ اسلام سے دُور ہے ان کے درمیان متعدد جنگل اور کوہ ہیں تو اگر وہ مسلمانوں پر حملہ آور نہیں ہوتے تو ان پر حملہ نہ کرو اور اگر حملہ کرتے ہیں پہل کریں تو پھر ان کے خلاف جہاد فرضِ عین ہے یا یہ کہا جاسکتا ہے کہ اس آیت نے اس حدیث کو منسوخ کر دیا ہے حدیث والا حکم ابتدائے اسلام میں تھا جب مسلمانوں میں قوت ہوگئی تو حکم عام ہوگیا۔ کذا قال الطیبی

۵۱۹۵/۲۱ وَعَنْ بُرَيْدَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَدِيْثٍ يُقَاتِلُكُمْ قَوْمٌ صِغَارُ الْأَعْيُنِ يَعْنِي التُّرْكَ قَالَ تَسُوْقُوْنَهُمْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ حَتّٰى تُلْحِقُوْهُمْ بِجَزِيْرَةِ الْعَرَبِ فَأَمَّا فِي السِّيَاقَةِ الْأُوْلٰى فَيَنْجُوْ مَنْ هَرَبَ مِنْهُمْ وَأَمَّا فِي الثَّانِيَةِ فَيَنْجُوْ بَعْضٌ وَيَهْلِكُ بَعْضٌ وَأَمَّا فِي الثَّالِثَةِ فَيُصْطَلَمُوْنَ أَوْ كَمَا قَالَ. (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم سے ایک چھوٹی آنکھوں والی قوم یعنی ترک جنگ کرے گی، فرمایا تم انھیں تین بار ہانکو گے حتیٰ کہ تم انھیں جزیرۂ عرب میں پہنچا دو گے۔ پہلی ہانک میں تو ان میں بھاگ جانے والے نجات پا جائیں گے لیکن دوسری میں بعض نجات پا جائیں گے بعض ہلاک ہوں گے لیکن تیسری دفعہ وہ فنا ہو جائیں گے یا جیسے کہ آپ سلہ نے فرمایا۔ (ابوداؤد)

سلہ یہ الفاظ وہاں لائے جاتے ہیں جہاں حدیث بالمعنی روایت کی گئی ہے اور اس کے الفاظ مخصوص معلوم نہ ہوں۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۵۱۹۶ وَعَنْ اَبِیْ بَكْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَنْزِلُ اُنَاسٌ مِنْ اُمَّتِیْ بِغَائِطٍ يُسَمُّوْنَهُ الْبَصْرَةَ عِنْدَ نَهْرٍ يُقَالُ لَهُ دِجْلَةُ يَكُوْنُ عَلَيْهِ جِسْرٌ يَكْثُرُ اَهْلُهَا وَيَكُوْنُ مِنْ اَمْصَارِ الْمُسْلِمِيْنَ فَاِذَا كَانَ فِیْ اٰخِرِ الزَّمَانِ جَاءَ بَنُوْ قَنْطُوْرَاءَ عِرَاضُ الْوُجُوْهِ صِغَارُ الْاَعْيُنِ حَتّٰى يَنْزِلُوْا عَلٰى شَطِّ النَّهْرِ فَيَتَفَرَّقُ اَهْلُهَا ثَلٰثَ فِرَقٍ فِرْقَةٌ يَاْخُذُوْنَ فِیْ اَذْنَابِ الْبَقَرِ وَالْبَرِّيَّةِ وَهَلَكُوْا وَفِرْقَةٌ يَاْخُذُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ وَهَلَكُوْا وَفِرْقَةٌ يَجْعَلُوْنَ ذَرَارِيَّهُمْ خَلْفَ ظُهُوْرِهِمْ وَيُقَاتِلُوْنَهُمْ وَهُمُ الشُّهَدَاءُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ابو بکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت کے لوگ ایک پست[1] زمین میں اتریں گے جسے بصرہ[2] کہیں گے ایک نہر کے کنارے کے پاس جسے دجلہ[3] کہا جاتا ہے اس پر ایک پل ہوگا اس کے باشندے بہت ہوں گے اور وہ مسلمانوں کے شہروں[4] میں سے ہوگا اور جب آخری زمانہ ہوگا تو قبیلہ بنو قنطورا[5] چوڑے منہ والے چھوٹی آنکھوں والے آئیں گے حتیٰ کہ نہر کے کنارے اتریں گے تو وہاں کے باشندے[6] تین حصے ہو جائیں گے[7] ایک فرقہ تو گایوں کی دم اور جنگل اختیار کرے گا وہ ہلاک ہو جائے گا[8] ایک فرقہ اپنے لیے امان لے لے گا اور ہلاک ہوگا ایک فرقہ اپنے بال بچوں کو اپنی پیٹھ کے پیچھے[9] چھوڑے گا اور ان سے جنگ کرے گا یہ لوگ شہداء[10] ہیں[11] (ابوداؤد)

[1] نمناک اور فراخ زمین

[2] بصرہ، باء پر زبر یا زیر، صاد ساکن یا اس پر زبر، صاد پر زیر بھی منقول ہے ۔

[3] دجلہ، دال پر زبر یا زیر

[4] امصار کہنے کی حکمت یہ ہے کہ تاکہ اس شہر کی بڑائی بیان ہو کیونکہ مصر بڑے شہر کو کہا جاتا ہے اس کے بعد مدینہ ، بلدہ اور قریہ کے الفاظ ہیں ۔

[5] یعنی ترک ،قنطورا ، قاف پر زبر ، طاء پر پیش ، الف مقصورہ ، یہ ترک قوم کے جد امجد کا نام ہے ۔

[6] اہل بصرہ کے تین گروہ ہو جائیں گے ۔

[7] وہ مصالحے اعلان کرکے کھیتی باڑی میں مشغول ہو جائیں گے اس عمل کی وجہ سے وہ ہلاک ہوں گے یا اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اپنے اہل وعیال ، اسباب ومتاع کو اپنے بیلوں پر اٹھا کر جنگل کی طرف چلے جائیں گے تاکہ نجات پا جائیں ۔ لفظ البریہ اس معنی پر واضح دلالت کر رہا ہے ۔

[8] اس طریقہ سے بھی وہ نجات نہ پا سکیں گے کیونکہ ترکوں کا فتنہ اس طرح ہوگا کہ نجات پانا دشوار ہوگا ۔

[9] یعنی وہ اپنے بچوں سے علاقہ محبت منقطع کر لیں گے یا وہ انھیں اپنے ہمراہ لے لیں گے ۔

[10] کیونکہ انھوں نے راہ خدا میں جو ہمت دکھائی وہ نہایت اعلیٰ ہے اس لیے یہ کامل شہید ہوں گے ۔

[11] اس حدیث میں اس طرف اشارہ ہے کہ تتار کے فتنہ کی آگ اور قتل وغارت بلاد اسلامیہ میں پھیل جائیگی

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اور تھوڑی سی مدت میں اس سے عالم جل جائے گا اور اس کی تفصیلی تقریر و تحریر سے زبان قاصر ہے بنقول بے اور بایں ہمہ میں سے ہے کہ جب سے یہ دنیا قائم ہے ایسا فتنہ واقع نہیں ہوا اور اگر ہوتا تو منقول ہوتا ۔ باقی اس میں بصرہ کی تصریح ہے علماء فرماتے ہیں کہ اس سے مراد بغداد ہے کیونکہ دجلہ اور اس کا پل بغداد میں ہے نہ کہ بصرہ میں اور حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ظاہری حیات میں بغداد اس حالت میں نہ تھا جیسے اب ہے جبکہ یہ بصرہ کے قریبوں اور مضافات میں سے ہونے کی وجہ سے اسی کی طرف منسوب تھا اور آپ نے خود فرمایا کہ وہ مسلمانوں کے شہروں میں بڑا شہر ہوگا اور وہاں کے باشندے کثیر ہوں گے اور یہ بھی ہے کہ ترک بصرہ میں اس قتال و حرب کی کیفیت سے جو مذکور ہے نہیں آتے اور ارباب تاریخ نے بغداد کے حوالے سے ہی نقل کیا ہے جیسا کہ مشہور و معروف ہے لہذا البصرہ کا ذکر حدیث میں اس وجہ سے ہے کہ یہ بغداد سے قدیم ہے اور بغداد اسی کی طرف پہلے منسوب تھا ۔ اور یہ بھی ہے کہ بغداد کے نزدیک بھی ایک بصرہ تھا جس کی وجہ سے بغداد کے ایک دروازہ کا نام باب البصرہ ہے ۔

۵۱۹۷/۲۳ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا اَنَسُ اِنَّ النَّاسَ يُمَصِّرُوْنَ اَمْصَارًا وَاِنَّ مِصْرًا مِنْهَا يُقَالُ لَهُ الْبَصْرَةُ فَاِنْ اَنْتَ مَرَرْتَ بِهَا اَوْ دَخَلْتَهَا فَاِيَّاكَ وَسِبَاخَهَا وَكَلَّاءَهَا وَنَخِيْلَهَا وَسُوْقَهَا وَبَابَ اُمَرَائِهَا وَعَلَيْكَ بِضَوَاحِيْهَا فَاِنَّهُ يَكُوْنُ بِهَا خَسْفٌ وَقَذْفٌ وَرَجْفٌ وَقَوْمٌ يَبِيْتُوْنَ وَيُصْبِحُوْنَ قِرَدَةً وَخَنَازِيْرَ ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے انس! لوگ شہر آباد کرتے رہیں گے جن میں ایک شہر کو بصرہ کہا جائے گا اگر تم اس کے پاس سے گذرو یا اس میں داخل ہو تو وہاں سباخ[۱] زمین اور کلاء[۲] اور اس کی کھجوروں اس کے بازاروں اور امیروں کے دروازوں سے بچنا تم اس کے ضواحی[۳] کے علاقے کو لازم پکڑنا کیونکہ اس میں صورتوں کا مسخ ہونا پتھروں کا برسنا اور زلزلوں کا آنا ہوگا کچھ لوگ رات گذاریں گے لیکن صبح کو بندر اور خنزیر ہوں گے[۴] (ابوداؤد نے اسے روایت کیا[۵] مگر راوی کو جزم نہیں[۶])

[۱] سباخ سین کے نیچے زیر، سبخہ کی جمع ، بادسکون ، نمناک اور شور زمین اور بصرہ میں ایک جگہ کا نام ہے
[۲] کلاء بروزن کتان جگہ کا نام ہے ۔
[۳] ضواحی ، ضاحیہ کی جمع ہے وہ زمین جو آفتاب میں بڑی واضح اور ظاہر ہو ۔ ضاحیہ بصرہ کی جگہ کا نام ہے
[۴] اس حدیث سے معلوم ہو رہا ہے کہ صورتوں کا مسخ ہونا اس امت میں بھی ہے اگر یہ نہ ہوتا تو اس میں خوف دلانے میں کیا فائدہ اور تحقیق کے ساتھ ثابت ہے کہ یہ وعید فرقہ قدریہ کے لیے ہے اسی وجہ سے اس حدیث کی شرح میں شارحین نے فرمایا کہ اس سے پتہ چلتا ہے کہ اس شہر میں فرقہ قدریہ کا وجود ہوگا اور اسی فرقہ میں مسخ کا وقوع ہوگا ۔
[۵] ایک راوی کی طرف سے اشارہ ہے جو اس کی سند میں ہے ۔
[۶] اس کی وجہ سے ابہام و اشتباہ ہے یہ موسیٰ بن انس بن مالک انصاری قاضی بصرہ اور تابعین میں سے ہیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

انھوں نے اپنے والد سے روایت لی اور ان سے مکحول شامی اور حمید طویل نے مشکوۃ کا وہ نسخہ جو مانق کا ہے۔ یہاں ضد تھا کیونکہ انھوں نے راوی کا نام نہ پایا۔ دوسرے لوگوں نے یہاں راوی کا نام لکھ دیا جیسا کہ اس کی مثالیں گزری ہیں

۵۱۹۸ وَعَنْ صَالِحِ بْنِ دِرْهَمٍ يَقُولُ انْطَلَقْنَا حَاجِّيْنَ فَإِذَا رَجُلٌ فَقَالَ لَنَا إِلَى جَنْبِكُمْ قَرْيَةٌ يُقَالُ لَهَا الْأُبُلَّةُ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ مَنْ يَضْمَنُ لِي مِنْكُمْ أَنْ يُصَلِّيَ لِي فِي مَسْجِدِ الْعَشَّارِ رَكْعَتَيْنِ أَوْ أَرْبَعًا وَيَقُولُ هٰذِهِ لِأَبِي هُرَيْرَةَ سَمِعْتُ خَلِيْلِي أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَبْعَثُ مِنْ مَسْجِدِ الْعَشَّارِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ شُهَدَاءَ لَا يَقُوْمُ مَعَ شُهَدَاءِ بَدْرٍ غَيْرُهُمْ رَوَاهُ أَبُوْدَاؤُدَ وَقَالَ هٰذَا الْمَسْجِدُ مِمَّا يَلِي النَّهْرَ وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ أَبِي الدَّرْدَاءِ أَنَّ فُسْطَاطَ الْمُسْلِمِيْنَ فِي بَابِ ذِكْرِ الْيَمَنِ وَالشَّامِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

حضرت صالح بن درہم[1] کہا کرتے تھے کہ ہم حج کے ارادے سے نکلے[2] تو ایک آدمی نے ہم سے کہا تھا تمہارے نزدیک کوئی بستی ہے جسے اُبلہ[4] کہا جاتا ہے ہم نے کہا ہاں! اس نے کہا کہ تم میں سے کون مجھے اس بات کی ضمانت دیتا ہے کہ میرے[5] لیے مسجد عشار[6] میں دو رکعتیں پڑھے یا چار اور کہے کہ یہ ابوہریرہ[7] کے لیے ہیں۔ میں نے اپنے خلیل حضرت ابوالقاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ مسجد عشار سے شہیدوں[8] کو اٹھائے گا جن کے ساتھ شہدائے بدر کے سوا کوئی کھڑا نہ ہوگا۔

ابوداؤد نے روایت کر کے کہا یہ مسجد دریا کے نزدیک ہے اور ان فسطاط المسلمین والی حدیث[9] ابودرداء ان شاء اللہ تعالیٰ ہم باب ذکر الیمن والشام میں ذکر کریں گے۔

[1] یہ تابعی ہیں

[2] بصرہ سے مکہ کی طرف

[3] حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

[4] اُبلہ، ہمزہ پر پیش، لام مشدد، بصرہ کے قریب قریہ کا نام ہے۔ قاموس میں ہے کہ یہ دنیا کے بہشتوں میں سے ہے۔

[5] ان کا ثواب مجھے بخشے

[6] عشار، عین پر زبر، شین مشدد

[7] اس کا ثواب ابوہریرہ کے لیے ہے

[8] یہ اس جماعت کی بہت بڑی مدح ہے کہ وہ شہداء بدر کے برابر ہوں گے جب اس مسجد کو یہ فضل و شرف حاصل ہے تو وہاں نماز ادا کرنے کا ثواب بھی عظیم ہوگا، اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہو رہا ہے کہ مبارک مقامات پر عبادت کرنا، نماز ادا کرنا زیادہ ثواب کا موجب ہے اور بدنی عبادت کا ثواب دوسرے کو دینا بھی جائز ہے اور اکثر علماء کی یہی رائے ہے رہا معاملہ عبادات مالیہ کا تو وہاں ثواب کا بخشنا بالاتفاق جائز ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۹ؔ وہ حدیث ابو درداء جس کی ابتداء ان الفاظ سے ہو رہی ہے ان فسطاط المسلمین کو ہم انشاء اللہ باب ذکر الیمن والشام میں ذکر کریں گے۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۵۱۹۹ / ۲۵ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ عُمَرَ فَقَالَ أَيُّكُمْ يَحْفَظُ حَدِيثَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْفِتْنَةِ فَقُلْتُ أَنَا أَحْفَظُ كَمَا قَالَ قَالَ هَاتِ إِنَّكَ لَجَرِيءٌ وَكَيْفَ قَالَ قُلْتُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِي أَهْلِهِ وَمَالِهِ وَنَفْسِهِ وَوَلَدِهِ وَجَارِهِ يُكَفِّرُهَا الصِّيَامُ وَالصَّلٰوةُ وَالصَّدَقَةُ وَالْأَمْرُ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ فَقَالَ عُمَرُ لَيْسَ هٰذَا أُرِيدُ إِنَّمَا أُرِيدُ الَّتِي تَمُوجُ كَمَوْجِ الْبَحْرِ قَالَ قُلْتُ مَا لَكَ وَلَهَا يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ إِنَّ بَيْنَكَ وَبَيْنَهَا بَابًا مُغْلَقًا قَالَ فَيُكْسَرُ الْبَابُ أَوْ يُفْتَحُ قَالَ قُلْتُ لَا بَلْ يُكْسَرُ قَالَ ذٰلِكَ أَحْرٰى أَنْ لَا يُغْلَقَ أَبَدًا قَالَ فَقُلْنَا لِحُذَيْفَةَ هَلْ كَانَ عُمَرُ يَعْلَمُ مَنِ الْبَابُ قَالَ نَعَمْ كَمَا يَعْلَمُ أَنَّ دُونَ غَدٍ لَيْلَةً إِنِّي حَدَّثْتُهُ حَدِيثًا لَيْسَ بِالْأَغَالِيطِ قَالَ فَهِبْنَا أَنْ نَسْأَلَ حُذَيْفَةَ مَنِ الْبَابُ فَقُلْنَا لِمَسْرُوقٍ سَلْهُ فَسَأَلَهُ فَقَالَ عُمَرُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت شقیق حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیان کرتے ہیں کہ ہم حضرت عمر کے پاس تھے۔ آپ نے فرمایا تم میں سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی فتنہ سے متعلق حدیث کا حافظ کون ہے؟ میں نے عرض کیا میں حافظ ہوں جیسے حضور نے فرمایا! لاؤ تم بڑے بہادر ہو حضور نے کیسے فرمایا میں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مرد کا فتنہ اس کے گھر میں، اس کے مال میں، اس کی ذات میں اور اس کے پڑوس میں ہے جسے روزے، نماز، خیرات، اچھائیوں کا حکم، برائیوں سے روکنا مٹاتے رہتے ہیں تو حضرت عمر نے فرمایا میری مراد یہ نہیں میری مراد وہ فتنہ ہے جو سمندر کی موج کی طرح اٹھے گا۔ فرمایا میں نے کہا آپ کو اس سے کیا تعلق اے امیر المومنین آپ کے اور اس کے درمیان ایک بند دروازہ ہے فرمایا! تو دروازہ توڑا جائے گا یا کھولا جائے گا تو فرمایا: میں نے کہا نہیں بلکہ توڑا جائے گا فرمایا یہ اس لائق ہے کہ پھر بند کیا جا سکے۔ راوی کہتے ہیں کہ ہم نے حضرت حذیفہ سے کہا کیا حضرت عمر جانتے تھے کہ دروازہ کون ہے؟ فرمایا ہاں جیسے یہ جانتے تھے کہ کل سے پہلے رات ہے میں نے انہیں وہ حدیث سنائی جو معمہ نہیں۔ فرماتے ہیں کہ ہم کو اس سے ڈر لگا کہ حذیفہ سے پوچھیں کہ دروازہ کون سا ہے تو ہم نے مسروق سے کہا ان سے پوچھ، پوچھنے پر فرمایا عمر ہیں۔

(بخاری و مسلم)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سلہ یعنی بغیر کسی زیادتی اور کمی کے

سلہ یہ الفاظ کیوں کہے؟ کیونکہ حضرت حذیفہ نے جماعت صحابہ اور حضرت عمر کے سامنے یہ دعویٰ کیا کہ میں یاد رکھتا ہوں یہ بات، حضرت عمر کو گراں گزری، فرمایا اگر دلیری کی ہے تو اب بیان کرو، یہ بھی ممکن ہے کہ یہ حضرت حذیفہ کے حفظ ضبط کی مدح ہو کہ آپ حضور سے فتنہ و شر کے حوالے سے سوال کر لیتے تھے لہٰذا تیرے پاس یہ علم ہو گا اس لیے اسے بیان کرو۔

سلہ ہر آدمی ان کے حقوق کی ادائیگی کا مکلف ہے، اس میں آدمی کوتاہی برت کر شریعت کی خلاف ورزی کرتا ہے اس وجہ سے ممنوعات کا ارتکاب بھی کر لیتا ہے۔ اس وجہ سے محنت و مشقت بھی کرتا ہے لہٰذا رنج و تعب میں واقع ہو جاتا ہے

سلہ میں نے آپ سے جس فتنہ کے بارے میں پوچھا ہے وہ مال، اولاد اور نفس کے بارے میں نہیں۔

سلہ میری مراد وہ فتنہ ہے جس میں مقاتلہ و محاربہ لوگوں کے درمیان برپا ہو گا اور اس کی مصیبت و شر لوگوں میں پھیل جائے گی۔

سلہ آپ کو غم نہیں کرنا چاہیے کیونکہ اس کا شر آپ کو نہیں پہنچے گا اور آپ اسے نہیں پائیں گے

سلہ یہ وجود عمر سے کنایہ ہے جب کہ آخر حدیث میں اس کی تفسیر ہے یعنی جب تک تمہارا وجود ہمارے درمیان ہے ایسا فتنہ نہ ہو گا آپ کے وصال کے بعد یہ فتنہ برپا ہو۔

سلہ بطریق سوال

سلہ دروازہ ٹوٹنے اور کھل جانے میں فرق یہ ہے جب دروازہ ٹوٹ جائے گا تو اس کا بند کرنا ممکن نہیں ہو گا، اور کھلنے کے بعد بند کرنا ممکن ہوتا ہے۔ بعض نے فرمایا، کہ ٹوٹنے سے مراد قتل اور کھلنے سے موت ہے، یعنی جب حضرت عمر نے محسوس کر لیا کہ یہ میرا وجود ہے جو درمیان سے اٹھ جائے گا تو پوچھا کہ قتل ہوں گا یا طبعی موت ہو گی۔

سلہ شقیق راوی۔

سلہ علم یقینی و قطعی رکھتے تھے۔

سلہ غلط سے مراد یہ ہے کہ بغیر معرفت کے شے کو رکھنا اور اس میں وجہ صواب نہ ہو اور یہ چیز ہر شے میں ہو سکتی ہے بعض کے نزدیک یہ صرف گفتار سے مخصوص ہے۔

سلہ راوی شقیق کہتے ہیں کہ ہم ڈر گئے۔

۵۲۰۰ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ فَتْحُ الْقُسْطُنْطِينِيَّةِ مَعَ قِيَامِ السَّاعَةِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ قسطنطنیہ[1] کی فتح قیام قیامت کے ساتھ ہے۔ (ترمذی نے روایت کیا اور کہا یہ غریب حدیث ہے)

سلہ اس قلعہ کی فتح

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۳۳۹ ۔ بَابُ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ

علامات قیامت کا بیان

شرط، راء کی : ایک شے کو دوسری کے ساتھ باندھنا جیسے کہا جاتا ہے اگر ایسا ہوا تو ایسا ہو جائے گا۔ اس کی جمع شروط ہے ۔ شرط ، راء پر فتحہ کا معنی علامت اور کسی شے کا نشان اس کی جمع اشراط آتی ہے ۔ اشراط ساعت کا معنی قیامت کی نشانیاں ہوگا ۔ رات و دن کے ایک جزء کو ساعت کہا جاتا ہے ، بمعنی وقت حاضر بھی آیا ہے ۔ قیامت یا قیامت برپا ہونے کے وقت کو بھی ساعت کہا گیا ہے کیونکہ اس میں ابہام ہے لہذا کسی بھی ساعت میں اس کا احتمال و انتظار ہے ۔ علماء نے اشراط کی تفسیر ان چھوٹے امور کے ساتھ کی ہے جو قیام قیامت سے پہلے ہوں گے اور لوگوں کے لیے یہ عجیب معاملات ہوں گے مثلاً کنیز اپنے مالک کو جنے گی ۔ عمارات کا لمبا ہونا ، زنا اور شراب کثرت کے ساتھ ہوگا ۔ مرد کم اور خواتین زیادہ ، امانت کا ضیاع ، لڑائیاں اور فتنے کثرت سے ہوں گے اس کا تذکرہ آخر باب میں آئے گا ۔ اشراط ساعت کی یہ تفسیر اسی لیے ہے کہ اس کی علامت کبریٰ جو اس کے ساتھ متصل ہے اس کا تذکرہ آئندہ باب میں آرہا ہے اور یہ بھی کہا گیا کہ لغت میں شرط کا معنی ہلکی چیز ، ردی اور چھوٹا موٹا مال ہے اور لوگوں کے عجیب سمجھنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ امور جہان میں ہمیشہ واقع ہوتے رہتے ہیں ۔ لہذا ان کے قیامت کے نشانات ہونے پر وہ تعجب کریں گے ان امور کو مطلق علامت نہیں بلکہ ان کی کثرت کو یہ علامت کہا ہے مصنف نے اس باب میں خروج مہدی کا ذکر کیا ہے حالانکہ ان کا خروج حضرت عیسیٰ اور دجال کے ساتھ ہوگا جو قریب قیامت میں ہے مگر میں سمجھتا ہوں کہ یہاں امام مہدی کا ذکر حروب و فتن کی تقریب کے طور پر ہے اور اس کا تتمہ آئندہ باب میں آئے گا ان شاء اللہ تعالیٰ ۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۵۲۰۱ / ۱ عَنْ اَنَسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ اَنْ يُّرْفَعَ الْعِلْمُ وَيَكْثُرَ الْجَهْلُ وَيَكْثُرَ الزِّنَا وَيَكْثُرَ شُرْبُ الْخَمْرِ وَيَقِلَّ الرِّجَالُ وَيَكْثُرَ النِّسَاءُ حَتّٰى يَكُوْنَ لِخَمْسِيْنَ امْرَاَةً

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ، علامات قیامت میں سے یہ ہے کہ علم اٹھا لیا جائے گا ، جہالت کثیر ہوگی زنا کثیر ہوگا ۔ شراب عام ہوگی ، مرد کم اور عورتیں زیادہ ہوں گی حتیٰ کہ پچاس عورتوں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْقَيِّمُ الْوَاحِدُ وَفِي رِوَايَةٍ يَقِلُّ الْعِلْمُ وَيَظْهَرُ الْجَهْلُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کے لیے ایک منتظم[۲] ہو گا۔ ایک روایت میں ہے۔ علم کم اور جہالت غالب ہوگی۔ (بخاری و مسلم)

[۱] کیونکہ قربِ قیامت میں کفر غالب ہو گا مرد جہاد کریں گے اور شہید ہو جائیں گے
[۲] ان خواتین کی نگہداشت، ان کی کفالت اور انتظامی امور کی ذمہ داری۔

۵۲۰۲/۲ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ كَذَّابِيْنَ فَاحْذَرُوْهُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا قیامت سے پہلے بہت ہی جھوٹ بولنے والے ہوں گے[۱] ان کے شر سے دور رہنا۔ (مسلم)

[۱] یہاں جھوٹوں سے مراد احادیث گھڑنے والے یا اپنے فاسد اعتقادات کی بناء پر بدعات کا ارتکاب کریں گے اپنی نسبت صحابہ اور سلف سے کریں گے اور یہ گمان رکھیں گے کہ یہی ہماری راہ، راہِ سنت ہے نعوذ باللہ من ذلک

۵۲۰۳/۳ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ إِذْ جَاءَ أَعْرَابِيٌّ فَقَالَ مَتَى السَّاعَةُ قَالَ إِذَا ضُيِّعَتِ الْأَمَانَةُ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ قَالَ كَيْفَ إِضَاعَتُهَا قَالَ إِذَا وُسِّدَ الْأَمْرُ إِلَى غَيْرِ أَهْلِهِ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرمارہے تھے کہ ایک اعرابی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کیا قیامت کب ہے؟ فرمایا جب امانت[۱] ضائع کر دی جائے گی تو قیامت کا انتظار کرنا، عرض کیا کہ ضائع کس طرح کر دی جائے گی فرمایا کہ جب معاملہ نااہل لوگوں کے سپرد کر دیا جائے گا تو قیامت کا انتظار کرنا۔ (بخاری)

[۱] وہ امور شرعیہ و دینی جن کا انسان مکلف ہے اس کی طرف اشارہ ہے اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ یا لوگوں کے حقوق اور امانتیں مراد ہیں یعنی قیامت کا متعین وقت سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا البتہ اس سے پہلے علامات ظاہر ہوں گی اور ان میں سے ایک یہ ہے۔

[۲] جب دینی و دنیوی معاملات ایسے لوگوں کے ہاتھ میں آجائیں جو نااہل ہوں تو اس وجہ سے فتنہ و فساد برپا ہوگا، حقوق کا ضیاع ہوگا۔ لفظ وُسِّدَ مجہول سین مشدد یا مخفف وسادہ سے ہے جس کے سپرد کام کیا جاتا ہے وہ کام جس کے لیے تکیہ گاہ بنتا ہے۔

۵۲۰۴/۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَكْثُرَ الْمَالُ وَيَفِيْضَ حَتّٰى يُخْرِجَ الرَّجُلُ زَكٰوةَ مَالِهٖ فَلَا يَجِدُ أَحَدًا يَقْبَلُهَا مِنْهُ وَحَتّٰى

انہی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک مال بڑھ کر عام نہ ہو جائے یہاں تک کہ ایک آدمی اپنے مال کی زکوٰۃ لے کر نکلے گا لیکن اسے کوئی نہیں ملے گا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

نَعُوْدَ اَرْضُ الْعَرَبِ مُرُوْجًا وَّاَنْهَارًا۔
جو اسے قبول کرے۔ یہاں تک کہ سرزمین عرب یعنی چراگاہ اور نہروں میں تبدیل ہو جائے گی۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ قَالَ تَبْلُغُ الْمَسَاكِنُ اِهَابَ اَوْ يَهَابُ)
(مسلم) اور دوسری روایت میں فرمایا مکانات، اہاب ۲ یا یہاب ۳ تک پہنچ جائیں گے۔

۱ مروج، مرج کی جمع ہے چراگاہ

۲ اہاب، مدینہ طیبہ سے چند میل کے فاصلہ پر جگہ کا نام ہے۔ اہاب ہمزہ پر فتحہ بروزن سحاب، قاموس ہمزہ کے کسرہ کے ساتھ آیا ہے۔

۳ یا اس کا نام یہاب آیا ہے یا کے نیچے کسرہ یا فتحہ، راوی کو شک ہے یا اس جگہ کے نام ہی دو ہیں یعنی بعض ہمزہ اور بعض یاء کے ساتھ پڑھتے ہیں۔ مقصود یہ ہے کہ اس شہر کی آبادی حد کمال کو پہنچ جائے گی۔

۵۲۰۵ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُوْنُ فِيْ اٰخِرِ الزَّمَانِ خَلِيْفَةٌ يَقْسِمُ الْمَالَ وَلَا يَعُدُّهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ يَكُوْنُ فِيْ اٰخِرِ اُمَّتِيْ خَلِيْفَةٌ يَحْثِي الْمَالَ حَثْيًا وَلَا يَعُدُّهٗ عَدًّا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا آخری زمانے میں ایک خلیفہ ہوگا کہ مال تقسیم کریں گے اور شمار نہیں کرے گا ایک روایت میں ہے کہ میری امت کے آخری دور میں ایک خلیفہ ہوگا وہ دل کھول کر بانٹے گا اور بالکل نہیں گنے گا ۱ ۲ (مسلم)

۱ یعنی بہت زیادہ اور بے شمار مال دے گا۔

۲ بعض کی رائے یہ ہے کہ اس سے مراد امام مہدی ہیں۔

۳ کثرت اموال و غنائم، فتوحات اور جود و سخاوت کی وجہ سے

۵۲۰۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْشِكُ الْفُرَاتُ اَنْ يَّحْسِرَ عَنْ كَنْزٍ مِّنْ ذَهَبٍ فَمَنْ حَضَرَ فَلَا يَاْخُذْ مِنْهُ شَيْئًا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قریب ہے کہ دریائے فرات ۱ سونے کے خزانے کی جگہ ۲ سے کھل جائے گا۔ جو موجود ہو تو اس میں سے کچھ بھی ۳ نہ لے (بخاری، مسلم)

۱ کوفہ کی ایک نہر کا نام ہے فرات کا لغوی معنی آب شیریں ہے یہاں مراد نہر ہے۔

۲ اس کا پانی خشک ہو جائے گا اور اس کے نیچے سے سونے کا خزانہ نکل آئے گا۔

۳ کیونکہ یہ لڑائی و نزاع کا سبب بنے گا بعض کی رائے یہ ہے کہ اس سے خزانہ حاصل کرنا، نزول آفات و بلیات کا سبب ہے اور اللہ تعالیٰ کی آیات میں سے ایک آیت ہے بعض نے کہا وہ مال اللہ تعالیٰ کے ہاں مغضوب و مکروہ ہے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

جیسے کہ مال قارون لہٰذا اس سے فائدہ و نفع حاصل کرنا حرام ہے۔

۵۲۰۷ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَحْسِرَ الْفُرَاتُ عَنْ جَبَلٍ مِّنْ ذَهَبٍ يَقْتَتِلُ النَّاسُ عَلَيْهِ فَيُقْتَلُ مِنْ كُلِّ مِائَةٍ تِسْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ وَيَقُوْلُ كُلُّ رَجُلٍ مِّنْهُمْ لَعَلِّيْ اَكُوْنُ اَنَا الَّذِيْ اَنْجُوْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

انھی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قیامت قائم نہ ہوگی یہاں تک کہ دریائے فرات سونے کے پہاڑ کی جگہ سے[۱] کھل نہ جائے۔ لوگ اس پر آپس میں لڑیں گے کہ ہر سو میں سے ننانوے قتل کر دیے جائیں گے ان میں سے ہر ایک یہی کہے گا کہ کاش وہ بچنے والا شخص بن جائے۔

[۱] اسے ظاہر کر دے گا۔

۵۲۰۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقِيْءُ الْاَرْضُ اَفْلَاذَ كَبِدِهَا اَمْثَالَ الْاُسْطُوَانِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ فَيَجِيْءُ الْقَاتِلُ فَيَقُوْلُ فِيْ هٰذَا قَتَلْتُ وَيَجِيْءُ الْقَاطِعُ فَيَقُوْلُ فِيْ هٰذَا قَطَعْتُ رَحِمِيْ وَيَجِيْءُ السَّارِقُ فَيَقُوْلُ فِيْ هٰذَا قُطِعَتْ يَدِيْ ثُمَّ يَدَعُوْنَهٗ فَلَا يَاْخُذُوْنَ مِنْهُ شَيْئًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

انھی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہ زمین اپنے جگر کے ٹکڑے[۱] سونے اور چاندی کے ستونوں کی شکل میں قے کر دے گی تو قاتل[۲] آئے گا کہے گا کہ میں نے اس میں قتل کیا اور رشتے توڑنے والا آئے گا تو کہے گا کہ میں نے اس کے لیے اپنے رشتے توڑے اور چور آئے گا تو کہے گا کہ اس کی وجہ سے میرے ہاتھ کاٹے گئے[۳] پھر وہ لوگ یہ سب کچھ چھوڑ دیں گے تو اس میں سے کچھ نہ لیں گے۔ (مسلم)

[۱] مراد مدفون خزانے اور معدنیات کا اصل ہے۔ افلاذ، فلذ، فا کے نیچے زیر، آخر میں ذال کی جمع ہے۔ فلذۃ کا معنی ٹکڑا۔ قاموس میں ہے فلذ بالکسر اونٹ کا جگر، فلذۃ، جگر یا سونے چاندی اور گوشت کا ٹکڑا۔ یہاں جگر کے ساتھ تعبیر کی وجہ یہ ہے کہ جس طرح جگر خلاصہ شتر ہوتا ہے اسی طرح یہ اشیاء بھی زمین کا خلاصہ ہیں۔ فلذ: ذال مشدد، فا اور لام دونوں کے نیچے زیر یا دونوں پر فتحہ یا ضمہ بمعنی جواہر معدنی ہے مثلاً سونا چاندی، لوہا، تانبا۔

[۲] مال کی خاطر لوگوں کو قتل کرنے والا

[۳] یعنی مال کا حال یہ ہے کہ اس کی محبت و حصول میں کتنی مشقت برداشت کی مگر کسی کام بھی نہ آیا۔

۵۲۰۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا تَذْهَبُ الدُّنْيَا حَتّٰى يَمُرَّ الرَّجُلُ عَلَى الْقَبْرِ فَيَتَمَرَّغُ عَلَيْهِ وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَكَانَ صَاحِبِ هٰذَا الْقَبْرِ وَلَيْسَ بِهِ الدِّيْنُ اِلَّا الْبَلَاءُ۔

انھی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے قسم ہے اس ذات اقدس کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ دنیا نہیں جائے گی حتیٰ کہ ایک آدمی قبر پر گزرے گا تو وہاں لوٹے گا اور کہے گا کاش! اس قبر والے کی جگہ میں ہوتا اور اس میں

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

بلاء کے سوا دین نہ ہوگا۔ (مسلم)

سلہ اس عبارت کے دو معانی ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ یہاں دین سے مراد عادت ہے اور دین کبھی عادت آتا رہتا ہے اب معنی یہ ہوگا کہ وہ شخص آرزو کرے گا حالانکہ اس کی عادت نہیں بلکہ یہ آرزو بلا و فتنہ کی وجہ سے ہوگی دوسرا معنی یہ ہے کہ دین مشہور معنی میں ہو کہ آرزو کرنے کی وجہ اس کی مشقت نہیں جو اسے دین کی وجہ سے عارض ہو رہی ہے بلکہ اس بلاء کا سبب دنیا اور اس کا مال ہے ان دونوں معانی میں بُعد پایا جاتا ہے لہذا یہ معنی بھی کیا جا سکتا ہے وہ شخص جب قبر میں جانے کی آرزو کرے گا تو اس وقت اس کے پاس فتنہ و بلا کی وجہ سے دین باقی نہ ہوگا بلکہ اس کے پاس صرف فتنہ و فساد ہی ہوگا۔

۵۲۱۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَخْرُجَ نَارٌ مِّنْ اَرْضِ الْحِجَازِ تُضِيْئُ اَعْنَاقَ الْاِبِلِ بِبُصْرٰى۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت قائم نہ ہوگی یہاں تک حجاز کی سرزمین سے ایک آگ نکلے گی جس سے بصرہ[1] میں اونٹوں کی گردنیں روشن ہوں گی[2]

(بخاری و مسلم)

سلہ بُصرٰی، باء پہ پیش: صاد ساکن، یہ شام کا شہر ہے اس کے اور دمشق کے درمیان چند مراحل کا فاصلہ ہے
سلہ واضح رہے کہ اس آگ کے بارے میں روایات تواتر کے ساتھ ہیں اور اس کا غالباً ظہور مدینہ منورہ میں ہوا۔ مگر اللہ تعالیٰ نے سید کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ کی برکت سے اس شہر کو اس کی آفت سے محفوظ رکھا اس آگ کی ابتداء بروز جمعہ جمادی الاخری کی تین تاریخ اور انتہا یکشنبہ ستائیس رجب ہے جس کی مجموعی مدت باون دن ہے۔ یہ آگ حجاز کی جانب سے آئی اس شہر کی طرح جس میں صاحب بروج قلعہ ہے اور وہ لوگوں کی جماعت کو اپنی طرف کھینچ کر خاک کر دیتی۔ اس میں چمک و گرج تھی، دریا کی طرح وہ جوش مارتی اس سے سرخ نہریں جاری تھیں مدینہ منورہ کے قریب پہنچی باوجودیکہ وہ آگ مدینہ طیبہ پہنچی مگر علماء نے بیان کیا ہے کہ اس آگ نے اطراف و اکناف مدینہ کی گرفت کی مگر حرم نبوی اور تمام بستی مدینہ کو نور آفتاب کی طرح چمکا دیا لوگ رات کو بھی اس کی روشنی میں کام کرتے ۔ حالانکہ سورج و چاند کی روشنی ان دنوں ماند اور بے نور تھی۔

بعض اہل مکہ نے اس آگ کے ذریعے یمامہ اور بصرٰی کا مشاہدہ کیا اس آگ کی یہ خصوصیت تھی کہ وہ پتھروں کو نگل جاتی تھی اور پگھلا دیتی مگر درختوں پر اس کا اثر نہ تھا یہ بھی منقول ہے کہ ایک بڑا پتھر تھا اس کا آدھا حصہ حرم میں تھا اور نصف باہر تھا آگ نے نگلنا چاہا مگر جب اس کے نصف تک پہنچی تو بجھ گئی۔ اہل مدینہ طیبہ نے خوب آہ و زاری کی، مظالم ترک کئے، انفاق کیا اور غلام آزاد کیے۔ جمعہ کی رات تمام اہل مدینہ حتیٰ کہ خواتین اور بچوں نے بھی حرم نبوی میں بسر کی اور تمام رات سرور عالم کے حجرہ شریف کے پاس سر و پا ننگے کر کے زار و قطار روتے ہوئے دعا کرتے رہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس آگ کو شمال کی جانب پھیر دیا اور اس شہر مبارک کو اس آفت سے نجات دی، اس سال میں کائنات میں مختلف واقعات رونپذیر ہوئے دوسرے سال کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اول میں فتنہ تتار واقع ہوا، بغداد اور اکناف عالم میں جنگ اور فتنہ بلند ہوا جیسا کہ گزرا ہم نے اپنی کتاب "جذب القلوب الی دیار المحبوب" جو مدینہ طیبہ کے حالات پر ہے اس میں تفصیلات موجود ہیں۔

۵۲۱۱ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَوَّلُ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ نَارٌ[۱] تَحْشُرُ النَّاسَ مِنَ الْمَشْرِقِ اِلَی الْمَغْرِبِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کی پہلی نشانی وہ آگ ہے جو لوگوں کو مشرق سے مغرب کی جانب جمع کر دے گی (بخاری)

[۱] علامہ طیبی کہتے ہیں کہ اس آگ کا اول ہونا ان علامات کی نسبت ہے جو قیامت کے ساتھ متصل ہیں اور جس آگ حجاز کا ذکر گزرا ہے وہ اس آگ سے پہلے ہے تو یہ اول کیسے ہوگی۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ — دوسری فصل

۵۲۱۲ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی یَتَقَارَبَ الزَّمَانُ فَتَكُوْنَ السَّنَةُ كَالشَّهْرِ وَالشَّهْرُ كَالْجُمُعَةِ وَتَكُوْنَ الْجُمُعَةُ كَالْیَوْمِ وَیَكُوْنَ الْیَوْمُ كَالسَّاعَةِ وَتَكُوْنَ السَّاعَةُ كَالضَّرَمَةِ بِالنَّارِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت قائم نہ ہوگی حتیٰ کہ زمانہ جلد گزرنے لگے گا ایک سال ایک ماہ کی طرح، مہینہ ہفتہ کی طرح اور ہفتہ دن اور دن ایک گھڑی کی طرح ہوگا اور گھڑی آگ کے شعلے[۱] کی طرح ہوگی (ترمذی)

[۱] ضرمہ، ضاد پر زبر، را ساکن، آگ کا ایک دفعہ جلنا، اگر راء پر زیر ہو تو معنی وہ گھاس جو جلدی جل جائے مشہور سکون راء کے ساتھ ہے جیسا کہ اکثر نسخوں میں تحریر ہے بعض نسخوں میں فتحہ کے ساتھ بھی آیا ہے جیسا کہ طیبی کی عبارت سے پتہ چلتا ہے۔ ضرمہ، راء پر زبر ہو تو اس کا معنی آگ بھی ہے، اس سے مقصود عمر کا کوتاہ ہونا اور بے برکت ہے کہ اس میں ایسے مصائب، شدائد، جنگیں اور فتنے واقع ہوں گے کہ ان کی وجہ سے عمر کے گزرنے کا پتہ بھی نہیں چلے گا۔

۵۲۱۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَوَالَةَ قَالَ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِنَغْنَمَ عَلٰی اَقْدَامِنَا فَرَجَعْنَا فَلَمْ نَغْنَمْ شَیْئًا وَعَرَفَ الْجَهْدَ فِیْ وُجُوْهِنَا فَقَامَ فِیْنَا فَقَالَ اللّٰهُمَّ لَا تَكِلْهُمْ اِلَیَّ فَاَضْعُفَ عَنْهُمْ وَلَا تَكِلْهُمْ اِلٰی اَنْفُسِهِمْ فَیَعْجِزُوْا عَنْهَا وَلَا تَكِلْهُمْ اِلَی النَّاسِ فَیَسْتَاْثِرُوْا عَلَیْهِمْ ثُمَّ وَضَعَ

حضرت عبد اللہ بن حوالہ[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حصول غنیمت[۲] کے لیے پیدل روانہ فرمایا ہم غنیمت کے بغیر واپس لوٹے حضور نے ہمارے چہروں پر مشقت کے آثار دیکھے تو ہمارے درمیان کھڑے ہو کر دعا کی: اے اللہ! انھیں میرے سپرد نہ کرنا کہ میں کمزور رہ[۳] جاؤں، انھیں ان کی جانوں کے سپرد بھی نہ کرنا کہ یہ عاجز رہ جائیں گے اور انھیں لوگوں کے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

يَدَهٗ عَلٰى رَأْسِيْ ثُمَّ قَالَ يَا ابْنَ حَوَالَةَ إِذَا رَأَيْتَ الْخِلَافَةَ قَدْ نَزَلَتِ الْأَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ فَقَدْ دَنَتِ الزَّلَازِلُ وَالْبَلَابِلُ وَالْأُمُوْرُ الْعِظَامُ وَالسَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ أَقْرَبُ مِنَ النَّاسِ مِنْ يَدِيْ هٰذِهٖ إِلٰى رَأْسِكَ ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَإِسْنَادُهٗ حَسَنٌ وَرَوَاهُ الْحَاكِمُ فِيْ صَحِيْحِهٖ)

سپرد بھی نہ کرنا کہ وہ دوسروں کو ان پر ترجیح دیں۔ پھر دست مبارک میرے سر پر رکھ کر فرمایا اے ابن حوالہ جب تم دیکھو کہ خلافت ارض مقدس میں اتر آئی ہے تو سمجھنا زلزلے، رنج و غم اور عظیم امور نزدیک آ گئے اس روز قیامت لوگوں سے اتنی نزدیک ہو گی جتنا میرا ہاتھ تمہارے سر سے ہے۔ (ابوداؤد، اس کی سند حسن ہے اور اسے حاکم نے اپنی صحیح میں نقل کیا ہے)

سلہ حوالہ، حا پر زبر، واؤ مخفف صحابی ہیں شام میں سکونت پذیر رہے۔ کاشف میں امام ذہبی نے فرمایا ان سے تین احادیث مروی ہیں ان میں سے ایک مذکورہ حدیث ہے

سلہ غالباً یہ لوگ محتاج و ضرورت مند تھے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چاہا کہ یہ اپنے لیے کچھ اشیاء حاصل کریں تاکہ احتیاجی دور ہو یہی وجہ ہے کہ جہاد کا لفظ نہیں لڑائی بلکہ غنیمت پر ہی اکتفاء کیا۔

سلہ کیونکہ ہمارے پاس سواریاں نہ تھیں

سلہ تسلی دینے اور دعا کرنے کے لیے

سلہ میں ان کی غم خواری کا بوجھ نہیں اٹھا سکتا

سلہ جس طرح بشری طبیعت ہے کہ اپنے آپ کو دوسروں پر ترجیح دیتی ہے۔ ان کلمات کے ذریعے سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امت کو تعلیم دی ہے کہ اپنے معاملات کو خدا کے سپرد کرے اور اپنے رب کے سوا کسی پر اعتماد نہ کرے اور نہ ہی امید رکھے ۔

کار خود را بخدا باز گزار کت نمی بینم ازیں بہتر کار

(اپنے معاملات کو خدا کے سپرد کر۔ اس سے بہتر میں کام نہیں جانتا)

یہاں سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کمال عزت و عظمت ربوبیت کے پیش نظر اپنے آپ کو صد بشریت و ضعف عبودیت پر رکھا ہے ورنہ آپ کی ذات اللہ تعالیٰ کے خلیفہ مطلق، نائب کل ہے، آپ جو چاہتے ہیں اللہ تعالیٰ کے حکم سے دیتے اور کرتے ہیں۔

فَإِنَّ مِنْ جُوْدِكَ الدُّنْيَا وَضَرَّتَهَا وَمِنْ عُلُوْمِكَ عِلْمَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ

(دنیا و آخرت آپ کی سخاوت کا ایک قطرہ ہے اور لوح و قلم کا علم آپ کے علوم کا ایک حصہ ہے)

اللہ تعالیٰ اس شاعر کو ہماری طرف سے بہتر جزا دے

سلہ راوی حدیث

سلہ شام کی زمین

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ بلبلہ ، بالفتحہ ، غم ، پریشانی ، فتنہ اور وسوسہ
سنلہ اس کا وجود آخری زمانے میں بیت المقدس کی فتح کے وقت ہوگا

۵۲۱۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اتُّخِذَ الْفَیْءُ دُوَلًا وَّالْاَمَانَةُ مَغْنَمًا وَّالزَّکٰوةُ مَغْرَمًا وَّتُعُلِّمَ لِغَیْرِ الدِّیْنِ وَاَطَاعَ الرَّجُلُ امْرَاَتَهٗ وَعَقَّ اُمَّهٗ وَاَدْنٰی صَدِیْقَهٗ وَاَقْصٰی اَبَاهُ وَظَهَرَتِ الْاَصْوَاتُ فِی الْمَسَاجِدِ وَسَادَ الْقَبِیْلَةَ فَاسِقُهُمْ وَکَانَ زَعِیْمُ الْقَوْمِ اَرْذَلَهُمْ وَاُکْرِمَ الرَّجُلُ مَخَافَةَ شَرِّهٖ وَظَهَرَتِ الْقَیْنَاتُ وَالْمَعَازِفُ وَشُرِبَتِ الْخُمُوْرُ وَلَعَنَ اٰخِرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَوَّلَهَا فَارْتَقِبُوْا عِنْدَ ذٰلِكَ رِیْحًا حَمْرَآءَ وَّزَلْزَلَةً وَّخَسْفًا وَّمَسْخًا وَّقَذْفًا وَّاٰیَاتٍ تَتَابَعُ کَنِظَامٍ قُطِعَ سِلْکُهٗ فَتَتَابَعُ ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب غنیمت کو ذاتی دولت[1] ، امانت[2] کو مال غنیمت اور زکوٰۃ کو تاوان[3] شمار کیا جائے علم دنیاداری کیلئے سیکھے گا[4]، آدمی اپنی بیوی کی اطاعت اور اپنی ماں کی نافرمانی کرے ، اپنے دوست سے نزدیک اور اپنے باپ سے دُور اور مساجد میں آوازیں[5] بلند ہوں ، قبیلے کا سردار[6] ان میں سے بدکردار ہو قوم میں ذلیل آدمی معزز شمار ہوں ۔ آدمی کی عزت اس کے شر سے ڈرتے ہوئے کی جائے[7] ، گانے بجانے والی عورتیں[8] ظاہر ہو جائیں ، شرابیں پی جائیں ۔ اس امت کے آخری لوگ پہلے لوگوں پر لعنت کریں[9] ۔ اس وقت سرخ آندھیوں ، زلزلوں ، زمین میں دھنسنے شکل بدل[10] لینے پتھر برسنے کا انتظار کرنا اور ایسی نشانیوں کا جو اس طرح متواتر آئیں گی جیسے لڑی[11] کا دھاگہ ٹوٹنے پر دانے متواتر گرتے ہیں ۔

(ترمذی)

سلہ وہ غنیمت کا مال جو شرعاً تمام غازیوں کے درمیان مشترک تقسیم ہوتا ہے اسے ارباب مناصب قبضہ میں لا کر اپنے درمیان تقسیم کریں گے فقراء وضعفاء اس سے محروم رہ جائیں گے ۔ دوم دال کے نیچے زیر ، واؤ پر فتحہ دولت کی جمع ، دال پر ضمہ یا فتحہ بمعنی انقلاب زمانہ اور ایک دوسرے کے ہاتھ میں مال کا جانا ۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ بالضم ہو تو اس کا معنی وہ مال جو حاصل شدہ ہو اور بالفتح ہو تو حالتِ شدت وتنگی سے حالتِ سرور وتنعم کی طرف انتقال مراد ہوتا ہے ۔

سلہ امانت وودیعت میں خیانت کرتے ہوئے اسے اس مالِ غنیمت کی طرح خیال کریں جو کافروں سے حاصل کیا جاتا ہے اور ان قبضہ کرنے والوں کا حق ہوتا ہے ۔

سلہ لوگوں پر زکوٰۃ کی ادائیگی اتنی شاق ہوگی کہ گویا ان سے ظلماً تاوان وصول کیا جا رہا ہے

سلہ یعنی شریعت ودین کی اشاعت وترویج کے لیے نہیں بلکہ دنیا ، منصب ، عزت اور بادشاہوں کی خاطر سیکھا جائے گا ۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۵ خصوصًا گانے، مزامیر اور ناچنے والوں کی آواز جیسا کہ آج کل متعارف ہے۔
۶ جو ان کے معاملات کا ذمہ دار ہوگا
۷ جیسے ظالم یا فاسق حاکم غالب آجائے تو لوگوں کو مجبورًا اس کی تعظیم و تکریم کرنا پڑتی ہے۔
۸ مردوزن کا اختلاط ہوگا۔ قینیہ۔ قاف پر فتحہ۔ یاء ساکن نون سے مقدم اس کا معنی اصلًا خوشی کے وقت داد دینا ہے یا مطلق داد ہے۔
۹ آلات سرود جنہیں مزامیر کہا جاتا ہے مثلًا بانسری، طنبورا اور رباب وغیرہ
۱۰ علامہ طیبی فرماتے ہیں کہ خلف۔ سلف پر طعن کریں گے اور انھیں برائی کے ساتھ یاد کریں گے۔ ان کی اطاعت نہیں کریں گے گویا ان پر لعنت کریں گے اور یہ بات نہایت ہی نادرست ہے ایک فرقہ گمراہ رافضی ایسا پیدا ہوا ہے جو صحابہ و تابعین پر لعنت کرتا ہے اللہ تعالیٰ ہمیں معافی عطا فرمائے۔
۱۱ مسخ، ایک صورت کا کسی بری صورت میں تبدیل ہوجانا۔
۱۲ آسمان سے پتھر برسنا
۱۳ نظام بالکسر، موتیوں کی لڑی، بالفتحہ بھی آیا ہے۔ سلک دھاگہ۔ قاموس وصحاح۔ قاموس میں نظام بمعنی مصدر بھی آیا ہے اور اس کو معنی منظوم کرلیا گیا ہے یا بمعنی حاصل بالمصدر ہے جیسا کہ ترجمہ میں آچکا ہے۔

۵۲۱۵ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا فَعَلَتْ أُمَّتِي خَمْسَ عَشَرَةَ خَصْلَةً حَلَّ بِهَا الْبَلَاءُ وَعَدَّ هٰذِهِ الْخِصَالَ وَلَمْ يَذْكُرْ تُعُلِّمَ لِغَيْرِ الدِّيْنِ قَالَ وَبَرَّ صَدِيْقَهُ وَجَفَا أَبَاهُ وَقَالَ وَشُرِبَ الْخَمْرُ وَلُبِسَ الْحَرِيْرُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب میری امت پندرہ عادات اختیار کرلے گی تو ان پر بلاء نازل ہوگی اور یہ خصلتیں گزریں اور انکا تذکرہ نہیں کیا علم غیر دین کے لیے سیکھا جائے گا، فرمایا دوست سے پیار مگر اپنے والد سے ظلم اور فرمایا شراب پی جائے گی اور ریشم پہنا جائیگا۔ (ترمذی)

۱ یہ صاحب مصابیح کا قول ہے کیونکہ ترمذی نے دو احادیث پے در پے ذکر کرکے ان پندرہ کا تذکرہ کیا ہے کذا قال الطیبی اور ان کی خصلتوں کی تعداد وہاں سولہ ہے
۲ یہاں دو احادیث کے الفاظ میں اختلاف ہے پہلے لفظ ادنی صدیقہ واقصی اباہ کے الفاظ تھے یہاں بر صدیقہ وجفا اباہ ہے۔
۳ لعن آخر ہذہ الامۃ کی جگہ لبس الحریر کے الفاظ ہیں۔

۵۲۱۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَذْهَبُ

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

الدُّنْيَا حَتّٰى يَمْلِكَ الْعَرَبَ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ بَيْتِيْ يُوَاطِئُ اسْمُهٗ اِسْمِيْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ فِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ قَالَ لَوْلَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا يَوْمٌ لَطَوَّلَ اللّٰهُ تَعَالٰى ذٰلِكَ الْيَوْمَ حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْهِ رَجُلًا مِّنِّيْ اَوْ مِنْ اَهْلِ بَيْتِيْ يُوَاطِئُ اسْمُهٗ اِسْمِيْ وَاسْمُ اَبِيْهِ اِسْمَ اَبِيْ يَمْلَأُ الْاَرْضَ قِسْطًا وَّعَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَّجَوْرًا۔

دنیا ختم نہ ہوگی حتیٰ کہ عرب[1] کا بادشاہ ایک شخص میرے اہل بیت سے ہے گا جس کا نام میرے نام کے موافق ہوگا (ترمذی، ابوداؤد کی روایت[2] میں ہے کہ فرمایا اگر دنیا کا صرف ایک دن باقی رہا تو اللہ اس دن کو دراز فرمادیگا حتیٰ کہ اس دن میں ایک شخص دیگا جو مجھ سے یا میرے گھر والوں سے ہے اس کا نام میرے نام کے موافق اور اس کے باپ کا نام میرے باپ کے نام کے موافق ہوگا وہ آسمان وزمین کو انصاف وعدل سے بھر دیگا جیسے وہ ظلم وزیادتیوں[3] سے بھری تھی۔

[1] عرب کی تخصیص اصل ہونے کی وجہ سے کی اور نہ دوسری حدیث میں تمام دنیا عرب وعجم کے مالک ہونے کا ذکر ہے۔

[2] ابوداؤد کی روایت

[3] قسط وعدل ہم معنی ہیں، جیسے کہ جور وظلم۔ صراح میں ہے قسط، عدل والنصاف کا مہیا کرنا۔ یہ ظلم وستم کے خلاف ہے ظلم کا معنی ہے شے کو غیر محل میں رکھنا ہے جور راہِ راست سے ہٹنا مثلاً کہا جاتا ہے جار عن الطریق (وہ راستے سے ہٹ گیا) اور فیصلہ کرنے میں کسی پر ظلم کرنا۔ قاموس میں یہی کہا گیا ہے گویا حدیث میں تاکید وپختگی ہے یا میں کہتا ہوں کہ یہاں قسط سے مراد انصاف کرنے والوں کا انصاف، عدل عدالت اور حقوق میں برابری ہے اور ظلم وجور سے مراد اس کے مقابل معانی ہوں گے۔

۵۲۱۷ / ۱۷ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْمَهْدِيُّ[1] مِنْ عِتْرَتِيْ مِنْ اَوْلَادِ فَاطِمَةَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ مہدی میری عترت[1] سے فاطمہ کی اولاد سے ہوگا۔ (ابوداؤد)

[1] عترت، عین کے نیچے زیر، نسل، گروہ اور نزدیکی جیسا کہ گزرا ہے۔ صراح میں آیا ہے کہ عترت سے مراد مرد کے نزدیکی رشتہ دار اور اپنے ہوتے ہیں۔ نہایہ میں ہے کہ مرد کی عترت اس کے اپنے ہوتے ہیں حضور علیہ السلام کے خویش تمام اولاد عبدالمطلب ہے۔ بعض نے کہا کہ اہل بیت یعنی اولاد مراد ہے۔ بعض نے کہا تمام قریش عترت مراد ہیں مشہور یہ ہے کہ عترت وہ ہے جس پر زکوٰۃ حرام ہے اور وہ اولاد ہاشم ہے۔ ان تمام اقوال پر آپ کا یہ فرمانا کہ وہ اولاد فاطمہ سے ہونگے انھیں مخصوص کرنا ہے۔

۵۲۱۸ / ۱۸ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَهْدِيُّ مِنِّيْ[1] اَجْلَى الْجَبْهَةِ اَقْنَى الْاَنْفِ يَمْلَاُ الْاَرْضَ قِسْطًا وَّعَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَّجَوْرًا يَمْلِكُ سَبْعَ سِنِيْنَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مہدی مجھ سے ہیں، چوڑی پیشانی والے، اونچی ناک والے۔ زمین کو عدل وانصاف سے بھر دیں گے جیسے وہ ظلم وستم سے بھری ہوئی تھی، سات سال سلطنت کریں گے۔ (ابوداؤد)

لہ میری اولاد میں سے ہیں۔

۵۲۱۹ (۱۹) وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قِصَّةِ الْمَهْدِيِّ قَالَ فَيَجِيْءُ اِلَيْهِ الرَّجُلُ فَيَقُوْلُ يَا مَهْدِيُّ اَعْطِنِيْ اَعْطِنِيْ قَالَ فَيَحْثِيْ لَهٗ فِيْ ثَوْبِهٖ مَا اسْتَطَاعَ اَنْ يَحْمِلَهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

اور انہی سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قصہ مہدی میں فرمایا: ایک شخص مہدی کے پاس آکر کہے گا: مجھے دیجیے مجھے دیجیے۔ فرمایا: آپ اس کے کپڑے میں لپ بھر کر ڈالتے رہیں[1] گے جس قدر وہ اٹھانے کی طاقت رکھے گا۔ (ترمذی)

لہ دراہم ودنانیر یعنی بے شمار اور بے حساب دیں گے جیسا کہ گزرا۔

۵۲۲۰ (۲۰) وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَكُوْنُ اخْتِلَافٌ عِنْدَ مَوْتِ خَلِيْفَةٍ فَيَخْرُجُ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ هَارِبًا اِلٰى مَكَّةَ فَيَاْتِيْهِ نَاسٌ مِّنْ اَهْلِ مَكَّةَ فَيُخْرِجُوْنَهٗ وَهُوَ كَارِهٌ فَيُبَايِعُوْنَهٗ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ وَيُبْعَثُ اِلَيْهِ بَعْثٌ مِّنَ الشَّامِ فَيُخْسَفُ بِهِمْ بِالْبَيْدَاءِ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ فَاِذَا رَاَى النَّاسُ ذٰلِكَ اَتَاهُ اَبْدَالُ الشَّامِ وَعَصَائِبُ اَهْلِ الْعِرَاقِ فَيُبَايِعُوْنَهٗ ثُمَّ يَنْشَاُ رَجُلٌ مِّنْ قُرَيْشٍ اَخْوَالُهٗ كَلْبٌ فَيَبْعَثُ اِلَيْهِمْ بَعْثًا فَيَظْهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ وَذٰلِكَ بَعْثُ كَلْبٍ وَيَعْمَلُ فِي النَّاسِ بِسُنَّةِ نَبِيِّهِمْ وَيُلْقِي الْاِسْلَامُ بِجِرَانِهٖ فِي الْاَرْضِ فَيَلْبَثُ سَبْعَ سِنِيْنَ ثُمَّ يُتَوَفّٰى وَيُصَلِّيْ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک خلیفہ کی وفات کے وقت[1] اختلاف ہوگا تو ایک شخص اہل مدینہ سے مکہ معظمہ کی طرف بھاگتے ہوئے نکلے گا تو مکہ والوں میں سے کچھ لوگ اس کے پاس آئیں گے اسے باہر لائیں گے حالانکہ وہ اسے ناپسند کرتا ہوگا، یہ لوگ اس مقام سے مقام ابراہیم اور حجر اسود کے درمیان بیعت کریں گے اور ان کی طرف شام سے ایک لشکر بھیجا جائے گا اسے مکہ و مدینہ کے درمیان ایک میدان میں دھنسا دیا جائے گا جب یہ لوگ دیکھیں گے تو ان کے پاس شام کے ابدال اور عراق والوں کی جماعتیں آئیں گی تو اس سے بیعت کریں گے پھر قریش کا ایک شخص آئے گا جس کے ماموں بنو کلب ہوں گے وہ ان کی طرف ایک لشکر بھیجے گا وہ ان پر غالب آئیں گے یہ بنی کلب کا لشکر ہوگا وہ لوگوں میں ان کے نبی کی سنت پر عمل کرے گا اور اسلام زمین میں اپنی گردن بچھا دے گا

Scanned By Marfat.com — Downloaded From Paksociety.com

عَلَيْهِ الْمُسْلِمُوْنَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوْدَ)

پھر وہ سات سال قیام کریں گے، پھر وفات پا جائیں گے اور ان پر مسلمان نماز پڑھیں گے۔ (ابوداؤد)

ل جو آخری زمانے میں ہوگا۔

۲ جو امامت کا دعویٰ کرے گا

۳ اسے باہر لائیں گے اور اسے خواہش و مجبوری سے امام بنائیں گے۔

۴ شارحین نے فرمایا اس سے مراد امام مہدی ہیں

۵ اس وقت کا حاکم شام امام مہدی کے خلاف جنگ کے لیے لشکر بھیجے گا۔

۶ بیداء، یہ مکہ و مدینہ کے درمیان جگہ کا نام ہے لغت میں بیداء بمعنی بیاباں اور ہموار زمین ہے۔ اس لشکر سے مراد لشکر سفیانی ہے اور فتنہ امارت سفیانی کا ہے جو امام مہدی کے خروج کی علامت ہوگی، اس بارے میں متعدد احادیث مروی ہیں جو درجہ تواتر کے قریب ہیں ان میں سے ایک حدیث صحیح یہ ہے کہ امیر المومنین حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: سفیانی، خالد بن یزید بن ابی سفیان اموی کی اولاد میں سے ایک آدمی ہوگا اس کا سر بڑا اور آنکھوں میں سفیدی ہوگی، دمشق کی جانب سے آئے گا اس کے ماننے والے اکثر اس قبیلہ کے ہوں گے جس کا نام کلب ہوگا۔ یہ بہت زیادہ لوگوں کو قتل کریں گے حتیٰ کہ عورتوں کے پیٹ چیر کر ان کے بچوں کو قتل کریں گے جب یہ امام مہدی کی خبر سنیں گے تو ان کے ساتھ جنگ کے لیے لشکر بھیجیں گے وہ لشکر شکست کھا جائے گا اس کے بعد سفیان خود لشکر لیکر امام مہدی کے خلاف جائے گا اور اس کا یہ لشکر مقام بیداء پر دھنس جائے گا ان میں سے کوئی نہیں بچے گا مگر وہ شخص جو امام مہدی تک اس کی خبر پہنچائے گا

۷ جب لوگ سفیانی کی ہلاکت کو دیکھیں گے۔

۸ امام مہدی کے پاس

۹ ابدال ان افراد کو کہتے ہیں جن کی برکت سے اللہ تعالیٰ زمین کو قائم رکھتا ہے ان کی تعداد ستر ہے ان میں سے چالیس ملک شام میں اور تیس دیگر علاقوں میں رہتے ہیں ان میں سے جب ایک فوت ہو جاتا ہے تو اس کی جگہ دوسروں کو منتخب کیا جاتا ہے اور ان کا تذکرہ احادیث میں موجود ہے۔ امام سیوطی شرح سنن ابی داؤد میں لکھتے ہیں کہ سوائے ابوداؤد کی اس حدیث کے صحاح ستہ میں ابدال کے بارے میں کوئی حدیث نہیں، حاکم نے بھی اس حدیث کی تخریج کی اور اسے صحیح قرار دیا۔ لیکن سیوطی نے جمع الجوامع میں لکھا کہ صحاح ستہ کے علاوہ دیگر کتب میں بہت سی احادیث موجود ہیں اور اکثر احادیث میں تعداد چالیس ہے اور بعض میں تیس ہے۔ حدیث میں حضرت امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے۔ ابدال اس درجہ کو صرف زیادہ نماز اور روزہ اور صدقہ سے نہیں پاتا اور لوگوں سے ممتاز نہیں ہوتا بلکہ اس میں سخاوت نفس، سلامت قلب، مسلمانوں کی خیر خواہی کثرت کے ساتھ پائی جاتی ہے۔ رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے علی! امت میں ابدال کی صفت والے لوگ سرخ گندھک (جو بہت نایاب ہے) سے بھی کم ہیں۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

دوسری حدیث میں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ جس میں یہ تین صفات ہوں گی وہ ابدال میں سے ہوگا (۱) رضا بالقضاء (۲) نافرمانی کے کاموں سے باز رہنا (۳) دینِ خدا کے لیے غضب ناک ہونا۔ امام غزالی نے بھی احیاء العلوم میں لکھا کہ جو شخص یہ دعا ہر روز تین بار پڑھے گا، اے اللہ! حضور کی امت کو معاف کر دے، اے اللہ! امتِ محمدی پر رحم فرما، اے اللہ! حضور کی امت سے درگزر فرما، اسے درجہ ابدال مل جاتا ہے۔ الغرض جو شخص صفات ذمیمہ ختم کر کے خلق کی بھلائی اپنے اندر پیدا کر لیتا ہے، وہ ابدال میں سے ہوتا ہے، باقی عراقی جماعتوں سے مراد اللہ کے وہ بندے ہیں جنہیں عصائب کہا جاتا ہے جیسے کہ ابدال۔ امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ابدال شام میں، نجباء مصر میں اور عصائب عراق میں رہتے ہیں۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ عصائب سے مراد لوگوں میں سے نیک زاہد اور عابد ہیں۔ عصب القوم عین اور صاد دونوں پر فتحہ ہے، لغت میں قوم کے نیک لوگوں کو کہا جاتا ہے۔

۱۰؎ مخالفت مہدی میں

۱۱؎ اس کے والدہ کے بھائیوں کا تعلق قبیلہ کلب سے ہوگا۔ یہ عرب کا مشہور قبیلہ ہے حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسی خاندان سے ہیں۔

۱۲؎ امام مہدی کے خلاف لشکر بھیجے گا اور اپنے اخوال کیلئے بنو کلب سے مدد کا خواستگار ہوگا۔

۱۳؎ امام مہدی کا لشکر ان پر غالب آجائے گا

۱۴؎ جران، جیم کے نیچے کسرہ، واؤ مخفف، آخر میں نون ہے، اس سے مراد اونٹ کا ذبح کرتے وقت، بیٹھتے وقت، استراحت و قرار حاصل کرتے وقت گردن کو زمین پر رکھنا ہے یہاں اسلام کا غلبہ اور تمکن و استمرار مراد ہے کہ کوئی ہرج مرج نہیں رہے گا۔ جنگ و جدال کا نشان تک ختم ہو جائے گا اور اسلام اور احکام سنت کو قرار و دوام حاصل ہوگا۔

۵۲۲۱ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ ذَکَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَلَاءً یُّصِیْبُ ہٰذِہِ الْاُمَّۃَ حَتّٰی لَا یَجِدَ الرَّجُلُ مَلْجَاً یَّلْجَاُ اِلَیْہِ مِنَ الظُّلْمِ فَیَبْعَثُ اللّٰہُ رَجُلًا مِّنْ عِتْرَتِیْ وَاَہْلِ بَیْتِیْ فَیَمْلَاُ بِہِ الْاَرْضَ قِسْطًا وَّعَدْلًا کَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَّجَوْرًا یَرْضٰی عَنْہُ سَاکِنُ السَّمَآءِ وَسَاکِنُ الْاَرْضِ لَا تَدَعُ السَّمَآءُ مِنْ قَطْرِہَا شَیْئًا اِلَّا صَبَّتْہُ مِدْرَارًا وَّلَا تَدَعُ الْاَرْضُ مِنْ نَّبَاتِہَا شَیْئًا اِلَّا اَخْرَجَتْہُ حَتّٰی یَتَمَنَّی الْاَحْیَاءُ الْاَمْوَاتَ یَعِیْشُ فِیْ ذٰلِکَ سَبْعَ سِنِیْنَ اَوْ ثَمَانَ سِنِیْنَ اَوْ تِسْعَ سِنِیْنَ۔

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس بلاء کا ذکر فرمایا جو اس امت کو پہنچے گی حتیٰ کہ آدمی جائے پناہ نہ پائے گا جہاں ظلم سے پناہ لے تو اللہ تعالیٰ میری اولاد اور میرے گھر والوں سے ایک شخص کو بھیجے گا کہ وہ زمین کو عدل و انصاف سے بھر دے گا جیسے وہ ظلم و ستم سے بھری ہوئی تھی آسمان و زمین کے رہنے والے خوش ہوں گے آسمان اپنا کوئی قطرہ نہ چھوڑے گا مگر وہ برسا دے گا بہتا ہوا اور زمین اپنی کوئی بوٹی نہیں چھوڑے گی حتیٰ کہ اسے اگا دے گی یہاں تک کہ زندہ لوگ مرنے والوں کی تمنا کریں گے وہ اسی حالت میں سات سال یا آٹھ سال یا نو سال

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاہُ الْحَاکِمُ فِی مُسْتَدْرَکِہٖ) زندہ رہیں گے ۔

۱؎ ورر، وال پر زبر باشد، کثرت کے ساتھ بارش کا برسنا۔

۲؎ یعنی امام مہدی کے دور میں بارشیں خوب ہوں گی زمین فصل خوب اگائے گی اور زندگی میں عیش و آرام ہوگا۔

۳؎ زندہ کہتے، کاش! یہ مرنے والے ہمارے دور میں ہوتے تو عیش و عشرت پاتے ۔
بعض نے احیاء کو بکسر ہمزہ پڑھا ہے یعنی یہ آرزو کریں گے کہ اللہ تعالیٰ مردوں کو زندہ کر دے اگر یہ ثابت ہو تو پھر محض بطور فرض و تقدیر ہوگا ورنہ محض احتمال ہی ہے ۔

۴؎ یہ راوی کو شک ہے یا حضور علیہ السلام نے اس وقت اسے مبہم رکھا بعد میں اس کی تعیین فرما دی ۔

۵؎ یہاں کتاب میں بیاض ہے البتہ اس حدیث کو امام حاکم نے مستدرک میں روایت کر کے صحیح کہا ہے ۔

۵۲۲۲ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَخْرُجُ رَجُلٌ مِّنْ وَّرَآءِ النَّھْرِ یُقَالُ لَہُ الْحَارِثُ حَرَّاثٌ عَلٰی مُقَدِّمَتِہٖ رَجُلٌ یُقَالُ لَہٗ مَنْصُوْرٌ یُوَطِّنُ اَوْ یُمَکِّنُ لِاٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا مَکَّنَتْ قُرَیْشٌ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَجَبَ عَلٰی کُلِّ مُؤْمِنٍ نَصْرُہٗ اَوْ قَالَ اِجَابَتُہٗ ۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ماوراء النہر سے ایک شخص نکلے گا جسے حارث کہا جائے گا کسان ہوگا اس کے لشکر کے اگلے حصے میں ایک شخص ہوگا جسے منصور کہا جائے گا وہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اولاد کو ایسی ہی جگہ دے گا جیسے قریش نے اللہ کے رسول کو دی ہر مسلمان پر اس کی مدد ضروری ہے یا فرمایا اس کی بات ماننا ضروری ہے ۔

۱؎ مصابیح کے بعض نسخوں میں وراء النہر کے الفاظ ہیں

۲؎ یہ دونوں نام یا دونوں صفات ہو سکتی ہیں۔ الغرض خواہ بطریق علم ہو یا بطریق وصف اس کے یہ دو نام ہوں گے ۔

۳؎ حارث نامی شخص

۴؎ یوطن او یمکن ۔ راوی کو شک ہے کہ کون سا لفظ کہا

۵؎ راوی کو شک ہے کہ نصرہ کہا یا اجابتہ کہا یہ حدیث اس معاملہ میں واضح ہے کہ وہ شخص امامت و خلافت کا دعویٰ کرے گا اور اہل ایمان پر اس کی اطاعت لازم ہوگی یہ بھی ممکن ہے یہ بات بطور تعلیم و ارشاد اور ہدایت ہو نصرت اجابت سے مراد اعتقاد و محبت ہو۔

۵۲۲۳ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالَّذِیْ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی تُکَلِّمَ السِّبَاعُ الْاِنْسَ وَحَتّٰی تُکَلِّمَ الرَّجُلَ عَذَبَۃُ سَوْطِہٖ وَشِرَاکُ نَعْلِہٖ یُخْبِرُہٗ فَخِذُہٗ بِمَا اَحْدَثَ اَھْلُہٗ بَعْدَہٗ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے قیامت نہ آئے گی حتی کہ درندے انسانوں سے باتیں کریں گے اور حتی کہ آدمی سے اس کے کوڑے کا پھندنا اور جوتے کا تسمہ باتیں کرے گا اور اس کی ران اسے وہ سب کچھ بتا دے گی جو اس کے گھر والوں نے اس کے پیچھے کیا۔ (ترمذی)

لہ عذبہ بحرکات ہر چیز کی طرف - قاموس و صراح میں ہے عذبۃ اللسان زبان کی تیزی۔ عذبۃ السوط تازیانہ کا، عذبۃ المیزان وہ رسی جو ترازو کو اٹھائے ہوئے ہوتی ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۵۲۲۴ عَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْاٰیَاتُ بَعْدَ الْمِائَتَیْنِ۔ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بڑی نشانیاں دو سو سال کے بعد ہیں (ابن ماجہ)

لہ اسلام کی آمد کے دو سو سال بعد قیامت کی نشانیوں کا پے در پے اظہار شروع ہو جائے گا یا آپ کے وصال مبارک کے بعد دو سو سال مراد ہیں۔ دو سو سال کی ابتداء ہجرت سے بھی ہو سکتی ہے۔

۵۲۲۵ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَیْتُمُ الرَّایَاتِ السُّوْدَ قَدْ جَاءَتْ مِنْ قِبَلِ خُرَاسَانَ فَاْتُوْھَا فَاِنَّ فِیْھَا خَلِیْفَۃَ اللّٰہِ الْمَھْدِیَّ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالْبَیْھَقِیُّ فِیْ دَلَائِلِ النُّبُوَّۃِ)

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم کالے جھنڈے دیکھو خراسان کی طرف سے آتے ہوئے تو تم وہاں جانا کیونکہ اس میں اللہ کا خلیفہ مہدی ہے لہ (مسند احمد، دلائل النبوۃ للبیہقی)

لہ اس واقعہ اور اس کی مثل دوسرے واقعات کی تفصیل کے لیے حضرت شیخ علی متقی قدس سرہ کے اس رسالہ کی طرف رجوع کرنا چاہیے جو انھوں نے علامات مہدی میں تحریر فرمایا ہے۔

۵۲۲۶ وَعَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ قَالَ قَالَ عَلِیٌّ وَنَظَرَ اِلَی ابْنِہِ الْحَسَنِ قَالَ اِنَّ ابْنِیْ ھٰذَا سَیِّدٌ کَمَا سَمَّاہُ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَسَیَخْرُجُ مِنْ صُلْبِہٖ رَجُلٌ یُسَمّٰی بِاسْمِ نَبِیِّکُمْ یُشْبِھُہٗ فِی الْخُلُقِ وَلَا یُشْبِھُہٗ

حضرت ابو اسحاق لہ سے مروی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے بیٹے امام حسن کو دیکھ کر فرمایا یہ میرا بیٹا سید ہے جیسے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے سید فرمایا اس کی پشت سے ایک شخص پیدا ہو گا جو تمہارے نبی کے نام سے موسوم ہو گا

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

فِي الْخَلْقِ ثُمَّ ذَكَرَ قِصَّةً يَمْلَأُ الْأَرْضَ عَدْلًا۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاؤُدَ وَلَمْ يَذْكُرِ الْقِصَّةَ)

عادت میں ان کے مشابہ مگر صورت میں مشابہ نہ ہوگا پھر پورا واقعہ بیان کیا کہ وہ زمین کو انصاف سے بھر دے گا (ابوداؤد) اور قصہ ذکر نہ کیا۔

۱؎ ابو اسحاق سبیعی کبار تابعین میں سے ہیں انھوں نے حضرت علی، حضرت ابن عباس اور حضرت ابن عمر اور دیگر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی زیارت کی ہے انھوں نے اڑتیس فقیہ صحابہ سے حدیث سنی ہے۔ شعبہ کہتے ہیں کہ یہ حدیث میں امام حسن اور امام ابن سیرین اور مجاہد سے افضل ہیں سبیعی سین پر زبر یا نسبت مکسور سبیع ایک شخص کا نام تھا

۲؎ سیرت باطنی میں مشابہت ہوگی۔

۳؎ در صورت ظاہر یعنی تمام وجوہ کے لحاظ سے ورنہ بعض احادیث میں بعض چیزوں میں مشابہت بھی ثابت ہے

۴؎ واضح رہے کہ امام مہدی کا سیدہ فاطمہ کی اولاد سے ہونا حد تواتر کو پہنچا ہوا ہے لیکن اس میں یہ قید نہیں کہ امام حسن یا امام حسین کی اولاد میں سے ہوں گے، بعض احادیث میں ان کا امام حسن کی اولاد میں سے ہونا ثابت ہے جیسا کہ امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی حدیث میں ہے۔ بعض میں امام حسین کی اولاد میں سے ہونا بھی مذکور ہے۔ بعض احادیث غریبہ میں حضرت عباس کی اولاد سے ہونے کا بھی ذکر آیا ہے۔ شیخ ابن حجر ہیثمی مکی نے ان احادیث میں یوں تطبیق دی ہے کہ ایک شخص کی ولادت میں جہات مختلف ہوسکتی ہیں۔ اب دونوں اماموں کی طرف نسبت ہوسکتی ہے البتہ امام حسن کی طرف نسبت ولادت عظمیٰ ہوگی کیونکہ ان کا تذکرہ اکثر احادیث میں آیا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ ان کی ایک والدہ خاندان عباسیہ سے ہو۔

۵۲۲۷ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ فُقِدَ الْجَرَادُ فِي سَنَةٍ مِنْ سِنِي عُمَرَ الَّتِي تُوُفِّيَ فِيهَا فَاهْتَمَّ بِذٰلِكَ هَمًّا شَدِيْدًا فَبَعَثَ إِلَى الْيَمَنِ رَاكِبًا وَرَاكِبًا إِلَى الْعِرَاقِ وَرَاكِبًا إِلَى الشَّامِ يَسْأَلُ عَنِ الْجَرَادِ هَلْ أُرِيَ مِنْهُ شَيْئًا فَأَتَاهُ الرَّاكِبُ الَّذِي مِنْ قِبَلِ الْيَمَنِ بِقَبْضَةٍ فَنَشَرَهَا بَيْنَ يَدَيْهِ فَلَمَّا رَاٰهَا عُمَرُ كَبَّرَ وَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ خَلَقَ أَلْفَ أُمَّةٍ سِتُّ مِائَةٍ مِنْهَا فِي الْبَحْرِ وَأَرْبَعُ مِائَةٍ فِي الْبَرِّ فَإِنَّ أَوَّلَ هَلَاكِ هٰذِهِ الْأُمَمِ الْجَرَادُ فَإِذَا هَلَكَتِ الْجَرَادُ تَتَابَعَتِ الْأُمَمُ كَنِظَامِ السِّلْكِ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت عمر کے برسوں میں سے اس برس جس میں آپ کا وصال ہوا ٹڈی کم ہوگئی تو آپ اس سے سخت غمگین ہوئے آپ نے ایک سوار یمن کی طرف اور ایک سوار عراق کی طرف اور ایک سوار شام کی طرف بھیجا۔ ٹڈی کے متعلق سوال فرماتے تھے کہ کیا کچھ ٹڈیاں دیکھی گئیں تو آپ کے پاس وہ سوار جو یمن گیا تھا مٹھی بھر ٹڈیاں لایا اور آپ کے سامنے بکھیر دیں جب انھیں دیکھا تو حضرت عمر نے تکبیر کہی اور فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ عزوجل نے ایک ہزار امتیں پیدا کیں جن میں سے چھ سو دریا میں ہیں اور چار سو خشکی میں اور سب سے پہلے ہلاکت میں ٹڈی ہے جب ٹڈی

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ

ہلاک ہو جائے گی تو دوسری امتیں لگاتار ہلاک ہوں گی جیسے لڑی کا دھاگہ ۵ (بیہقی، شعب الایمان)

۱ خلافت کے سال

۲ جس سال حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال ہوا اس سال ٹڈی وہاں نہ تھی۔

۳ وہ سوار لوگوں سے ٹڈی کے بارے میں پوچھتا یہ بھی احتمال ہے کہ یسأل کی ضمیر حضرت عمر کی طرف لوٹے۔

۴ بعض نسخوں میں لفظ ہلاک نہیں صرف اتنا ہے ان ہزار میں سے پہلی ٹڈی ہے۔

۵ جیسے لڑی سے لگاتار دانے گر پڑتے ہیں۔

۲۴۰- بَابُ الْعَلَامَاتِ بَیْنَ یَدَیِ السَّاعَۃِ وَذِکْرِ الدَّجَّالِ

قربِ قیامت کی نشانیاں اور دجال

اس باب میں قربِ قیامت واقع ہونے والی بڑی نشانیوں کا ذکر ہے۔ جیسا کہ سابقہ باب میں چھوٹی نشانیوں کا تذکرہ ہوا۔ جب امام مہدی کا تذکرہ ان احادیث میں آچکا جن میں ان فتنوں اور لڑائیوں کا بیان ہے جو ان کے ظاہر ہونے سے پہلے ہوں گی اور آپ کے ظاہر ہونے پر وہ ختم ہو جائیں گی اس وجہ سے ان کا تذکرہ اس باب میں ہوا ہے۔ واضح ہو کہ وہ احادیث و اخبار جو دس نشانیوں کے بارے میں مصنف نے ذکر کی ہیں ان میں اختلاف ہے ان کے درمیان موافقت بیان کرنے کے سلسلے میں تطبیق و توفیق میں طویل گفتگو ہو سکتا ہے ان میں سے بعض کے ضمن میں کسی قدر بیان کی جائے۔ ان میں سب سے اہم و اعظم مصیبت دجال کا وجود ہے اور اس کے بارے میں احادیث متعدد ہیں۔ دجال، دجل سے بنا جس کا معنی ہے خلط ملط کرنا، مکر اور دھوکہ کے ہیں۔ دجل الحق بالباطل اس وقت کہتے ہیں جب کوئی حق کو باطل سے ملا دے۔ اس کا معنی کذب بھی ہے ان تمام معانی کا دجال میں پایا جانا واضح ہے اور دجال کے دیگر معانی اور اس کی وجہ تسمیہ قاموس میں تفصیلاً ہے۔ شرح میں انھیں ہم ... ذکر بھی کریں گے۔ لفظ مسیح اس کے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان مشترک ہے اور اکثر طور پر یہ ہوتا ہے مسیح کے اطلاق کے وقت دجال کے ساتھ مقید کیا جاتا ہے مگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لیے مطلقاً مذکور ہوتا ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو مسیح کہنے کی وجہ یہ ہے کہ جب وہ کسی کوڑھے اور برص والے کو مس کرتے تو وہ صحیح ہو جاتا تھا اور اس وجہ سے بھی کہ والدہ کے شکم سے تمام اس آلائش اور میل کچیل سے پاک پیدا ہوئے جو بچے پر ولادت کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وفت ہوتی ہے۔ بعض کے نزدیک مسیح کا معنی یہی ہے یا اس وجہ سے کہ ان کے پاؤں ہموار تھے۔ ان میں خم نہیں تھا جیسے کہ اکثر لوگوں کے پاؤں میں ہوتا ہے یا اس وجہ سے کہ انھوں نے زمین پر زیادہ مسافت طے کی۔ یہ وجہ ان کے اور دجال کے درمیان مشترک ہے، دجال کو مسیح اس لیے کہا جاتا ہے کہ اس کی ایک آنکھ نہیں ہوگی بلکہ جگہ ہموار ہوگی۔ ممسوح الوجہ اور مسیح الوجہ اس شخص کو کہا جاتا ہے جس کے چہرے کی ایک طرف ہموار ہو اور آنکھ وابرو نہ ہو یا اس وجہ سے کہ اس کی وجہ سے خیر بھلائی ختم ہو جائے گی جیسے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وجہ سے شر اور برائی محو ہو جائے گی۔ پس دجال مسیح الضلالۃ اور حضرت عیسیٰ مسیح الہدایہ ٹھہرے۔ اس وجہ سے حضرت عیسیٰ کے لیے مسیح کا لفظ میم کے نیچے زیر اور سین مشدد سے بھی آیا ہے۔ بعض کے نزدیک مشدد دجال کا نام ہے اور مخفف حضرت عیسیٰ کا اور جو یہ کہا گیا ہے کہ دجال کا نام خاء کے ساتھ مسیخ ہے غلط ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۵۲۲۸ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيْدِنِ الْغِفَارِيِّ قَالَ اطَّلَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْنَا وَ نَحْنُ نَتَذَاكَرُ فَقَالَ مَا تَذْكُرُوْنَ قَالُوْا نَذْكُرُ السَّاعَةَ قَالَ إِنَّهَا لَنْ تَقُوْمَ حَتّٰى تَرَوْا قَبْلَهَا عَشْرَ اٰيَاتٍ فَذَكَرَ الدُّخَانَ وَالدَّجَّالَ وَ الدَّابَّةَ وَطُلُوْعَ الشَّمْسِ مِنْ مَّغْرِبِهَا وَنُزُوْلَ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَيَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ وَثَلٰثَةَ خُسُوْفٍ خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ وَخَسْفٌ بِجَزِيْرَةِ الْعَرَبِ وَاٰخِرُ ذٰلِكَ نَارٌ تَخْرُجُ مِنَ الْيَمَنِ تَطْرُدُ النَّاسَ إِلٰى مَحْشَرِهِمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ نَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدَنٍ تَسُوْقُ النَّاسَ إِلَى الْمَحْشَرِ وَفِيْ رِوَايَةٍ فِي الْعَاشِرَةِ وَرِيْحٌ تُلْقِي النَّاسَ فِي الْبَحْرِ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت حذیفہ بن اسید غفاری سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہماری طرف دیکھا حالانکہ ہم کوئی تذکرہ کر رہے تھے فرمایا کس کا ذکر کر رہے ہو؟ عرض کیا قیامت کا۔ فرمایا وہ قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ اس سے پہلے اس کی نشانیاں نہ دیکھ لو۔ آپ نے دھواں [1]، دجال [2]، دابۃ الارض، سورج کا مغرب کی طرف سے طلوع ہونا، حضرت عیسیٰ کا نزول، یاجوج ماجوج [3] کا نکلنا، تین جگہ زمین کا دھنسنا یعنی مغرب، مشرق اور جزیرہ عرب میں زمین کا بیٹھ جانا اور آخر میں ایک آگ ہوگی جو یمن کی طرف سے نکلے گی اور لوگوں کو محشر کی طرف دھکیل کر لے جائے گی دوسری روایت میں ہے کہ قعر عدن سے آگ نکلے گی اور لوگوں کو محشر کی طرف ہانکے گی۔ تیسری روایت میں دسویں نشانی کے متعلق ہے کہ ایک آندھی ہوگی جو لوگوں کو سمندر میں ڈال دے گی۔ (مسلم)

سلہ اسید، ہمزہ پر زبر اور سین کے نیچے زیر، یہ بیعت رضوان میں شامل تھے بعض نے کہا کہ جس پہلے غزدہ میں یہ شریک ہوئے وہ حدیبیہ ہے لیکن درخت کے نیچے بیعت نہ کر سکے۔ کوفہ میں رہے۔ اہل کوفہ میں سے ہی شمار ہوتے ہیں حضور علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں اور ان سے ابو الطفیل اور شعبی نے روایت کیا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سے ایسا دھواں ہوگا جو مشرق ومغرب کو ڈھانپ لے گا اور چالیس دن تک رہے گا مسلمانوں کو زکام کی طرح ہوگا اور کافر مدہوش، جیسا کہ دوسری حدیث میں ہے، قرآن مجید کی سورۂ دخان میں ہے

حضرت حذیفہ اور ان کے اتباع کرنے والے کہتے ہیں کہ اس آیت سے یہی دھواں مراد ہے اور حضرت عبداللہ بن مسعود اور ان کے متبعین کے نزدیک اس دھوئیں سے مراد وہ قحط ہے جو قریش پر حضور علیہ السلام کی ظاہری حیات میں آپ کی اس دعا کے نتیجہ میں مسلط کیا گیا۔ اے اللہ ان پر سات سال تک قحط مسلط فرما جیسے کہ اہل مصر پر حضرت یوسف علیہ السلام کے دور میں مسلط کیا گیا وہ چیڑہ اور مردار کھاتے اور ہوا کو مثل دھواں دیکھتے کیونکہ بھوک کی وجہ سے جب نظر کمزور ہوجاتی ہے تو ایسے شخص کو سواد دھوئیں کے مانند نظر آتی ہے اور اسے تیرہ وتاریک دیکھتا ہے اور یہ بھی ہوتا ہے کہ خشک سالی اور قحط کی وجہ سے ہوا کثرت غبار سے آلودہ ہوکر تاریکی کی طرح ہوجاتی ہے اور عرب سخت حادثہ اور شر کو بھی دھوئیں کا نام دے دیتے ہیں۔ بخاری میں اس سلسلہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود سے احادیث مروی ہیں۔

سے دجال اور اس کے احوال کا تذکرہ فرمایا۔

سے اس چارپائے کا ذکر کیا جو مسجد حرام سے صفا ومروہ کے درمیان سے باہر آئے گا اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد گرامی وَاَخْرَجْنَا لَهُمْ دَابَّةً مِّنَ الْاَرْضِ اس پر محمول ہے۔ شارحین نے بیان کیا کہ اس کا قد ساٹھ گز ہوگا۔ بعض نے کہا کہ اس کی تخلیق مختلف ہوگی، حیوانوں کے ساتھ زیادہ مشابہت ہوگی، جبل صفا کو پھاڑ دے گا اور اس کے ساتھ ولی عصائے موسیٰ اور خاتم سلیمانی برآمد ہوگی۔ کوئی شخص اس کے ساتھ دوڑ نہیں سکے گا اور اس سے بھاگ نہ سکے گا۔ مومن کو عصا سے مارے گا اور اس کے چہرے پر مومن لکھے گا۔ کافر کو مُہر لگائے گا اور اس کے چہرے پر کافر لکھے گا۔

سے یہ یافث بن نوح کی اولاد میں سے دو قبائل ہیں اور یہ دونوں نام عجمی ہیں، بعض کے نزدیک عربی ہیں تاہم انہوں نے ان کا اشتقاق شرح میں بیان کیا ہے۔

سے جزیرۂ عرب اور حدود کا بیان باب الملاحم میں ہوچکا ہے

سے اس زمین کی طرف سے جائے گی یہاں حشر ہوگا اس سے مراد شام کی زمین ہے کیونکہ حدیث صحیح میں آیا کہ حشر شام کی زمین پر ہوگا اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ چلانا حشر برپا ہونے کے بعد ہوتا کہ یہ اعتراض وارد ہو علامت قیامت اس سے پہلے ہو اور حشر بعد میں برپا ہوگا۔

سے یہ بھی یمن کا علاقہ ہے۔

سے دوسری روایت میں دسویں شے کا نام آگ از زمین یا قعر عدن کی بجائے ہوا کا ذکر ہے کہ وہ لوگوں میں دریا میں پھینک دے گی۔

سلہ یہاں اشکال یہ ہے کہ بخاری شریف میں مذکورہ آگ کو قیامت کی پہلی علامت بیان کیا گیا ہے اور یہاں

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

آخری) ان دونوں احادیث کے درمیان موافقت یوں ہے کہ آگ بیان کردہ نشانیوں سے مؤخر ہے اور ان نشانیوں سے پہلی نشانی ہے جن کے ظاہر ہونے کے بعد دنیا کی کوئی چیز باقی نہ رہے گی بلکہ اس کی انتہا صور پھونکنے پر ہوگی جس کے ساتھ دنیا و مافیہا فانی اور ہلاک ہو جائے گا بخلاف دیگر علامات کے کہ اس کے بعد دنیا کچھ نہ کچھ باقی رہے گی۔ پس پہلی قسم قربِ قیامت کی علامات اور دوسری قیامِ قیامت کی اور اول و آخر ہونا امورِ نسبیہ میں سے ایک شے کے حوالے سے اول اور دوسرے کے حوالے سے آخر ہوگی۔

۵۲۲۹ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَادِرُوْا بِالْأَعْمَالِ سِتًّا الدُّخَانَ وَالدَّجَّالَ وَدَابَّةَ الْأَرْضِ وَطُلُوْعَ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا وَأَمْرَ الْعَامَّةِ وَخُوَيْصَّةَ أَحَدِكُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا چھ چیزوں سے پہلے اعمال میں جلدی کرو۔ دھواں، دجال، دابۃ الارض، سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، فتنہ عام[1] اور تمھارے ہر ایک کا خاص فتنہ[2]۔ (مسلم)

[1] جو تمام مخلوق کا احاطہ کرے

[2] یعنی نفس، اہل اور مال ہیں تم میں بعض کی مشغولیت ہوگی یا امرِ عامہ سے مراد قیامت ہے اور خاص سے مراد موت ہے جب علامات سے قیام اور موت سے بھی ڈرایا تو اس کے قیام اور موت سے بھی ڈرایا کیونکہ یہ قیامتِ صغریٰ ہے۔

۵۲۳۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ أَوَّلَ الْآيَاتِ خُرُوْجًا طُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا وَخُرُوْجُ الدَّابَّةِ عَلَى النَّاسِ ضُحًى أَوْ خُرُوْجُ الدَّابَّةِ وَأَيُّهُمَا مَا كَانَتْ قَبْلَ صَاحِبَتِهَا فَالْأُخْرٰى عَلٰى إِثْرِهَا قَرِيْبًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔ پہلی علامت[1] جو ظاہر ہوگی وہ سورج کا مغرب سے طلوع ہونا[2] اور دابۃ الارض کا لوگوں کے سامنے چاشت کے وقت نکلنا یا[3] دابہ کا نکلنا ان دونوں میں سے جو بھی اپنے صاحب سے پہلے ہو تو دوسری اس کے قریب ہی پیچھے[4] ہوگی۔

[1] یہ پہلی اس حوالے سے ہے کہ اس وقت حادثہ دشوار ترین ہوگا کیونکہ توبہ کے دروازے بند ہو جائیں گے

[2] اس کے اوصاف معلوم ہیں اور اس کا کلام کرنا بھی

[3] یعنی واؤ کی جگہ "او" کا کلمہ ہے یہ الفاظ آئندہ الفاظ کے زیادہ موافق ہیں۔

[4] یعنی ان دونوں کے وقوع کے درمیان دیگر علامات کی نسبت فاصلہ بہت کم ہوگا پس اگر آفتاب پہلے طلوع ہوگیا تو دابہ اس کے بعد اور اگر دابہ پہلے نکلا تو اس کے بعد متصلاً سورج مغرب سے طلوع ہو جائے گا۔ ان دونوں میں ترتیب و تقدیم و تاخیر کے بارے میں وحی بالیقین نازل نہیں ہوئی لیکن اتنا واضح ہے کہ ان دونوں کا وقوع دوسری علامات کی نسبت متصل ہوگا۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۵۲۳۱ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثَلٰثٌ اِذَا خَرَجْنَ لَا یَنْفَعُ نَفْسًا اِیْمَانُھَا لَمْ تَکُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ کَسَبَتْ فِیْ اِیْمَانِھَا خَیْرًا طُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَّغْرِبِھَا وَخُرُوْجُ الدَّجَّالِ وَدَابَّۃُ الْاَرْضِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں جب ظاہر ہوں گی تو کسی نفس کو اس کا ایمان نفع نہ دے گا[۱] جو پہلے سے ایمان نہ لایا یا تھا یا اپنے ایمان میں بھلائی[۲] نہ کمائی تھی، سورج کا مغرب سے نکلنا، دجال اور زمین کا جانور[۳] (مسلم)

[۱] اس وقت ایمان لانا اور کفر سے توبہ کوئی فائدہ نہ دے گا۔

[۲] اس وقت گناہوں سے توبہ بھی مفید نہ ہوگی۔ اس آیت کریمہ کی متعدد تفاسیر ہیں ہم نے ایک بیان کی ہے اور تین چیزیں یہ ہیں۔

[۳] کیونکہ ان کے بعد احوال آخرت کا مشاہدہ ہو جائے گا۔ حالانکہ معتبر ایمان بالغیب ہے۔

۵۲۳۲ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حِیْنَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ اَتَدْرِیْ اَیْنَ تَذْھَبُ ھٰذِہٖ قُلْتُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّھَا تَذْھَبُ ھٰذِہٖ قُلْتُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّھَا تَذْھَبُ حَتّٰی تَسْجُدَ تَحْتَ الْعَرْشِ فَتَسْتَاْذِنُ فَیُؤْذَنُ لَھَا وَیُوْشِکُ اَنْ تَسْجُدَ وَلَا تُقْبَلَ مِنْھَا وَتَسْتَاْذِنُ فَلَا یُؤْذَنُ لَھَا وَیُقَالُ لَھَا ارْجِعِیْ مِنْ حَیْثُ جِئْتِ فَتَطْلُعُ مِنْ مَّغْرِبِھَا فَذٰلِکَ قَوْلُہٗ وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّھَا قَالَ مُسْتَقَرُّھَا تَحْتَ الْعَرْشِ (بخاری ومسلم)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب سورج ڈوبتا ہے تو جانتے ہو یہ کہاں جاتا ہے میں نے عرض کیا اللہ اور رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا یہ عرش کے نیچے سجدہ کرتا ہے پھر اجازت مانگتا ہے تو اسے اجازت دے[۱] دی جاتی ہے اور قریب ہے کہ سجدہ کرے اور اس کا سجدہ قبول نہ ہو اور اجازت مانگے تو اسے اجازت نہ دی جائے اور اس سے کہا جائے کہ جہاں سے آیا ہے وہاں لوٹ جا[۲] تو مغرب سے طلوع ہو، اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ سورج اپنے ٹھکانے پر چلتا ہے فرمایا اس کا ٹھکانا عرش کے نیچے ہے[۳] (بخاری ومسلم)

[۱] یہ حکم ہوتا ہے کہ مشرق کی جانب سے طلوع ہو اور اجازت سے یہی مراد ہے کہ میں مشرق سے طلوع ہو جاؤں۔

[۲] چونکہ وہ مغرب سے آیا لہذا اسی طرف لوٹ جائے گا۔

[۳] اس کی قرارگاہ عرش کے نیچے ہے غروب کے بعد وہاں جا کر سجدہ کر کے اجازت طلب کرتا ہے اور اسے آئندہ طلوع ہونے کا حکم ملتا ہے۔

[۴] تفسیر بیضاوی میں اس آیت کے اور معانی بھی بیان ہوئے ہیں اور اس میں کوئی شک نہیں جو تفسیر متفق علیہ حدیث میں آئی ہے وہ ہی متعین ہوگی لیکن تعجب یہ ہے کہ اس معنی کا وہاں بالکل نام ونشان نہیں، غالب فلسفہ کے غلبہ کی وجہ سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ایسا ہوا ہے۔ علامہ طیبی کے کلام سے بھی سینہ کی تنگی ظاہر ہوتی ہے اللہ تعالیٰ سے سلامتی کا سوال ہے۔

۵۲۳۳ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا بَيْنَ خَلْقِ اٰدَمَ اِلٰى قِيَامِ السَّاعَةِ اَمْرٌ اَكْبَرُ مِنَ الدَّجَّالِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ میں نے رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ پیدائش حضرت آدم علیہ السلام اور قیامِ قیامت کے درمیان دجال سے بڑھ کر کوئی امر[1] نہیں (المسلم)

[1] ابتلاء۔ فتنہ، گمراہی اور استدراج کی وجہ سے۔

۵۲۳۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى عَلَيْكُمْ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَيْسَ بِاَعْوَرَ وَاِنَّ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ اَعْوَرُ عَيْنِ الْيُمْنٰى كَاَنَّ عَيْنَهٗ عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تم پر چھپا[1] نہیں، اللہ تعالیٰ کانا[2] نہیں اور مسیح دجال دائیں آنکھ سے کانا ہے اس کی آنکھ گویا ابھرا[3] ہوا انگور ہے۔ (بخاری و مسلم)

[1] یعنی تم اس کی ذات و صفات پر بالیقین ایمان رکھو جیسا کہ شرع نے بیان کیا، پس دجال کے جادو اور استدراج سے گمراہ نہ ہونا۔

[2] اس سے مقصد نفی نقص ہے، خاص کر بصر ثابت نہیں یعنی اللہ تعالیٰ انسانوں کی طرح ہرگز نہیں کہ اس کی آنکھیں ہوں چہ جائیکہ نعوذ باللہ وہ کانا ہو۔

[3] طافیہ۔ اس معنی میں یاء کے ساتھ طفوٌ سے مشتق ہے۔ اس کا معنی ہے خبر کا سر پر آنا، اکثر اوقات میں یہی ہے لیکن بعض روایات میں ہمزہ کے ساتھ طفود سے بھی مشتق آیا ہے۔ اس کا معنی آگ اور چراغ کا بجھانا ہے یعنی بے نور اور تاریک ہونا مراد ہے

۵۲۳۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ نَبِيٍّ اِلَّا قَدْ اَنْذَرَ اُمَّتَهُ الْاَعْوَرَ الْكَذَّابَ اِلَّا اِنَّهٗ اَعْوَرُ وَاِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِاَعْوَرَ مَكْتُوْبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَ۔ فَ۔ رَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی نبی نہیں ہوا مگر اس نے اپنی امت کو کانے کذاب[1] سے ڈرایا۔ آگاہ رہو کہ وہ کانا ہے جبکہ تمہارا رب کانا نہیں، اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان ک۔ ف۔ ر[2] لکھا ہوا ہے۔ (بخاری و مسلم)

[1] مراد دجال ہے اس سے واضح ہو جاتا ہے کہ دجال کے خروج کا وقت کسی کے لیے متعین نہیں، بس اتنا معلوم ہے کہ قیامت سے پہلے آئے گا کیونکہ قیامِ قیامت کا وقت مقررہ کسی کو معلوم نہیں، لہٰذا اس کے خروج کا وقت متعین بھی کسی کو معلوم نہیں۔

[2] لفظ کفر مراد ہے مشکوٰۃ کے بعض نسخوں میں لفظ کفر ہے اور بعض میں جدا جدا حروف ہیں گویا اس کے چہرے پر

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

جُدا جُدا لکھا ہوا ہو گا۔

۵۲۳٦ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ ٩ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُحَدِّثُكُمْ حَدِیْثًا عَنِ الدَّجَّالِ مَا حَدَّثَ بِهٖ نَبِیٌّ قَوْمَهٗ اِنَّهٗ اَعْوَرُ وَاِنَّهٗ یَجِیْءُ مَعَهٗ بِمِثْلِ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ فَالَّتِیْ یَقُوْلُ اِنَّهَا الْجَنَّةُ هِیَ النَّارُ وَاِنِّیْ اُنْذِرُكُمْ كَمَا اَنْذَرَ بِهٖ نُوْحٌ قَوْمَهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، کیا میں تمہیں دجال کے متعلق ایک ایسی بات نہ بتاؤں جو کسی نبی نے اپنی امت کو نہیں بتائی، بلاشبہ وہ کانا ہے اور اپنے ساتھ جنت و دوزخ جیسی چیزیں لے کر آئے گا اور میں تمہیں ڈراتا ہوں جیسے حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو ڈرایا۔ (بخاری ومسلم)

۵۲۳۷ وَعَنْ حُذَیْفَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی ١٠ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الدَّجَّالَ یَخْرُجُ وَاِنَّ مَعَهٗ مَاءً وَّنَارًا فَاَمَّا الَّذِیْ یَرَاهُ النَّاسُ مَاءً فَنَارٌ تُحْرِقُ وَاَمَّا الَّذِیْ یَرَاهُ النَّاسُ نَارًا فَمَاءٌ بَارِدٌ عَذْبٌ فَمَنْ اَدْرَكَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَلْیَقَعْ فِی الَّذِیْ یَرَاهُ نَارًا فَاِنَّهٗ مَاءٌ عَذْبٌ طَیِّبٌ (متفق علیہ) وَزَادَ مُسْلِمٌ وَاِنَّ الدَّجَّالَ مَمْسُوْحُ الْعَیْنِ عَلَیْهَا ظَفَرَةٌ غَلِیْظَةٌ مَكْتُوْبٌ بَیْنَ عَیْنَیْهِ كَافِرٌ یَقْرَؤُهٗ كُلُّ مُؤْمِنٍ كَاتِبٍ وَّغَیْرِ كَاتِبٍ۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بلاشبہ دجال نکلے گا اور اس کے ساتھ پانی و آگ[1] ہوگی جو لوگوں کو پانی نظر آئے گا وہ جلانے والی آگ ہوگی اور جو لوگوں کو آگ نظر آئے گی وہ ٹھنڈا میٹھا پانی ہوگا جو تم میں سے اس صورت حال سے دوچار ہو تو اس میں گرے جو آگ نظر آتی ہے، کیونکہ وہ[2] میٹھا اور پاک پانی ہے۔ (بخاری ومسلم)

اور مسلم میں یہ اضافہ بھی ہے بلاشبہ دجال مٹی ہوئی آنکھ والا ہے جس پر بڑا سا ناخن[3] ہے اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوا ہے جس کو ہر مومن پڑھ لے گا خواہ وہ لکھنا جانتا ہو[4] یا نہ جانتا ہو۔

[1] یا تو حقیقۃً آگ اور پانی ہوں گے یا مجازاً جنت و دوزخ کا تذکرہ ہے۔

[2] یعنی اس کی طرف سے جو عذاب اور مشقت دیکھے اسے راحت اور خوشی جانے، اس سے گریز نہ کرے اور دجال کے جال میں نہ پڑے۔

[3] ظفرہ۔ ظا پر زبر، فاء، آنکھ پر جو زائد گوشت اگتا ہے اور اسے ناک کی طرف سے ڈھانپ لیتا ہے۔

[4] اس سے پہلے وہ لکھنا جانتا تھا یا نہ۔ واضح رہے کہ ظاہر یہی ہے کہ ناخن اسی آنکھ پر ہوگا جو غیر ہموار ہوگی کیونکہ ممسوح کا معنی جو دجال کی وجہ تسمیہ میں گزرا وہ یہ ہے کہ جس کی ایک جانب چہرے کی آنکھ و ابرو سے خالی ہو لہٰذا وہ جانب ہموار ہوگی وہاں ناخن کیسے ہو سکتا ہے۔ مگر اس وقت ہو سکتا ہے جب ممسوح سے مراد مطلق معیب ہونا ہو اور حدیث میں كَاَنَّ عَیْنَهٗ عِنَبَةٌ طَافِیَةٌ (اس کی آنکھ ابھرے ہوئے انگور کی طرح ہوگی) بھی آیا ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

حدیث میں اعور عین الیمنی (دائیں آنکھ سے کانا) بھی گذرا ہے اور دوسری میں بائیں آنکھ کا ذکر ہے۔ بالجملہ دجال کے اوصاف کے بارے میں احادیث متعارض آئی ہیں۔ شیخ تورپشتی کہتے ہیں کہ ان اوصاف کے درمیان تطبیق یوں ممکن ہے کہ فرض کر لیا جائے کہ دونوں آنکھوں میں سے ایک ختم اور دوسری میں عیب ہے، اب یہ ایک آنکھ کو اعور کہا جاتا ہے کیونکہ عور کے معنی عیب کے ہیں۔

۵۲۳۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّجَّالُ اَعْوَرُ الْعَيْنِ الْيُسْرٰى جُفَالُ الشَّعْرِ مَعَهٗ جَنَّتُهٗ وَنَارُهٗ فَنَارُهٗ جَنَّةٌ وَجَنَّتُهٗ نَارٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور انہی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال بائیں آنکھ سے کانا اور پراگندہ گھنے بالوں والا ہے اس کے ساتھ اس کی دوزخ جنت ہوگی اس کی آگ جنت اور اس کی جنت آگ ہوگی۔ (مسلم)

۱ جفال، جیم پر پیش، کثرت یا بشم اور اس کی مثل کے ساتھ مخصوص ہے۔ قاموس میں ہے جَفَلَ الشَّعْرُ جُفُوْلًا بالوں کا پراگندہ ہونا۔

۵۲۳۹ وَعَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ قَالَ ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّجَّالَ فَقَالَ اِنْ يَّخْرُجْ وَاَنَا فِيْكُمْ فَاَنَا حَجِيْجُهٗ دُوْنَكُمْ وَاِنْ يَّخْرُجْ وَلَسْتُ فِيْكُمْ فَامْرُءٌ حَجِيْجُ نَفْسِهٖ وَاللّٰهُ خَلِيْفَتِيْ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ اِنَّهٗ شَابٌّ قَطَطٌ عَيْنُهٗ طَافِيَةٌ كَاَنِّيْ اُشَبِّهُهٗ بِعَبْدِ الْعُزّٰى بْنِ قَطَنٍ فَمَنْ اَدْرَكَهٗ مِنْكُمْ فَلْيَقْرَاْ عَلَيْهِ فَوَاتِحَ سُوْرَةِ الْكَهْفِ۔

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دجال کا ذکر فرمایا، تو فرمایا اگر وہ نکلا اور میں تم میں ہوا تو تمھارے بغیر اس کا مقابل میں ہوں گا اور اگر وہ نکلا اور میں تم میں نہ ہوا تو ہر شخص اپنی ذات کا محافظ ہے اور ہر مسلمان پر اللہ تعالیٰ میری طرف سے محافظ ہے، وہ جوان ہے سخت گھونگھریالے بال والا، اس کی آنکھ ابھری ہوئی، گویا میں اسے عبد العزیٰ بن قطن سے تشبیہ دیتا ہوں تو تم میں سے جو اسے پائے تو اس پر سورۃ کہف پڑھے۔

وَفِيْ رِوَايَةٍ فَلْيَقْرَاْ عَلَيْهِ بِفَوَاتِحِ سُوْرَةِ الْكَهْفِ فَاِنَّهَا جِوَارُكُمْ مِنْ فِتْنَتِهٖ اِنَّهٗ خَارِجٌ خَلَّةً بَيْنَ الشَّامِ وَالْعِرَاقِ فَعَاثَ يَمِيْنًا وَعَاثَ شِمَالًا يَا عِبَادَ اللّٰهِ فَاثْبُتُوْا قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا لَبْثُهٗ فِي الْاَرْضِ قَالَ اَرْبَعُوْنَ يَوْمًا يَوْمٌ كَسَنَةٍ وَيَوْمٌ كَشَهْرٍ وَيَوْمٌ كَجُمُعَةٍ

ایک روایت میں فواتح سورۃ الکہف کے الفاظ اور دوسری روایت میں بفواتح سورۃ کہف کے الفاظ ہیں۔ کیونکہ وہ تمھاری امان ہیں اس کے فتنے سے وہ شام اور عراق والے راستے سے نکلے گا تو دائیں بائیں فساد پھیلائے گا اے اللہ کے بندو! ثابت قدم رہنا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! اس کا زمین میں ٹھہرنا کتنا ہے؟ فرمایا چالیس دن، ایک دن سال کی طرح ہوگا اور ایک دن مہینہ کی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَسَائِرُ اَيَّامِهٖ كَاَيَّامِكُمْ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللهِ فَذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِيْ كَسَنَةٍ اَتَكْفِيْنَا فِيْهِ صَلٰوةُ يَوْمٍ قَالَ لَا اُقْدُرُوْا لَهٗ قَدْرَهٗ۔

طرح، اور ایک دن ہفتہ کی طرح اور بقیہ دن تمہارے تمام دنوں کی طرح ہم نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! تو یہ دن جو ایک سال کی طرح ہوگا کیا اس میں ہم کو ایک دن کی نمازیں کافی ہوں گی فرمایا نہیں تم اس کے لیے اندازہ لگالینا۔

قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللهِ وَمَا اِسْرَاعُهٗ فِي الْاَرْضِ قَالَ كَالْغَيْثِ اسْتَدْبَرَتْهُ الرِّيْحُ۔

ہم نے عرض کیا یارسول اللہ! زمین پر اس کی تیز رفتاری کیسی ہوگی فرمایا بارش جس کے پیچھے ہوا ہو۔

فَيَاْتِيْ عَلَى الْقَوْمِ فَيَدْعُوْهُمْ فَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ فَيَاْمُرُ السَّمَآءَ فَتُمْطِرُ وَالْاَرْضَ فَتُنْبِتُ فَتَرُوْحُ عَلَيْهِمْ سَارِحَتُهُمْ اَطْوَلَ مَا كَانَتْ ذُرًى وَّاَسْبَغَهٗ ضُرُوْعًا وَّاَمَدَّهٗ خَوَاصِرَ۔

وہ ایک قوم پر آئے گا انہیں بلائے گا وہ اس پر ایمان لے آئیں گے تو آسمان کو حکم دے گا وہ بارش برسائے گا، اور زمین کو حکم دے گا وہ اگائے گی، ان کے جانور شام کے وقت آئیں گے، تو وہ زیادہ لمبی کوہان والے اور زیادہ بھرے ہوئے تھن والے اور زیادہ پھیلی ہوئی کوکھ والے ہوں گے۔

ثُمَّ يَاْتِي الْقَوْمَ فَيَدْعُوْهُمْ فَيَرُدُّوْنَ عَلَيْهِ قَوْلَهٗ فَيَنْصَرِفُ عَنْهُمْ فَيُصْبِحُوْنَ مُمْحِلِيْنَ لَيْسَ بِاَيْدِيْهِمْ شَيْءٌ مِّنْ اَمْوَالِهِمْ وَيَمُرُّ بِالْخَرِبَةِ فَيَقُوْلُ لَهَا اَخْرِجِيْ كُنُوْزَكِ فَتَتْبَعُهٗ كُنُوْزُهَا كَيَعَاسِيْبِ النَّحْلِ ثُمَّ يَدْعُوْ رَجُلًا مُّمْتَلِئًا شَبَابًا فَيَضْرِبُهٗ بِالسَّيْفِ فَيَقْطَعُهٗ جَزْلَتَيْنِ رَمْيَةَ الْغَرَضِ ثُمَّ يَدْعُوْهُ فَيُقْبِلُ وَيَتَهَلَّلُ وَجْهُهٗ يَضْحَكُ۔

پھر ایک دوسری قوم کے پاس آئے گا انہیں بلائے گا وہ اس کی بات رد کر دیں گے تو وہ ان کے پاس سے لوٹ جائے گا، تو یہ لوگ قحط زدہ ہو جائیں گے کہ ان کے ہاتھوں میں ان کے مال میں سے کچھ باقی نہ رہے گا اور ویرانہ پر گزرے گا اس سے کہے گا کہ اپنے خزانے نکال تو اس کے کھنڈر کے خزانے شہد کی مکھیوں کی طرح چلیں گے پھر جوانی سے بھرے ہوئے ایک شخص کو بلائے گا اسے تلوار مار کر اس کے دو ٹکڑے کر دے گا اور تیر کے نشان کے ہدف پر پھینک دے گا پھر اسے بلائے گا تو وہ آجائے گا اس کا چہرہ چمکتا ہوگا وہ ہنستا ہوگا۔

فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ اِذْ بَعَثَ اللهُ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ فَيَنْزِلُ عِنْدَ الْمَنَارَةِ الْبَيْضَآءِ شَرْقِيَّ دِمَشْقَ بَيْنَ مَهْرُوْدَتَيْنِ وَاضِعًا كَفَّيْهِ عَلٰى اَجْنِحَةِ مَلَكَيْنِ اِذَا طَاْطَاَ

جبکہ وہ اس طرح ہوگا کہ اللہ تعالیٰ مسیح ابن مریم کو بھیجے گا آپ اس کے مشرقی سفید منارے کے پاس دو زعفرانی کپڑوں کے درمیان اتریں گے اپنے دونوں ہاتھ فرشتوں کے پروں پر رکھے ہوئے جب اپنا سر جھکائیں گے

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

رَأْسَهُ قَطَرَ وَإِذَا رَفَعَهُ تَحَدَّرَ مِنْهُ مِثْلُ جُمَانٍ كَاللُّؤْلُؤِ فَلَا يَحِلُّ لِكَافِرٍ يَجِدُ مِنْ رِيحِ نَفَسِهِ إِلَّا مَاتَ وَنَفَسُهُ يَنْتَهِي حَيْثُ يَنْتَهِي طَرْفُهُ فَيَطْلُبُهُ حَتَّى يُدْرِكَهُ بِبَابِ لُدٍّ فَيَقْتُلُهُ ثُمَّ يَأْتِي عِيسَى قَوْمٌ قَدْ عَصَمَهُمُ اللّٰهُ مِنْهُ فَيَمْسَحُ عَنْ وُجُوهِهِمْ وَيُحَدِّثُهُمْ بِدَرَجَاتِهِمْ فِي الْجَنَّةِ۔

تو قطرے ٹپکیں گے اور جب سر اٹھائیں گے تو اس سے قطرے ٹپکیں گے موتیوں کی طرح پھر کسی کافر کو جیتی نہ ہوگا کہ آپ کی سانس پالئے مگر مر جائے گا اور آپ کی سانس وہاں تک پہنچے گی جہاں تک آپ کی نظر جا رہے گا آپ اسے تلاش کریں گے یہاں تک کہ آپ اسے باب لد میں پائیں گے تو قتل کر دیں گے پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس وہ قوم آئے گی جنھیں اللہ تعالیٰ نے دجال سے محفوظ رکھا تو آپ ان کے چہرے صاف فرمائیں گے اور ان میں ان کے جنتی درجات کی خبر دیں گے

فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ إِذْ أَوْحَى اللّٰهُ إِلَى عِيسَى أَنِّي قَدْ أَخْرَجْتُ عِبَادًا لِي لَا يَدَانِ لِأَحَدٍ بِقِتَالِهِمْ فَحَرِّزْ عِبَادِي إِلَى الطُّورِ وَيَبْعَثُ اللّٰهُ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَنْسِلُونَ فَيَمُرُّ أَوَائِلُهُمْ عَلَى بُحَيْرَةِ طَبَرِيَّةَ فَيَشْرَبُونَ مَا فِيهَا وَيَمُرُّ آخِرُهُمْ فَيَقُولُونَ لَقَدْ كَانَ بِهٰذِهِ مَرَّةً مَاءٌ ثُمَّ يَسِيرُونَ حَتَّى يَنْتَهُوا إِلَى جَبَلِ الْخَمَرِ وَهُوَ جَبَلُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَيَقُولُونَ لَقَدْ قَتَلْنَا مَنْ فِي الْأَرْضِ هَلُمَّ فَلْنَقْتُلْ مَنْ فِي السَّمَاءِ فَيَرْمُونَ بِنُشَّابِهِمْ إِلَى السَّمَاءِ فَيَرُدُّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ نُشَّابَهُمْ مَخْضُوبَةً دَمًا وَيُحْصَرُ نَبِيُّ اللّٰهِ وَأَصْحَابُهُ حَتَّى يَكُونَ رَأْسُ الثَّوْرِ لِأَحَدِهِمْ خَيْرًا مِنْ مِائَةِ دِينَارٍ لِأَحَدِكُمُ الْيَوْمَ فَيَرْغَبُ نَبِيُّ اللّٰهِ عِيسَى وَأَصْحَابُهُ فَيُرْسِلُ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ النَّغَفَ فِي رِقَابِهِمْ فَيُصْبِحُونَ فَرْسَى كَمَوْتِ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ۔ ثُمَّ يَهْبِطُ نَبِيُّ اللّٰهِ عِيسَى وَأَصْحَابُهُ

وہ اس طرح ہوں گے کہ حضرت عیسیٰ کو رب تعالیٰ وحی کرے گا کہ میں نے اپنے بندے نکالے ہیں جس میں لڑنے کی کسی میں طاقت نہیں تو میرے بندوں کو طور کی طرف لے جاؤ اور یاجوج ماجوج کو بھیجے گا جو ہر ٹیلے سے دوڑتے آئیں گے تو ان کی اگلی جماعت بحیرہ طبریہ پر گذرے گی اس کا سارا پانی پی جائے گی ان کی آخری جماعت گزرے گی تو کہے گی کہ کبھی یہاں پانی تھا حتی کہ جبل خمر تک پہنچیں گے یہ بیت المقدس کا ایک پہاڑ ہے تو کہیں گے کہ ہم نے زمین والوں کو قتل کیا آؤ آسمان والوں کو قتل کریں تو اپنے تیر آسمان کی طرف چلائیں گے تو اللہ تعالیٰ ان کے تیر رنگین لوٹائے گا اور اللہ کے نبی اور ان کے ساتھی محصور ہو جائیں گے حتی کہ ان کے لیے بیل کی سری سو اشرفیوں سے بڑھ کر ہوگی جو تمہارے لیے آج ہے۔ تب اللہ کے نبی حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی متوجہ الی اللہ ہوں گے اس وقت اللہ ان یاجوج ماجوج کی گردن میں ایک کیڑا پیدا کرے گا تو وہ سب ایک شخص کی موت کی طرح مردہ ہو جائیں گے۔

پھر اللہ کے نبی عیسیٰ اور ان کے ساتھی زمین پر اتریں گے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

إِلَى الْأَرْضِ فَلَا يَجِدُونَ فِي الْأَرْضِ مَوْضِعَ
شِبْرٍ إِلَّا مَلَأَهُ زَهَمُهُمْ وَنَتْنُهُمْ فَيَرْغَبُ
نَبِيُّ اللهِ عِيسَى وَأَصْحَابُهُ إِلَى اللهِ فَيُرْسِلُ
اللهُ طَيْرًا كَأَعْنَاقِ الْبُخْتِ فَتَحْمِلُهُمْ
فَتَطْرَحُهُمْ حَيْثُ شَاءَ اللهُ وَفِي رِوَايَةٍ
تَطْرَحُهُمْ بِالنَّهْبَلِ وَيَسْتَوْقِدُ الْمُسْلِمُونَ
مِنْ قِسِيِّهِمْ وَنُشَّابِهِمْ وَجِعَابِهِمْ سَبْعَ
سِنِينَ ثُمَّ يُرْسِلُ اللهُ مَطَرًا لَا يَكُنُّ مِنْهُ
بَيْتُ مَدَرٍ وَلَا وَبَرٍ فَيَغْسِلُ الْأَرْضَ حَتَّى
يَتْرُكَهَا كَالزَّلَفَةِ ثُمَّ يُقَالُ لِلْأَرْضِ أَنْبِتِي
ثَمَرَتَكِ وَرُدِّي بَرَكَتَكِ فَيَوْمَئِذٍ تَأْكُلُ
الْعِصَابَةُ مِنَ الرُّمَّانَةِ وَيَسْتَظِلُّونَ
بِقِحْفِهَا وَيُبَارَكُ فِي الرِّسْلِ حَتَّى إِنَّ اللِّقْحَةَ مِنَ
الْإِبِلِ لَتَكْفِي الْفِئَامَ مِنَ النَّاسِ وَاللِّقْحَةَ مِنَ
الْبَقَرِ لَتَكْفِي الْقَبِيلَةَ مِنَ النَّاسِ وَاللِّقْحَةَ مِنَ
الْغَنَمِ لَتَكْفِي الْفَخِذَ مِنَ النَّاسِ فَبَيْنَمَا هُمْ كَذَلِكَ
إِذْ بَعَثَ اللهُ رِيحًا طَيِّبَةً فَتَأْخُذُهُمْ تَحْتَ
آبَاطِهِمْ فَتَقْبِضُ رُوحَ كُلِّ مُؤْمِنٍ وَكُلِّ مُسْلِمٍ
وَيَبْقَى شِرَارُ النَّاسِ يَتَهَارَجُونَ فِيهَا تَهَارُجَ
الْحُمُرِ فَعَلَيْهِمْ تَقُومُ السَّاعَةُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ إِلَّا
الرِّوَايَةَ الثَّانِيَةَ وَهِيَ قَوْلُهُ تَطْرَحُهُمْ بِالنَّهْبَلِ
إِلَى قَوْلِهِ سَبْعَ سِنِينَ. التِّرْمِذِيُّ

تو زمین میں بالشت بھر کوئی ٹکڑا نہیں پائیں گے جو ان کی لاشوں اور بدبو سے نہ بھرا ہو ۔ تب اللہ کے نبی حضرت عیسیٰ اور ان کے ساتھی اللہ تعالیٰ سے دعا کریں گے تو اللہ تعالیٰ پرندے بھیجے گا ۔ اونٹ کی گردنوں کی طرح وہ انھیں اٹھا کر جہاں اللہ چاہے گا پھینک دیں گے اور ایک روایت میں ہے کہ انھیں نہبل میں پھینک دیں گے اور مسلمان ان کی کمانیں تیر اور ترکش سات سال تک جلائیں گے پھر اللہ تعالیٰ بارش بھیجے گا جس سے نہ کوئی مٹی کا گھر بچے گا نہ اون کا ۔ وہ زمین کو دھوئے گی حتیٰ کہ اسے شیشہ کی طرح کر چھوڑے گی پھر زمین سے کہا جائے گا تو اپنے پھل اگا اور اپنی برکت لوٹا دے تو اس دن ایک انار سے ایک جماعت کھائے گی اور اس کے چھلکے سے سایہ لے گی اور دودھ میں برکت دی جائے گی حتیٰ کہ تازہ جنی ہوئی اونٹنی لوگوں کی ایک جماعت کو کافی ہو گی اور نئی جنی ہوئی گائے ایک قبیلہ کو کافی ہو گی اور نئی جنی ہوئی بکری لوگوں کے ایک خاندان کو کافی ہو گی جب کہ وہ اسی حالت میں ہوں گے کہ اللہ ایک خوشگوار ہوا بھیجے گا وہ انھیں ان کی بغلوں کے نیچے لگے گی تو ہر مسلمان ہر مومن کی روح قبض کرے گی اور بدترین لوگ رہ جائیں گے جو زمین میں گدھوں کی جفتی کی طرح زنا کریں گے ۔ ان پر قیامت ہو گی ۔ (مسلم)
مگر یہ الفاظ کہ انھیں نہبل میں پھینکے گی ایک قول کے مطابق سات سال تک ۔

۱ نواس، نون پر زبر، واؤ مشدد اور سین، ابن سمعان ۔ سین کے نیچے زیر، میم ساکن ۔ صحابی ہیں ۔ شام میں سکونت پذیر رہے ۔

۲ تمہارے سامنے یا تمہارے پیچھے کی جانب ۔ دون کا معنی سامنے ، پیچھے اور اوپر کے آتے ہیں
۳ اپنے آپ سے اس کے شر کو دلائل شرعیہ قطعیہ عقلیہ سے دفع کرو ۔
۴ میرے بعد تم پر اللہ وکیل اور اس کا ولی ہے جو دجال کے شر کو تم سے دور کر دے گا واضح رہے کہ یہ دلائل وقرائن سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

معلوم ہو رہا ہے کہ دجال کا ظہور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ظاہری حیات کے بعد ہی ہے۔ مگر آپ نے یہ طریقہ مکلفین پر خوف فتنہ کے بقا، اس کے ظہور کے وقت میں ابہام، دجال کے ظہور کے تعین اور تحقق میں مبالغہ و تاکید کے لیے آپ نے یہ اسلوب اختیار فرمایا۔

۵؎ ابن قطن، قاف پر زبر اور طا، یہ عبدالعزیٰ قبیلہ خزاعہ سے تعلق رکھتا ہے اور عہد جاہلیت میں یہ بادشاہ رہا ہے بعض کے نزدیک یہودی کا نام ہے اور نام سے پتہ چلتا ہے کہ یہ مشرک تھا۔ حضور علیہ السلام نے دجال کو اس کے مشابہ قرار دیتے ہوئے جزم نہیں فرمایا۔ البتہ بعض احادیث میں تشبیہ پر جزم کا ذکر بھی آیا ہے گویا کا زائد کا لفظ برائے تاکید اور اس میں پختگی پیدا کرنے کے لیے ہے۔

۶؎ جیسا کہ اپنے زمانے میں دقیانوس جابر حاکم سے اصحاب کہف نے نجات پائی تھی۔ بعض احادیث میں سونے کے وقت ان آیات کی تلاوت کے وقت میں ملتا ہے۔ جوار جیم کے نیچے زیر یا پیش، کسرہ افصح ہے۔ ہمسایہ ہونا، پڑوسی کا اس دینا، بعض نسخوں میں جوار کم جیم اور رنا آیا ہے اس کا معنی وہ خط (دستاویز) جو مسافر کسی بادشاہ سے اس لیے لیتا ہے کہ اس کے نائب راستے میں اس سے تعرض نہ کریں۔

۷؎ خلّۃ، خاء پر زبر، لام مشدد، وہ راستہ جو ریگستان میں جاتا ہو۔

۸؎ صرف اپنے سامنے مقابل ہی نہیں بلکہ دائیں بائیں ہر طرف فساد پھیلائے گا اور لفظ عاث کو بر صیغہ ماضی بھی پڑھا گیا ہے۔

۹؎ پانچ نمازوں کے ادا کرنے کے لیے ایک دن کا اندازہ مقرر کرو، جب فجر کے طلوع کے بعد عام معمول کے مطابق وقت گزر جائے تو نماز فجر ادا کر لو اور جب فجر اور ظہر کے درمیان عام معمول کے مطابق وقت گزر جائے تو ظہر ادا کرنا، جب ظہر اور عصر کے درمیان متعارف وقت کے مطابق گزر جائے تو عصر ادا کرنا اسی طرح اس دن کی باقی نمازیں جو سال کے برابر ہوگا، اس پر اس دن کو قیاس کر لیجیے جو مہینے اور ہفتہ کے برابر ہے۔ یہاں سے معلوم ہو رہا ہے کہ یہ تاویل باطل ہے کہ اس دن کی طوالت سال اور مہینے کے برابر اس معنی کے فتنوں اور شدت غم و حزن کی وجہ سے ہوگی اور جیسے جیسے حق کی قدر و شوکت میں اضافہ ہوگا باطل پسپا ہوتا جائے گا اور لوگ فتنہ و فساد اور مشقت کے عادی ہو جائیں گے سختی جاتی رہے گی یہ تاویل اس سوال اور جواب سے مناسبت نہیں رکھتی۔

۱۰؎ یہاں خیبت سے مراد ابر ہے۔

۱۱؎ اپنی طرف اور اپنے مذہب کی طرف

۱۲؎ وہ مویشی جو صبح کے وقت چرنے گئے تھے۔ سرح، مویشی کو چراگاہ میں چھوڑنا اور سارحہ، چراگاہ میں چھوڑے گئے

۱۳؎ ذری، اونٹ کی کوہان کا بلند ہونا۔ ہر شے کی بلندی کو ذروہ کہا جاتا ہے یہاں مویشی کا فربہ ہونا (موٹا) مراد ہے کیونکہ فربہ ہونے کی وجہ سے کوہان لمبی ہو جاتی ہے۔

۱۴؎ وہ قوم اس پر ایمان نہیں لائے گی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱۵ ان پر بارش کا برسنا، زراعت و نباتات کا اُگنا بند کر دے گا۔

۱۶ نحل، شہد کی مکھیاں، یعاسیب، یعسوب کی جمع یعنی امیر نحل۔ قوم کے سردار کو یعسوب کہا جاتا ہے۔ امیر المومنین حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد گرامی ہے اَنَا یَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمَالُ یَعْسُوْبُ الْکُفَّارِ مسلمان میری تابعت کرتے اور پناہ تلاش کرتے ہیں مگر کفار کے مال سے جو وہ اس کی پناہ ڈھونڈھتے ہیں۔ امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مدح میں بھی یہ لفظ آیا ہے۔ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کے مرثیہ میں کہا کُنْتَ لِلدِّیْنِ یَعْسُوْبًا (اے ابوبکر آپ دین کے لیے پناہ گاہ تھے)

۱۷ وہ انتہائی جوانی اور قوت میں ہو گا۔

۱۸ اس کے دونوں ٹکڑوں کے درمیان ایک تیر پھینکنے کا فاصلہ ہو گا۔ بعض شارحین نے فرمایا کہ اس کی تلوار کا وار اس طرح لگے گا جیسے تیر نشانہ پر لگتا ہے۔ جزلہ جیم پر زبر یا زیر، زاء ساکن یعنی ٹکڑا۔ غرض عین اور راء پر فتحہ یعنی نشانہ و ہدف

۱۹ دمشق دال پر کسرہ، میم پر فتحہ اور کسرہ بھی آیا ہے۔

۲۰ جو ایسے گھاس رنگ جیسے ہوں گے جس کا نام کرکم ہے یا بالکل سرخ مَهْرُوْدَتَیْن، دال و ذال دونوں۔ قاموس میں ہے کہ ذال اس حدیث کے علاوہ کہیں نہیں آیا۔ بعض نے اس کے دو ہونٹ اور دو حلق سے بھی کی ہیں۔ اس لفظ کی تحقیق میں اس سے زیادہ گفتگو آئے گی۔

۲۱ جمان بروزن غراب یا وہ دانے مراد ہیں جو موتیوں کی شکل میں چاندی سے بنتے ہیں اس کا واحد جمانہ ہے۔ قاموس حواشی میں تحریر ہے کہ جُمّان، جیم پر پیش، میم مشدد چھوٹے موتی، میم مخفف ہو تو وہ دانے جو چاندی سے بنیں یہاں آخری معنی مراد ہے اور اس پر قرینہ یہ ہے کہ حدیث میں کا لؤلؤ کا لفظ ہے یعنی وہ سر نیچے کریں گے تو ان کے بالوں سے نورانی قطرات ٹپکیں گے اور جب اوپر کریں گے تو وہ قطرات نیچے آئیں گے اس سے ان کی نورانیت اور حسن و جمال کی تروتازگی مراد ہے۔

۲۲ جو کافر بھی آپ کا سانس پائے گا ممکن ہی نہیں کہ زندہ رہے اور نہ مرے

۲۳ سبحان اللہ! کبھی دم کے ساتھ مردوں کو زندہ فرمایا اور حیات بخشی اور کبھی زندوں کو مردہ فرمایا۔

۲۴ بیت المقدس کے قریب قریہ جس کا نام لُدّ، لام مضموم اور دال مشدد، قاموس میں ہے یہ فلسطین میں ایک قریہ ہے یہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام دجال کو قتل کریں گے یا یہ بیت المقدس کے شہروں میں سے کوئی قریہ ہے (بعض کے نزدیک یہ قریہ دمشق کے قریب ہے)

۲۵ جو درجات وہ جنت میں پائیں گے۔

۲۶ چونکہ آثار قدرت میدان کارزار میں ہاتھ کے ذریعے ظاہر ہوتے ہیں لہٰذا اس کی تعبیر ہاتھ سے کرنا مشہور ہے اگرچہ مفرد آتا ہے لیکن مبالغہ کے لیے کبھی بصورت تثنیہ بھی آجاتا ہے۔

۲۷ طبریہ، واسط کے قریہ کا نام ہے اور اس دریا کے پانی کی طوالت دس میل ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ش۲۸ خمر ۔ دونوں پر فتحہ، پیچیدہ درخت یا وہ چیز جو ڈھانپنے والی ہو مثلاً درخت وغیرہ ۔ چونکہ اس پہاڑ پر بہت زیادہ درخت ہیں اس وجہ سے اس کا نام جَبَل الخَمَر ہے ۔

۲۹ نشاب، نون پر پیش، شین مثلاً اس کا واحد نشابہ بمعنی تیر ہے ۔

ش۳۰ مراد حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں ۔

ش۳۱ فاقہ و احتیاج اس حد تک ہو گا کہ چوپائے کی سری وغیرہ جو نہایت ہی ارزاں ہوتی ہے اس کی قیمت سو درہم سے زائد ہو گی تو باقی اجزاء کے گوشت کا اندازہ خود کر لیجیے کہ ان کا حال کیا ہو گا اور کتنا مہنگا ہو گا ۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ سر ثور سے مراد ذات ثور ہے جس کی برائے زراعت و کاشت ضرورت ہوتی ہے لیکن یہ بات ضعیف ہے کیونکہ جو لوگ اس طرح محبوس و محصور ہوں گے ان کا زراعت کرنا کیا معنی رکھتا ہے ۔

۳۲ یاجوج ماجوج کی ہلاکت کے لیے

ش۳۳ نغف، نون پر زبر، غین، وہ کیڑا جو اونٹ اور بھیڑ کی ناک میں ہوتا ہے اس کی واحد نغفۃ تاء کے ساتھ ہے ۔

ش۳۴ یعنی تمام یک دفعہ ہلاک ہو جائیں گے ۔ فرسی بروزن قتلی ۔ یہ فریس بمعنی قتیل کی جمع ہے ۔

ش۳۵ زَہَم پہلے دونوں حروف پر زبر بمعنی چربی اکثر روایات میں یہی ہے بعض میں زاء پر پیش بھی آیا ہے زہمہ کی جمع بمعنی بدبو ۔

ش۳۶ بخت باء پر پیش، خاموش ساکن، خراسانی اونٹ جن کی گردنیں بلند ہوتی ہیں اس کا واحد بختی ہے ۔

ش۳۷ نہبل، نون پر زبر، باء پر بھی فتحہ، بیت المقدس کے پاس ایک جگہ کا نام ہے بعض نے کہا کہ وہ جگہ مراد ہے جہاں سے سورج طلوع ہوتا ہے (کذا فی بعض الحواشی) ۔ اس لفظ کو مشکوٰۃ کے نسخہ میں نون کے ساتھ ہی صحیح قرار دیا گیا ہے طیبی کے نسخوں میں بھی یہی صورت ہے مگر مجمع البحار میں کرمانی کے حوالے سے یہ لفظ مَهْبَل، میم کے ساتھ آیا ہے اس کی تفسیر اس پہاڑ سے کی گئی ہے جو زیر زمین چلا گیا ہو ۔ قاموس میں باب اللام و فصل المیم میں کہ مَهْبِل بروزن منزل یعنی پہاڑ کی چوٹی سے نیچے گرنا ۔ یہ منقول ہے کہ ترمذی نے حدیث دجال میں "فتطرحهم بالنهبل" اسے نون کے ساتھ ذکر کیا ہے اور یہ تصحیف ہے درست مہبل، میم کے ساتھ ہی ہے ۔

ش۳۸ جاب ۔ جیم کے نیچے زیر، جمع جعب بمعنی تیروان ۔

ش۳۹ مدر، میم اور دال دونوں پر زبر وہ مٹی جس سے اہل شہر گھر بناتے ہیں اور وَبَر، واؤ اور باء دونوں پر فتحہ اونٹ کی اون جس سے مسافر گھر بناتے ہیں یعنی ہر جگہ بارش ہو گی اور کوئی ایسی جگہ نہیں بچے گی جس پر بارش نہ ہو، کوئی دیوار اور خیمہ بارش کے پہنچنے سے مانع نہ ہو سکے گا ۔ زلفہ، یاء پر فتحہ، کاف پر ضمہ یا یاء پر ضمہ اور کاف پر کسرہ ازاکنان دونوں طرح آیا ہے اور دونوں کا معنی ستر ہے ۔

ش۴۰ زلفہ، زا پر زبر، لام اور کا فاء اس کے چند معانی ہیں ان میں سے ہر ایک اس مقام کے مناسب ہے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

وہ جگہ جو پانی سے پر ہو جائے اور صاف ہو، کاسۂ سبز یا صراحی سبز رنگ کی کیونکہ جب برتن پانی سے بھرا ہو تو وہ سبز رنگ دکھائی دیتا ہے۔ "صدف" ہموار پتھر، وہ زمین جس پر جھاڑو لگایا گیا ہو۔ یہ لفظ زاء پر ضمہ اور لام ساکن بمعنی "صخک" بھی مروی ہے یہ لفظ کالزلفۃ قاف کے ساتھ بھی مروی ہے۔ اس کا معنی شفاف پتھر اور آئینہ کے ہیں یہ بھی مقام کے مناسب ہے گویا زمین کثرت آب کی وجہ سے آئینہ کی مانند ہوگی جس سے چہرہ نظر دیکھا جا سکے گا۔

ﷺ ۴۱ دس تا چالیس افراد ایک انار کو کھائیں گے یعنی اتنا بڑا ہوگا کثیر لوگ اسے کھا کر سیر ہو جائیں گے۔

ﷺ ۴۲ استظلال، سایہ ڈھونڈنا، انار کی چھال کو آدمی کے سر کی ان ہڈیوں کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے جو دماغ کے اوپر ہوتی ہیں اور جو مانند قحف ہیں قحف قاف کے نیچے زیر یا حاء ساکن بمعنی کاسہ سر، لکڑی کا پیالہ۔

ﷺ ۴۳ الرِّسل، راء کے نیچے زیر، سین ساکن یعنی شتر کے پستانوں میں بہت زیادہ دودھ ہوگا۔

ﷺ ۴۴ لقحہ، لام کے نیچے زیر ہے اور زبر بھی آیا ہے دودھ والی اونٹنی، شارحین فرماتے ہیں وہ اونٹنی جو بچے جنے اس کو دو یا تین ماہ کے لقوح کہتے ہیں اس کے بعد لبون، فِئَامٌ، فاء کے نیچے زیر بعض نے زبر بھی پڑھی ہے یا ہمزہ یا یاء کے ساتھ ہے لیکن ہمزہ افصح اور اقوی ہے۔ بعض نے فاء پر زیر اور یاء مشدد پڑھا ہے، علامہ خطابی کے بقول یہ غلط ہے بہرصورت اس کا معنی جماعت ہے اس کا واحد ان الفاظ سے نہیں۔

ﷺ ۴۵ فَخِذ، فاء پر زبر، خاء ساکن، جماعت بطن سے کم اور بطن، قبیلہ سے کم تر ہوتا ہے۔ فخذ کا معنی ران کے ہیں جب اسے خاء کے نیچے زیر یا ساکن پڑھا جائے تو اس کا معنی سعاد ہے۔ بعض نے ذال پر کسرہ کی صورت میں اسے عضو کے ساتھ مخصوص رکھا ہے اور سکون کی صورت میں بھی، تحقیق یہ ہے کہ دونوں الفاظ حرکات و سکنات میں موافق ہیں۔ خاء پہ فتحہ یا کسرہ، خاء ساکن یا مکسور اور جس کا معنی جماعت ہے وہ بھی عضو سے بھی منقول ہے کیونکہ بطن دونوں رانوں کو شامل ہے اور ہر ران دونوں کے لیے ایک طرف ہے تفسیر میں بھی اسی طرح آیا ہے۔

ﷺ ۴۶ یہ جزء اپنے مقام پر واضح ہو چکی کہ مومن و مسلم ایک ہی ہیں جو مومن ہے وہ مسلمان اور جو مسلم ہے وہ مومن ہے لیکن ان کے تفاوت یہ بیان کرتے ہیں کہ باعتبار تصدیق قلبی جو باطن میں ہے مومن اور ظاہر خضوع و تسلیم کے اعتبار سے مسلم کہلاتا ہے یہاں مقصود دونوں کے ذکر سے تاکید و تعمیم ہے تاکہ کوئی خارج نہ رہ جائے۔

ﷺ ۴۷ بعض نے کہا کہ یہاں مردوں کا عورتوں کے ساتھ اعلانیہ جماع کرنا ہے جیسا کہ گدھوں کی عادت ہوتی ہے، ہرج کا معنی جماع بھی آیا ہے۔ ہرج جاریہ کا معنی اس نے جاریہ کے ساتھ جماع کیا۔ قاموس۔

ﷺ ۴۸ یہ صاحب مصابیح پر اعتراض ہے کہ اسے ترمذی نے روایت کیا اور مصنف اسے فصل اول میں لے آیا ہے۔

۵۲۴۰ / ۱۳ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ الدَّجَّالُ فَيَتَوَجَّهُ قِبَلَهُ رَجُلٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَيَلْقَاهُ الْمَسَالِحُ مَسَالِحُ الدَّجَّالِ فَيَقُوْلُوْنَ لَهُ اَيْنَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا دجال نکلے گا تو اس کی طرف مومنوں سے ایک صاحب متوجہ ہوں گے تو انھیں دجال کے سپاہی ملیں گے وہ ان سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تَعْمِدُ فَيَقُوْلُ اَعْمِدُ اِلٰى هٰذَا الَّذِيْ خَرَجَ قَالَ
فَيَقُوْلُوْنَ لَهٗ اَوَمَا تُؤْمِنُ بِرَبِّنَا فَيَقُوْلُ
مَا بِرَبِّنَا خِفَاءٌ فَيَقُوْلُوْنَ اقْتُلُوْهُ فَيَقُوْلُ
بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ اَلَيْسَ قَدْ نَهَاكُمْ رَبُّكُمْ اَنْ
تَقْتُلُوْا اَحَدًا دُوْنَهٗ فَيَنْطَلِقُوْنَ بِهٖ اِلَى
الدَّجَّالِ فَاِذَا رَاٰهُ الْمُؤْمِنُ قَالَ يٰاَيُّهَا
النَّاسُ هٰذَا الدَّجَّالُ الَّذِيْ ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَيَاْمُرُ الدَّجَّالُ
بِهٖ فَيُشَبَّحُ فَيَقُوْلُ خُذُوْهُ وَشُجُّوْهُ فَيُوْسَعُ
ظَهْرُهٗ وَبَطْنُهٗ ضَرْبًا قَالَ فَيَقُوْلُ اَوَمَا
تُؤْمِنُ بِيْ قَالَ فَيَقُوْلُ اَنْتَ الْمَسِيْحُ الْكَذَّابُ
قَالَ فَيُؤْمَرُ بِهٖ فَيُؤْشَرُ بِالْمِنْشَارِ مِنْ مَفْرِقِهٖ
حَتّٰى يُفَرَّقَ بَيْنَ رِجْلَيْهِ قَالَ ثُمَّ يَمْشِي
الدَّجَّالُ بَيْنَ الْقِطْعَتَيْنِ ثُمَّ يَقُوْلُ لَهٗ قُمْ
فَيَسْتَوِيْ قَائِمًا ثُمَّ يَقُوْلُ لَهٗ اَتُؤْمِنُ
بِيْ فَيَقُوْلُ مَا ازْدَدْتُ فِيْكَ اِلَّا بَصِيْرَةً قَالَ
ثُمَّ يَقُوْلُ يٰاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّهٗ لَا يَفْعَلُ بَعْدِيْ
بِاَحَدٍ مِّنَ النَّاسِ قَالَ فَيَاْخُذُهُ الدَّجَّالُ
لِيَذْبَحَهٗ فَيُجْعَلُ مَا بَيْنَ رَقَبَتِهٖ اِلٰى تَرْقُوَتِهٖ
نُحَاسًا فَلَا يَسْتَطِيْعُ اِلَيْهِ سَبِيْلًا قَالَ فَيَاْخُذُ
بِيَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ فَيَقْذِفُ بِهٖ فَيَحْسِبُ النَّاسُ
اِنَّمَا قَذَفَهٗ اِلَى النَّارِ وَاِنَّمَا اُلْقِيَ فِي الْجَنَّةِ
فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا
اَعْظَمُ النَّاسِ شَهَادَةً عِنْدَ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کہیں گے کہ کہاں کا ارادہ ہے؟ کہیں گے کہ میں اس کی طرف کا ارادہ کر رہا ہوں جو نکلا ہے۔ فرمایا وہ لوگ ان سے کہیں گے کیا تم ہمارے رب پر ایمان نہیں رکھتے وہ کہیں گے ہمارے رب میں پوشیدگی نہیں یہ لوگ کہیں گے کہ اسے قتل کر دو تو ان کے بعض، بعض سے کہیں گے، کیا تم کو تمہارے رب نے اس کے بغیر قتل کرنے سے منع نہیں کیا ہے تو وہ انھیں دجال کے پاس لے جائیں گے مومن جب اسے دیکھے گا تو کہے گا اے لوگو یہی وہ دجال ہے جس کا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ذکر فرمایا فرمایا تب دجال اس کے متعلق حکم دے گا تو انھیں لٹا لیا جائے گا۔ دجال کہے گا اسے پکڑ لو اور سرزخمی کر دو چنانچہ ان کی پشت اور پیٹ مار مار کر چوڑے کر دیں گے، فرمایا وہ کہے گا کیا مجھ پر ایمان نہیں لاتا فرمایا وہ کہیں گے تو جھوٹا مسیح ہے، فرمایا پس اس کے متعلق حکم دیا جائے گا تو آرے سے ان کی مانگ سے چیر دیا جائے گا۔ حتیٰ کہ ان کے پاؤں چر جائیں گے فرمایا پھر وہاں دو ٹکڑوں کے درمیان چلے گا پھر اس سے کہے گا کھڑا ہو وہ سیدھا کھڑا ہو جائے گا پھر اس سے کہے گا کیا مجھ پر ایمان لاتا ہے، وہ کہے گا تیرے بارے میں میری بصیرت ہی زیادہ ہوئی۔ فرمایا پھر کہیں گے اے لوگو! یہ میرے بعد اب کسی آدمی سے یہ نہ کر سکے گا فرمایا پھر اسے دجال ذبح کرنے کے لیے پکڑے گا تو اس کی گردن سے گلے تک کے درمیان تانبہ کر دیا جائے گا پھر وہ اس تک راہ پانے کی طاقت نہ رکھے گا، فرمایا پھر دجال ان کے ہاتھوں اور پاؤں کو پکڑے گا اور پھینک دے گا لوگ سمجھیں گے کہ اسے آگ کی طرف پھینکا مگر وہ جنت میں ڈالا جائے گا پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ شخص رب العالمین کے نزدیک تمام لوگوں میں بڑی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

شہادت والا ہوگا۔ (مسلم)

سلہ جو لشکر دجال کا مقدمہ ہوگا۔ مسالح جمع مسلح بمعنی سرحد جو ہتھیار چھپانے کی جگہ ہوتی ہے پھر اس کی اطلاع صاحب ہتھیار پر شروع ہوگیا کیونکہ وہ سرحد کی حفاظت کرتا ہے یہاں یہی معنی مراد ہے۔

سلہ دجال

سلہ تو ہمارے پروردگار کا منکر ہے

سلہ ہمارے رب کی ربوبیت ظاہر و باہر ہے۔ اس کی تمام صفات کمالیہ میں اس میں کوئی نقص نہیں اور دجال کا معاملہ اس کے الٹ ہے۔

سلہ دجال نے اپنے حکم کے بغیر کسی کو قتل کرنے سے منع کر رکھا ہے۔

سلہ جن کی نشانیاں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بتائی تھیں۔

سلہ بعض نے کہا کہ پیٹ کے بل انہیں لٹایا جائے گا تاکہ انہیں ماریں۔

سلہ فیوسع، واؤ ساکن، سین مخفف از وسع، بعض نسخوں میں واؤ پر زبر اور سین مشدد از توسیع کو بھی صحیح قرار دیا گیا ہے یعنی فراخ اور نرم کر دیا جائے گا۔

سلہ یہ اس روایت کے مطابق ہے۔ تُشَبَّح صیغہ مضارع مجہول ہے یا مشدد اور حاء کے ساتھ از تشبیح کی چیز کو چوڑا کر دینا، شُجُّوہُ امر کا صیغہ از شَجّ، سر کا زخمی کرنا، یہ روایت اصح ہے جیسا کہ شرح مسلم میں ہے۔ دوسری روایت فَیُشَبَّح از تشبیح اور شَجُّوا ابھی اسی باب سے امر ہے اس روایت کو حمیدی نے جمع بین الصحیحین میں ذکر کیا، تیسری روایت کے مطابق یہ دونوں الفاظ فیُشَجّ اور شُجُّوہُ، شَجّ سے مشتق ہیں بمعنی سر کا زخمی کرنا ہے۔

سلہ میشار، میم کے نیچے زیر، آرہ، وشر بمعنی نشر ہمزہ کے ساتھ آیا ہے یا بھی آتی ہے شرح الجنۃ اشرا و شرا دونوں میں منشار یعنی نون کے ساتھ بھی ہے۔ مفرق، میم پر زبر، را کے نیچے زیر سر کی مانگ۔

سلہ مرنے کے بعد تو نے جو زندہ کیا ہے اس سے میرے یقین میں اضافہ ہوگیا ہے کہ تو یقیناً جھوٹا اور دجال ہے اس طرح میں ہے کہ از دیاد کا معنی زیادہ کرنا یا زیادہ ہونا ہے۔

سلہ جو اس نے قتل کیا پھر زندہ کیا اب کسی کے ساتھ نہیں کر سکے گا۔

سلہ بعض نسخوں میں فیاخذ بغیر ضمیر کے ہے یعنی اتنا سخت ہوجائے کہ وہاں تلوار کام نہیں کرے گی

سلہ اس آگ میں جو اس کے ساتھ ہوگی۔

سلہ جیسا کہ پیچھے گزرا کہ اس کی نار جنت اور اس کی جنت آگ ہوگی۔

سلہ اس لحاظ سے کہ اسے قتل کیا گیا اگرچہ بعد میں زندہ ہوگیا یا اس لحاظ سے کہ اسے دجال نے ذبح کرنے کا ارادہ کیا۔ اگرچہ وہ ذبح نہ ہوسکا، شہادت سے مراد بارگاہ وایزدی میں حاضر ہونا اور گواہی دینا ہے۔

۵۲۴۱/۱۴ وَعَنْ اُمِّ شَرِيْكٍ قَالَتْ قَالَ
حضرت ام شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیَفِرَّنَّ النَّاسُ مِنَ الدَّجَّالِ حَتّٰی یَلْحَقُوْا بِالْجِبَالِ قَالَتْ اُمُّ شَرِیْكٍ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَاَیْنَ الْعَرَبُ یَوْمَئِذٍ قَالَ ھُمْ قَلِیْلٌ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا لوگ دجال سے بھاگیں گے حتیٰ کہ پہاڑوں میں جا پہنچیں گے۔ اُمّ شریک کہتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! تو اس دن عرب کہاں ہوں گے[۲] فرمایا وہ تھوڑے ہوں گے۔ (المسلم)

[۱] ام شریک، شین پر زبر، راء کے نیچے زیر انصاریہ صحابیہ ہیں ایک ام شریک اور ہیں وہ بھی صحابیہ ہیں لیکن وہ قرشیہ عامریہ ہیں اور ان کا تعلق بنی لوی بن غالب سے ہے اور فاطمہ بنت قیس کی حدیث جو عدت کے بارے میں ہے اکثر کی رائے یہ ہے کہ ام شریک انصاریہ ہیں اور بعض قرشیہ کے قائل ہیں۔

[۲] جن کا کام راہِ خدا میں جہاد اور دین سے فتنہ اور شر کو دُور کرنا ہے۔

۵۲۴۲/۱۵ وَعَنْ اَنَسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَتْبَعُ الدَّجَّالَ مِنْ یَهُوْدِ اِصْفَهَانَ سَبْعُوْنَ اَلْفًا عَلَیْهِمُ الطَّیَالِسَةُ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اصفہان[۱] کے ستر ہزار یہودی دجال کی پیروی کریں گے جن کے اوپر طیالسی چادریں[۲] ہوں گی[۳] (المسلم)

[۱] اصفہان یہ عجمی شہروں میں مشہور شہر ہے، فاء کی جگہ باء اصبہان بھی پڑھا گیا ہے۔ ہمزہ کے نیچے زیر ہے زبر بھی مروی ہے، یہ سپاہان سے عربی بنایا گیا ہے وہ جگہ جہاں لشکر ٹھہرتے ہیں یا اس کی وجہ یہ ہے کہ نمرود نے آسمان والوں کے ساتھ جنگ کے لیے لشکر کو بلایا تو اس کی سپاہ نے جواب میں لکھا کہ خدا کے ساتھ جنگ کرو۔ القاموس

[۲] یہ یہودیوں کی عادت ہے کہ وہ طیالسی چادریں اوڑھتے ہیں۔

[۳] بعض علماء نے اس حدیث کی وجہ سے طیالسی چادروں کی مذمت کی ہے اور اس روایت کی وجہ سے جو حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ انھوں نے ایک ایسی جماعت کو دیکھا جن پر طیالسی چادریں تھیں اور وہ خیبر کے یہودیوں کے مشابہ تھے، لیکن حق یہ ہے کہ طیالسی چادریں پہننے سے مراد چادر کے ساتھ سر کو ڈھانپنا ہے جو محمود و مسنون عمل ہے اور اس سلسلہ میں حضور علیہ السلام اور آپ کے صحابہ سے بہت سی احادیث آئی ہیں، اگرچہ ایک وقت میں یہ یہودیوں کا شعار تھا اور حضرت انس کا انکار اس شعار کی وجہ سے تھا یا اس وجہ سے کہ ان کا رنگ زرد تھا۔ ان طیالسی چادروں میں محل اختلاف یہ ہے کہ انھیں سر پر اس طرح لیا جائے کہ ان کی ایک طرف کاندھے پر ہو۔ اسے مقنع اور قناع بھی کہا جاتا ہے۔ اس کے منکرین کا کہنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ سے جو ثابت ہے وہ وقت مخصوص میں گرمی آفتاب وغیرہ سے بچنے کے لیے ہے لیکن جمہور علماء کے نزدیک ہر حال میں بلاکراہت جائز ہے حدیث میں ہے کہ طیلسان کے ساتھ سروں کو ڈھانپنا عرب کا لباس ہے اور اقناع (نیچے والا کپڑا) ایمان کا لباس ہے امام ترمذی وغیرہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ذکر کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نیچے والا

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

کپڑا استعمال فرماتے حتیٰ کہ وہ کپڑا تیل سے خوب تر ہو جاتا تھا۔ یہاں اس کپڑے سے مراد طیلسان کا وہ گوشہ ہے جو سر پر رکھا جاتا ہے، حدیث انس میں بھی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قناع استعمال فرماتے۔ ایک روایت میں ہے کہ آپ قناع کو جدا نہیں کرتے تھے۔ امام حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے بارے میں ہے کہ وہ حالت تقنع میں نماز ادا کرتے اور نماز کے علاوہ بھی۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ سر کو طیلسان کے ساتھ دن کو ڈھانپنا دانائی اور رات کو زینت ہے۔ صحابہ کرام کا تقنع بھی منقول ہے اور اس بارے میں متعدد آثار و اخبار ہیں۔

۵۲۴۳ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَاْتِی الدَّجَّالُ وَھُوَ مُحَرَّمٌ عَلَیْہِ اَنْ یَّدْخُلَ نِقَابَ[1] الْمَدِیْنَۃِ فَیَنْزِلُ بَعْضَ السِّبَاخِ الَّتِیْ تَلِی الْمَدِیْنَۃَ فَیَخْرُجُ اِلَیْہِ رَجُلٌ وَّھُوَ خَیْرُ النَّاسِ اَوْ مِنْ خِیَارِ النَّاسِ فَیَقُوْلُ اَشْھَدُ اَنَّکَ الدَّجَّالُ الَّذِیْ حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَدِیْثَہٗ فَیَقُوْلُ الدَّجَّالُ اَرَاَیْتُمْ اِنْ قَتَلْتُ ھٰذَا ثُمَّ اَحْیَیْتُہٗ ھَلْ تَشُکُّوْنَ فِی الْاَمْرِ فَیَقُوْلُوْنَ لَا فَیَقْتُلُہٗ ثُمَّ یُحْیِیْہِ فَیَقُوْلُ وَاللّٰہِ مَا کُنْتُ فِیْکَ اَشَدَّ بَصِیْرَۃً مِّنِّی الْیَوْمَ فَیُرِیْدُ الدَّجَّالُ اَنْ یَّقْتُلَہٗ فَلَا یُسَلَّطُ عَلَیْہِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال آئے گا اور اس پر مدینہ منورہ کے راستوں[1] میں داخل ہونا حرام ہوگا۔ پس وہ مدینہ منورہ کے نزدیک ایک شوریدہ[2] نشیبی جگہ میں اترے گا۔ اس کی طرف ایک آدمی نکلے گا جو لوگوں سے بہتر ہوگا یا بہتر لوگوں[3] سے ہوگا اور کہے گا میں گواہی دیتا ہوں کہ تو دجال ہے جس کا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم سے ذکر فرمایا تھا۔ دجال کہے گا کہ بتاؤ کہ اگر میں اسے قتل کر کے پھر زندہ کر دوں تو کیا میرے معاملے میں تمہیں کوئی شک[4] ہوگا وہ کہیں گے نہیں[5] پس وہ قتل کر کے پھر زندہ کر دے گا۔ وہ شخص کہے گا خدا کی قسم! آج تیرے متعلق مجھے اور بصیرت مل[6] گئی ہے۔ دجال اسے قتل کرنے کا ارادہ کرے گا مگر وہ اس پر قادر نہ ہوگا۔

(بخاری و مسلم)

[1] نِقاب، نون کے نیچے زیر، نقب کی نون پر زبر اور قاف ساکن کی جمع۔ اس کا معنی پہاڑ میں راستے کے ہیں۔

[2] سِباخ، سین کے نیچے زیر، باء اور خاء سَبخہ: سین پر زبر، باء ساکن کی جمع ہے بمعنی کلری زمین جو کچھ نہ اگائے۔

[3] راوی کو شک ہے بعض حواشی میں ہے کہ وہ مرد حضرت خضر علیہ السلام ہوں گے۔

[4] میرے خدا ہونے میں کوئی شک رہے گا۔

[5] اہل شقاوت مراد ہیں جو اس کے گرویدہ اور اس کی اتباع کرنے والے ہوں گے یہاں یہ کلام اپنے حقیقی معنی پر محمول ہے یا وہ لوگ اس کے خوف یا وقت لگانے کے لیے کہیں گے اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ ان کے قول میں بطور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تو یہ وکنایہ اس کے کذب میں عدم شک ہو۔
سلہ تیرے زندہ کئے اور مارنے نے میرے اس یقین میں اور اضافہ کر دیا ہے کہ تو جھوٹا ہے اور حضور علیہ السلام کی دی ہوئی خبر کا میں نے مشاہدہ کر لیا ہے۔

۵۲۴۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ یَاْتِی الْمَسِیْحُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ هِمَّتُهُ الْمَدِیْنَةُ حَتّٰى یَنْزِلَ دُبُرَ اُحُدٍ ثُمَّ تَصْرِفُ الْمَلٰئِكَةُ وَجْهَهٗ قِبَلَ الشَّامِ وَهُنَالِكَ یَهْلِكُ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مسیح دجال مشرق کی طرف سے آئے گا اس کا ارادہ مدینہ طیبہ ہوگا، حتیٰ کہ اُحد کے پیچھے اُترے گا پھر فرشتے اس کا منہ شام کی طرف پھیر دیں گے اور وہاں ہی ہلاک ہوگا سلہ
(بخاری و مسلم)

سلہ جیسا کہ پیچھے گزرا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام باب لُد جو شام کے قریب ہے کے پاس اسے قتل کریں گے۔

۵۲۴۵ وَعَنْ اَبِیْ بَكْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَدْخُلُ الْمَدِیْنَةَ رُعْبُ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ لَهَا یَوْمَئِذٍ سَبْعَةُ اَبْوَابٍ عَلٰى كُلِّ بَابٍ مَلَكَانِ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابو بکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مدینہ پاک میں مسیح دجال کا رعب داخل نہ ہوگا اس دن اس کے سات دروازے ہوں گے ہر دروازے پر دو فرشتے ہوں گے سلہ
(بخاری)

سلہ مدینہ طیبہ کے
سلہ جو دجال کو مدینہ منورہ داخل ہونے سے روکیں گے۔

۵۲۴۶ وَعَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَیْسٍ قَالَتْ سَمِعْتُ مُنَادِیَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُنَادِیْ الصَّلٰوةَ جَامِعَةً فَخَرَجْتُ اِلَى الْمَسْجِدِ فَصَلَّیْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا قَضٰى صَلٰوتَهٗ جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَهُوَ یَضْحَكُ فَقَالَ لِیَلْزَمْ كُلُّ اِنْسَانٍ مُصَلَّاهُ ثُمَّ قَالَ هَلْ تَدْرُوْنَ لِمَ جَمَعْتُكُمْ قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ اِنِّیْ وَاللّٰهِ مَا جَمَعْتُكُمْ لِرَغْبَةٍ وَّلَا لِرَهْبَةٍ وَّلٰكِنْ جَمَعْتُكُمْ لِاَنَّ تَمِیْمًا نِ الدَّارِیَّ كَانَ رَجُلًا نَصْرَانِیًّا فَجَاءَ وَاَسْلَمَ

حضرت فاطمہ بنت قیس سلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے منادی کو یہ اعلان کرتے ہوئے سنا کہ نماز تیار ہے تو میں مسجد کی طرف گئی۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی۔ جب حضور نے نماز پوری فرمائی تو منبر پر جلوہ افروز ہوئے اس وقت آپ تبسم فرما رہے تھے، فرمایا ہر شخص اپنی نماز کی جگہ پر رہے پھر فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ ہم نے تم کو کیوں جمع کیا ہے؟ سب نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول ہی جانتے ہیں فرمایا واللہ ہم نے تم کو بشارت سلہ دینے اور ڈرانے کے لیے جمع نہیں فرمایا

وَحَدَّثَنِیْ حَدِیْثًا وَافَقَ الَّذِیْ
كُنْتُ اُحَدِّثُكُمْ عَنِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ
حَدَّثَنِیْ اَنَّهٗ رَكِبَ فِیْ سَفِیْنَةٍ بَحْرِیَّةٍ مَعَ
ثَلٰثِیْنَ رَجُلًا مِّنْ لَخْمٍ وَجُذَامٍ فَلَعِبَ
بِهِمُ الْمَوْجُ شَهْرًا فِی الْبَحْرِ فَاَرْفَؤُا اِلٰی
جَزِیْرَةٍ حِیْنَ تَغْرُبُ الشَّمْسُ فَجَلَسُوْا فِیْ
اَقْرُبِ السَّفِیْنَةِ فَدَخَلُوا الْجَزِیْرَةَ فَلَقِیَتْهُمْ
دَآبَّةٌ اَهْلَبُ كَثِیْرُ الشَّعْرِ لَا یَدْرُوْنَ
مَا قُبُلُهٗ مِنْ دُبُرِهٖ مِنْ كَثْرَةِ الشَّعْرِ فَقَالُوْا
وَیْلَكِ مَا اَنْتِ قَالَتْ اَنَا الْجَسَّاسَةُ اِنْطَلِقُوْا
اِلٰی هٰذَا الرَّجُلِ فِی الدَّیْرِ فَاِنَّهٗ اِلٰی خَبَرِكُمْ
بِالْاَشْوَاقِ قَالَ لَمَّا سَمَّتْ لَنَا رَجُلًا فَرِقْنَا
مِنْهَا اَنْ تَكُوْنَ شَیْطَانَةً قَالَ فَانْطَلَقْنَا
سِرَاعًا حَتّٰی دَخَلْنَا الدَّیْرَ فَاِذَا فِیْهِ اَعْظَمُ
اِنْسَانٍ مَا رَاَیْنَاهُ قَطُّ خَلْقًا وَاَشَدُّهٗ وَثَاقًا
مَجْمُوْعَةً یَدَاهُ اِلٰی عُنُقِهٖ مَا بَیْنَ رُكْبَتَیْهِ
اِلٰی كَعْبَیْهِ بِالْحَدِیْدِ قُلْنَا وَیْلَكَ مَا
اَنْتَ قَالَ قَدْ قَدَرْتُمْ عَلٰی خَبَرِیْ
فَاَخْبِرُوْنِیْ مَا اَنْتُمْ قَالُوْا نَحْنُ اُنَاسٌ
مِّنَ الْعَرَبِ رَكِبْنَا فِیْ سَفِیْنَةٍ بَحْرِیَّةٍ
فَلَعِبَ بِنَا الْبَحْرُ شَهْرًا فَدَخَلْنَا الْجَزِیْرَةَ
فَلَقِیَتْنَا دَآبَّةٌ اَهْلَبُ فَقَالَتْ اَنَا الْجَسَّاسَةُ
اِعْمِدُوْا اِلٰی هٰذَا فِی الدَّیْرِ فَاَقْبَلْنَا اِلَیْكَ
سِرَاعًا فَقَالَ اَخْبِرُوْنِیْ عَنْ نَخْلِ بَیْسَانَ
هَلْ تُثْمِرُ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ اَمَا اِنَّهَا تُوْشِكُ
اَنْ لَّا تُثْمِرَ قَالَ اَخْبِرُوْنِیْ عَنْ بُحَیْرَةِ
الطَّبَرِیَّةِ هَلْ فِیْهَا مَآءٌ قُلْنَا هِیَ كَثِیْرَةُ

لیکن اس لیے جمع فرمایا ہے کہ تمیم داری ایک عیسائی
آدمی تھا وہ آیا اور مسلمان ہو گیا اور اس نے ہم کو ایسی خبر
دی کہ جو اس کے موافق ہے جو ہم تم کو مسیح دجال کے متعلق
بتایا کرتے تھے اس نے ہم کو خبر دی کہ وہ قبیلہ لخم اور جذام
کے تیس آدمیوں کے ساتھ دریائی جہاز میں سوار ہوئے
تو انھیں ایک ماہ تک موج سمندر میں کھلاتی رہی پھر وہ مغرب
کی طرف جزیرہ کے قریب پہنچے پھر وہ چھوٹی کشتی میں
بیٹھے جزیرہ میں داخل ہو گئے تو انھیں ایک بہت زیادہ اور
موٹے بالوں والا جانور ملا کہ بالوں کی زیادتی کی وجہ سے
یہ نہیں جانتے تھے کہ اس کا اگلا اور پچھلا حصہ کون سا ہے؟
ان لوگوں نے کہا تیری خرابی ہو تو کون ہے؟ وہ بولی میں
جاسوس ہوں تم لوگ کلیسا میں اس شخص کے پاس جاؤ کہ وہ
تمھاری خبر کا مشتاق ہے۔ کہا کہ جب اس نے ہم سے
ایک آدمی کا نام لیا تو ہم اس سے بولے کہ وہ جناتنی ہے
کہا کہ ہم تیز چلے حتیٰ کہ کلیسا میں داخل ہو گئے تو اس میں
ایک بہت بھاری بھر کم آدمی تھا ہم نے اتنا بڑا اور ایسا
مضبوط بندھا ہوا آدمی نہ دیکھا تھا اس کے ہاتھ گردن سے
بندھے ہوئے تھے اس کے گھٹنوں سے ٹخنوں تک لوہے
سے جکڑا تھا ہم نے کہا تیری خرابی ہو تو ہے کون؟ وہ بولا
میری خبر پر تم نے قابو پا لیا، تم بتاؤ تم لوگ کون ہو؟
انھوں[21] نے کہا ہم عرب کے لوگ ہیں ہم دریائی جہاز میں سوار
ہوئے تو ہم کو دریا ایک ماہ تک کھلاتا رہا پھر ہم اس جزیرہ
میں داخل ہوئے تو ہم کو بڑے بالوں والا جانور ملا، وہ بولا
میں جاسوس ہوں اس کلیسہ کی طرف جاؤ تو ہم دوڑتے ہوئے
تیری طرف آ گئے" وہ بولا مجھے بیسان[22] کے باغ کی خبر دو کیا
وہ پھل دے رہا ہے؟ ہم نے کہا ہاں! وہ بولا قریب ہے
کہ پھل نہ دے[23] بولا مجھے بحیرہ طبریہ[24] کے بارے میں بتاؤ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

الْمَاءِ قَالَ إِنَّ مَاءَهَا يُوشِكُ أَنْ يَذْهَبَ قَالَ أَخْبِرُونِي عَنْ عَيْنِ زُغَرَ هَلْ فِي الْعَيْنِ مَاءٌ وَهَلْ يَزْرَعُ أَهْلُهَا بِمَاءِ الْعَيْنِ قُلْنَا نَعَمْ هِيَ كَثِيرَةُ الْمَاءِ وَأَهْلُهَا يَزْرَعُونَ مِنْ مَائِهَا قَالَ أَخْبِرُونِي عَنْ نَبِيِّ الْأُمِّيِّينَ مَا فَعَلَ قُلْنَا قَدْ خَرَجَ مِنْ مَكَّةَ وَنَزَلَ يَثْرِبَ قَالَ أَقَاتَلَهُ الْعَرَبُ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ كَيْفَ صَنَعَ بِهِمْ فَأَخْبَرْنَاهُ أَنَّهُ قَدْ ظَهَرَ عَلَى مَنْ يَلِيهِ مِنَ الْعَرَبِ وَأَطَاعُوهُ قَالَ أَمَا إِنَّ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَهُمْ أَنْ يُطِيعُوهُ وَإِنِّي مُخْبِرُكُمْ عَنِّي أَنَا الْمَسِيحُ الدَّجَّالُ وَإِنِّي يُوشِكُ أَنْ يُؤْذَنَ لِي فِي الْخُرُوجِ فَأَخْرُجَ فَأَسِيرُ فِي الْأَرْضِ فَلَا أَدَعُ قَرْيَةً إِلَّا هَبَطْتُهَا فِي أَرْبَعِينَ لَيْلَةً غَيْرَ مَكَّةَ وَطَيْبَةَ هُمَا مُحَرَّمَتَانِ عَلَيَّ كِلْتَاهُمَا كُلَّمَا أَرَدْتُ أَنْ أَدْخُلَ وَاحِدًا مِنْهُمَا اسْتَقْبَلَنِي مَلَكٌ بِيَدِهِ السَّيْفُ صَلْتًا يَصُدُّنِي عَنْهَا وَإِنَّ عَلَى كُلِّ نَقْبٍ مِنْهَا مَلَائِكَةً يَحْرُسُونَهَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَطَعَنَ بِمِخْصَرَتِهِ فِي الْمِنْبَرِ هٰذِهِ طَيْبَةُ هٰذِهِ طَيْبَةُ هٰذِهِ طَيْبَةُ يَعْنِي الْمَدِينَةَ أَلَا هَلْ كُنْتُ حَدَّثْتُكُمْ فَقَالَ النَّاسُ نَعَمْ أَلَا إِنَّهُ فِي بَحْرِ الشَّامِ أَوْ بَحْرِ الْيَمَنِ لَا بَلْ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ مَا هُوَ وَأَوْمَأَ بِيَدِهِ إِلَى الْمَشْرِقِ.

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کیا اس میں پانی ہے، ہم نے کہا کہ وہ تو بہت پانی والا ہے بولا قریب ہے کہ اس کا پانی خشک ہو جائے۔ بولا مجھے چشمہ زغر کے متعلق بتاؤ کیا اس چشمہ میں پانی ہے؟ اور کیا وہاں کے باشندے کھیتی باڑی کر رہے ہیں؟ ہم نے کہا ہاں اس میں بہت پانی ہے اور اس کے باشندے اس کے پانی سے کھیتی باڑی کر رہے ہیں وہ بولا مجھے ناخواندہ لوگوں کے نبی کے متعلق خبر دو کہ انھوں نے کیا کیا؟ ہم نے کہا وہ مکہ سے تشریف لے گئے ہیں اور یثرب میں قیام پذیر ہوئے ہیں بولا کیا عرب نے ان کے ساتھ جنگ کی؟ ہم نے کہا ہاں! بولا ان کے ساتھ نبی نے کیا کیا؟ ہم نے اسے بتایا کہ وہ متصل عرب پر غالب آگئے ہیں اور عرب نے ان کی اطاعت کر لی ہے بولا عرب کے لیے ان کی اطاعت کرنا بہتر ہے اور میں تمھیں اپنے متعلق بتاتا ہوں کہ میں مسیح دجال ہوں اور مجھے نکلنے کی اجازت دی جائے تو میں نکلوں تو ساری زمین میں چلوں گا کوئی بستی نہ چھوڑوں گا مگر وہاں چالیس دن میں اتروں سوا مکہ اور طیبہ کے کہ وہ دونوں بستیاں مجھ پر حرام ہیں جب کبھی میں ان میں سے کسی میں داخل ہوتا جاؤں گا تو میرے سامنے ایک فرشتہ آ دے گا جس کے ہاتھ میں ننگی تلوار ہو گی جو مجھے وہاں سے روک دے گا اور اس کے ہر راستے پر فرشتے اس کی حفاظت کرتے ہوں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا عصا منبر پر مارا اور فرمایا یہ ہے طیبہ[۳۲] یعنی مدینہ، بولو کیا میں نے تم کو یہ خبریں دی ہیں؟ لوگوں نے کہا ہاں! فرمایا آگاہ رہو کہ وہ شام یا یمن کے جنگل میں ہے نہیں، بلکہ مشرق کی طرف وہ ہے اور اپنے ہاتھ سے مشرق کی طرف اشارہ کیا[۳۳]

(مسلم)

سلہ قرشیہ فہریہ، فہر بن مالک بن نضر کی طرف منسوب ہیں۔ یہ ضحاک بن قیس کی ہمشیرہ اور اولین مہاجرات میں سے ہیں۔ صاحب جمال، عقل اور کمال ہیں۔ ان کا نکاح ابو عمرو بن حفص بن مغیرہ کے ساتھ ہوا، انھوں نے جب طلاق دے دی تو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسامہ بن زید کے لیے اسے چاہا، یہ حدیث باب العدت میں مذکور ہے۔

سلہ یہ ترغیب وطلب نماز کے لیے بولا جانے والا کلمہ ہے تاکہ لوگ جمع ہو جائیں جیسا کہ نماز خسوف وکسوف کے لیے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ظاہری حیات میں بولا جاتا تھا۔

سلہ جس جس جگہ کسی نے نماز ادا کی ہے وہیں بیٹھا رہے اور نہ اٹھے۔

سلہ نہ تو ایسا معاملہ ہے جو مرغوب ہو مثلاً عطیہ وغیرہ اور نہ ہی ایسا معاملہ ہے وہ مرعوب ہو یعنی غزوہ وغیرہ

سلہ تمیم داری، یہ عبد الدار کی طرف منسوب ہیں دار ایک بت کا نام ہے اس کی نسبت سے عبد الدار کہتے، مشہور صحابی ہیں، ان کے احوال متعدد جگہ بیان ہوئے ہیں۔

سلہ میں تمھیں تمیم داری کی بات سناتا ہوں تاکہ تمھارے ایمان میں زیادہ یقین پیدا ہو اور خبر کے ساتھ شاہد اور برہان کے ساتھ معاینہ متصل ہو جائے (یعنی بات سننے سے دیکھنے تک پہنچ جائے)

سلہ لخم، لام پر زبر، خاء ساکنہ، یمن کا محلہ ہے جذام، جیم پر پیش، ذال، نجد کا قبیلہ ہے سفینہ بحریہ سے مراد بڑی کشتی ہے جو دریاؤں میں چلتی ہے کیونکہ وہ کشتی جو نہروں میں چلتی ہے اسے زورق کہا جاتا ہے، بعض کہتے ہیں کہ سفینہ کو بحریہ کے ساتھ مقید کی وجہ یہ ہے کہ اونٹ سے احتراز ہو جائے کیونکہ اسے سفینہ بریہ کہا جاتا ہے لیکن یہ بات ضعیف ہے کیونکہ حدیث میں متعدد قرائن واضح کر رہے ہے کہ مراد کشتی ہے لہٰذا امتیاز کے لیے اس قید کی ضرورت ہی نہیں۔

سلہ یعنی دریا میں انھیں غیر مقصود جہت کی طرف ڈال دیا کیونکہ لعب اس فعل کو کہا جاتا ہے جس میں کوئی فائدہ اور غرض نہ ہو۔

سلہ ارفاء، کشتی کا کنارہ کے قریب ہونا

سلہ جو بڑی کشتی کے ساتھ تھیں، اقرُبْ، ہمزہ پر زبر، راء پر ضمہ، قارب (راء کے نیچے کسرہ اس پر زبر بھی پڑھ سکتے ہیں) کی جمع، وہ چھوٹی کشتی جو بڑی کشتی کے ساتھ ہوتی ہے تاکہ ساحل کی ضروریات پوری کی جاسکیں۔ جیسے ایک گھوڑے کے ساتھ معاون گھوڑا ہوتا ہے۔

سلہ جزیرہ، وہ جگہ جس کے اردگرد پانی ہو۔

سلہ اہلب، صراح میں ہے موٹے بال جو گھوڑے کی دم کے ہوتے ہیں۔

سلہ تیری ماہیت کیا ہے تو جن ہے یا انسان، کیا کام کرتا ہے اور کس حال میں ہے؟

سلہ میں آفاق کی خبریں دجال کو پہنچاتا ہوں۔

سلہ دیر، گرجا برائے آگ پرست اور صومعہ راہب

سلہ لبابک حیوان میں شیطان

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱۷؎ از روئے خلقت آج تک ایسا خوفناک انسان نہیں دیکھا تھا۔
۱۸؎ وثاق، واؤ کے نیچے کسرہ یا فتحہ، وہ چیز جس کے ساتھ کسی کو باندھا جائے۔
۱۹؎ اگرچہ آدمیوں کی جنس سے تھا مگر جس صفت پر تھا وہ آدمیوں کے خلاف تھی۔ اس لیے اس کی ماہیت میں شک ہوا تو پوچھا۔
۲۰؎ میں جانتا ہوں کہ تمہیں بتاؤں کہ میں کون ہوں؟
۲۱؎ اگرچہ وہ جانتا تھا کہ یہ انسان ہیں مگمان کی اتباع میں اس نے بھی سوال کیا۔
۲۲؎ بیسان، باء پر زبر، یاء ساکن، شام میں قریہ ہے اور ریاستیں بھی ایک جگہ کا نام ہے مشارق الانوار میں ہے کہ حدیث مذکورہ میں بیسان سے مراد بلادِ حجاز کا علاقہ ہے اور دیگر احادیث میں بلادِ شام کا علاقہ مراد ہے۔
۲۳؎ قربِ قیامت کی طرف اشارہ ہے۔
۲۴؎ طبریہ، طاء اور باء پر زبر، اردن کا قصبہ ہے۔ ائمہ حدیث میں سے امام طبرانی اسی شہر کے ہیں۔
۲۵؎ زغر، زاء اور غین مفتوحہ، شام میں جانب قبلہ مشہور شہر ہے
۲۶؎ اہل عرب نے کیا کیا، یہ بعض ان یہودیوں کے اعتقاد کے مطابق ہے جو کہتے تھے کہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت عرب کے ساتھ مخصوص ہے یا اس لعنتی نے تعریض کی ہے کہ حضور علیہ السلام کو نادانوں اور جاہلوں میں مبعوث کیا گیا ہے اللہ تعالیٰ اسے رسوا فرمائے۔ آمین۔
۲۷؎ یہ مدینہ طیبہ کا پرانا نام ہے۔
۲۸؎ یہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی فضیلت کا اعتراف ہے یا تو مجبوری کی وجہ سے ہے یا اس وجہ سے کہ اسے ابھی کفر و انکار کے اظہار کی ضرورت نہیں یا اس کی مراد دنیاوی ضرورت ہے۔
۲۹؎ طیبہ، مدینہ مطہرہ کا نام ہے اس کے اسماء ایک سو سے زائد ہیں۔ ان میں سے کچھ کا ذکر میں نے "جذب القلوب الیٰ دیار المحبوب" میں کیا ہے۔ اس نے طیبہ اس لیے کہا کہ جب اس کے نفس خبیثہ کی نجاست سے اس شہر کا علاقہ محفوظ رہے گا تو بے ساختہ اس کی زبان سے یہ لفظ نکلا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ اس مقام کی مناسبت کی وجہ سے خود سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یا راوی نے ذکر کر دیا ہو۔
۳۰؎ صلت، ماضی صیقل تلوار، صراح میں ہے صلت بالفتح، تلوار مارنا، صَلَتَہٗ بالسیف کا معنی، میں نے اسے تلوار کے ساتھ مارا ہے۔
۳۱؎ جو آپ کے ہاتھ میں تھی "مخصرۃ" میم کے نیچے زیر خاء ساکن، صاد پر زبر وہ چیز جسے آدمی ہاتھ میں پکڑتا ہے اور اس کے ساتھ ٹیک لگاتا ہے مثلاً عصا اور چھڑی وغیرہ۔
۳۲؎ تین دفعہ فرمایا، مقصد خوشی و سرور اور اظہار فضیلت اور اس کا باقی شہروں سے ممتاز ہونا بیان کرنا ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سلہ ۲۳ ما جو ہیں ما زائدہ اور صلہ کلام کے طور پر آیا ہے نافیہ میں نہیں۔ قاضی عیاض نے مشارق الانوار میں یہی فرمایا ہے۔ علامہ طیبی نے اس لفظ کے اعراب بیان کرتے ہوئے متعدد مثالوں کے ساتھ مؤید کیا ہے۔

سلہ ۲۴ چونکہ اللہ تعالیٰ نے قیامت کو مبہم رکھا ہے اور متعین وقت کی خبر نہیں دی اور اس کے اوقات علامات کو بھی متعین نہیں کیا اس لیے سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دجال کے بند کردہ مکان کے بارے میں تعین نہیں فرمایا، بلکہ لوگوں پر مبہم رکھا اور غلبہ ظن کے ساتھ بھی اسے متعین نہ کیا۔ سوائے اس کے کہ یہ اس جانب ہے لیکن جگہ مخصوص متعین نہیں فرمائی۔ یہی بات ہے کہ احتمال اول کی نفی اور اثبات ثالث فرمایا۔ لا بل من المشرق (نہیں بلکہ وہ مشرق کی جانب سے ہے) اور یہ بھی امکان ہے کہ یہ مقامات کے عدم تعین اس وجہ سے نہ ہو کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہو جائے گا۔

۵۲۴۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ ۲۰
اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَرَانِي اللَّيْلَةَ عِنْدَ الْكَعْبَةِ فَرَاَيْتُ رَجُلًا اٰدَمَ كَاَحْسَنِ مَا اَنْتَ رَاءٍ مِّنْ اُدْمِ الرِّجَالِ لَهٗ لِمَّةٌ كَاَحْسَنِ مَا اَنْتَ رَاءٍ مِّنَ اللِّمَمِ قَدْ رَجَّلَهَا فَهِيَ تَقْطُرُ مَاءً مُّتَّكِئًا عَلٰی عَوَاتِقِ رَجُلَيْنِ يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ فَسَاَلْتُ مَنْ هٰذَا فَقَالُوْا هٰذَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ قَالَ ثُمَّ اِذَا اَنَا بِرَجُلٍ جَعْدٍ قَطَطٍ اَعْوَرِ الْعَيْنِ الْيُمْنٰی كَاَنَّ عَيْنَهٗ عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ كَاَشْبَهِ مَنْ رَاَيْتُ مِنَ النَّاسِ بِابْنِ قَطَنٍ وَاضِعًا يَدَيْهِ عَلٰی مَنْكِبَيْ رَجُلَيْنِ يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ فَسَاَلْتُ مَنْ هٰذَا فَقَالُوْا هٰذَا الْمَسِيْحُ الدَّجَّالُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ فِي الدَّجَّالِ رَجُلٌ اَحْمَرُ جَسِيْمٌ جَعْدُ الرَّاْسِ اَعْوَرُ عَيْنِ الْيُمْنٰی اَقْرَبُ النَّاسِ بِهٖ شَبَهًا ابْنُ قَطَنٍ وَذُكِرَ حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَّغْرِبِهَا فِيْ بَابِ الْمَلَاحِمِ وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ ابْنِ عُمَرَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّاسِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے آج رات اپنے آپ کو کعبہ کے پاس دیکھا تو میں نے ایک شخص کو دیکھا گندمی رنگ، ان سب سے اچھا جو تم سے گندمی رنگ کے لوگ دیکھے ان کے پٹے والے بال ہیں تمام پٹے والوں سے اچھے جو تم نے دیکھے ہوں۔ اس میں کنگھی کی ہوئی ہے ان سے پانی ٹپک رہا ہے دو اشخاص کے کاندھوں پر ٹیک لگائے ہیں، بیت اللہ کا طواف کر رہے ہیں۔ میں نے پوچھا یہ کون ہیں؟ لوگوں نے کہا یہ مسیح ابن مریم ہیں۔ فرمایا پھر ایک شخص دیکھا بال جھک دار داہنی آنکھ کا کانا گویا اس کی آنکھ ابھرا ہوا انگور ہے سلہ جن لوگوں کو میں سلہ نے دیکھا ہے ان میں سے سب سے زیادہ مشابہ ابن قطن تھا اپنے دونوں ہاتھ دو اشخاص کے کندھے پر رکھے۔ بیت اللہ کا طواف کر رہا تھا میں نے پوچھا یہ کون ہے؟ لوگوں نے کہا یہ مسیح دجال ہے سلہ

ایک اور روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا دجال سرخ رنگ، موٹے بال داہنی کانی آنکھ والا آدمی ہے لوگوں میں اس سے زیادہ مشابہ ابن قطن ہے اور ابوہریرہ کی حدیث سلہ لا تقوم الساعۃ حتی تطلع الشمس من مغربھا باب الملاحم میں گزری اور ہم حضرت ابن عمر کی حدیث

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

فِي بَابِ قِصَّةِ ابْنِ صَيَّادٍ إِنْ شَاءَ اللهُ تَعَالَى۔

قام رسول اللہ فی الناس۔ قصہ ابن صیاد میں ان شاء اللہ ذکر کریں گے ؎۶
(بخاری و مسلم)

؎۱ اس سے بالوں کی تروتازگی اور نظافت مراد ہے
؎۲ باہر نکلی ہوئی ہے یا بے نور ہے تفصیل پیچھے گزر چکی ہے۔
؎۳ رائیت، بخطاب و متکلم دونوں طرح جائز ہے ابن قطن سے مراد عبدالعزیٰ بن قطن ہے جس کا ذکر پیچھے ہو چکا ہے اور حاشیہ میں کاف زائدہ ہے۔
؎۴ یہاں اشکال یہ ہے کہ دجال کافر، اس کا طواف کعبہ سے کیا تعلق؟ جواب یہ ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خواب ہے اور اس کی تعبیر یہ ہے کہ حضور علیہ السلام کو آگاہ فرمایا گیا کہ وہ دن آنے والا ہے جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کعبہ شریف کی حفاظت اور اقامت کے لیے کوشاں ہوں گے اور دجال اسے گرانے اور اس میں خلل اندازی کی کوشش کرے گا کذا قال الطیبی اور یہ بات مخفی نہ رہے کہ مسجد حرام میں کافروں کے داخلہ پر پابندی سے پہلے کافر خانہ کعبہ کا طواف کرتے تھے اور اگر دجال نے طواف کیا ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں، نیز اس سے خارج میں کافر کے طواف کا جواز بھی لازم نہیں آتا اور جو طواف شرک کے لیے منع ہے، وہ خارج میں ہے۔
؎۵ جس کے ابتدائی الفاظ یہ ہیں
؎۶ یہ دونوں احادیث مصابیح باب العلامات بین یدی الساعۃ میں مذکور ہیں۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِي

دوسری فصل

۵۲۴۸ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ فِي حَدِيثِ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ قَالَتْ قَالَ فَإِذَا أَنَا بِامْرَأَةٍ تَجُرُّ شَعْرَهَا قَالَ مَا أَنْتِ قَالَتْ أَنَا الْجَسَّاسَةُ اِذْهَبْ إِلَى ذَلِكَ الْقَصْرِ فَأَتَيْتُهُ فَإِذَا رَجُلٌ يَجُرُّ شَعْرَهُ مُسَلْسَلٌ فِي الْأَغْلَالِ يَنْزُو فِيمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ فَقُلْتُ مَا أَنْتَ قَالَ أَنَا الدَّجَّالُ۔
(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت فاطمہ بنت قیس ؎۱ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حدیث تمیم داری ؎۲ میں مروی ہے کہ انھوں نے بیان کیا کہ ناگاہ اس عورت پر گزرا جو اپنے بال گھسیٹ رہی تھی انھوں نے کہا تو کون ہے؟ وہ بولی میں جاسوس ہوں ؎۳ اس محل کی طرف جاؤ میں وہاں گیا تو ایک شخص تھا جو اپنے بال گھسیٹ رہا تھا، قید میں جکڑا ہوا آسمان و زمین کے درمیان کود رہا تھا میں نے کہا تو کون ہے؟ وہ بولا میں ؎۴ دجال ہوں ؎۵ (ابوداؤد)

؎۱ پیچھے مسلم کے حوالے سے حضرت فاطمہ بنت قیس سے حدیث گزری ہے اس میں تھا کہ میں نے ایک دابہ کو دیکھا الخ۔ روایت ابوداؤد میں یہ الفاظ ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۲؎ دجال کو خبر دیتی ہوں

۳؎ اگرچہ اس لفظ میں اشتقاق کے لحاظ سے حقارت ہونے کے باوجود اس نے یہ اپنا نام لیا تو یہ بطور علم تعیین کے لیے تھا یا ممکن ہے سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بالمعنی یہ نام نقل فرمایا ہو۔

۴؎ ان دونوں احادیث میں جو اختلاف ہے وہ یہ ہے کہ سابقہ حدیث میں دابہ کہا جو عرفِ عام میں چارپایہ کے لیے مستعمل ہے اور اس حدیث میں عورت کا ذکر ہے اس کے جواب میں یہ کہا گیا ہے کہ شاید دجال کے دو جاسوس ہوں ایک دابہ اور دوسرا عورت، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ دابہ کا لغوی معنی "زمین پر چلنے والے" مراد ہو اور اس معنی میں یہ لفظ قرآن مجید میں بہت زیادہ مستعمل ہے اور یہ معنی عورت کو بھی شامل ہے ہاں عرفِ عام میں اس کا معنی چارپایہ کے ہیں، یا یہ ہو سکتا ہے کہ جاسوسی کرنے والی شیطانہ ہو اور وہ ہر صورت بنا لیتی ہو اور یہ احتمال قریب تر اور زیادہ لائق اعتناء ہے کیونکہ محض دابہ یا عورت کا تمام عالم کی جاسوسی کرنا بعید از قیاس ہے البتہ اس صورت میں یہ درست ہے جب محض وہاں گزرنے والی سواریوں کی جاسوسی مراد ہے واللہ اعلم۔ ان احادیث میں اختلاف کی وجہ یہ بھی ہے۔ حدیث مسلم میں جو سائل و مخاطب جماعت ہے اور اس میں خود تمیم داری بھی تھے اور اس حدیث میں سوال و جواب صرف تمیم داری کے ساتھ مخصوص ہے۔ اس کے بارے میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ سائل تو جماعت مگر تمیم داری کے شامل ہونے کی وجہ سے ان کی طرف بھی سوال کی نسبت جائز ہے یا اگر سائل تو صرف تمیم داری ہوں تو بھی جماعت کی نسبت جائز ہوگی کیونکہ جماعت میں سے کوئی ایک آدمی کام کرے تو اسے جماعت کا نام ہی کہا جا سکتا ہے جیسے محاورہ ہے قَتَلَہٗ بنو فلاں۔ اس کو فلاں قبیلہ والوں نے قتل کیا ہے حالانکہ سارا قبیلہ قاتل نہیں ہوتا۔

۵۲۴۹ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنِّيْ حَدَّثْتُكُمْ عَنِ الدَّجَّالِ حَتّٰى خَشِيْتُ اَنْ لَّا تَعْقِلُوْا اِنَّ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ قَصِيْرٌ اَفْحَجُ جَعْدٌ اَعْوَرُ مَطْمُوْسُ الْعَيْنِ لَيْسَتْ بِنَاتِئَةٍ وَّلَا جَحْرَاءَ فَاِنْ اُلْبِسَ عَلَيْكُمْ فَاعْلَمُوْا اَنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِاَعْوَرَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے تمہیں دجال کے بارے میں خبریں دیں حتیٰ کہ مجھے خوف ہوا کہ تم نہ سمجھو۱؎ مسیح دجال پست قد۲؎ ٹیڑھے پاؤں۳؎ والا ہو گھنگریالے بال ایک آنکھ کا سپاٹ ہے وہ آنکھ نہ تو ابھری ہوئی ہے اور نہ دھنسی ہوئی۴؎ اگر تم پر اشتباہ۵؎ ہو تو جان لو کہ تمہارا رب کانا نہیں۔ (ابوداؤد)

۱؎ تم اس کے کذب اور حقیقتِ حال کی وجہ سے شبہ نہ ہو جاؤ بس اچھی طرح سمجھ لو اور تاکہ اس کا حال تم پر مشتبہ نہ رہے۔

۲؎ اگرچہ وہ جسیم و عظیم اور صاحب بطن ہوگا

۳؎ افحج۔ حاء جیم پر مقدم ہے۔ وہ شخص جس کے دونوں پاؤں چلتے وقت ایک دوسرے سے دور پڑیں۔ قاموس میں ہے کہ چلتے وقت پاؤں کا اگلا حصہ قریب اور ایڑیاں دور پڑیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ؔ ولا حجراء جیم حاء پر مقدم یعنی اس کی آنکھ دھنسی ہوئی نہ ہوگی ۔ بعض احادیث میں آنکھ کا ابھرا ہوا ہونا اور بعض میں ہموار کا ذکر ہے ان میں تطبیق پیچھے گزر گئی ہے ۔
ؕ اگر اس کا حال تم پر مشتبہ ہو جائے ۔
ؔ تو یہ عقیدہ یاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ کی ذات ان نقائص سے پاک ومنزہ ہے ۔

۵۲۵۰ وَعَنْ اَبِیْ عُبَیْدَۃَ بْنِ الْجَرَّاحِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّہٗ لَمْ یَکُنْ نَبِیٌّ بَعْدَ نُوْحٍ اِلَّا قَدْ اَنْذَرَ الدَّجَّالَ قَوْمَہٗ وَاِنِّیْ اُنْذِرُکُمُوْہُ فَوَصَفَہٗ لَنَا قَالَ سَیُدْرِکُہٗ بَعْضُ مَنْ رَاٰنِیْ اَوْ سَمِعَ کَلَامِیْ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللہِ فَکَیْفَ قُلُوْبُنَا یَوْمَئِذٍ قَالَ مِثْلُھَا یَعْنِی الْیَوْمَ اَوْ خَیْرٌ۔
(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ نوح علیہ السلام کے بعد کوئی نبی نہ ہوئے مگر انھوں نے اپنی قوم کو دجال سے ڈرایا اور میں نے تم کو اس سے ڈرایا پھر آپ نے اس کے بارے میں بیان فرمایا شاید اسے بعض وہ لوگ پائیں گے جنھوں نے مجھے دیکھا یا میرا کلام سنا ۔ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ اس دن ہمارے دل کیسے ہوں گے ؟ فرمایا آج کی طرح یا اس سے بھی اچھے ۔ (ترمذی ، ابوداؤد)

ؑ آپ صحابۂ کبار اور عشرہ مبشرہ میں سے اور امین امت ہیں ۔
ؒ پیچھے تحقیق کے ساتھ گزر چکا ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے بھی اپنی قوم کو دجال سے ڈرایا تو آپ کے ارشاد گرامی میں بعد نوح سے وجود نوح کے بعد مراد نہیں بلکہ انذار نوح کے بعد مراد ہے ۔
ؓ یعنی ہر وہ شخص جس تک میری خبر پہنچی اگرچہ زمانہ طویل گزر چکا ہو یعنی دجال کا وجود یقینی ہے مگر وقت مبہم ہو سکتا ہے میرے اصحاب میں سے کوئی اسے پائے ، ورنہ دوسرے لوگ اسے یقیناً پالیں گے اور جب لوگ میری خبر سنیں تو وہ اس پر یقین کر لیں ۔
ؔ یعنی ہر وہ شخص جو ایمان پر ثابت ومستقیم ہوا اس کا دل ثابت ہوگا اور اسے کوئی اندیشہ نہیں اور جس طرح جو آج اس کا منکر ہے اس زمانہ میں بھی ہوگا بلکہ اس وقت وہ پہلے سے بھی زیادہ منکر ہوگا کیونکہ اس کے احوال بد اپنی آنکھوں سے دیکھ لے گا ۔

۵۲۵۱ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَیْثٍ عَنْ اَبِیْ بَکْرِ الصِّدِّیْقِ قَالَ حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الدَّجَّالُ یَخْرُجُ مِنْ اَرْضٍ بِالْمَشْرِقِ یُقَالُ لَھَا خُرَاسَانُ یَتْبَعُہٗ اَقْوَامٌ کَاَنَّ وُجُوْھَھُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَۃُ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت عمرو بن حریث ، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال مشرقی زمین سے نکلے گا جسے خراسان کہا جاتا ہے اس کے پیچھے کچھ قومیں ہوں گی گویا ان کے چہرے کٹی ہوئی ڈھالیں ہیں ۔ (ترمذی)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سلہ اس لفظ کی تحقیق کتاب الفتن میں بیان کی جاچکی ہے۔

۵۲۵۲/۲۵ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَمِعَ بِالدَّجَّالِ فَلْيَنْأَ مِنْهُ فَوَاللّٰهِ إِنَّ الرَّجُلَ لَيَأْتِيْهِ وَهُوَ يَحْسَبُ أَنَّهُ مُؤْمِنٌ فَيَتْبَعُهُ مِمَّا يُبْعَثُ بِهِ مِنَ الشُّبُهَاتِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت عمران بن حصین[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو دجال کے بارے میں سنے وہ اس سے دور رہے۔ اللہ کی قسم کوئی شخص اس کے پاس جائے گا یہ سمجھ کر کہ میں مسلمان ہوں تو پھر اس کی اتباع کرے گا ان شبہات[2] کی وجہ سے جن کے ساتھ وہ بھیجا گیا۔ (ابوداؤد)

سلہ مشہور صحابی ہیں ان کے احوال لکھے جاچکے ہیں۔
سلہ مثلاً اس کی جادوگری، مُردوں کو زندہ کرنا اور اس طرح کے دیگر استدراجات جو اسے حاصل ہوں گے۔

۵۲۵۳/۲۶ وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ بْنِ السَّكَنِ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْكُثُ الدَّجَّالُ فِي الْأَرْضِ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً السَّنَةُ كَالشَّهْرِ وَالشَّهْرُ كَالْجُمُعَةِ وَالْجُمُعَةُ كَالْيَوْمِ وَالْيَوْمُ كَاضْطِرَامِ السَّعَفَةِ فِي النَّارِ۔ (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت اسماء بنت یزید بن السکن رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال زمین میں چالیس سال تک ٹھہرے گا، ایک سال ایک ماہ کی طرح اور ماہ ہفتہ کی طرح اور ہفتہ ایک دن اور دن آگ میں سوکھے پتے جلنے کی طرح ہوگا[1]۔ (شرح السنۃ)

سلہ ان حقائق کی تشریح پہلے کی جاچکی ہے لیکن اشکال یہ ہے کہ نواس بن سمعان کی روایت میں تھا کہ اس کے ٹھہراؤ کی مدت چالیس دن اور تمیم داری سے گزرا کہ زمین پر چلنے کی مدت چالیس راتیں ہیں یہاں چالیس سال کا ذکر ہے جواب یہ دیا گیا ہے کہ پہلے جو گزرا اس سے مراد اس کے نکلنے کا وقت ہے اور یہاں ٹھہرنے کا وقت مراد ہے۔

۵۲۵۴/۲۷ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتْبَعُ الدَّجَّالَ مِنْ أُمَّتِيْ سَبْعُوْنَ أَلْفًا عَلَيْهِمُ السِّيْجَانُ۔ (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کے ستر ہزار افراد دجال کی پیروی کریں گے جن پر طیلسان کا لباس ہوگا۔ (شرح السنۃ)

سلہ سیجان س سین کے نیچے زیر یا ساکنہ، اس کے بعد جیم، سیاج کی جمع، سبز یا سیاہ طیلسانی چادریں، اُمت سے مراد امت دعوت یا امت اجابت ہے۔ حدیث انس جو فصل اول میں تھی کہ اصفہان کے یہودی دجال کی اتباع کریں گے سے معلوم ہوتا ہے کہ امت سے مراد امت دعوت ہے۔

۵۲۵۵/۲۸ وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْتِيْ فَذَكَرَ الدَّجَّالَ

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف فرما تھے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

فَقَالَ اِنَّ بَيْنَ يَدَيْهِ ثَلٰثَ سِنِيْنَ سَنَةٌ تُمْسِكُ السَّمَآءُ فِيْهَا ثُلُثَ قَطْرِهَا وَالْاَرْضُ ثُلُثَ نَبَاتِهَا وَالثَّانِيَةُ تُمْسِكُ السَّمَآءُ ثُلُثَيْ قَطْرِهَا وَالْاَرْضُ ثُلُثَيْ نَبَاتِهَا وَالثَّالِثَةُ تُمْسِكُ السَّمَآءُ قَطْرَهَا كُلَّهٗ وَالْاَرْضُ نَبَاتَهَا كُلَّهٗ فَلَا يَبْقٰى ذَاتُ ظِلْفٍ وَلَا ذَاتُ ضِرْسٍ مِّنَ الْبَهَآئِمِ اِلَّا هَلَكَ وَاِنَّ مِنْ اَشَدِّ فِتْنَتِهٖ اَنَّهٗ يَاْتِي الْاَعْرَابِيَّ فَيَقُوْلُ اَرَاَيْتَ اِنْ اَحْيَيْتُ لَكَ اِبِلَكَ اَلَسْتَ تَعْلَمُ اَنِّيْ رَبُّكَ فَيَقُوْلُ بَلٰى فَيُمَثِّلُ لَهُ الشَّيْطَانُ نَحْوَ اِبِلِهٖ كَاَحْسَنِ مَا يَكُوْنُ ضُرُوْعًا وَّاَعْظَمِهٖ اَسْنِمَةً قَالَ وَيَاْتِي الرَّجُلَ قَدْ مَاتَ اَخُوْهُ وَمَاتَ اَبُوْهُ فَيَقُوْلُ اَرَاَيْتَ اِنْ اَحْيَيْتُ لَكَ اَبَاكَ وَاَخَاكَ اَلَسْتَ تَعْلَمُ اَنِّيْ رَبُّكَ فَيَقُوْلُ بَلٰى فَيُمَثِّلُ لَهُ الشَّيَاطِيْنُ نَحْوَ اَبِيْهِ وَنَحْوَ اَخِيْهِ قَالَتْ ثُمَّ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَتِهٖ ثُمَّ رَجَعَ وَالْقَوْمُ فِي اهْتِمَامٍ وَّغَمٍّ مِّمَّا حَدَّثَهُمْ قَالَتْ فَاَخَذَ بِلَحْمَتَيِ الْبَابِ فَقَالَ مَهْيَمْ اَسْمَآءُ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَقَدْ خَلَعْتَ اَفْئِدَتَنَا بِذِكْرِ الدَّجَّالِ قَالَ اِنْ يَّخْرُجْ وَاَنَا حَيٌّ فَاَنَا حَجِيْجُهٗ وَاِلَّا فَاِنَّ رَبِّيْ خَلِيْفَتِيْ عَلٰى كُلِّ مُؤْمِنٍ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ اِنَّا لَنَعْجِنُ عَجِيْنَنَا فَمَا نَخْبِزُهٗ حَتّٰى نَجُوْعَ فَكَيْفَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَئِذٍ قَالَ يُجْزِئُهُمْ مَا يُجْزِئُ اَهْلَ السَّمَآءِ مِنَ التَّسْبِيْحِ وَالتَّقْدِيْسِ ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

آپ نے دجال کا ذکر فرمایا تو فرمایا دجال سے آگے تین سال ہوں گے ایک سال ایسا جس میں آسمان اپنی تہائی بارش روک لے گا اور زمین تہائی پیداوار، دوسرے سال دو تہائی بارش روک لے گا اور زمین اپنی دو تہائی پیداوار اور تیسرے سال آسمان اپنی پوری بارش روک لے گا اور زمین اپنی کل پیداوار تو کوئی کھر والا، ڈاڑھ والا جانور نہ بچے گا مگر ہلاک ہو جاوے گا اور اس سخت ترین فتنوں سے یہ ہو گا کہ ایک بدوی کے پاس آئیگا وہ کہے گا بتاؤ اگر میں تیرا اونٹ زندہ کر دوں تو کیا تو یقین نہ کرے گا کہ میں تیرا رب ہوں وہ کہے گا ہاں۔ تو شیطان اس کے سامنے اس کے اونٹ کی شکل میں آجائے گا جیسے بطن ہوتے ہیں۔ اس سے اچھے اور خوب بلند کوہان، فرمایا اور ایک شخص کے پاس آئے گا جس کے بھائی اور باپ مرچکے ہوں گے تو کہے گا کہ بتا تو اگر میں تیرے سامنے تیرے باپ بھائی زندہ کر دوں تو کیا یقین کرے گا کہ میں تیرا رب ہوں وہ کہے گا ہاں تو اس کے سامنے شیطان اس کے بھائی کی شکل میں آجائیں گے، فرماتی ہیں پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے کسی کام لیے تشریف لے گئے پھر واپس ہوئے حالانکہ قوم بہت رنج و غم میں تھی۔ اس خبر کی وجہ سے جو حضور نے انہیں دی تھی۔ فرماتی ہیں کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دروازے کے دونوں بازو پکڑ کر فرمایا اسماء کیا ہے؟ عرض کیا یا رسول اللہ! دجال کے ذکر سے ہمارے دل نکل گئے فرمایا اگر وہ نکلا اور ہم زندہ ہوئے تو اس کے مقابل ہم ہوں گے ورنہ میرا رب ہر مسلمان پر میری طرف سے وکیل ہے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم اپنا آٹا گوندھتی ہیں تو روٹیاں نہیں پکاتیں حتی کہ ہم بھوکے ہو جاتے ہیں تو اس دن مسلمانوں کا کیا حال ہوگا۔ فرمایا انہیں وہ تسبیح و تہلیل کافی ہوگی، جو

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

آسمان والوں کو کافی ہوتی ہے ۔

(اسے امام احمد نے امام عبدالرزاق سے روایت کیا ہے)

سلہ گائے ، گوسفند ہرن وغیرہ اور ان کے مالک ، ظلف ، ظاء کے نیچے زیر ، اس کا اطلاق گائے ، بکری اور ہرن وغیرہ پر ہوتا ہے جیسے کہ خف خاء پر پیش کا اطلاق اونٹ اور حافر کا اطلاق گھوڑے پر ہوتا ہے مگر یہاں مطلق حیوانات مراد ہیں یعنی اس سال قحط کی وجہ سے کوئی حیوان زمین پر نہیں رہے گا ۔

سلہ دجال بدوی کے پاس آئیگا ، کیونکہ وہ علم وعقل نہ رکھتا ہوگا ۔

سلہ بعض نسخوں میں شیاطین جمع ہے جیسا کہ اب دا خ میں آرہا ہے ۔

سلہ یہاں تمام نسخوں میں شیاطین کا لفظ ہے ۔

سلہ اس میں اشارہ ہے کہ وہ اونٹ ، بھائی اور باپ حقیقۃً نہ ہوں گے بلکہ بعض خیال اور مثال ہوگی ۔

سلہ مجلس سے اٹھ کر

سلہ مشکوٰۃ کے بعض نسخوں میں یہی ہے اور حواشی میں ہے کہ " لحمہ " لام پر زبر ، حاء ساکنہ اور میم مفتوح بمعنی جہت وجانب ہے ۔ صحاح ، قاموس اور دیگر کتب میں لحمہ اس معنی میں مذکور نہیں ۔ علامہ طیبی کہتے ہیں کہ درست لفظ لجفتی الباب حاء کی جگہ جیم اور میم کی جگہ فاء ہے ۔ کتب لغت میں لجفہ ، جیم اور فاء کے ساتھ بمعنی بازو باب آیا ہے ۔ اور الجاف کنوئیں کے جوانب کو کہتے ہیں ۔

سلہ مھیم ، میم پر زبر ، باء ساکن یا مفتوح بمعنی جگہ ہے ' اس کا معنی کیا حال ہے ؟

سلہ حامی ، حافظ وناصر اور ان کے معاملہ کا مالک ونگران ہوگا ۔

سلہ غم ورنج کی وجہ سے کیونکہ ہمارے دل ذکر دجال کی وجہ سے باہر آرہے ہیں

سلہ اس وقت غم کا کیا حال ہوگا ؟ جب ان کے مال پر دجال کا کنٹرول ہوگا تو اس وقت کھانے پینے میں وہ یقیناً مانع ہوگا ۔

سلہ یعنی اللہ تعالیٰ تسبیح وتقدیس کی برکت سے انھیں صبر وتسلی عطا فرمائے گا یا معنی یہ ہے کہ ہم آٹا خمیرہ کرتے ہیں تو تاخیر کی وجہ سے ہم بھوک سے نڈھال ہو جاتے ہیں اور انسان کی طبیعت بھوک کی حالت میں یہاں تک پہنچ جاتی ہے اور یہ معنی یجزئہم ما یجزی ما اھل السماء کے زیادہ مناسب ہے لہذا ان لوگوں کا کیا حال ہوگا جب دجال کا زمانہ ہوگا اور لوگوں کو کھانے کے لیے کوئی شے دستیاب نہ ہوگی تو وہ عدم غذا پر کیسے صبر کریں گے تو آپ نے فرمایا ان دنوں اہل ایمان کی غذا تسبیح و تقدیس باری تعالیٰ ہوگی جیسا کہ آسمانی فرشتوں کی یہی غذا ہے ۔ ممکن ہے حضرت اسماء نے یہ بات مجلس کے بعد حاضر ہو کر عرض کی ہو مگر لفظ فقلت ثم میں فاء بتا رہی ہے کہ یہ بات انھوں نے دجال کی خبر سنتے ہی مجلس میں عرض کی لہذا آٹا گوندھنے اور بھوک لگنے کے واقعہ کا تعلق آئندہ زمانے سے ہوگا ۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۵۲۵۶ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ مَا سَأَلَ أَحَدٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّجَّالِ أَكْثَرَ مِمَّا سَأَلْتُهٗ وَإِنَّهٗ قَالَ لِيْ مَا يَضُرُّكَ قُلْتُ إِنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ إِنَّ مَعَهٗ جَبَلَ خُبْزٍ وَنَهَرَ مَاءٍ قَالَ هُوَ أَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ دجال کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جتنا میں نے پوچھا ہے اتنا کسی نے نہیں پوچھا، آپ نے مجھ سے فرمایا تمھیں نقصان نہیں دے گا[1]، عرض کیا لوگ کہتے ہیں کہ اس کے ساتھ روٹیوں کا پہاڑ اور پانی کا دریا ہوگا[2]، فرمایا وہ اللہ تعالیٰ پر اس سے زیادہ آسان ہے[3]۔ (بخاری و مسلم)

[1] اللہ تعالیٰ کی مہربانی اور حفاظت تیرے لیے کافی ہے لہذا وہ تجھے گمراہ نہ کرسکے گا۔
[2] اور ایک آدمی بھوکا دپیاسا ہوگا وہ اس کی طرف مجبوراً جائے گا یا کیا کرے
[3] کیونکہ وہ ان اشیاء کو حقیقۃً پیدا فرمانے والا ہے۔ اس کے ہاتھ پر جو کچھ ظاہر ہوگا وہ محض جھوٹ، جادو اور بے حقیقت صورت ہوگی۔ اسے اس مومن کے یقین میں شک ڈالنے یا گمراہ کرنے کی ہرگز طاقت نہیں جو دین میں یقین رکھتا ہوگا بلکہ مومن اس سے جب خلافِ عادت اعمال دیکھے گا تو اس کے ایمان میں اور یقین پیدا ہوگا اور اس کے جھوٹے ہونے میں بھی تقویت ملے گی۔

۵۲۵۷ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَخْرُجُ الدَّجَّالُ عَلٰى حِمَارٍ أَقْمَرَ مَا بَيْنَ أُذُنَيْهِ سَبْعُوْنَ بَاعًا۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ كِتَابِ الْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال ایک سفید[1] گدھے پر نکلے گا جس کے کانوں کے درمیان ستر باع[2] کا فاصلہ ہوگا۔ (بیہقی، کتاب البعث والنشور)

[1] قاموس میں ہے کہ قمراس سبز یا سرخی کو کہا جاتا ہے جس میں تیرگی ہوگی۔
[2] باع، وہ فاصلہ جو دو ذراع اور دو ہاتھوں کے درمیان ہوتا ہے صراح میں ہے باع، بُوع (باد پریش) دو ہاتھوں کا درمیانی فاصلہ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳۴۱ - بَابُ قِصَّۃِ ابْنِ صَیَّادٍ

ابن صیّاد کا بیان

اس کو ابن صاید بھی کہتے ہیں۔ ابن صیاد کا اصل نام "صاف" تھا اور بعض نے عبداللہ بتایا ہے۔ وہ مدینہ کا رہنے والا ایک یہودی تھا یا اصل باشندہ تو کہیں اور کا تھا لیکن مدینہ آکر وہاں کے یہودیوں میں شامل ہو گیا تھا۔ ابن صیاد سحر وکہانت میں کچھ عمل دخل رکھتا تھا اس کی حقیقت کو مختصر طور پہ یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ وہ ایک بڑا فتنہ تھا جس میں مسلمانوں کو ابتلاء میں ڈال کر ان کا امتحان لیا گیا تھا اس کے احوال میں اختلاف ہے اور اسی وجہ سے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے درمیان بھی اس کے تعین میں اختلاف ہے چنانچہ کچھ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا خیال تھا کہ ابن صیاد وہی معروف دجال ہے جس کے متعلق خبر دی گئی ہے کہ وہ آخری زمانے میں ظاہر ہو کر لوگوں کو گمراہ کرے گا لیکن اکثر حضرات کا کہنا یہ تھا کہ ابن صیاد وہ معروف دجال تو نہیں ہے لیکن ان چھوٹے دجالوں میں سے ایک ضرور ہے جن کا مقصد فتنہ وفساد پھیلانا اور لوگوں کو گمراہ کرنا ہے جیسا کہ ایک روایت میں ہے کہ اس امت میں ایسے دجال پیدا ہوتے رہیں گے جو لوگوں کو گمراہ کرتے رہیں گے۔ موخرالذکر حضرات کی دلیل یہ ہے کہ ابن صیاد اگرچہ پہلے کافر وکاہن تھا لیکن آخر میں مسلمان ہو گیا تھا اس کی اولاد بھی تھی اور وہ مدینہ ومکہ میں رہا کرتا تھا جبکہ معروف دجال کافر ہو گا اور اس کی اولاد نہیں ہو گی اور مکہ ومدینہ میں اس کا داخلہ ممنوع ہو گا بعض کا خیال ہے کہ یہ وہی دجال ہے جس کی خبر دی گئی ہے۔ کافر ہونا اور اس کی اولاد کا نہ ہونا، مکہ ومدینہ میں اس کا داخلہ منع ہونا اور اس کی دیگر علامات وصفات جو کہ دجال میں پائی جاتی ہیں اس وقت اگرچہ اس میں موجود نہیں کیونکہ یہ دجال کے وہ احوال ہیں جو اس کے خروج کے بعد ظاہر ہوں گے حضرت تمیم داری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث سے اس پہ دلیل لانا نامکمل ہے بہرحال ابن صیاد کی حقیقت مبہم تھی خود حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اس بارے میں کوئی وحی نازل نہیں ہوئی تھی اسی لیے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی اس کی حقیقت کو مبہم رکھا جیسا کہ اس باب میں منقول احادیث سے معلوم ہو گا۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۵۲۵۸ - عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ ابْنَ الْخَطَّابِ اِنْطَلَقَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ رَھْطٍ مِّنْ اَصْحَابِہٖ قِبَلَ ابْنِ صَیَّادٍ

پہلی فصل

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر صحابہ کرام کی ایک جماعت میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ابن صیاد کی طرف گئے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

حتى وجده يلعب مع الصبيان في أطم بني مغالة وقد قارب ابن صياد يومئذ الحلم فلم يشعر حتى ضرب رسول الله صلى الله عليه وسلم ظهره بيده ثم قال أتشهد أني رسول الله فنظر إليه فقال أشهد أنك رسول الأميين ثم قال ابن صياد أتشهد أني رسول الله فرصه النبي صلى الله عليه وسلم ثم قال آمنت بالله وبرسله ثم قال لابن صياد ماذا ترى قال يأتيني صادق وكاذب قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خلط عليك الأمر قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إني خبأت لك خبيئا وخبأ له يوم تأتي السماء بدخان مبين فقال هو الدخ فقال اخسأ فلن تعدو قدرك قال عمر يا رسول الله صلى الله عليه وسلم أتأذن لي فيه أن أضرب عنقه قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن يكن هو لا تسلط عليه وإن لم يكن هو فلا خير لك في قتله قال ابن عمر انطلق بعد ذلك رسول الله صلى الله عليه وسلم وأبي بن كعب الأنصاري يؤمان النخل التي فيها ابن صياد فطفق رسول الله صلى الله عليه وسلم يتقي بجذوع النخل وهو يختل أن يسمع من ابن صياد شيئا قبل أن يراه وابن صياد مضطجع على فراشه في قطيفة له فيها زمزمة فرأت أم ابن

یہاں تک کہ اسے پایا کہ وہ لڑکوں کے ساتھ بنی مغالہ کے محل میں کھیل رہا تھا۔ ابن صیاد ان دنوں سن بلوغ کے قریب ہو چکا تھا وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کی آمد سے بے خبر رہا یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کی کمر پر دست مبارک مارا پھر فرمایا کہ کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ ابن صیاد نے آپ کی طرف دیکھ کر کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک آپ امیوں کے رسول ہیں۔ پھر ابن صیاد نے کہا کہ آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دبوچا اور فرمایا میں اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان رکھتا ہوں۔ پھر آپ نے ابن صیاد سے فرمایا تو کیا دیکھتا ہے اس نے کہا میرے پاس سچا اور جھوٹا آتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیرا معاملہ گڈمڈ ہو گیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے تیرے لیے اپنے دل میں ایک بات چھپائی ہے وہ یہ آیت يوم تأتي السماء بدخان مبين اس نے کہا وہ پوشیدہ بات دخ ہے۔ آپ نے فرمایا دور ہو تو اپنی حد سے نہیں بڑھ سکتا۔ حضرت عمر نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں اس کی گردن اڑا دوں؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اگر یہ وہی ہے تو تم اس پر قابو نہیں پا سکتے اور اگر وہ نہیں تو اس کے قتل میں کوئی بھلائی نہیں حضرت ابن عمر نے فرمایا: اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت ابی ابن انصاری کو لے کر کھجور کے ان درختوں کے پاس تشریف لے گئے جن میں ابن صیاد رہتا تھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھجور کے تنوں کی آڑ لے کر چلتے رہے تاکہ وہ بے خبر رہے اور آپ ابن صیاد کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

صَیَّادٍ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ
یَتَّقِیْ بِجُذُوْعِ النَّخْلِ فَقَالَتْ اَیْ صَافُ وَ
هُوَ اسْمُهٗ هٰذَا مُحَمَّدٌ فَتَنَاهَی ابْنُ صَیَّادٍ
قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَوْ
تَرَكَتْهُ بَیَّنَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ قَامَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی
النَّاسِ فَاَثْنٰی عَلَی اللّٰهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهٗ ثُمَّ
ذَكَرَ الدَّجَّالَ فَقَالَ اِنِّیْ اُنْذِرُكُمُوْهُ وَمَا
مِنْ نَّبِیٍّ اِلَّا وَقَدْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ لَقَدْ اَنْذَرَهٗ
نُوْحٌ قَوْمَهٗ وَلٰكِنِّیْ سَاَقُوْلُ لَكُمْ فِیْهِ
قَوْلًا لَمْ یَقُلْهُ نَبِیٌّ لِقَوْمِهٖ تَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ
اَعْوَرُ وَاَنَّ اللّٰهَ لَیْسَ بِاَعْوَرَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

دیکھنے سے پہلے اس کی کچھ باتیں سن لیں۔ ابن صیاد اپنے
بستر پر لیٹا ہوا گنگنا رہا تھا ابن صیاد کی ماں نے نبی کریم
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو درخت کی آڑ میں دیکھ کر کہا
اے صاف! یہ ان کا نام ہے محمد آ گئے۔ ابن صیاد نے
گنگنانا روک دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے
فرمایا کہ وہ چھوڑے رکھتی تو وہ اپنی حقیقت کو ظاہر کرتا
حضرت ابن عمر کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
لوگوں میں خطبہ دینے کھڑے ہوئے اور اللہ تعالیٰ کی ثنا
بیان کی جو اس کی شان کے لائق ہے پھر دجال کا ذکر
کیا اور فرمایا میں تمہیں اس سے ڈراتا ہوں۔ کوئی نبی ایسا نہیں
جس نے اپنی قوم کو دجال سے نہ ڈرایا ہو۔ بیشک حضرت نوح
نے بھی اپنی قوم کو اس سے ڈرایا لیکن میں تم سے دجال کے
بارے میں ایک ایسی بات اور ایک ایسی علامت بتاتا ہوں
جو کسی نبی نے اپنی قوم کو نہیں بتائی تم جان لو کہ وہ کانا ہے
اور یقیناً اللہ تعالیٰ کانا نہیں ہے۔ (بخاری و مسلم)

---

۱ اُطُم، الف اور طاء دونوں مضموم یعنی، ہر بلند جگہ اور اس قلعے کو بھی کہتے ہیں جس کی تعمیر پتھروں سے کی گئی ہو۔ اس کی جمع آطام و اطوم آتی ہے۔

۲ بنی مغالہ، میم مفتوح اور غین مخفف، یہودیوں کے ایک قبیلہ کا نام ہے۔

۳ امیوں سے مراد عرب تھے کیونکہ اس زمانہ میں اکثر عرب پڑھے لکھے نہیں ہوتے تھے یہودیوں میں سے ایک طبقہ کا عقیدہ یہ تھا کہ وہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت کے منکر تو نہیں تھے لیکن آپ کو صرف اہل عرب کا رسول مانتے تھے۔ یہ بات (یعنی ابن صیاد کا حضور کی رسالت کی گواہی اس طرح دینا) اس کی ان لغو و باطل باتوں میں سے ایک تھی جو شیطان کاہنوں کو القا کرتا ہے۔ اس کے یہ الفاظ تناقض کے حامل تھے کیونکہ نبی ہر حال میں سچا ہوتا ہے اور جب آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی نبوت عامہ کا اعلان کیا اور تمام نوع انسان کو اپنی رسالت کی دعوت دی تو آپ کی نبوت کو صرف اہل عرب کے ساتھ مخصوص کرنا یقیناً باطل ہے۔

۴ اس کے اصل معنی دو چیزوں کو استوار کرنا اور آپس میں ایک دوسرے سے جوڑنا ملانا کے ہیں۔ اسی لیے مضبوط اور استوار بنیاد کو بناتے مرصوص کہا جاتا ہے اور بعض روایات میں "فرفضہ النبی" فاء اور ضاد کے ساتھ بھی آیا ہے جس کے معنی چھوڑنے اور رد کرنے کے ہیں۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ آپ نے اس سے اسلام کے متعلق سوال و جواب

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اور اس کی کجروی سے اس سے صرف نظر کر دیا کہ اس میں کوئی نفع نہ تھا اور نہ ہی اس میں کوئی اثر ہونا تھا ۔

۵ یہ اس کے رد و انکار اور اس کے دعوٰی کے بطلان پر احسن انداز میں گرفت ہے کیونکہ اس پر صراحت کی احتیاج نہیں ایسی صورت میں اسے خاموش کرنا مقصود تھا لیکن اس کی حقیقت حال ظاہر ہو گئی تو رد و انکار پر تصریح کی اور اس پر زجر و توبیخ ان الفاظ کے ساتھ فرمائی اِخْسَأْ فَلَنْ تَعْدُو قَدْرَكَ زجر و منع کا یہ اعلیٰ طریقہ ہے ۔

۶ یہ ابن صیاد، امتحان کے ارادے سے فرمایا: تاکہ تمام لوگوں پر ظاہر ہو جائے کہ وہ دعوائے رسالت میں جھوٹا ہے

۷ یعنی کبھی تو میرے پاس سچا شخص آتا ہے جو مجھے سچی خبریں دیتا ہے اور کبھی جھوٹا شخص آتا ہے جو جھوٹی خبریں لاتا ہے یعنی بعض خبریں سچی آتی ہیں اور بعض جھوٹی ۔ جیسا کہ کاہنوں کی عادت ہوتی ہے کہ شیطان ان پر جھوٹی سچی ، ہر طرح کی خبریں القاء کرتا ہے ۔

۸ مفہوم یہ تھا کہ تیرے پاس شیطان آتا ہے جو تجھے سچی اور جھوٹی خبریں سناجاتا ہے اس سے ظاہر ہوا کہ وہ اپنے دعوائے رسالت میں جھوٹا ہے کیونکہ کسی رسول کے پاس جھوٹی خبریں نہیں آتیں؟ اس بات کا اعتراف اس نے خود اپنی زبان سے کر دیا یہ حال کاہنوں کا ہوتا ہے نہ کہ پیغمبروں کا ۔

۹ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بطور امتحان اور اس کے سحر، کہانت اور اس کے حال کے خلط ملط ہونے کی تحقیق کے طور پر فرمایا ۔

۱۰ خبی بروزن قبیح ، خبیئہ بروزن فضیحتہ ۔ اور "خبأ" بروزن صعب پوشیدہ بات کو کہتے ہیں یہاں حدیث میں خَبِيًّا ہے لیکن خباء بھی روایت ہے ، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے هُوَ الَّذِي يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ میں خباء سموات سے مراد بارش اور خباء ارض سے پودے وغیرہ مراد ہیں ۔

۱۱ جو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے چھپائی تھی وہ یہ آیت تھی جس میں دخان کا ذکر ہے ۔

۱۲ دُخ ، دال پر پیش اور زبر کے ساتھ بمعنی دھواں یعنی اس کا جن پوری آیت کے بتانے میں کامیاب نہ ہو سکا البتہ اس نے اس آیت کا ایک ناقص لفظ ضرور بتا دیا ۔ ہوں کی عادت کے مطابق ہے کہ شیاطین کسی بات کا کوئی ادھورا حصہ اٹھا کر لے آتے ہیں اور اسے کاہنوں کے دل میں ڈال دیتے ہیں اور یہ احتمال بھی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یا کسی صحابی نے اس وقت آہستہ سے پڑھی ہو اور شیطان نے سن لیا ہو اور پھر ابن صیاد پر القاء کر دیا ہو ۔

۱۳ "دور ہو" جب واضح ہو گیا کہ اس کا حال وہی ہے جو کاہنوں کا ہوتا ہے کہ وہ شیطان کے القاء کرنے کے باعث کچھ ناقص باتیں حاصل کر لیتے ہیں تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کو فرمایا جا دُور بھاگ ، تو اپنی اوقات سے آگے نہیں بڑھ سکتا تو اپنی حد اور مرتبے سے آگے نہیں بڑھ سکتا ، یس تیرا مرتبہ اور حد کاہنوں والا ہے جو کہ چھپی ہوئی بعض باتوں کا ناقص اور نامکمل حصے کا اظہار کرتے ہیں اور نبوت کا دعوٰی نہ کر ، کیونکہ وہ تیرا مقام نہیں ہے لفظ "اخساء" سے اہانت اور حقارت کا اظہار کیا جاتا ہے یہ لفظ کتے اور سور کو ہانکنے کے لیے آتے ہیں تاکہ وہ لوگوں کے قریب نہ آئیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اور یہاں ایک لطیف نکتہ ہے جسے بعض شارحین نے بیان کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اس آیت کو پوشیدہ اور اخفاء میں رکھنا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ دجال کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام دخان نامی پہاڑ کے قریب قتل کریں گے اور یہ بات اس ظن پر مبنی کہ وہ دجال ہے اور یہ اس کے قتل کی طرف تعریض ہے ۔

۱۴ اس لیے کہ اس کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام قتل کریں گے

۱۵ اس لیے کہ وہ ذمی ہے اور ان یہودیوں میں سے ہے جو اہلِ ذمہ ہیں اور اس وقت وہ نابالغ اور چھوٹی عمر کا بھی ہے ۔

۱۶ ختل ۔ اصل میں فریب اور دھوکہ دینے کو کہتے ہیں ۔

۱۷ گنگنا رہا تھا ، زمزمہ دوزاؤں کے ساتھ ہے اس پوشیدہ کلام کو کہتے ہیں جو سمجھ میں نہ آرہی ہو اور دو راء "زمرمہ" سے بھی روایت ہے اس کا معنی بھی وہی ہے ۔

۱۸ یعنی کوئی چیز ایسی سامنے آتی جس سے اس کی حقیقت حال معلوم ہو جاتی اور ظاہر ہو جاتا کہ وہ کیا ہے ۔

۱۹ یعنی دجال اور اس کے احوال کا ذکر کیا یا احتمال ہے کہ ابنِ صیاد دجال ہے یا عنقریب فتنہ ہونے والا ہے اور اس کی بعض ایسی صفات جن کے ساتھ وہ متصف ہے ان کی وجہ سے دجال کو یا دکیا اور اس کے حالات کا اعلان فرمایا

۲۰ یعنی وہ آنکھ سے دیکھنے کی حس سے ہی پاک ہے چہ جائیکہ اس کی ذات میں کانے پن جیسا کوئی عیب ہو ۔

۵۲۵۹ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ لَقِیَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَکْرٍ وَّعُمَرُ یَعْنِیْ اِبْنَ صَیَّادٍ فِیْ بَعْضِ طُرُقِ الْمَدِیْنَۃِ فَقَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَتَشْہَدُ اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ فَقَالَ ھُوَ اَتَشْہَدُ اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ مَاذَا تَرٰی قَالَ اَرٰی عَرْشًا عَلَی الْمَآءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَرٰی عَرْشَ اِبْلِیْسَ عَلَی الْبَحْرِ قَالَ وَمَا تَرٰی قَالَ اَرٰی صَادِقَیْنِ اَوْ کَاذِبَیْنِ وَصَادِقًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لُبِسَ عَلَیْہِ فَدَعُوْہُ ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ، حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو مدینہ منورہ کے ایک راستے میں ابنِ صیاد ملا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں ؟ اس نے بھی یہی کہا کہ کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں ؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں اللہ پر ، اس کے فرشتوں پر ، اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لایا تو کیا دیکھتا ہے ؟ اس نے کہا میں پانی پر تخت دیکھتا ہوں ، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تو ابلیس کے تخت کو سمندر پر دیکھتا ہے ، پھر آپ نے فرمایا : اس کے علاوہ اور کیا دیکھتا ہے ابنِ صیاد نے کہا کہ دو سچوں کو دیکھتا ہوں اور ایک جھوٹے کو دیکھتا ہوں یا دو جھوٹوں کو دیکھتا ہوں اور ایک سچے کو ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس پر شبہ ڈال دیا گیا ہے لہٰذا اسے چھوڑ دو۔ (مسلم)

سلہ جیسا کہ آپ کا یہ قول پہلے گذر چکا ہے۔ آمنت باللہ و برسولہٖ۔
سلہ یہ اس حقیقت کی طرف اشارہ فرمایا کہ ابلیس پانی کے اوپر اپنا تخت بچھاتا ہے اور وہاں سے اپنے چیلوں کی ٹولیوں کو دنیا میں فتنہ و فساد پھیلانے اور لوگوں کو گمراہ کرنے کے لیے بھیجتا ہے۔ اس کا ذکر کتاب کی ابتداء میں باب الوسوسہ میں گزر چکا ہے۔
سلہ یا دو جھوٹوں کو دیکھتا ہوں اور ایک سچے کو، یہ یا تو راوی نے اپنا شک ظاہر کیا ہے یا یہ احتمال ہے کہ ابن صیاد ہی نے شک کے ساتھ بیان کیا ہو کہ میں یا دو سچوں اور ایک جھوٹے کو دیکھتا ہوں یا دو جھوٹوں اور ایک سچے کو اور یہ بات زیادہ صحیح ہے کیونکہ جس طرح اس کے معاملے میں خلط و اختلال تھا اور اس کے احوال میں نظم و استقامت نہ تھی اس کا تقاضا ہی یہ تھا کہ اس کو کسی بھی صورت جزم و یقین حاصل نہ ہوا ہو چنانچہ کبھی کچھ دیکھتا ہے اور کبھی کچھ۔

۵۲۶۰ وَعَنْهُ اَنَّ ابْنَ صَيَّادٍ سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ تُرْبَةِ الْجَنَّةِ فَقَالَ دَرْمَكَةٌ بَيْضَاءُ مِسْكٌ خَالِصٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ان ہی سے روایت ہے کہ ابن صیاد نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جنت کی مٹی کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ وہ میدہ کی مانند سفید سلہ اور مشک خالص کی مانند خوشبودار ہے۔ (مسلم)

سلہ دَرمَکہ۔ دال پر زبر، راء ساکن، میم پر فتحہ، وہ سفیدی جو مغز اور چھلکے کے درمیان ہوتی ہے یہ اس کی سفیدی کے بیان میں تاکید ہے اور خوشبو میں خالص کستوری کے مانند ہے۔

۵۲۶۱ وَعَنْ نَافِعٍ قَالَ لَقِیَ ابْنُ عُمَرَ ابْنَ صَيَّادٍ فِیْ بَعْضِ طُرُقِ الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ لَهٗ قَوْلًا اَغْضَبَهٗ فَانْتَفَخَ حَتّٰی مَلَاَ السِّكَّةَ فَدَخَلَ ابْنُ عُمَرَ عَلٰی حَفْصَةَ وَقَدْ بَلَغَهَا فَقَالَتْ لَهٗ رَحِمَكَ اللّٰهُ مَا اَرَدْتَّ مِنِ ابْنِ صَيَّادٍ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا يَخْرُجُ مِنْ غَضْبَةٍ يَغْضَبُهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدینہ کے کسی راستہ میں ابن صیاد سے ملے انھوں نے اسے ایسی بات کہی جس سے وہ ناراض ہو کر پھول گیا یہاں تک کہ راستے کو بھر دیا، حضرت ابن عمر حضرت حفصہ کے پاس سلہ گئے جن تک یہ خبر پہنچ چکی تھی سلہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ آپ پر رحم کرے، آپ نے ابن صیاد سے کیا چاہا تھا۔ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال غصے کی حالت میں نکلے گا ناراض کیا ہوا سلہ۔ (مسلم)

سلہ ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا ابن عمر رضی اللہ عنہ کی بہن تھیں۔
سلہ کہ ابن عمر نے ابن صیاد کو غضب ناک کیا ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

٣ "ابن صیاد" سے کیا چاہا تھا کہ اس کو غصے میں کر دیا۔

٤ حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ کو جو اس طرح منع کیا۔ ابن صیاد میں احتمال و امکان تھا کہ وہ دجال ہے یہ سبب بھی ہو سکتا ہے کہ لوگوں کا اعتقاد و یقین اس پر ہو کہ وہی شخص دجال ہے۔

٥٢٦٢ / ٥ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ قَالَ صَحِبْتُ ابْنَ صَیَّادٍ اِلٰی مَکَّۃَ فَقَالَ لِیْ مَا لَقِیْتُ مِنَ النَّاسِ یَزْعُمُوْنَ اَنِّی الدَّجَّالُ اَلَسْتَ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّہٗ لَا یُوْلَدُ لَہٗ وَقَدْ وُلِدَ لِیْ اَلَیْسَ قَدْ قَالَ وَھُوَ کَافِرٌ وَّاَنَا مُسْلِمٌ اَوَلَیْسَ قَدْ قَالَ لَا یَدْخُلُ الْمَدِیْنَۃَ وَلَا مَکَّۃَ وَقَدْ اَقْبَلْتُ مِنَ الْمَدِیْنَۃِ وَاَنَا اُرِیْدُ مَکَّۃَ ثُمَّ قَالَ لِیْ فِیْ اٰخِرِ قَوْلِہٖ اَمَا وَاللّٰہِ اِنِّیْ لَاَعْلَمُ مَوْلِدَہٗ وَمَکَانَہٗ وَاَیْنَ ھُوَ وَاَعْرِفُ اَبَاہُ وَاُمَّہٗ قَالَ فَلَبَسَنِیْ قَالَ قُلْتُ لَہٗ تَبًّا لَکَ سَائِرَ الْیَوْمِ قَالَ وَقِیْلَ لَہٗ اَیَسُرُّکَ اَنَّکَ ذَاکَ الرَّجُلُ قَالَ فَقَالَ لَوْ عُرِضَ عَلَیَّ مَا کَرِھْتُ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں مکہ مکرمہ تک ابن صیاد کا شریک سفر رہا[١] اس نے مجھ سے کہا کہ مجھے لوگوں سے تکلیف پہنچتی ہے وہ گمان کرتے ہیں کہ میں دجال ہوں کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے نہیں سنا کہ اس کی اولاد نہیں ہو گی، جبکہ میری اولاد ہے کیا حضور نے یہ نہیں فرمایا کہ وہ کافر ہو گا جبکہ میں مسلمان ہوں۔ کیا آپ کا یہ ارشاد نہیں ہے کہ وہ مدینہ منورہ اور مکہ معظمہ میں داخل نہیں ہو سکے گا جبکہ میں مدینہ منورہ سے آ رہا ہوں اور مکہ میں جا رہا ہوں۔[٢] پھر اس نے مجھ سے آخری بات یہ کہی کہ خدا کی قسم! میں دجال کی جائے پیدائش اور اس کے مکان کو جانتا ہوں جہاں وہ ہے اور اس کے ماں باپ کو بھی جانتا ہوں۔ راوی کا بیان ہے کہ اس نے مجھے شبہ میں ڈال دیا ہے۔ لیکن میں نے اس سے کہا تو ہمیشہ[٣] کے لیے ہلاک ہو اور اس سے کہا گیا[٤]، کیا تجھے یہ پسند ہے کہ تو ہی دجال ہے۔ ابو سعید فرماتے ہیں کہ اس نے کہا کہ اگر یہ چیز میرے سپرد کی گئی تو میں ناپسند نہیں کروں گا[٥]۔ (مسلم)

١ یعنی اس حال میں کہ ہم مکہ کی طرف متوجہ تھے۔

٢ فَلَبَسَنِیْ میں باء مخفف ہے۔ ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں یہ یقین رکھتا تھا کہ ابن صیاد ہی دجال ہے لیکن اس نے اب اپنے دجال ہونے سے جب انکار کیا تو میں شک و شبہ میں پڑ گیا یا یہ کہ اس نے اپنی گفتگو کے شروع میں دلائل سے ثابت کیا کہ میں دجال نہیں ہوں لیکن اس نے آخر میں جو یہ کہا کہ میں دجال کا مولد و مسکن اور اس کے والدین کو جانتا ہوں کہیں اپنے کیے ہوئے اقرار سے اعراض تو نہیں کر رہا ہے کیونکہ اس قسم کی عبارت سے متکلم کبھی کبھی اپنی ذات سے کنایہ کرتا ہے۔

٣ سائر بمعنی "باقی و تمام" دونوں میں مستعمل ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۵ یعنی حاضرین میں سے کسی نے کہا ۔

۶ اگر میرے سپرد کر دی جائیں وہ صفات جو دجال میں پائی جاتی ہیں مثلاً اغوا و گمراہ کرنا ۔ دھوکہ دینا اور شبہ میں ڈالنا وغیرہ تو میں اس کو ناپسند نہیں کروں گا اور نہ ہی اس سے ناراض ہوں گا ۔ اس کلام سے یہ دلالت ملتی ہے کہ وہ دجال اور اس کی صفات کو اپنے اندر موجود ہونے پر راضی تھا اور یہ اس کے کفر کی واضح دلیل ہے ۔

۵۲۶۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَقِيْتُهٗ وَقَدْ نَفَرَتْ عَيْنُهٗ[۱] فَقُلْتُ مَتٰى فَعَلَتْ عَيْنُكَ مَا اَرٰى قَالَ لَا اَدْرِيْ قُلْتُ لَا تَدْرِيْ وَهِيَ فِيْ رَأْسِكَ قَالَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ خَلَقَهَا فِيْ عَصَاكَ قَالَ فَنَخَرَ كَاَشَدِّ نَخِيْرِ حِمَارٍ سَمِعْتُ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا : میری ابن صیاد سے ملاقات ہوئی جبکہ اس کی آنکھ سوجی ہوئی تھی میں نے کہا تیری آنکھ کو کیا ہوا ؟ جو میں دیکھ رہا ہوں[۱] ؟ کہا کہ مجھے معلوم نہیں ۔ میں نے کہا کہ تو نہیں جانتا ، حالانکہ وہ تیرے سر میں ہے ؟ اس نے کہا کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو اسے تمھاری لاٹھی میں پیدا کر دے[۲] ۔ ابن عمر کہتے ہیں کہ اس نے گدھے جیسی سخت آواز نکالی جو میں نے سنی

(مسلم)

۱ اس پر ورم کیسا ہے ؟

۲ یعنی اللہ تعالیٰ اس پر قادر ہے کہ وہ جمادات میں سے کسی چیز میں آنکھ پیدا کر دے اور پھر اس آنکھ میں درد پیدا ہو جائے تو اس چیز کو نہ آنکھ کا احساس ہو اور نہ آنکھ کے درد کا ، تو اسی طرح یہ بھی ممکن ہے کہ کسی انسان کی آنکھ میں تکلیف کی کوئی علامت پیدا ہو جائے جو ہر وقت ذہنی طور پہ مشغول و مستغرق رہتا ہو تو اس کو کثرتِ اشغال اور ہجوم افکار کی وجہ سے اس درد و تکلیف کا احساس نہ ہو ۔

۵۲۶۴ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ[۱] قَالَ رَاَيْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَحْلِفُ بِاللّٰهِ اَنَّ ابْنَ الصَّيَّادِ الدَّجَّالُ قُلْتُ تَحْلِفُ بِاللّٰهِ قَالَ اِنِّيْ سَمِعْتُ عُمَرَ يَحْلِفُ عَلٰى ذٰلِكَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُنْكِرْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

محمد بن منکدر[۱] سے روایت ہے کہ میں نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو اللہ کی قسم اٹھاتے ہوئے دیکھا کہ ابن صیاد ہی دجال ہے ، میں نے کہا کہ آپ اللہ کی قسم کھا رہے[۲] ہیں ۔ فرمایا میں نے حضرت عمر سے سنا کہ انھوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور یہ بات کہی اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انکار نہ فرمایا[۳] (بخاری و مسلم)

۱ محمد بن منکدر مشہور اور جلیل القدر تابعین میں سے ہیں علم و زہد و عبادت و دین میں پختگی اور پاکدامنی کے جامع ہیں ۔ انھوں نے بہت سے صحابہ کرام سے سماعت کی ہے جن میں حضرت جابر و حضرت انس ، حضرت عائشہ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم شامل ہیں ۔ ان کے علاوہ بھی کئی صحابہ کرام سے سماعت کی ہے ۔ ان سے ایک جماعت نے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جن میں سفیان ثوری، شعبہ، عمرو بن دینار اور مالک بھی شامل ہیں، روایت کی۔ ان کے علاوہ کئی آئمہ نے بھی ان سے روایت کی ہے ان کی وفات سنہ ۱۲۰ھ میں ہوئی۔

سلہ یعنی کب سے مجھیں یقین ہے کہ وہ دجال ہے

سلہ اگر یہ بات واقعی اور یقینی نہ ہوتی تو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس بات کا انکار کردیتے۔ ہوسکتا ہے کہ حضرت جابر اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا قسم کھانا اس بات پر ہو کہ ابن صیاد ان دجالوں میں سے ایک ہے (جو وقتاً فوقتاً اس امت میں پیدا ہوتے رہیں گے اور نبوت کا دعویٰ کرکے لوگوں کو گمراہ کریں گے) نہ کہ وہ مشہور دجال ہے۔ آگے دوسری فصل میں حضرت ابن عمر کی جو روایت آرہی ہے اس میں انھوں نے صراحتاً بیان کیا ہے کہ ابن صیاد دجال معہود تھا۔ ہوسکتا ہے کہ ابن عمر کا مسلک بھی یہی رہا ہو۔ بہرحال ابن صیاد کے سلسلہ میں اختلاف واشتباہ ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۵۲۶۵ عَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ مَا اَشُكُّ اَنَّ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ ابْنُ صَيَّادٍ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ كِتَابِ الْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ)
۸

حضرت نافع کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہا کرتے تھے کہ خدا کی قسم! مجھ کو اس میں کوئی شک نہیں کہ مسیح دجال، ابن صیاد ہی ہے۔
(ابوداؤد، بیہقی، کتاب البعث والنشور)

۵۲۶۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ فَقَدْنَا ابْنَ صَيَّادٍ يَوْمَ الْحَرَّةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)
۹

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ واقعہ حرہ کے روز ابن صیاد ہم سے گم ہوگیا سلہ (ابوداؤد)

سلہ اگر اس عبارت کا یہ مطلب ہو کہ ابن صیاد واقعہ حرہ میں غائب ہوگیا تھا ایسا غائب ہوا کہ پھر کسی کو معلوم نہ ہوسکا کہ وہ کہاں گیا؟ اس صورت میں یہ روایت اس روایت کے منافی ومتضاد ہوگی کہ جس میں بیان کیا گیا ہے کہ وہ مدینہ میں مرا اور اس کی نماز جنازہ پڑھی گئی اور اگر اس حدیث میں "غائب" سے مراد اس کا عام مفہوم ہو کہ جس میں موت بھی شامل ہے تو پھر ان دونوں روایتوں کے درمیان کوئی تضاد نہیں رہے گا اور واقعہ حرہ وہ حادثہ ہے جو یزید مردود کی فوج نے اہل مدینہ پر یلغار کردی تھی۔ اس واقعہ کا اجمالاً پہلے ذکر ہوچکا ہے اس کی تفصیل اور قباحت کا ذکر ناگفتہ بہ ہے جس کا ذکر تاریخ مدینہ میں ہم نے کیا ہے۔

۵۲۶۷ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْكُثُ اَبُوَا الدَّجَّالِ ثَلٰثِيْنَ عَامًا لَا يُوْلَدُ لَهُمَا وَلَدٌ ثُمَّ يُوْلَدُ لَهُمَا غُلَامٌ اَعْوَرُ اَضْرَسُ وَاَقَلُّهُ مَنْفَعَةً تَنَامُ عَيْنَاهُ وَلَا يَنَامُ قَلْبُهٗ ثُمَّ نَعَتَ لَنَا
۱۰

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال کے والدین کی تیس سال تک اولاد نہ ہوگی، پھر ان کے ہاں ایک کانا بڑے دانتوں سلہ والا لڑکا پیدا ہوگا جس کا نفع کم ہوگا اور اس کی آنکھیں سوئیں گی لیکن دل نہیں سوئے گا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَوَيْهِ فَقَالَ
اَبُوْهُ طُوَالٌ ضَرْبُ اللَّحْمِ كَاَنَّ اَنْفَهٗ مِنْقَارٌ وَّ
اُمُّهٗ اِمْرَاَةٌ فِرْضَاخِيَّةٌ طَوِيْلَةُ الْيَدَيْنِ
فَقَالَ اَبُوْ بَكْرَةَ فَسَمِعْنَا بِمَوْلُوْدٍ فِي الْيَهُوْدِ
بِالْمَدِيْنَةِ فَذَهَبْتُ اَنَا وَالزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ
حَتّٰى دَخَلْنَا عَلٰى اَبَوَيْهِ فَاِذَا نَعْتُ رَسُوْلِ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِمَا فَقُلْنَا
هَلْ لَكُمَا وَلَدٌ فَقَالَا مَكَثْنَا ثَلٰثِيْنَ عَامًا
لَا يُوْلَدُ لَنَا وَلَدٌ ثُمَّ وُلِدَ لَنَا غُلَامٌ اَعْوَرُ
اَضْرَسُ وَاَقَلُّهٗ مَنْفَعَةً تَنَامُ عَيْنَاهُ وَلَا
يَنَامُ قَلْبُهٗ قَالَ فَخَرَجْنَا مِنْ عِنْدِهِمَا فَاِذَا
هُوَ مُنْجَدِلٌ فِي الشَّمْسِ فِيْ قَطِيْفَةٍ وَلَهٗ
هَمْهَمَةٌ فَكَشَفَ عَنْ رَاْسِهٖ فَقَالَ مَا قُلْتُمَا
قُلْنَا وَهَلْ سَمِعْتَ مَا قُلْنَا قَالَ نَعَمْ تَنَامُ
عَيْنَايَ وَلَا يَنَامُ قَلْبِيْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے والدین
کی نشانیاں بیان فرمائیں کہ اس کا باپ لمبے قد کا کم گوشت والا
اور چونچ جیسی ناک والا ہے۔ اس کی ماں موٹی چوڑی چکلی
اور لمبے ہاتھوں والی ہے۔ ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے
ہیں ہم نے سنا مدینہ منورہ میں یہودیوں کے گھر ایک لڑکا
پیدا ہوا ہے پس میں اور حضرت زبیر بن العوام گئے یہاں تک
کہ اس کے والدین کے پاس اندر داخل ہوئے تو ان دونوں میں
رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بتائی ہوئی نشانیاں پائی
جاتی تھیں ہم نے کہا کیا تمہارا کوئی بچہ ہے۔ دونوں نے
کہا کہ تیس سال ہمارے گھر اولاد نہیں ہوئی پھر لڑکا ہوا ہے
جو کانا بڑے دانتوں والا، کم نفع والا ہے جس کی آنکھیں سوتی
ہیں لیکن دل نہیں سوتا۔ پس ہم ان کے پاس سے باہر نکلنے
لگے تو وہ چادر اوڑھ کر دھوپ میں لیٹا ہوا گنگنا رہا تھا
ہم نے اس کے سر سے کپڑا ہٹا دیا۔ اس نے کہا آپ
دونوں نے کیا کہا ہے؟ ہم نے کہا کیا تو نے ہماری بات
سن لی ہے؟ اس نے کہا ہاں کیونکہ میری آنکھیں سوتی
ہیں لیکن میرا دل نہیں سوتا۔ (ترمذی)

۱۔ ابوبکرہ مشہور صحابی ہیں۔
۲۔ اضرس لفظاً کلیۃً بڑے دانت، بعض کے نزدیک اس سے مراد دانتوں میں اضافہ ہے۔
۳۔ وساوس و اوہام کی کثرت اور افکار فاسدہ کے مسلسل آتے رہنے کی وجہ سے جو کہ شیطان اس کو القا کرتا رہے گا۔
۴۔ طاء کے پیش کے ساتھ
۵۔ یعنی کمزور بدن والا ہے۔
۶۔ فرضاخ، بالکسر، مرد عریض۔ فرضاخہ، خاتون عریض۔ فرضاخیہ یا نسبت کے ساتھ ہے۔
۷۔ جیسا کہ آپ نے فرمائی تھیں
۸۔ مراد اس سے ہلکی سی کلام ہے۔

5268 [11] وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ امْرَاَةً مِنَ الْيَهُوْدِ بِالْمَدِيْنَةِ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

وَلَدَتْ غُلَامًا مَمْسُوحَةً عَيْنُهُ طَالِعَةً نَابُهُ فَأَشْفَقَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَكُونَ الدَّجَّالَ فَوَجَدَهُ تَحْتَ قَطِيفَةٍ يُهَمْهِمُ فَآذَنَتْهُ أُمُّهُ فَقَالَتْ يَا عَبْدَ اللهِ هٰذَا أَبُو الْقَاسِمِ فَخَرَجَ مِنَ الْقَطِيفَةِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَهَا قَاتَلَهَا اللهُ لَوْ تَرَكَتْهُ لَبَيَّنَ فَذَكَرَ مِثْلَ مَعْنَى حَدِيثِ ابْنِ عُمَرَ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ائْذَنْ لِي يَا رَسُولَ اللهِ فَأَقْتُلَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ يَكُنْ هُوَ فَلَسْتَ صَاحِبَهُ إِنَّمَا صَاحِبُهُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَإِلَّا يَكُنْ هُوَ فَلَيْسَ لَكَ أَنْ تَقْتُلَ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ الْعَهْدِ فَلَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُشْفِقًا أَنَّهُ هُوَ الدَّجَّالُ۔

(رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

یہودی عورت نے ایک بچہ جنا جس کی ایک آنکھ سپاٹ تھی اس کی ڈاڑھ آگے ہوئی تھی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خوف کیا کہ یہی دجال ہے۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے ایک کمبل کے نیچے پایا۔ گنگنا رہا تھا اس کی ماں نے خبر دے دی، بولی اے اللہ کے بندے! یہ ابوالقاسم[1] ہیں تو وہ کمبل سے نکل پڑا تب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: خدا اسے غارت کرے اسے کیا ہوا؟ اگر یہ اسے چھوڑ دیتی تو یہ بیان کر دیتا[2]۔ پھر حضرت ابن عمر[3] کی حدیث کے معنی کی مثل ذکر کیا تب جناب عمر بن خطاب نے عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے اجازت دیں کہ میں اسے قتل کر دوں تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اگر یہ وہ ہی[4] ہے تو اس کے قاتل تم نہیں حضرت عیسیٰ بن مریم اس کے قاتل ہیں اگر یہ وہ نہیں تو تمہیں مناسب نہیں کہ ذمیوں میں سے[5] کسی کو قتل کرو پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس سے خوف فرماتے رہے کہ یہ دجال ہے۔

(شرح السنہ)

۱؎ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہاں تشریف فرما ہیں

۲؎ اور اپنے بارے میں بتا دیا

۳؎ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یا راوی از جابر نے ان حدیث ابن عمر کے مطابق بیان کیا جو باب کی ابتداء میں گذرا ہے۔

۴؎ اگر ابن صیاد دجال ہے تو اسے قتل نہیں کر سکتا کیونکہ اس کے قتل پر اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو قدرت عطا فرمائی ہے۔

۵؎ یہ اسلام سے پہلے کا واقعہ ہے اور اسلام کے بعد کا حال بھی معلوم ہے کہ وہ دجال کہلانے پر راضی تھا اور یہ کفر ہے جیساکہ حدیث ابوسعید خدری میں ہے کہ وہ ان کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَابُ نُزُوْلِ عِيْسٰى عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول

احادیث صحیحہ کے ذریعے یہ تحقیق ثابت ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے زمین پر تشریف لائیں گے، وہ حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دین کے تابع ہوں گے اور آپ ہی کی شریعت کے مطابق حکم دیں گے۔ بعض وہ احکام جو ہماری شریعت میں نہیں حالانکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ان کے حکم کے مطابق حکم دیں گے وہ از قبیل بیان بدل ہیں جیسا کہ نسخ ہے اور وہ اس وقت حضور ہی کی شریعت کا حصہ ہوں گے جیسا کہ جزیہ وغیرہ کا اختتام۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۵۲۶۹ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَيُوْشِكَنَّ اَنْ يَّنْزِلَ فِيْكُمُ ابْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا عَدْلًا فَيَكْسِرُ الصَّلِيْبَ وَيَقْتُلُ الْخِنْزِيْرَ وَيَضَعُ الْجِزْيَةَ وَيَفِيْضُ الْمَالُ حَتّٰى لَا يَقْبَلَهٗ اَحَدٌ حَتّٰى تَكُوْنَ السَّجْدَةُ الْوَاحِدَةُ خَيْرًا مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا ثُمَّ يَقُوْلُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فَاقْرَءُوْا اِنْ شِئْتُمْ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ اَلْاٰيَةَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے عنقریب تم میں[1] حضرت عیسیٰ حاکم عادل کی صورت میں نازل ہوں گے پس صلیب[2] توڑ دیں گے خنزیر کو قتل کریں گے، جزیہ[3] موقوف کریں گے اور بے حساب[4] مال تقسیم کریں گے یہاں تک کہ اسے قبول نہیں کرے گا اس وقت ایک سجدہ[5] دنیا اور اس کی ساری متاع سے بہتر معلوم ہوگا پھر حضرت ابوہریرہ بیان کرتے ہیں کہ چاہو[6] تو یہ آیت پڑھو اور اہل کتاب میں سے کوئی ایسا نہیں جو ان کی وفات سے پہلے ایمان نہ لے آئے[7]۔ (بخاری و مسلم)

[1] تمہارے دین و ملت میں

[2] وہ دو لکڑیاں ہیں جو آپس میں اس طرح مل رہی ہیں کہ ان کی شکل سولی والی ہو۔ نصاریٰ اس شکل کی رعایت و محافظت کرتے ہیں، اکثر اشیاء اس شکل میں بناتے ہیں اور گردن میں لٹکاتے ہیں مثلاً جس طرح دوسرے کافر دن میں زنار بعض اوقات یاد کے لیے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی صورت اس میں بناتے ہیں کیونکہ یہود کا یہ اعتقاد ہے کہ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

انھیں سولی پر لٹکایا گیا تھا ۔ صراح میں ہے ۔

ؔ۲ اب اسلام یا تلوار ہوگی ۔ مقصود نصرانیت کا ابطال اور ان کے احکام و آثار کو دین اسلام کے ضوابط کے ساتھ بدلنا ہے ۔

ؔ۳ ان دنوں مال زیادہ ہوگا یا حضرت عیسیٰ علیہ السلام زیادہ خرچ کریں گے ۔ یفیض بالفتح فیضان سے ہے یا بالضم ازافاضہ دونوں ہی مروی ہیں ۔

ؔ۴ اس کلام کا تعلق مذکور مجموعہ کے ساتھ ہے دین اسلام اس طرح رواج ورونق پائے گا کہ لوگوں کی عبادت و طاعت کی طرف اتنی رغبت ومحبت ہوگی کہ ایک سجدہ تمام متاعِ دنیا سے بہتر ہوگا اور بات مسلم ہے کہ ہمیشہ ہی سجدہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہوتا ہے یہ اس زمانہ کے ساتھ مخصوص نہیں البتہ اس وقت لوگوں کی طبیعتیں اس طرف مائل ہوں گی اور ان کے نزدیک بھی سجدہ بہتر ہوگا اور یہ بھی احتمال ہے کہ اس کا تعلق یفیض المال سے ہو یعنی لوگ مال سے کلیۃً اعراض کر جائیں گے انھیں مال کے حصول وخرچ میں محبت نہ ہوگی جتنی محبت والفت نماز میں ہوگی ۔

ؔ۵ اگر اس چیز میں کوئی تردد یا شک ہے تو یہ آیت پڑھو ۔

ؔ۶ اہل کتاب یہود ونصاریٰ میں کوئی ایسا نہیں ہوگا جو موت سے پہلے یعنی آخری زمانے میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے بعد جو ایمان نہ لائے ، جب دین وملت ایک ہو جائے گا اختلاف درمیان سے ختم ہو جائے گا اور وہ اختلاف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شان میں یہود و نصاریٰ کے درمیان ہے ختم ہو جائے گا اور یہ تمام اس طریقے سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آئیں گے جو اسلام نے بیان کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بندے اور رسول اور اس کی بندی کے بیٹے ہیں ۔ اس آیت مبارکہ کی یہ ایک تفسیر ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آیت کی اسی تفسیر ومضمون سے استدلال کیا ہے ۔ دوسری تفسیر بھی ہے کہ اہل کتاب میں سے کوئی ایسا نہیں جو اپنی موت سے پہلے آثار نزع کے موقع پر ایمان نہ لائے مگر اس وقت کا ایمان معتبر نہ ہوگا ۔ اس احتمال پر "بہ" کی ضمیر کا مرجع یا حضور علیہ السلام کی ذات ہے یا اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات ہے ۔ مقصود یہ ہے کہ ہر کافر وقت موت مجبوراً ایمان لائے گا لیکن فائدہ نہ ہوگا پس اس وقت سے پہلے پہلے ایمان کی تیاری کرنی چاہیے ۔

ؔ۵۲۷ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ لَيَنْزِلَنَّ ابْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا عَادِلًا فَلَيَكْسِرَنَّ الصَّلِيْبَ وَلَيَقْتُلَنَّ الْخِنْزِيْرَ وَلَيَضَعَنَّ الْجِزْيَةَ وَلَيَتْرُكَنَّ الْقِلَاصَ فَلَا يُسْعٰى عَلَيْهَا وَلَتَذْهَبَنَّ الشَّحْنَاءُ وَالتَّبَاغُضُ وَالتَّحَاسُدُ وَلَيَدْعُوَنَّ اِلَى الْمَالِ فَلَا يَقْبَلُهُ اَحَدٌ ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اور انھی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ابن مریم تم پر ضرور نازل ہوں گے حاکم عادل کی صورت میں، وہ ضرور صلیب توڑیں گے خنزیر قتل کریں گے جزیہ موقوف کریں گے جوان اونٹنیوں کو کھلا چھوڑ دیں گے ان سے محنت کا کوئی کام نہیں لیا جائے گا ۔ دشمنی ، بغض ، حسد ختم ہو جائے گا وہ مال کی طرف لوگوں کو بلائیں گے لیکن کوئی قبول نہیں کرے گا (مسلم)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَفِیْ رِوَایَۃٍ لَّھُمَا قَالَ کَیْفَ اَنْتُمْ اِذَا نَزَلَ ابْنُ مَرْیَمَ فِیْکُمْ وَاِمَامُکُمْ مِنْکُمْ ۔

اور بخاری و مسلم دونوں کی روایت میں ہے کہ فرمایا تمہارا کیا حال ہوگا جب عیسیٰ بن مریم تم میں نازل ہوں گے اور تمہارا امام تم میں سے ہوگا۔

سلہ کوئی ان پر سواری نہیں کرے گا نہ ان کو طلب حاجات و کاروبار میں استعمال کرے گا اور انھیں قبول کوئی نہیں کرے گا وجہ یہ ہوگی کہ مال کثرت سے ہوگا لہذا ان کی محتاجی نہ ہوگی "قِلاص" قاف کے نیچے کسرہ، قَلُوص بالفتح کی جمع ناقہ جوان۔

سلہ کیونکہ دنیا کی وہ محبت ہی ختم ہو جائے گی جو ان برائیوں کی جڑ و باعث تھی، اسس وقت دین و ملت میں اتحاد ہونے کی وجہ سے یہ نہ ہوں گی کیونکہ اختلاف ادیان و مذاہب ایسی ہی بری صفات کا سبب ہوتے ہیں۔

سلہ یعنی امام قریش سے ہوگا یا ملت اسلامیہ سے کوئی شخص۔ اس ارشاد کی شرح دو طرح سے کی گئی ہے ایک یہ کہ وہ شخص جو تم میں امام بنے گا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس کی اقتداء کریں گے وہ امام مہدی ہیں۔ یہ امت محمدیہ کی تعظیم و تکریم کی وجہ سے ہوگا جیسا کہ آنے والی حدیث میں اس مضمون پر تصریح ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس وقت حاکم و خلیفہ وقت اور امام و معلم خیر ہوں گے اور نماز کے امام حضرت امام مہدی ہوں گے۔ بعض دیگر روایات میں ہے کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے اتریں گے تو اس وقت امام مہدی جماعت کروانے والے ہوں گے تو وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لیے مصلیٰ چھوڑ دیں گے لیکن وہ امامت نہیں کروائیں گے بلکہ امام مہدی کی اقتداء کریں گے اور اس کے بعد نماز کی امامت حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہی کریں گے کیونکہ وہ امام مہدی سے افضل ہیں۔ دوسری شرح یہ ہے کہ امامت سے مراد حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہی ہیں اور تم میں سے ہونے کا معنی یہ ہے کہ وہ تمہاری شریعت کے ساتھ فیصلے کریں گے نہ کہ احکام انجیل کے مطابق۔ دوسری روایت میں اسی معنی کی تصریح ہے کہ فَأَمَّکُمْ بِکِتَابِ رَبِّکُمْ وَسُنَّۃِ نَبِیِّکُمْ وہ تمہارے رب کی کتاب اور تمہارے نبی کی سنت کے مطابق امامت کریں گے تو اس کا معنی یہی ہوا حضرت عیسیٰ علیہ السلام تمہارے امام بنیں گے اسس حال میں کہ تمہاری دین و ملت کو قبول کریں گے اور تمہاری کتاب و سنت کے مطابق فیصلہ کریں گے

۵۲۷۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَزَالُ طَائِفَۃٌ مِّنْ اُمَّتِیْ یُقَاتِلُوْنَ عَلَی الْحَقِّ ظَاھِرِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ قَالَ فَیَنْزِلُ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ فَیَقُوْلُ اَمِیْرُھُمْ تَعَالَ صَلِّ لَنَا فَیَقُوْلُ لَا اِنَّ بَعْضَکُمْ عَلٰی بَعْضٍ اُمَرَاءُ تَکْرِمَۃَ اللّٰہِ ھٰذِہِ الْاُمَّۃَ ۔ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَھٰذَا الْبَابُ خَالٍ عَنِ الْفَصْلِ الثَّانِیْ ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت کی ایک جماعت حق پر قیامت تک لڑتی رہے گی اور غالب ہوگی فرمایا تب عیسیٰ بن مریم نازل ہوں گے تو ان کا امیر کہے گا آئیے ہم کو نماز پڑھائیے تو وہ کہیں گے کہ نہیں تم میں سے بعض بعض پر امیر ہیں یہ اللہ کی طرف سے اس امت کے احترام کی وجہ سے ہوگا۔

(مسلم)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سلہ اس وقت اگرچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی امت محمدیہ میں شامل ہوں گے مگران پر جو اکرام الٰہی ہے اس کی وجہ سے ان کی وہ بزرگی اب بھی باقی ہوگی۔

اس باب میں دوسری فصل نہیں ہے

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۵۲۷۲ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْزِلُ عِيْسَى بْنُ مَرْيَمَ اِلَى الْاَرْضِ فَيَتَزَوَّجُ وَيُوْلَدُ لَهٗ وَيَمْكُثُ خَمْسًا وَّاَرْبَعِيْنَ سَنَةً ثُمَّ يَمُوْتُ فَيُدْفَنُ مَعِيَ فِيْ قَبْرِيْ فَاَقُوْمُ اَنَا وَعِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ فِيْ قَبْرٍ وَّاحِدٍ بَيْنَ اَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ رَوَاهُ ابْنُ الْجَوْزِيِّ فِيْ كِتَابِ الْوَفَاءِ۔

تیسری فصل

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب عیسیٰ بن مریم زمین کی طرف اتریں گے تو نکاح کریں گے ان کی اولاد ہوگی اور پینتالیس سال قیام کریں گے۔ پھر وفات پائیں گے، میرے ساتھ میرے مقبرہ میں دفن کیے جائیں گے تو ہم اور عیسیٰ بن مریم، ابوبکر اور عمر کے درمیان ایک مقبرہ[1] سے اٹھیں گے۔

(ابن جوزی کتاب الوفاء)

سلہ قبر سے مراد مقبرہ ہے روایات میں ہے کہ سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روضہ اقدس میں ایک قبر کی جگہ خالی ہے اور وہ جگہ آج تک کسی کو میسر نہ ہوئی۔ امام المسلمین حضرت حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خواہش کی تھی کہ وہ جگہ مجھے مل جائے سیدہ عائشہ (جن کا یہ گھر ہے) بھی تیار ہو گئی تھیں لیکن بنو امیہ نے ایسا نہ ہونے دیا۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی چاہا، مگر حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اجازت نہ دی۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے بھی یہاں عرض کیا گیا مگر انھوں نے فرمایا مجھے حضور کی دیگر بیویوں کے ساتھ بقیع میں دفن کرنا۔ علماء نے حکمت یہی بیان کی ہے کہ وہ جگہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مزار کے لیے ہے۔

بَابُ قُرْبِ السَّاعَةِ وَاَنَّ مَنْ مَّاتَ فَقَدْ قَامَتْ قِيَامَتُهٗ

قیامت کا قریب ہونا اور جو مر گیا اس کی قیامت قائم ہو گئی

قیام قیامت کے نزدیک ہونے کا ظاہر معنی یہ ہے کہ اس کی آمد کی بقیہ مدت تھوڑی رہ گئی ہے اور اکثر گذر چکی ہے۔ بعض شارحین نے کہا کہ اگر باقی زیادہ ہے تو بھی قرب کا حکم صادق ہے کیونکہ یہاں سے آگے انتہا تک کی ساعت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ابتداء سے یہاں تک کم ہے اور یہ اعتبار درست ہے لیکن یہاں پہلا معنی مراد ہے کیونکہ واقع میں بقیہ کم ہے جیسا کہ احادیث میں اس پر تصریح ہے۔ مَنْ مَاتَ فَقَدْ قَامَتْ قِيَامَتُهٗ کے الفاظ بھی حدیث کے ہی ہیں۔ ماتن نے جنھیں عنوان کے طور پر ذکر کیا ہے اس کا معنی یہ ہے کہ جو شخص فوت ہو گیا اسی کے حق میں بعض احوال قیامت میں سے کا وقوع ہو جاتا ہے۔ امام غزالی نے اپنی تصانیف میں اس معنی کی تفصیل و شرح فرمائی ہے۔ وہاں دوسری دفعہ زندگی کی تفاصیل میں توقف کیا ہے۔ موت کو میت کے لحاظ سے قیامت صغریٰ کہا جاتا ہے جیسا کہ تمام جہان اور لوگوں کا فنا ہو جانا قیامت کبریٰ کہلاتا ہے۔ قیامت وسطیٰ بھی ہے یہ لوگوں کا ایک دوسرے کی عمر کے قریب فوت ہو جانا ہے اسے قرن بھی کہتے ہیں جیسا کہ حدیث عائشہ میں آرہا ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۵۲۷۳ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةَ كَهَاتَيْنِ قَالَ شُعْبَةُ وَسَمِعْتُ قَتَادَةَ يَقُوْلُ فِيْ قَصَصِهٖ كَفَضْلِ اِحْدٰهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَلَا اَدْرِيْ اَذَكَرَهٗ عَنْ اَنَسٍ اَوْ قَالَهٗ قَتَادَةُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

روایت ہے حضرت شعبہ سے انھوں نے حضرت قتادہ سے وہ کہتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اور قیامت ان دو انگلیوں کی طرح[۲] بھیجے گئے ہیں۔ شعبہ کہتے ہیں کہ میں نے قتادہ کو وعظوں میں یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ جیسے[۳] ان دونوں میں سے ایک کی زیادتی دوسری پر ہے مجھے یہ خبر نہیں کہ اسے حضرت انس سے[۴] روایت کیا یا قتادہ نے خود کہا۔ (بخاری و مسلم[۵])

۱ سبابہ اور وسطیٰ

۲ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جوانی اور قیام قیامت کی دو انگلیوں کے ساتھ تشبیہ دی اس کی مراد واضح کرتے ہوئے کہا

۳ جو مقدار درمیانی انگلی کی دوسری سے بڑی ہے اور اتنی مقدار کے برابر میں قیامت سے پہلے مبعوث ہوا ہوں اور قیامت اتنی مقدار بعد میں ہے۔

۴ اگر یہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے تو پھر اس میں احتمال ہے کہ یہ انھوں نے خود کہا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا۔ حدیث مستورد بن شداد (جو آرہی ہے) سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ حضور علیہ السلام نے خود بیان فرمایا ہے بعض شارحین نے کہا کہ اس سے مراد آپ کی دعوت اور قیامت کے درمیان اتصال و ارتباط کا بیان ہے کہ ان کے درمیان کوئی اور دین و ملت نہیں ہو گا جیسا کہ ان دو انگلیوں کے درمیان کوئی انگلی نہیں لیکن راوی نے جب خود تفسیر کر دی اور حدیث میں تصریح بھی ہے تو اس کے مخالف کوئی توجیہ قابلِ قبول نہ ہوگی۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

ے۵ واضح رہے حدیث باب کافل الیتیم میں بھی آئی ہے۔ فرمایا اَنَا وَکَافِلُ الْیَتِیْمِ فِی الْجَنَّۃِ ہٰکَذَا (میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں ان دو انگلیوں کی طرح ہوں گے) اگر بطور مبالغہ اس حدیث کو اتصال و مقارنت پر محمول کرنا درست ہے اگرچہ کفالت کرنے والا جنت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ان دو انگلیوں کے تقدم و تاخر کے مطابق داخل ہونا بھی عظیم شرف کا حامل ہے مگر کرمانی نے شرح بخاری میں اس حدیث کے تحت لکھا کہ جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ کلام فرمایا تو آپ کی دونوں انگلیاں برابر ہوگئی تھیں؛ اس کے بعد ان دونوں میں طبع اصلی کی وجہ سے تقدم و تاخر واقع ہوا۔ یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی دونوں انگلیاں بر طریق معروف ہی تھیں لیکن اسی کلام کے موقع پر ان دونوں کا برابر ہوجانا بطور معجزہ تھا اور بعض فارسی کتب میں تحریر ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سبابہ اور وسطیٰ آپس میں برابر تھیں۔ معروف طریقہ پر ان میں تقدم و تاخر نہ تھا اس کی کوئی اصل نہیں؛ یہ متن حدیث اور شارحین کے کلام کے مخالف ہے۔

۵۲۷۴ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَبْلَ اَنْ يَّمُوْتَ بِشَهْرٍ تَسْأَلُوْنِيْ عَنِ السَّاعَةِ وَاِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَاُقْسِمُ بِاللّٰهِ مَا عَلَى الْاَرْضِ مِنْ نَفْسٍ مَنْفُوْسَةٍ يَاْتِيْ عَلَيْهَا مِائَةُ سَنَةٍ وَهِيَ حَيَّةٌ يَوْمَئِذٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے وصال سے ایک ماہ پہلے یہ فرماتے ہوئے سنا تم مجھ سے قیامت کے متعلق پوچھتے ہو[۱] اس کا علم اللہ کے پاس ہے اور میں اللہ کی قسم کھاتا ہوں کہ زمین پر ایسی کوئی نفس سے پیدا ہونے والی ذات جس پر سو سال گزریں اور اس دن زندہ ہو[۲]۔ (المسلم)

ے۱ تم قیامت کبریٰ کے وقوع کے معین وقت کے بارے میں پوچھتے ہو تو سنو اس کا علم میرے اللہ کے پاس ہے باقی قیامت صغریٰ و وسطیٰ تمہیں بتا رہا ہوں کیونکہ اس کا علم میرے پاس ہے۔
ے۲ یہ طبقہ جس کی میں خبر دے رہا ہوں اس کے تمام افراد سو سال کی مدت میں فوت ہوجائیں گے اور ان میں سے کوئی ایک بھی باقی نہ رہے گا۔ بعض اکابر ... نے فرمایا کہ اس وقت حضرت خضر علیہ السلام بھی موجود تھے آپ کی خبر صادق کا تقاضا یہی ہے کہ وہ بھی سو سال گزرنے کے ... ہوجائیں؛ اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت خضر علیہ السلام اس عام حکم سے مخصوص ہیں کیونکہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی امت کے احوال کی خبر دیتے ہوئے فرمایا کہ اب موجود ہونے والوں میں سے ہر کوئی سو سال تک مر جائے گا۔ بعض نے کہا کہ شاید اس وقت حضرت خضر زمین پہ نہ ہوں بلکہ پانی یا ہوا میں ہوں۔ امام محی الدین سے منقول ہے کہ چار افراد انبیاء میں سے زندہ ہیں زمین پر حضرت خضر اور حضرت الیاس اور آسمان پر حضرت ادریس اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام۔ حضرت خضر کا وجود تو مشائخ اور علماء سے تواتر سے ثابت ہے اگرچہ بعض نے اس میں تاویل کی کہ ہر دور کا ایک خضر ہے جو اس دور کا مربی اور فیض دینے والا ہوتا ہے۔ بنی اسرائیل میں جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مصاحب تھے وہ کامل اولیاء میں سے تھے۔ حضرت غوث الثقلین شیخ محی الدین عبد القادر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ آپ نے دوران گفتگو ہوا کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا " قف یا اسرائیلی واسمع کلام المحمدی (اے اسرائیلی ٹھہر کر

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

محمدی کلام سُن) اس سے مراد خود آپ کی ذاتِ اقدس تھی۔

۵۲۷۵ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَاْتِیْ مِائَۃُ سَنَۃٍ وَّعَلَی الْاَرْضِ نَفْسٌ مَّنْفُوْسَۃٌ اَلْیَوْمَ۔
(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا سو برس ایسے نہ گذریں گے کہ زمین پر کوئی جنی ہوئی ذات آج کی جو موجود رہے۔ (مسلم)

۵۲۷۶ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاَعْرَابِ یَاْتُوْنَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَیَسْاَلُوْنَہٗ عَنِ السَّاعَۃِ وَکَانَ یَنْظُرُ اِلٰی اَصْغَرِھِمْ فَیَقُوْلُ اِنْ یَّعِشْ ھٰذَا لَا یُدْرِکْہُ الْھَرَمُ حَتّٰی تَقُوْمَ عَلَیْکُمْ سَاعَتُکُمْ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ دیہاتی لوگ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس آیا کرتے تھے تو آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے تھے تو آپ ان میں سے سب سے چھوٹے کی طرف نظر فرماتے تھے کہ اگر زندہ رہا تو اسے بڑھاپا نہ آئے گا حتیٰ کہ تم پر تمہاری قیامت قائم ہو جائے گی۔ (بخاری و مسلم)

سلہ ابھی یہ اپنے بڑھاپے کو نہ پہنچے گا تو تم سب مرجاؤ گے یعنی اس مدت میں اس طبقہ کے تمام لوگ فنا ہو جائیں گے اس کو آپ نے قیام قیامت سے تعبیر فرمایا۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۵۲۷۷ عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ بُعِثْتُ فِیْ نَفَسِ السَّاعَۃِ فَسَبَقْتُھَا کَمَا سَبَقَتْ ھٰذِہٖ ھٰذِہٖ وَاَشَارَ بِاِصْبَعَیْہِ السَّبَّابَۃِ وَالْوُسْطٰی۔
(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت مستورد بن شداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں قیامت کے اندر بھیجا گیا ہوں تو میں قیامت میں اس طرح پہلے ہوں جس طرح یہ انگلی اس سے اور اپنی دو انگلیوں کلمہ کی اور بیچ کی انگلی کی طرف اشارہ کیا۔ (ترمذی)

سلہ مستورد۔ میم پر پیش، سین ساکن، تا پر زبر، واؤ ساکن، راء کے نیچے زیر، آخر میں دال ہے۔
سلہ شداد، شین پر زبر، دال مشدد صحابی ہیں۔ رملی کوفہ میں شمار ہوتے ہیں۔ مصر میں سکونت پذیر رہے حضور علیہ السلام کے وصال کے وقت بچے تھے لیکن حضور سے یہ روایت کرتے ہیں۔
سلہ میں اوائل قیامت میں آیا ہوں نفس، فا متحرک، کسی چیز کے ظہور کی ابتداء جیسا کہ طلوع صبح کو نفس الصبح کہا جاتا ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سلہ سبابہ اور وسطی

۵۲۷۸ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنِّیْ لَاَرْجُوْ اَنْ لَّا تَعْجِزَ اُمَّتِیْ عِنْدَ رَبِّہَا اَنْ یُّؤَخِّرَہُمْ نِصْفَ یَوْمٍ قِیْلَ لِسَعْدٍ وَکَمْ نِصْفُ یَوْمٍ قَالَ خَمْسُ مِائَةِ سَنَةٍ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں امید کرتا ہوں کہ میری امت اپنے رب کے نزدیک اس سے انھیں آدھے دن کی مہلت[1] دے۔ سعد سے کہا گیا کہ آدھا دن کتنا ہے؟ فرمایا پانچ سو سال[2]

(ابوداؤد)

سلہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی سے ماخوذ ہے وَاِنَّ یَوْمًا عِنْدَ رَبِّکَ کَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ (یقیناً آپ کے رب کے ہاں ایک دن کی مقدار ہزار کی ہے جسے تم شمار کرتے ہو) جب دن ہزار سال کا ہے تو اس کا نصف پانچ سو سال ہے۔ معنی حدیث یہ ہے کہ اس امت کی اللہ تعالیٰ کے ہاں اتنی قربت، مقام اور جگہ ہے کہ وہ انھیں پانچ سو سال ہلاکت سے محفوظ رکھے گا تو اس امت کی بقا پانچ سو سال سے کم نہیں، زیادہ ہو سکتی ہے، اس میں اشارہ ہے کہ قیامت پانچ سو سال سے پہلے برپا نہیں ہو سکتی اور یہ امت ہلاک نہ ہو گی اس کے بعد کیا ہو گا؟ بعض شارحین کی رائے یہ ہے کہ یہ امت پانچ سو سال تک شدائد و مصائب اور عقوبات سے محفوظ رہے گی اور انھیں ایسی آفت نہ پہنچے گی جو انھیں ہلاک کر دے۔

سے شیخ جلال الدین سیوطی نے اپنے بعض رسائل میں لکھا ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال کے ہزار سال بعد امت پانچ سو سال سے تجاوز نہیں کرے گی۔ بعض علماء وقت نے فتویٰ دیا کہ دسویں صدی میں امام مہدی، دجال کا ظہور اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول اور دیگر علامات قیامت کا ظہور ہو گا، اس قول کو سیوطی نے رد کیا اور اخبار و آثار سے ثابت کیا کہ ہزار سال گزرنے کے بعد پانچ سو سال سے آگے نہ بڑھے گی۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۵۲۷۹ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَثَلُ ہٰذِہِ الدُّنْیَا مَثَلُ ثَوْبٍ شُقَّ مِنْ اَوَّلِہٖ اِلٰی اٰخِرِہٖ فَبَقِیَ مُتَعَلِّقًا بِخَیْطٍ فِیْ اٰخِرِہٖ فَیُوْشِکُ ذٰلِکَ الْخَیْطُ اَنْ یَّنْقَطِعَ۔

(رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس دنیا کی مثال[1] اس کپڑے کی سی ہے جو اول سے آخر تک کاٹ دیا جائے پھر وہ آخر میں ایک دھاگے سے لٹکا رہ گیا، قریب ہے کہ یہ دھاگہ ٹوٹ جاوے۔

(بیہقی، شعب الایمان)

سلہ دنیا کے فنا ہونے اور قرب قیامت کی مثال

بَابُ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ اِلَّا عَلٰى شِرَارِ النَّاسِ

قیامت صرف شریر لوگوں پر قائم ہوگی

تمام اچھے لوگ فوت ہوجائیں اور بُرے باقی ہوں گے پس ان پر قیامت قائم ہوجائے گی جب تک نیک لوگوں کا وجود ہے قیامت قائم نہیں ہوسکتی جیساکہ اوپر گزر چکا کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام کے عہد میں ایک خوشبودار ہوا چلے گی جس سے تمام مسلمان فوت ہوجائیں گے اور بدکردار باقی رہ جائیں گے جو گدھوں کی طرح آپس میں اختلاط کریں گے پس ان پر قیامت قائم ہوگی۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ — پہلی فصل

۵۲۸۰- عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى لَا يُقَالَ فِي الْاَرْضِ اَللّٰهُ اَللّٰهُ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ عَلٰى اَحَدٍ يَقُوْلُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: اس وقت تک قیامت قائم نہ ہوگی جب تک زمین میں اللہ اللہ کہا جائے گا[۱] دوسری روایت میں ہے کہ ایسے شخص پر قیامت قائم نہیں ہوگی جو اللہ اللہ کہے[۲] (مسلم)

[۱] یعنی اس وقت کوئی ایسا شخص نہ ہوگا جو اللہ تعالٰی کی پرستش کرنے والا ہو، بلکہ تمام کافر، بت پرست اور فاسق ہوں گے۔

[۲] اس حدیث سے معلوم ہورہا ہے کہ اس جہان کی بقاء ذکرِ خدا، ذاکرین، صالحین اور نیکوکاروں کی برکت سے ہے جب یہ اس جہان سے اٹھ جائیں گے تو یہ عالم بھی نہ رہے گا۔

۵۲۸۱- وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ اِلَّا عَلٰى شِرَارِ الْخَلْقِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا، قیامت شریرترین مخلوق پر قائم ہوگی[۱] (مسلم)

[۱] اس حدیث کا ترجمہ، باب کے ترجمہ کی طرح ہی ہے خلق سے مراد انسان ہیں کیونکہ شریر نافرمان اُمت میں اور معصیت کا ارتکاب آدمی ہی کرتے ہیں باقی مخلوق ایسا نہیں کرتی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۲۸۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی تَضْطَرِبَ اَلْيَاتُ نِسَاءِ دَوْسٍ حَوْلَ ذِی الْخَلَصَةِ وَذُو الْخَلَصَةِ طَاغِيَةُ دَوْسٍ الَّتِیْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ فِی الْجَاهِلِيَّةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک قبیلہ اوس کی عورتوں کے سرین[۱] ذوالخلصہ کے گرد نہ ہلیں ذوالخلصہ قبیلہ دوس[۲] کا بت تھا جس کو دورِ جاہلیت میں وہ لوگ پوجتے تھے[۳] (بخاری و مسلم)

[۱] اَلْيَاتُ: ہمزہ پر زبر لام ساکن۔ قاموس میں ہے عورت کے سرین یا چربی اور گوشت کا وہ حصہ جس پر بیٹھا جاتا ہے، یا چربی و گوشت کا وہ حصہ جس پر بیٹھا جاتا ہے۔ صراح میں ہے کہ الیہ کا معنی دُم ہے۔ مجمع البحار میں ہے وہ گوشت جو لپشت اور ران پر بلند ہو۔ مشارق الانوار میں ہے حیوان کے پچھلے نصف حصے کا گوشت اور انسان کی مقعد کا گوشت ہے۔

[۲] دوس، دال پر زبر، واؤ ساکن، سین، یمن کا قبیلہ ذوالخلصہ خا اور لام پر زبر یا دونوں پر پیش بھی ہے بت خانہ اسے کعبہ یمانیہ کہا جاتا ہے اس جگہ ایک بت تھا اس کا نام خلصہ تھا، دوس، خثعم، بجیلہ کے قبائل اس کی پوجا کیا کرتے تھے۔

حضور علیہ السلام نے اپنے صحابی حضرت جریر بن عبداللہ بجلی کو اسے گرانے کے لیے بھیجا چنانچہ فرمایا کہ آخری زمانے میں یہ قبائل مرتد ہوجائیں گے اور ان کی عورتیں اس بت خانہ کا طواف کریں گی۔ آگے راوی نے ذوالخلصہ کی تفسیر کی ہے۔

[۳] شارحین نے لکھا کہ یہ بت خانے کا نام ہے لہذا معلوم ہوا کہ اس تفسیر میں تسامح ہے۔

۵۲۸۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يَذْهَبُ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ حَتّٰى يُعْبَدَ اللَّاتُ وَالْعُزّٰى فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ اِنْ كُنْتُ لَاَظُنُّ حِيْنَ اَنْزَلَ اللهُ هُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ اَنَّ ذٰلِكَ تَامًّا قَالَ اِنَّهٗ سَيَكُوْنُ مِنْ ذٰلِكَ مَا شَاءَ اللهُ ثُمَّ يَبْعَثُ اللهُ رِيْحًا طَيِّبَةً فَتَوَفّٰى كُلَّ مَنْ كَانَ فِیْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ مِّنْ اِيْمَانٍ فَيَبْقٰى مَنْ لَا خَيْرَ فِيْهِ فَيَرْجِعُوْنَ اِلٰى دِيْنِ اٰبَائِهِمْ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ دن و رات کا سلسلہ ختم نہیں ہوگا یہاں تک کہ لات[۱] و عزیٰ کی پھر پوجا ہونے لگے۔ میں عرض گزار ہوئی یا رسول اللہ! میں تو سمجھتی تھی کہ جب اللہ نے یہ[۲] وحی نازل فرمائی "وہی ذات ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور برحق دین کے ساتھ بھیجا تاکہ اسے تمام ادیان پر غالب کردے اگرچہ مشرک اسے ناپسند کریں"، کہ یہ غلبہ پوری طرح ہوگا؟ فرمایا اس میں سے ہوگا جتنا اللہ چاہے پھر اللہ تعالیٰ ایک پاکیزہ ہوا بھیجے گا جس سے وہ تمام مرجائیں گے جن کے دل میں رائی کے برابر ایمان ہوگا وہی باقی

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

رہ جائیں گے جن میں کوئی بھلائی نہیں ہوگی پس اپنے آباؤ اجداد کے دین کی طرف لوٹ جائیں گے۶؎ (مسلم)

۱؎ یہ دو بتوں کے نام ہیں۔ قبیلہ ثقیف کے بت کا نام لات اور قبیلہ غطفان اور سُلیم کے بت کا نام عزیٰ تھا

۲؎ یہ آیت مبارکہ "ہو الذی ارسل رسولہ" الآیہ

۳؎ کیونکہ اس آیت کا مدلول یہ ہے کہ تمام ادیانِ باطلہ ختم ہو جائیں گے، بُت پرستی زوال پذیر ہوگی اور دینِ اسلام ان تمام پر غالب آجائے گا اس سے گمان بلکہ مجھے یقین تھا۔

۴؎ بعض نسخوں میں تاماً نصب کے ساتھ ہے اور اس کے موافق علم نحو میں ایک وجہ ہے جس کا ذکر ہم نے شرح میں کیا یعنی اس کے اتمام کے بعد آپ یہ خبر کیوں دے رہے ہیں کہ لات و عزیٰ کی لوگ پرستش کریں گے۔

۵؎ آخری زمانے میں بت پرستی کچھ مدت کے لیے ہوگی جسے اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔

۶؎ اپنے آباء کے دین کی طرف لوٹ جائیں گے یعنی ارتداد اختیار کریں گے اور یہ حکمت الٰہی ہے کہ آخری وقت کفر و بُت پرستی ہوگی کیونکہ محل قہر و غضب اور جلال بڑے ہوں گے اور ان پر قیامت برپا ہوگی نہ کہ نیکوں پر۔

۵۲۸۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ الدَّجَّالُ فَيَمْكُثُ اَرْبَعِيْنَ لَا اَدْرِيْ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا اَوْ عَامًا فَيَبْعَثُ اللّٰهُ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ كَاَنَّهُ عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُوْدٍ فَيَطْلُبُهُ فَيُهْلِكُهُ ثُمَّ يَمْكُثُ فِي النَّاسِ سَبْعَ سِنِيْنَ لَيْسَ بَيْنَ اثْنَيْنِ عَدَاوَةٌ ثُمَّ يُرْسِلُ اللّٰهُ رِيْحًا بَارِدَةً مِّنْ قِبَلِ الشَّامِ فَلَا يَبْقٰى عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ اَحَدٌ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِّنْ خَيْرٍ اَوْ اِيْمَانٍ اِلَّا قَبَضَتْهُ حَتّٰى لَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ دَخَلَ فِيْ كَبِدِ جَبَلٍ لَدَخَلَتْهُ عَلَيْهِ حَتّٰى تَقْبِضَهُ قَالَ فَيَبْقٰى شِرَارُ النَّاسِ فِيْ خِفَّةِ الطَّيْرِ وَاَحْلَامِ السِّبَاعِ لَا يَعْرِفُوْنَ مَعْرُوْفًا وَّلَا يُنْكِرُوْنَ مُنْكَرًا فَيَتَمَثَّلُ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ فَيَقُوْلُ اَلَا تَسْتَحْيُوْنَ فَيَقُوْلُوْنَ فَمَا تَاْمُرُنَا فَيَاْمُرُهُمْ بِعِبَادَةِ الْاَوْثَانِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال نکلے گا تو چالیس تک ٹھہرے گا میں نہیں جانتا کہ چالیس دن یا مہینے یا سال فرمایا۔ پھر اللہ تعالیٰ عیسیٰ ابن مریم کو بھیجے گا گویا وہ عروہ بن مسعود ہیں آپ اسے تلاش کریں گے، اسے ہلاک کریں گے پھر آپ لوگوں میں سات سال ٹھہریں گے کہ دو اشخاص کے درمیان دشمنی نہ ہوگی پھر اللہ تعالیٰ ایک ٹھنڈی ہوا شام کی طرف سے بھیجے گا تو روئے زمین پر کوئی نہ رہے گا جس کے دل میں ذرہ برابر بھلائی یا ایمان ہو مگر وہ ہوا اسے وفات دے دے گی حتیٰ کہ اگر تم میں سے کوئی وسطِ پہاڑ میں داخل ہو جائے تو وہ اس تک داخل ہوگی حتیٰ کہ اسے وفات دے دیگی فرمایا پھر بدترین لوگ ہی رہ جائیں گے پرندوں کے ہلکے پن والے اور درندوں کے بھاری پن والے نہ کسی اچھی بات کو جانیں گے نہ کسی برائی کو برا جانیں گے، ان کے پاس شیطان انسانی شکل اختیار کر کے آئے گا کہے گا تم شرم کیوں نہیں کرتے؟ وہ کہیں گے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَهُمْ فِي ذٰلِكَ دَارٌّ رِزْقُهُمْ حَسَنٌ عَيْشُهُمْ ثُمَّ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَلَا يَسْمَعُهُ أَحَدٌ إِلَّا أَصْغٰى لِيْتًا وَرَفَعَ لِيْتًا قَالَ فَأَوَّلُ مَنْ يَسْمَعُهُ رَجُلٌ يَلُوْطُ حَوْضَ إِبِلِهِ فَيَصْعَقُ وَيَصْعَقُ النَّاسُ ثُمَّ يُرْسِلُ اللّٰهُ مَطَرًا كَأَنَّهُ الطَّلُّ فَيَنْبُتُ مِنْهُ أَجْسَادُ النَّاسِ ثُمَّ يُنْفَخُ فِيْهِ أُخْرٰى فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَنْظُرُوْنَ ثُمَّ يُقَالُ يَا أَيُّهَا النَّاسُ هَلُمَّ إِلٰى رَبِّكُمْ وَقِفُوْهُمْ إِنَّهُمْ مَسْئُوْلُوْنَ فَيُقَالُ أَخْرِجُوْا بَعْثَ النَّارِ فَيُقَالُ مِنْ كَمْ كَمْ فَيُقَالُ مِنْ كُلِّ أَلْفٍ تِسْعَ مِائَةٍ وَتِسْعِيْنَ قَالَ فَذٰلِكَ يَوْمٌ يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا وَذٰلِكَ يَوْمٌ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ. (رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَذُكِرَ حَدِيْثُ مُعَاوِيَةَ لَا تَنْقَطِعُ الْهِجْرَةُ فِي بَابِ التَّوْبَةِ)

تو ہمیں حکم دیتا ہے وہ انھیں بت پرستی کا حکم دے گا وہ اس حال میں ہوں گے کہ ان پر ان کا رزق بارش کی طرح برس رہا ہوگا ان کی زندگی خوش حالی سے ہم کنار ہوگی پھر صُور پھونکا جائے گا تو اسے کوئی نہیں سنے گا مگر گردن کبھی جھکائے گا اور کبھی اٹھائے گا۔ فرمایا پہلا شخص جو سنے گا وہ ہوگا جو اپنے اونٹ کا حوض لیپتا ہوگا پھر لوگ بے ہوش ہوجائیں گے پھر اللہ تعالیٰ شبنم کی طرح بارش بھیجے گا تو اس سے لوگوں کے جسم اگیں گے پھر صور میں دوبارہ پھونکا جائے گا تو اچانک سب لوگ کھڑے دیکھتے ہونگے پھر کہا جاوے گا اے لوگو! اپنے رب کی طرف چلو انھیں ٹھہراؤ ان سے پوچھ گچھ کی جائے گی پھر کہا جائے گا کہ آگ کی رسد نکالو تو کہا جائے گا کتنی میں سے کتنی ہتو فرمایا جائے گا ہزار سے نو سو ننانوے۔ فرمایا کہ وہ وقت ہوگا جو بچوں کو بوڑھا کر دے گا اور یہ وہ دن ہوگا جب پنڈلی کھولی جائیگی (مسلم)

اور حضرت معاویہؓ کی حدیث فاتنقطع الہجرہ باب التوبہ میں ذکر کر دی گئی ہے۔

۱ پہلے گذر چکا ہے کہ بعض روایات میں چالیس سال، بعض میں چالیس دن یا چالیس رات ہے اور ان میں تطبیق بھی معلوم ہوچکی ہے۔

۲ صورت و شکل میں، حضرت عروہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ ثقفی کبار صحابہ میں سے ہیں اور یہ مسعود والد حضرت عبداللہ بن مسعود کے والد نہیں، ان کے والد مسعود بن غافل ہذلی ہیں اور ان کا باپ معتب بن ملک ہے۔

۳ یعنی تمام لوگ ایمان کامل اور راستے اعلیٰ طریقے پر ہوں گے کہ دو آدمی ایک دوسرے کے ساتھ شیر و شکر ہوں گے اور یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ٹھہرنا قتل دجال کے بعد ہوگا کیونکہ پہلے معلوم ہوچکا ہے کہ ان کا ٹھہرنا چالیس سال ہوگا

۴ راوی کو شک ہے کہ خیر فرمایا یا ایمان

۵ کبد، کاف پر زبر، باء کے نیچے زیر اور دال، ہر چیز کے درمیان، جگر کو بھی کہتے ہیں اور فارسی میں جگر اسی معنی میں ہے۔

۶ فسق و فساد اور نفسانی شہوت کے تقاضے میں وہ اس طرح تیز رفتار ہوں گے جیسے پرندے خونریزی اور ظلم میں

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

درندوں کی طرح حملہ آور ہوں گے، احلام یہاں حلم بکسر حاء کی جمع ہے اس کا معنی بوجھ اٹھانا اور وقار ہے اور یہاں ظلم وفساد میں تمکن اور استقرار مراد ہے۔

ٰٰ کہ تم فسق وفجور اور ظلم وفساد میں مبتلا ہو، یہ شیطان کی طرف سے مکر وفریب ہے جس سے یہ حیلہ اختیار کیا تاکہ وہ ان کو بتوں کی عبادت گاہ کہہ سکے۔

۸ تیرا مقصود کیا ہے تو کیا کرنا چاہتا ہے؟

۹ ان پر ان کا رزق بارش کی طرح برسے گا

۱۰ ان کی زندگی اور معیشت میں فراخی ہوگی

۱۱ یعنی اس کی آواز کی دہشت سے لوگوں کے دل پارہ پارہ ہو جائیں گے جسمانی قوت معطل وشکست ہو جائے گی، اس کا اثر گردن میں ظاہر ہوگا کبھی وہ پیچھے گرے گا اور کبھی ادپر جیسا کہ مدہوش اور خائف لوگوں کا حال ہوتا ہے۔ لیت لام کے نیچے زیر، یاء ساکن، گردن کی ایک جانب۔

۱۲ اسی کاروبار میں لوگ ہلاک ہو جائیں گے۔

۱۳ وہ قیامت کی ہولناکیاں دیکھیں گے

۱۴ کیونکہ ان سے ان کے کردار کے بارے میں سوال کیا جائے گا اور ان سے حساب لیا جائے گا۔

۱۵ اللہ تعالیٰ فرشتوں کو فرمائے گا۔

۱۶ یعنی وہ لوگ جنہیں دوزخ کی طرف نکالا جائیگا

۱۷ یعنی فرشتے بارگاہِ الوہیت میں عرض کریں گے

۱۸ جن لوگوں کو دوزخ میں بھیجا گیا ہے ان کی تعداد کتنی ہے

۱۹ یہاں سے معلوم ہو رہا ہے کہ ہزار میں سے ایک آدمی جنت میں اور باقی دوزخ میں جائیں گے۔ مراد یہ ہے کہ اپنے کردار کی وجہ سے لوگ دوزخ کے مستحق ہوں گے اس کے بعد حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، انبیاء علیہم السلام رسلان کرام کی شفاعت اور اللہ تعالیٰ سے معافی ومغفرت مانگنے کی بناء پر دوزخ سے باہر آئیں گے۔

باب الحشر کی فصل اوّل کی حدیث ابوسعید میں ہے کہ آگ سے نکالا جانا یاجوج ماجوج سے ہے اور عاصیوں کی شفاعت کا اوّلین مقام وہ ہے جب لوگ بارگاہِ خداوندی میں آئیں گے تو وہ خوف وخجالت کی وجہ سے پسینے میں ڈوبے ہوئے ہونگے اور حساب وکتاب کی ہیبت اور دہشت کی وجہ سے کانپ رہے ہوں گے۔ سفارش کرنے والے درخواست کریں گے کہ کچھ دیر آرام کرو، اس کے بعد میدانِ قیامت میں حکم ہوگا کہ ان کا حساب لیا جائے یہاں پھر سفارشی درخواست کریں گے تاکہ حساب میں معافی مل جائے اور اسی طرح عفو کریں گے اور جب حساب کریں گے تو اس میں مناقشہ نہیں کریں گے کیونکہ جس کے حساب میں مناقشہ ہوا وہ عذاب میں گرفتار ہوا، اس کے بعد انہیں دوزخ میں بھیجا جائے گا یہ مقام پھر شفاعت کا ہے تاکہ وہ دوزخ میں نہ جائیں جب دوزخ میں چلے جائیں گے اور عذاب ہوگا تو پھر شفاعت کی وجہ سے وہاں سے واپسی

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

ہوگی ۔ اللہ تعالیٰ غفار کے کرم اور حضور علیہ السلام کی شفاعت سے بخشش کی بہت زیادہ امید ہے باقی وہی ہوگا جو اللہ کا حکم ہے کیونکہ ہر شے پر قادر ہے ۔

ف۲۰ یا اس دن کے لمبا، محنت و مشقت والا ہونے پر دال ہے کیونکہ غم و محنت میں بڑھاپا جلدی آتا ہے ۔

ف۲۱ کشف ساق سے مراد، خوف، ہول، شدت اور محنت کا ہونا ہے عربوں کے ہاں اس کا یہی معنی متعارف ہے اصل یہ ہے کہ جب بھی کوئی آدمی محنت و مشقت کا کام کرتا ہے تو وہ اپنی ساق سے پردہ اٹھاتا ہے اس وجہ سے اس کی پنڈلی ننگی ہو جاتی ہے قرآن کریم کی آیت یَوْمَ یُکْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّیُدْعَوْنَ اِلَی السُّجُوْدِ کی تفسیر میں کلام کثیر ہے لیکن اکثر کے نزدیک یہی معنی مذکور ہے ۔

ف۲۲ جس کے ابتدائی الفاظ لا تنقطع الھجرۃ ہیں ۔ اس میں یہ ذکر ہے کہ آفتاب مغرب سے طلوع ہوگا

بَابُ النَّفْخِ فِی الصُّوْرِ

صور پھونکے جانے کا بیان

نفخ، پھونک مارنا، صور بالضم وہ شاخ جس میں پھونک ماری جائے یہاں وہ شاخ مراد ہے جس میں حضرت اسرافیل پھونک ماریں گے اور یہ دو مرتبہ ہوگا ایک مرتبہ زندوں کو ہلاک اور موت کے لیے اور دوسری دفعہ مُردوں کو دوبارہ زندہ کرنے کے لیے ہوگا ۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۵۲۸۵ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا بَیْنَ النَّفْخَتَیْنِ اَرْبَعُوْنَ قَالُوْا یَا اَبَا ھُرَیْرَۃَ اَرْبَعُوْنَ یَوْمًا قَالَ اَبَیْتُ قَالُوْا اَرْبَعُوْنَ شَھْرًا قَالَ اَبَیْتُ قَالُوْا اَرْبَعُوْنَ شَھْرًا قَالَ اَبَیْتُ قَالُوْا اَرْبَعُوْنَ سَنَۃً قَالَ اَبَیْتُ ثُمَّ یُنْزِلُ اللّٰہُ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَیَنْبُتُوْنَ کَمَا یَنْبُتُ الْبَقْلُ قَالَ وَلَیْسَ مِنَ الْاِنْسَانِ شَیْءٌ لَا

پہلی فصل

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو صوروں کے درمیان چالیس کا فاصلہ ہے لوگوں نے عرض کیا اے ابوہریرہ کیا چالیس دن؟ فرمایا میں نہیں کہہ سکتا، چالیس مہینے، فرمایا میں نہیں کہہ سکتا۔ چالیس سال، فرمایا میں نہیں کہہ سکتا، پھر اللہ تعالیٰ آسمان سے پانی اتارے گا تو لوگ ایسے اگیں گے جیسے ساگ اگتا ہے اور نہیں انسان کی کوئی چیز مگر وہ گل جائے گی سوائے ایک ہڈی کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

يَبْلٰى اِلَّا عَظْمًا وَّاحِدًا وَّهُوَ عَجْبُ الذَّنَبِ وَمِنْهُ يُرَكَّبُ الْخَلْقُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ كُلُّ ابْنِ اٰدَمَ يَاْكُلُهُ التُّرَابُ اِلَّا عَجْبَ الذَّنَبِ مِنْهُ خُلِقَ وَفِيْهِ يُرَكَّبُ ۔

اور وہ ریڑھ کی ہڈی ہے اسی سے قیامت کے دن مخلوق کی ترکیب دی جائے گی (بخاری و مسلم)
اور مسلم کی روایت میں یہ بھی ہے کہ سارے انسان کو مٹی کھا لے گی سوائے ریڑھ کی ہڈی کے کہ اسی سے پیدا کیا گیا اور اسی میں ترکیب دیا جائے گا۔

۱ جب حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اجمالاً کہا تو

۲ میں قطعی طور پہ چالیس دن نہیں کہہ سکتا، کہ آپ نے یہ فرمایا تھا۔

۳ جب میں نے حضور علیہ السلام سے اجمالاً سنا یا تفصیلاً سنا تھا مگر میں بھول گیا ہوں تو اب قطعی طور پر قطعاً کچھ نہیں کہہ سکتا کہ آپ کی مراد کیا تھی۔

۴ پھر حضور علیہ السلام نے فرمایا

۵ جیسے زمین پر چارہ و سبزہ اگتا ہے۔ درحقیقت آدمی زاد کے لیے بیج ہوتا ہے جس طرح نباتات کا بیج زمین میں دفن کر دیا جاتا ہے اور بارش کی وجہ سے وہ اگتا ہے چنانچہ آئندہ جملہ میں اسی طرف اشارہ فرمایا

۶ اس کے تمام اعضاء و اجزاء بوسیدہ ہو جائیں گے ماسوائے ایک ہڈی کے۔

۷ عَجْبُ الذَّنَب ۔ عین پر زبر، جیم ساکن، ذال پہ زبر، وہ ہڈی جو آخر پشت دو سرین کے درمیان ہے۔

اور یہ لفظ باء کے عوض میم کے ساتھ عجم الذنب بھی آیا ہے۔ عجب اور عجم دونوں کا معنی اصل و جڑ کے ہیں۔ ذنب کا معنی دم، چونکہ یہ ہڈی دم کی جگہ پہ ہوتی ہے اس لیے اس کا نام ذنب رکھا گیا ہے۔

۸ آدمی کے جسم کی اسی سے ترکیب و پیوندکاری کی جائے گی۔

۹ اول خلقت بھی اسی سے اور قیامت کے دن بھی اسی سے ترکیب ہو گی۔

۵۲۸۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْبِضُ اللّٰهُ الْاَرْضَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَطْوِي السَّمَآءَ بِيَمِيْنِهٖ ثُمَّ يَقُوْلُ اَنَا الْمَلِكُ اَيْنَ مُلُوْكُ الْاَرْضِ ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اور انہی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ روز قیامت زمین کو سمیٹ لے گا، پھر فرمائے گا کہ میں بادشاہ ہوں، زمینی بادشاہ کہاں ہیں؟
(بخاری و مسلم)

۱ اپنے مبارک پنجہ میں

۲ یہ عظمت، جلال، کبریائی حق سے کنایہ ہے اور خلق کے ذہن میں جو افعال عظیم ہیں ان کی حقارت کا بیان ہے کہ وہ تو اس کے ہاتھ میں ہیں اور اس پہ تنبیہ ہے کہ اس جہان کو ختم کرنا اور آسمان کو اٹھانا اس کی قدرت کے لیے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

نہایت ہی آسان وحقیر ہے، چونکہ آسمان کو زمین کی نسبت شرف وعظمت ہے اس کے ذکر میں اس ہاتھ کا ذکر کیا کیونکہ وہ بائیں سے افضل ہے پس زمین کو سمیٹ لے گا اور آسمان کو دائیں ہاتھ کے ساتھ لپیٹ دے گا۔

سلے جو بادشاہی کا دعویٰ کرتے تھے۔

۵۲۸۷/۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطْوِي اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُمَّ يَأْخُذُهُنَّ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى ثُمَّ يَقُوْلُ اَنَا الْمَلِكُ اَيْنَ الْجَبَّارُوْنَ اَيْنَ الْمُتَكَبِّرُوْنَ ثُمَّ يَطْوِي الْاَرْضِيْنَ بِشِمَالِهٖ وَفِيْ رِوَايَةٍ يَأْخُذُهُنَّ بِيَدِهِ الْاُخْرٰى ثُمَّ يَقُوْلُ اَنَا الْمَلِكُ اَيْنَ الْجَبَّارُوْنَ اَيْنَ الْمُتَكَبِّرُوْنَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن آسمانوں کو لپیٹ لے گا پھر انھیں اپنے داہنے ہاتھ میں پکڑے گا پھر فرمائے گا میں بادشاہ ہوں کہاں ہیں تکبر کرنے والے؟ پھر زمینوں کو لپیٹ لے گا بائیں ہاتھ کے ساتھ، اور ایک روایت میں ہے کہ انھیں دوسرے ہاتھ میں پکڑے گا پھر فرمائے گا میں بادشاہ ہوں کہاں ہیں جابر اور تکبر کرنے والے؟

(مسلم)

۵۲۸۸/۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ جَاءَ حَبْرٌ مِّنَ الْيَهُوْدِ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى اِصْبَعٍ وَالْاَرْضِيْنَ عَلٰى اِصْبَعٍ وَالْجِبَالَ وَالشَّجَرَ عَلٰى اِصْبَعٍ وَالْمَاءَ وَالثَّرٰى عَلٰى اِصْبَعٍ وَسَائِرَ الْخَلْقِ عَلٰى اِصْبَعٍ ثُمَّ يَهُزُّهُنَّ فَيَقُوْلُ اَنَا الْمَلِكُ اَنَا اللّٰهُ فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَجُّبًا مِّمَّا قَالَ الْحَبْرُ تَصْدِيْقًا لَّهٗ ثُمَّ قَرَاَ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ یہود کا ایک بڑا دانشور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور کہنے لگا اے محمد! اللہ قیامت کے دن آسمانوں کو ایک انگلی پر اور زمینوں کو ایک انگلی پر اور پہاڑوں اور درختوں کو ایک انگلی پر اور پانی ومٹی کو ایک انگلی پر اور ساری مخلوق کو ایک انگلی پر رکھے گا پھر انھیں ہلائے گا پھر فرمائے گا میں بادشاہ ہوں، اللہ ہوں تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس عالم کے قول پر متعجب ہوئے تبسم فرمایا اور اس کی تصدیق کی پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی کہ "ان لوگوں نے اللہ کی قدر نہ کی جو اس کا حق ہے اور زمین ساری اسی کے قبضہ میں ہے قیامت کے دن اور آسمان لپٹے ہوئے ہونگے اس کے داہنے ہاتھ میں، پاک ہے وہ اور برتر ہے اس سے جسے اس کا شریک ٹھہراتے ہیں"

(بخاری ومسلم)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۱؎ یہ تمام چیزیں قدرت وجلالت الٰہی کی تصویر وتمثیل ہیں ورنہ ہاتھ اور انگلیاں اور انھیں حرکت دینا وغیرہ قطعًا نہیں، کلامِ عرب میں طریقہ ہے کہ جب کسی کی سخاوت وجود کو بیان کرنا ہو تو کہتے ہیں کہ دونوں ہاتھ کشادہ وفراخ ہیں یا کہتے ہیں اس کے ہاتھ نہیں، اس کے ہاتھ کاٹ دیے گئے ہیں یا وہ خلقۃً بے ہاتھ پیدا کیا گیا ہے یا کوئی شخص سلطنت و ملک چلا رہا ہے اسکے وصف میں کہتے ہیں کہ فلاں تخت پر بیٹھا ہے اگرچہ تخت نہ ہو یا ہو مگر بیٹھا نہ ہو۔ قرآن و حدیث کے متشابہات میں یہی مسلک درست ہے بغیر اس کے ان میں تاویل کی جائے اور کہا جائے کہ ہاتھ سے مراد یہ ہے۔

۲؎ آپ کا تعجب بطور تکذیب نہ تھا بلکہ آپ نے اس کی تصدیق فرمائی کہ یہ درست ہے۔

۳؎ جنھوں نے غیر خدا کو اس کا شریک بناڈالا اور اس کے کمال قدرت وعظمت پر ایمان نہ لائے یعنی اسے جس طرح پہچاننا چاہیے تھا نہ پہچانا جس طرح اس کی تعظیم کرنی چاہیے تھی نہ کی جس طرح اس کی پرستش کرنی چاہیے تھی نہ کی

۴؎ جو کچھ یہودی نے کہا تھا یہ اس کی تفسیر وتفصیل تھی۔

۵۲۸۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِهٖ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ فَاَيْنَ يَكُوْنُ النَّاسُ يَوْمَئِذٍ قَالَ عَلَى الصِّرَاطِ. (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے بارے میں پوچھا کہ اس دن زمین کو۱؎ دوسری زمین سے بدل دیا جائے گا اور آسمانوں کو تو اس دن انسان کہاں ہوں گے۲؎۔ فرمایا پل صراط۳؎ پر (مسلم)

۱؎ اس زمین کو تبدیل کر کے دوسری زمین اور آسمان کو تبدیل کر کے دوسرا آسمان پیدا کر دیا جائے گا۔

۲؎ جب آسمان وزمین کو بدل دیا جائے گا

۳؎ یا یہی پل صراط مراد ہے جو ہمارے ہاں مشہور ومعروف ہے یا ہر راہ مراد ہے کیونکہ صراط کا اصلی معنی راہ ہے۔

۴؎ تبدیلی دو طرح کی ہوتی ہے ایک ذات میں تبدیلی مثلاً دراہم کو دنانیر میں بدلنا، دوسری تبدیلی صفات میں جیسے کہ کہا جاتا ہے کہ میں نے حلقہ کو انگوٹھی میں بدل دیا یعنی حلقہ کو پگھلا کر خاتم کی شکل بنالی یا یہ کہ ذات تو وہی ہے مگر اس کی صفت وہیئت دوسری ہوگی۔ زمین وآسمان کی تبدیلی دوسرے آسمان وزمین کے ساتھ دونوں احتمال رکھتی ہے۔ تبدیلی صفات میں اکثر آثار واخبار ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ زمین وہی ہوگی مگر صفات میں تبدیلی آجائے گی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشادِ گرامی ہے کہ زمین خوب فراخ کر دی جائے گی اس میں بلندی وپستی نہ رہے۔ اللہ تعالیٰ اس بات پر قادر ہے کہ اس زمین وآسمان کی جگہ دوسری زمین وآسمان پیدا فرمادے چنانچہ بعض آثار واخبار اس کی تائید کرتے ہیں۔ امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ زمین چاندی کی اور آسمان سونے کا ہوگا حضرت ابن مسعود

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ ایسی زمین پیدا کی جائے گی جو سفید و پاکیزہ ہوگی۔ اس پر کوئی گناہ نہ ہوا ہوگا۔ ظاہر طور پر یہ حدیث حضرت عائشہ کا سوال اور حضور علیہ السلام کا جواب مبارک اسی طرف متوجہ کرتا ہے۔ کذا قال الطیبی

۵۲۹۰ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ مُكَوَّرَانِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: چاند اور سورج کو قیامت کے روز لپیٹ دیا جائے گا۔[1]

(بخاری)

[1] انھیں ایک گوشے میں پھینک دیا جائے گا جس طرح کسی کپڑے کو لپیٹ کر کہیں ڈال دیا جاتا ہے یا اس کے نور کو لپیٹ دیا جائے گا یعنی اس کی روشنی آفاق سے ختم ہو جائے گی اور اس کا کوئی اثر باقی نہ رہے گا۔ ایک روایت میں کموران کی جگہ توران مروی ہے۔ ۱۲۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۵۲۹۱ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ ﹰالْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ اَنْعَمُ وَصَاحِبُ الصُّوْرِ قَدِ الْتَقَمَهٗ وَاَصْغٰى سَمْعَهٗ وَحَنٰى جَبْهَتَهٗ يَنْتَظِرُ مَتٰى يُؤْمَرُ بِالنَّفْخِ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا تَأْمُرُنَا قَالَ قُوْلُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے کیسے خوشی ہو جبکہ صور پھونکنے والے نے اسے سنبھال رکھا[1] ہے کان لگائے ہوئے[2] ہیں پیشانی جھکائی ہوئی ہے، انتظار کر رہا ہے کہ کب پھونکنے کا حکم فرما دیا جائے گا۔ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ ہمیں کیا حکم فرماتے ہیں؟ فرمایا یہ کہا کرو ہمیں[3] اللہ ہی کافی ہے اور وہ بہت ہی اچھا کارساز ہے۔ (ترمذی)

[1] اللہ تعالیٰ کے حکم کی طرف تاکہ حکم ہو تو میں اسے پھونک دوں۔
[2] جیسے کہ باجا بجانے والے کی کیفیت ہوتی ہے یعنی تیار کھڑا ہے۔
[3] ہم اپنے تمام معاملات اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتے ہیں اور اسی کے فضل و کرم پر بھروسہ کرتے ہیں۔ ہم اپنے اعمال پر بھروسہ نہیں کرتے یہ ایسے کلمات ہیں جو تکلیف و شدت کے وقت کہے جائیں تو اس سے سلامتی نصیب ہو جاتی ہے۔

۵۲۹۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الصُّوْرُ قَرْنٌ يُنْفَخُ فِيْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: صور ایک سینگ ہے جس میں پھونکا جائے گا۔[1]

(ترمذی، ابوداود، الدارمی)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ اس شاخ کی عظمت کو اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے، اس کی توصیف و تصویر اور عظمت کے بارے میں کثرت کے ساتھ آثار و اخبار آئے ہیں۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ ۔ تیسری فصل

۵۲۹۳ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ فِي قَوْلِهٖ تَعَالٰی فَاِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُوْرِ الصُّوْرِ قَالَ وَالرَّاجِفَةُ النَّفْخَةُ الْاُوْلٰی وَالرَّادِفَةُ الثَّانِيَةُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِي تَرْجَمَةِ بَابٍ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد سلہ فَاِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُوْرِ کے بارے میں فرمایا صور ہے اور راجفہ سے مراد پہلی بار پھونکنا اور رادفہ سے دوسری دفعہ پھونکنا مراد ہے (بخاری نے اسے عنوان میں ذکر کیا ہے)

سلہ اس کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا
سلہ جب صور میں پھونکا جائے گا تو وہ دن کافروں پر سخت ہوگا۔
سلہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشادِ گرامی یَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ
سلہ اس سے زمین و پہاڑ ہل جائیں گے یہ رجف سے بنا ہے جس کا معنی کانپنا اور لرز جانے کے ہیں اور رادفہ روف سے بنا ہے جس کا معنی کسی کے پیچھے آنا ہے۔
سلہ اس روایت کو امام بخاری نے حضرت ابن عباس سے اپنی صحیح میں عنوان میں ذکر کیا ہے۔

۵۲۹۴ وَعَنْ اَبِي سَعِيْدٍ قَالَ ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاحِبَ الصُّوْرِ وَقَالَ عَنْ يَمِيْنِهٖ جِبْرَائِيْلُ وَعَنْ يَسَارِهٖ مِيْكَائِيْلُ۔

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صاحب سلہ صور کا ذکر فرمایا اور فرمایا: اس کی دائیں جبریل اور بائیں طرف میکائیل ہیں سلہ

سلہ جن کے سپرد صور پھونکنا ہے یعنی حضرت اسرافیل علیہ السلام
سلہ پھونکنے کے وقت ایسا ہوگا

۵۲۹۵ وَعَنْ اَبِي رَزِيْنٍ الْعُقَيْلِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ يُعِيْدُ اللّٰهُ الْخَلْقَ وَمَا اٰيَةُ ذٰلِكَ فِي خَلْقِهٖ قَالَ اَمَا مَرَرْتَ بِوَادِي قَوْمِكَ جَدْبًا ثُمَّ مَرَرْتَ بِهٖ يَهْتَزُّ خَضِرًا قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَتِلْكَ اٰيَةُ اللّٰهِ فِي خَلْقِهٖ كَذٰلِكَ يُحْيِي اللّٰهُ الْمَوْتٰی۔

حضرت ابو رزین سلہ عقیلی سلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ مخلوق کو کیسے لوٹا دے سلہ گا اور اس کی خلقت میں اس کی نشانی کیا سلہ ہے؟ فرمایا کیا تم اپنی قوم کے جنگل میں خشک سلہ سالی میں نہیں گزرے تھے پھر وہاں اس وقت نہ گزرے جب سبزہ سے لہلہا رہی ہیں، میں نے عرض کیا

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاهُمَا رَزِينٌ)

ہاں تو یہ اللہ کی نشانی ہے۔ اسی کی مخلوق میں اس طرح اللہ تعالیٰ مُردے زندہ کر دے گا۔ (ان دونوں روایات کو رزین نے روایت کیا ہے)

سلہ رزین، راء پر زبر، زاء کے نیچے زیر

سلہ العقیلی، عین پر پیش، قاف پر زبر، ان کا نام لقیط بن عامر ہے۔ لام پر زبر۔ مشہور صحابی ہیں، ان کا شمار اہل طائف میں ہوتا ہے۔

سلہ بوسیدہ اور خاک ہونے کے بعد

سلہ جس سے دوبارہ تخلیق کی نشان دہی ہوتی ہو۔

سلہ جدب، جیم پر زبر، دال ساکن یا مکسور، خشک سالی یہ خصب خاء مکسور کی ضد ہے۔

بَابُ الْحَشْرِ

قیامت کا بیان

صراح میں ہے حشر کا معنی ابھارنا، روندنا اور اٹھانا ہے اسی سے قیامت کے دن کو یوم الحشر کہا جاتا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ قبور سے مُردوں کو دوبارہ زندہ کر کے وہاں لے جایا جائے گا اسے محشر (شین کے نیچے زیر یا زبر) بھی کہا جاتا ہے۔ باقی حشر دو ہیں ایک قیامت کے بعد جیسا کہ اوپر آیا اور دوسرا قیامت سے پہلے اس کی علامت کے طور پر جیسے کہ حدیث میں ہے کہ جانب مشرق سے آگ آئے گی جو لوگوں کو محشر میں یعنی شام کی زمین پر لے جائے گی جیسا کہ گذر چکا یہاں معنی اول مراد ہے۔ بعض احادیث ایسی بھی ہوں گی جن میں دو معانی کا احتمال ہو گا اسی لیے اہل علم دونوں احتمال کے قائل ہیں لیکن ظاہر پہلا ہی ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ — پہلی فصل

۵۲۹۶ عَنْ سَهْلِ ابْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى اَرْضٍ بَيْضَاءَ عَفْرَاءَ كَقُرْصَةِ النَّقِيِّ لَيْسَ فِيْهَا عَلَمٌ لِاَحَدٍ۔

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا لوگ قیامت کے دن اس سفید زمین میں جمع کیے جائیں گے جو میدہ کی روٹی کی طرح ہے جس میں کسی کا نشان نہ ہو گا

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ) (بخاری و مسلم)

سلہ جو سخت نہ ہو گی، اس کی سفیدی مائل بسرخی ہو گی ۔

سلہ یہ رنگ میں تشبیہ ہے

سلہ وہاں کسی تعمیر کا نشان نہ ہو گا یعنی ہموار ہو گی وہاں کوئی بلندی اور پستی نہ ہو گی یا معنی یہ ہے کہ وہاں اللہ تعالٰی کے سوا کسی کے تصرف وملکیت کا کوئی نشان نہ ہو گا ۔

۵۲۹۷ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَکُوْنُ الْاَرْضُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ خُبْزَۃً وَّاحِدَۃً یَّتَکَفَّؤُھَا الْجَبَّارُ بِیَدِہٖ کَمَا یَتَکَفَّأُ اَحَدُکُمْ خُبْزَتَہٗ فِی السَّفَرِ نُزُلًا لِّاَھْلِ الْجَنَّۃِ فَاَتٰی رَجُلٌ مِّنَ الْیَھُوْدِ فَقَالَ بَارَکَ الرَّحْمٰنُ عَلَیْکَ یَا اَبَا الْقَاسِمِ اَلَا اُخْبِرُکَ بِنُزُلِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ قَالَ بَلٰی قَالَ تَکُوْنُ الْاَرْضُ خُبْزَۃً وَّاحِدَۃً کَمَا قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَنَظَرَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَیْنَا ثُمَّ ضَحِکَ حَتّٰی بَدَتْ نَوَاجِذُہٗ ثُمَّ قَالَ اَلَا اُخْبِرُکَ بِاِدَامِھِمْ بَالَامٌ وَّالنُّوْنُ قَالُوْا وَمَا ھٰذَا قَالَ ثَوْرٌ وَّنُوْنٌ یَّاکُلُ مِنْ زَائِدَۃِ کَبِدِھِمَا سَبْعُوْنَ اَلْفًا ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن زمین ایک روٹی ہو جائے گی جسے اللہ تعالٰی اپنے دست[1] قدرت سے تیار کرے گا جیسے تم میں سے کوئی سفر[2] میں اپنی روٹی تیار کرتا ہے جنت والوں کی مہمانی[3] کے لیے۔ پھر ایک یہودی شخص حاضر ہوا بولا اے ابو القاسم! اللہ آپ پر برکت نازل کرے کیا میں آپ کو جنتیوں کی مہمانی جو قیامت کے دن ہو گی اس کے متعلق خبر نہ دوں ۔ فرمایا ہاں ۔ بولا زمین ایک روٹی ہو جائے گی جیسے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ۔ تب نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ہماری طرف دیکھا پھر تبسم فرمایا حتی کہ آپ کی داڑھیں مبارک ظاہر ہو گئیں پھر بولا کیا میں آپ کو ان کے سالن کی خبر نہ دوں بالام اور مچھلی ۔ صحابہ نے عرض کیا وہ کیا چیز ہے؟ بولا بیل اور مچھلی کہ ان دونوں کی کلیجی کے ٹکڑے سے ستر ہزار کھائیں گے ۔ (بخاری و مسلم)

سلہ جیسا کہ عادت ہے کہ روٹی کو ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ کی طرف ڈالا جاتا ہے تاکہ وہ برابر ہو جائے پھر اسے آگ پر ڈال دیا جاتا ہے تاکہ پک جائے ۔

سلہ سفر میں جلدی سے پکاتے ہیں سُفر بسین پر پیش یا زبر یہ سفرہ کی جمع ہے بمعنی دستر خوان ۔

سلہ نزل، نون اور زاء پر پیش یا زا ساکن ۔ وہ کھانا جو پہلی بار مہمان کے لیے لایا جاتا ہے کہ واضح رہے کہ ظاہر حدیث اس پر دال ہے کہ زمین نان ہو جائے گی اور اس طرح نان سے بدل جائے گی کہ جنتیوں کا کھانا بن جائے گی کہ عملاً بہشت میں جانے والے اسے کھائیں گے ۔ بعض شارحین نے اسے ظاہر پر محمول کرتے ہوئے فرمایا کہ باری تعالٰی کی قدرت سے یہ بعید نہیں کہ زمین روٹی سے بدل جائے اور اہل بہشت اسے استعمال کریں ۔ دیگر علماء نے فرمایا کہ ہم بھی باری تعالٰی کی قدرت سے اسے بعید

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

نہیں سمجھتے لیکن دلیل سمعی بصورت نص ہمارے پاس نہیں ۔ حالانکہ یہ بھی احادیث میں ہے کہ اس وقت خشکی و تری آگ سے پُر ہوگی جو دوزخ کے ساتھ پیوست ہوگی لہٰذا یہاں مقصود محض زمین کو سفیدی میں اس روٹی کے ساتھ تشبیہ دینا ہے ۔ جسے اللہ تعالیٰ اہلِ جنت کے لیے مہمان کے طور پر اولاً پیش فرمائے گا اس کے ضمن میں بہشت کی عظمت کا تذکرہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جنت کی عظیم نعمتوں میں جو ایک روٹی اہلِ جنت کو عطا کرے گا وہ اتنی عظیم ہے کہ تمام روئے زمین ایک روٹی کی مقدار ہے پس یہاں صرف تشبیہ محذوف ہے ۔

۳ یہ فرمانِ نبوی کے بعد

۴ کیونکہ حضور کی بات اس کی بات کے موافق تھی جو یہودی نے تورات کے حوالے سے کہی تھی اور اس سے صحابۂ کرام کے ایمان اور یقین میں پختگی پیدا ہوئی ۔

۵ ان دانتوں کو علم و عقل کے دانت کہا جاتا ہے کیونکہ یہ بلوغ اور کمالِ عقل کے بعد پیدا ہوتے ہیں انھیں نواجذ کہتے ہیں بعض اوقات مطلق داڑھوں کو کہہ دیا جاتا ہے اور ظاہر یہی ہے کہ یہاں عقل کی داڑھیں مراد ہیں کیونکہ ان کا ظاہر ہونا خوب بُعد رکھتا ہے ۔

٥٢٩٨/٢ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى ثَلٰثِ طَرَائِقَ رَاغِبِيْنَ رَاهِبِيْنَ وَاثْنَانِ عَلَى بَعِيْرٍ وَّثَلٰثَةٌ عَلَى بَعِيْرٍ وَّاَرْبَعَةٌ عَلَى بَعِيْرٍ وَّعَشَرَةٌ عَلَى بَعِيْرٍ وَّتَحْشُرُ بَقِيَّتَهُمُ النَّارُ تَقِيْلُ مَعَهُمْ حَيْثُ قَالُوْا وَتَبِيْتُ مَعَهُمْ حَيْثُ بَاتُوْا وَتُصْبِحُ مَعَهُمْ حَيْثُ اَصْبَحُوْا وَتُمْسِيْ مَعَهُمْ حَيْثُ اَمْسَوْا ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا لوگ تین طریقوں سے جمع کیے جائیں گے رغبت[۱] کرنے، خوف[۲] کرنے، اور دو ایک اونٹ پر اور تین ایک اونٹ پر اور چار ایک اونٹ پر اور دس ایک اونٹ[۳] پر، باقیوں کو آگ جمع کرے گی، ان کے ساتھ قیلولہ کرے گی جہاں وہ لوگ قیلولہ کریں گے اور رات گزاریں گے وہ انکے ساتھ رات گزارے گی اور ان کے ساتھ صبح کرے گی، جہاں صبح کرینگے ان کے ساتھ صبح کرے گی اور ان کے ساتھ شام کریں گے جہاں وہ شام کریں گے ۔ (بخاری و مسلم)

۱ بہشت اور فضل و رحمت الٰہی میں کیونکہ انکی صفت ہے لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (ان پر کسی کا خوف نہیں اور نہ کسی قسم کا غم)

۲ جہنم کے عذاب اور اللہ رب العزت کے غضب و ناراضگی سے

۳ یہ بطور تمثیل ان دونوں مذکورہ اقسام کے لوگوں سے مراتب کی تفصیل ہے جس کا مرتبہ بلند ہوگا اس میں شرکت تھوڑی اور سرعت و سبقت زیادہ، چار اور اس کے درمیانی اعداد کا ذکر نہیں کیا تاکہ قیاساً سمجھ لیا جائے، ایک اونٹ پر متعدد افراد کا ہونا یا بطور اجتماع ہے یا بطریق لقامت کہ ہر ایک باری باری سوار ہوگا، اونٹ پہ ایک سوار ہوگا اس کا ذکر نہیں کیا کیونکہ یہ مرتبہ حضرات انبیاء و مرسلان کرام کا ہے اور یہاں مقصود امتوں کے احوال کا بیان ہے ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۷ یہ تیسرے فرقہ کا بیان ہے کہ جن کے ساتھ آگ مصاحب و ملازم ہوگی ۔
۸ یعنی صبح و شام ، دن رات ان کے ساتھ ہوگی اور انھیں جاتی ہوگی اور انھیں وہ محشر میں لائے گی ۔ واضح رہے کہ فصل ثانی میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث آرہی ہے کہ لوگوں کا حشر تین اقسام پر ہے ۔ ایک قسم پیدل دوسرے قسم سوار اور تیسری قسم منہ کے بل ۔ یہ حدیث بھی انھی اقسام کو شامل ہے سوار اور منہ کے بل چلنے والوں کا ذکر تو صراحۃً ہے مگر پاؤں پر چلنے والوں کا ذکر معناً مضمر ہے اور اس کی تفصیل شرح میں ہے وہاں ملاحظہ کیجیئے شارحین کا اختلاف ہے کہ یہ حشر روزِ قیامت قبور سے اٹھنے کے بعد ہے یا علامات قیامت سے پہلے اور محشر کی طرف جانے سے پہلے ہے جو کہ شام کی زمین ہے پہلا معنی صواب ظاہر اور درست ہے ۔

۵۲۹۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّكُمْ مَحْشُوْرُوْنَ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا ثُمَّ قَرَأَ كَمَا بَدَأْنَا اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ وَعْدًا عَلَيْنَا اِنَّا كُنَّا فَاعِلِيْنَ وَاَوَّلُ مَنْ يُّكْسٰى يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِبْرَاهِيْمُ وَاِنَّ اُنَاسًا مِّنْ اَصْحَابِيْ يُؤْخَذُ بِهِمْ ذَاتَ الشِّمَالِ فَاَقُوْلُ اُصَيْحَابِيْ اُصَيْحَابِيْ فَيَقُوْلُ اِنَّهُمْ لَنْ يَّزَالُوْا مُرْتَدِّيْنَ عَلٰٓى اَعْقَابِهِمْ مُذْ فَارَقْتَهُمْ فَاَقُوْلُ كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ اِلٰى قَوْلِهِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم ننگے پاؤں ، ننگے جسم ، اور ختنہ[۱] کے بغیر اٹھائے جاؤ گے پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی "جیسے ہم نے پہلی دفعہ پیدا فرمایا دوبارہ[۲] بھی پیدا کریں گے یہ ہم پر وعدہ[۳] لازم ہے ، بے شک ہم کرنے والے ہیں اور قیامت میں جن کو سب سے پہلے لباس پہنایا جائے گا وہ حضرت[۴] ابراہیم ہوں گے اور میرے کچھ ساتھیوں کو بائیں[۵] جانب سے پکڑا جائے گا میں کہوں[۶] گا کہ یہ تو میرے ساتھی ہیں میرے ساتھی ہیں ، فرمایا جائے گا جب سے ان سے جدا ہوئے یہ اپنی ایڑیوں پر پھرتے ہی رہے میں وہی کہوں گا جو عبد صالح نے کہا تھا کہ میں ان پر گواہ تھا جب تک ان میں رہا .... بے شک تو غالب حکمت والا ہے

(بخاری و مسلم)

۱ غُرل ، غین پر پیش ، را ساکن ، اغرل بمعنی قلف کی جمع ہے نا ختنہ شدہ
۲ یعنی قبور سے
۳ یہ دوبارہ پیدا کرنا
۴ کیونکہ راہِ خدا میں سب سے پہلے اسی ذات کو ننگا کیا گیا تھا جب انھیں مخالفین نے آگ میں پھینکا تھا یاد رہے اس سے ان کا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے افضل ہونا لازم نہیں آتا ، کیونکہ یہ اکرام و اعزاز آپ کے علاوہ ابوت کی وجہ سے ہوا ہے ، بعض روایات میں یہ بھی آیا ہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اسی لباس میں اٹھایا جائے گا جس میں آپ کی تدفین ہوئی تھی ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵؎ کیونکہ عاصی اور گنہ گار اسی جانب ہوں گے ۔
۶؎ میں بطور تحسر اور ان کی خلاصی کے لیے
۷؎ اصیحابی: جمع قلت اور تصغیر کا صیغہ، ان کی قلت تعداد کی وجہ سے ہے ۔
۸؎ بقصد شکایت اور ان کے عذاب کا سبب بیان کرتے ہوئے
۹؎ یہ آپ کے دین سے پلٹ گئے تھے ۔

۱۰؎ یعنی جو کچھ اپنی قوم سے چھٹکارا کے لیے بطور عذر حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ رب العزت کی بارگاہ میں عرض کریں گے میں بھی وہی کچھ عرض کروں گا ۔

۱۱؎ اس آیت کا مضمون یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ رب العزت کی بارگاہ میں عرض کریں گے اے اللہ! جب تک میں ان میں رہا ان کے حال سے واقف رہا میں نے انھیں کفر پر نہیں چھوڑا اس وقت حق پر تھے جب تو نے مجھے ان سے اٹھالیا تو اب ان کے حال سے تو ہی واقف ہے اور تو ہر غائب وحاضر کو جاننے والا ہے اب اگر تو انکی عذاب گرفت فرمانا چاہتا ہے تو یہ تیرے بندے ہیں جو چاہتا ہے ان سے فرما کوئی تیرے آگے دم نہیں مار سکتا اور اگر تو انھیں معاف فرمادے تو تو علیم وحکیم ہے جو چاہتا ہے کرسکتا ہے ۔

۱۲؎ شارحین نے فرمایا ہے کہ یہاں اصحاب سے مراد خواص نہیں کیونکہ بالیقین معلوم ہے کہ اصحاب خواص میں سے کوئی بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال کے بعد مرتد نہیں ہوا البتہ کچھ لوگ دیہاتی جو اصحاب سیلمہ واسود یا مؤلفۃ قلوب جو دین میں بصیرت اور ایمان میں قوت نہ رکھتے تھے مرتد ہوئے یا یہاں ردت سے مراد دین اسلام سے رجوع نہیں، بعض راہ حقوق میں استقامت سے خروج، بعض امور میں مرتبہ حسن اخلاق، صدق نیت میں کمی اور فتنہ وفساد کی وجہ سے احکام ابلیس کی رعایت کرنا ہے جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں تم پر کفر اور بت پرستی کی وجہ سے نہیں ڈرتا لیکن دنیا اور اس کی آفات کی مداخلت سے ڈرتا ہوں اسی طرح علماء نے فرمایا ہے ۔

۵۳۰۰ - ۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَلرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ جَمِيْعًا يَنْظُرُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ الْاَمْرُ اَشَدُّ مِنْ اَنْ يَنْظُرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ میں نے رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا، روز قیامت لوگوں کو ننگے پاؤں، ننگے جسم اور ختنہ کے بغیر اکٹھا کیا جائے گا میں نے عرض کیا یارسول اللہ مرد اور عورتیں اکٹھے ایک دوسرے کو دیکھتے ہوں گے ۱؎ فرمایا: اے عائشہ! بات اس سے زیادہ سخت ہے کہ ایک دوسرے کی طرف دیکھا جائے ۔
(بخاری ومسلم)

۱؎ اس میں کیا حکمت ہے؟

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۲؎ اس دن اتنا سخت معاملہ ہوگا کہ کسی کو دیکھنے کی مجال و فرصت اور شعور ہی نہ ہوگا۔

۵۳۰۱ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْشَرُ الْكَافِرُ عَلٰى وَجْهِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالَ اَلَيْسَ الَّذِيْ اَمْشَاهُ عَلَى الرِّجْلَيْنِ فِي الدُّنْيَا قَادِرٌ عَلٰى اَنْ يُّمْشِيَهٗ عَلٰى وَجْهِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یا نبی اللہ! روزِ قیامت کافر اپنے چہرے کے بل کس ۱؎ طرح محشر میں لایا جائے گا؟ فرمایا جس نے دنیا میں دو پاؤں پر چلایا وہ اس پر قادر نہیں کہ اسے روزِ قیامت منہ کے بل چلائے (بخاری و مسلم)

۱؎ کیا چہرے کے بل چلنا ممکن ہے؟

۵۳۰۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَلْقٰى اِبْرَاهِيْمُ اَبَاهُ اٰزَرَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَعَلٰى وَجْهِ اٰزَرَ قَتَرَةٌ وَّغَبَرَةٌ فَيَقُوْلُ لَهٗ اِبْرَاهِيْمُ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ لَا تَعْصِنِيْ فَيَقُوْلُ لَهٗ اَبُوْهُ فَالْيَوْمَ لَا اَعْصِيْكَ فَيَقُوْلُ اِبْرَاهِيْمُ يَا رَبِّ اِنَّكَ وَعَدْتَّنِيْ اَنْ لَّا تُخْزِيَنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ فَاَيُّ خِزْيٍ اَخْزٰى مِنْ اَبِي الْاَبْعَدِ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنِّيْ حَرَّمْتُ الْجَنَّةَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ يُقَالُ لِاِبْرَاهِيْمُ اُنْظُرْ مَا تَحْتَ رِجْلَيْكَ فَيَنْظُرُ فَاِذَا هُوَ بِذِيْخٍ مُّتَلَطِّخٍ فَيُؤْخَذُ بِقَوَائِمِهٖ فَيُلْقٰى فِي النَّارِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت ابراہیم اپنے باپ آزر ۱؎ سے روزِ قیامت ملیں گے آزر کے منہ پر سیاہی ۲؎ اور میلا رنگ ہوگا ان سے ابراہیم فرمائیں گے کہ کیا میں نے تم سے یہ نہ کہا تھا کہ میری نافرمانی ۳؎ نہ کرو ان کے باپ کہیں گے کہ اب میں آپ کی نافرمانی نہیں کروں ۴؎ گا جناب ابراہیم علیہ السلام کہیں گے اے رب تو نے مجھ سے وعدہ ۵؎ کیا ہے کہ جس دن لوگ اٹھائے جائیں گے تو مجھے رسوا نہ کرے گا تو میرے ہلاکت والے باپ سے بڑھ کر کون سی رسوائی بڑی ہے اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ میں نے کفار پر جنت حرام کردی ۶؎ ہے پھر حضرت ابراہیم سے کہا جائے گا کہ تمہارے پاؤں کے نیچے کیا ہے وہ دیکھیں گے کہ وہ ایک لتھڑے ۷؎ ہوئے بھیڑیے ہیں پھر آزر کے ہاتھ پاؤں پکڑ لیے جائیں گے اسے آگ میں ڈال دیا جائے ۸؎ گا (بخاری)

۱؎ بعض علماء رحمہم اللہ کی تحقیق یہ ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تمام آباء ہر قسم کے شرک و کفر سے پاک و مطہر ہیں، آزر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے چچا ہیں انھیں مجازاً باپ کہہ دیا ہے والد کا نام تارخ ہے۔ اسی لیے اباہ کو لفظ آزر کے ساتھ مقید کر دیا گیا ہے۔

۲؎ قترۃ، غبرۃ، دونوں کے ابتدائی دونوں حروف پر فتحہ بمعنی غبار ہیں لیکن قترت اس غبار کو کہا جاتا ہے جس میں سیاہی ہو اور اس کدورت کو بھی کہتے ہیں جو غم و حزن کی وجہ سے چہرے پر آئے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۵۲ اور جو کچھ میں اپنے رب کی طرف سے بیان کرتا ہوں اس میں اطاعت کر۔
۵۳ آج میری تو شفاعت کر
۵۵ تو نے میری دعا قبول فرماتے ہوئے
۵۶ جو آپ نے دعاء مغفرت کی تھی وہ یہاں سُود مند نہیں۔
۵۷ ذِیخ، ذال مکسور، یاء ساکن، بھیڑیا، قاموس میں الذیخ بالکسر بمعنی بھیڑیا، بعض نسخوں میں ذیخ یاء اور حاء کے ساتھ بمعنی مذبوح مٹی اور گوبر سے آلودہ۔

۵۸ یہ آزر کی حالت کا بیان ہے کہ اسے مسخ و رسوا کر کے دوزخ میں ڈالا جائے گا تاکہ حضرت ابراہیم کے دل میں جو مہر و محبت تھی ختم ہو جائے۔ شارحین نے بیان کیا ہے کہ اگرچہ سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے دنیا میں آزر سے براءت کا اعلان کر دیا تھا لیکن قیامت کے دن دیکھیں گے تو محبت پدری میں جوش آجائے گا تو پھر دعاء مغفرت کریں گے کہ شاید قبول ہو جائے مگر پھر جب انھیں مسخ شدہ دیکھیں گے تو براءت کا اظہار کریں گے۔ بعض نے یہ بھی فرمایا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آزر کی کفر پر موت پر یقین نہ تھا۔ ممکن ہے کہ وہ سِرًّا ایمان پر فوت ہوا ہو انھوں نے براءت ظاہر کی وجہ سے کی تھی۔ روز قیامت اس کے کفر کا یقین ہو جائے گا لہٰذا وہ وہاں بالکلیۃ براءت کا اعلان فرمائیں گے۔

۵۳۰۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْرَقُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حَتّٰى يَذْهَبَ عَرَقُهُمْ فِي الْاَرْضِ سَبْعِيْنَ ذِرَاعًا وَّيُلْجِمُهُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ اٰذَانَهُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اور انھی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: روز قیامت لوگ پسینہ پسینہ ہو جائیں گے حتی کہ ان کا پسینہ زمین میں ستر گز چلا جاوے گا اور ان کی لگام بن جائے گا[۵۹] حتی کہ ان کے کانوں تک پہنچ جائے گا۔ (بخاری و مسلم)

۵۹ پسینہ ان کے ٹخنوں تک پہنچ جائے گا جو انھیں گفتگو نہیں کرنے دے گا۔ حتی کہ ان کے کانوں تک بھی پہنچ جائے گا۔

۵۳۰۴ وَعَنِ الْمِقْدَادِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ تُدْنَى الشَّمْسُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْخَلْقِ حَتّٰى تَكُوْنَ مِنْهُمْ كَمِقْدَارِ الْمِيْلِ فَيَكُوْنُ النَّاسُ عَلٰى قَدْرِ اَعْمَالِهِمْ فِي الْعَرَقِ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّكُوْنُ اِلٰى كَعْبَيْهِ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّكُوْنُ اِلٰى رُكْبَتَيْهِ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّكُوْنُ اِلٰى حَقْوَيْهِ وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّلْجِمُهُمُ الْعَرَقُ اِلْجَامًا وَّاَشَارَ رَسُوْلُ

حضرت مقداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کے دن سورج مخلوق سے قریب کر دیا جائے گا حتی کہ ان سے[۶۰] میل کی مقدار رہ جائے گا تو لوگ اپنے اعمال کے مطابق پسینہ میں ہوں گے بعض وہ ہوں گے کہ ان کے ٹخنوں تک پسینہ[۶۱] ہوگا بعض وہ ہوں گے جن کے گھٹنوں تک ہوگا اور بعض کے کمر تک اور ان میں بعض وہ ہوں گے کہ پسینہ ان کی لگام تک[۶۲] جائے گا اور رسول اللہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اللہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِیَدِہٖ اِلٰی فِیْہِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ مبارک سے اپنے منہ کی طرف اشارہ فرمایا۔ (المسلم)

سلہ قدیم الاسلام صحابی، اسلام لانے والوں میں چھٹے ہیں۔ بدر اور دیگر غزوات میں شریک ہوئے۔ فضلاء اور کبار صحابہ میں سے ہیں۔ حضرت علی اور دیگر صحابہ نے ان سے روایت کی ہے دوسرے مقامات پہ ان کے احوال کا تذکرہ ہے۔

سلہ جو کہ فرسنگ کا تہائی ہے بعض کے نزدیک اس سے مراد سرمچو ہے مقصود نہایت قرب ہے۔

سلہ اس جماعت کے اعمال زیادہ بہتر ہوں گے دیگر کو ان پر قیاس کرو۔

سلہ یعنی منہ تک بلکہ منہ کے اندر پہنچ جائے گا۔

۵۳۰۵ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی یَا اٰدَمُ فَیَقُوْلُ لَبَّیْكَ وَسَعْدَیْكَ وَالْخَیْرُ کُلُّہٗ فِیْ یَدَیْكَ قَالَ اَخْرِجْ بَعْثَ النَّارِ قَالَ وَمَا بَعْثُ النَّارِ قَالَ مِنْ کُلِّ اَلْفٍ تِسْعَ مِائَۃٍ وَّتِسْعَۃً وَّتِسْعِیْنَ فَعِنْدَہٗ یَشِیْبُ الصَّغِیْرُ وَتَضَعُ کُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَہَا وَتَرَی النَّاسَ سُکٰرٰی وَمَا ہُمْ بِسُکٰرٰی وَلٰکِنَّ عَذَابَ اللّٰہِ شَدِیْدٌ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَاَیُّنَا ذٰلِكَ الْوَاحِدُ قَالَ اَبْشِرُوْا فَاِنَّ مِنْکُمْ رَجُلًا وَّمِنْ یَّاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ اَلْفٌ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ اَرْجُوْ اَنْ تَکُوْنُوْا رُبُعَ اَہْلِ الْجَنَّۃِ فَکَبَّرْنَا فَقَالَ اَرْجُوْ اَنْ تَکُوْنُوْا ثُلُثَ اَہْلِ الْجَنَّۃِ فَکَبَّرْنَا فَقَالَ اَرْجُوْ اَنْ تَکُوْنُوْا نِصْفَ اَہْلِ الْجَنَّۃِ فَکَبَّرْنَا قَالَ مَا اَنْتُمْ فِی النَّاسِ اِلَّا کَالشَّعْرَۃِ السَّوْدَاءِ فِیْ جِلْدِ ثَوْرٍ اَبْیَضَ اَوْ کَشَعْرَۃٍ بَیْضَاءَ فِیْ جِلْدِ ثَوْرٍ اَسْوَدَ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرمائے گا سلہ اے آدم! وہ عرض کریں گے سلہ اے اللہ! میں حاضر ہوں خدمت سلہ گذار ہوں اور ساری بھلائی تیرے قبضہ میں ہے فرمائے گا آگ کا حصہ سلہ نکالو۔ عرض کریں گے آگ کا حصہ کیا ہے فرمائے گا ہر سلہ ہزار سے نو سو ننانوے اس وقت بچے بوڑھے ہو جائیں گے اور ہر سلہ حمل والی اپنا حمل گرا دے گی اور تم لوگوں کو نشہ سلہ میں دیکھو گے حالانکہ وہ نشہ میں نہیں ہوں گے لیکن اللہ کا عذاب سخت ہے لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! وہ ایک ہم میں سلہ سے کون سلہ ہو گا فرمایا سلہ خوش ہو جاؤ سلہ کہ تم میں سے ایک اور سلہ یاجوج ماجوج میں سے ایک ہزار، پھر فرمایا اس کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے میں امید کرتا ہوں کہ تم لوگ جنتیوں کے چوتھائی ہو گے تو ہم نے تکبیر کہی سلہ۔ پھر فرمایا میں امید کرتا ہوں کہ تم جنتیوں کے تہائی ہو گے ہم نے تکبیر کہی پھر فرمایا مجھے امید ہے کہ تم جنتیوں میں آدھے ہو گے ہم نے تکبیر کہی۔ تم لوگوں میں سلہ نہیں مگر ایسے جیسے سفید بال کی کھال میں ایک کالا بال یا جیسے کالے بال کی کھال میں ایک سفید بال۔ (بخاری و مسلم)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ روز قیامت آواز دیتے ہوئے فرمائے گا

سلہ۲ اے پروردگار! میں فرمانبرداری کے لیے حاضر ہوں

سلہ۳ یعنی وہ اپنی اولاد میں سے جن کو دوزخ میں ڈالنا ہے اسے جدا کر دو

سلہ۴ ہزار میں سے ایک جنتی باقی دوزخی ہوں گے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی روایت میں ہر سو سے ننانوے کا ذکر ہے۔ شیخ ابن حجر نے فرمایا یہ ممکن ہے کہ حدیث ابوسعید تمام ذریت آدم پر محمول ہو اور حدیث ابوہریرہ یاجوج ماجوج کے علاوہ پر محمول ہو۔ اس پر قرینہ یہ ہے کہ حدیث ابوسعید میں یاجوج ماجوج کا ذکر ہے اور حدیث ابوہریرہ میں اس کا تذکرہ نہیں یا پہلی حدیث تمام مخلوق سے متعلق ہے اور دوسری امت مرحومہ کے ساتھ مخصوص ہے، یا حدیث ابوسعید میں دوزخیوں کا جو ذکر ہے وہ تمام کفار اور گنہ گاروں کو شامل ہے اور حدیث ابوہریرہ میں صرف مومن گنہ گار مراد ہیں امام کرمانی کہتے ہیں کہ مقصد تعداد نہیں بلکہ یہ بتانا ہے کہ مومنین کی تعداد کم اور کفار کی تعداد زیادہ ہوگی۔

سلہ۵ یعنی بالفرض اگر اس وقت کوئی خاتون حاملہ ہو تو اس کا حمل اس حال کی وجہ سے گر جائے گا، بعض شارحین نے کہا کہ ہر حاملہ خاتون کا حشر بھی حاملہ کی صورت میں ہوگا مگر اس ہیبت کی وجہ سے حمل ساقط ہو جائے گا مخفی نہ رہے بچوں میں بھی یہی تاویل ہے کہ وہ اٹھیں گے بچے مگر اس حال کی سختی کی وجہ سے وہ بوڑھے ہو جائیں گے پھر جنت جاتے وقت جوان ہوں گے، درست یہ ہے کہ یہاں مقصود مخصوص حالات نہیں بلکہ غم، پریشانی اور مشقت کا بیان کرنا ہے۔

سلہ۶ یہ بے ہوشی و مدہوشی اس کی سختی کی وجہ سے ہوگی۔

سلہ۷ خوف و حسرت کی وجہ سے کہ جب انھوں نے سنا کہ ہزار میں سے ایک جنتی ہوگا۔

سلہ۸ جو بہشت میں جائے گا

سلہ۹ ان کو سمجھانے اور تسلی دینے کی خاطر

سلہ۱۰ غم نہ کرو

سلہ۱۱ جو کہ نہایت کثیر ہیں اگر ان کے ہزار کے مطابق ایک جنتی ہے تو کثیر لوگوں کا حکم شامل ہوگا اس کے بعد امم سابقہ کی کثرت بیان کی کہ اگر یاجوج ماجوج کے علاوہ وہ امتیں بھی ہزار سے ایک جنتی ہو تو پھر بھی گنجائش ہے جیسا کہ راوی نے کہا۔

سلہ۱۲ ہم نے خوشی اور اس نعمت عظیمہ پر اللہ اکبر کہا

سلہ۱۳ ملت میں

۵۳۰۶ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَكْشِفُ رَبُّنَا عَنْ سَاقِهٖ فَيَسْجُدُ لَهٗ كُلُّ مُؤْمِنٍ وَّمُؤْمِنَةٍ وَّيَبْقٰى مَنْ يَّسْجُدُ فِي الدُّنْيَا رِيَآءً وَّسُمْعَةً فَيَذْهَبُ

اور انھی سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہمارا رب اپنی پنڈلی[۱] کھولے گا، اسے ہر مومن مرد و عورت سجدہ کریں گے، وہ لوگ باقی رہ جائیں گے جو دنیا میں دکھلاوے یا شہرت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لِيَسْجُدَ فَيَعُوْدُ ظَهْرُهٗ طَبَقًا وَّاحِدًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کے لیے سجدہ کرتے تھے وہ سجدہ کرنے لگیں گے، تو ان کی پیٹھ ایک تختہ بن جائے گی۔ (بخاری و مسلم)

سلہ مخلوق کے سامنے مشقت و شدت کا اظہار ہوگا یہاں ساق شدت، محنت اور غم و حزن سے کنایہ ہے جیساکہ ایسے مواقع پر آدمی کپڑا اٹھاتا ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہوتے ایسی تاویل نہیں کرتے کہ اللہ ہی بہتر جانتا ہے جیساکہ متشابہات کا حکم ہے۔

سلہ اس کی ہڈیوں کے درمیان فاصلہ نہ رہے گا کہ اس کے دو حصے ہوں تاکہ اوپر نیچے جا سکے بلکہ ایک تختہ بن جائے گی۔

۵۳۰۷/۱۲ وَعَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَاْتِى الرَّجُلُ الْعَظِيْمُ السَّمِيْنُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَا يَزِنُ عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ وَقَالَ اقْرَءُوْا فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: ایک بڑا موٹا آدمی روزِ قیامت آئے گا اللہ کے نزدیک مچھر کے برابر وزن نہ دے گا اور فرمایا: یہ تلاوت[سلہ] کرو ہم قیامت کے دن ان کا وزن نہ رکھیں گے (بخاری و مسلم)

سلہ تاکہ علم ہو جائے کہ طالبان دنیا جن اعمال کو اچھا سمجھ کر اس پر مغرور ہیں بہ کسی شمار میں ہی نہیں آئیں گے بلکہ یہ ضائع ہیں۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِىْ

دوسری فصل

۵۳۰۸/۱۳ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا قَالَ اَتَدْرُوْنَ مَا اَخْبَارُهَا قَالُوْا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّ اَخْبَارَهَا اَنْ تَشْهَدَ عَلٰى كُلِّ عَبْدٍ وَّاَمَةٍ بِمَا عَمِلَ عَلٰى ظَهْرِهَا اَنْ تَقُوْلَ عَمِلَ عَلَىَّ كَذَا وَكَذَا يَوْمَ كَذَا وَكَذَا قَالَ فَهٰذِهٖ اَخْبَارُهَا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِىُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی کہ اس دن زمین[سلہ] اپنی خبریں دے گی فرمایا جانتے ہو کہ زمین کی خبریں کیا ہیں؟ عرض کیا اللہ اور رسول ہی خوب جانتے ہیں۔ فرمایا اس کی خبریں یہ ہیں کہ ہر بندے اور بندی[سلہ] پر گواہی دے گی اس کی جو اس نے اس کی پشت پر عمل کیے کہے گی کہ مجھ پر فلاں دن فلاں[سلہ] یہ عمل کیے تھے۔ فرمایا: کہ زمین کی یہ خبریں ہیں۔ (مسند احمد، ترمذی نے روایت کر کے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح اور غریب ہے)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ زمین حرکت کرے گی اور اموات کو باہر نکال دے گی اور خبریں دے گی۔
سلہ مرد اور عورت

۵۳۰۹ ۱۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَحَدٍ يَّمُوْتُ اِلَّا نَدِمَ قَالُوْا وَمَا نَدَامَتُهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنْ كَانَ مُحْسِنًا نَدِمَ اَنْ لَّا يَكُوْنَ ازْدَادَ وَاِنْ كَانَ مُسِيْئًا نَدِمَ اَنْ لَّا يَكُوْنَ نَزَعَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

اور انہی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ایسا کوئی نہیں جو مرے مگر شرمندہ سلہ ہوگا عرض کیا گیا یا رسول اللہ! اس کی شرمندگی کیا سلہ ہوگی۔ فرمایا اگر نیک کار ہوگا تو شرمندہ ہوگا کہ اس نے زیادہ نیکیاں کیوں نہ کیں اور اگر گنہ گار ہوا تو شرمندہ ہوگا کہ وہ کیوں نہ باز آیا۔ (ترمذی)

سلہ مرنے کے بعد
سلہ شرمندگی کا سبب کیا ہوگا؟

۵۳۱۰ ۱۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ثَلٰثَةَ اَصْنَافٍ صِنْفًا مُشَاةً وَصِنْفًا رُكْبَانًا وَصِنْفًا عَلٰى وُجُوْهِهِمْ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ يَمْشُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ قَالَ اِنَّ الَّذِيْ اَمْشَاهُمْ عَلٰى اَقْدَامِهِمْ قَادِرٌ عَلٰى اَنْ يُّمْشِيَهُمْ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اَمَا اِنَّهُمْ يَتَّقُوْنَ بِوُجُوْهِهِمْ كُلَّ حَدَبٍ وَشَوْكٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

اور انہی سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ روزِ قیامت تین طرح جمع کیے جائیں گے، ایک قسم پیدل سلہ، ایک قسم سوار سلہ اور ایک قسم چہروں کے بل۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ! وہ اپنے چہروں پر کیسے چلیں گے؟ فرمایا جس نے انہیں ان کے قدموں پر چلایا ہے وہ اس پر قادر ہے کہ انہیں ان کے چہروں پر چلائے آگاہ رہو کہ وہ اپنے چہروں سے ہر ٹیلے اور کانٹے سلہ سے بچیں گے۔ (ترمذی)

سلہ یہ عام مومنوں کا حال ہوگا
سلہ یہ خواص مومنین سے صلحا اور اتقیاء کا حال ہوگا۔
سلہ یعنی ان کے چہرے، ہاتھوں اور پاؤں کی طرح ہو جائیں گے چنانچہ جس طرح ہاتھ اور پاؤں سے انسان ہر موذی سے بچتا ہے اسی طرح چہروں کے ساتھ بچے گا لیکن جب اس نے دنیا میں رب کے حضور اطاعت و بندگی میں سجدہ کرتے ہوئے سر نہ جھکایا تھا تو اب اسے ذلیل و رسوا کرتے ہوئے سرنگوں کر دیا۔

۵۳۱۱ ۱۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ كَاَنَّهٗ رَاْيُ عَيْنٍ فَلْيَقْرَاْ اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ وَاِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ وَاِذَا

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو پسند سلہ کرتا ہے کہ قیامت کے دن وہ آنکھوں دیکھے کی طرح دیکھے تو وہ اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ اور اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ اور

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ)

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ کی تلاوت کرے ۔ (مسند احمد، ترمذی)

سلہ یہاں خوشی اور شادمانی حصول ایمان اور یقین میں قوت کی وجہ سے ہوگی

سلہ یہ سورتیں قیامت کی تفصیلات پر مشتمل ہیں اگر کوئی شخص انھیں حضور دل کے ساتھ پڑھے تو واقعۃً قیامت کے مناظر کا اس طرح مشاہدہ ہو سکتا ہے جیسا کہ آنکھوں کے ساتھ دیکھ رہا ہے ۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ — تیسری فصل

۵۳۱۲/۱۶ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ اِنَّ الصَّادِقَ الْمَصْدُوْقَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنِیْ اَنَّ النَّاسَ یُحْشَرُوْنَ ثَلٰثَةَ اَفْوَاجٍ فَوْجًا رَاكِبِيْنَ طَاعِمِیْنَ كَاسِيْنَ وَفَوْجًا یَسْحَبُهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ عَلٰی وُجُوْهِهِمْ وَتَحْشُرُهُمُ النَّارُ وَفَوْجًا یَمْشُوْنَ وَیَسْعَوْنَ وَیُلْقِی اللّٰهُ الْاٰفَةَ عَلَی الظَّهْرِ وَیَبْقٰی حَتّٰی اِنَّ الرَّجُلَ لَتَكُوْنُ لَهُ الْحَدِیْقَةُ یُعْطِیْهَا بِذَاتِ الْقَتَبِ لَا یَقْدِرُ عَلَیْهَا ۔ (رَوَاهُ النَّسَآئِیُّ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے سچے کہنے والے سچی خبر دیئے گئے والے[۱] صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگ تین گروہوں میں جمع کیے جائیں گے ایک گروہ عیش والے[۲] لباس پہنے ہوئے اور ایک گروہ کو فرشتے ان کے چہروں کے بل گھسیٹیں گے اور انھیں آگ[۳] جمع کرے گی اور ایک گروہ جو چلیں گے اور دوڑیں گے اللہ تعالیٰ ان کی سواری پر آفت ڈال دے[۴] گا وہ باقی نہ رہے گی حتیٰ کہ ایک شخص جس کے پاس باغ ہوگا وہ ایک قابل سواری اونٹ[۵] کے عوض دے گا مگر وہ اس[۶] پر قادر نہ ہوگا ۔ (نسائی)

سلہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو آگاہ فرمایا ۔

سلہ وہ نعمتوں میں ہوں گے ۔

سلہ یہاں تین نسخے ہیں ایک میں "تَحْشُرُهُمْ اِلَی النَّارِ" اس صورت میں تَحْشُرُ کی ضمیر فرشتوں کی طرف راجع ہوگی یعنی فرشتے ان کو گھسیٹ کر نارِ دوزخ کی طرف لے جائیں گے ۔ دوسرا نسخہ تَحْشُرُهُمُ النَّارُ ہے نار پر فتحہ، اب بھی ضمیر فرشتوں کی طرف راجع ہے یعنی ان کا حشر ہوگا مگر آگ ان پر لازم ہوگی حتیٰ کہ صبح و شام ان سے جدا نہ ہوگی جیسا کہ پیچھے گزرا تیسرا نسخہ کہ ن پر پیش ہو اس صورت میں معنی ظاہر ہے اور دوسری احادیث کے بھی موافق کیونکہ اسناد نار کی طرف ہے ۔

سلہ جس پر وہ سوار ہوں گے

ھہ القتیب، دونوں حروف پر زبر، شتر کا پالان، ذات القتیب صاحب شتر

سلہ باوجودیکہ اس نے عوض میں باغ دیا ہے مگر اس پر قدرت نہ پا سکے واضح رہے کہ سیاق حدیث اور اس کا یہاں ذکر دلالت کر رہا ہے کہ یہ حالت روزِ قیامت ہوگی لیکن یہ الفاظ اِنَّ الرَّجُلَ لَتَكُوْنُ لَهُ الْحَدِیْقَةُ صراحۃً دال ہیں کہ یہ حشر

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قیامت کا نہیں اسی طرح طاعین کا سین کے الفاظ بھی اسی میں ظاہر ہیں۔ علامہ طیبی فرماتے ہیں کہ یہ قیامت کا حشر نہیں بلکہ علامات قیامت کا حشر مراد ہے جیسا کہ ذکر علامات میں گذر چکا ہے لہٰذا اس حدیث کا ذکر یہاں تبعاً بیان ہو گیا ہے۔

بَابُ الْحِسَابِ وَالْقِصَاصِ وَالْمِيْزَانِ

حساب، بدلہ اور میزان کا بیان

حساب کا معنی شمار کرنا ہے یہاں روز قیامت بندوں کے اعمال کا شمار کرنا مراد ہے اگرچہ اللہ تعالیٰ کو بندے کے تمام اعمال سے آگاہی ہے مگر مخلوق پر حجت تمام کرنے کے لیے ایسا ہو گا قرآن مجید اس پر ناطق اور احادیث صحیحہ سے یہ ثابت ہے لہٰذا اس پر اعتقاد لازم ہے۔ قصاص کا معنی ہے دوسرے شخص کے عمل کی مانند عمل کرنا۔ مثلاً قتل کے عوض قتل اور زخم کے عوض زخم اور مارنے کے عوض مارنا، قیامت کے روز ہر اس تکلیف کا بدلہ دیا جائے گا جو کسی نے زیادتی کی ہو گی۔ اگرچہ وہ کیڑی یا مکھی ہی کیوں نہ ہو اگرچہ وہ مکلف نہ ہوں جیسا کہ حیوانات اور اطفال، اس مقصد کے پیش نظر تمام حیوانات کو زندہ کیا جائے گا اور وہ بکری جو سینگ نہ رکھتی تھی اسے سینگ عطا کیا جائے گا تاکہ وہ اس سینگ والی سے بدلہ لے جس نے دنیا میں زیادتی کی تھی۔ میزان اس شے کو کہتے ہیں جس سے اعمال کی تعداد کا اندازہ ہو، جمہور کی رائے یہ ہے کہ وہاں اس کے دو ہاتھ اور زبان ہو گی جیسا کہ ترازو کے دو پلڑے ہوتے ہیں اس کے دونوں ہاتھوں کے درمیان مشرق و مغرب جتنا فاصلہ ہو گا جو مخالف اعمال کو تولے گی۔ بعض کہتے ہیں کہ نیکیوں کو خوبصورت اور برائیوں کو بدصورتی میں تبدیل کیا جائے گا۔ حدیث بطاقہ جو آ رہی ہے پہلے قول کو قوی بناتی ہے بعض نے وزن کا معنی اعمال کے مطابق جزا دینے کو کہا ہے لیکن نصوص کا ظاہر قول اول کو ترجیح دیتا ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۵۳۱۳ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ اَحَدٌ يُّحَاسَبُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلَّا هَلَكَ قُلْتُ اَوَلَيْسَ يَقُوْلُ اللّٰهُ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا فَقَالَ اِنَّمَا ذٰلِكَ الْعَرْضُ وَلٰكِنْ مَّنْ نُّوْقِشَ فِي الْحِسَابِ يَهْلِكُ ۔

حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی ایسا نہیں جس سے روز قیامت حساب لیا گیا مگر وہ ہلاک ہو گیا۔ میں نے عرض کیا کیا اللہ تعالیٰ یہ نہیں فرماتا کہ عنقریب اس سے آسانی کے ساتھ حساب لیا جائے گا فرمایا یہ صرف پیش ہونا ہے اور جس سے حساب کے وقت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) پوچھ گچھ ہو گی وہ ہلاک ہو جائے گا۔

(بخاری و مسلم)

سلہ میں نے جب یہ بات بطور کلیہ آپ سے سنی تو رفع اشکال کے لیے میں نے عرض کیا

سلہ جب حساب آسان ہے تو ہلاکت کہاں ؟

سلہ یہ اشکال کے رفع کے لیے فرمایا

سلہ مثلاً تو نے یہ کیا ؟ مگر اس میں دقت و پیچیدگی نہ ہو۔ تیسری فصل میں آرہا ہے حساب یسیر سے مراد محض اسے اس کا اعمال نامہ دکھانا ہے۔

ھ جس کے قلیل و کثیر اعمال کا احاطہ کیا جائے اور ہر ایک کے بارے میں پوچھا جائے وہ ہلاک ہو گا اور حساب دراصل اس چیز کا نام ہے ہاں پہلے محض اظہار ہو گا اور بس۔

۵۳۱۴ وَعَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اِلَّا سَيُكَلِّمُهٗ رَبُّهٗ لَيْسَ بَيْنَهٗ وَ بَيْنَهٗ تَرْجُمَانٌ وَّلَا حِجَابٌ يَّحْجُبُهٗ فَيَنْظُرُ اَيْمَنَ مِنْهُ فَلَا يَرٰى اِلَّا مَا قَدَّمَ مِنْ عَمَلِهٖ وَيَنْظُرُ اَشْاَمَ مِنْهُ فَلَا يَرٰى اِلَّا مَا قَدَّمَ وَيَنْظُرُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَلَا يَرٰى اِلَّا النَّارَ تِلْقَاءَ وَجْهِهٖ فَاتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عدی بن حاتم سلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں ہے تم میں سے کوئی مگر اس سے اس کا رب کلام فرمائے گا اس کے اور رب کے درمیان نہ کوئی ترجمان سلہ ہو گا اور نہ پردہ سلہ جو اس کے لیے آڑ ہو وہ اپنے عمل دیکھے گا تو نہ دیکھے گا مگر وہی عمل جو آگے بھیجے اور اپنے دائیں دیکھے گا تو نہ دیکھے گا مگر وہ ہی جو آگے بھیجے اور اپنے سامنے دیکھے گا تو آگ کے سوا نہ دیکھے گا تو تم آگ سے بچو اگرچہ سلہ کھجور کی قاش ہو۔ (بخاری و مسلم)

سلہ عدی بن حاتم طائی مشہور سخی ہے کے صحابی ہیں، اپنے والد اور بہن کے بعد قوم کے ساتھ آکر مسلمان ہوئے

سلہ کلام سمجھانے کے لیے ترجمان کی ضرورت نہ ہو گی۔

سلہ بے پردہ گفتگو ہو گی، ترجمان تاء پر زبر، جیم پر پیش یا دونوں پر پیش یا زبر بھی آیا ہے مروی ہے وہ شخص جو ایک زبان کو دوسری زبان میں منتقل کرے مثلاً عربی کو فارسی یا فارسی کو عربی میں سمجھائے۔

سلہ اس عبارت میں دو احتمال ہیں، ایک یہ کہ دوزخ سے بچنے کے لیے ظلم نہ کرو اگرچہ وہ کھجور کی قاش برابر ہو دوسرا یہ کہ صدقہ کرو خواہ کھجور کی قاش ہو تاکہ یہ مقدار تمہیں دوزخ سے بچائے۔

۵۳۱۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يُدْنِي الْمُؤْمِنَ فَيَضَعُ عَلَيْهِ كَنَفَهٗ وَيَسْتُرُهٗ فَيَقُوْلُ اَتَعْرِفُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو قریب فرمائے گا تو اس پر اپنا پردہ سلہ رکھے گا اور

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

ذَنْبَ كَذَا اَتَعْرِفُ ذَنْبَ كَذَا فَيَقُوْلُ نَعَمْ اَىْ رَبِّ حَتّٰى قَرَّرَهٗ بِذُنُوْبِهٖ وَرَاٰى فِىْ نَفْسِهٖ اَنَّهٗ قَدْ هَلَكَ قَالَ سَتَرْتُهَا عَلَيْكَ فِى الدُّنْيَا وَاَنَا اَغْفِرُهَا لَكَ الْيَوْمَ فَيُعْطٰى كِتَابَ حَسَنَاتِهٖ وَاَمَّا الْكُفَّارُ وَالْمُنَافِقُوْنَ فَيُنَادٰى بِهِمْ عَلٰى رُءُوْسِ الْخَلَائِقِ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسے چھپا لے گا، پھر فرمائے گا تو فلاں گناہ پہچانتا ہے وہ کہیں گے ہاں یارب حتی کہ اس سے اس کے سارے گناہوں کا اقرار کرائے گا اور وہ اپنے دل میں سمجھے گا کہ ہلاک ہوا، رب فرمائے گا کہ میں نے یہ عیوب دنیا میں چھپا لیے تھے اور آج انھیں بخشتا ہوں پھر اس کی نیکیوں کی تحریر اسے دے دی جائے گی لیکن کفار و منافقین ان کو مخلوق کے سامنے پکارا جائے گا کہ یہ وہ ہی لوگ ہیں جو اپنے رب پر جھوٹ بولتے آگاہ رہو کہ ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے۔ (بخاری و مسلم)

۱؎ کنف، پہلے دونوں حروف پر پیش، پناہ، پردہ، نگہبانی، سایہ، جانب اور پرندہ کا پر

۲؎ تاکہ اہل ایمان، اہل محشر کے سامنے شرمندہ نہ ہوں۔

۳؎ اپنے گناہوں کی سزا کی وجہ سے

۵۳۱۶ وَعَنْ اَبِىْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ دَفَعَ اللّٰهُ اِلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ يَهُوْدِيًّا اَوْ نَصْرَانِيًّا فَيَقُوْلُ هٰذَا فِكَاكُكَ مِنَ النَّارِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ ہر مسلمان کو ایک یہودی یا عیسائی عطا فرمائے گا تو کہے گا یہ تیرا فدیہ ہے آگ سے چھٹکارے کے لیے ہے۔ (مسلم)

۱؎ فک، گروی شے کو نکالنا، فکاک، فاء پر زبر یا زیر، وہ چیز جس کے ذریعے گروی شے کو واپس لیا جائے گویا مسلمان دوزخ میں گروی ہوگا اور یہودی یا نصرانی کو اس جگہ دوزخ میں بھیج کر مسلمان کو باہر نکالا جائے گا اس کی تاویل یہ ہے کہ ہر مکلف خواہ کافر ہو یا مومن کا ٹھکانہ جنت و دوزخ میں ہے جو شخص ایمان کے ساتھ دنیا سے جاتا ہے اس کا وہ ٹھکانہ جو دوزخ میں تھا اسے بہشت کے ٹھکانے سے تبدیل کر دیا جاتا ہے اور جو ایمان کے ساتھ نہیں جاتا اس کا معاملہ اس کے برعکس کر دیا جاتا ہے گویا مومنوں کی جگہ دوزخ میں کافروں کا ٹھکانہ ہوگا اور یہ کافر مومن کے چھٹکارے کا سبب بنیں گے یہ مراد نہیں کہ مومن کے گناہوں کا عذاب کسی کافر کو ہوگا کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى (کوئی شخص کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا) باقی یہود و نصاریٰ کی تخصیص مسلمانوں کے ساتھ ان کی شدید عداوت و بغض کی وجہ سے ہے

۵۳۱۷ وَعَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُجَاءُ بِنُوْحٍ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيُقَالُ لَهٗ هَلْ بَلَّغْتَ فَيَقُوْلُ نَعَمْ يَا

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، قیامت کے روز حضرت نوح کو لایا جائے گا اور ان سے کہا جائے گا

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

رَبِّ فَتُسْئَلُ اُمَّتُهٗ هَلْ بَلَّغَكُمْ فَيَقُوْلُوْنَ مَا جَآءَنَا مِنْ نَّذِيْرٍ فَيُقَالُ مَنْ شُهُوْدُكَ فَيَقُوْلُ مُحَمَّدٌ وَّاُمَّتُهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُجَآءُ بِكُمْ فَتَشْهَدُوْنَ اَنَّهٗ قَدْ بَلَّغَ ثُمَّ قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

کہ آپ نے تبلیغ کی تھی وہ عرض کریں گے ہاں یارب! پھر ان کی امت سے پوچھا جائے گا کہ کیا تم کو تبلیغ کی گئی تھی وہ کہیں گے کہ ہمارے پاس کوئی ڈرانے والا نہ آیا، فرمایا جائے گا اے نوح! تمھارے گواہ کون ہیں؟ عرض کریں گے حضرت محمد اور ان کی امت، حضور نے فرمایا پھر تمھیں لایا جائے گا تم گواہی دو گے کہ انھوں نے تبلیغ کی تھی پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی اس طرح ہم نے تم کو بہترین امت بنایا تاکہ تم لوگوں پر گواہ بنو اور یہ رسول تمھارے نگران گواہ ہوں"

(البخاری)

۱ـ اللہ تعالیٰ کے اوامر و نواہی ان کو پہنچائے تھے

۲ـ امت انکار کر دے گی

۳ـ عادل، نیک اور فاضل

۴ـ امت کی گواہی یہ ہوگی کہ ان امتوں کی طرف انبیاء علیہم السلام آئے اور انھوں نے اللہ تعالیٰ کے احکام ان تک پہنچائے اور حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی گواہی یہ ہوگی جو دوسری حدیث میں آیا ہے کہ جب تمام انبیاء علیہم السلام کی امتیں انکار کر دیں گی کہ ہمارے پاس کوئی نبی نہیں آیا تو وہ انبیاء حضور کی امت کو گواہ کے طور پر پیش کریں گے اور وہ گواہی دیں گے، پھر اس امت سے سوال ہوگا کہ تمھیں کیسے علم ہوا تم تو موجود ہی نہیں تھے تو وہ عرض کریں گے کہ ہم نے کتاب اللہ سے یہ تعلیم پائی اس نے ہمیں بتایا کہ ان انبیاء علیہم السلام نے اپنی اپنی قوم کو تبلیغ کی تھی تو ہم نے قرآن کی گواہی کی وجہ سے گواہی دی ہے اس کے بعد وہ دیگر امتیں، حضور کی امت کے صدق و عدالت میں جرح کریں گے تو اللہ تعالیٰ اس امت کے تزکیہ و تعدیل کے لیے حضور علیہ السلام کو گواہ بنائے گا، آپ اس کے عادل صادق ہونے کی گواہی دیں گے، ان پر رسول کے گواہ ہونے کا یہی معنی ہے اس لحاظ سے آپ کو دیگر امتوں پر گواہ قرار دیا گیا ہے کیونکہ جب آپ نے اپنی امت کا تزکیہ فرما دیا اور ان کی گواہی دیگر امتوں پر ثابت و متحقق ہوگئی تو گویا ان پر حضور ہی کی گواہی ہوئی، اسی وجہ سے کہا کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ان کی امت کو لایا جائے گا۔

۵۳۱۸ (۶) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَحِكَ فَقَالَ هَلْ تَدْرُوْنَ مِمَّا اَضْحَكُ قَالَ قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ مِنْ مُّخَاطَبَةِ الْعَبْدِ رَبَّهٗ يَقُوْلُ يَا

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر تھے تو آپ مسکرائے، فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ میں کس چیز پر ہنس رہا ہوں؟ عرض کیا اللہ اور اس کا رسول بہتر

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

رَبِّ اَلَمْ تُجِرْنِيْ مِنَ الظُّلْمِ قَالَ يَقُوْلُ بَلٰى
قَالَ فَيَقُوْلُ فَاِنِّيْ لَا اُجِيْزُ عَلٰى نَفْسِيْ
اِلَّا شَاهِدًا مِّنِّيْ قَالَ فَيَقُوْلُ كَفٰى بِنَفْسِكَ
الْيَوْمَ عَلَيْكَ شَهِيْدًا وَّبِالْكِرَامِ الْكَاتِبِيْنَ
شُهُوْدًا قَالَ فَيُخْتَمُ عَلٰى فِيْهِ فَيُقَالُ
لِاَرْكَانِهٖ اَنْطِقِيْ قَالَ فَتَنْطِقُ بِاَعْمَالِهٖ
ثُمَّ يُخَلّٰى بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْكَلَامِ قَالَ فَيَقُوْلُ
بُعْدًا لَّكُنَّ وَسُحْقًا فَعَنْكُنَّ كُنْتُ
اُنَاضِلُ.

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جانتے ہیں فرمایا: بندہ اپنے رب سے عرض معروض کرنے پر عرض کرے گا، اے رب! کیا تو نے مجھے ظلم سے امان[1] نہیں دی۔ فرمائے گا ہاں! فرمایا، تو بندہ کہے گا کہ میں اپنی ذات پر کوئی گواہی روا[2] نہیں رکھتا مگر اپنے میں سے گواہ فرمایا کہ رب فرمائے گا آج تو ہی اپنے نفس پر کافی گواہ ہے اور کراماً کاتبین فرشتے[3] گواہ ہیں۔ فرمایا پھر اس کے منہ پر مہر کر دی جائے گی پھر اس کے اعضاء سے کہا جائے گا تم بولو! فرمایا: وہ اس کے اعمال کے متعلق کلام کریں گے پھر بندے اور اس کے کلام کے درمیان خلوت[4] کر دی جائے گی، فرمایا: وہ کہے گا کہ تمہیں دوری اور ہلاکت ہو، میں تمہیں سے دفع کرتا تھا۔

(المسلم)

[1] تو نے فرمایا ہے کہ میں اپنے بندوں پر ذرہ برابر ظلم نہیں کرتا

[2] میں کسی دوسرے کو گواہ نہیں بناتا۔ اگر میری ذات خود گواہ بن سکتی ہے تو مجھے قبول ہے اور خیال یہ کرے گا کہ دوسرے کی نسبت میرا وجود اپنے اوپر نقصان دہ گواہی نہیں دے گا اور وہ یہ نہیں جانتا کہ اللہ تعالیٰ اس پر قادر ہے کہ وہ ذات کو ہی اس پر ایسا گواہ بنا دے کہ اسے دم مارنے اور انکار کی گنجائش ہی نہ رہے آپ کے ہنسنے کا سبب یا بندے کا یہ عمل ہے یا اللہ تعالیٰ کا بندے کی زبان پر مہر ثبت کرنا اور دیگر اعضاء کا گواہی دینا، بندے کا انھیں برا کہنا اور ان کے لیے بددعا کرنا ہے جیسا کہ آگے آ رہا ہے۔

[3] جو بندے کے اعمال لکھتے ہیں اور ان فرشتوں کا گواہ بنانا مقصود کے زیادہ قریب ہے اور اس کے بعد تاکید و پختگی کے لیے بندہ کا اپنی ذات کو گواہ بنانا ہے اسی لیے کہ بندہ خود اس پر راضی ہے اور درخواست کر رہا ہے اب اگر صرف فرشتوں کو گواہ بنایا جائے تو وہ تسلیم نہیں کرے گا۔

[4] یعنی میں تمھاری محافظت کرتا رہا اور تمھیں اپنا محسن جانتا رہا لیکن تم تو میرے دشمن نکلے۔

٥٣١٩ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ
اللّٰهِ هَلْ نَرٰى رَبَّنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالَ هَلْ
تُضَارُّوْنَ فِيْ رُؤْيَةِ الشَّمْسِ فِي الظَّهِيْرَةِ
لَيْسَتْ فِيْ سَحَابَةٍ قَالُوْا لَا قَالَ فَهَلْ تُضَارُّوْنَ
فِيْ رُؤْيَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ لَيْسَ فِيْ سَحَابَةٍ
قَالُوْا لَا قَالَ فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ صحابہ کرام نے عرض کیا، یارسول اللہ! کیا روز قیامت ہم اپنے رب کو دیکھیں گے؟ فرمایا: دوپہر کے وقت سورج کو دیکھتے ہیں جبکہ بادلوں میں نہ ہو تم کوئی تردد کرتے ہو؟ فرمایا نہیں۔ فرمایا کیا تم رات کو چاند دیکھنے میں تردد کرتے ہو؟ جبکہ وہ بادلوں میں نہ ہو، قسم ہے اس ذات کی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تُضَارُّوْنَ فِيْ رُؤْيَةِ رَبِّكُمْ إِلَّا كَمَا تُضَارُّوْنَ فِيْ رُؤْيَةِ أَحَدِهِمَا قَالَ فَيَلْقَى الْعَبْدَ فَيَقُوْلُ أَيْ فُلَانُ أَلَمْ أُكْرِمْكَ وَأُسَوِّدْكَ وَأُزَوِّجْكَ وَأُسَخِّرْ لَكَ الْخَيْلَ وَالْإِبِلَ وَأَذَرْكَ تَرْأَسُ وَتَرْبَعُ فَيَقُوْلُ بَلٰى قَالَ فَيَقُوْلُ أَفَظَنَنْتَ أَنَّكَ مُلَاقِيَّ فَيَقُوْلُ لَا فَيَقُوْلُ فَإِنِّيْ قَدْ أَنْسَاكَ كَمَا نَسِيْتَنِيْ ثُمَّ يَلْقَى الثَّانِيَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ ثُمَّ يَلْقَى الثَّالِثَ فَيَقُوْلُ لَهُ مِثْلَ ذٰلِكَ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ آمَنْتُ بِكَ وَبِكِتَابِكَ وَبِرُسُلِكَ وَصَلَّيْتُ وَصُمْتُ وَتَصَدَّقْتُ وَيُثْنِيْ بِخَيْرٍ مَا اسْتَطَاعَ فَيَقُوْلُ هٰهُنَا إِذًا ثُمَّ يُقَالُ الْآنَ نَبْعَثُ شَاهِدًا عَلَيْكَ وَيَتَفَكَّرُ فِيْ نَفْسِهِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْهَدُ عَلَيَّ فَيُخْتَمُ عَلٰى فِيْهِ وَيُقَالُ لِفَخِذِهِ انْطِقِيْ فَتَنْطِقُ فَخِذُهُ وَلَحْمُهُ وَعِظَامُهُ بِعَمَلِهِ وَذٰلِكَ لِيُعْذِرَ مِنْ نَفْسِهِ وَذٰلِكَ الْمُنَافِقُ وَذٰلِكَ الَّذِيْ يَسْخَطُ اللّٰهُ عَلَيْهِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَذُكِرَ حَدِيْثُ أَبِيْ هُرَيْرَةَ يَدْخُلُ أُمَّتِي الْجَنَّةَ فِيْ بَابِ التَّوَكُّلِ بِرِوَايَةِ ابْنِ عَبَّاسٍ۔

جس کے قبضہ میں میری جان ہے تم اپنے رب کے دیکھنے میں تردد نہیں کرو گے جیسے تم اپنے کسی فرد کو دیکھنے میں تردد نہیں کرتے پس ایک بندے سے ملے گا اور فرمائے گا بتا کیا میں نے تجھے عزت نہ بخشی، سرداری نہ دی، بیوی عطا نہ فرمائی، نیز گھوڑے اونٹ تیرے تابع کیے اور سردار بنایا کہ تو چوتھائی حصہ لیتا رہا عرض کرے گا کیوں نہیں فرمائے گا کیا تو مجھ سے ملنے کا خیال رکھتا تھا؟ عرض کرے گا نہیں، فرمائے گا کہ میں نے تجھے بھلا دے رکھا جیسے تو نے مجھے بھلایا، پھر دوسرے سے ملاقات فرمائے گا اور اسی طرح گفتگو ہوگی پھر تیسرے سے ملاقات ہوگی اور اس سے بھی اسی طرح فرمائے گا وہ عرض کرے گا اے رب! میں تجھ پر ایمان لایا اور تیری کتاب پر اور تیرے رسول پر اور نماز پڑھی اور روزے رکھے خیرات کی اور طاقت کے مطابق اپنی خوبیاں بیان کرے گا فرمائے گا ٹھہر جا۔ فرمایا جائے گا کہ ہم ابھی تیرے گواہ لاتے ہیں وہ دل میں سوچے گا کہ میرے اوپر کون گواہی دے گا؟ پس اس کے منہ پر مہر لگا دی جائے گی اور اسی کی ران سے بولنے کے متعلق کہا جائے گا۔ تو اس کی ران کا گوشت اور اسی کی ہڈیاں اس کے اعمال بیان کریں گے اور یہ اس لیے کہ وہ اپنا عذر خود ختم کر دے کیونکہ وہ منافق ہے اور اسی پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہے۔
(مسلم)

و یدخل امتی الجنۃ والی حدیث ابوہریرہ پچھلے باب التوکل میں حضرت ابن عباس کی روایت سے مذکور ہوئی

لے تو جس طرح تم سورج و چاند کو دیکھنے میں شک و اختلاف نہیں رکھتے اسی طرح تم اپنے رب کو بھی دیکھو گے۔

تضارون تاء پہ پیش، را مشدد یا مخفف اگر تشدید ہو تو معنی ضرر ہے اور اگر تخفیف ہو تو خبر کا معنی بھی ضرر ہی ہے معنی یہ ہوگا کہ دیدار اتنا واضح اور روشن ہوگا کہ وہاں کسی کا اختلاف و مجادلہ کسی ضرر کا سبب نہیں ہوگا بعض نے کہا۔
مجمع البحار میں ہے کہ مضارت کا معنی نظر کے نزدیک اجتماع اور اژدہام ہے۔ قاضی عیاض مالکی نے فرمایا: اس کا معنی

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

تنگی اور تنگ کرنا ہے جو اژدہام اور اجتماع کے قریب ہے بعض نے کہا مضایقت کسی شئے کو مکان واحد میں جہت مخصوص اور انداز مخصوص کے ساتھ دیکھنا ہے، دوسری روایت میں یہ لفظ تضامون راء کی جگہ میم ہے۔ یہ بھی تاء پر پیش میم مشدد یا مخفف، اگر مشدد ہو تو ضم اور اگر تخفیف ہو تو ضیم سے ہے ضیم اور ضم دونوں کا معنی اجتماع و اژدہام ہے ضیم کا معنی ظلم و ستم کرنا ہے ہر صورت میں مآل ایک ہی ہے۔

۲ جاہلیت میں رسم تھی کہ مال غنیمت کا چوتھا حصہ سردار لیتا اور باقی قوم میں تقسیم ہوتی یہ اس کی طرف اشارہ ہے

۳ تو نے دعوٰی اعمال خیر و شکر کیا ہے مطراب تیرے اعمال تجھے دکھاتا ہوں

۴ یختم صیغہ معروف بھی پڑھا جا سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے منہ پر مہر لگا دے گا

۵ ران، گوشت اور ہڈیوں سے مراد تمام اعضاء کا گواہی دینا ہے جیسا کہ حدیث انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں گذر چکا ہے۔

۶ یہ سوال وجواب، منہ پر مہر لگانا اور اعضاء کا گواہی دینا اس لیے ہے تاکہ بندے کا عذر زائل ہو جائے اور بندے کے گناہوں کا ثبوت ہو جائے اب عذر باقی نہ رہے یا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بندے کو عذاب دینے میں معذور ہو جائے کہ بندے کو اس کے نفس کی وجہ سے ہو رہا ہے۔

۷ جس کا حال بیان ہوا یہ منافق ہوگا

۸ جس کا اول حصہ یُدْخِلُ مِنْ اُمَّتِی الْجَنَّةَ کہ ستر ہزار افراد امت بلا حساب جنت میں جائیں گے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

۵۳۲۰ / ۸ عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَعَدَنِیْ رَبِّیْ اَنْ يُّدْخِلَ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِیْ سَبْعِيْنَ اَلْفًا لَا حِسَابَ عَلَيْهِمْ وَلَا عَذَابَ مَعَ كُلِّ اَلْفٍ سَبْعُوْنَ اَلْفًا وَّثَلٰثُ حَثَيَاتٍ رَّبِّیْ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

دوسری فصل

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو میں نے یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مجھ سے میرے رب نے وعدہ فرمایا ہے کہ میری امت میں سے ستر ہزار افراد کو جنت میں اس طرح داخل فرمائے گا کہ نہ ان کا حساب ہوگا نہ عذاب، ہر ہزار کے ساتھ ستر ہزار اور میرے رب کے لپوں[۱] میں سے تین لپ۔ (مسند احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

۱ حثیہ، دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں کو ملا کر، بھر کر دینا ہے۔

۵۳۲۱ / ۹ وَعَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْرَضُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثَلٰثَ عَرَضَاتٍ

حضرت حسن، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں کی قیامت کے دن تین پیشیاں ہوں گی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَاَمَّا عَرْضَتَانِ فَجِدَالٌ وَّ مَعَاذِيْرُ وَاَمَّا الْعَرْضَةُ الثَّالِثَةُ فَعِنْدَ ذٰلِكَ تَطِيْرُ الصُّحُفُ فِي الْاَيْدِيْ فَاٰخِذٌ بِيَمِيْنِهٖ وَاٰخِذٌ بِشِمَالِهٖ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ لَا يَصِحُّ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ قِبَلِ اَنَّ الْحَسَنَ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَقَدْ رَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى

دو پیشیاں تو بحث[1] اور معذرت[2] کی ہیں اور رہی تیسری تو اس وقت نامۂ اعمال اڑ کر ہاتھوں میں پہنچ جائیں[3] گے بعض داہنے ہاتھ میں لیں گے اور بعض بائیں ہاتھ میں (مسند احمد، ترمذی) ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث اس وجہ سے صحیح نہیں کہ حسن[4] نے حضرت ابوہریرہ سے سنا نہیں بعض محدثین نے یہ حدیث حسن ابی موسٰی سے روایت کی ہے۔

[1] جدال سے مراد یہ ہے کہ لوگ وہاں ارتکاب گناہ سے انکار کریں گے خصوصاً کفار، تمام انبیاء، رسل اور ان کی تبلیغ شریعت کا انکار کریں گے

[2] معاذیر، معذرت کی جمع ہے یعنی بندے اپنے گناہوں کا اعتراف تو نہیں کریں گے مگر سہو ونسیان عجز اور اضطرار کہہ کر معذرت کریں گے۔

[3] مرحلہ حساب مکمل ہوجائے گا

[4] امام حسن بصری رحمہ اللہ تعالٰی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے سنا نہیں، یاد رہے امام حسن کا حضرت ابوہریرہ کو دیکھنا اور ملاقات کرنا ثابت ہے مگر صحت کے ساتھ حدیث لینا ثابت نہیں۔ شیخ جزری نے تصحیح مصابیح میں فرمایا کہ امام بخاری نے اپنی صحیح میں تین احادیث حضرت ابوہریرہ کی امام حسن سے روایت کی ہیں لیکن امام مسلم نے کوئی حدیث نہیں لائے۔

۵۳۲۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ سَيُخَلِّصُ رَجُلًا مِّنْ اُمَّتِيْ عَلٰى رُءُوْسِ الْخَلَائِقِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيَنْشُرُ عَلَيْهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ سِجِلًّا كُلُّ سِجِلٍّ مِّثْلُ مَدِّ الْبَصَرِ ثُمَّ يَقُوْلُ اَتُنْكِرُ مِنْ هٰذَا شَيْئًا اَظَلَمَكَ كَتَبَتِي الْحَافِظُوْنَ فَيَقُوْلُ لَا يَا رَبِّ فَيَقُوْلُ اَفَلَكَ عُذْرٌ قَالَ لَا يَا رَبِّ فَيَقُوْلُ بَلٰى اِنَّ لَكَ عِنْدَنَا حَسَنَةً وَّاِنَّهٗ لَا ظُلْمَ عَلَيْكَ الْيَوْمَ فَتَخْرُجُ بِطَاقَةٌ فِيْهَا اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ فَيَقُوْلُ اُحْضُرْ وَزْنَكَ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ مَا هٰذِهِ الْبِطَاقَةُ مَعَ هٰذِهِ السِّجِلَّاتِ فَيَقُوْلُ اِنَّكَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالٰی میری امت میں سے ایک شخص قیامت کے دن مخلوق کے سامنے چھانٹے گا تو اس کے سامنے ننانوے دفتر پھیلائے جائیں گے ہر دفتر تاحد نظر ہوگا پھر فرمائے گا کیا تو ان میں سے کسی چیز کا انکار کرتا ہے کیا تجھ پر میرے نگران کاتبین نے ظلم کیا ہے عرض کرے گا نہیں یارب۔ پھر فرمائے گا کیا تیرے پاس کوئی عذر ہے عرض کرے گا نہیں یارب۔ تو فرمائے گا ہمارے پاس تیری ایک نیکی بھی ہے اور تجھ پر ظلم آج نہ ہوگا، تو ایک ورقہ[1] نکالا جائے گا جس میں لکھا ہوگا "اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ" رب فرمائے گا جا اپنے عمل کے وزن پر حاضر ہو وہ کہے گا۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

لَا تُظْلَمُ قَالَ فَتُوْضَعُ السِّجِلَّاتُ فِیْ كِفَّةٍ وَالْبِطَاقَةُ فِیْ كِفَّةٍ فَطَاشَتِ السِّجِلَّاتُ وَثَقُلَتِ الْبِطَاقَةُ فَلَا يَثْقُلُ مَعَ اسْمِ اللّٰهِ شَیْءٌ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

یارب یہ ورقہ ان دفاتر کے مقابل کیا ہے؟ رب فرمائے گا کہ تجھ پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ فرمایا: پھر یہ دفتر ایک پلے میں اور یہ ورقہ دوسرے پلے میں رکھا جائے گا تو یہ دفتر ہلکے ہو جائیں گے اور وہ پرچہ بھاری ہو جائے گا اللہ کے نام کے مقابل کوئی شے وزنی نہ ہوگی۔

(ترمذی، ابن ماجہ)

۱؎ لبطاقہ، باء کے نیچے زیر، لغت اہل مصر میں وہ کاغذ جس پر بھاؤ لکھ کر کپڑے کے اندر رکھا جاتا ہے۔
۲؎ یہ کاغذ عظیم وزن رکھتا ہے، اسے وزن کیا جائے گا تاکہ تجھ پر ظلم نہ ہو۔
۳؎ اگرچہ گناہوں کے پہاڑ ہی کیوں نہ ہوں

۵۳۲۳ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا ذَكَرَتِ النَّارَ فَبَكَتْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يُبْكِيْكِ قَالَتْ ذَكَرْتُ النَّارَ فَبَكَيْتُ فَهَلْ تَذْكُرُوْنَ أَهْلِيْكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَّا فِیْ ثَلَاثَةِ مَوَاطِنَ فَلَا يَذْكُرُ أَحَدٌ أَحَدًا عِنْدَ الْمِيْزَانِ حَتّٰى يَعْلَمَ أَيَخِفُّ مِيْزَانُهُ أَمْ يَثْقُلُ وَعِنْدَ الْكِتَابِ حِيْنَ يُقَالُ هَاؤُمُ اقْرَءُوْا كِتَابِيَهْ حَتّٰى يَعْلَمَ أَيْنَ يَقَعُ كِتَابُهُ أَفِیْ يَمِيْنِهِ أَمْ فِیْ شِمَالِهِ مِنْ وَرَاءِ ظَهْرِهِ وَعِنْدَ الصِّرَاطِ إِذَا وُضِعَ بَيْنَ ظَهْرَیْ جَهَنَّمَ

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو دوزخ یاد آئی تو رونے لگیں تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تمہیں کون سی چیز رلا رہی ہے، عرض کیا مجھے آگ یاد آگئی تو میں رو پڑی کیا آپ قیامت میں اپنے گھر والوں کو یاد کریں گے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تین مواقع پر کوئی کسی کو یاد نہیں کرے گا۔ میزان کے پاس حتیٰ کہ جان لے کہ اس کا وزن ہلکا ہے یا بھاری۔ اور نامۂ اعمال ملنے کے وقت جب کہا جاوے گا آؤ اعمال نامہ پڑھو حتیٰ کہ جان لے کہ اس کا نامہ اعمال کہاں گرتا ہے؟ اس کے داہنے ہاتھ میں یا بائیں ہاتھ میں پیٹھ کے پیچھے سے اور پل صراط کے نزدیک جب کہ وہ دوزخ کے کناروں کے درمیان رکھا جائے گا۔ (ابوداؤد)

۱؎ تو اس کے خوف وعذاب سے
۲؎ یہ وہ شخص کہے گا جس کا نامۂ اعمال دائیں ہاتھ میں ہوگا اور وہ خوشی میں لوگوں سے کہے گا یہ میرا نامۂ اعمال پڑھو
۳؎ مصابیح کے بعض نسخوں میں "اَوْ مِنْ وَّرَاءِ ظَهْرِهٖ" کے الفاظ ہیں
۴؎ یہ دوزخ کے اوپر تلوار سے تیز اور استرے سے باریک ہو گا لوگوں کو اس کے اوپر سے گذرنا ہوگا۔ ان تینوں مقامات پر ہر ایک کو اپنی پڑی ہوگی کوئی کسی کو یاد نہیں کرے گا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۵۳۲۴ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَ رَجُلٌ
فَقَعَدَ[12] بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ لِيْ مَمْلُوْكِيْنَ
يُكَذِّبُوْنَنِيْ وَيَخُوْنُوْنَنِيْ وَيَعْصُوْنَنِيْ وَ
أَشْتِمُهُمْ وَأَضْرِبُهُمْ فَكَيْفَ أَنَا مِنْهُمْ فَقَالَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ
يَوْمُ الْقِيٰمَةِ يُحْسَبُ مَا خَانُوْكَ وَعَصَوْكَ وَ
كَذَّبُوْكَ وَعِقَابُكَ إِيَّاهُمْ فَإِنْ كَانَ عِقَابُكَ
إِيَّاهُمْ بِقَدْرِ ذُنُوْبِهِمْ كَانَ كَفَافًا لَا لَكَ وَلَا عَلَيْكَ
وَإِنْ كَانَ عِقَابُكَ إِيَّاهُمْ دُوْنَ ذُنُوْبِهِمْ كَانَ
فَضْلًا لَكَ وَإِنْ كَانَ عِقَابُكَ إِيَّاهُمْ فَوْقَ
ذُنُوْبِهِمْ اُقْتُصَّ لَهُمْ مِنْكَ الْفَضْلُ فَتَنَحَّى
الرَّجُلُ وَجَعَلَ يَهْتِفُ وَيَبْكِيْ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَا تَقْرَأُ قَوْلَ اللّٰهِ تَعَالٰى
وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ
نَفْسٌ شَيْئًا وَإِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ
أَتَيْنَا بِهَا وَكَفٰى بِنَا حَاسِبِيْنَ فَقَالَ الرَّجُلُ يَا
رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا أَجِدُ لِيْ وَلِهٰؤُلَاءِ شَيْئًا خَيْرًا
مِنْ مُفَارَقَتِهِمْ أُشْهِدُكَ أَنَّهُمْ كُلَّهُمْ أَحْرَارٌ.

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

۵۳۲۵ وَعَنْهَا قَالَتْ سَمِعْتُ[13] رَسُوْلَ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ بَعْضِ صَلٰوتِهِ
اَللّٰهُمَّ حَاسِبْنِيْ حِسَابًا يَسِيْرًا قُلْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ

تیسری فصل

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے منقول ہے کہ ایک شخص حاضر ہو کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے بیٹھ گیا اور عرض کیا یا رسول اللہ میرے غلام ہیں جو مجھ سے جھوٹ بولتے ہیں اور میری خیانت کرتے ہیں میری نافرمانیاں کرتے ہیں میں انھیں گالیاں دیتا ہوں مارتا ہوں تو اس کے متعلق میرا کیا حال ہوگا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو ان خیانتوں، نافرمانیوں اور جھوٹوں کا اور تیرا انھیں سزا دینے کا حساب لگایا جائے گا پھر اگر تیرا سزا دینا ان کے جرموں کے برابر ہوگا تو اولا بدلہ ہو جائے گا نہ تجھے مفید نہ مضر اور اگر تیرا انھیں سزا دینا ان کے قصوروں سے کم ہوا تو تجھے ان پر بزرگی حاصل ہوگی اور اگر سزا دینا ان کے قصور سے زیادہ ہوا تو زیادتی کا تجھ سے بدلہ لیا جائے گا تو وہ آدمی الگ ہٹ گیا اور چیخیں مارنے لگا تو اس سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تو نے رب کا یہ فرمان نہیں پڑھا کہ ہم قیامت کے دن انصاف والی ترازو رکھیں گے تو کوئی جان کچھ بھی ظلم نہیں کی جائے گی، اگر رائی کے دانہ کے برابر عمل ہوگا تو ہم اسے بھی لائیں گے ہم کافی حساب لینے والے ہیں تو وہ شخص بولا یا رسول اللہ! میں اپنے اور ان غلاموں کے لیے ان کی جدائی سے بہتر کوئی چیز نہیں پاتا۔ میں آپ کو گواہ بناتا ہوں کہ یہ سارے آزاد ہیں۔ (ترمذی)

اور انہی سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنی بعض نمازوں میں یہ کہتے ہوئے سنا الٰہی مجھ سے آسان حساب لے۔ میں نے عرض کیا یا نبی اللہ!

مَا الْحِسَابُ الْيَسِيْرُ قَالَ اَنْ يَّنْظُرَ فِيْ كِتَابِهٖ فَيَتَجَاوَزُ عَنْهُ اِنَّهٗ مَنْ نُوْقِشَ الْحِسَابَ يَوْمَئِذٍ يَا عَائِشَةُ هَلَكَ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

آسان حساب کیا چیز ہے؟ فرمایا! یہ ہے کہ اس کے نامۂ اعمال پر نظر کر دی جائے[۲] پھر اسے معاف دے دی جائے جس کے حساب میں اس دن جرح کر لی گئی اے عائشہ! وہ ہلاک ہو جائے گا (مسند احمد)

[۱] یہ دعا کرتے تھے

[۲] بندے کی اس کے نامۂ اعمال پر نظر کر دا کے اسے معاف کر دیا جائے گا "فینظر" کی ضمیر اللہ تعالیٰ کی طرف بھی راجع ہو سکتی ہے۔

۵۳۲۶ ۱۴ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ اَنَّهٗ اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَخْبِرْنِيْ مَنْ يَّقْوٰى عَلَى الْقِيَامِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ الَّذِيْ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ فَقَالَ يُخَفَّفُ عَلَى الْمُؤْمِنِ حَتّٰى يَكُوْنَ عَلَيْهِ كَالصَّلٰوةِ الْمَكْتُوْبَةِ۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ وہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ مجھے آگاہ فرمائیے روزِ قیامت کھڑے ہونے پر[۱] کون قدرت رکھے گا جس کے متعلق اللہ عزوجل نے فرمایا کہ جس دن لوگ رب العالمین کے حضور کھڑے ہونگے تو فرمایا کہ وہ دن مومن کے لیے ہلکا کر دیا جائے گا حتیٰ کہ اس پر ایک فرض نماز[۲] کی طرح ہو جائے گا۔

[۱] وہاں کھڑا ہونا

[۲] چار رکعت کا وقت

۵۳۲۷ ۱۵ وَعَنْهُ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ مَا طُوْلُ هٰذَا الْيَوْمِ فَقَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ اِنَّهٗ لَيُخَفَّفُ عَلَى الْمُؤْمِنِ حَتّٰى يَكُوْنَ اَهْوَنَ عَلَيْهِ مِنَ الصَّلٰوةِ الْمَكْتُوْبَةِ يُصَلِّيْهَا فِي الدُّنْيَا۔

(رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ كِتَابِ الْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ)

اور انہی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس دن کے بارے میں عرض کیا گیا جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہے کہ اس دن کی کتنی درازی ہے تو فرمایا اس کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ وہ ان مومنین پر ہلکا کر دیا[۱] جائے گا حتیٰ کہ اس فرض نماز سے بھی زیادہ آسان ہو جائے گا جسے وہ دنیا میں پڑھتا تھا۔

(مذکورہ دونوں احادیث کو بیہقی نے کتاب البعث والنشور میں روایت کیا)

[۱] وقت جلدی گذر جائے گا

۵۳۲۸ ۱۶ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ عَنْ

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یُحْشَرُ النَّاسُ فِیْ صَعِیْدٍ وَّاحِدٍ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فَیُنَادِیْ مُنَادٍ فَیَقُوْلُ اَیْنَ الَّذِیْ کَانَتْ تَتَجَافٰی جُنُوْبُھُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ فَیَقُوْمُوْنَ وَھُمْ قَلِیْلٌ فَیَدْخُلُوْنَ الْجَنَّۃَ بِغَیْرِ حِسَابٍ ثُمَّ یُؤْمَرُ بِسَائِرِ النَّاسِ اِلَی الْحِسَابِ۔ (رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا لوگ قیامت کے دن ایک میدان[1] میں جمع کیے جائیں گے تو پکارنے والا پکارے گا کہ وہ لوگ کہاں ہیں جن کے پہلو اپنی خوابگاہوں سے الگ رہتے تھے[2] پس وہ لوگ کھڑے ہو جائیں گے اور وہ تھوڑے ہوں گے تو وہ جنت میں بغیر حساب داخل ہوں گے پھر باقی تمام لوگوں کو حساب کی طرف جانے کا حکم دیا جائے گا۔

(بیہقی، شعب الایمان)

[1] صعید، اصلاً اس کا معنی زمین یا روئے زمین ہے یہاں مراد ہموار اور فراخ زمین ہے جیسا کہ دوسری حدیث میں ہے کہ زمینِ حشر ایسی سفید اور ہموار ہے کہ اس کی نرمی کی وجہ سے پاؤں پھسلے گا۔

[2] اس سے مراد نماز تہجد کے لیے قیام ہے بعض کے نزدیک عشاء و مغرب کے درمیان کا وقت ہے۔ نماز مراد نہیں۔

بَابُ الْحَوْضِ وَالشَّفَاعَۃِ

۲۴۸۔ حوض کوثر اور شفاعت کا بیان

حوض لغۃً پانی کا جمع ہونا اور بہنا ہے، خواتین کو جو حیض آتا ہے اور خون بہنے کا سبب بنتا ہے، وہ اسی لفظ حوض سے مشتق ہے یہاں وہ حوض مراد ہے جو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو روزِ قیامت عطا کیا جائے گا اور احادیث میں اس کی صفات کا تذکرہ آیا ہے۔ منقول یہ ہے کہ روزِ قیامت ہر نبی کے لیے حوض ہوگا جس پر ان کی امت وارد ہوگی شفاعت، شفع سے مشتق ہے لغۃً اس کا معنی ایک شے کا دوسری شے کے ساتھ متصل ہونا، شفع بمعنی زوج وتر کے اور فرد کے مقابل بھی آتا ہے فروخت شدہ زمین میں ہمسایہ کا حقِ شفعہ اسی لفظ سے ہے۔ شفاعت میں بھی شفیع کا بارگاہِ خدا میں گناہوں کی درخواست کی وجہ سے مجرم کے ساتھ انضمام پایا جاتا ہے۔ شفاعت کی تمام اقسام کا سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ثبوت ہے، البتہ بعض آپ کے لیے مخصوص اور بعض مشترکہ ہیں جو شخصیت شفاعت کا دروازہ کھولے گی وہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات گرامی ہوگی لہٰذا تمام شفاعات درحقیقت آپ ہی کی طرف لوٹتی ہیں لہٰذا آپ صاحب شفاعات علی الاطلاق ہیں۔ پہلی قسم اطاعتِ کبریٰ ہے جو تمام مخلوق کو نصیب ہوگی یہ آپ کے ساتھ مخصوص ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

انبیاء صلوٰۃ اللہ وسلامہ علیہم میں سے بھی کسی کو یہ مقام حاصل نہیں بلکہ کسی کو وہاں جرات و اقدام کی مجال ہوگی یہ شفاعت میدان محشر میں طول وقوف سے نجات، تعجیل حساب اور اللہ تعالیٰ کے اس حکم کے لیے ہوگی کہ لوگوں کو اس تنگی و شدت سے نکال دیا جائے جیسا کہ احادیث میں اس کی تفصیل ہے۔ دوسری قسم کی شفاعت لوگوں کا بغیر حساب جنت میں داخل کے لیے ہوگی احادیث میں اس کا ثبوت بھی ہمارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ہے۔

تیسری قسم ان لوگوں کے لیے ہے جن کے اچھے اور بُرے اعمال برابر ہوں گے وہ شفاعت کی بناء پر جنت میں جائیں گے چوتھی قسم جو لوگ دوزخ کے مستحق ہوں گے وہ آپ کی شفاعت سے جنت میں داخل ہوں گے پانچویں قسم رفع درجات اور زیادتی کرامات کے لیے ہوگی چھٹی قسم ان گنہ گاروں کے لیے جو دوزخ میں جائیں گے پھر آپ کی شفاعت سے باہر آئیں گے یہ شفاعت بقیہ انبیاء، ملائکہ، علماء اور شہداء میں مشترک ہے ساتویں قسم جنت کا افتتاح۔ آٹھویں قسم دائمی عذاب پانے والوں کے عذاب میں تخفیف، نویں قسم، اہل مدینہ کے لیے خصوصی شفاعت، اسی طرح زیارت بارگاہ نبوی کرنے والوں کے لیے شفاعت امتیازی ہے۔ شارحین نے اسی طرح ذکر کیا ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۵۳۲۹ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَا اَنَا اَسِيْرُ فِي الْجَنَّةِ[۱] اِذَا اَنَا بِنَهَرٍ حَافَتَاهُ قِبَابُ الدُّرِّ الْمُجَوَّفِ قُلْتُ مَا هٰذَا يَا جِبْرِيْلُ قَالَ هٰذَا الْكَوْثَرُ[۲] الَّذِيْ اَعْطَاكَ رَبُّكَ فَاِذَا طِيْنُهُ مِسْكٌ اَذْفَرُ[۳]۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جب ہم جنت میں سیر کر رہے تھے تو ایک نہر پہ پہنچے جس کے کناروں پر کھوکھلے موتی کے خیمے تھے ہم نے پوچھا اے جبریل یہ کیا ہے؟ انھوں نے عرض کیا یہ وہ کوثر ہے جو آپ کے رب نے آپ کو عطا فرمایا ہے اس کی مٹی خالص مشک تھی (البخاری)

۱؎ ظاہر یہی ہے کہ یہ سیر شب معراج میں تھی

۲؎ یہ آیت "انا اعطینک الکوثر" کی طرف اشارہ ہے اکثر مفسرین نے اس آیت کی تفسیر حوض کوثر سے کی ہے لیکن تحقیق یہ ہے کہ کوثر سے مراد کثیر ہے خواہ علم و عمل میں ہو یا شرف دارین میں اور یہ حوض کو شامل خیر کثیر کا ایک فرد ہے بعض نے اس کی تفسیر اولاد، تبعین اور علماء امت سے کی ہے یہ بھی خیر کثیر میں شامل ہے اس کے بیان میں قوم کی اچھی اور پسندیدہ گفتگو ہے اس میں سے کچھ کا تذکرہ رسالہ مناقب آئمہ اثنا عشر میں ذکر کیا گیا ہے۔

۳؎ ذفر، دونوں حروف پر فتحہ، تیز بُو خواہ اچھی ہو یا بُری، مسک اذفر یعنی بہت ہی اچھی و اعلیٰ خوشبو

۵۳۳۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَوْضِيْ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میرا حوض

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

مَسِيْرَةُ شَهْرٍ وَزَوَايَاهُ سَوَاءٌ وَمَاءُهُ أَبْيَضُ مِنَ اللَّبَنِ وَرِيْحُهُ أَطْيَبُ مِنَ الْمِسْكِ وَكِيْزَانُهُ كَنُجُوْمِ السَّمَاءِ مَنْ يَشْرَبُ مِنْهَا فَلَا يَظْمَأُ أَبَدًا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ایک ماہ کی مسافت تک ہے اس کے زاویے[1] برابر ہیں اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور اس کی خوشبو مشک سے بھی زیادہ پاکیزہ ہے اور اس کے آبخورے آسمان کے تاروں[2] جیسے ہیں جو اس سے ایک دفعہ پی لے کبھی پیاس نہیں لگے گی۔[3] (بخاری و مسلم)

۱ اس کی لمبائی اور گہرائی مربع ہے۔

۲ کثرت اور چمکنے میں

۳ اگر یہ سوال ہو کہ بہشتی نہروں کی لذت کا اب کیا معنی؟ کیونکہ مزہ پیاس کے بعد ہی ہوتا ہے یہاں تو پیاس ہی نہیں ہوگی تو لذت کہاں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں پیاس سے مراد کثیر اور ہلاک کر دینے والی ہے اور پیاسا اور بھوکا ہونا ایک تکلیف ہے اور اس کا دفع کرنا لذت کا وہم پیدا کرنا ہے اور جب وہاں تکلیف ہی نہ ہوگی تو اس کے رفع کی حاجت نہ ہوگی شاید وہاں بغیر پیاس کے لذت حاصل ہو اور بہشت میں تو یہ بھی ہے کہ وہاں جو خواہش ہوگی وہ پوری ہوگی اگر کوئی وہاں تشنگی چاہے گا تو وہاں یہ بھی حاصل ہوگی۔

۵۳۳۱ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ حَوْضِيْ أَبْعَدُ مِنْ أَيْلَةَ مِنْ عَدَنٍ لَهُوَ أَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ الثَّلْجِ وَأَحْلَى مِنَ الْعَسَلِ بِاللَّبَنِ وَلَآنِيَتُهُ أَكْثَرُ مِنْ عَدَدِ النُّجُوْمِ وَإِنِّيْ لَأَصُدُّ النَّاسَ عَنْهُ كَمَا يَصُدُّ الرَّجُلُ إِبِلَ النَّاسِ عَنْ حَوْضِهِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللهِ أَتَعْرِفُنَا يَوْمَئِذٍ قَالَ نَعَمْ لَكُمْ سِيْمَاءُ لَيْسَتْ لِأَحَدٍ مِنَ الْأُمَمِ تَرِدُوْنَ عَلَيَّ غُرًّا مُحَجَّلِيْنَ مِنْ أَثَرِ الْوُضُوْءِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میرا حوض اس سے لمبا ہے جو ایلہ[1] اور عدن[2] کا فاصلہ ہے، برف سے زیادہ سفید اور شہد[3] اور دودھ سے زیادہ شیریں ہے اس کے برتن آسمان کے ستاروں سے تعداد میں زیادہ ہیں میں اس سے لوگوں کو روکوں گا جیسے کوئی دوسرے لوگوں کے اونٹ کو اپنے حوض سے روکتا ہے، صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا اس دن آپ ہم کو پہچان لیں گے فرمایا ہاں تمہاری وہ نشانی ہوگی جو کسی دوسری امت کی نہ ہوگی تم میرے پاس آثار وضو کی وجہ سے روشن چہرہ پنج کلیان آؤ گے۔ (المسلم)

وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهُ عَنْ أَنَسٍ قَالَ تُرٰى فِيْهِ أَبَارِيْقُ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ كَعَدَدِ نُجُوْمِ السَّمَاءِ وَفِيْ أُخْرٰى لَهُ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ سُئِلَ عَنْ شَرَابِهِ فَقَالَ أَشَدُّ بَيَاضًا

اس کی دوسری روایت میں حضرت انس سے یوں روایت ہے فرمایا اس میں سونے چاندی کے برتن، آسمان کے ستاروں کی تعداد میں دیکھے جائیں گے اور اس کی ایک روایت میں حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

مِنَ اللَّبَنِ وَاَحْلٰی مِنَ الْعَسَلِ يَغُتُّ فِيْهِ مِيْزَابَانِ يَمُدَّانِهٖ مِنَ الْجَنَّةِ اَحَدُهُمَا مِنْ ذَهَبٍ وَّالْاٰخَرُ مِنْ وَّرِقٍ .

مروی ہے کہ فرمایا حضور سے حوض کوثر کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا دودھ سے زیادہ سفید، شہد سے زیادہ میٹھا، اس میں جنت سے دو پرنالے گرتے ہیں جو اسے بڑھاتے ہیں ایک سونے کا ہے دوسرا چاندی کا۔

؎۱ اَیلہ، ہمزہ پر زبر ہکر یائے مین سے متصل شام کے شہروں میں ایک شہر کا نام ہے

؎۲ دریائے بند سے متصل، یمن کے شہروں میں ایک شہر کا نام ہے

؎۳ دوسری امت کے لوگوں کو

؎۴ آپ ہمیں پہچان لیں کہ غیروں کو آپ منع فرمائیں گے

؎۵ سیما، سین کے نیچے زیر، یا ساکن بالقصر یا بالمد

؎۶ نور وضو کی وجہ سے پیشانی ہاتھ اور پاؤں روشن ہوں گے جیسا کہ کتاب الطہارت میں وضو کی فضیلت میں گذر چکا ہے۔

؎۷ ابریق، ہمزہ مکسور ابریزے سے معرب ہے

؎۸ غت، غین تا مشدد، غوطہ لگانا، قہر و غلبہ اور پے درپے آنا، یَغُتُّ، عین پر ضمہ یا کسرہ، از باب نصر و ضرب، یعب، یاء مشدد، عین پہ پیش، عَبٌّ سے مشتق ہے جس کا معنی مسلسل پانی پینا، یثبت یاء اور ثاء عین پر زبر ثعب معنی مجرب ہے یعنی رواں ہونا اور باہر آنا، میزاب، میم کے نیچے زیر وزب معنی پانی جاری ہونا سے مشتق ہے یا لفظ فارسی مگر معرب ہے۔ نبر فارسی میں بمعنی یوں آتا ہے۔

۵۳۳۲ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ مَنْ مَرَّ عَلَيَّ شَرِبَ وَمَنْ شَرِبَ لَمْ يَظْمَأْ اَبَدًا لَيَرِدَنَّ عَلَيَّ اَقْوَامٌ اَعْرِفُهُمْ وَيَعْرِفُوْنَنِيْ ثُمَّ يُحَالُ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَاَقُوْلُ اِنَّهُمْ مِنِّيْ فَيُقَالُ اِنَّكَ لَا تَدْرِيْ مَا اَحْدَثُوْا بَعْدَكَ فَاَقُوْلُ سُحْقًا سُحْقًا لِمَنْ غَيَّرَ بَعْدِيْ.

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں حوض پر تمہارا پیش رو ؎۱ ہوں جو مجھ پر گذرے گا وہ پئے گا وہ کبھی پیاسا نہ ہوگا میرے پاس کچھ قومیں آئیں گی جنہیں میں پہچانتا ہوں گا اور وہ مجھے پہچانتے ہیں پھر میرے اور ان کے درمیان آڑ کر دی جائے گی تو میں کہوں گا یہ تو میرے ہیں تو فرمایا جائے گا آپ نہیں جانتے کہ انھوں نے آپ کے بعد کیا باتیں پیدا کیں (یہ مانعین زکوٰۃ اور مرتد ہونے والے لوگ مراد ہیں جیسا کہ پیچھے گذر چکا ہے) میں کہوں گا اسے دوری ہو جو میرے ؎۲ بعد تبدیلی کرے۔

(بخاری ومسلم)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سلہ فرط، دونوں پر فتحہ، وہ شخص جو قوم سے پہلے کسی منزل پر جا کر حوض، ڈول اور رسی وغیرہ تیار رکھے۔
سلہ میری امت میں سے ہوں گے۔
سلہ مقام قرب و رحمت سے دور ہو جاؤ، اس حدیث کا مضمون اس کے قریب ہے جو حدیث باب الحشر کی ابتدا میں گذری ہے کہ وہاں میں انھیں اصیحابی کہوں گا اس کا معنی و شرح وہاں تفصیل سے گذر چکا ہے۔

۵۳۳۵ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یُحْبَسُ الْمُؤْمِنُوْنَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ حَتّٰی یُھَمُّوْا بِذٰلِکَ فَیَقُوْلُوْنَ لَوِ اسْتَشْفَعْنَا اِلٰی رَبِّنَا فَیُرِیْحُنَا مِنْ مَّکَانِنَا فَیَاْتُوْنَ اٰدَمَ فَیَقُوْلُوْنَ اَنْتَ اٰدَمُ اَبُو النَّاسِ خَلَقَکَ اللّٰہُ بِیَدِہٖ وَاَسْکَنَکَ جَنَّتَہٗ وَاَسْجَدَ لَکَ مَلٰٓئِکَتَہٗ وَعَلَّمَکَ اَسْمَآءَ کُلِّ شَیْءٍ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ رَبِّکَ حَتّٰی یُرِیْحَنَا مِنْ مَّکَانِنَا ھٰذَا فَیَقُوْلُ لَسْتُ ھُنَاکُمْ وَیَذْکُرُ خَطِیْئَتَہُ الَّتِیْ اَصَابَ اَکْلَہٗ مِنَ الشَّجَرَۃِ وَقَدْ نُھِیَ عَنْھَا وَلٰکِنِ ائْتُوْا نُوْحًا اَوَّلَ نَبِیٍّ بَعَثَہُ اللّٰہُ اِلٰی اَھْلِ الْاَرْضِ فَیَاْتُوْنَ نُوْحًا فَیَقُوْلُ لَسْتُ ھُنَاکُمْ وَیَذْکُرُ خَطِیْئَتَہُ الَّتِیْ اَصَابَ سُؤَالَہٗ رَبَّہٗ بِغَیْرِ عِلْمٍ وَلٰکِنِ ائْتُوْا اِبْرَاھِیْمَ خَلِیْلَ الرَّحْمٰنِ قَالَ فَیَاْتُوْنَ اِبْرَاھِیْمَ فَیَقُوْلُ اِنِّیْ لَسْتُ ھُنَاکُمْ وَیَذْکُرُ ثَلٰثَ کَذِبَاتٍ کَذَبَھُنَّ وَلٰکِنِ ائْتُوْا مُوْسٰی عَبْدًا اٰتَاہُ اللّٰہُ التَّوْرٰۃَ وَکَلَّمَہٗ وَقَرَّبَہٗ نَجِیًّا قَالَ فَیَاْتُوْنَ مُوْسٰی فَیَقُوْلُ اِنِّیْ لَسْتُ ھُنَاکُمْ وَیَذْکُرُ خَطِیْئَتَہُ الَّتِیْ اَصَابَ قَتْلَہُ النَّفْسَ وَلٰکِنِ ائْتُوْا عِیْسٰی

حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: اہل ایمان[1] بروز قیامت روکے جائیں گے حتی کہ اس کی وجہ سے سخت غمگین ہوں گے تو کہیں گے کہ ہم اپنے رب کی بارگاہ میں شفیع لاتے تاکہ وہ اس جگہ سے حرکت[2] دے، چنانچہ حضرت آدم علیہ السلام کے پاس حاضر ہو جائیں گے کہ عرض کریں گے آپ تمام انسانوں کے باپ ہیں۔ اللہ تعالٰی نے آپ کو اپنے دست قدرت[3] سے بنایا، آپ کو جنت میں رکھا آپکو فرشتوں سے سجدہ کرا دیا، آپ کو ہر چیز کے نام بتائے اپنے رب کے پاس ہماری شفاعت کریں کہ وہ ہم کو اس جگہ سے نجات دے[4] وہ فرمائیں گے کہ میں تمھارے اس مقام میں[5] نہیں ہوں اور اپنی وہ خطا یاد کریں گے، جو انھوں نے کی تھی یعنی درخت سے کھانا جس سے انھیں منع کیا گیا تھا لیکن تم حضرت نوح علیہ السلام کے پاس جاؤ کہ وہ پہلے نبی ہیں جنھیں اللہ نے زمین والے[6] کفار کی طرف بھیجا تو وہ حضرت نوح علیہ السلام کے پاس آئیں گے وہ فرمائیں گے میں تمھارے اس مقام میں[7] نہیں اور اپنی خطا یاد کریں گے جو کی تھی یعنی اپنے رب سے بغیر جانے سوال[8] کرنا لیکن تم حضرت خلیل علیہ السلام کے پاس جاؤ، تو وہ لوگ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئیں گے تو وہ کہیں گے کہ میں تمھارے اس مقام کا نہیں خلاف واقعہ[9] باتیں یاد کریں گے لیکن تم حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ، وہ بندے جنھیں اللہ نے تورات[10] بخشی اور ان سے کلام[11] کی اور انھیں مشورہ کے لیے قرب بخشا تو لوگ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

عَبْدَ اللّٰهِ وَرَسُوْلَهٗ وَرُوْحَ اللّٰهِ وَكَلِمَتَهٗ
قَالَ فَيَاْتُوْنَ عِيْسٰى فَيَقُوْلُ لَسْتُ هُنَاكُمْ
وَلٰكِنِ ائْتُوْا مُحَمَّدًا عَبْدًا غَفَرَ اللّٰهُ
لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ
قَالَ فَيَاْتُوْنِيْ فَاَسْتَاْذِنُ عَلٰى رَبِّيْ
فِيْ دَارِهٖ فَيُؤْذَنُ لِيْ عَلَيْهِ فَاِذَا
رَاَيْتُهٗ وَقَعْتُ سَاجِدًا فَيَدَعُنِيْ مَا
شَآءَ اللّٰهُ اَنْ يَّدَعَنِيْ فَيَقُوْلُ ارْفَعْ
مُحَمَّدُ وَقُلْ تُسْمَعْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ
وَسَلْ تُعْطَهْ قَالَ فَاَرْفَعُ رَاْسِيْ فَاُثْنِيْ
عَلٰى رَبِّيْ بِثَنَآءٍ وَّتَحْمِيْدٍ يُّعَلِّمُنِيْهِ ثُمَّ
اَشْفَعُ فَيَحُدُّ لِيْ حَدًّا فَاَخْرُجُ فَاُخْرِجُهُمْ
مِنَ النَّارِ وَاُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ ثُمَّ اَعُوْدُ
الثَّانِيَةَ فَاَسْتَاْذِنُ عَلٰى رَبِّيْ فِيْ دَارِهٖ
فَيُؤْذَنُ لِيْ عَلَيْهِ فَاِذَا رَاَيْتُهٗ وَقَعْتُ
سَاجِدًا فَيَدَعُنِيْ مَا شَآءَ اللّٰهُ اَنْ
يَّدَعَنِيْ ثُمَّ يَقُوْلُ ارْفَعْ مُحَمَّدُ وَقُلْ
تُسْمَعْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ وَسَلْ تُعْطَهْ
قَالَ فَاَرْفَعُ رَاْسِيْ فَاُثْنِيْ عَلٰى رَبِّيْ
بِثَنَآءٍ وَّتَحْمِيْدٍ يُّعَلِّمُنِيْهِ ثُمَّ اَشْفَعُ
فَيَحُدُّ لِيْ حَدًّا فَاَخْرُجُ فَاُخْرِجُهُمْ
مِنَ النَّارِ وَاُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ ثُمَّ اَعُوْدُ
الثَّالِثَةَ فَاَسْتَاْذِنُ عَلٰى رَبِّيْ فِيْ دَارِهٖ
فَيُؤْذَنُ لِيْ عَلَيْهِ فَاِذَا رَاَيْتُهٗ وَقَعْتُ
سَاجِدًا فَيَدَعُنِيْ مَا شَآءَ اللّٰهُ اَنْ
يَّدَعَنِيْ ثُمَّ يَقُوْلُ ارْفَعْ مُحَمَّدُ وَقُلْ
تُسْمَعْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ وَسَلْ تُعْطَهْ قَالَ

جناب موسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں گے، وہ فرمائیں گے میں تمھارے اس مقام کا نہیں اور وہ اپنی خطا یاد کریں گے جو انھوں نے کی تھی قتل کی لیکن تم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ، اللہ کے بندے، اس کے رسول، اللہ کی طرف سے روح، اس کا کلمہ ہیں پھر لوگ جناب عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں گے وہ فرمائیں گے میں تمھارے اس مقام کا نہیں لیکن تم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس جاؤ وہ بندے اللہ کے، اللہ نے ان کے سارے اگلے پچھلے گناہ بخش دیے، فرمایا تو تم سب میرے پاس آؤ گے تو میں اپنے رب کے پاس اس کے مقرر گھر میں حاضری کی اجازت مانگوں گا تو مجھے اجازت دی جائے گی میں جب رب کو دیکھوں گا تو سجدہ میں گر جاؤں گا پھر اللہ جتنا چاہے گا مجھے چھوڑے رکھے گا پھر فرمائے گا اے محمد سر اٹھاؤ کہو تمھاری سنی جائے گی شفاعت کرو قبول کی جائے گی، مانگو تم کو دیا جائے گا فرمایا پھر میں اپنا سر اٹھاؤں گا تو اللہ کی حمد و ثناء کروں گا جو وہ مجھے سکھائے گا پھر شفاعت کروں گا میرے لیے ایک حد مقرر کی جائے گی میں وہاں سے چلوں گا انھیں آگ سے نکالوں گا اور جنت میں داخل کروں گا پھر دوسری بار لوگوں کا اپنے رب سے اس کے گھر میں اجازت مانگوں گا تو مجھے اجازت دی جائے گی جب میں اپنے رب کو دیکھوں گا تو سجدہ میں گر جاؤں گا جتنا سجدے میں رب رکھنا چاہے گا اتنا مجھے سجدے میں چھوڑے گا پھر فرمائے گا اے محمد! سر اٹھاؤ اور کہو تمھاری سنی جائے گی شفاعت کرو قبول کی جائے گی، مانگو دیے جاؤ گے، فرمایا تب میں اپنا سر اٹھاؤں گا اپنے رب کی حمد و ثناء بیان کروں گا جو وہ سکھائے گا پھر شفاعت کروں گا تو میرے لیے ایک حد مقرر کی جائے گی، میں روانہ ہوں گا انھیں آگ سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَأَرْفَعُ رَأْسِي فَأُثْنِي عَلَى رَبِّي بِثَنَاءٍ وَتَحْمِيدٍ يُعَلِّمُنِيهِ ثُمَّ أَشْفَعُ فَيَحُدُّ لِي حَدًّا فَأَخْرُجُ فَأُخْرِجُهُمْ وَأُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ حَتَّى مَا يَبْقَى فِي النَّارِ إِلَّا مَنْ قَدْ حَبَسَهُ الْقُرْآنُ أَيْ وَجَبَ عَلَيْهِ الْخُلُودُ ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ عَسَى أَنْ يَبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَحْمُودًا قَالَ وَهَذَا الْمَقَامُ الْمَحْمُودُ الَّذِي وُعِدَهُ نَبِيُّكُمْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نکالوں گا حبب جنت میں داخل کروں گا، پھر میں تیسری دفعہ لوٹوں گا اپنے رب سے اس کی جگہ میں اجازت مانگوں گا مجھے اس پر اجازت دی جائے گی تو حبب میں رب کو دیکھوں گا تو سجدہ میں گر جاؤں گا جب اللہ مجھے چھوڑے رکھنا چاہے گا چھوڑے رکھے گا پھر فرمائے گا اے محمدؐ! سر اٹھاؤ کہو تمھاری سنی جائے گی شفاعت کرو قبول کی جائے گی مانگو تمھیں دیا جائے گا تو میں اپنا سر اٹھاؤں گا تو اپنے رب کی وہ حمد و ثنا کروں گا جو وہ سکھائے گا پھر شفاعت کروں گا تو میرے لیے ایک حد مقرر کی جائے گی پھر میں وہاں روانہ ہوں گا انھیں آگ سے نکالوں گا جنت میں داخل کروں گا حتیٰ کہ آگ میں صرف وہی رہ جائیں گے جنھیں قرآن نے روکا یعنی جن پر ہمیشگی ضروری ہو گی پھر آپ نے یہ آیت تلاوت کی "قریب ہے کہ آپ کا رب آپ کو مقام محمود پر کھڑا فرمائے"، فرمایا یہ مقام محمود وہ ہے جس کا تمھارے نبی سے وعدہ فرمایا ہے

(بخاری و مسلم)

۱ کیونکہ آپ ان فضائل و کرامات کے ساتھ مخصوص ہیں۔
۲ جو نہایت ہی سخت و دشوار ہو گا۔
۳ جو تم نے میرے بارے میں گمان کیا ہے کہ میں مقام شفاعت میں کھڑا ہو کر عرض کروں اور ابتدا کرتے ہوئے باب شفاعت کھولوں۔
۴ جو تم نے میرے بارے میں گمان کیا ہے
۵ اے اللہ! میرے بیٹے کو بچا کیونکہ میرے اہل میں سے ہے۔ اس پر عتاب ہوا کہ اے نوح! اس بارے میں مت پوچھو جس کا تمھیں علم نہیں۔
۶ یہ درحقیقت چیزیں دروغ نہیں بلکہ دروغ نما تھیں چونکہ حضرات انبیاء علیہم السلام کا مقام نہایت ہی عالی اور بلند ہوتا ہے لہٰذا ان پر اس طرح کی چیزوں کی وجہ سے مواخذہ کیا جاتا ہے ان تین اشیاء میں ایک یہ تھا کہ قوم تماشا و میلہ میں شرکت کے لیے چلی گئی آپ نہیں گئے تاکہ بتوں کو توڑنے کا موقعہ مل جائے اس لیے آپ نے فرمایا میں بیمار ہوں تمھارے ساتھ میلہ میں نہیں جا سکتا حالانکہ بظاہر بیمار نہیں تھے لیکن اس بات کا کیسے پتہ چلے کہ باطن میں بیماری تھی۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

شاید کفر اور ان کے عناد کی وجہ سے دل کی بیماری اور بے ذوقی مراد لی ہو دوسرا یہ تھا جب آپ نے بتوں کو توڑ ڈالا تو کفار نے پوچھا اے ابراہیم: یہ کام تم نے کیا ہے؟ آپ نے فرمایا نہیں بلکہ یہ بڑے بُت نے کیا ہے یعنی مجھے اس فعل پر ابھارنے والا یہ بُت ہے جو تمھاری عبادت و تعظیم کے لیے منفرد مقام رکھتا ہے یا مقصد استہزاء اور ان پر الزام ہے جیسے کہ ایک آدمی اچھا لکھتا ہے دوسرا اس طرح نہیں لکھ سکتا تو وہ لکھنے والے سے کہتا ہے کہ یہ خط تو نے لکھا ہے وہ کہتا ہے کہ میں نے نہیں لکھا تو نے لکھا ہے یعنی اس طرح کا لکھنا تجھ سے ہرگز نہیں ہو سکتا تیسرا یہ تھا کہ اپنی بیوی حضرت سارہ کو ظالم بادشاہ سے چھڑانے کے لیے بہن کہا حالانکہ مراد اسلامی بہن تھا بلکہ آپ کی چچا زاد بہن بھی تھیں۔

ش۷ تورات عظیم کتاب ہے تمام انبیاء بنی اسرائیل اسی کے تابع تھے

ش۸ اللہ تعالیٰ سے بے واسطہ کلام فرمایا اور محرم اسرار بنایا

ش۹ وہ قبطی جسے آپ نے پیچھے ہٹانے کے لیے دھکا دیا تو وہ مرگیا۔

ش۱۰ بغیر باپ کے پیدا فرمایا یا آپ کی ذات اجسام و قلوب کی حیات کا سبب ہے کلمہ کُن سے پیدا ہوئے اور گود میں کلام فرمایا۔

ش۱۱ میں اس لائق نہیں

ش۱۲ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی کسی خطا کے یاد کرنے کا ذکر نہیں کیا تو شارحین نے فرمایا کہ آپ پر اور آپ کی والدہ پر نصاریٰ نے افتراء باندھا کہ یہ خدا ہیں تو آپ نے شرمندگی کی وجہ سے شاید توقف فرمایا

بعض روایات میں اس کا بھی ذکر ہے یہ بھی احتمال ہے کہ آپ نے اپنے آپ کو اس عذر سے قطع نظر کرتے ہوئے باب شفاعت کے کھولنے کے لیے اہل نہ پایا ہو اور اسی لیے جرأت نہ کی، درست یہ ہے کہ تمام انبیاء و مرسلین صلوات اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین عذر کے بغیر اس مقام سے قاصر و عاجز ہیں اگرچہ انھوں نے ظاہری عذر بھی بیان کر دیا ہے اس مقام اعلیٰ و ارفع کے لائق و سزاوار صرف اور صرف سید المرسلین اور امام النبیین ہی ہیں جو نہایت ہی قرب و عزت کے درجہ پر فائز ہیں آپ اللہ کی بارگاہ میں محمود و محبوب ہیں یہی وجہ ہے کہ دیگر احادیث میں ہے کہ حضرات انبیاء علیہم السلام عذر بیان کیے بغیر فرمائیں گے یہ کام و منصب ہمارا نہیں ہے۔

ش۱۳ واضح رہے کہ اس آیت کی تفسیر و معنی میں متعدد اقوال ہیں۔ بعض نے فرمایا کہ یہاں مغفرت سے مراد عصمت ہے اور انبیاء علیہم السلام معصوم و مغفور ہیں جنس گناہ کی نسبت جو انبیاء کی طرف ہے وہاں ہر ایک تاویل و حکمت ہے خصوصاً سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات اقدس جس سے کسی وقت بھی گناہ کا ارتکاب نہیں ہوا لیکن اس بات کی اطلاع آپ کو دنیا میں ہی دے دی گئی مگر دوسروں کو نہیں دی یہی وجہ ہے کہ وہاں دوسروں کو اپنی اپنی خطا یاد آرہی ہوگی۔ سب سے بہتر تاویل یہ ہے کہ یہ آیت مبارکہ اللہ رب العزت کی طرف سے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے اعزاز و اکرام کا کامل اظہار ہے کیونکہ طریقہ یہ ہے کہ مالک جب اپنے غلام پر نہایت ہی خوش و راضی ہو تو وہ چاہتا ہے کہ اسے خصوصی طور پر ممتاز کیا جائے تو وہ کہتا ہے کہ تو نے جو کچھ کیا یا کرے گا سب تجھے معاف ہے اور تجھ پر کوئی گرفت و عتاب نہیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

باقی اقوال بھی میں نے شرح میں ذکر کر دیے ہیں ۔

۱۴ھ وہ مقام مخصوص یہاں کسی کے رابطہ کی گنجائش ہی نہیں

۱۵ھ اے محبوب من ! اے مطلوب من ! اے میری بارگاہ کے منتخب اور اے بندۂ خاص !

۱۶ھ قبول کی جائے گی

۱۷ھ اس وجہ سے اس مقام کو مقام حمد اور مقام محمود کہا جاتا ہے یہاں سے واضح ہو رہا ہے کہ شفیع کو پہلے مشفع کی حمد کرنی چاہیے تاکہ اس کی رضا و قرب کا حصول ہو اور قبولیت شفاعت کا درجہ حاصل ہو ۔

۱۸ھ شفاعت کے لیے گنہ گاروں کی حد مثلاً بے نماز ، زنا کار ، شراب خور وغیرہ کے لیے شفاعت کا حکم ہو گا ۔

۱۹ھ اس مخصوص طائفہ کو دوزخ سے نکالوں گا ۔

۲۰ھ یہاں سے معلوم ہو رہا ہے کہ یہاں شفاعت کے مستحق لوگ ان لوگوں کے علاوہ بھی ہوں گے جن کا ذکر پیچھے بطور مجوس آیا ہے تو ان دوسرے لوگوں کو بغیر توقف دوزخ میں ڈال دیا جائے گا ، جب ان محبوسین محشر کی شفاعت کا ذکر کیا تو دوسروں کی شفاعت کو بھی ذکر کر دیا گیا یہاں آگ سے مراد سورج کی گرمی ہے اور اس گرمی سے چھٹکارا مراد ہے ۔

۲۱ھ دوسرے گروہوں کی شفاعت کے لیے

۲۲ھ یعنی کفر کرنے والے

۲۳ھ اس مقام کی توصیف محمود کے ساتھ اس لیے ہے کہ وہاں کھڑا ہونے والا اس کی تعریف کرے گا اور اسے پہنچا گا یا حضور علیہ السلام وہاں اپنے رب سبحانہ کی حمد کریں گے جیسا کہ حدیث سے معلوم ہوا یا اس لیے کہ وہاں اولین آخرین کی زبان پر حضور علیہ السلام کی ثنا ہو گی ۔

۵۳۳۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ مَاجَ النَّاسُ بَعْضُهُمْ فِيْ بَعْضٍ فَيَاْتُوْنَ اٰدَمَ فَيَقُوْلُوْنَ اشْفَعْ اِلٰى رَبِّكَ فَيَقُوْلُ لَسْتُ لَهَا وَلٰكِنْ عَلَيْكُمْ بِاِبْرَاهِيْمَ فَاِنَّهٗ خَلِيْلُ الرَّحْمٰنِ فَيَاْتُوْنَ اِبْرَاهِيْمَ فَيَقُوْلُ لَسْتُ لَهَا وَلٰكِنْ عَلَيْكُمْ بِمُوْسٰى فَاِنَّهٗ كَلِيْمُ اللّٰهِ فَيَاْتُوْنَ مُوْسٰى فَيَقُوْلُ لَسْتُ لَهَا وَلٰكِنْ عَلَيْكُمْ بِعِيْسٰى فَاِنَّهٗ رُوْحُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ فَيَاْتُوْنَ عِيْسٰى فَيَقُوْلُ لَسْتُ لَهَا وَلٰكِنْ عَلَيْكُمْ بِمُحَمَّدٍ فَيَاْتُوْنِيْ فَاَقُوْلُ

انہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن لوگ بعض بعض میں مخلوط ہو جائیں گے پھر حضرت آدم علیہ السلام کے پاس آئیں گے عرض کریں گے اپنے رب کی بارگاہ میں شفاعت کیجیے وہ فرمائیں گے میں اس کے لیے نہیں ہوں تم حضرت ابراہیم کا دامن پکڑو کہ وہ اللہ کے خلیل ہیں تو وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس جائیں گے وہ بھی کہیں گے میں اس کے لیے نہیں ہوں لیکن جناب موسیٰ کے دامن کو پکڑو کہ وہ اللہ کے کلیم ہیں تو وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں گے وہ بھی کہیں گے اس کے لیے میں نہیں ہوں لیکن تم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دامن کو پکڑو

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

آتَاهَا فَاسْتَأْذِنُ عَلٰى رَبِّيْ فَيُؤْذَنُ لِيْ وَيُلْهِمُنِيْ مَحَامِدَ أَحْمَدُهٗ بِهَا لَا تَحْضُرُنِي الْآنَ فَأَحْمَدُهٗ بِتِلْكَ الْمَحَامِدِ وَأَخِرُّ لَهٗ سَاجِدًا فَيُقَالُ يَا مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ وَقُلْ تُسْمَعْ وَسَلْ تُعْطَهْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ فَأَقُوْلُ يَا رَبِّ أُمَّتِيْ أُمَّتِيْ فَيُقَالُ انْطَلِقْ فَأَخْرِجْ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ شَعِيْرَةٍ مِنْ إِيْمَانٍ فَأَنْطَلِقُ فَأَفْعَلُ ثُمَّ أَعُوْدُ فَأَحْمَدُهٗ بِتِلْكَ الْمَحَامِدِ ثُمَّ أَخِرُّ لَهٗ سَاجِدًا فَيُقَالُ يَا مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ وَقُلْ تُسْمَعْ وَسَلْ تُعْطَهْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ فَأَقُوْلُ يَا رَبِّ أُمَّتِيْ أُمَّتِيْ فَيُقَالُ انْطَلِقْ فَأَخْرِجْ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ أَوْ خَرْدَلَةٍ مِنْ إِيْمَانٍ فَأَنْطَلِقُ فَأَفْعَلُ ثُمَّ أَعُوْدُ فَأَحْمَدُهٗ بِتِلْكَ الْمَحَامِدِ ثُمَّ أَخِرُّ لَهٗ سَاجِدًا فَيُقَالُ يَا مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ وَقُلْ تُسْمَعْ وَسَلْ تُعْطَهْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ فَأَقُوْلُ يَا رَبِّ أُمَّتِيْ أُمَّتِيْ فَيُقَالُ انْطَلِقْ فَأَخْرِجْ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ أَدْنٰى أَدْنٰى مِثْقَالِ حَبَّةِ خَرْدَلَةٍ مِنْ إِيْمَانٍ فَأَخْرِجْهُ مِنَ النَّارِ فَأَنْطَلِقُ فَأَفْعَلُ ثُمَّ أَعُوْدُ الرَّابِعَةَ فَأَحْمَدُهٗ بِتِلْكَ الْمَحَامِدِ ثُمَّ أَخِرُّ لَهٗ سَاجِدًا فَيُقَالُ يَا مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ قُلْ تُسْمَعْ وَسَلْ تُعْطَهْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ فَأَقُوْلُ يَا رَبِّ ائْذَنْ لِيْ فِيْمَنْ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ قَالَ لَيْسَ ذٰلِكَ لَكَ وَلٰكِنْ وَعِزَّتِيْ وَجَلَالِيْ وَكِبْرِيَائِيْ وَ

کردہ روح اللہ اور کلمۃ اللہ ہیں تو لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں گے وہ کہیں گے کہ میں اس کے لیے نہیں ہوں لیکن تم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کرو تو پھر لوگ میرے پاس آئیں گے میں کہوں گا ہاں میں اس کے لیے ہوں پھر میں اپنے رب سے اجازت مانگوں گا مجھے اجازت ملے گی اور وہ ایسی محامد مجھے الہام فرمائے گا جو ابھی میرے علم میں نہیں۔ میں ان محامد سے حمد کروں گا اور رب کے حضور سجدہ میں گر جاؤں گا پھر کہا جائے گا اے محمد! سر اٹھاؤ اور کہو تمھاری سنی جائے گی مانگو عطا کیے جاؤ گے شفاعت کرو قبول کی جائے گی۔ میں عرض کروں گا یا رب میری امت میری امت۔ تو فرمایا جائے گا جاؤ اس کو نکالو جس کے دل میں جَو کے برابر ایمان ہو تو میں چلوں گا اور یہ عمل کروں گا پھر واپس لوٹوں گا انھی محامد سے رب کی حمد کروں گا پھر اس کے لیے سجدہ میں گر جاؤں گا تو کہا جائیگا اے محمد! اپنا سر اٹھاؤ کہو سنی جائے گی، مانگو تمھیں دیا جائے گا، شفاعت کرو قبول کی جائے گی تو میں عرض کروں گا یا رب! میری امت! میری امت! تو کہا جائے گا چلو اسے نکال لو جس کے دل میں ذرہ یا رائی کے دانہ کے برابر ایمان ہو۔ چنانچہ میں چلوں گا یہ عمل کروں گا پھر لوٹ کر آؤں گا تو اسی طرح انھی محامد سے ثنا کروں گا پھر اس کے لیے سجدہ میں گر جاؤں گا تو کہا جائے گا اے محمد! اپنا سر اٹھاؤ کہو سنی جائے گی مانگو تمھیں دیا جائے گا شفاعت کرو قبول کی جائے گی تو میں کہوں گا یا رب! میری امت میری امت! فرمایا جاوے گا جاؤ اسے نکال لو جس کے دل میں رائی کے دانہ سے کمتر ایمان ہے چنانچہ میں جاؤں گا اسے آگ سے نکال لاؤں گا پھر میں چوتھی بار لوٹوں گا اور رب تعالیٰ کی حمد و ثنا انھی محامد سے کروں گا پھر میں اس کے حضور سجدہ میں گر جاؤں گا، تو کہا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عِظْمَتِیْ لَاُخْرِجَنَّ مِنْهَا مَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جائے گا اے محمد! سر اٹھائیے کہئے سنی جائے گی مانگو دیے جاؤ گے شفاعت کرو قبول کی جائے گی تو میں عرض کروں گا بار رب! اب مجھے اس کے متعلق اجازت دے جس نے لآ الٰہ الا اللہ کہا۔ رب فرمائے گا یہ تمہارا نہیں لیکن میری عزت و جلالت اور کبریائی اور میری عظمت کی قسم میں وہاں سے اسے نکال دوں گا جس نے لآ الٰہ الا اللہ کہا۔

(بخاری و مسلم)

سلہ میں اس کی شفاعت کے اہل و قابل نہیں ہوں۔
سلہ بارگاہ شفاعت میں ہوں میں ہی اس کا اہل ہوں یہ میرا درجہ ہے کسی اور کا نہیں۔
سلہ اس وقت مجھ میں مقام قرب و معرفت سے ایک نور خاص واقع ہوگا اس کے اثر سے محامد کا علم ہوگا۔
سلہ میری امت کو بخش دے اور مجھے ان کی شفاعت کی اجازت دے دے۔
سلہ میں دوزخ سے ہر اس شخص کو باہر لے آؤں گا جس کے دل میں جَو کی مقدار برابر ایمان ہوگا۔

۵۳۳۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَسْعَدُ النَّاسِ بِشَفَاعَتِیْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ خَالِصًا مِّنْ قَلْبِهٖ اَوْ نَفْسِهٖ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا لوگوں میں زیادہ کامیاب میری شفاعت سے قیامت کے دن وہ ہوگا جس نے اپنے خالص[1] دل سے یا خالص[2] نفس سے کہا لآ الٰہ الا اللہ (البخاری)

سلہ بغیر ملاوٹ کے تہ دل سے
سلہ راوی کو شک ہے بہر تقدیر یہ تاکید ہے جیسا کہ کہا جاتا ہے میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا اور کان سے سنا کیونکہ اخلاص دل سے ہے اور جائے اخلاص دل ہے نہ کہ اور۔

۵۳۳۶ وَعَنْهُ قَالَ اُتِیَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَحْمٍ فَرُفِعَ اِلَيْهِ الذِّرَاعُ وَكَانَتْ تُعْجِبُهٗ فَنَهَسَ مِنْهَا نَهْسَةً ثُمَّ قَالَ اَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَتَدْنُوا الشَّمْسُ فَيَبْلُغُ النَّاسَ مِنَ الْغَمِّ وَالْكَرْبِ مَا لَا يُطِيْقُوْنَ فَيَقُوْلُ النَّاسُ اَلَا

اور انہی سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس گوشت لایا گیا تو آپ کی خدمت میں دستی پیش کی گئی حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دستی پسند تھی تو آپ نے اس میں نوچ کر کھایا پھر فرمایا قیامت کے دن میں لوگوں کا سربراہ ہوں جس دن لوگ رب العلمین کے حضور کھڑے ہوں گے اور سورج قریب ہوگا لوگوں کو اس قدر غم اور تکلیف ہوگی جس کی وہ طاقت نہ رکھیں گے پھر

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

تَنْظُرُوْنَ مَنْ يَّشْفَعُ لَكُمْ اِلٰى رَبِّكُمْ فَيَاْتُوْنَ اٰدَمَ وَذَكَرَ حَدِيْثَ الشَّفَاعَةِ وَقَالَ فَاَنْطَلِقُ فَاٰتِيْ تَحْتَ الْعَرْشِ فَاَقَعُ سَاجِدًا لِّرَبِّيْ ثُمَّ يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَيَّ مِنْ مَّحَامِدِهٖ وَحُسْنِ الثَّنَآءِ عَلَيْهِ شَيْئًا لَّمْ يَفْتَحْهُ عَلٰى اَحَدٍ قَبْلِيْ ثُمَّ قَالَ يَا مُحَمَّدُ اِرْفَعْ رَاْسَكَ سَلْ تُعْطَهْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ فَاَرْفَعُ رَاْسِيْ فَاَقُوْلُ اُمَّتِيْ يَا رَبِّ اُمَّتِيْ يَا رَبِّ اُمَّتِيْ يَا رَبِّ فَيُقَالُ يَا مُحَمَّدُ اَدْخِلْ مِنْ اُمَّتِكَ مَنْ لَّا حِسَابَ عَلَيْهِمْ مِّنَ الْبَابِ الْاَيْمَنِ مِنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ وَهُمْ شُرَكَآءُ النَّاسِ فِيْمَا سِوٰى ذٰلِكَ مِنَ الْاَبْوَابِ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ اِنَّ مَا بَيْنَ الْمِصْرَاعَيْنِ مِنْ مَّصَارِيْعِ الْجَنَّةِ كَمَا بَيْنَ مَكَّةَ وَهَجَرَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

لوگ کہیں گے تم کسی ایسے شخص کو کیوں نہیں ڈھونڈتے جو تمہارے رب کی بارگاہ میں تمہاری شفاعت کرے چنانچہ حضرت آدم علیہ السلام کے پاس آئیں گے اور شفاعت کی حدیث ذکر فرمائی اور فرمایا کہ پھر میں چلوں گا تو عرش کے نیچے پہنچوں گا پھر اپنے رب کے حضور سجدہ میں گر دوں گا پھر اللہ تعالیٰ مجھ پر اپنے وہ محامد و ثناء کھولے گا جو مجھ سے پہلے کسی پر نہ کھولے گا پھر فرمائے گا اے محمد! سر اٹھاؤ مانگو دیے جاؤ گے شفاعت قبول کی جائے گی تو میں سر اٹھاؤں گا عرض کروں گا یارب میری امت میری امت۔ تو کہا جائے گا اے محمد اپنی امت میں سے ان لوگوں کو جن پر حساب نہیں جنت کے دروازوں میں سے داہنے دروازے سے داخل کر دو اور جو لوگ دروازوں میں برابر کے حق دار ہیں۔ پھر فرمایا اس کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے جنت کے دروازوں میں سے ایک کی دو چوکھٹوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا کہ مکہ اور ہجر کے درمیان ہے۔

(بخاری، مسلم)

۱؎ نفس اگر سین ہو تو سامنے کے دانتوں کے ساتھ پکڑنا اور اگر شین ہو تو پچھلے دانتوں کے ساتھ پکڑنا، اکثر روایات میں سین ہے مگر بعض میں شین بھی آیا ہے۔

۲؎ پھر تمام حدیث شفاعت بیان کی کہ لوگ تمام انبیاء سے التماس شفاعت کریں گے اور وہ جواب دے دیں گے ہم اس مقام پر آج اللہ کے حضور گفتگو نہیں کر سکتے۔

۳؎ جو کہ مقام خاص اور عظیم ہے

۴؎ بلکہ مجھ پر بھی اسی وقت الہام ہوگا جیسا کہ سابقہ حدیث سے معلوم ہو چکا ہے۔

۵؎ جن سے حساب نہیں لیا جائے گا اور انہیں بے حساب جنت میں داخلہ نصیب ہو رہا ہے

۶؎ بہشت کے دروازے صرف انھی کے لیے مخصوص ہوں گے اور باقی دروازے ان کے اور دوسروں کے درمیان مشترک ہوں گے۔

۷؎ ہجر، دونوں ابتدائی حروف مفتوح بحرین اور مدینہ کے دیہاتوں میں سے ایک قریہ کا نام ہے صحیح یہ ہے کہ یہاں پہلا مراد ہے اور دو مصراع سے دروازے کے دونوں تختے ہیں جو ایک سوراخ پر آ کر بند ہوتے ہیں اور یہ دونوں ایک

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

شعر کے دو مصرعوں کی طرح ہوتے ہیں۔ اصل میں یہ مصرع بمعنی رفع والقاء ہے ۔ مشارق الانوار میں ہے کہ یہاں مصاریع سے مراد جنت کے دروازے ہیں اور مصراع اس وقت کہا جاتا ہے جب دروازے کے دو طاق ہوں ۔ یہاں مقصود جنت کے دروازے کی وسعت کا بیان ہے مراد تحدید و تعیین نہیں بلکہ لوگوں کو محض اس وسعت کا سمجھانا ہے حقیقت حال اس کے علاوہ ہوگی ۔

۵۳۳۷ وَعَنْ حُذَيْفَةَ فِي حَدِيْثِ الشَّفَاعَةِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَتُرْسَلُ الْاَمَانَةُ وَالرَّحِمُ فَتَقُوْمَانِ جَنَبَتَيِ الصِّرَاطِ يَمِيْنًا وَشِمَالًا ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت حذیفہ[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث شفاعت کے بارے میں مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا : امانت[۲] اور رحمی رشتے[۳] بھیجے جائیں گے وہ پل صراط کے دونوں طرف دائیں بائیں[۴] کھڑے ہوں گے ۔

(مسلم)

[۱] حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ

[۲] حفظ حقوق واموالِ مردم اور ان کی نگہداشت

[۳] ولادت کے رشتے جن کے ساتھ صلہ رحمی لازم ہے

[۴] طلب حقوق اور خصومت کے لیے ، دونوں طرف کہنے میں مقصود کی تعظیم اور تاکید ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ ان دونوں معانی کو کسی صورت میں متمثل فرما دیں اور دونوں طرف واقعۃً کھڑے ہو کر طلب حقوق کریں ۔

۵۳۳۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَلَا قَوْلَ اللّٰهِ تَعَالٰى فِي اِبْرَاهِيْمَ رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ وَقَالَ عِيْسٰى اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ فَرَفَعَ يَدَيْهِ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اُمَّتِيْ اُمَّتِيْ وَبَكٰى فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يَا جِبْرِيْلُ اذْهَبْ اِلٰى مُحَمَّدٍ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ فَسَلْهُ مَا يُبْكِيْهِ فَاَتَاهُ جِبْرِيْلُ فَسَاَلَهٗ فَاَخْبَرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَالَ فَقَالَ اللّٰهُ لِجِبْرِيْلَ اِذْهَبْ اِلٰى مُحَمَّدٍ فَقُلْ اِنَّا سَنُرْضِيْكَ فِيْ اُمَّتِكَ وَلَا نَسُوْءُكَ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رب تعالیٰ کے اس کلام کی تلاوت کی جو حضرت ابراہیم علیہ السلام سے متعلق ہے ، یا رب ان بتوں نے بہت لوگوں کو گمراہ کیا تو جس نے میری پیروی کی وہ تو میرا[۱] ہو گیا اور جناب عیسیٰ کہیں گے اگر تو انھیں عذاب دے تو وہ تیرے بندے ہیں[۲] تو حضور نے ہاتھ اٹھائے[۳] عرض کیا الٰہی میری امت اور رو دیے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے جبریل میرے محبوب محمد کے پاس جاؤ تمہارا رب[۴] خوب جانتا ہے مگر ان سے پوچھو انھیں کیا چیز رلا رہی ہے تو حضور کے پاس حضرت جبریل آئے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا انھیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی عرض و معروض کی اطلاع دی تو اللہ تعالیٰ نے حضرت جبریل سے فرمایا تم جناب محمد کے پاس جاؤ کہو کہ ہم تم کو تمہاری امت کے

معاملہ میں راضی کریں گے غمگین نہ کریں گے (المسلم)

سلہ اگلا حقہ یہ ہے وَمَنْ عَصَانِی فَاِنَّکَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ (جس نے میری نافرمانی کی بے شک تو معاف فرمانے والا اور رحم کرنے والا ہے)

سلہ اس کا بقیہ حصہ یہ ہے وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ (اگر تو انھیں معاف فرما دے تو بے شک تو عزت والا اور حکمت والا ہے)

سلہ حاصل یہ ہے کہ ان دو انبیاء کا اپنی امت کو یاد کرنا اور شفاعت کرنا جب آپ کے سامنے آیا تو آپ نے رب کریم کے حضور اپنی امت کی بخشش کے لیے ہاتھ پھیلا دیے۔

سلہ لیکن کرم اور عنایت کریمانہ کے اظہار کے لیے پوچھو

سلہ ایک روایت میں آیا ہے کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا میں اس وقت تک خوش نہیں ہوں گا جب تک ایک ایک امتی کو میری شفاعت سے بخشش نہ دیا جائے گا اب امت پر لازم ہے کہ آپ کے ساتھ عقد ایمان درست طریقہ سے باندھے اور مشکل معاملہ بھی فقط یہی ہے دوسری کوئی شکل نہیں۔ شعر

خاک او باش و بادشاہی کن آن او باش وہر چہ خواہی کن

(ان کی خاک ہو کر بادشاہ بن جاؤ اور ان کی اتباع کرلو اور جو چاہو کرو)

۵۳۳۹ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ نَاسًا قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ نَرٰی رَبَّنَا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ هَلْ تُضَارُّوْنَ فِیْ رُؤْیَةِ الشَّمْسِ بِالظَّهِیْرَةِ صَحْوًا لَیْسَ مَعَهَا سَحَابٌ وَهَلْ تُضَارُّوْنَ فِیْ رُؤْیَةِ الْقَمَرِ لَیْلَةَ الْبَدْرِ صَحْوًا لَیْسَ فِیْهَا سَحَابٌ قَالُوْا لَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَا تُضَارُّوْنَ فِیْ رُؤْیَةِ اللّٰهِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اِلَّا كَمَا تُضَارُّوْنَ فِیْ رُؤْیَةِ اَحَدِهِمَا اِذَا كَانَ یَوْمُ الْقِیٰمَةِ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ لِیَتَّبِعْ كُلُّ اُمَّةٍ مَا كَانَتْ تَعْبُدُ فَلَا یَبْقٰی اَحَدٌ كَانَ یَعْبُدُ غَیْرَ اللّٰهِ مِنَ الْاَصْنَامِ وَالْاَنْصَابِ اِلَّا یَتَسَاقَطُوْنَ فِی النَّارِ حَتّٰی اِذَا لَمْ یَبْقَ اِلَّا مَنْ كَانَ یَعْبُدُ مِنْ بَرٍّ وَّفَاجِرٍ اَتَاهُمْ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ کچھ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا ہم روز قیامت اپنے رب کو دیکھیں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں! کیا تم صاف دوپہری میں جب سورج کے ساتھ بادل نہ ہوں سورج کے دیکھنے میں شک کرتے ہو اور کیا تم چودھویں کی صاف رات میں جبکہ چاند کے ساتھ بادل نہ ہو چاند دیکھنے میں شک کرتے ہو عرض کیا یا رسول اللہ نہیں فرمایا: تم قیامت کے دن اللہ کے دیدار میں شک کروگے مگر ایسا جیسے ان دونوں میں سے ایک کے دیکھنے میں کرتے ہو جب قیامت کا دن ہوگا تو اعلانچی اعلان کرے گا کہ ہر گروہ اس کے پیچھے جائے جس کی وہ پرستش کرتا تھا تو جو بھی اللہ کے سوا بتوں اور پتھروں کی عبادت کرتے تھے اس میں سے کوئی نہ بچے گا تو ان کے پاس رب العالمین آئے گا فرمایا جائے گا تم کیا انتظار کر رہے ہو

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ قَالَ فَمَاذَا تَنْظُرُوْنَ يَتْبَعُ
كُلُّ اُمَّةٍ مَّا كَانَتْ تَعْبُدُ قَالُوْا يَا رَبَّنَا
فَارَقْنَا النَّاسَ فِي الدُّنْيَا اَفْقَرَ مَا كُنَّا
اِلَيْهِمْ وَلَمْ نُصَاحِبْهُمْ وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ
هُرَيْرَةَ فَيَقُوْلُوْنَ هٰذَا مَكَانُنَا حَتّٰى يَاْتِيَنَا
رَبُّنَا فَاِذَا جَآءَ رَبُّنَا عَرَفْنَاهُ وَفِيْ رِوَايَةِ
اَبِيْ سَعِيْدٍ فَيَقُوْلُ هَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ اٰيَةٌ
تَعْرِفُوْنَهٗ فَيَقُوْلُوْنَ نَعَمْ فَيُكْشَفُ عَنْ
سَاقٍ فَلَا يَبْقٰى مَنْ كَانَ يَسْجُدُ لِلّٰهِ تَعَالٰى
مِنْ تِلْقَآءِ نَفْسِهٖ اِلَّا اَذِنَ اللّٰهُ لَهٗ بِالسُّجُوْدِ
وَلَا يَبْقٰى مَنْ كَانَ يَسْجُدُ اِتِّقَآءً وَّرِيَآءً
اِلَّا جَعَلَ اللّٰهُ ظَهْرَهٗ طَبَقَةً وَّاحِدَةً كُلَّمَا
اَرَادَ اَنْ يَّسْجُدَ خَرَّ عَلٰى قَفَاهُ ثُمَّ يُضْرَبُ
الْجِسْرُ عَلٰى جَهَنَّمَ وَتَحِلُّ الشَّفَاعَةُ وَ
يَقُوْلُوْنَ اَللّٰهُمَّ سَلِّمْ سَلِّمْ فَيَمُرُّ الْمُؤْمِنُوْنَ
كَطَرْفِ الْعَيْنِ وَكَالْبَرْقِ وَكَالرِّيْحِ وَكَالطَّيْرِ
وَكَاَجَاوِيْدِ الْخَيْلِ وَالرِّكَابِ فَنَاجٍ مُّسَلَّمٌ
وَّمَخْدُوْشٌ مُّرْسَلٌ وَّمَكْدُوْسٌ فِيْ نَارِ
جَهَنَّمَ حَتّٰى اِذَا خَلَصَ الْمُؤْمِنُوْنَ مِنَ النَّارِ
فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْكُمْ
بِاَشَدَّ مُنَاشَدَةً فِي الْحَقِّ قَدْ تَبَيَّنَ لَكُمْ
مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لِلّٰهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لِاِخْوَانِهِمُ
الَّذِيْنَ فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا كَانُوْا يَصُوْمُوْنَ
مَعَنَا وَيُصَلُّوْنَ وَيَحُجُّوْنَ فَيُقَالُ لَهُمْ
اَخْرِجُوْا مَنْ عَرَفْتُمْ فَتُحَرَّمُ صُوَرُهُمْ
عَلَى النَّارِ فَيُخْرِجُوْنَ خَلْقًا كَثِيْرًا ثُمَّ
يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا مَا بَقِيَ فِيْهَا اَحَدٌ مِّمَّنْ اَمَرْتَنَا

ہر امت اپنے پیرو کے ساتھ جاری ہے یہ عرض کریں گے یارب! ہم نے دنیا میں ان لوگوں کو چھوڑے رکھا جب کہ ہم ان کے بہت حاجت مند تھے اور ہم ان کے ساتھ نہ رہے اور جناب ابوہریرہ کی روایت میں ہے کہ کہیں گے یہی ہماری جگہ ہے حتی کہ ہمارے پاس ہمارا رب آئے پھر جب ہمارا رب جلوہ فرما ہوگا ہم اسے پہچان لیں گے اور جناب ابوسعید کی روایت میں ہے رب فرمائے گا کیا تمہارے اور اس کے درمیان کوئی نشانی کہ تم اسے پہچان لو گے؟ وہ کہیں گے ہاں! تو اب پنڈلی کھولے گا تو ان میں سے جو دل کے اخلاص سے رب کو سجدہ کرتے تھے کوئی نہ رہے گا مگر اللہ اسے سجدہ کی اجازت دے گا اور جو لوگ اپنے بچاؤ اور دکھلاوے کے لیے سجدہ کرتے تھے ان میں سے کوئی نہ بچے گا مگر اللہ اس کی پیٹھ تختہ بنا دے گا وہ جب بھی سجدہ کا ارادہ کرے گا اپنی پیٹھ پر گر جاوے گا، پھر دوزخ پہ پل رکھا جائے گا اور شفاعت واقع ہوگی اور کہیں گے الٰہی سلامت رکھ سلامت رکھ تو مسلمان پلک جھپکنے کی طرح اور بجلی کی طرح اور ہوا کی طرح، پرندے کی طرح اور تیز گھوڑے کی طرح اونٹ کی طرح گذریں گے بعض تو نجات پائیں گے سلامت رہیں گے بعض زخمی ہوکر چھوڑ دیے جائیں گے بعض دوزخ کی آگ میں گرا دیے جائیں گے حتی کہ جب مسلمان آگ سے خلاصی پالیں گے تو اس کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے نہیں ہے تم میں سے کوئی زیادہ جھگڑا کرنے والا اپنے اس حق میں جو تمہیں ظاہر ہو جائے گا بمقابلہ مسلمانوں کے جو وہ اللہ سے جھگڑیں گے قیامت کے دن اپنے دوزخی بھائیوں کے لیے عرض کریں گے یارب وہ لوگ ہمارے ساتھ روزے رکھتے تھے نمازیں پڑھتے تھے اور حج کرتے تھے تو ان سے کہا جائے گا کہ جنہیں تم پہچانتے ہو

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

فَيَقُوْلُ ارْجِعُوْا فَمَنْ وَجَدْتُّمْ فِيْ قَلْبِهٖ
مِثْقَالَ دِيْنَارٍ مِّنْ خَيْرٍ فَاَخْرِجُوْهُ فَيُخْرِجُوْنَ
خَلْقًا كَثِيْرًا ثُمَّ يَقُوْلُ ارْجِعُوْا فَمَنْ وَجَدْتُّمْ
فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالَ نِصْفِ دِيْنَارٍ مِّنْ خَيْرٍ
فَاَخْرِجُوْهُ فَيُخْرِجُوْنَ خَلْقًا كَثِيْرًا ثُمَّ
يَقُوْلُ ارْجِعُوْا فَمَنْ وَجَدْتُّمْ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالَ
ذَرَّةٍ مِّنْ خَيْرٍ فَاَخْرِجُوْهُ فَيُخْرِجُوْنَ
خَلْقًا كَثِيْرًا ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا لَمْ نَذَرْ فِيْهَا
خَيْرًا فَيَقُوْلُ اللّٰهُ شَفَعَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ وَشَفَعَ
النَّبِيُّوْنَ وَشَفَعَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَلَمْ يَبْقَ اِلَّا
اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ فَيَقْبِضُ قَبْضَةً مِّنَ النَّارِ
فَيُخْرِجُ مِنْهَا قَوْمًا لَّمْ يَعْمَلُوْا خَيْرًا قَطُّ
قَدْ عَادُوْا حُمَمًا فَيُلْقِيْهِمْ فِيْ نَهْرٍ فِيْ
اَفْوَاهِ الْجَنَّةِ يُقَالُ لَهٗ نَهْرُ الْحَيٰوةِ
فَيَخْرُجُوْنَ كَمَا تَخْرُجُ الْحِبَّةُ فِيْ حَمِيْلِ
السَّيْلِ فَيَخْرُجُوْنَ كَاللُّؤْلُؤِ فِيْ رِقَابِهِمُ
الْخَوَاتِمُ فَيَقُوْلُ اَهْلُ الْجَنَّةِ هٰٓؤُلَآءِ
عُتَقَآءُ الرَّحْمٰنِ اَدْخَلَهُمُ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ
عَمَلٍ عَمِلُوْهُ وَلَا خَيْرٍ قَدَّمُوْهُ فَيُقَالُ
لَهُمْ لَكُمْ مَا رَاَيْتُمْ وَمِثْلُهٗ مَعَهٗ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نکال لو ان کی صورتیں آگ پر حرام کر دی جائیں گی یہ لوگ بڑی خلقت کو نکالیں گے پھر کہیں گے یا رب جن کے متعلق تم نے ہم کو حکم دیا تھا ان میں سے تو کوئی باقی نہ رہا اب فرمائے گا واپس جاؤ جس کے دل میں دینار کے برابر بھلائی پاؤ اسے نکال لو تو بڑی خلقت نکالیں گے پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا واپس جاؤ جس کے دل میں آدھے دینار کے برابر بھلائی پاؤ اسے نکال لو چنانچہ وہ بڑی خلقت کو نکال لیں گے پھر فرمائے گا لوٹ جاؤ جس کے دل میں ذرہ برابر بھلائی پاؤ اسے نکال لو وہ بڑی خلقت کو نکالائیں گے پھر عرض کریں گے یا رب ہم نے دوزخ میں کسی بھلائی والے کو نہ چھوڑا تب اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ فرشتوں نے شفاعت کر لی، رسولوں نے شفاعت فرمائی، مومنوں نے شفاعت کر لی اب سوا ارحم الراحمین کے اور کوئی باقی نہ رہا تب آگ میں سے ایک مٹھی بھرے گا تو ان لوگوں کو وہاں سے نکال دے گا جنھوں نے کبھی کوئی بھلائی نہیں کی جو کوئلہ ہو چکے ہوں گے انھیں اس نہر میں ڈالے گا جو جنت کے دہانوں میں ہے جسے زندگی کی نہر کہا جاتا ہے تو وہ یوں اگیں گے جیسے دانہ سیلاب کے اوپر کے کوڑا میں اگتا ہے پھر وہ نکلیں گے موتی کی طرح ان کی گردنوں میں مہریں ہوں گی انھیں لوگ کہیں گے کہ یہ اللہ کے آزاد کردہ ہیں جنھیں رب نے بغیر عمل کیے ہوئے بغیر بھلائی آگے بھیجے جنت میں داخل فرمادیا تو ان سے کہا جائے گا کہ تمھارے لیے وہ ہے جو تم نے دیکھا اور اس کی مثل۔

(بخاری و مسلم)

۱؎ اس کے بعد دیدار کے یقین اور اثبات کے لیے فرمایا۔
۲؎ صحو، آفتاب کی ٹکیہ کا خوب کشادہ ہو کر ظاہر ہونا۔
۳؎ یعنی جس طرح آفتاب و ماہتاب دیکھنے میں شک نہیں اسی طرح وہاں بھی ہرگز شک نہیں ہوگا شارحین کہتے ہیں کہ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

یہ دیدار اس کے علاوہ ہے جو مومنوں کے لیے جنت میں ثواب کے طور پر ہوگا۔ یہ دیدار اللہ تعالیٰ کی طرف سے امتحان ہوگا تاکہ اللہ کی عبادت اور بتوں کی عبادت کرنے والوں کے درمیان امتیاز ہو جائے۔ بندوں کا امتحان و ابتلاء وہاں جاری رہے گا حتیٰ کہ حساب سے فراغت اور جزا و سزا کا وقوع ہو جائے۔ آخرت اگرچہ بدلہ کی جگہ ہے لیکن اس میں امتحان ہوگا جیساکہ دنیا دارِ امتحان ہے لیکن اس میں بھی جزا کا وقوع ہوتا ہے جیساکہ فرمایا وَمَا اَصَابَکُمْ مِّنْ مُّصِیْبَۃٍ فَبِمَا کَسَبَتْ اَیْدِیْکُمْ (تمھیں جو مصیبت آتی ہے، یہ تمھارے اعمال کی وجہ سے ہے) کذا قال الطیبی واللہ اعلم۔

۴؎ اصنام صنم کی جگہ، بُت، انصاب، نصب کی جمع۔ وہ پتھر جس کی پرستش کی ہوگی اور اس کے ہاں بقصد تقرب و طاعت ذبح کیا جائے گا۔

۵؎ عابد و معبود دونوں دوزخ میں جائیں گے

۶؎ ان پر اللہ تعالیٰ تجلی کا اظہار فرمائے گا باقی اتیان (آنا) جیسی صفات کا انتساب کلام اللہ اور کلام رسول دو قول میں وارد ہیں۔ ہم یہ اعتقاد رکھیں گے کہ یہ بے کیفیت ہے، اللہ تعالیٰ حرکت و انتقال سے منزہ ہے جیساکہ باقی تشابہات کا حکم ہے یا فرشتوں میں سے کوئی فرشتہ آئے گا۔ علامہ طیبی نقل کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان ملائکہ میں سے ایک فرشتہ کے مشابہ ظاہر ہوگا۔ جو صفات الٰہیہ کے مشابہ ہیں تاکہ امتحان لے، جب یہ ملک اور یہ صورت کہے گی کہ میں تمھارا پروردگار ہوں اور اس پر مخلوق کی علامات ہوں گی تو وہ انکار کر دیں گے اور جان لیں گے کہ یہ پروردگار نہیں اور استعاذہ کریں گے۔ طیبی نے یہاں پر شارحینِ حدیث سے خوب کلام نقل کیا ہے۔

۷؎ اب ہم ان کی مصاحبت کر سکتے ہیں؟ حالانکہ اب ہم ان سے بے نیاز ہیں اور یہ خود اور ان کے معبود دوزخ میں جا رہے ہیں۔

۸؎ اس کی تفصیل و شرح "باب لاتقوم الساعۃ الا شرار الناس" کی فصل اوّل میں گذر چکی ہے کہ ساق سے مراد شدت اور محنت ہوتا ہے اور کشف ساق شدت میں بطور محاورہ بولا جاتا ہے۔ بعض نے کہا کہ یہاں نورِ عظیم یا ملائکہ کی جماعت مراد ہے۔ درست یہ ہے کہ اس کی تاویل و معنی میں ہم توقف اختیار کرتے ہوئے اسے علمِ الٰہی کے سپرد کرتے ہیں۔

۹؎ جو دنیا میں خلوص و حسنِ نیت کے ساتھ سجدہ کرتا ہے، نہ ریاکاری کرتے ہوئے اور نہ خوف شمشیر کی وجہ سے۔

۱۰؎ قتل و غارت سے بچنے کے لیے یا ریاکاری کرتے ہوئے۔

۱۱؎ اس کی استخواں کے درمیان خلا نہ رہے گا کہ وہ سجدہ کر سکے۔

۱۲؎ یعنی حضرات انبیاء علیہم السلام اپنی امتوں کی سلامتی اور استقامت کے لیے جیساکہ حدیث ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں اس پر تصریح ہے۔

۱۳؎ انھیں سلامتی سے گذار دے تاکہ جہنم میں نہ گر جائیں۔

۱۴؎ مسلمان وہاں سے اپنے اپنے اعمال اور دین پر استقامت کے مطابق گذریں گے۔ درحقیقت یہ پل شریعت کے صراطِ مستقیم کی طرح ہے جو تلوار سے زیادہ باریک ہے جس پر چلنا نہایت دشوار ہے لیکن بڑا روشن و واضح ہے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اسی معنی میں یہ شعر ہے ؎

پس کار غریب ست عجیب مشکل و آسان چوں جسر صراط ست بسے روشن و باریک

(یہ کام نہایت عجیب مشکل و آسان ہے جیسے پل صراط ہے بہت روشن اور باریک)

۱۵؎ بعض آنکھ جھپکنے کی مانند گذر جائیں گے

۱۶؎ یعنی وہ پل صراط سے گذر جائیں گے اور انھیں کوئی ضرر لاحق نہ ہوگا

۱۷؎ ان کا چہرہ پراگندہ ہوجائے گا اس کے بعد انھیں دوزخ سے رہائی اور گذرنا نصیب ہوگا

۱۸؎ مکدوس، سین کے ساتھ بھی روایت ہے معنی یہی ہے کہ مکردش، میم پر پیش، کاف مفتوح، راء ساکن اور دال پر فتحہ بھی مروی ہے جس کا معنی بندھا ہوا، بند کیا گیا، جمع کیا گیا اور آتش میں ایک دوسرے پر گرانا کے ہیں۔

۱۹؎ جو مسلمان آگ میں گرے ہوئے تھے اور اس سے باہر آگئے یعنی انھوں نے اپنے گناہوں کے مطابق سزا دوزخ بھگت کر اپنی آلائشوں سے پاکیزگی حاصل کی ہوگی یہاں سے معلوم ہو رہا ہے کہ مومن ہمیشہ عذاب میں نہیں رہے گا آخر دوزخ سے باہر آجائیں گے اور ان کی شفاعت کریں گے جو کثرتِ معاصی کی وجہ سے ابھی دوزخ میں ہوں گے مطالبہ میں خوب مبالغہ کریں گے اور اللہ تعالیٰ سے ان کے بارے میں خوب عرض و گذارش کا اظہار کریں گے جیسا کہ فرمایا۔

۲۰؎ تمہارا وہ حق جو کسی مخالف پر ثابت ہوجائے اس کے حصول میں تم جو جدوجہد و مبالغہ کرتے ہو، مومن اپنے ان بھائیوں کے لیے اس سے بڑھ کر اپنے مولیٰ سے عرض و سوال میں مبالغہ کریں گے جو ابھی دوزخ میں ہوں گے۔

۲۱؎ اہلِ خیر و صلاح میں سے جیسا کہ سیاقِ حدیث سے ظاہر ہے

۲۲؎ یعنی اہلِ ایمان کے چہرے دوزخ میں تاکہ وہ پہچانے جاسکیں۔

۲۳؎ یعنی جو اصل ایمان سے ذرہ سی نیکی زیادہ رکھتے ہیں خواہ وہ اعمالِ جوارح میں سے ہے یا اعمالِ قلوب میں سے ہے۔

۲۴؎ ان تمام کی شفاعت ان لوگوں کے ساتھ مخصوص ہے جنھوں نے اصل ایمان سے زائد نیکی کی ہو، خواہ وہ ذرہ ہی کیوں نہ ہو۔

۲۵؎ اصل ایمان سے زائد نیکی

۲۶؎ حمم۔ حاء پر پیش، میم پر زبر حممہ بمعنی کوئلہ کی جمع ہے۔

۲۷؎ افواہ۔ فُوھۃ کی جمع ہے فاء پر پیش اور واو مفتوحہ مشدد، صراح میں ہے فُوَّھَۃ ضم اور تشدید کے ساتھ معنی دہانہ گوئے اور دہانہ نہر۔ مشارق الانوار میں ہے کہ جنت کے منازل اور اس کے محلات کے راستے مراد ہیں۔

۲۸؎ جیسے دانہ خس و خاشاک میں سیلاب کے اوپر اگتا ہے۔ حِبہ، حاء کے نیچے کسرہ، سبزیوں کا بیج، مشارق میں ہے کہ حِبہ بالکسر سبزیوں کے بیج کا جامع نام ہے جو ہوا کی وجہ سے بکھر جاتا ہے اور جب بارش برسے تو ایک رات اور ایک دن میں اگ پڑتا ہے، ابو عمر کہتے ہیں کہ حبہ اسے کہتے ہیں جو خس و خاشاک میں از خود اگ آئے، صراح میں ہے کہ حِبہ بالکسر

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

وہ جنگلی بیج جن سے قوت نہیں ہوتی، وجہ تشبیہ جلدی اگنا اور تر و تازہ ہونا ہے "حمیل سیل" بر وزن فعیل وہ مٹی خس و خاشاک جسے سیلاب کا پانی بہا کر لے جاتا ہے۔

۲۹ بواسطہ عمل صالح

۳۰ پاک وصاف اور روشن موتی

۳۱ انعام و اکرام

۳۲ اس کی مثل دیگر نعمتیں

۳۳ علامہ طیبی معنی کرتے ہیں کہ تمہاری نظر جہاں تک جاتی ہے وہاں تک اور اس کی مثل تمہارے لیے جنت ہے جب جنت میں آکر اس کی نعمتوں سے مسرور و مشرف ہو گے تو اب عاملوں اور غیر عاملوں میں کچھ فرق نہ رہے گا اس کا جواب یہ ہے کہ جنت میں بے حد وحساب درجات و مراتب ہیں اگرچہ ہر کوئی جنت میں آکر جنت کی نعمتوں میں شریک ہو جائے گا مگر اعمال کی جزا اور ان میں امتیاز تو قائم رہے گا، علاوہ ازیں یہ سب اللہ کا فضل ہے اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ عبادت و عمل جنت کے لیے نہیں بلکہ یہ اللہ تعالیٰ سے محبت اور اس کی بندگی کا تقاضا ہے اور ان پر اجر اور جزاء اس کا فضل و کرم ہے اس کے باوجود اس کے ہاں کوئی عمل رائیگاں نہیں اور ہر چیز کے لیے اجر، جزا اور مرتبہ اور درجہ ہے۔

۵۳۴۰ وَعَنْهُ[۱۲] قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ وَاَهْلُ النَّارِ النَّارَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ مِّنْ اِيْمَانٍ فَاَخْرِجُوْهُ فَيُخْرَجُوْنَ قَدِ امْتُحِشُوْا وَعَادُوْا حُمَمًا فَيُلْقَوْنَ فِيْ نَهْرِ الْحَيٰوةِ فَيَنْبُتُوْنَ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِيْ حَمِيْلِ السَّيْلِ اَلَمْ تَرَوْا اَنَّهَا تَخْرُجُ صَفْرَاءَ مُلْتَوِيَةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اور انہی[۱] سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب جنتی جنت میں اور دوزخی دوزخ میں داخل ہو جائیں گے تو اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائیں گے جس شخص کے دل میں رائی کے برابر ایمان ہے اسے دوزخ سے نکال لو چنانچہ وہ نکال لیں گے حالانکہ جل چکے ہوں گے اور کوئلہ ہو چکے ہوں گے پھر وہ نہر حیات میں ڈالے جائیں گے تو ایسے اگیں گے جیسے دانہ سیلاب کے اوپر کوڑے میں اگتا ہے کیا تم نہیں دیکھتے کہ دانہ پیلا ٹیڑھا[۲] نکلتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

۱ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

۲ یعنی تر و تازہ

۵۳۴۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ[۱۳] اَنَّ النَّاسَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ نَرٰى رَبَّنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَذَكَرَ مَعْنٰى حَدِيْثِ اَبِيْ سَعِيْدٍ غَيْرَ كَشْفِ السَّاقِ وَقَالَ يُضْرَبُ الصِّرَاطُ بَيْنَ ظَهْرَانَيْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا ہم روز قیامت اپنے رب کو دیکھیں گے پھر حضرت ابوسعید کی مثل حدیث بیان کی سوائے پنڈلی کھلنے کے اور فرمایا کہ دوزخ کے دونوں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جَهَنَّمَ فَأَكُونُ أَوَّلَ مَنْ يَجُوزُ مِنَ الرُّسُلِ
بِأُمَّتِهِ وَلَا يَتَكَلَّمُ يَوْمَئِذٍ إِلَّا الرُّسُلُ وَكَلَامُ
الرُّسُلِ يَوْمَئِذٍ اللّٰهُمَّ سَلِّمْ سَلِّمْ وَفِي
جَهَنَّمَ كَلَالِيبُ مِثْلُ شَوْكِ السَّعْدَانِ
لَا يَعْلَمُ قَدْرَ عِظَمِهَا إِلَّا اللّٰهُ تَخْطَفُ
النَّاسَ بِأَعْمَالِهِمْ فَمِنْهُمْ مَنْ يُوبَقُ
بِعَمَلِهِ وَمِنْهُمْ مَنْ يُخَرْدَلُ ثُمَّ يَنْجُو
حَتّٰى إِذَا فَرَغَ اللّٰهُ مِنَ الْقَضَاءِ بَيْنَ عِبَادِهِ
وَأَرَادَ أَنْ يُخْرِجَ مِنَ النَّارِ مَنْ أَرَادَ أَنْ
يُخْرِجَهُ مِمَّنْ كَانَ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا
اللّٰهُ أَمَرَ الْمَلٰئِكَةَ أَنْ يُخْرِجُوا مَنْ كَانَ
يَعْبُدُ اللّٰهَ فَيُخْرِجُونَهُمْ وَيَعْرِفُونَهُمْ
بِآثَارِ السُّجُودِ وَحَرَّمَ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ أَنْ
تَأْكُلَ أَثَرَ السُّجُودِ فَكُلُّ ابْنِ آدَمَ تَأْكُلُهُ
النَّارُ إِلَّا أَثَرَ السُّجُودِ فَيُخْرَجُونَ مِنَ
النَّارِ قَدِ امْتَحَشُوا فَيُصَبُّ عَلَيْهِمْ مَاءُ
الْحَيٰوةِ فَيَنْبُتُونَ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ
فِي حَمِيلِ السَّيْلِ وَيَبْقٰى رَجُلٌ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَ
النَّارِ وَهُوَ آخِرُ أَهْلِ النَّارِ دُخُولًا الْجَنَّةَ
مُقْبِلٌ بِوَجْهِهِ قِبَلَ النَّارِ وَقَدْ قَشَبَنِي
رِيحُهَا وَأَحْرَقَنِي ذَكَاؤُهَا فَيَقُولُ هَلْ
عَسَيْتَ إِنْ فُعِلَ ذٰلِكَ أَنْ تَسْأَلَ غَيْرَ
ذٰلِكَ فَيَقُولُ لَا وَعِزَّتِكَ فَيُعْطِي اللّٰهَ مَا
شَاءَ اللّٰهُ مِنْ عَهْدٍ وَمِيثَاقٍ فَيَصْرِفُ
اللّٰهُ وَجْهَهُ عَنِ النَّارِ فَإِذَا أَقْبَلَ بِهِ عَلَى
الْجَنَّةِ وَرَأٰى بَهْجَتَهَا سَكَتَ مَا شَاءَ اللّٰهُ
أَنْ يَسْكُتَ ثُمَّ قَالَ يَا رَبِّ قَدِّمْنِي عِنْدَ

کناروں کے درمیان پل صراط قائم کیا جائے گا۔ تو جو پیغمبر اپنی امت کے ساتھ گزریں گے ان میں پہلا میں ہوں گا اور اس دن سوا رسولوں کے اور کوئی کلام نہیں کرے گا اور رسولوں کا کلام اس دن ہو گا الٰہی سلامت رکھ سلامت رکھ اور دوزخ میں خمدار کانٹے ہوں گے سعدان کے کانٹوں کی طرح جن کی بڑائی اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا وہ لوگوں کو ان کے اعمال کے مطابق اچک لیں گے ان میں بعض وہ ہوں گے جو اپنی بدعملی کی وجہ سے ہلاک کیے جائیں گے اور بعض ان میں سے وہ ہیں جو زخمی ہو کر نجات پا جائیں گے حتی کہ جب اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے فیصلہ سے فارغ ہو جائے گا اور جن کو آگ سے نکالنے کا ارادہ کیا جا چکا ہو گا انھیں نکالا جائے گا ان لوگوں میں سے جنھوں نے لا الٰہ الا اللہ کی گواہی دی ہے تو فرشتوں کو حکم دے گا کہ انھیں نکال لو جو اللہ کی عبادت کرتے تھے وہ انھیں نکال لیں گے اور انھیں سجدہ کے نشانوں سے پہچانیں گے اور اللہ تعالیٰ آگ پر یہ ناممکن کر دے گا کہ سجدہ کے نشانوں کو جلائے چنانچہ انسان کے سارے جسم کو آگ کھا جائے گی سوا سجدہ کے نشان کے تو وہ آگ سے نکلیں گے جل کر کوئلہ ہو چکے ہوں گے پھر ان پر زندگی کا پانی بہایا جائے گا تو وہ ایسے اگیں گے جیسے دانہ سیلاب کے اوپر کوڑے میں اگتا ہے اور ایک شخص جنت و دوزخ کے درمیان باقی رہے گا اور وہ تمام دوزخیوں میں سب سے آخری جنت میں داخل ہونے والا ہو گا۔ اپنا منہ آگ کی طرف کیے ہو گا عرض کرے گا یا رب میرا منہ آگ سے پھیر دے مجھے اس کی بُو نے تکلیف پہنچائی ہے اور اس کی تیزی نے مجھے جلا دیا تو رب فرمائے گا کیا ممکن ہے کہ اگر میں یہ کر دوں تو اس کے علاوہ اور مانگے وہ کہے گا

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

بَابِ الْجَنَّةِ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى أَلَيْسَ قَدْ
أَعْطَيْتَ الْعُهُوْدَ وَالْمِيْثَاقَ أَنْ لَا تَسْأَلَ
غَيْرَ الَّذِيْ كُنْتَ سَأَلْتَ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ لَا
أَكُوْنُ أَشْقٰى خَلْقِكَ فَيَقُوْلُ فَمَا عَسَيْتَ
إِنْ أُعْطِيْتَ ذٰلِكَ أَنْ تَسْأَلَ غَيْرَهٗ فَيَقُوْلُ
لَا وَعِزَّتِكَ لَا أَسْأَلُكَ غَيْرَ ذٰلِكَ فَيُعْطِيْ
رَبَّهٗ مَا شَاءَ مِنْ عَهْدٍ وَمِيْثَاقٍ فَيُقَدِّمُهٗ
إِلٰى بَابِ الْجَنَّةِ فَإِذَا بَلَغَ بَابَهَا فَرَأٰى زَهْرَتَهَا
وَمَا فِيْهَا مِنَ النَّضْرَةِ وَالسُّرُوْرِ فَسَكَتَ
مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَّسْكُتَ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ
أَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى
وَيْلَكَ يَا ابْنَ آدَمَ مَا أَغْدَرَكَ أَلَيْسَ قَدْ
أَعْطَيْتَ الْعُهُوْدَ وَالْمِيْثَاقَ أَنْ لَا تَسْأَلَ
غَيْرَ الَّذِيْ أُعْطِيْتَ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ لَا
تَجْعَلْنِيْ أَشْقٰى خَلْقِكَ فَلَا يَزَالُ يَدْعُوْ
حَتّٰى يَضْحَكَ اللّٰهُ مِنْهُ فَإِذَا ضَحِكَ
أَذِنَ لَهٗ فِيْ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ فَيَقُوْلُ تَمَنَّ
فَيَتَمَنّٰى حَتّٰى إِذَا انْقَطَعَ أُمْنِيَّتُهٗ قَالَ
اللّٰهُ تَعَالٰى تَمَنَّ مِنْ كَذَا وَكَذَا أَقْبَلَ
يُذَكِّرُهٗ رَبُّهٗ حَتّٰى إِذَا انْتَهَتْ بِهِ
الْأَمَانِيُّ قَالَ اللّٰهُ لَكَ ذٰلِكَ وَمِثْلُهٗ
مَعَهٗ وَفِيْ رِوَايَةِ أَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ اللّٰهُ
لَكَ ذٰلِكَ وَعَشَرَةُ أَمْثَالِهٖ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نہیں قسم تیری عزت کی تو اللہ تعالیٰ وہ عہد و پیمان دے گا جو اللہ تعالیٰ چاہے چنانچہ اللہ تعالیٰ اس کا منہ آگ سے پھیر دے گا پھر جب اس کو جنت کے سامنے کرے گا اور یہ اس کی تروتازگی دیکھے گا تو جب تک رب اس کی خاموشی چاہے یہ خاموش رہے گا پھر کہے گا یارب مجھے جنت کے دروازے کے پاس پہنچا دے۔ رب تعالیٰ فرمائے گا کہ کیا واقع یہ نہیں ہے کہ تو عہد و پیمان دے چکا ہے کہ پہلی مانگی چیز کے سوا اور کچھ نہ مانگے گا وہ عرض کریگا یارب میں تیری مخلوق میں بڑا بدنصیب نہ ہوں تو رب فرمائے گا کہ کیا یہ ممکن ہے کہ تجھے یہ دے دیا جائے تو تو اس کے سوا کچھ اور نہ مانگے، وہ کہے گا تیری عزت کی قسم؛ اس کے سوا میں اور کچھ نہ مانگوں گا چنانچہ وہ اپنے عہد و پیمان سے دے گا جو اب چاہے اسے اللہ تعالیٰ جنت کے دروازے تک بڑھا دے گا پھر وہ جب اس کے دروازے تک بڑھا دے گا پھر جب وہ اس کے دروازے پہ پہنچے گا وہاں کی تروتازگی اور جو کچھ وہاں بہار اور خوشی دیکھے گا تو جب تک اس کا خاموش رہنا اللہ چاہے گا وہ خاموش رہے گا پھر عرض کرے گا یارب مجھے جنت میں داخل فرما دے تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا افسوس تجھ پر اے ابن آدم تو کتنا عہد شکن ہے کیا تو نے عہد و پیمان نہیں دیا تھا کہ تو اس کے سوا نہ مانگے گا جو تجھے دے دیا گیا تو عرض کرے گا یارب مجھے اپنی خلقت میں بدنصیب نہ بنا تو وہ دعا کرتا رہے گا، حتی کہ اللہ تعالیٰ اس سے خوش ہو جائے گا تو جب وہ خوش ہو جائے گا تو اسے جنت میں داخل ہونے کی اجازت دے دے گا۔ پھر فرمائے گا تمنا کر وہ تمنا کرے گا حتی کہ جب اس کی تمنائیں ختم ہو جائیں گی تو رب فرمائے گا فلاں فلاں تمنا کر، خود رب تعالیٰ اسے یاد دلانے لگے گا حتی کہ جب

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

اس کی آرزوئیں ختم ہو جائیں گی تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ تیرے لیے یہ ہے اور اس کی مثل اور حضرت ابو سعید کی روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ فرمائے گا تیرے لیے یہ ہے اور اس سے دس گنا۔ (بخاری و مسلم)

سلہ جو گذر چکی اگرچہ الفاظ میں اختلاف ہے۔

سلہ اس کے بجائے جو حدیث ابو سعید میں گذرا۔

سلہ کَلَالِیبُ، کَلُّوبٌ کی جمع ہے کاف پر زبر، لام مضموم مشدد ٹیڑھے سر والا لوہا (کنڈا) بعض شارحین نے فرمایا شاخ دار کنڈا جس کے ساتھ گوشت لٹکایا جاتا ہے۔

سلہ سعدان سین پر زبر، عین ساکنہ، وہ گھاس جس کے ساتھ پستان کے سر جیسے کانٹے ہوں اور یہ اونٹوں کا بہترین چارہ ہے۔ امام نووی کہتے ہیں کہ اس گھاس کے لیے بھکھڑے کی مانند ہر جانب کانٹے ہوتے ہیں اور اسے خسک السعدان بھی کہتے ہیں۔

سلہ تَخْطِفُ، طاء کے نیچے زیر یا فتحہ

سلہ کافر ہلاک ہو جائے گا نجات نہیں پائے گا اور فاسق زخمی وغیرہ ہو کر نجات پا جائے گا

سلہ جس نے توحید و رسالت کو مانا ہوگا

سلہ بعض نے کہا کہ اثر سے مراد پیشانی کا نشان ہے بعض نے کہا کہ تمام اعضائے سجدہ مراد ہیں اور وہ سات ہیں، دونوں پاؤں، دونوں زانو، دونوں ہاتھ اور چہرہ۔

سلہ نہر حیات اور آب حیات میں کوئی منافات نہیں۔

سلہ وہ مرد کہے گا میرا منہ دوزخ سے پھیر دے۔

سلہ دوزخیوں کو جلانے کی وجہ سے جو بدبو پیدا ہوئی ہے یا آتش دوزخ خود بدبودار ہوگی۔ قشب، زہر دینا کسی مکروہ اور گندی شے سے ایذاء دینا قشبنی ریحہا کا معنی اس نے ایذاء دی قشبہ الدخان جب دو سرے سے خاک پر ہو جائے روایت میں لفظ قشبنی تخفیف کے ساتھ ہے لیکن صراح سے بہ تشدید معلوم ہوتا ہے۔

سلہ ذکاء، ذال پر فتحہ، راویوں کے نزدیک بالمد ہے مگر لغت میں بالقصر ہے اگر اس کا معنی زیرکی اور تیز فہمی ہو تو اس وقت یہ بالاتفاق بالمد اور بالضم ہوگا۔

سلہ اگر میں تیرا منہ دوزخ کی آگ سے پھیر دوں تو اس کے علاوہ کچھ اور تو نہیں مانگے گا۔

سلہ کہ مجھے تو نے جنت کے باہر اور تمام مسلمانوں کو اس کے اندر دیکھا ہے اگر مجھے بہشت نہیں، تو کم از کم اس کا دروازہ عطا فرما دے۔

سلہ پہلے تو نے وعدہ کیا تھا کہ میں جنت کے دروازہ کے علاوہ سوال نہیں کروں گا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

٩ه اگر کوئی کہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے عہد توڑنے پر عتاب کیوں نہیں فرماتا، تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس کا حال عشاق اور مجانین کی طرح ہے لہٰذا وہ معذور ہے یا وہاں مکلف نہیں کہ اس پر مؤاخذہ کیا جائے۔

١٠ه اس سے زیادہ نہ مانگے گا

١١ه اَغدَرَک ۔ غین اور دال غدر یعنی عہد توڑنا، اگر عین اور ذال ہو تو پھر عذر سے ہے یعنی کون سی چیز نے تجھے اس سلسلہ میں معذور کر دیا ہے۔

١٢ه کہ تمام جنت میں اور میں دروازے پر

١٣ه اللہ اس پر تبسم فرمائے گا۔

۵۳۳۲ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ[١٤] اٰخِرُ مَنْ یَّدْخُلُ الْجَنَّۃَ رَجُلٌ فَھُوَ یَمْشِیْ مَرَّۃً وَّیَکْبُوْ مَرَّۃً وَّتَسْفَعُہُ النَّارُ مَرَّۃً فَاِذَا جَاوَزَھَا الْتَفَتَ اِلَیْھَا فَقَالَ تَبَارَکَ الَّذِیْ نَجَّانِیْ مِنْکِ لَقَدْ اَعْطَانِیَ اللّٰہُ شَیْئًا مَّا اَعْطَاہُ اَحَدًا مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ فَتُرْفَعُ لَہٗ شَجَرَۃٌ فَیَقُوْلُ اَیْ رَبِّ اَدْنِنِیْ مِنْ ھٰذِہِ الشَّجَرَۃِ فَلِاَسْتَظِلَّ بِظِلِّھَا وَاَشْرَبَ مِنْ مَّآئِھَا فَیَقُوْلُ اللّٰہُ یَا ابْنَ اٰدَمَ لَعَلِّیْ اِنْ اَعْطَیْتُکَھَا سَاَلْتَنِیْ غَیْرَھَا فَیَقُوْلُ لَا یَا رَبِّ فَیُعَاھِدُہٗ اَنْ لَّا یَسْاَلَہٗ غَیْرَھَا وَرَبُّہٗ یَعْذِرُہٗ لِاَنَّہٗ یَرٰی مَا لَا صَبْرَ لَہٗ عَلَیْہِ فَیُدْنِیْہِ مِنْھَا فَیَسْتَظِلُّ بِظِلِّھَا وَیَشْرَبُ مِنْ مَّآئِھَا ثُمَّ تُرْفَعُ لَہٗ شَجَرَۃٌ ھِیَ اَحْسَنُ مِنَ الْاُوْلٰی فَیَقُوْلُ اَیْ رَبِّ اَدْنِنِیْ مِنْ ھٰذِہِ الشَّجَرَۃِ لِاَشْرَبَ مِنْ مَّآئِھَا وَاَسْتَظِلَّ بِظِلِّھَا لَا اَسْاَلُکَ غَیْرَھَا فَیَقُوْلُ یَا ابْنَ اٰدَمَ اَلَمْ تُعَاھِدْنِیْ اَنْ لَّا تَسْاَلَنِیْ غَیْرَھَا فَیَقُوْلُ لَعَلِّیْ اِنْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا آخری وہ شخص جو جنت میں داخل ہوگا وہ شخص وہ ہوگا جو کبھی چلے گا اور کبھی گرے گا اور کبھی اسے آگ جھلسا دے گی پھر جب اس سے نکل جائے گا تو اس کی طرف دیکھے گا کہے گا مبارک ہے وہ جس نے مجھے تجھ سے نجات دی اللہ نے مجھے وہ شے دی ہے جو اگلوں پچھلوں میں سے کسی کو نہیں دی پھر اس کے سامنے ایک درخت پیش کیا جائے گا وہ کہے گا اے میرے رب! مجھے اس درخت سے قریب کر دے، میں اس کا سایہ لوں گا اور اس کا پانی پیوں تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ اے ابن آدم! ممکن ہے کہ اگر میں تجھے یہ دے دوں تو تو مجھ سے اس کے سوا بھی مانگے گا عرض کرے گا نہیں اے رب اور وہ معاہدہ کرے گا کہ اس کے سوا اور نہ مانگے گا اس کا رب اسے معذور جانے گا کیونکہ وہ ایسی چیز دیکھ رہا ہوگا جس پر صبر نہیں ہو سکتا، تو اسے اس درخت سے قریب کر دے گا وہ اس کا سایہ لے گا اور اس کا پانی پئے گا پھر دوسرا درخت اس کے سامنے کیا جائے گا جو پہلے سے اچھا ہوگا تو کہے گا اے میرے رب! مجھے اس درخت سے قریب کر دے تاکہ میں اس کا پانی پیوں اور اس کا سایہ لوں میں تجھ سے اس کے علاوہ نہ مانگوں گا تو رب فرمائے گا

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

أَدْنَيْتُكَ مِنْهَا تَسْأَلُنِي غَيْرَهَا فَيُعَاهِدُهُ أَنْ لَا يَسْأَلَهُ غَيْرَهَا وَرَبُّهُ يَعْذِرُهُ لِأَنَّهُ يَرَى مَا لَا صَبْرَ لَهُ عَلَيْهِ فَيُدْنِيهِ مِنْهَا فَيَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا وَيَشْرَبُ مِنْ مَائِهَا ثُمَّ تُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ عِنْدَ بَابِ الْجَنَّةِ هِيَ أَحْسَنُ مِنَ الْأُولَيَيْنِ فَيَقُولُ أَيْ رَبِّ أَدْنِنِي مِنْ هٰذِهٖ فَلِأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا وَأَشْرَبَ مِنْ مَائِهَا لَا أَسْأَلُكَ غَيْرَهَا فَيَقُولُ يَا ابْنَ آدَمَ أَلَمْ تُعَاهِدْنِي أَنْ لَا تَسْأَلَنِي غَيْرَهَا قَالَ بَلٰى يَا رَبِّ هٰذِهٖ لَا أَسْأَلُكَ غَيْرَهَا وَرَبُّهُ يَعْذِرُهُ لِأَنَّهُ يَرَى مَا لَا صَبْرَ لَهُ عَلَيْهِ فَيُدْنِيهِ مِنْهَا فَإِذَا أَدْنَاهُ مِنْهَا سَمِعَ أَصْوَاتَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَقُولُ أَيْ رَبِّ أَدْخِلْنِيهَا فَيَقُولُ يَا ابْنَ آدَمَ مَا يَصْرِينِي مِنْكَ أَيُرْضِيكَ أَنْ أُعْطِيَكَ الدُّنْيَا وَمِثْلَهَا مَعَهَا قَالَ أَيْ رَبِّ أَتَسْتَهْزِئُ مِنِّي وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ فَضَحِكَ ابْنُ مَسْعُودٍ فَقَالَ أَلَا تَسْأَلُونِي مِمَّ أَضْحَكُ فَقَالُوا مِمَّ تَضْحَكُ فَقَالَ هٰكَذَا ضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا مِمَّ تَضْحَكُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ مِنْ ضَحِكِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ حِينَ قَالَ أَتَسْتَهْزِئُ مِنِّي وَأَنْتَ رَبُّ الْعٰلَمِينَ فَيَقُولُ إِنِّي لَا أَسْتَهْزِئُ مِنْكَ وَلٰكِنِّي عَلٰى مَا أَشَاءُ قَدِيرٌ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اے ابن آدم! کیا تو نے مجھ سے معاہدہ نہ کیا تھا کہ تو اس کے سوا اور مجھ سے نہ مانگے گا پھر فرمائے گا ممکن ہے اگر میں تجھے اس سے قریب کر دوں تو تو مجھے اس کے علاوہ نہ مانگے گا وہ رب سے وعدہ کرے گا کہ اس کے سوا نہ مانگے گا اور اس کا رب اسے معذور جانے گا کیونکہ وہ ایسی شے دیکھے گا جس پر صبر ناممکن ہے رب تعالیٰ اسے اس درخت سے قریب کر دے گا اور وہ اس کا سایہ لے گا اس کا پانی پیئے گا پھر اس کے سامنے جنت کے دروازے کے پاس ایک درخت ظاہر ہوگا جو پہلے دو سے اچھا ہوگا تو کہے گا اے میرے رب! اب مجھے اس سے قریب کر دے تاکہ میں اس کا سایہ لوں اور اس کا پانی پیوں اس کے سوا تجھ سے کچھ نہ مانگوں گا تو رب فرمائے گا اے ابن آدم! کیا تو نے مجھ سے یہ عہد نہ کیا تھا کہ تو مجھ سے اس کے سوا نہ مانگے گا عرض کرے گا ہاں یا رب یہ ہی آخری سوال ہے اس کے سوا تجھ سے اور نہ مانگوں گا اور اس کا رب اسے معذور رکھے گا کیونکہ وہ ایسی چیز دیکھے گا جس پر اس سے صبر نہ ہوگا تو اس کو اس سے قریب کر دے گا تو جب اس سے قریب کر دے گا وہ جنتیوں کی آواز سنے گا تو کہے گا اے رب مجھے اس میں داخل فرما رب تعالیٰ فرمائے گا، اے ابن آدم مجھے تجھ سے فراغت نہیں ہوتی کیا تجھے یہ بات راضی کرے گی کہ میں تجھے دنیا اور دنیا کی مثل اس کے ساتھ دوں۔ عرض کرے گا اے رب! تو مجھ سے مذاق کرتا ہے تو رب العالمین ہے۔ حضرت ابن مسعود اس پر ہنس پڑے پھر فرمایا تم مجھ سے پوچھتے کیوں نہیں کہ میں کس چیز سے ہنستا ہوں؟ لوگوں نے عرض کیا کہ آپ کس چیز سے ہنستے ہیں؟ فرمایا ایسے ہی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہنسے تھے۔ صحابہ نے عرض کیا تھا کہ یا رسول اللہ آپ کس چیز سے ہنستے ہیں؟

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فرمایا رب العالمین کے ہنسنے سے۔ جب وہ بندہ کہے گا کہ کیا تو مجھ سے مذاق کرتا ہے حالانکہ تو رب العالمین ہے تو فرمائے گا میں تجھ سے مذاق نہیں کرتا لیکن میں اپنے ہر چاہنے پر قادر ہوں (مسلم)

وَفِیْ رِوَایَۃٍ لَّہٗ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ نَحْوَہٗ اِلَّآ اَنَّہٗ لَمْ یَذْکُرْ فَیَقُوْلُ یَا ابْنَ اٰدَمَ مَا یَصْرِیْنِیْ مِنْکَ اِلٰی اٰخِرِ الْحَدِیْثِ وَزَادَ فِیْہِ وَیُذَکِّرُہُ اللّٰہُ سَلْ کَذَا وَکَذَا حَتّٰی اِذَا انْقَطَعَتْ بِہِ الْاَمَانِیُّ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی ھُوَ لَکَ وَعَشَرَۃُ اَمْثَالِہٖ قَالَ ثُمَّ یَدْخُلُ بَیْتَہٗ فَتَدْخُلُ عَلَیْہِ زَوْجَتَاہُ مِنَ الْحُوْرِ الْعِیْنِ فَتَقُوْلَانِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَاکَ لَنَا وَاَحْیَانَا لَکَ قَالَ فَیَقُوْلُ مَا اُعْطِیَ اَحَدٌ مِّثْلَ مَا اُعْطِیْتُ۔

مسلم ہی کی دوسری روایت میں حضرت ابوسعید سے اسی طرح ہے مگر انھوں نے یہ ذکر نہ کیا کہ اے ابن آدم! مجھے تجھ سے فراغت نہیں ہوتی آخر حدیث تک اس میں یہ اضافہ کیا کہ اللہ اسے یاد دلائے گا کہ فلاں فلاں چیز مانگ حتی کہ جب اس کی خواہشیں ختم ہوجائیں گی تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ وہ سب کچھ تیرا ہے اور اس سے دس گنا اور۔ فرمایا وہ اپنے گھر میں داخل ہوگا تو اس پر دو بیویاں آنکھ والی حوریں داخل ہوں گی کہیں گی شکر ہے اللہ کا جس نے تجھے ہمارے لیے اور ہمیں تیرے لیے زندہ رکھا فرماتے ہیں وہ کہے گا کہ جیسا عطیہ مجھے دیا گیا کسی کو نہ دیا گیا۔

؎۱ یعنی منہ کے بل گرے گا

؎۲ آگ کا اثر اس پر ظاہر ہوگا اور اس کے چہرہ کا رنگ متغیر ہوگا یا اس کے بعض اعضاء کو جلا دے گی اور اس کا چہرہ سیاہ ہوجائے گا۔ اصمعی کہتے ہیں کہ سفع کا معنی وہ سرخی ہے کہ جس پر سیاہی ہو۔

؎۳ یہ گفتگو انتہائی خوشی اور سرور کی وجہ سے صادر ہوگی حقیقۃً مراد نہیں بلکہ مراد کثرتِ عطا میں مبالغہ ہے۔

؎۴ انتہائی پیاس کی وجہ سے خیال کرے گا کہ شاید اس کے نیچے پانی ہوگا یا اس بناء پر کہ عادۃً درخت کے نیچے پانی ہوتا ہے یا محض احتمال کی بناء پر کہا کہ اگر وہاں پانی ہوا تو میں اسے پیوں گا۔

؎۵ یَصْرِیْ مِنْکَ۔ یاء پر زبر صاد ساکن صری بمعنی قطع سے مشتق ہے یعنی کون سی چیز مجھے تیرے سوال سے خلاصی دلائے گی جو تو ہر بار کر رہا ہے۔

؎۶ تو بار بار سوال کرتا ہے اور عہد توڑتا ہے کون سی چیز تجھے مجھ سے سوال سے روکے گی یہ معنی نہایت واضح ہے اور پہلی روایت قلب پر محمول ہے یعنی اس کا معنی بھی یہی لیا جائے گا۔

؎۷ انتہائی سرور و خوشی کی وجہ سے۔

؎۸ میں جانتا ہوں کہ تو اہل اور مستحق نہیں لیکن میں دے رہا ہوں کیونکہ میں قادر مطلق ہوں

؎۹ سفید چہرے اور سیاہ بڑی آنکھ والیاں۔ حور جمع حوراء اور عین جمع عیناء

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۳۴۳/۱۵ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیُصِیْبَنَّ اَقْوَامًا سَفْعٌ مِّنَ النَّارِ بِذُنُوْبٍ اَصَابُوْھَا عُقُوْبَۃً ثُمَّ یُدْخِلُھُمُ اللّٰہُ الْجَنَّۃَ بِفَضْلِہٖ وَرَحْمَتِہٖ فَیُقَالُ لَھُمُ الْجَھَنَّمِیُّوْنَ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کچھ قوموں[1] کو ان کے کیے ہوئے گناہوں کی وجہ سے[2] آگ کی لپٹ پہنچے گی سزا کے طور پر[3] پھر اللہ انھیں جنت میں داخل فرمائے گا اپنے فضل[3] اور اپنی رحمت سے تو انھیں جہنمی[4] کہا جائے گا (البخاری)

[1] مسلمانوں کے گروہ کو آگ کا اثر پہنچے گا کہ ان کا رنگ متغیر کر دے گا۔ سَفْعٌ کا معنی صراح میں ہے آگ کا جلانا، ایسی بادِ سموم جو چہرے کو بے رنگ کر دے۔

[2] ان کے گناہوں کے سبب ان پر بطور جزا عذاب ہوگا۔

[3] یہ الفاظ بعض نسخوں میں ہیں

[4] پہلے دوزخ میں جانے کی وجہ سے نہ کہ بطریق تنقیص و تحقیر بلکہ برائے تذکیر تاکہ وہ نعمتِ الٰہی پر شکر کرتے خوشحال و مسرور ہوں۔

۵۳۴۴/۱۶ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَخْرُجُ قَوْمٌ مِّنَ النَّارِ بِشَفَاعَۃِ مُحَمَّدٍ فَیَدْخُلُوْنَ الْجَنَّۃَ وَیُسَمَّوْنَ الْجَھَنَّمِیِّیْنَ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ) وَفِیْ رِوَایَۃٍ یَخْرُجُ قَوْمٌ مِّنْ اُمَّتِیْ مِنَ النَّارِ بِشَفَاعَتِیْ یُسَمَّوْنَ الْجَھَنَّمِیِّیْنَ۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت محمد مصطفیٰ کی شفاعت سے کچھ اقوام[1] آگ سے نکالی جائیں گی جو جنت میں داخل ہوں گے اور ان کا نام جہنمی رکھا جائے گا (بخاری۔ اور ایک روایت میں ہے کہ میری امت میں سے ایک قوم میری شفاعت کی بناء پر آگ سے نکالی جائے گی جو جہنمی نام دیے جائیں گے۔

[1] بعض نسخوں میں قوم کا لفظ ہے

۵۳۴۵/۱۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ لَاَعْلَمُ اٰخِرَ اَھْلِ النَّارِ خُرُوْجًا مِّنْھَا وَاٰخِرَ اَھْلِ الْجَنَّۃِ دُخُوْلًا رَجُلٌ یَخْرُجُ مِنَ النَّارِ حَبْوًا فَیَقُوْلُ اللّٰہُ اذْھَبْ فَادْخُلِ الْجَنَّۃَ فَیَاْتِیْھَا فَیُخَیَّلُ اِلَیْہِ اَنَّھَا مَلْاٰی فَیَقُوْلُ یَا رَبِّ وَجَدْتُّھَا مَلْاٰی فَیَقُوْلُ اللّٰہُ اذْھَبْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں جانتا ہوں دوزخ میں سے آخری نکلنے والے کو اور جنت میں آخری داخل ہونے والے کو ایک شخص آگ سے گھسٹتا ہوا[1] نکلے گا تو رب تعالیٰ فرمائے گا جا جنت میں داخل ہو جا، وہ وہاں جائے گا ایسے خیال باندھے کہ جنت بھری ہوئی ہے وہ کہے گا یا رب میں نے جنت بھری ہوئی پائی

فَادْخُلِ الْجَنَّةَ فَإِنَّ لَكَ مِثْلَ الدُّنْيَا وَعَشْرَةَ أَمْثَالِهَا فَيَقُولُ أَتَسْخَرُ مِنِّي أَوْ تَضْحَكُ مِنِّي وَأَنْتَ الْمَلِكُ فَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَحِكَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ وَكَانَ يُقَالُ ذٰلِكَ أَدْنٰى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تو رب فرمائے گا جا جنت میں داخل ہو جا کیونکہ تیری ملکیت دنیا کے برابر اور اس کا دس گنا ہے وہ کہے گا تو مجھ سے تمسخر کرتا ہے یا مجھ سے ہنسی کرتا ہے حالانکہ تو بادشاہ ہے تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ حضور ہنسے حتیٰ کہ آپ کی داڑھیں مبارک چمک گئیں اور کہا جاتا ہے[2] کہ یہ جنت والوں میں ادنیٰ درجہ[3] کا ہوگا ۔

(بخاری ومسلم)

[1] بچے کا سرین پر چلنا بھی اس کا معنی ہے یہاں پیٹ اور ہاتھ پر چلنا مراد ہے ۔

[2] دنیا میں یا آخرت میں

[3] مقام یا مرتبہ ہیں ، صراح میں ہے کہ منزلت سرائے میں اترنے کی جگہ ، مرتبہ اور عزت کے معنی بھی آتے ہیں ۔

۵۳۴۶ [۱۸] وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَأَعْلَمُ آخِرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ دُخُولًا الْجَنَّةَ وَآخِرَ أَهْلِ النَّارِ خُرُوجًا مِنْهَا رَجُلٌ يُؤْتٰى بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُقَالُ اعْرِضُوا عَلَيْهِ صِغَارَ ذُنُوبِهِ وَارْفَعُوا عَنْهُ كِبَارَهَا فَتُعْرَضُ عَلَيْهِ صِغَارُ ذُنُوبِهِ فَيُقَالُ عَمِلْتَ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا كَذَا وَكَذَا وَعَمِلْتَ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا كَذَا وَكَذَا فَيَقُولُ نَعَمْ لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يُنْكِرَ وَهُوَ مُشْفِقٌ مِنْ كِبَارِ ذُنُوبِهِ أَنْ تُعْرَضَ عَلَيْهِ فَيُقَالُ لَهُ فَإِنَّ لَكَ مَكَانَ كُلِّ سَيِّئَةٍ حَسَنَةً فَيَقُولُ رَبِّ قَدْ عَمِلْتُ أَشْيَاءَ لَا أَرَاهَا هٰهُنَا وَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَحِكَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں جانتا ہوں اہل جنت میں سے آخری داخل ہونے والے کو جنت میں اور دوزخیوں میں سے وہاں سے آخری نکلنے والے کو کہ یہ شخص ہوگا جسے روز قیامت لایا جائے گا کہا جائے گا کہ اس پر اس کے چھوٹے گناہ پیش کرو اور اس سے اس کے بڑے گناہ مخفی رکھو چنانچہ اس پر اس کے چھوٹے گناہ پیش کیے جائیں گے کہا جائے گا تو نے فلاں فلاں گناہ کیے اور فلاں فلاں دن فلاں فلاں گناہ کیے ، وہ کہے گا ہاں انکار کی طاقت نہ رکھے گا اور وہ اپنے بڑے گناہوں سے ڈر رہا ہوگا کہ اس پر وہ پیش کر دیے جائیں کہا جائے گا کہ تیرے لیے ہر گناہ کے عوض ایک نیکی ہے تب وہ کہے گا کہ میں نے تو اور بڑے[1] گناہ بھی کیے تھے جنہیں میں یہاں نہیں دیکھ رہا ہوں۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا سرکار ہنس پڑے حتیٰ کہ آپ کی داڑھیں چمک گئیں ۔

(مسلم)

[1] یعنی میرے بڑے گناہ یہاں نہیں ہیں ۔

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

۵۳۴۷/۱۹ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَخْرُجُ مِنَ النَّارِ اَرْبَعَۃٌ فَیُعْرَضُوْنَ عَلَی اللّٰہِ ثُمَّ یُؤْمَرُ بِھِمْ اِلَی النَّارِ فَیَلْتَفِتُ اَحَدُھُمْ فَیَقُوْلُ اَیْ رَبِّ لَقَدْ کُنْتُ اِذْ اَخْرَجْتَنِیْ مِنْھَا اَنْ لَّا تُعِیْدَنِیْ فِیْھَا قَالَ فَیُنْجِیْہِ اللّٰہُ مِنْھَا۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا چار آدمی آگ سے نکالے جائیں گے پھر بارگاہ الٰہی میں پیش کیے جائیں گے پھر انھیں آگ کی طرف جانے کا حکم دیا جائے گا تو ان میں سے ایک مڑ مڑ کر دیکھے گا عرض کرے گا یارب امید وار تھا تو نے مجھے وہاں سے نکال لیا تو اب دوبارہ لوٹائے گا فرمایا۔ تو رب تعالیٰ اسے آگ سے[1] نجات دے دے گا۔ (مسلم)

[1] کہ اب تو دوبارہ دوزخ میں واپس نہیں بھیجے گا۔

[2] اب اللہ تعالیٰ اسے دوزخ میں نہیں بھیجے گا۔ باہر لانا، واپس بھیجنا اور نجات اظہار امتحان کے لیے ہے، ایک کے حال کا ذکر کیا ہے' باقی کو اس پہ قیاس کر لیا جائے کہ ان کا معاملہ بھی اسی طرح ہو گا' چار کا ذکر بطور تمثیل ہے ورنہ مراد جماعت ہے۔

۵۳۴۸/۲۰ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَخْلُصُ الْمُؤْمِنُوْنَ مِنَ النَّارِ فَیُحْبَسُوْنَ عَلٰی قَنْطَرَۃٍ بَیْنَ الْجَنَّۃِ وَالنَّارِ فَیُقْتَصُّ لِبَعْضِھِمْ مِنْ بَعْضٍ مَظَالِمُ کَانَتْ بَیْنَھُمْ فِی الدُّنْیَا حَتّٰی اِذَا ھُذِّبُوْا وَنُقُّوْا اُذِنَ لَھُمْ فِیْ دُخُوْلِ الْجَنَّۃِ فَوَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِہٖ لَاَحَدُھُمْ اَھْدٰی بِمَنْزِلِہٖ فِی الْجَنَّۃِ مِنْہُ بِمَنْزِلِہٖ کَانَ لَہٗ فِی الدُّنْیَا۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان آگ سے نجات پائیں گے تو وہ جنت و دوزخ کے درمیان ایک پُل پر روکے جائیں گے تو بعض کا بعض ان ظلموں کا بدلہ لیا جائے گا جو ان کے درمیان دنیا میں تھے حتیٰ کہ جب پاک صاف کر دیے[1] جائیں گے تو انھیں جنت میں داخل ہونے کی اجازت دی جائے گی تو اس کی قسم جس کے قبضہ میں محمد مصطفٰے کی جان ہے ان میں سے ہر ایک اپنے جنتی گھر کا اس سے زیادہ ہدایت یافتہ ہو گا جو اپنے دنیا وی گھر کا ہدایت یافتہ تھا۔[2] (بخاری)

[1] اس سے واضح ہو رہا ہے کہ اہل ایمان کو دوزخ میں تہذیب و تصفیہ کے لیے ڈالا جائے گا نہ کہ غضب و عداوت کی وجہ سے تاکہ ان کو ناپاک کثافت سے پاک صاف کر دیا جائے۔ اور جنت میں داخلہ ہو گا جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے جیسا کہ دنیا میں امراض و مصائب سے گناہوں کا کفارہ بن جائے۔ محققین نے کہا ہے کہ بعض گناہ امراض و مصائب سے، بعض شدت سکرات موت سے، بعض عذاب قبر سے صاف ہو جاتے ہیں بعض گناہ ایسے ہیں کہ دوزخ کی آگ کے سوا نہیں دھلتے جس طرح سونا چاندی پگھلائے بغیر پاک اور صاف نہیں ہوتے۔

Scanned By Marfat.com　Downloaded From Paksociety.com

سے اس میں تعذیب و تصفیہ کے بعد قوت نورانیت قلب و ہدایت کی طرف اشارہ ہے یا اس طرف اشارہ ہے کہ دنیا میں جس طرح خود توفیق سے ایمان و عمل صالح اور مقام قرب الٰہی اس نے پایا اسی طرح جنت کے مقام کی طرف بھی ہدایت پائے گا۔

۵۳۴۹ ۲۱ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا اُرِیَ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ لَوْ اَسَاءَ لِيَزْدَادَ شُكْرًا وَلَا يَدْخُلُ النَّارَ اَحَدٌ اِلَّا اُرِیَ مَقْعَدَهٗ مِنَ الْجَنَّةِ لَوْ اَحْسَنَ لِيَكُوْنَ عَلَيْهِ حَسْرَةً.

(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی جنت میں داخل نہ ہوگا مگر پہلے اسے اسی کا دوزخی ٹھکانا دکھایا جائے گا اگر وہ جرم کرتا، تاکہ وہ زیادہ شکر کرے[1] اور کوئی آگ میں نہ جائے گا مگر اسے اس کا جنتی ٹھکانا دکھایا جائے گا اگر نیکیاں کرتا، تاکہ اس پر حسرت کرے۔

(بخاری)

سلہ اور اسے زیادہ لذت حاصل ہو

۵۳۵۰ ۲۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَارَ اَهْلُ الْجَنَّةِ اِلَى الْجَنَّةِ وَاَهْلُ النَّارِ اِلَى النَّارِ جِیْءَ بِالْمَوْتِ حَتّٰى يُجْعَلَ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ ثُمَّ يُذْبَحُ ثُمَّ يُنَادِیْ مُنَادٍ يَا اَهْلَ الْجَنَّةِ لَا مَوْتَ وَيَا اَهْلَ النَّارِ لَا مَوْتَ فَيَزْدَادُ اَهْلُ الْجَنَّةِ فَرَحًا اِلٰى فَرَحِهِمْ وَيَزْدَادُ اَهْلُ النَّارِ حُزْنًا اِلٰى حُزْنِهِمْ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب جنتی جنت میں اور دوزخی دوزخ میں چلے جائیں گے تو موت لائی جائے گی حتیٰ کہ جنت و دوزخ کے درمیان رکھی جائے گی پھر ذبح کر دی جائے گی پھر پکارنے والا پکارے گا اے جنتیو! اب موت نہیں اور اے دوزخیو! اب موت نہیں تو جنتی لوگوں کو خوشی پر خوشی اور دوزخی لوگوں کو غم پر غم زیادہ ہو جائے گا۔ (مسلم و بخاری)

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۵۳۵۱ ۲۳ وَعَنْ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَوْضِیْ مِنْ عَدَنٍ اِلٰى عَمَّانَ الْبَلْقَاءِ مَاؤُهٗ اَشَدُّ بَيَاضًا مِّنَ اللَّبَنِ وَاَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ وَاَكْوَابُهٗ عَدَدُ نُجُوْمِ السَّمَاءِ مَنْ شَرِبَ مِنْهُ شَرْبَةً لَمْ يَظْمَاْ بَعْدَهَا اَبَدًا اَوَّلُ النَّاسِ وُرُوْدًا

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرا حوض عدن[1] سے لے کر عمان[2] بلقاء تک ہے اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا اور اس کے کوزے آسمان کے تاروں کے برابر ہیں جو ایک گھونٹ پیئے گا اس کے بعد پھر کبھی پیاسا نہ ہوگا لوگوں میں سب سے پہلے وہاں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فُقَرَآءُ الْمُهَاجِرِيْنَ الشُّعْثُ رُءُوْسًا الدُّنْسُ ثِيَابًا الَّذِيْنَ لَا يَنْكِحُوْنَ الْمُتَنَعِّمَاتِ وَلَا تُفْتَحُ لَهُمُ السُّدَدُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

پہنچنے والا وہ مہاجر فقیر ہے جن کے بال پراگندہ ہیں کپڑے میلے جو امیر عورتوں سے نکاح نہ کر سکیں ان پر دروازے نہ کھولے جائیں۔

(مسند احمد، ترمذی، ابن ماجہ، امام ترمذی نے فرمایا یہ حدیث غریب ہے)۔

۱؎ عدن، یمن کا شہر ہے

۲؎ عمان، عین پر زبر، میم مشدد شام کا شہر ہے اگر عین پر ضمہ اور میم مخفف ہو تو یہ بھی یمن ہی کا شہر ہے علامہ طیبی نے نہایہ کی موافقت کرتے ہوئے کہا کہ یہ بحرین کا شہر ہے لیکن یہاں چونکہ ساتھ بلقاء باء پر زبر، لام اور قاف ساکن کا ذکر ہے جو شام میں ہے یہ معنی اول کو متعین کرتا ہے۔

۳؎ شعث، شین پر پیش، عین ساکن، اشعث کی جمع ہے یعنی پراگندہ بال

۴؎ الدنس۔ دال اور نون پر پیش، دنس دال پر زبر دونوں کے معنی میلے کچیلے

۵؎ یعنی اگر یہ امیر عورتوں سے نکاح چاہیں تو وہ قبول نہ کریں۔

۶؎ اگر وہ کسی دروازہ پر آکر داخلہ کی اجازت چاہیں کو اجازت نہ دی جائے۔

$\frac{۵۳۵۲}{۲۴}$ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا فَقَالَ مَا اَنْتُمْ جُزْءٌ مِّنْ مِائَةِ اَلْفِ جُزْءٍ مِّمَّنْ يَّرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ قِيْلَ كَمْ كُنْتُمْ يَوْمَئِذٍ قَالَ سَبْعَ مِائَةٍ اَوْ ثَمَانَ مِائَةٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت زید بن ارقم[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے ایک منزل پر اترے تو فرمایا کہ تم ان کا لاکھواں حصہ بھی نہیں جو میرے پاس حوض پر پہنچیں گے پوچھا گیا[۲] تم اس دن کتنے تھے فرمایا سات سو یا آٹھ سو[۳] (ابوداؤد)

۱؎ مشہور صحابی ہیں

۲؎ حضرت زید بن ارقم سے

۳؎ مراد تحدید و تعیین نہیں بلکہ محض کثرت کا بیان ہے شاید اس سے زائد مراتب غیر محصور ہوں کیونکہ ظاہر یہی ہے کہ تمام امت وارد ہوگی ہاں بعض بعض سے مخصوص ہوں گے۔

$\frac{۵۳۵۳}{۲۵}$ وَعَنْ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوْضًا وَّاِنَّهُمْ لَيَتَبَاهَوْنَ اَيُّهُمْ اَكْثَرُ وَارِدَةً وَّاِنِّيْ لَاَرْجُوْ اَنْ اَكُوْنَ اَكْثَرَهُمْ وَارِدَةً۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہر نبی کا حوض ہے اور وہ اس پر فخر کریں گے کہ ان میں سے کس کے پاس زیادہ آنے والے ہیں اور میں امید کرتا ہوں کہ میرے پاس ان سب آنے والوں میں[۱] سے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

زیادہ ہیں۔ (ترمذی اور فرمایا یہ حدیث[1] غریب ہے)

[1] حضرات انبیاء علیہم السلام کی امتوں سے میری امت زیادہ ہوگی اور یہ یقینی بات ہے باقی لفظ ارجو جس میں شک و تردد کا معنی ہے بطور تواضع استعمال فرمایا ہے۔

[2] واضح رہے کہ یہ حدیث ظاہر پر ہی محمول ہے کہ روز قیامت ہر نبی کا حوض ہوگا اس کی تاویل علم یا ہدیٰ سے کرنا خلاف ظاہر ہے۔

۵۳۵۴ / ۳۶ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ سَاَلْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ یَّشْفَعَ لِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ فَقَالَ اَنَا فَاعِلٌ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَاَیْنَ اَطْلُبُکَ قَالَ اُطْلُبْنِیْ اَوَّلَ مَا تَطْلُبُنِیْ عَلَی الصِّرَاطِ قُلْتُ فَاِنْ لَّمْ اَلْقَکَ عَلَی الصِّرَاطِ قَالَ فَاطْلُبْنِیْ عِنْدَ الْمِیْزَانِ قُلْتُ فَاِنْ لَّمْ اَلْقَکَ عِنْدَ الْمِیْزَانِ قَالَ فَاطْلُبْنِیْ عِنْدَ الْحَوْضِ فَاِنِّیْ لَا اُخْطِئُ ھٰذِہِ الثَّلٰثَ الْمَوَاطِنَ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ قیامت کے دن میری شفاعت فرمادیں فرمایا: میں[1] شفاعت کروں گا عرض کیا یارسول اللہ! میں حضور کو کہاں تلاش کروں ؟ فرمایا پہلے مجھے پل صراط پر تلاش کرنا میں نے کہا اگر آپ کو پل صراط پر نہ پاؤں، فرمایا پھر مجھے میزان کے پاس ڈھونڈھنا میں نے عرض کیا اگر میں حضور کو میزان کے پاس نہ پاؤں فرمایا پھر مجھے حوض کے پاس تلاش کرنا کیونکہ میں ان تین جگہوں کے علاوہ[2] کہیں نہ ہوں گا۔ (اسے ترمذی نے روایت کیا اور فرمایا یہ حدیث[3] غریب ہے)

[1] جب میں تمام جہاں کی شفاعت کروں گا تیری شفاعت کیسے نہ کروں گا حالانکہ تو میرا خادم اور معاون ہے۔ یا معنی یہ ہے کہ میں اپنی طرف سے کروں گا اور اللہ تعالیٰ اسے قبول فرمائے گا اور اللہ تعالیٰ نے میرے ساتھ وعدہ فرما رکھا ہے۔

[2] کبھی اس مقام پر کبھی دوسرے پر کبھی تیسرے پر کیونکہ امت کے لیے حشر میں یہی تین مشکل ترین مقامات ہیں۔ اور میں ان کی آسانی کے لیے وہاں کھڑا ہوں گا۔

[3] اس حدیث اور حدیث عائشہ جو باب الحساب کی دوسری فصل میں گذری تطبیق کیسے ہوگی؟ وہاں یہ ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور علیہ السلام سے پوچھا کہ روز قیامت آپ اپنے اہل وعیال کو یاد رکھیں گے تو آپ نے فرمایا کہ ان تین مقامات پر کوئی کسی کو یاد نہیں رکھے گا بلکہ ہر کسی کو اپنی پڑی ہوگی۔ ان میں تطبیق دیتے ہوئے شارحین نے فرمایا کہ سیدہ عائشہ چونکہ آپ کی اہلیہ ہیں ان کو یہ جواب اس لیے دیا کہ کہیں وہ شفاعت پہ تکیہ کرتے ہوئے عمل و محنت کو ترک نہ کردے جیسا کہ آپ نے اپنے تمام اہل بیت اور قرابت داروں کو فرمایا کہ تمھارے لیے مالک نہیں ہوں عمل کرو اور بھروسہ نہ کرو اور حضرت انس سے شفاعت کا وعدہ فرمایا تاکہ یہ ناامید نہ ہوں، درحقیقت روز قیامت کی شدت وسختی کا بیان ہے اور حضور کے لیے شفاعت کا درجہ حاصل ہے لہٰذا آپ نے ہر جواب میں مخاطب کے حال کو پیش نظر رکھا ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۵۳۵۵/۲۷ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ مَا الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ قَالَ ذٰلِكَ يَوْمٌ يَنْزِلُ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى كُرْسِيِّهٖ يَئِطُّ كَمَا يَئِطُّ الرَّحْلُ الْجَدِيْدُ مِنْ تَضَايُقِهٖ وَهُوَ كَسَعَةِ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَيُجَاءُ بِكُمْ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا فَيَكُوْنُ اَوَّلَ مَنْ يُكْسٰى اِبْرَاهِيْمُ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اكْسُوْا خَلِيْلِيْ فَيُؤْتٰى بِرَيْطَتَيْنِ بَيْضَاوَيْنِ مِنْ رِيَاطِ الْجَنَّةِ ثُمَّ اُكْسٰى عَلٰى اِثْرِهٖ ثُمَّ اَقُوْمُ عَنْ يَمِيْنِ اللّٰهِ مَقَامًا يَغْبِطُنِيْ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ۔

(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ مقام محمود کیا ہے[۱]؟ فرمایا قیامت وہ دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ اپنی کرسی پر نزول فرمائے گا تو وہ ایسی چرچرائے گی جیسے نیا کجاوہ[۲] چرچراتا ہے اپنی تنگی کی وجہ سے حالانکہ وہ آسمان و زمین کی فراخی کی طرح[۳] ہے اور تم کو ننگے پاؤں ننگے بدن بے ختنہ لایا جائے گا جنھیں پہلے پہنایا جائے گا وہ حضرت ابراہیم ہوں گے اللہ تعالیٰ فرمائے گا میرے خلیل کو پہناؤ تو دو سفید حلے پہنائے جائیں گے پھر ان کے بعد مجھے پہنایا جائے گا پھر میں اللہ تعالیٰ کے دائیں طرف اس طرح کھڑا ہوں کہ مجھ پر اگلے اور پچھلے رشک کریں گے۔

(دارمی)

۱؎ اس کی کیا کیفیت ہے جس کے بارے میں ارشاد الٰہی ہے عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا (آپ کا رب عنقریب آپ کو مقام محمود پر کھڑا فرمائے گا)۔

۲؎ پالان اور زین جو چمڑہ سے تیار ہوتا ہے۔

۳؎ دوسری روایت میں ہے کہ سات آسمان اور سات زمین کی نسبت اس کرسی کے یوں ہے جیسے جنگل میں حلقہ ہو، عرش کی فضیلت کرسی پر ایسے ہے جیسے جنگل کی حلقہ پر فضیلت ہوتی ہے یہاں سے یہ بھی واضح ہوگیا کہ آسمان و زمین کے درمیان کی وسعت کا ذکر جو حدیث میں آیا ہے وہ حسب عرف کرسی کے مقابلہ میں بطور تمثیل ہے وہاں تحدید و تعیین مقصود نہیں جیسا کہ وسعت جنت کے بارے میں آیا ہے کہ اس کی چوڑائی آسمانوں اور زمین کے برابر ہے اس سے مقصود اس کی فراخی بیان کرکے اس وہم کا ازالہ ہے جو کجاوہ کی تشبیہ اور اس کی تنگی سے چرچرانے سے پیدا ہوا یہ حدیث از قبیل متشابہات ہے خلاصہ اس کا عظمت الٰہی اور اس کی کبریائی کا بیان ہے یہاں مفردات کلام کا معنی ملحوظ نہیں ہے لفظ کرسی بادشاہ کی کرسی سے ماخوذ ہے جس پر بادشاہ بیٹھتا ہے اور حکم جاری کرتا ہے یا عالم کی کرسی سے ماخوذ ہے جس پر وہ علوم و معارف کے افادہ اور افاضہ کے لیے بیٹھتا ہے۔ اثر دونوں پر فتحہ یا ہمزہ مکسور اور ثاء ساکن، سیدنا ابراہیم علیہ السلام کو پہلے حلہ پہنائے جانے کا سبب باب الحشر کی فصل اول میں گزر چکا ہے اور یہ بھی معلوم ہو چکا کہ یہ سیدنا ابراہیم کی حضور پر فضیلت کی وجہ سے نہیں بلکہ ان کی یہ تقدیم بھی حضور علیہ السلام کے والد ہونے کی وجہ سے ہے جو شارحین نے کہا کہ حضور علیہ السلام لباس میں مبعوث ہوں گے لیظاہر مذکورہ قول کہ، اس کے بعد مجھے لباس پہنایا جائے گا کے منافی ہے مگر کہا یہ گیا ہے کہ آپ اگرچہ لباس میں تشریف لائیں گے لیکن اسبب آپ کے شرف و فضل کے حضرات انبیاء علیہم السلام کے ساتھ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

دوبارہ لباس پہنایا جائے گا۔ باقی سیدنا ابراہیم علیہ السلام کو پہلے لباس پہنانا صرف فضیلت جزئی ہے فضیلت کلی وہ ہے جس کا بیان آگے آرہا ہے۔

سے یہ حدیث واضح طور پر اس پر دال ہے کہ ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام کائنات ملائکہ، انبیاء و مرسلین اور تمام مقربین سے افضل ہیں

۵۳۵۶/۲۸ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شِعَارُ الْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلَى الصِّرَاطِ رَبِّ سَلِّمْ سَلِّمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مومنین کی پل صراط پر[۱] یہ علامت ہوگی الٰہی سلامت رکھ[۲] سلامت رکھ[۳]

(ترمذی، اور فرمایا یہ حدیث غریب ہے)

سلہ پل پر گزرتے ہوئے یہ کلمہ ادا ہوگا

سلہ بعض نسخوں میں رب سلم، رب سلم (الٰہی سلامت رکھ، الٰہی سلامت رکھ)

سلہ شعار، شین کے نیچے زیر، جنگ اور سفر کے دوران کی علامت، اس کلمہ کے ساتھ روز قیامت پہچان ہوگی اس امت کی جو اپنے پیغمبر کی اقتداء میں رہی۔

۵۳۵۷/۲۹ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ شَفَاعَتِيْ لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِيْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ عَنْ جَابِرٍ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میری شفاعت میری امت کے کبیرہ گناہ والوں کے لیے ہے[۱]

(ترمذی، ابوداؤد اور ابن ماجہ نے حضرت جابر سے روایت کی)

سلہ جب شفاعت کبیرہ گناہ والوں کو حاصل ہے تو صغیرہ والوں کو بطریق اولیٰ شفاعت حاصل ہوگی باقی اس شفاعت سے مراد عذاب سے نجات اور خلاصی ہے رہا درجات کی بلندی اور مزید انعامات کا حصول تو وہ اولیاء، اتقیاء اور صلحاء کے لیے ہوگی۔

۵۳۵۸/۳۰ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَانِيْ اٰتٍ مِّنْ عِنْدِ رَبِّيْ فَخَيَّرَنِيْ بَيْنَ اَنْ يُّدْخِلَ نِصْفَ اُمَّتِي الْجَنَّةَ وَبَيْنَ الشَّفَاعَةِ فَاخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ وَهِيَ لِمَنْ مَّاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میرے رب کے پاس سے ایک[۱] آنے والا آیا تو مجھے نصف امت جنت میں داخل کرنے اور شفاعت کرنے میں سے ایک کو چن لینے کا اختیار دیا گیا پس میں نے شفاعت[۲] کو پسند کیا اور یہ اس کے لیے ہے جو مر گیا اور اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کیا[۳]

(ترمذی اور ابن ماجہ)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سلہ مراد حضرت جبرائیل علیہ السلام یا کوئی اور فرشتہ ہے۔
سلہ تاکہ تمام اہلِ ایمان اس میں داخل ہوں اور کوئی خارج نہ رہے جیسا کہ آگے خود فرمایا
سلہ یعنی تمام اہلِ ایمان

۵۳۵۹ / ۳۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي الْجَدْعَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَةِ رَجُلٍ مِنْ أُمَّتِي أَكْثَرُ مِنْ بَنِي تَمِيْمٍ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت عبداللہ بن ابی الجدعاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت کے ایک آدمی کی شفاعت سے قبیلہ بنو تمیم سے زیادہ لوگ جنت میں جائیں گے۔ (ترمذی، دارمی، ابن ماجہ)

سلہ جدعاء، جیم پر زبر، دال ساکن تمیمی ہیں، بعض کے نزدیک کنانی ہیں اور بعد میں صحابہ میں شمار ہوتے ہیں جامع الاصول، تقریب میں ہے کہ ذال کے ساتھ ہے شارحین کہتے ہیں کہ ان سے دو احادیث مروی ہیں ان میں سے ایک یہ ہے اور دوسری حدیث کنت نبیا و آدم فی الروح والجسد (میں اس وقت بھی نبی تھا جب آدم علیہ السلام ابھی روح اور جسم کے درمیان تھے) محدث میر جمال الدین کے نسخہ میں ذال کے صحیح قرار دیا ہے۔
سلہ قبیلہ بنو تمیم بہت زیادہ افراد پر مشتمل تھا جب ایک آدمی کی شفاعت سے اتنے لوگ جنت میں جائیں تو اس طرح کے مرد تو امت میں کثیر ہیں جب تمام شفاعت کریں گے تو ان کی شفاعت سے ساری اُمتِ مسلمہ جنت میں چلی جائے گی۔

۵۳۶۰ / ۳۲ وَعَنْ أَبِي سَعِيْدٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ مِنْ أُمَّتِي يَشْفَعُ لِلْفِئَامِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَشْفَعُ لِلْقَبِيْلَةِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَشْفَعُ لِلْعُصْبَةِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَشْفَعُ لِلرَّجُلِ حَتّٰى يَدْخُلُوا الْجَنَّةَ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت میں سے بعض وہ ہیں جو ایک سلہ جماعت کی شفاعت کریں گے بعض وہ ہیں جو ایک سلہ قبیلہ کی شفاعت کریں گے، بعض ایک سلہ کنبہ کی شفاعت کریں گے بعض صرف ایک آدمی کی شفاعت کریں گے حتی کہ یہ لوگ جنت سلہ میں داخل ہو جائیں گے۔ (ترمذی)

سلہ فئام۔ فاء کے نیچے زیر، معنی کے اعتبار سے فئہ کی جمع ہے نہ کہ لفظ کے اعتبار سے کیونکہ لفظاً اس کا واحد نہیں اس کی اصل میں ہمزہ ہے مگر بغیر ہمزہ کے بھی آیا ہے۔
سلہ ایک والد کی اولاد کو قبیلہ کہا جاتا ہے۔
سلہ عُصبہ، عین پر پیش، صاد ساکن، ایک سے لے کر چالیس افراد تک کا جتھہ
سلہ اس شفاعت سے

۵۳۶۱ / ۳۳ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَعَدَنِيْ اَنْ يُّدْخِلَ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِيْ اَرْبَعَ مِائَةِ اَلْفٍ بِلَا حِسَابٍ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ زِدْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَهٰكَذَا فَحَثَا بِكَفَّيْهِ وَجَمَعَهُمَا فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ زِدْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَهٰكَذَا فَقَالَ عُمَرُ دَعْنَا يَا اَبَا بَكْرٍ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ وَمَا عَلَيْكَ اَنْ يُّدْخِلَنَا اللّٰهُ كُلَّنَا الْجَنَّةَ فَقَالَ عُمَرُ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اِنْ شَاءَ اَنْ يُّدْخِلَ خَلْقَهُ الْجَنَّةَ بِكَفٍّ وَّاحِدٍ فَعَلَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ عُمَرُ۔

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالےٰ نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ میری امت میں سے چار لاکھ کو بغیر حساب کے جنت میں داخل فرمائے گا تو جناب ابوبکر نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم کو اور زیادہ دیجیے فرمایا اس طرح پھر آپ نے دونوں ہاتھ ملائے ان کا لپ بھرا حضرت ابوبکر نے عرض کیا یا رسول اللہ ہمیں زیادہ دیجیے فرمایا اور ایسے تو حضرت عمر نے کہا اے ابوبکر ہمیں چھوڑ دیجیے تو ابوبکر نے فرمایا تمھارا اس میں کیا نقصان ہے کہ ہم سب کو اللہ جنت میں داخل فرمادے تو حضرت عمر کہنے لگے اگر اللہ چاہے تو ایک مٹھی میں ساری خلقت کو جنت میں داخل کردے تو وہ کرسکتا ہے تب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا عمر نے سچ کہا (شرح السنۃ)

۱؎ سوال کرو اللہ تعالیٰ اس میں اور اضافہ فرمائے یا خبر دینے میں اضافہ فرمادو کہ اللہ تعالیٰ نے اس سے زیادہ کا وعدہ فرمایا جیسا کہ پیچھے گذرا کہ ستر ہزار اور ہر ہزار کے ساتھ ستر ہزار اور تین لپ بھی جنت میں داخل ہوں گے۔

۲؎ جیسے دینے کے لیے آدمی ملاتا ہے، حثیہ، جیسے دونوں ہاتھوں سے ایک ہی بار دیا جاتا ہے

۳؎ تاکہ ہم عمل کریں۔ اللہ تعالیٰ کے خوف کی وجہ سے جدوجہد کریں تاکہ کرم پہ اعتماد کرتے ہوئے عمل سے غافل نہ ہوجائیں۔

۴؎ ایک بار ہی عطا سے جنت میں داخل کردے لہذا بار بار سوال کی کیا ضرورت؟

۵؎ شارحین کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکر نے جو کچھ کہا وہ فقر و مسکینی اور نیازمندی کا اظہار ہے حضرت عمر نے جو کچھ کہا وہ تسلیم و رضا ہے۔ اولاً حضور نے حضرت ابوبکر کو جواب نہ دیا یہاں تک کہ عمر بول پڑے اور ثانیاً حضرت عمر کی تصدیق کی کیونکہ توجہ اور عمل میں بشارت کا بہت بڑا دخل ہوتا ہے اور کلام عمر میں بھی بشارت ہے بلکہ عظیم تر بشارت ہے لہذا دونوں کا حال ایک ہی ہے۔

۵۳۶۲ / ۲۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَفُّ اَهْلُ النَّارِ فَيَمُرُّ بِهِمُ الرَّجُلُ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَقُوْلُ الرَّجُلُ مِنْهُمْ يَا فُلَانُ اَمَا تَعْرِفُنِيْ اَنَا الَّذِيْ سَقَيْتُكَ شَرْبَةً وَقَالَ بَعْضُهُمْ اَنَا الَّذِيْ

اور انہی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دوزخی لوگ صف بستہ ہوں گے تو اہل جنت میں سے ایک آدمی ان پر گزرے گا تو ان میں سے ایک دوزخی کہے گا کیا تو مجھے پہچانتا نہیں میں وہی ہوں جس نے تجھے ایک گھونٹ پانی پلایا تھا،

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

وَهَبْتُ لَكَ وَضُوْءًا فَيَشْفَعُ لَهُ فَيُدْخِلُهُ الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ایک دوزخی کہے گا کہ میں وہ ہوں جس نے وضو کا پانی دیا تھا پھر جنتی ان کی شفاعت کرے گا پس انھیں جنت میں داخل کر دیئے گا۔ (ابن ماجہ)

سلہ یا دوزخیوں کو کھڑا کیا گیا ہوگا، بصیغہ معروف و مجہول دونوں طرح ہے۔

سلہ یہاں سے واضح ہو رہا ہے کہ اگر فاسق و گنہ گار نے دنیا میں کسی اہلِ تقویٰ و ورع کی خدمت کی ہوگی تو آخرت میں اس کا نتیجہ ملے گا۔ اور ان کی شفاعت سے جنت نصیب ہوگی۔

۵۳۶۳/۳۵ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ رَجُلَيْنِ مِمَّنْ دَخَلَ النَّارَ اشْتَدَّ صِيَاحُهُمَا فَقَالَ الرَّبُّ تَعَالَى أَخْرِجُوْهُمَا فَقَالَ لَهُمَا لِأَيِّ شَيْءٍ اشْتَدَّ صِيَاحُكُمَا قَالَا فَعَلْنَا ذٰلِكَ لِتَرْحَمَنَا قَالَ فَإِنَّ رَحْمَتِيْ لَكُمَا أَنْ تَنْطَلِقَا فَتُلْقِيَا أَنْفُسَكُمَا حَيْثُ كُنْتُمَا مِنَ النَّارِ فَيُلْقِيْ أَحَدُهُمَا نَفْسَهٗ فَيَجْعَلُهَا اللهُ عَلَيْهِ بَرْدًا وَّسَلَامًا وَيَقُوْمُ الْآخَرُ فَلَا يُلْقِيْ نَفْسَهٗ فَيَقُوْلُ لَهُ الرَّبُّ تَعَالٰى مَا مَنَعَكَ أَنْ تُلْقِيَ نَفْسَكَ كَمَا أَلْقٰى صَاحِبُكَ فَيَقُوْلُ رَبِّ إِنِّيْ لَأَرْجُوْ أَنْ لَّا تُعِيْدَنِيْ فِيْهَا بَعْدَ مَا أَخْرَجْتَنِيْ مِنْهَا فَيَقُوْلُ لَهُ الرَّبُّ تَعَالٰى لَكَ رَجَاؤُكَ فَيَدْخُلَانِ جَمِيْعًا الْجَنَّةَ بِرَحْمَةِ اللهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو دوزخ میں جا چکے ہوں گے ان میں سے دو کا شور و پکار بہت زیادہ ہوگا تو رب تعالیٰ فرمائے گا کہ ان دونوں کو نکالو پھر ان سے فرمائے گا کہ کس مقصد کے لیے تمہارا شور زیادہ ہے عرض کریں گے کہ ہم نے یہ اس لیے کیا کہ تو ہم پر رحم کرے گا۔ فرمائے گا تم پر میری رحمت یہ ہے کہ چلو اپنے کو وہاں ہی ڈال دو جہاں تم دونوں تھے چنانچہ ان میں سے ایک تو ڈال دے گا تو اللہ اس پر آگ کو ٹھنڈی سلامتی والی کر دے گا اور دوسرا کھڑا رہے گا وہ اپنے کو نہ ڈالے گا اس سے رب فرمائے گا کہ تجھے اپنے کو گرانے سے کس چیز نے روکا جیسا کہ تیرے ساتھی نے اپنے کو گرا دیا وہ کہے گا کہ میں امید کرتا ہوں کہ تو مجھے وہاں سے نکالنے کے بعد نہ لوٹائے گا تو اس سے رب تعالیٰ فرمائے گا کہ تیرے لیے تیری امید ہے پھر دونوں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے جنت میں داخل کیے جائیں گے۔ (ترمذی)

سلہ ان کی عبودیت و تسلیم کے لیے بطور امتحان

سلہ رضاءِ مولیٰ کی خاطر اور بندگی کا اظہار کرتے ہوئے۔

سلہ یہاں سے معلوم ہوتا ہے جب ہر بلا و مصیبت میں اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کے حکم کو تسلیم کرنے کا طریقہ اپنایا جائے تو اللہ تعالیٰ بلا کو آسان فرما دیتا ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

۴ے اللہ تعالیٰ سے لطف و امید اور عجز و نیاز کی وجہ سے

۵ے اس حدیث میں اس پر دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم پر بندے کا امیدوار ہونا نہایت ہی مؤثر ہے اگرچہ انسان اپنے عجز و ناتوانی کی وجہ سے اس کی طاعت بجا نہ لاسکا ہو ۔

۵۳۶۴ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَرِدُ النَّاسُ النَّارَ ثُمَّ یَصْدُرُوْنَ مِنْهَا بِاَعْمَالِهِمْ فَاَوَّلُهُمْ كَلَمْحِ الْبَرْقِ ثُمَّ كَالرِّیْحِ ثُمَّ كَحُضْرِ الْفَرَسِ ثُمَّ كَالرَّاكِبِ فِیْ رَحْلِهٖ ثُمَّ كَشَدِّ الرَّجُلِ ثُمَّ كَمَشْیِهٖ ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا لوگ آگ پر حاضر ہوں[۱] گے پھر وہاں سے گزریں گے[۲] اپنے اعمال کے مطابق تو ان میں سے اگلے لوگ بجلی کی کوندکی طرح پھر ہوا کی طرح، پھر گھوڑے کی دوڑ[۳] کی طرح، پھر اس کی طرح جو اپنے کجاوے[۴] میں سوار ہو، پھر مرد کی دوڑ کی طرح پھر اس کے چلنے کی طرح[۵] (ترمذی، دارمی)

۱ے پل صراط سے گزرنے کے لیے جو دوزخ پر بچھایا گیا ہوگا ۔

۲ے اپنے اپنے اعمال کے مطابق نجات و خلاصی پائیں گے ۔

۳ے حضر، صراح میں ہے کہ حضر، حاء پر پیش، ضاد ساکن، دوڑنا اور احضار گھوڑے کا دوڑنا ۔

۴ے رحل کا معنی گھوڑے کا پالان ہے مراد سواری ہے، کجاوے پر سوار ہونے والا بغیر کجاوہ سواری پر سوار ہونے والے سے اقویٰ ہوتا ہے ۔

۵ے عادت کے مطابق

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۵۳۶۵ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَمَامَكُمْ حَوْضِیْ مَا بَیْنَ جَنْبَیْهِ كَمَا بَیْنَ جَرْبَاءَ وَاَذْرُحَ قَالَ بَعْضُ الرُّوَاةِ هُمَا قَرْیَتَانِ بِالشَّامِ بَیْنَهُمَا مَسِیْرَةُ ثَلٰثِ لَیَالٍ وَفِیْ رِوَایَةٍ فِیْهِ اَبَارِیْقُ كَنُجُوْمِ السَّمَاءِ مَنْ وَّرَدَهٗ فَشَرِبَ مِنْهُ لَمْ یَظْمَأْ بَعْدَهَا اَبَدًا ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے آگے میرا حوض ہے اور اس کے دونوں کناروں[۱] کے درمیان جربا[۲] اور اذرح[۳] کے مطابق فاصلہ ہے بعض راویوں نے کہا کہ دونوں شام کی بستیاں ہیں جن کے درمیان تین دن کی مسافت[۴] ہے دوسری روایت میں ہے کہ اس کے گلاس آسمان کے تاروں کے برابر ہیں جو اس پہ وارد ہوا اور اس سے پیئے تو اس کے بعد اسے کبھی پیاس نہیں لگے گی ۔ (بخاری و مسلم)

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

۱؎ جنب ، نون ساکن ، جانب یا پہلو زبر انسان کی ایک طرف وغیرہ ۔ القاموس ۔
۲؎ جرباء جیم پر زبر بالمد و بالقصر
۳؎ اذرح ، ہمزہ پر زبر ، ذال ساکن ، راء پر پیش اور حاء
۴؎ شارح حدیث نے یہی بات کہی ہے لیکن اس بارے میں تحقیقی بات صاحبِ قاموس نے ذکر کی ہے اور میں نے اسے شرح میں ذکر کیا ہے ۔

۵۳۶۶ وَعَنْ حُذَيْفَةَ وَأَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَا قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْمَعُ اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى النَّاسَ فَيَقُومُ الْمُؤْمِنُونَ حَتَّى تُزْلَفَ لَهُمُ الْجَنَّةُ فَيَأْتُونَ آدَمَ فَيَقُولُونَ يَا أَبَانَا اسْتَفْتِحْ لَنَا الْجَنَّةَ فَيَقُولُ وَهَلْ أَخْرَجَكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ إِلَّا خَطِيئَةُ أَبِيكُمْ لَسْتُ بِصَاحِبِ ذٰلِكَ اذْهَبُوا إِلَى ابْنِي إِبْرَاهِيمَ خَلِيلِ اللهِ قَالَ فَيَقُولُ إِبْرَاهِيمُ لَسْتُ بِصَاحِبِ ذٰلِكَ إِنَّمَا كُنْتُ خَلِيلًا مِنْ وَرَاءَ وَرَاءَ اعْمِدُوا إِلَى مُوسَى الَّذِي كَلَّمَهُ اللهُ تَكْلِيمًا فَيَأْتُونَ مُوسَى فَيَقُولُ لَسْتُ بِصَاحِبِ ذٰلِكَ اذْهَبُوا إِلَى عِيسَى كَلِمَةِ اللهِ وَرُوحِهِ فَيَقُولُ عِيسَى لَسْتُ بِصَاحِبِ ذٰلِكَ فَيَأْتُونَ مُحَمَّدًا فَيَقُومُ فَيُؤْذَنُ لَهُ وَتُرْسَلُ الْأَمَانَةُ وَالرَّحِمُ فَتَقُومَانِ جَنَبَتَيِ الصِّرَاطِ يَمِينًا وَشِمَالًا فَيَمُرُّ أَوَّلُكُمْ كَالْبَرْقِ قَالَ قُلْتُ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي أَيُّ شَيْءٍ كَمَرِّ الْبَرْقِ قَالَ أَلَمْ تَرَوْا إِلَى الْبَرْقِ كَيْفَ يَمُرُّ وَيَرْجِعُ فِي طَرْفَةِ عَيْنٍ ثُمَّ كَمَرِّ الرِّيحِ ثُمَّ كَمَرِّ الطَّيْرِ وَشَدِّ الرِّجَالِ تَجْرِي بِهِمْ أَعْمَالُهُمْ وَنَبِيُّكُمْ قَائِمٌ عَلَى الصِّرَاطِ يَقُولُ يَا رَبِّ

حضرت حذیفہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ لوگوں کو جمع فرمائے گا مسلمان کھڑے ہوں گے تو جنت ان کے قریب کر دی جائے گی پس وہ حضرت آدم کی بارگاہ میں عرض گذار ہوں گے اے والد گرامی ہمارے لیے جنت کھلوائیے ۔ فرمائیں گے کہ تمہیں جنت سے تمہارے باپ کی لغزش نے ہی نکلوایا ہے[1] لہٰذا میں اس لائق نہیں ہوں[2] تم میرے بیٹے ابراہیم خلیل اللہ کی بارگاہ میں جاؤ حضرت ابراہیم فرمائیں گے کہ میں اس لائق نہیں ہوں ، کیونکہ میں تو دور کا دوست[3] ہوں تم موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ جن سے خوب[4] باتیں کیں تو وہ موسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں گے وہ فرمائیں گے میں اس کام والا نہیں تم عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ جو اللہ کا کلمہ اور روح ہیں تو حضرت عیسیٰ فرمائیں گے میں اس کام کے لائق نہیں ہوں تب سب حضرت[5] محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس پہنچیں گے آپ اٹھیں گے تو آپ کو اجازت دی جائے گی اور امانت اور رحم بھیجے جائیں گے وہ پُل صراط کے دو طرف کھڑے ہو جائیں گے ۔ دائیں بائیں[6] ان کی پہلی جماعت بجلی کی طرح گذرے گی فرماتے ہیں میں نے عرض کیا آپ پر میرے ماں باپ قربان بجلی کے گذرنے کی طرح کون چیز ہے ؟ فرمایا کیا تم بجلی کو نہیں دیکھتے کہ وہ پلک جھپکنے میں کیسے گذرتی ہے اور جاتی ہے پھر ہوا کی گذر کی طرح پھر پرندے کی طرح

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

سَلِّمْ سَلِّمْ حَتّٰى تَعْجَزَ اَعْمَالُ الْعِبَادِ حَتّٰى
يَجِيْءَ الرَّجُلُ فَلَا يَسْتَطِيْعُ السَّيْرَ اِلَّا
زَحْفًا قَالَ وَفِيْ حَافَتَيِ الصِّرَاطِ كَلَالِيْبُ
مُعَلَّقَةٌ مَامُوْرَةٌ تَاْخُذُ مَنْ اُمِرَتْ
بِهٖ فَمَخْدُوْشٌ نَاجٍ وَّمُكَرْدَسٌ فِي النَّارِ
وَالَّذِيْ نَفْسُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ بِيَدِهٖ اِنَّ قَعْرَ
جَهَنَّمَ لَسَبْعِيْنَ خَرِيْفًا ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور تیز مردوں کی دوڑ کی طرح ان کے اعمال انھیں لے چلیں
گے اور تمھارے نبی پل صراط پر کھڑے ہوئے فرماتے ہوں گے
الٰہی سلامتی سلامتی عطا فرما حتیٰ کہ بندوں کے اعمال عاجز رہ
جائیں گے یہاں تک کہ ایک شخص آئے گا جو چل نہ سکے گا
سوا گھٹنے کے فرمایا کہ صراط کے دونوں کناروں پر کنڈے
لٹکے ہوئے ہیں جو تابع حکم ہیں جسے پکڑنے کا حکم دیئے جائیں
گے اسے پکڑلیں گے تو بعض دوزخی ہو کر نجات پا جائیں
گے، بعض آگ میں ہاتھ پاؤں بندھے ہوئے اس کی قسم
جس کے قبضہ میں ابوہریرہ کی جان ہے کہ دوزخ کی گہرائی
ستر سال کی ہے (مسلم)

سلہ جب تمھارے والد کی لغزش سے ایسے ہوا ہے تو اب انھی سے جنت کا داخلہ کیوں ڈھونڈھتے ہو۔

سلہ اس حدیث میں حضرت نوح علیہ السلام کا تذکرہ نہیں حالانکہ دیگر احادیث میں ہے۔

سلہ یعنی مقام ادب وہیبت کی وجہ سے حد تسلیم وعبودیت پر ہوں لہٰذا میں تمھارا وکیل و واسطہ نہیں بن سکتا۔

سلہ اللہ نے بے واسطہ جبریل سے کلام فرمایا

سلہ وہ حضور علیہ السلام کی بارگاہ میں آئیں گے جو اللہ رب العالمین کی بارگاہِ اقدس میں سب سے زیادہ مقامِ عزت و قرب پر فائز ہوں گے۔ آپ کی ذات اقدس انبیاء و مرسلین میں ممتاز ہے آپ نے یہ نہیں فرمایا تم میرے پاس آؤ گے بلکہ اپنا اسم مبارک ذکر کیا جو حمد سے مشتق ہے اور مقام محمود کے قیام پر دال ہے جو مقام شفاعت ہے۔

سلہ ایک دائیں اور ایک بائیں تاکہ طلب حق اور حصولِ انصاف ہو

سلہ ان کے اعمال کی نورانیت و روحانیت کا غلبہ و زور اور اس کی قوت مراد ہے دراصل یہ تمام قوت وجالت حضور علیہ السلام کی امداد، توجہ اور تصرف کی وجہ سے ہوگی جو ان کے سروں پر کھڑے ہو کر مدد فرما رہے ہوں گے جیسا آگے خود فرمایا۔

سلہ انھیں استقامت بخشش اور نجات وخلاصی عطا فرما۔

سلہ ان میں اتنی صلاحیت نہ ہوگی کہ وہاں سے گزر جائیں۔

سلہ باوجود اس کے وہ نجات وخلاصی پا جائیں گے۔

سلہ مُکردس۔ صراح میں ہے کہ رجل مُکَرْدَسٌ وہ شخص ہوتا ہے جس کے ہاتھ پاؤں آپس میں اکٹھے ہوں، کلادس بھی آیا ہے جس کا معنی ساقط اور افتادہ ہے۔

سلہ مقصود کثرت وتصویر تمثیل ہے نہ کہ تحدید و تعیین بعض میں سبعون ہے جو نحو کے قاعدہ کے موافق ہے جیسا کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

شرح میں تفصیلاً بیان ہوا ہے۔

۵۳۶۷ ۳۹ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ قَوْمٌ بِالشَّفَاعَةِ كَاَنَّهُمُ الثَّعَارِيْرُ قُلْنَا مَا الثَّعَارِيْرُ قَالَ اِنَّهُ الضَّغَابِيْسُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ایک قوم شفاعت کے ذریعہ دوزخ سے ایسے نکل جائے گی جیسے کہ وہ ثعاریر[۱] ہیں۔ ہم نے عرض کیا کہ ثعاریر کیا چیز ہیں؟ فرمایا کہ وہ ضغابیس[۲] (متوسط جسم والے اونٹ) ہیں۔ (بخاری و مسلم)

[۱] ثعاریر، ثاء پر زبر اور عین

[۲] ضغابیس، پہلے دونوں حروف پر زبر، باء کے نیچے زیر یاء ساکن، ضغبوس کی جمع ہے ضاد پر پیش غین، باء۔

بعض نے کہا وہ سفید گھاس جو روئی کی طرح ہوتی ہے اور ریت میں اگتی ہے۔

۵۳۶۸ ۴۰ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْفَعُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ثَلٰثَةٌ الْاَنْبِيَاءُ ثُمَّ الْعُلَمَاءُ ثُمَّ الشُّهَدَاءُ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا روز قیامت تین[۱] جماعتیں شفاعت کریں گی۔ انبیاء پھر علماء، پھر شہداء۔ (ابن ماجہ)

[۱] ان تین کو مخصوص کرنے کی وجہ ان کی فضیلت و کرامت ہے ورنہ تمام اہلِ خیر مسلمانوں کے لیے شفاعت کا ثبوت ہے اور اس سلسلہ میں احادیث مشہورہ وارد ہیں خواہ وہ شفاعت گناہوں کی صفائی کے لیے ہو یا بلندیِ درجات کے لیے ہو۔ شفاعت کا انکار بدعت و گمراہی ہے جیسا کہ خوارج اور بعض معتزلہ نے ایسا کیا ہے۔

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

شرح صحیح مسلم (۷ جلد)

تصنیف:
علامہ غلام رسول سعیدی شیخ الحدیث [illegible]
اس صدی کی بہترین شرح جس میں عصر حاضر کے جدید مسائل کا محققانہ حل پیش کیا گیا ہے۔
● یہ شرح قارئین کو دوسری شروح سے بے نیاز کر دے گی۔

[illegible]

[illegible]

شرح مشکوٰۃ

[illegible]
[illegible]
[illegible]
علامہ عبدالحکیم شرف قادری نقشبندی

بخاری شریف مترجم (۳ جلد)

امام المحدثین ابو عبداللہ محمد بن اسمٰعیل بخاری
مترجم: مولانا عبدالحکیم خان اختر شاہجہانپوری

سنن نسائی مترجم (۳ جلد)

امام ابو عبدالرحمٰن احمد بن شعیب [illegible] نسائی
[illegible] قادری

جامع ترمذی مترجم مع شمائل ترمذی (۲ جلد)

محدث جلیل امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی
مترجم: مولانا علامہ محمد صدیق سعیدی ہزاروی

مشکوٰۃ شریف مترجم (۳ جلد)

امام ولی الدین محمد بن عبداللہ الخطیب [illegible]
مترجم: [illegible] مولانا عبدالحکیم خان اختر شاہجہانپوری

سنن ابن ماجہ مترجم (۳ جلد)

امام حافظ ابو عبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ القزوینی
مترجم: مولانا عبدالحکیم خان اختر شاہجہانپوری

طحاوی شریف مترجم [illegible]

محدث جلیل امام ابو جعفر احمد بن محمد الطحاوی الحنفی
مترجم: علامہ محمد صدیق ہزاروی مترجم ترمذی شریف [illegible]
تقدیم: علامہ غلام رسول سعیدی شارح مسلم شریف

سنن ابوداؤد شریف مترجم

امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی [illegible] (۳ جلد)
مترجم: مولانا عبدالحکیم خان اختر شاہجہانپوری

ریاض الصالحین مترجم (۲ جلد)

شیخ الاسلام ابو زکریا یحییٰ بن شرف النووی
مترجم: مولانا محمد صدیق ہزاروی مدظلہ
تقدیم: محمد عبدالحکیم شرف قادری

فرید بک سٹال ◎ ۳۸۔ اردو بازار ◎ لاہور

فون [illegible]

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com